تاج المجربات

حکیم محمد صدیق چوہان کرنالوی

اکسیر دماغ

ہوالشافی: مغز بادام شیریں، مغز کدو، سونف، خشخاش سفید ہر ایک ۵ تولہ۔ الائچی خورد ۲ تولہ کشتہ چاندی ۵ ماشہ۔ مصری کوزہ ۲ تولہ۔ سب کو باریک پیس کر کشتہ چاندی ملا کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: رات کو سوتے وقت ۹ ماشہ شیر گاؤ نیم گرم کے ہمراہ استعمال کریں۔

افعال ومنافع: حافظہ اور دماغ کو قوی کرتا ہے۔ دائمی نزلہ، زکام اور یبوست دماغ کو دور کرتا ہے۔

سفوف تاج ●

ہوالشافی: پودینہ خشک، بادیان، اجوائن دیسی، کشنیز خشک، انار دانہ، دانہ الائچی کلاں، زیرہ سفید، نوشادر، پوست بیخ مدار، مساوی الوزن۔ اور ان سب ادویہ کے برابر کھانڈ ملا کر سفوف بنالیں۔

خوراک: ۱ ½ ماشہ سے ۳ ماشہ تک۔

فوائد: پیٹ کی تقریباً ہر بیماری ہیضہ، جوڑوں کا درد، کمر کا درد، بخار جو آنتوں کی خرابی سے ہو یا موسمی بخار ہمراہ گرم پانی یا عرق سونف سے استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ شفاء من جانب اللہ ہوگی۔

مقوی اعصاب کیپسول

● ہوالشافی: ست سلاجیت ۵ تولہ۔ کچلہ مدبرہ تولہ۔ کشتہ فولاد ۴ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ زعفران کشمیری ۱ تولہ۔ افیون ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری: سب کو کوٹ چھان کر ملا کر کیپسول میں بھر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک کیپسول روزانہ صبح ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد: ضعف اعضائے رئیسہ، ضعف باہ، سستی، سرعت انزال، جریان، احتلام کو نافع ہے۔ علاوہ ازیں ضعف ہاضمہ، دائمی قبض، قلت خون، تقویت جگر، تولید خون اور تقویت باہ کے لیے شرطیہ نسخہ ہے۔

نوٹ: ست سلاجیت کا صحیح ہونا ضروری ہے۔ بغیر سلاجیت خالص کے نسخہ بے کار ہے۔

حکیم محمد افضل پڈھانوی
بمقام پڈھانہ چک ۵۴ تحصیل چونیاں ضلع قصور

• ہڑتال ورقی

ماہیت: یہ ایک معدنی چیز ہے۔ ورقی ڈلیوں کی شکل میں ہوتی ہے۔ یہ درحقیقت سنکھیا اور گندھک کا مرکب ہے۔ اسے دوسرے لفظوں میں زرنیخ زرد و زرنیخ صفر اور ہڑتال طبقی بھی کہتے ہیں۔ اس کا کشتہ بہت سے امراض میں مفید ہے۔

شناخت: رنگت کے لحاظ سے اس کی چھ اقسام ہیں۔

ہڑتال ورقی کی چھ اقسام مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ سبز ۲۔ خاکستری ۳۔ سفیدی مائل خاکستری ۴۔ سنہری ۵۔ سرخ ۶۔ زرد چمکدار۔

بہترین قسم سنہری اور اس کے بعد سرخ اور زرد چمکدار ہے۔

مزاج: اس کا مزاج تیسرے درجے میں گرم خشک ہے۔

ذائقہ: اس کا ذائقہ پھیکا ہے۔

مقدار خوراک: دو چاول سے ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

افعال و استعمال: ہڑتال ورقی گندہ مواد خارج کرتی ہے۔ اور زائد گوشت کو کاٹتی ہے۔ اور بواسیری مسوں کی قاطع ہے۔ نیز عصبی و بلغمی امراض لقوہ، فالج، دمہ، استسقاء اور خصوصاً امراض فساد خون مثلاً آتشک، جذام، سوزاک، بھگندر کے لیے نافع ہے۔

اس کے علاوہ کہنہ بخاروں اور قوت باہ کے لیے بہت مفید ہے۔

ہڑتال ورقی کو صلایہ، مدبّر اور کشتہ کرنے کے چند طریقے درج کئے جاتے ہیں۔ جو میرے خود آزمودہ مستند اور نہایت آسان ہیں۔

۱۔ ہڑتال ورقی کو صلایہ بنانے کا طریقہ

● **ھوالشافی:** ہڑتال ورقی عمدہ ایک تولہ، فلفل سیاہ ½۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: سب سے پہلے ہڑتال ورقی کو ایک پتھر کے کھرل میں اچھی طرح کھرل کریں۔ جب ہڑتال ورقی کی چمک جاتی رہے تو ایک ایک فلفل سیاہ ڈال کر کھرل کرتے رہیں۔ جب پاؤڈر بن جائے تو ایک شیشی میں محفوظ رکھیں تیار ہے۔

مقدار خوراک: دو چاول سے ایک رتی تک ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔

فوائد: کہنہ بخاروں اور عصبی کمزوری کے لیے نہایت مفید ہے۔

۲۔ کشتہ ہڑتال ورقی بوٹی جوانسہ والا

ھوالشافی: ہڑتال ورقی عمدہ ۱ تولہ۔ جوانسہ تازہ ۴ تولہ۔ کوزہ گلی ۱ عدد۔

ترکیب تیاری: ہڑتال ورقی کو تازہ جوانسہ کے

اکسیری مجربات

حکیم بشیر احمد علوی۔ چیف ایڈیٹر ماہنامہ طبی ڈائجسٹ، لاہور

۱۔ ضیق النفس بلغمی

نسخہ: ۱ء شیر مدار ایک چھٹانک میں ایک تولہ ساٹھی کے چاول بھگو دیں۔ جب دودھ جذب ہو جائے تو ان چاولوں میں ہڑتال ورقیہ ایک ماشہ، چونا آب نارسیدہ ایک ماشہ ملا دیں اور باریک پیس کر گولیاں بقدر دانہ برنج بنائیں۔ سوتے وقت ایک گولی پان میں رکھ کر کھائیں۔ اگر خشکی محسوس ہو تو دودھ پئیں۔ یہ نسخہ چالیس سال سے معمولِ مطب ہے۔ نہایت مفید ہے۔

۲۔ کشتہ قلعی

قلعی کو روغن تارا میرا میں سات بجھاؤ دے کر صاف کر لیں۔ پھر قلعی مصفیٰ ایک تولہ، پارہ مصفیٰ تین تولہ کو عقد کریں۔ اور ریزہ ریزہ کر کے آدھ پاؤ گمرکس باریک شدہ کے درمیان پارچہ پلیٹ کر آگ دیں۔ یا سات سیر اوپلوں کو کوٹ کر نصف اوپلے زمین پر بچھا دیں۔ ان پر قلعی مع گمرکس رکھ کر باقی نصف اوپلوں کو اوپر دے کر آگ دیں۔ شگفتہ ہوگی۔

مقدار خوراک: بقدر ایک رتی۔

۳۔ طلائے خاص

بیلاڈونا ۲ ماشہ۔ گلیسرین ۲ ماشہ۔ روغن جمال گوٹہ (کروٹن آئل) ۳ ماشہ۔ عرق نوشادر خالص ۱۲ قطرہ۔ کمزوری کے مریض کو تین قطرہ عضو خاص پر مالش کرا کے اوپر برگ پان باندھیں۔ تین چار یوم میں نمایاں فائدہ محسوس ہوگا۔

۴۔ سوزاک جدید و کہنہ

پھٹکڑی کو تابہ (مٹی) پر بریاں کریں۔ جس وقت پھٹکڑی پھولے اس میں ۳ ماشہ افیون خالص تھوڑی تھوڑی مقدار میں ڈالیں، حتیٰ کہ کل افیون ختم ہو جائے اور پھٹکڑی بریاں ہو جائے۔ پھر ایک چھٹانک پوست ریٹھہ (بندق) لے کر نصف ایک کوزہ گلی میں رکھ کر بند کر دیں۔ اور تین چار بار گل حکمت کریں۔ بعد خشک ہونے کے ۵ ثار کنڈوں میں پھونک دیں۔ بعد سرد ہونے کے نکالیں۔ تو تیار کشتہ برآمد ہوگا۔ اب اس کشتہ شدہ توتیا سے ۳ ماشہ لے کر کل پھٹکڑی بریاں میں ملا کر دو گھنٹہ کھرل کریں اور شیشی میں رکھیں۔

مقدار خوراک: بقدر ایک چاول یا دو چاول مکھن یا بالائی میں رکھ کر دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں سوزاک جدید اور دو تین ہفتہ میں کہنہ سے کہنہ سوزاک کا قلع قمع ہو جائے گا۔

۵۔ اکسیر بخار ہر قسم:

عرق سورج مکھی سبز ۱۰ تولہ۔ ناگ پھنی کی جڑ کا گودا ۲ تولہ۔ سب کو ملا کر خشک کر کے سفوف بنا لیں۔ بخار کی حالت میں یا قبل بخار ۳ رتی سفوف کھا کر اوپر سے دو گھونٹ پانی پئیں۔ انشاء اللہ تین چار گھنٹہ میں بخار جاتا رہے گا۔ ہر چھ گھنٹہ بعد اکسیر بخار دینی چاہیے۔

۶۔ سنگِ گردہ: گوکھرو، ارنے برتے کا پوست ا

اعجاز فا اثر ظاہر ہوگا۔ غذا صبح و شام نہایت ہی مرغن استعمال کریں۔

۱۹۔ حب ممسک علوی

ریگ ماہی، دار چینی، شنگرف، مازو، زعفران، افیون، مشک خالص ہر ایک چار رتی۔ نک چھکنی، کاپھل مکد ۳ رتی۔ لونگ، ورق نقرہ ہر ایک ۲ رتی۔ ورق نقرہ ۴ رتی کوفتہ بیختہ کرکے ہمراہ عرق پان سے کھرل کرکے حب بقدر نخود تیار کریں۔ اور ایک گولی ایک گھنٹہ قبل ہمراہ شیر تازہ کھائیں۔ مقوی اور مجرب ہے۔

۲۰۔ حب ورم رحم

● مصبر سیاہ تین چھٹانک۔ سوڈا بائیکارب ۵ چھٹانک۔ کشتہ فولاد ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: مصبر کو باریک پیس کر سوڈا اور کشتہ فولاد ملالیں اور ایک برتن میں ڈال کر اوپر پانی ڈالیں روزانہ دو تین دفعہ ہلا دیا کریں۔ بعدہٗ نکال کر خوب کھرل کرکے نخودی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح ایک رات کو ہمراہ پانی استعمال کریں۔

فوائد: ورم رحم، درد رحم، دائمی قبض، تبخیر معدہ، سردرد، نزلہ زکام کے لیے بے حد مفید ہے۔ نیز احتلام کی اکسیری دوا ہے۔

(بقیہ: نور الکیمیا)

سکتی ہے۔ زیادہ سے زیادہ ایک ہزار روپیہ فی تولہ۔

۲۔ اکسیری کشتہ ورقیہ مومیہ

ورقیہ مومیہ کا نسخہ جناب حکیم سید غضنفر علی شمسی بر صفحہ ۲۶ رسالہ مذکور میں بذریعہ پانچ تولہ نقرہ کو تیل پیپل ۲۱ آنچوں میں تجویز فرمایا ہے۔ ان کی خدمت میں عرض ہے کہ ایک سیر اوپلوں کی آنچ دینے پہ بندہ کو یقین کامل ہے۔ اور تحریر شدہ ہے کہ پانچ تولے کے نقرہ کو ایک سیر آنچ فنا کردیگی۔ موسیہ ہونا تو درکنار اللہ تعالےٰ کے حضور میں جلدی اور چند لمحوں میں پیاری ہوجائے گی۔ اور نقرہ کو داغ مفارقت دے جائے گی۔ ۲۱ آنچ تو درکنار پہلی آنچ ہی کے تجربے سے دل میں بدگمانی اور لعن طعن کے الفاظ نکلیں گے۔ اگر باوجود بندہ کے مشورہ کے یقین نہیں آتا۔ تو پھر تجربہ کرکے دیکھ لیں۔ اور آزمائیں۔ ہاتھ کنگن کو آرسی کیا۔

(بقیہ: فالج)

بھی قوی دوائیں استعمال نہ کی جائیں۔ بلکہ شروع میں تین روز تک پانی اور غذا کی جگہ خالص شہد، عرق گلاب اور عرق مکوسبز میں ملاکر دینا چاہیئے۔ تین روز کے بعد اگر ناممکن نہ ہو تو جنگلی کبوتر کا شوربا بطور غذا پلائیں۔

بطور دوا ابتدا میں بیخ اذخر مکی، تخم کرفس، بیخ کرفس، سونف، بیخ بادیان، اجوائن دیسی ہر ایک پانچ گرام۔ عرق مکو میں جوش دے کر شہد ملاکر صبح پلائیں۔ دس پندرہ یوم اور نرم مسہل دیں۔ دو تین یوم بعد روغن قسط، روغن زیتون، روغن گل ملاکر اوپر سے نیچے کی طرف مالش کریں۔ دوا معجون، معجون یوگراج گوگل، معجون تلخ اور معجون اذاراقی معروف دوائیں ہیں استعمال کریں۔ اگر بلڈ پریشر بھی ہو تو معجون سیر مفید دوا ہے۔

اکتوبر کا شمارہ ملا۔ میرا مضمون سانپ کا زہر صفحہ نمبر ۱۲ میں جو نسخہ درج ہے اس میں زہر مار سیاہ کی بجائے زیرہ چھپ گیا ہے۔ (یعنی زیرہ سیاہ نہیں بلکہ سانپ کا زہر ۳ ماشہ ہے) اسی طرح اگست کے شمارے میں کچلے کا زہر کے عنوان میں جو مضمون چھپا ہے۔ اس میں صفحہ نمبر ۱۵ پر عبارت ہے کسی نااہل کو نسخہ بتانا بندر کے ہاتھ استرا دینے کے مترادف ہے مگر رسالہ میں (بندر کے ہاتھ نسخہ دینے کے مترادف ہے) چھپ گیا ہے۔ لہٰذا ان دونوں عبارتوں کی قارئین درستی کرلیں۔

چند مُفید نُسخہ جات

حکیم و ڈاکٹر محمد ارشد علی ناصر ۔ الناصر دواخانہ چک ۲۰ دگل کوٹلی ضلع ڈیرہ غازیخان

جوب برائے ضربہ و سقطہ

مومیائی خالص ۱ تولہ ۔ لاکھ پیپل ۱ تولہ ۔ پھٹکڑی سفید بریاں ۱ تولہ ۔ تمام کو کھرل کرکے نخودی گولیاں بنالیں ۔

صبح و شام ۱ تا ۲ گولی ۔ چند یوم میں شفا ہوگی ۔ ضربہ سقطہ چوٹ خواہ کہیں ہوں کیسی ہی کیوں نہ ہو مفید ترین ہے ۔ مایہ ناز گولیاں ہیں ۔

سفوف درد معدہ

اجوائن حسب ضرورت لے کر تر و خشک کرلیں (تیزاب اتنا کہ ہلکی تر ہو) خشک ہونے پر سفوف بنالیں ۔

خوراک :۔ ۲ رتی ایک ماشہ ہمراہ پانی مفید و مجرب ہے ۔

سفوف اکسیر معدہ

نوشادر ٹھیکری ۳ تولہ ۔ اجوائن ۵ تولہ ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ ۔ تیزاب گندھک ۲ تولہ ۔

تمام دواؤں کو پیس کر تیزاب گندھک ڈالیں ۔ جب خشک ہو جائے سفوف بنالیں ۔ تیار ہے ۔

خوراک : ۱ تا ۲ رتی ہمراہ پانی ۔ درد معدہ ، قم معدہ ، الٹی ، ہیضہ ، پیچش ، اپھارہ ، مقوی معدہ ہے ۔

سفوف درد مفاصل ، درد عصبی ، نقرس ، درد سر

فنسٹین ۱۱ تولہ ۔ ایسپرین ۶۶ تولہ ۔ کیفین ۱ تولہ ۔ قند سفید ۳۰ تولہ ۔ تمام کو کھرل کرکے سفوف بنالیں ۔

خوراک :۔ ۱۵ گرین ہمراہ آب ۔ بخار کو اتارے ۔ درد ہر قسم فوراً بند کرے ۔

تریاق بخار

ست گلو ، طباشیر ، دانہ الائچی خورد ، کشتہ ابرک سفید ، کشتہ ہڑتال گودنتی ، اسگند ، زہر مہرہ خطائی ، فنسٹین ہر ایک ایک تولہ ۔ کونین خالص ۲ ماشہ ۔ سفوف بنا کر محفوظ رکھیں ۔

اکسیر بخار

کوڑ ۲ تولہ ۔ صدف سوختہ ۲ تولہ ۔ طباشیر ۲ تولہ ۔ صندل سفید ۱ تولہ ۔ الائچی سبز ۲ ماشہ ۔ سب کا سفوف بنالیں ۔

خوراک : ۱/۲ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب ۔ پرسوتی و ہر قسم بخار کو مفید ہے ۔

روغن شنگرف

شنگرف ۱ تولہ ۔ بہمن سفید اچھا سا ۵ تولہ ۔ دونوں کو کھرل کرکے چھوٹی چھوٹی گولیاں بنالیں ۔ پھر آتشی شیشی میں روغن کشید کریں ۔

خوراک : ۵ قطرہ پان میں کھلائیں ۔

چھلبہری ، کوڑھ ، فالج کے لیے مفید ہے ۔

علاوہ ازیں چھلبہری کے لیے مفید ترین دوائی تیار

(باقی صفحہ ۳۳ پر)

محمد صادق (حلوائی پتوکی)
تحریر و ترتیب: حکیم محمد افضل پڈھانوی

مجرّب چٹکلے

حبّ ادرارِ حیض آزمودہ

ہوالشافی:۔ مصبر سیاہ ۵ تولہ، منقیٰ ۷ تولہ۔
ترکیب تیاری:۔ سب سے پہلے مصبر سیاہ کو باریک پیس لیں۔ اس کے بعد منقیٰ سے بیج نکال کر اس میں مصبر سیاہ کا سفوف ملا کر اچھی طرح کھرل کریں اور حبوب بقدر نخود بنا لیں۔
خوراک:۔ ۲ گولی ہمراہ دودھ نیم گرم صبح و شام دیں۔
فوائد:۔ دائمی نزلہ اور بندش کے لیے بے حد مفید اور آزمودہ ہے۔

حبّ بواسیر خونی و بادی آزمودہ

ہوالشافی:۔ دانتن کوڑا ۵ تولہ (جو عورتیں بطور مسواک استعمال کرتی ہیں) زنبور زرد کا کھکر ۱ تولہ۔ شہد خالص حسب ضرورت۔
ترکیب تیاری:۔ پہلی دونوں چیزوں کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس لیں۔ بعد میں شہد خالص کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔
خوراک:۔ ۲ گولی ہمراہ ½ سیر دودھ میں ۵ تولہ گھی ملا کر استعمال کروائیں۔
فوائد:۔ ہر قسم کی بواسیر خونی و بادی کے لیے بے حد مفید اور آزمودہ ہے۔

حبّ وجع المفاصل آزمودہ

ہوالشافی:۔ شنگرف رومی ۲ تولہ، روہو مچھلی کا پتہ ۱۰ تولہ۔
ترکیب:۔ سب سے پہلے شنگرف رومی کو خوب باریک پیس لیں اور اس کے بعد روہو مچھلی کا پتہ ملا کر خوب کھرل کریں۔ اور جب خشک ہو جائے تو حبوب بقدر دال مسور کے تیار کریں۔
خوراک:۔ ۲ گولی ہمراہ تازہ پانی صبح و شام استعمال کریں۔
فوائد:۔ وجع المفاصل، جوڑوں کا درد، نقرس اور ریحی دردوں کے لیے بے حد مفید اور آزمودہ ہیں۔ ایک ہفتہ میں مکمل شفا ہو جاتی ہے۔

سفوف قبض آزمودہ

ہوالشافی:۔ پھٹکڑی سفید بریاں ۶ ماشہ۔ سوڈا بائیکارب ۶ ماشہ۔ نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ۶ ماشہ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ ست لیموں ۶ ماشہ۔ سہاگہ سفید بریاں ۶ ماشہ۔ مزید پتری والا فولاد ولائتی ۱ تولہ۔
ترکیب تیاری:۔ سب دواؤں کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس لیں پتری فولاد کو علیحدہ سفوف بنا کر رکھیں۔
نوٹ:۔ اس نسخہ میں نوشادر کو دو دفعہ استعمال کیا ہے جبکہ یہ نسخہ اس طرح ہے۔ ویسے نوشادر ایک ہی چیز ہے۔ وزن کے لحاظ سے درست ہے۔
خوراک:۔ اگر قبض اور ضعف معدہ ہو تو ۳ چمچے بڑے

(باقی صفحہ ۱۲ پر)

احتباس الطمث

حکیم محمد افضل میواتی ۔ افضل دواخانہ پڑھانہ چک نمبر 45 ۔ ضلع قصور

وجوہات و تشخیص

اس مرض میں یا تو خون بالکل بند ہو جاتا ہے یا پھر خون رُک رُک کر بے قاعدگی سے آتا ہے ۔ اور درد سے بالکل تھوڑا تھوڑا آتا ہے اگر عورت بالغ ہو جائے اور خون جاری نہ ہو تو اِس مرض کو حقیقی بندش حیض کہتے ہیں ۔ علاوہ ازیں اس کے کہ اگر خون جاری ہونے کے بعد رُک جائے تو اس مرض کو غیر طبعی بندش حیض کہتے ہیں ۔ یہ خون کی رکاوٹ کبھی تو پیدائشی ہوتی ہے اور کبھی کسی مرض کی وجہ سے ہوتی ہے ۔ اس کی ایک اہم وجہ یہ بھی ہے کہ اگر پردۂ بکارت میں سوراخ نہ ہو تو خون خارج نہیں ہوتا ہے ۔ اِس کے علاوہ جب خون جاری ہوتا ہے تو مریضہ کو سر درد اعضاشکنی ، بخار ہونا ، تلوں میں درد ہونا ، دل کا گھبرانا ، پاؤں جلنا شروع ہوتا ہے ۔ کبھی اعتبار پیدائشی نہیں ہوتے غیر طبعی حیض کی بندش میں حمل ہو جانا بچہ کے دُودھ پلانے کے زمانہ میں اکثر عورتوں کو بندش حیض ہوتی ہے ۔ لیکن بعد میں حیض جاری ہو جاتا ہے ۔

احتباس الطمث کے اسباب (یعنی بندش حیض)

جسم میں کمی خون ہونا ، سل و دق ہونا ، ذیابیطس (شوگر) ہونا ۔ اور جگر و گردوں میں کسی قسم کی تکالیف ، دوران حیض سردی لگ جانا ، زیادہ موٹاپا ہونا جسم میں سوزش ہونا ، سوزش خصیۃ الرحم ، زیادہ منشی اشیاء استعمال کرنا بھی بندش حیض کے اسباب ہیں ۔

علاج طبی

پہلے سبب معلوم کر کے رفع کریں اگر حیض پردۂ بکارت میں سوراخ نہ ہونے کی وجہ سے بند ہو تو پردۂ بکارت میں سوراخ کریں ۔ دوسرے اگر بندش حیض خون کی کمی کی وجہ سے ہو تو پھر مریضہ کو مقوی غذا استعمال کروائیں ۔ شربت فولاد یا کشتہ فولاد کھلائیں ۔

اس کے علاوہ آپ وٹامن بی کمپلیکس کا استعمال کروائیں اور اس کے علاوہ اگر بندش حیض خصیۃ الرحم کی وجہ سے ہو تو اس کے سینک کروائیں ۔ اگر اندرونی سوزش ہو تو اس کے لیے مجرب نسخہ جات درج کر رہا ہوں ۔

نسخہ برائے سوزش خصیۃ الرحم آزمودہ

ہوالشافی : گل کیسو ۳ تولہ ۔ سوئے ۳ تولہ ۔ میتھرے ۳ تولہ ایک سیر پانی میں بھگو دیں اور پانی کو اچھی طرح جوش دیں ۔ بعد میں اس پانی کو اتار لیں اور اس کا بھپارہ مریضہ متاثرہ جگہ پر لے ۔ انشاء اللہ اندرونی و بیرونی سوزش کے لیے مفید ہے ۔

نسخہ برائے مدر حیض آزمودہ

ہوالشافی : مصبر سیاہ ۲ تولہ ۔ ہیراکسیس ۲ تولہ ۔ بنڈال ڈوڈہ ۱/۲ تولہ ۔ مرمکی ۱ تولہ ۔ زعفران ۶ ماشہ گھیکوار حسب ضرورت کی مدد سے گولیاں بقدر دانہ نخود بنائیں ۔

خوراک : ایک گولی ماہواری شروع ہونے سے دو یوم قبل استعمال کرائیں ۔ ہمراہ پانی مفید ہے ۔

نسخہ برائے بندش حیض آزمودہ

مصبر سیاہ ۲ تولہ ۔ ہیراکسیس ۲ تولہ ۔ زعفران ۶ ماشہ گولیاں بقدر نخود تیار کریں ۔

حکیم مہتاب حسین دہلوی
نعیم آباد پوتی مینا نوشہرہ کینٹ ضلع پشاور

مجرّبات دق

تپ دق کے چار کامیاب نسخہ جات ہیں جو کہ کورس کی صورت میں تین ماہ کے اندر اندر تپ دق کو نیست و نابود کر کے مریض بفضل تعالیٰ شفا کلی سے ہمکنار ہوتا ہے۔ میں نے کئی مریضوں پر استعمال کئے ہیں۔ بفضل تعالیٰ کامیاب رہے۔

نوٹ: یہ نسخہ جات طبیب حاذق گجرات کے سال نامہ ۱۹۸۳ء اپریل، مئی میں میرے نام سے شائع ہو چکے ہیں۔

۱۔ سفوف دق

اس کی تعریف بس اس قدر کافی ہے کہ گلے سڑے پھیپھڑوں کو از سر نو تقویت پہنچانا اس کا ادنیٰ کارنامہ ہے۔

اجزاء ترکیبی ملاحظہ فرمائیں۔

ہوالشافی:۔ گندھک ۱ تولہ۔ پارہ مصفیٰ ۱ تولہ۔ شنگرف ۱ تولہ۔ مصطگی رومی ۲ تولہ۔ بہیدانہ ۱ تولہ۔ گل ارمنی ۲ تولہ۔ گل انار ۱ تولہ۔ سرطان ۳ تولہ۔ آردیا قلا ۲ تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ مغز بادام ۳ تولہ۔ مغز خیارین ۳ تولہ۔ تخم خطمی ۳ ماشہ۔ کتیرا ۱/۲ تولہ۔ قرنفل ۹ ماشہ۔ جائفل ۲ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ نشاستہ ۳ تولہ۔ الدہ ۲ تولہ۔ کشتہ ابرک سیاہ ۱ تولہ۔ شیلاجیت ۱ تولہ۔ لوبان ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت: پہلی دو ادویہ یعنی گندھک اور پارہ کو اس قدر کھرل کریں کہ پارہ کی چمک ختم ہو جائے۔ تو پھر شنگرف ملا کر ۱۲ گھنٹہ کھرل کریں۔ اس کے بعد ہر ایک ادویہ یکے بعد دیگرے ۲، ۲ گھنٹہ کھرل کریں۔ اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۲ ماشہ سفوف دق۔ ہمراہ عرق گاؤزبان ۳ تولہ۔ صبح ۸ بجے اور شام ۵ بجے ۳ ماہ تک استعمال کروائیں۔

۲۔ آئزونکس گولیاں

یہ دوا، ہر میڈیکل اسٹور پر ملتی ہے۔

استعمال: صبح دوپہر شام ایک ایک گولی ہمراہ آب تازہ۔

۳۔ شربت دق

تپ دق کی کھانسی کے لیے از حد مفید ہے۔ اس کا استعمال بھی تین ماہ تک جاری رکھیں۔

اجزاء ترکیب: ہوالشافی:۔ پوست خشخاش (ڈوڈہ) ۱ سیر۔ ریشہ خطمی ایک پاؤ۔ ملٹھی ۱ سیر۔ عناب ۱ سیر۔ گاؤزبان ۱ سیر۔ ابریشم مقرض ۱ پاؤ۔ بنفشہ ۱ پاؤ۔ سوم کلپان ۱ پاؤ۔ تمام ادویات کو ۲۰ سیر پانی میں بھگو دیں۔ ۲۴ گھنٹہ کے بعد ۱۰ سیر عرق کشید کریں۔ چینی ڈال کر شربت کا قوام درست کریں اور بوتلوں میں بھر لیں۔ ۳ پاؤ کی بوتل میں ۵۰ عدد ایلفیڈرین کی گولیاں ڈال کر حل کریں۔ شربت دق تیار ہے۔

استعمال: رات کو سوتے وقت تقریباً ۱ تولہ شربت استعمال کریں۔

۴۔ اسٹریپٹو مائی سین انجکشن، ۱ گرام

ہر میڈیکل اسٹور سے دستیاب ہے۔

ایک دن چھوڑ کر ایک دن ایک انجکشن کروائیں۔
تین ماہ تک جاری رکھیں۔

پرہیز: تیل، اچار، کھٹائی وغیرہ سے پرہیز ہے۔ اور تین ماہ تک مکمل بستری آرام اس کے لیے نہایت ضروری ہے۔

ان چاروں نسخہ جات سے بفضلِ تعالیٰ تپ دق نیست و نابود ہو جاتی ہے۔

✽ اگر کسی صاحب کو ان کا موجودہ پتہ و رہائش پاکستان میں معلوم ہو تو مندرجہ ذیل پتہ پر مطلع فرمائیں مشکور ہوں گا۔

حاجی حکیم نور محمد (حکیم حاذق)
مکان نمبر ۹۵ سٹریٹ نمبر ۱۳۹۔ اتحاد کالونی اچھرہ۔ لاہور ۱۶

(بقیہ: حکیم نیر واسطی)

کی دعائے قلبی ہے کہ خدا مرحوم کے مرقد مبارک کو اپنے اعلیٰ ترین نور سے منور و بخشش فرمائے اور بہشت بریں میں مقام رحمت بطفیل اہل بیتؑ عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

اس ۳۳ سالہ طویل ملاقات و روابط کے ایام میں ان گنت علمی و عملی مفادات رفاقت حاصل ہوئے جن کو ضبط تحریر میں لانے کے لیے بڑا وقت درکار ہے۔ اب میں ان سب کو سمیٹتے ہوئے انتہائی اختصاریات کے ساتھ بقول شخصے "سمندر کو کوزے میں بند کر کے" اپنی بھرپور عقیدت مندی کا اظہار و اعلان کرتا ہوں کہ حضرت قبلہ حکیم صاحب اپنی ذات میں ایک ہمہ گیر شخصیت، ہمہ صفت، موصوف، جامع علم و عمل اور مجسمہ انجمن تھے۔ اور انسانی شکل میں فرشتہ۔

المختصر یہ کہ!

خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں

صاحب اخلاص ہوتے ہیں جہاں میں جو بشر
نام اُن کے ثبت ہیں پیشانی تاریخ پر

(سید لیاقت صہبائیؔ)

نُورالکیمیا (تلاش)

۱۔ نام کتاب: اسپاگیریا (طب جدید وکیمیائی) در زبان اردو
مصنف: پیراکلیس یا برآکلسوس
مسلمانوں کے نزدیک: حضرت ادریس علیہ السلام
اہل یونان اور اہل مغرب کے نزدیک: ہرمس اول
مترجم: جناب مولوی سید محمد حسن صاحب (حکیم حاذق) طبیب کامل۔ منگلور (انڈیا)

نوٹ: مندرجہ بالا کتاب بلاد مصر، شام، افریقہ، استنبول، جرمنی اور ہندوستان کی یونیورسٹیوں میں بطور کورس شامل رہ چکی ہے۔ اور انہی گھروں کے عجائب گھروں میں آج تک محفوظ ہے۔

جس صاحب کے پاس کتاب مذکورہ بالا ہو۔ اگر فروخت کرنا چاہتے ہوں یا فوٹو سٹیٹ کاپی فروخت کرنے کا ارادہ ہو تو مہربانی فرما کر ہدیہ تحریر فرمائیں۔ یا بالمشافہ یا بذریعہ خط و کتابت مقرر ہو سکتی ہے۔ مگر قیمت فروخت مقرر کرنے سے پہلے کتاب ہذا کے صفحہ اول و آخر کی ایک ایک فوٹو سٹیٹ کاپی ارسال فرمائیں۔

۲۔ نام: صوفی غلام اللہ صاحب، چک موہلانوالہ، ڈاکخانہ کیسری سنگھ پور، ضلع سری گنگا نگر، ریاست بیکانیر

یہ جنگ قبل از پاکستان بندہ کے پیرومرشد و استاد کامل جناب حکیم سید محمد شفیع صاحب حکیم حاذق کے پاس لدھیانہ میں آیا جایا کرتے تھے۔ کچھ توقف اور نذرانہ پیش کرنے کے بعد چلے جایا کرتے تھے۔

یہ صوفی صاحب دراز قد، مسافرانہ زندگی اور سادگی پسند کھدر کے کپڑے زیب تن رکھتے تھے۔ اپنے پاس ہمیشہ ایک سلور کا لوٹا، کھجور کی چٹائی اور مٹی کا گملہ جس میں لاجونتی اگی ہوئی ہوتی تھی۔ اپنے کندھوں پر سوار رکھتے تھے۔ اگر وہ خود پڑھیں تو براہ راست خط و کتابت کریں۔ ✽

رموزِ علاج

حکیم محمد طارق محمود چغتائی

۱۔ جو شخص ہمیشہ نزلہ و زکام کی آماجگاہ بنا رہے اسے تقویتِ دماغ کی ضرورت ہے منضجات و معدلات کی بجائے مقویات کا استعمال زیادہ مفید ہوگا۔

۲۔ یاقوتیوں اور دیگر مفرحات میں ادویہ مسہلہ کا داخلہ درست نہیں۔

۳۔ مرکبات میں داخل کرنے سے پہلے زیرہ سیاہ کو بریاں کر لینا مقوی بنا دیتا ہے۔

۴۔ اصل السوس کو اس لیے مقشر کیا جاتا ہے کہ اس کی یبوست و حدت کم اور زہریلا اثر زائل ہو جاتا ہے۔

۵۔ کبد و طحال پر ضماد خالی معدہ کرنا لازمی ہے۔

۶۔ جگر کے لیے سخت محلل ادویہ اور ورم طحال میں ادویہ کا ضماد بہت دیر تک رکھنا مضر ہوتا ہے۔

۷۔ ضعیفوں میں نبض کا عظیم و قوی ہونا فالج و استرخاء کے امکانات پر دلالت کرتا ہے۔

۸۔ مسہل اگر ہضم ہو جائے تو اس پر دوسرا مسہل اسی طاقت کا نہیں دینا چاہیے بلکہ مزلق و ملین ادویہ سے امداد و اعانت کرنی چاہیے۔

۹۔ ہیضہ کے ایام میں مسہلات شدیدہ اور تحریک مادہ جائز نہیں ہے۔

۱۰۔ مسموم کو مسہل ہرگز نہیں دینا چاہیے۔

۱۱۔ سقمونیا، شنگرف، پارہ، گندھک، چاکسو، کچلہ، جمال گوٹہ، لاجورد، شادنج ہندی، سنگ بصری، توتیا وغیرہ ادویہ کو بغیر مدبر گشتہ مغسول و مشوی کے کبھی داخلاً استعمال نہ کرو۔

۱۲۔ سوداوی مادہ کی اصلاح گرم تر ادویہ سے کی جائے۔ غیر طبعی سودا کی پیدائش اگر خلط گرم سے ہو تو ادویہ سرد تر استعمال کریں۔

۱۳۔ امراض سوداوی میں فصد کھولتے وقت نشتر کو ہمیشہ فراخ اور گہرا لگانا چاہیے تاکہ غلیظ و فاسد خون کے نکلنے میں آسانی ہو۔

۱۴۔ اگر بچہ کی ولادت کے بعد عورت کو بہت دنوں تک بخار چڑھا رہے تو معالج کو اورام رحم کے علاج کی طرف رجوع کرنا چاہیے تھوڑی سی غفلت ہی عورت کو دق (ٹی۔بی) میں مبتلا کر سکتی ہے۔

۱۵۔ جو دوا کان میں ڈالی جائے اس کو نیم گرم رکھنا چاہیے کیونکہ سرد چیزیں دماغ اور پٹھوں کو نقصان پہنچاتی ہیں۔

۱۶۔ اطریفل زمانی و دیگر اطریفلات کا استعمال ہمیشہ نہیں کرنا چاہیے اس لیے مداومت ضعف معدہ کا باعث بن جاتی ہے۔

۱۷۔ جب بلغم میں عفونت پیدا ہو جائے تو زیادہ گرم دواؤں کا استعمال جائز نہیں۔ خصوصاً بلغم شور میں۔

۱۸۔ غاریقون کو پیسا اور کوٹا نہیں چاہیے۔ بلکہ غربال میں چھان لینا چاہیے۔

۱۹۔ اسبغول، تخم ریحان مسلم استعمال کریں۔

۲۰۔ اطفال کو بغیر روغن بادام یا شیرۂ بادام کے استعمال نہیں کرنا چاہیے۔

بموزن عرق کیوڑہ ملا کر گولی نخودی بنائیں۔ استعمال ہمراہ عرق مکو

حیات البطن

خراطین ملپ اور کینچوے کدو دانہ وغیرہ۔
روغن جوز چند قطرے روزانہ استعمال کریں۔ فائدہ ہوگا۔

بندشِ حیض کا نسخہ

مرمکی ۱ تولہ۔ ہیرا کسیس ۱ تولہ۔ شنگرف رومی ۱ تولہ۔
زعفران اصلی ۱ تولہ۔ سہاگہ سفید جزتمہ نمک خوردنی
سنڈھ ۱ تولہ۔
کل ۲۵ خوراک بنائیں۔ حیض کے تھمنے میں سات دن ہوں تو کھانا کھانے کے بعد ہمراہ گرم دودھ استعمال کریں۔

اخراج مشیمہ (مردہ بچہ کا باہر نکالنا)

پوست مار و ناخن اسپ آگ پر رکھ کر فرج کو دھواں دیں۔ بچہ باہر آجائے گا۔

مسّہائے بواسیر

برگ بھنگ موہکوں پر باندھیں چند دنوں میں موہکے گر جائیں گے۔

پتھری گردہ و مثانہ

تخم کسنبہ، مجیٹھ برابر وزن سفوف بنائیں۔
خوراک ۱ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب۔

دافع دمہ

الف: سہاگہ بریاں ۲ رتی صبح و شام ہمراہ مکھن یا بالائی استعمال کریں۔
ب۔ رات کو اطریفل زمانی ۶ ماشہ دیں۔
ج۔ سرکہ انگوری ½ پاؤ۔ عرق سونف ۱ پاؤ۔ کافور ۲ ماشہ۔ الائچی خورد سفوف ۲½ تولہ۔ چینی ولائتی ۳ پاؤ ملا کر رکھیں۔
ایک تولہ ۳ بار دن میں دیں۔

خفقان

خفقان دل کے دھڑکنے کو کہتے ہیں۔ اگر یہ گرمی سے ہوگا تو سینہ میں جلن اور پیاس لگے گی۔ گرمی کے وقت حرکت میں زیادتی ہوتی ہے۔ اسے خفقان حار کہتے ہیں۔
علاج: زیرہ سفید کوٹا ہوا ایک تولہ رات کو پانی میں بھگوئیں صبح مل چھان کر مصری ملا کر پلائیں۔
۲۔ کشتہ مروارید ۲ رتی صبح ہمراہ مربہ آملہ دیں۔
۳۔ شربت صندل ۲½ تولہ عرق گلاب ۵ تولہ میں شامل کر کے پلائیں۔
خفقان سے اگر بلغم ہوگا تو اس کی علامتیں خفقان حار کی علامات سے متضاد ہوں گی۔ اسے خفقان بارد کہتے ہیں۔
لہٰذا، بسباسہ، دارچینی، خولنجاں، مشک، ہموزن۔ باریک کر کے خوراک ۲ ماشہ ہمراہ شہد دیں۔
اگر خفقان سودا سے ہوگا تو اس میں مالیخولیا کی علامات پائی جاتی ہیں۔ اسے خفقان سوداوی کہا جاتا ہے۔

ہر قسم کے خفقان کے لیے

ریوند خطائی کو پانی میں خوب باریک کر کے پشت کی طرف دونوں شانوں کے درمیان لیپ کریں۔
ضعف قلب: گل قند سیوتی ضعف قلب اور خفقان کے لیے نہایت مفید ہے۔ صبح و شام ۲ تولہ کھائیں۔

برائے فالج

- عشبہ ۲½ تولہ۔ دارچینی ۲½ تولہ۔ چوب چینی ۲½ تولہ۔ فلفل دراز ۲½ تولہ۔ لونگ ۲½ تولہ۔ سونٹھ ۲½ تولہ۔ الائچی خورد ۲½ تولہ۔ شہد ۱ پاؤ۔ چینی ۲ پاؤ۔

شربت تیار کریں۔ حسب ہدایت طبیب استعمال کریں۔
مریض کو بند کمرے میں رکھیں تاکہ خوب پسینہ آئے۔ جب پسینہ خود بخود خشک ہو جائے پھر باہر نکال لیں۔
تین دن روزانہ ایسا کریں۔ اس کے بعد معجون ازراقی دیتے رہیں۔ مجرب ہے۔

بال گرنا قطعاً بند ہو جاتے ہیں

- ایک ہفتہ کے استعمال سے بالوں کا گرنا بالکل بند ہو جاتا ہے۔

روغن ناریل ۵ تولہ۔ تیل تل ۵ تولہ۔ روغن بادام ۵ تولہ۔ روغن خشخاش ۵ تولہ۔ روغن لونگ ۱/۲ تولہ۔ روغن دارچینی ۱ تولہ۔ کسٹرائل مصفیٰ ۱/۴ پاؤ۔ گلیسرین مصفیٰ ۱/۲ تولہ۔ پیکولڈ پیرافین ۲ تولہ۔ روغن چنبیلی ۶ ماشہ۔ روزانہ رات کو سوتے وقت سر پر ملیں۔ نیند کے آنے کو ازحد مفید ہے۔

سوکھا مسان، سوکڑا

بچے کا دن بدن سوکھنا کے لیے مجرب ہے۔

گائے کی ران سے گوشت مقدر لیں۔ ایک من اپلوں کی آگ دیں اور ٹھنڈا کر کے نکال لیں۔ اس میں سے ۶ تولہ لے کر ایک تولہ چینی شامل کریں۔

خوراک ۱ ماشہ سے ۴ ماشہ تک۔ اس سے پہلے پہلے دست بند ہو جاتے ہیں۔ بچے دن بدن توانا ہوتا جاتا ہے۔

دافع مرگی

گدھے کی ہڈی جلا کر اس کی راکھ بنا لیں۔ اس میں سے ۴ رتی روزانہ تازہ پانی سے استعمال کریں۔ مرگی کے لیے عمدہ دوا ہے۔

● ● اکثر دیکھا گیا ہے کہ ملیریا بخار اور دیگر بخاروں کے بعد مریض کے جگر و تلی بڑھ جاتے ہیں اور ساتھ ہی تھوڑا تھوڑا بخار بھی رہتا ہے۔ اگر جلدی ان کا علاج نہ کیا جائے تو مقام جگر کے دبانے سے درد ہوتا ہے۔ بدن پتلا پڑ جاتا ہے۔ آنکھوں کے نیچے قدرے ورم معلوم ہوتا ہے۔ منہ اور ذائقہ کڑوا و پھیکا رہتا ہے۔ بھوک کم لگتی ہے۔ کھایا پیا ہضم نہیں ہوتا۔ کبھی دست لگ جاتے ہیں کبھی قبض ہو جاتا ہے۔

ہوالشافی: نوشادر ۵ تولہ۔ ریوند چینی ۵ تولہ۔ فلفل دراز ۲/۱ ۲ تولہ۔ چوکھار ۲/۱ ۲ تولہ۔ کوٹ چھان کر کے محفوظ رکھیں۔ بچوں کو ایک رتی اور بڑوں کو ۴ رتی ہمراہ عرق کاسنی۔ عرق مکو چند روز استعمال کرنے سے جگر و تلی درست ہو جاتے ہیں اور کھایا پیا ہضم ہو جاتا ہے۔

● بڑھی ہوئی تلی اور کمی بھوک کے لیے، ڈاکٹر انگوری

ایک سیر۔ نوشادر ۵ تولہ۔ انجیر ولایتی پختہ ایک پاؤ۔ کسی عمدہ چینی کے برتن میں اچھی طرح بند کر کے گیارہ دن رکھیں۔ تیار ہے اس میں سے ایک انجیر روزانہ کھلائیں۔ اوپر سے عرق سونف ۵ تولہ استعمال کریں۔ مجرب ہے۔

● (بقیہ: طلاء اسرار الباہ)

نوٹ: اکسیر اسرار الباہ اور کشتہ سم الفار کے استعمال کے دوران صبح نہار منہ ۳ ماشہ جوارش جالینوس پانی سے اور جب کبد نوشادری دوپہر اور شام کا کھانا کھانے کے بعد ۲/۲ عدد پانی سے کھلائیں۔

طلاء اسرار الباہ

حکیم مہتاب حسین دہلوی

نہایت سریع الاثر کامیاب نسخہ ہے بنانے سے پہلے ہی اس طلاء کے اجزاء آپ کو اس کی کامیابی کی دلیل دیں گے عموماً تین یا چار ہی روز میں کامیابی ہو جاتی ہے۔ سریع الاثر اس قدر ہے کہ پہلی دوسری رات ہی شہوت بے قرار کر دیتی ہے۔ مجلوق اور کمزور مریض کے جملہ نقائص کو نہایت کامیابی سے رفع کرتا ہے۔ نافرمان بیوی کو شوہر کا فرمانبردار بنانے والا اکسیری طلاء ہے۔ کمزور سے کمزور، ناتواں عضو کو لوہے کی لاٹھ بناتا ہے۔ اسی لیے اس کا نام طلاء اسرار اباہ رکھا گیا ہے۔ ایک دفعہ بنانے پر بار بار بنانے کی خواہش رہتی ہے۔ عرصہ دراز سے میرے پاس مطب میں تیار رہتا ہے سینکڑوں مریض اس سے مستفید ہو چکے ہیں۔

طلاء اسرار الباہ کے اجزاء اور تیاری و استعمال ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء: گوشت کڑک ناتھ مرغ ایک سیر (کڑک ناتھ مرغ بالکل سیاہ جس کے پنجے اور پر بھی سیاہ ہوں) گوشت کچھوہ ایک سیر مع چربی۔ گوشت سانڈہ مع چربی ۴ عدد۔ خراطین مصفی آدھ سیر۔ بیربہوٹی آدھ سیر۔ جونک خشک آدھ سیر۔ گوشت روہو مچھلی ایک سیر۔ مالکنگنی ایک سیر۔ شنگرف رومی کھرل شدہ ایک پاؤ۔ شیر آک میں۔ ۵ تولہ سم الفار سفید شیر تھوہر میں کھرل شدہ۔ ۵ تولہ زنگار ۵ تولہ، عقرقرحا ایک پاؤ درد ۔

تیاری: تمام اجزاء کو کسی بڑی پرات میں ڈال کر آپس میں خوب لت پت کر کے چار گھنٹے پڑا رہنے دیں تاکہ تمام جز ایک دوسرے میں مل جائیں۔

اب ایک گھڑا لیں اور اس کے پیندے میں آٹھ یا دس چھوٹے چھوٹے سوراخ کریں۔ اور ان سوراخوں میں سٹیل وائر (جس سے عورتیں برتن وغیرہ دھوتی ہیں) سوراخوں میں لگا کر سوراخ بند کر دیں۔ اب گھڑے کو اوپر سے اور سائیڈ سے گل حکمت کر دیں۔

ہوا سے محفوظ جگہ پر گھڑے کے پیندے کے برابر ایک گڑھا کھودیں اور اس گڑھے میں ایک چوڑے منہ کا پیالہ بڑا سا رکھ دیں کہ گھڑے کے پیندے میں جو سوراخ ہیں وہ تمام پیالہ میں ہوں۔ اب گڑھے میں پیالہ رکھ کر گڑھے اور گھڑے کا پیندا خوب مٹی سے لیپ دیں اب گھڑے میں اجزاء ڈال کر گھڑے کے منہ پر سرپوش دے کر آٹے سے بند کر کے اوپر کپڑ مٹی کر دیں۔ خشک ہونے پر ہوا سے محفوظ جگہ پر اپلیاں یا اوپلے لگا کر آگ لگا دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر احتیاط سے گھڑا ہٹا کر احتیاط سے پیالہ نکالیں۔ طلاء اسرار اباہ پیالہ میں آپ کو ملے گا۔

انشاء اللہ العزیز آپ خوش ہوں گے۔

طریقہ استعمال: ۲ قطرے عضو پر ڈال کر حشفہ اور سیون بچا کر مالش کریں۔ اور اوپر برگ پان باندھیں۔ صبح کو استنجا یا غسل گرم پانی سے کریں ٹھنڈا پانی ہرگز استعمال نہ کریں۔

(باقی ص۳۰ پر)

روغن ناریل ۵ تولہ۔ تیل تل ۵ تولہ۔ روغن بادام ۵ تولہ۔ روغن خشخاش ۵ تولہ۔ روغن لونگ ½۲ تولہ۔ روغن دارچینی ۱ تولہ۔ کسٹرآئیل مصفیٰ ½ پاؤ۔ گلیسرین مصفیٰ ½ تولہ۔ بیکوٹر پیرافین ۲ تولہ۔ روغن چنبیلی ۶ ماشہ۔ روزانہ رات کو سوتے وقت سر پر ملیں۔ نیند کے نہ آنے کو ازحد مفید ہے۔

سوکھا مسان، سوکڑا

بچے کا دن بدن سوکھنا کے لیے مجرب ہے۔

گائے کی ران سے گوشت دور کر لیں۔ ایک من اپلوں کی آگ دیں اور ٹھنڈا کر کے نکال لیں۔ اس میں سے ۲ تولہ لے کر ایک تولہ چینی شامل کریں۔

خوراک ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک۔ اس سے ہرے پیلے دست بند ہو جاتے ہیں۔ بچہ دن بدن توانا ہوتا جاتا ہے۔

دافع مرگی

گدھے کی ہڈی جلا کر اس کی راکھ بنا لیں۔ اس میں سے ۴ رتی روزانہ تازہ پانی سے استعمال کریں۔ مرگی کے لیے عمدہ دوا ہے۔

● اکثر دیکھا گیا ہے کہ ملیریا بخار اور دوسرے بخاروں کے بعد مریض کے جگر و تلی بڑھ جاتے ہیں اور ساتھ ہی تھوڑا تھوڑا بخار بھی رہتا ہے۔ اگر جلدی ان کا علاج نہ کیا جائے تو مقام جگر و تلی دبانے سے درد ہوتا ہے۔ بدن پتلا پڑ جاتا ہے۔ آنکھوں کے نیچے قدرے ورم معلوم ہوتا ہے۔ منہ اور ذائقہ کڑوا و پھیکا رہتا ہے۔ بھوک کم لگتی ہے۔ کھایا پیا ہضم نہیں ہوتا۔ کبھی دست لگ جاتے ہیں کبھی قبض ہو جاتا ہے۔

ہوالشافی: جوہر نوشادر ۵ تولہ۔ پھٹکڑی ۵ تولہ۔ فلفل دراز ½۲ تولہ۔ جوکھار ½۲ تولہ۔ کوٹ چھان کر کے محفوظ رکھیں۔ بچوں کو ایک رتی اور بڑوں کو ۴ رتی ہمراہ عرق کاسنی۔ عرق مکو چند روز استعمال کرنے سے جگر و تلی درست ہو جاتے ہیں اور کھایا پیا ہضم ہو جاتا ہے۔

● بڑھی ہوئی تلی اور کمی بھوک کے لیے: سرکہ انگوری ایک سیر۔ نوشادر ۵ تولہ۔ انجیر ولایتی پختہ ایک پاؤ۔ کسی عمدہ چینی کے برتن میں اچھی طرح بند کر کے گیارہ دن رکھیں۔ تیار ہے۔ اس میں سے ایک انجیر روزانہ کھلائیں۔ اوپر سے عرق سونف ۵ تولہ استعمال کریں۔ مجرب ہے۔

● (بقیہ: طلاء اسرار الباہ)

نوٹ: اکسیر اسرار الباہ اور کشتہ سم الفار کے استعمال کے دوران صبح نہار منہ ۳ ماشہ جوارش جالینوس پانی سے اور حب کبد نوشادری دوپہر اور شام کا کھانا کھانے کے بعد ۲، ۲ عدد پانی سے کھلائیں۔

مجربات تاثیری

تاثیر حیدر - کوٹ مراد ڈاکخانہ مہاڑ پور براستہ ترکھو بیراں تحصیل و ضلع جھنگ

۱- مقوی فولاد سیرپ

● شربت فولاد تیار کرنے کے متعدد طریقے آپ کو معلوم ہوں گے اور طبی کتب کے مطالعہ سے بھی آپ کی نظروں سے گزرے ہوں گے لیکن "مقوی فولاد سیرپ" جو بندہ آپ کی نذر کر رہا ہے آپ کو کہیں نہیں ملا ہوگا۔ یہ قارئین اسرار حکمت کی خوش قسمتی، جناب ایڈیٹر حکیم نور محمد چوہان صاحب کا خلوص اور اپنے روحانی باپ جناب قبلہ شاد گیلانی صاحب آف شورکوٹ شہر کے ودیعت کردہ درس بخل شکنی کا صلہ ہے کہ آپ کو "مقوی فولاد سیرپ" کا نسخہ مل رہا ہے جو کسی استاد کی کئی سالہ خدمت کے صلہ کے بعد بھی شاید ممکن نہ ہوتا۔

یہ سیرپ نہ صرف جگر کی اصلاح کر کے خون زیادہ پیدا کرتا ہے بلکہ مصفی خون بھی بے انتہا ہے۔ جملہ مصفی خون کڑوے شربتوں کے مقابلے میں اس میٹھے شربت کو استعمال کر کے ان سے کئی گنا زیادہ فائدہ حاصل کریں۔ بھوک بڑھانے، قبض رفع کرنے، غذا جزو بدن بنا کر بے انتہا صالح خون پیدا کرنے کے لیے یہ سیرپ اپنی مثال آپ ہے۔ کمزوری بدن خواہ اس کی وجہ کچھ بھی ہو، کے ازالہ کے لیے انمول ٹانک۔ ہر عمر، مزاج و موسم میں یکساں فوائد کا حامل، آزمائش، تجربہ بہترین نسخہ ہے۔ میرا تجارتی راز ہے۔

یہ کاغذ پر رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کے

ہوالشافی: فیری امونیا سائٹراس (انگریزی پڑی) فولاد ڈھائی تولہ۔ ٹنکچر نکس وامیکا ایک تولہ۔ سم الفار محلول تین ماشہ۔ چینی تین پاؤ۔

پانی حسب ضرورت بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک:- بڑوں کے لیے ایک چمچ صبح و شام بعد از غذا۔ بچوں کو آدھی چمچ صبح و شام بعد از غذا۔

خاص احتیاط: خالی پیٹ اور مسلسل استعمال نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔

ہفتہ بعد دو یوم دوا کا استعمال ترک کر دیں۔ دوران استعمال دوا دودھ بکثرت پئیں۔ دیگر مقوی و زود ہضم اغذیہ استعمال کریں۔

نوٹ: مقوی فولاد سیرپ کے اجزا نسخہ فیری ایٹا امونیا سائٹراس اور ٹنکچر نکس وامیکا آپ کو میڈیکل ہال سے بآسانی دستیاب ہو سکتے ہیں۔ جہاں تک سم الفار محلول کا تعلق ہے اس کی تیاری بھی نذر قارئین ہے تاکہ نسخہ کی تیاری میں کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

سم الفار محلول تیار کرنا

ایک تام چینی کے برتن میں گلیسرین خالص آدھ تولہ ڈالیں اس پر سم الفار سفید ایک تولہ باریک کردہ ڈالیں اور برتن کو دہکتے ہوئے کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ گلیسرین کو ابال آئے گا اور سم الفار حل ہو جائے گا۔ سم الفار محلول تیار ہے۔ سرد کر کے محفوظ رکھیں اور شامل نسخہ کریں۔

۲- ذیابیطس شکری کا جڑی بوٹی سے علاج

ہوالشافی: ہزار دانی بوٹی سایہ میں خشک کر لیں ۔۔۔

(باقی صفحہ پر)

تک خوب کھرل کریں۔ یہ سفوف بیش نمبر ۲ تیار ہوگا۔ پھر نمبر ۲ میں سے ۱ تولہ لیں اور اس میں ۵ تولہ لبنی شکر ملا کر دو روز تک خوب کھرل کریں یہ سفوف بیش نمبر ۳ تیار ہوگا اور یہی قابل استعمال ہے۔ باقی نمبر ۱ اور نمبر ۲ ذخیرہ کے طور پر رکھا جاتا ہے۔

حب اکسیر رعشہ

اذراقی مدبر ۹ ماشہ۔ کندر گوند ۱ تولہ۔ گل سرخ ۱ تولہ۔ مغز تخم تربوز ۱ تولہ۔ جند بیدستر ۶ ماشہ۔ زعفران کشمیری ۹ ماشہ۔ جوز بوا ۶ ماشہ مصطگی رومی ۶ ماشہ۔ عقرقرحا ۶ ماشہ۔ درونج عقربی ۶ ماشہ۔ بوزیدان ۶ ماشہ۔

علیحدہ علیحدہ تمام ادویات کوٹ چھان کر باہم مخلوط کر کے قدرے شہد خالص اور اسپرین پاؤڈر ۱ تولہ کا اضافہ کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔ یہ اکسیر صفت گولیاں مرض رعشہ کے لیے اکسیر ہیں۔

مقدار خوراک:۔ دو گولیاں دوپہر کو بعد از غذا، دو گولیاں شب کو سوتے وقت پانی کے ہمراہ۔ تمام جسم کے رعشہ یعنی کپکپاہٹ کو رفع کرنے میں عجیب الاثر ہے۔

سفوف بیش:۔ نسخہ لکھا جا چکا ہے اس طرح تیار کریں۔

فوائد حسب ذیل ہیں:۔ یہ دوا اعلیٰ درجہ کی مسکن قلب ہے اس کے استعمال سے دورانِ خون کی شدت ختم ہو جاتی ہے اور خون درجہ حرارت پر جلد آجاتا ہے۔ جب مریض میں ہیجان خون کی کوئی علامت پائی جاتی ہو۔ تو اس دوا کے استعمال کا موقع سمجھنا چاہیے۔ مثلاً تشنگی، کنپٹی پر جاری پن، آنکھوں کے پپوٹوں کا رنگ سرخ ظاہر ہو۔ چہرہ سرخ اور تمتمایا ہوا ہونا۔ تیز روشنی سے مریض کو تکلیف محسوس ہونا۔ اور شدت تکلیف سے دماغ کا پھٹا جانا۔ اعضا شکنی اور تنفس کا تیز ہونا وغیرہ علامات پائی جائیں۔ یا التہاب دماغ، ورم چشم، ورم حلق و لوزتین، ورم معدہ و جگر چیچک اور نمونیہ کے ساتھ اگر ہلکا سا بخار بھی ہو تو اس دوا کا استعمال نہایت مبارک ثابت ہوتا ہے۔

لیکن اگر ورم اپنی ساخت کے اعتبار سے مکمل ہو چکا ہو یا اس میں پیپ پڑ گئی ہو تو یہ دوا استعمال نہ کریں اس لیے کہ ابتدائے ورم کی حالت میں یہ دوا مفید ہے۔ اور تکمیل ورم کے بعد مضر۔

مقدار خوراک و طریقہ استعمال:۔ ایک رتی سے ۲ رتی تک صبح و شام کھائیں دن بھر میں تین چار خوراکیں بھی کھائی جا سکتی ہیں اور بعض خصوصی حالات میں ۱۰ منٹ کا وقفہ دے کر استعمال کریں۔

حب اصلاح قوائے باطنہ

ہوالشافی:۔ جند بیدستر، ہیرا ہینگ، جدوار، عود صلیب، عقرقرحا ہر ایک چھ ماشہ۔ ادویہ مذکور کوٹ چھان کر گولیاں بقدر دانہ مونگ بنا لیں۔

خوراک: ایک سے تین گولیاں دن میں تین بار۔

حبوب کا مزاج:۔ حار درجہ دوم۔ یابس درجہ سوم۔

فوائد: امراض نظام اعصاب، نظام دوران خون، امراض نظام تنفس، نظام آلاتِ ہضم، نظام مفاصل، نظام آلاتِ بول، امراض آلات تناسل مردانہ، زنانہ۔

حکیم محمد افضل بڈھانوی

چند تجرباتی نسخہ جات

۱۔ سفوف جریان آزمودہ

ھوالشافی: آرد سنگھاڑہ خشک ۵ تولہ۔ بہی دانہ ۵ تولہ۔ گوند کتیرا ۵ تولہ۔ کوزہ مصری ۱۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام دواؤں کو باریک پیس کر ایک شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ دودھ یا پانی استعمال کریں۔

فوائد: جریان، احتلام، سرعت انزال کے لیے بے حد مفید ہے۔

۲۔ معجون لیکوریا آزمودہ

مربہ ہرڑ ۲۰ تولہ۔ کشنیز خشک ۵ تولہ۔ الائچی خورد ۲½ تولہ۔ عرق کیوڑہ ۱ ½ تولہ۔ ورق چاندی ایک دفتری کلاں۔ کشتہ قلعی ہندی والا یا جنگ والا ایک تولہ۔ کشتہ مرجان ۱ تولہ۔ نبات سفید ۲۰ تولہ۔

ترکیب تیاری: مربہ ہرڑ کو ایک ہاون دستہ میں ڈال کر اچھی طرح کوٹ لیں اور بعد میں کشنیز، الائچی خورد کو اچھی طرح باریک کر کے اب مربہ ہرڑ اور کشنیز، الائچی خورد کو ملا لیں اور بعد میں نبات سفید کا قوام بنا کر اس میں رس کیوڑہ اور تمام دواؤں کو شامل کر لیں اور بعد میں کشتہ جات اور ورق شامل کر کے ایک برتن میں محفوظ رکھیں۔

خوراک: ۲ تولہ ہمراہ دودھ گائے سے استعمال کریں۔

فوائد: لیکوریا کے لیے بے حد مفید ہے۔

نوٹ: اس سے ہولدلی یا قبض وغیرہ بھی نہیں ہوتی۔ اس کے ساتھ آپ شافہ وغیرہ کروا سکتے ہیں بہتر ہوگا۔

۳۔ سفوف مغلظ آزمودہ

ھوالشافی: کنگھی بوٹی کلاں ۲۰ تولہ (بوٹی کے پتے اور پھل لیں) کھانڈ ولائتی ۲۰ تولہ۔

خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ دودھ یا پانی سے استعمال کروائیں۔

فوائد: جریان احتلام کے لیے مفید ہے۔ سوزاک کے لیے بھی بہت مفید چیز ہے۔

۴۔ سفوف لیکوریا آزمودہ

ھوالشافی: پھٹکڑی سفید بریاں ۱۰ تولہ رال سفید ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری: پھٹکڑی سفید کو توا پر بریاں کریں اور بعدہٗ رال سفید کو شامل کر کے سفوف بنا کر رکھیں۔

فوائد: ۲ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب لیکوریا کے لیے آزمودہ ہے۔ نیز احتلام اور جریان منی کو بے حد مفید چیز ہے۔

۵۔ سفوف جریان آزمودہ

ھوالشافی: بھوپھلی ۱۰ تولہ۔ کوزہ مصری ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: بھوپھلی کو باریک پیس لیں اور کوزہ مصری کو شامل کریں۔

خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد: لیکوریا، احتلام، جریان کے لیے مفید ہے۔

نوٹ: مندرجہ بالا نسخہ جات میرے معمول مطب ہیں اور آزمودہ ہیں۔

افسوس ملنے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔

شنگرف محمر کرنے کے دو طریقے کاملانِ فن نے وضع فرمائے ہیں۔

۱۔ شنگرف بازاری کو روغن گندھک آملہ سار میں ۲۱ گھنٹے میں شنگرف محمر ہوگا۔

۲۔ شنگرف محمر تیار کرنا، سیماب ۳ حصہ، گندھک ۱ حصہ، برادہ شمس ½ حصہ حسبِ دستور شنگرف تیار کریں۔ یہ شنگرف محمر اعلیٰ ترین ہوگا، ور کیمیاوی اعمال میں اکسیر بن کر عامل کو بے نیاز کر دینے والا ہوگا۔

جو بھی متلاشیِ فن میری معلومات ذہن میں رکھ کر تجربات کرے گا۔ انشاء اللہ نقصان نہیں اٹھائے گا۔

آئندہ اشاعت میں سیماب، گندھک سے شنگرف تیار کرنے اور شنگرف محمر تیار کرنے اور بازاری شنگرف کو محمر کرنے کے نسخہ جات تیار کئے جائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ وما توفیقی الا باللہ العلی العظیم۔

تجرباتی مجربات

حکیم و ڈاکٹر لیاقت علی شاہد

اکسیر معدہ آزمودہ

- مصبر سیاہ ۶ ماشہ، طباشیر نقرہ ۶ ماشہ، منقیٰ ۵ دانے۔

ترکیب تیاری: مصبر سیاہ اور طباشیر نقرہ کو باریک پیس کر منقیٰ کی مدد سے گولیاں بقدر کوکن بیر بنائیں۔

خوراک: ایک گولی صبح شام ہمراہ شیر گرم۔

فوائد: ریح معدہ اور ضعف معدہ کو مفید ہے۔

اکسیر جگر آزمودہ

کشتہ فولاد آبی فروٹ والا ۱ تولہ، کشتہ عقیق خالص ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری: دونوں کشتہ جات کو ملالیں۔

خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ دودھ بالائی۔

فوائد: ضعف جگر اور گردوں کے لئے مفید ہے۔

اکسیر قلب آزمودہ

کشتہ چاندی دودھ بوٹی ۲ ماشہ، کشتہ قلعی ۳ ماشہ، خمیرہ مروارید عنبری ہمدرد ڈبی۔

ترکیب تیاری: دونوں کشتہ جات میں ایک ایک رتی خمیرہ مروارید عنبری ملا کر استعمال کروائیں۔ دل کی بیماریوں کو مفید ہے۔

اکسیر جریانت آزمودہ

- سفید موصلی، طباشیر نقرہ، اکرکس، کالی موصلی، سنگجراحت عمدہ، تالمکھانہ، ہموزن لیں سفوف بنالیں۔

خوراک: ۶ ماشہ ہمراہ دودھ گرم۔

فوائد: جریان، احتلام وغیرہ کو مفید ہے۔

نوٹ: تمام نسخہ جات میرے معمولِ مطب ہیں۔

تاثیر حیدر

مجرّبات تاثیری

غریبوں کے لیے ٹھنڈک کا نعم البدل

● سفوف ٹھنڈک طب یونانی کا ایک مشہور و معروف نسخہ ہے۔ جو زہر مہرہ، مروارید، ورق طلاء جیسے قیمتی اجزاء کا مرہونِ منت ہے جس سے استفادہ صرف رؤسا حضرات ہی کر سکتے ہیں آپ کی خدمت میں جو نسخہ پیش کیا جا رہا ہے۔ وہ فوائد میں اصل نسخہ کے ہم پلہ ہے اس سے بڑھ کر یہ کہ نہ صرف امراء بلکہ غرباء بھی اس نسخہ سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ اس ارزاں اور زود اثر و سہل الحصول نسخہ کو تیار کر کے موسم گرما کی مناسبت سے استعمال میں لائیں۔ انشاء اللہ نسخہ ادعا کار مطلق شافی کُل کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکیں گے جس نے اپنی حکمت سے معمولی سے معمولی اشیاء میں ایسے خواص پنہاں رکھے ہیں کہ زبان سبحان اللہ کہے بغیر نہیں رہ سکتی۔ نسخہ مذکورہ یہ ہے۔

ہوالشافی:۔ کشتہ فولاد زہر اکسیس دسوڈی بائیکارب کی ترکیب سے تیار کیا گیا جس کی ترکیب ماہ مئی ۱۹۸۵ء کے شمارہ میں مفصل تحریر کر دی گئی تھی) ایک تولہ، سفوف سنگِ جراحت ۲۲ تولہ۔

سفوف تیار کر لیجئے قارئین آپ کے پاس معروف دوا ٹھنڈک کا نعم البدل تیار ہے۔

مقدار خوراک:۔ ۱/۲ ماشہ سے ۳ ماشہ صبح نہار منہ ہمراہ چھاچھ دیں۔

فوائد:۔ کمی خون، جگر کی گرمی، آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا، ہاتھ پاؤں کی جلن، ضعف دل و دماغ، اسہال و پیچش، قے متلی، شدت پیاس، بواسیر، نکسیر اور سیلان کی کثرت آنے کے لیے مفید ہے۔

۲۔ شربت تاثیری؛

موسم گرما کے لیے موثر ترین شربت۔ موسم گرما کے جملہ اثرات کے ازالہ کے لیے جس شربت پر آپ بھروسہ کر سکتے ہیں وہ میرے زیرِ استعمال یہی شربت ہے۔

ہوالشافی:۔ گل نیلوفر، گل گاؤزبان، گل گلاب اور برادہ صندل سفید ہر ایک پانچ پانچ تولہ، چینی تین پاؤ۔ ترکیب معروف سے شربت تیار کریں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک تولہ شربت عرق گاؤزبان یا سادہ پانی میں حل کر کے دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔

۳۔ نقوع ملیریا بخار

ہوالشافی:۔ پوست درخت نیم ۲ تولہ۔ کوٹ کر رات کو گرم پانی ۱۰ تولہ میں بھگو رکھیں۔ صبح مل چھان کر رکھ لیں۔ بمقدار ۲ تولہ دن میں چار مرتبہ پلائیں۔

ملیریا بخاروں میں جہاں کونین فیل ہو جائے اس نقوع کو استعمال کریں انشاء اللہ کبھی فیل نہ ہوں گے۔ ملیریائی بخاروں کا قلع قمع کرنے کے لیے آسان اور زود اثر نسخہ ہے۔

نوٹ:۔ ملیریا کے حضرات جو دن رات ملیریا کے لیے (باقی صفحہ ۱۲)

کشتہ بارہ سنگا ۵۰ گرام۔ کشتہ خرمہرہ یعنی کشتہ کوڑی ۵۰ گرام۔ تخم پالک ۵۰ گرام۔ تخم بجھوا ۵۰ گرام۔ برگ جھاؤ ۵۰ گرام۔ تخم ہوہانجنہ ۵۰ گرام۔ مغز تخم تربوز ۵۰ گرام تخم کاہو ۵۰ گرام۔ تخم خرفہ ۵۰ گرام۔ تخم کاسنی ۵۰ گرام۔ تخم چولائی ۵۰ گرام۔ تخم حماض ۵۰ گرام۔ کھانڈ ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر ملالیں۔

ترکیب استعمال ومنافع: ۲+۲+۲ گرام۔ صبح دوپہر، شام ہمراہ عرق گاؤزبان استعمال کریں۔

امراض صدر اور امراض جگر میں بے حد مفید ہے۔ استقا پرانا نزلہ زکام بخار کے لیے مفید ہے۔

۵۔ سفوف تپ محرقہ نمبر ۱

طباشیر اصلی ۲۵۰ گرام۔ ست گلو اصلی ۲۵۰ گرام۔ کشتہ یشب مرجان ۱۲۵ گرام۔ کشتہ ابرک سفید ۱۲۵ گرام۔ تخم حماض ۱۲۵ گرام۔ کھانڈ ۱۲۵ گرام۔ الائچی خورد ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر پلاسٹک کے لفافہ میں بند رکھیں۔

استعمال ومنافع: ۳+۳+۳ گرام۔ صبح دوپہر شام ہمراہ شربت انار استعمال کریں۔ یا ہمراہ عرق گاؤزبان استعمال کریں۔

تپ محرقہ کے لیے بہت ہی مفید ہے۔ محرقہ بخار میں جب جگر بہت ہی خراب ہو چکا ہو تو یہ استعمال کرائیں فائدہ ہوگا اس کے علاوہ مثانہ کی کمزوری بھی دور کرتا ہے۔ گرمیوں میں گرمی کی وجہ سے عام بخاروں، اسہال کے لیے از حد مفید ہے۔

نوٹ: ہمارے ہاں یہ ۳ روپے کا ۱۲ گرام فروخت ہوتا ہے۔

۶۔ سفوف تپ محرقہ نمبر ۲

طباشیر اصلی ۲۵۰ گرام۔ ست گلو اصلی ۲۵۰ گرام۔ کشتہ یشب مرجان ۱۰ گرام۔ کشتہ ابرک سفید ۱۰ گرام۔ زہر مہرہ ۵۰ گرام۔ مسور مقشر ۵۰ گرام۔ گل انار ۵۰ گرام۔ تخم حماض ۵۰ گرام۔ تخم کاہو ۵۰ گرام۔ کھانڈ ۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر پلاسٹک کے لفافہ میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال ومنافع: بچوں کو ایک گرام بڑوں کو ۲ گرام۔ ایسی ایک ایک خوراک ہر چہار گھنٹہ بعد بدرقہ مناسب سے دیں۔

یہ سفوف خسرہ، تپ محرقہ، جوش محرقہ جوش، خون وصفراوی اسہال میں مفید ہے۔

۷۔ سفوف بخار ہر قسم

طباشیر اصلی ۲۰۰ گرام۔ ست گلو ۵۰ گرام۔ کشتہ صدف مروارید ۲۰ گرام۔ کشتہ بارہ سنگھا ۵۰ گرام۔ کشتہ گئودنتی ۵۰ گرام۔ کشتہ ابرک سفید ۵۰ گرام۔ کشتہ کوڑی ۱۰۰ گرام۔ تخم بجھوا ۱۰۰ گرام۔ تخم کاسنی ۱۰۰ گرام۔ ریوند چینی ۱۰۰ گرام۔ کھانڈ ۱۰۰ گرام۔ خاکسی ۲۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف پلاسٹک کے لفافہ میں رکھیں۔

ترکیب استعمال ومنافع: ایک گرام سے ۳ گرام تک ہمراہ مناسب بدرقہ استعمال کرائیں۔ ہر چہار گھنٹہ بعد ایک ایک خوراک دیں۔

بخار نزلہ زکام جسمانی دردوں اور جگر کی خرابی سے بخاروں میں بہت مفید ہے۔

آج لاہور پاکستان کی سب سے بڑی مارکیٹ اکبری منڈی کے بہت سے بڑے دکاندار کا دماغ بھی رہتے دن کی سوچ باتے کرتی تجربہ کیئے ناکام ہو گئیں۔ ورنہ اس دو سے ملتی جلتی گولی پڑی ہے۔ چاہیے وہ مضر ہی کیوں نہ ہو۔ اتفاق کی بات ہے کہ وہ بہت حد تک اس میں کامیاب جا رہے ہیں۔ اور عوامی حکومت کا محکمہ صحت خاموش ہے۔ حکومت کے منظور نظر اطباء کو چاہیے کہ وہ وزارت صحت پر زور دیں کہ وہ چند ماہر اطباء کی ایسی جماعت تیار کریں جو ان منڈیوں میں جا کر ہر چیز کی پڑتال کریں۔ اور عوام کو موت کے منہ سے بچائیں۔ ورنہ ان فارما کو پیارن کو آگ لگائیں۔ اور پنسلین کے انجکشن لگاتے رہیں اور اسپرین استعمال کراتے رہیں۔ اور کاروبار خوب چمکائیں اور دولت سمیٹیں۔

ذکر طباشیر کا تھا مگر بات کہیں دوسری طرف چل نکلی۔ دراصل طباشیر کی موجودہ ٹیبلیٹ تقسیم ہونے لگی تھی ہی تھی۔ اس وقت اس کا فارمولا ایک راز تھا۔ مگر اب یہ فارمولا کئی ہاتھوں میں ہے۔ اور منوں کے حساب سے تیار ہو کر بازار میں بک رہی ہے۔ کام میں دسترس اور اچھی اشیاء ہوں۔ تو طباشیر نہایت چمکدار ٹیبلیٹ یعنی طباشیر کبود کے نام سے بکتی ہے۔ اور اگر دوائیں اچھی نہ ہوں تو گھٹیا طباشیر تیار ہوتی ہے۔ سنا ہے کہ آجکل سیالکوٹ کی تیار شدہ طباشیر لاکھوں کے کاروبار میں ہے۔ طباشیر ہندوستان کی ہو یا پاکستان کی۔ خوبصورت ڈبوں کی ہو یا پیکٹوں کی مصنوعی ہی ہوتی ہے۔ جیساکہ قرشی صاحب موصوف نے تشبیہ بنایا ہے۔ یہاں میں مناسب سمجھتا ہوں کہ طباشیر کا وہ فارمولا تحریر کروں جو عام طور پر بنایا جا رہا ہے اور سادہ اس کے مضر اثرات کا خود اندازہ کریں۔ سوڈا سلیکیٹ (سوڈا صابن بنانے والے استعمال کرتے ہیں)۔ ایک پاؤ نصف سیر پانی میں حل کر لیں۔ دوسرے برتن میں ایمونیم سلفیٹ کھاد (جو کاشتکار فصلوں میں ڈالتے ہیں) ایک پاؤ کو نصف سیر پانی میں حل کریں۔ اور ہر دو محلول آپس میں ملا دیں۔ اور خوب ہلائیں۔ دہی کی مانند گاڑھا ہو جائے گا۔ پھر کسی کپڑے میں ڈال دیں۔ اور سادہ پانی ڈال کر رکھ چھوڑیں۔ صبح نتھار کر اور پانی ڈال دیں۔ یہاں تک یہ عمل کریں کہ اس کی شوریت نام کو بھی نہ رہے۔ اب اسے دھوپ میں رکھ دیں۔ خشک ہو کر ڈلیوں کی صورت میں طباشیر کی شکل اختیار کرے گی۔

اس فارمولا کے اجزاء پر غور کرنے کے بعد خود اندازہ کر لیں کہ قرشی صاحب موصوف نے کیسی پتے کی بات کی ہے کہ طباشیر سرطان کی موجب ہے۔ امید ہے کہ وہ آپ اس انکشاف کے بعد فارماکوپیا پر بھی مزید نظرثانی کرائیں گے اور اس قسم کی مضر اشیاء کو اس سے خارج کرائیں گے۔ طباشیر کے بدل کا سوال ہی نہیں تو اس کی جگہ زہر مہرہ خطائی استعمال کریں جو طباشیر سے بہتر تسلیم اور حضرت لقمان علیہ السلام کی بھی کا تریاق ہے۔ اور ہر طبیعت کو موزوں ہے۔ اب پرانا نسخہ ترک کر کے زہر مہرہ خطائی، الائچی، اور آرزو دانہ اور گل مصری ملا کر معجون کی طرح استعمال کریں۔

● **لاجواب نسخہ**

یوں تو کوئی بیماری بھی تکلیف دہ ہوتی ہے۔ مگر ہم مسلمان ہیں اور فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ بیماری ہمارے گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہے اور بخشش کا ذریعہ بن جاتی ہے۔ دمہ بھی ایک انتہائی تکلیف دہ بیماری ہے۔ اس بیماری سے چھٹکارا پانے کے لیے مندرجہ ذیل نسخہ خود تیار کریں۔

ہوالشافی: آرد تخم بکائن، سرمہ سیاہ، کالی مرچ، پرنا گڑ، چاروں چیزیں ہموزن باریک پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ صبح شام ایک ایک گولی تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

انشاءاللہ ہفتہ عشرہ کے اندر اندر دمہ کی شکایت ختم ہو جائے گی خون بھی آتا ہو تو وہ بھی ختم ہو جاتا ہے آزمودہ ہے۔

حکیم محمد نواز ناشر

اس مرتبہ بندہ صرف دو عملیات آپ کو تفویض کرنا چاہتا ہے۔ جو ہماری روزمرہ کی ضرورت اور میرے شب و روز کے معمولات سے ہیں۔

۱۔ جادو، آسیب اور بیماری کی تشخیص کا روحانی عمل؟

برگ نیم چار عدد لے کر ہر ایک پتے پر آیت مذکورہ ذیل بسم اللہ تسمیہ تین تین بار پڑھ کر دم کریں اور مریض کو کھلائیں۔

اگر ذائقہ کڑوا ہو تو مرض بدنی ہے۔

اگر ذائقہ نمکین محسوس ہو تو علامت جادو ہے۔

اگر ذائقہ میٹھا محسوس ہو تو علامت آسیب ہے۔

۲۔ روحانی پانی سے مرض کا علاج؟

ایک بالٹی میں صاف پانی لے کر اس پر ایک ہزار مرتبہ ہوالشافی ہوالشفاء قول امام موسیٰ رضاؑ پڑھ کر دم کریں۔ اس پانی کی ایک ایک بوتل ہر مرض کے مریض کو بلا تشخیص مرض دے دیا کریں انشاء برقی اثر کرے گا۔ مطب روحانی میں روزمرہ کا خاص معمول ہے۔

نوٹ: آخر میں قارئین حضرات سے گذارش ہے کہ عملیات تاثیری کے بارے میں میری منفرد سوچ پر اپنی رائے کا اظہار کریں آپ کی رائے عملیات تاثیری میں میری مددگار ثابت ہوگی۔

(بقیہ: مشک سے)

اس کے چار بڑے بڑے دانت ہوتے ہیں جو تین تین انچ لمبے اور منہ سے نکلے ہوئے ہوتے ہیں ان میں سے دو دانت اوپر کے جبڑے اور دو نیچے کے جبڑے میں ہوتے ہیں۔ اوپر کے دانت نیچے کی طرف اور نیچے کے اوپر کی طرف لٹکے ہوئے ہوتے ہیں۔ مگر لمبے مگر پتلے ہوتے ہیں۔ ان کا رنگ ہاتھی دانت کی طرح سفید ہوتا ہے۔ دیکھنے میں جانور بہت خوبصورت ہوتا ہے۔ اس سے مشک حاصل کرنے کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

جب چاند اپنے پورے جوبن پر ہوتا ہے اس کی ناف کے قریب ایک کیسے (نافہ) میں تھوڑا سا خون منجمد ہو جاتا ہے جو لوگ اس کی تلاش میں ہوتے ہیں وہ چاندنی رات میں اس کو پکڑ کر اس کی تھیلی (نافہ) کو کاٹ لیتے ہیں اور مشک کو دھوپ میں سکھا لیتے ہیں۔ یہ نہایت قیمتی مشک ہوتا ہے اس طرح یہ لوگ بہت سے ہرن مشکی پکڑ لیتے ہیں۔ کہتے ہیں اس کا گوشت کھانے میں اچھا ہوتا ہے۔ یہ بیان تھا مشہور سیاح مارکو پولو کا۔

(باقی)

• متفرق مجرّبات

حکیم محمد افضل ساجد افضل دواخانہ پڑھانہ چک ۴۵ (قصور)

سفوف ہاضمہ

ہوالشافی: پودینہ خشک، کالی مرچ، زیرہ سفید، مگھاں، دارچینی، سونف خشک، نمک سفید، نمک سیاہ، لیموں خشک ہر ایک ۵، ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام دواؤں کو باریک پیس لیں اور ایک شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک: ½ چمچہ ہمراہ تازہ پانی صبح و شام کھانے کے بعد استعمال کریں۔

فوائد: بدہضمی، اپھارہ، گیس، دائمی قبض کے لیے مفید ہے۔

سفوف بیقر ہاضم صدری

• ہوالشافی: سونٹھ، مگھاں، کالی مرچ، ہرڑ زرد، بہیڑہ، آملہ، اجوائن چاروں، ترکچور، سونف، زیرہ سفید، انار دانہ، پتی سنائے مکی، کالی ہرڑ، سنگ دانہ مرغ، لاچی کلاں، سوہاگہ سفید بریاں، نوشادر ٹھیکری، نمک لاہوری، نمک سیاہ۔ ہر ایک برابر وزن۔

ترکیب تیاری: تمام دواؤں کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ تازہ پانی کھانے کے بعد استعمال کریں۔

فوائد: بدہضمی، اپھارہ، گیس، دائمی قبض اور ضعف معدہ کے لیے مفید ہے۔

جوڑوں کے دردوں کی اکسیری گولیاں

ہوالشافی: سورنجاں شیریں ۱ تولہ، گوگل ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری: دونوں دواؤں کو خوب کوٹ چھان کر باریک ہو جائیں بعد میں گوند کی مدد سے یا پانی کی مدد سے گولیاں بقدر چنا بنائیں۔

خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ گرم۔

فوائد: جوڑوں کے دردوں کے لیے مفید ہے۔

• سفوف خارش خشک وتر

ہوالشافی: گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ چاکسو مقشر ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام دواؤں کو باریک پیس لیں۔

خوراک: ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ تازہ پانی کھلائیں۔

اکسیری جوشاندہ

ہوالشافی: عناب ایرانی، ملٹھی مقشر، سپستان، برگ گاؤزبان، گل بنفشہ (پھول ہوں)، خطمی، خبازی ہر ایک ایک تولہ۔ پانی ایک کلو۔

ترکیب تیاری: تمام دواؤں کو جوکوب کر کے پانی میں ڈال کر جوش دیں۔ اور مل کر چھان لیں۔

خوراک: ایک چھٹانک صبح و شام پلا دیں۔

فوائد: نزلہ بارد، زکام کے لیے مفید۔ بچوں اور بڑوں کو یکساں مفید ہے۔

• مجربات مہتاب یا تحفۂ مہتاب

حکیم مہتاب حسین دہلوی ـــــــ نوشہرہ کینٹ ضلع پشاور

• حبوب باہیہ

یہ حبوب کئی بار تجربہ کی گئی ہیں۔ ضعف باہ کی نہایت لاجواب زود اثر مسلمہ اکسیر اور بے نظیر ہیں۔ مجلوق اور کمزور مریضوں کو دو سے تین ہفتے استعمال کرنی پڑتی ہیں۔ اس کے ہوتے ہوئے یقیناً آپ کو کسی کشتہ یا مقوی دوا کی ضرورت نہ رہے گی۔ کمزور سے کمزور مریضوں کو بھی لوہے کی لاٹھ بنانا اس کا ادنیٰ سا کرشمہ ہے۔ بشرطیکہ اس کے ساتھ خوب خوراک کھائی جائے جتنا دودھ، گھی، مکھن اور دیگر مرغن غذائیں استعمال کریں گے تمام ہضم ہو کر جزو بدن ہو جاتی ہیں۔ قوت باہ کے تمام نسخہ جات سے اعلیٰ اور ارفع و معیاری نسخہ ہے اور پھر نہایت سہل الحصول اور اصولی ہے۔ جیسا کہ اکثر احباب آسان، اصول اور کامیاب نسخوں کے متلاشی پائے جاتے ہیں۔ یہ نسخہ ہمہ صفت موصوف ہے۔ اس سے قوتِ باہ، قوتِ بدنی، اعضاءِ رئیسہ، قوت اعصاب گردہ و مثانہ خوب پیدا ہوتی ہے۔ تجربہ شرط ہے۔ اجزاء اور ترکیب ساخت ملاحظہ ہوں۔

ہوالشافی: سیماب مصفی ۱ تولہ۔ سیماب کو اینٹ کے روڑوں میں کھرل کر کے کھدر کے کپڑے سے چھان لیں۔ سم الفار سفید بلوری اوپر کی سفیدی دور کر کے اندر کا بلوری حصہ ۱ تولہ۔ مغز اخروٹ ۲½ تولہ۔ مغز پستہ ۲½ تولہ۔ مغز بادام ۲½ تولہ۔ افیون ½ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۵ عدد۔

ترکیب تیاری: اول سیماب اور سم الفار کا وزن درست کر کے کھرل میں ڈال کر اتنا کھرل کریں کہ سیماب اپنی چمک کھو بیٹھے۔ اس کے بعد ایک ایک مغزیات ڈال کر کھرل کریں۔ آخر میں افیون ڈال کر ایک ایک زردی ڈال کر کھرل کریں اور جب آخری زردی رہ جائے تو اتنا کھرل کریں کہ حبوب بنانے کے قابل ہو جائے حبوب نخودی بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ رات کو سوتے وقت دودھ سے۔ امساک کے لیے دو گھنٹہ پیشتر دودھ سے استعمال کریں۔ تقویت باہ کے لیے انمول مجرب اور امساک کے لیے نادر روزگار۔

حب لوہڑ والی

فی زمانہ ضعف باہ اور .... سرعت انزال کی عام شکایت پائی جاتی ہے۔ یہ شکایت جریان، احتلام، بچپن کی غلط کاریوں، کثرتِ جماع، کمزوری عامہ کے بعد لاحق ہو جاتی ہے۔ بعض مریضوں کو شہوت کم آتی ہے بعض سرعتِ انزال کے شاکی ہوتے ہیں۔ اور کسی معتبر اور مستند قابل وثوق دوا کے متلاشی ہوتے ہیں۔ ان کے لیے یہ حبوب بلاشک و شبہ آبِ حیات سے کم نہیں۔ بارہا تجربہ میں آچکی ہیں۔ جو لوگ علاج کروا کروا کر تھک گئے اور کامیاب نہ ہو سکے وہ ان گولیوں سے کامیاب ہو گئے۔ یہ گولیاں جریان احتلام ذکاوتِ حس اور جریان کا خاتمہ ہو کر منی خوب غلیظ ہو کر سرعت انزال کے خاتمہ کا سبب

بنتی ہے۔ اس سے قوت بے حد پیدا ہوتی ہے۔ اور امساک دائمی حاصل ہو جاتا ہے۔ غرض قوتِ باہ کے لیے اطمینان بخش ہے تجربہ شرط ہے۔

اجزا اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء اور ترکیب تیاری: داڑھی بوہڑ ۱۰ سیر پانی ۱۵ سیر داڑھی بوہڑ کو کتر کر یعنی چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے پانی میں ڈال دیں۔ ۸ دن کے بعد پانی کو بمع داڑھی کے پکانا شروع کریں۔ جب نصف پانی باقی رہ جائے تو اتار لیں اور ہاتھوں سے خوب ملیں کر داڑھی کے تمام اثرات پانی میں آجائیں۔ بعد ازاں اس پانی کو کپڑے سے چھان لیں۔ اور چھانے ہوئے پانی کو دوبارہ آگ پر چڑھائیں۔ جب پانی خشک ہو کر قوام کی شکل اختیار کر جائے تو اس میں مندرجہ ذیل ادویہ شامل کریں۔

ثعلب مصری ۵ تولہ۔ موصلی سفید اصلی ۵ تولہ۔ اسگندنا گوری ۵ تولہ بسنادرہ ۵ تولہ۔ کشتہ صدف ۴ تولہ۔ کشتہ زمرد ۴ تولہ۔ کشتہ قشر بیضہ مرغ ۴ تولہ۔ کشتہ مرجان ۴ تولہ۔ پہلی چاروں ادویہ کو کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں۔ اور قوام میں شامل کر کے برنی گھوٹنے والے گھوٹنے سے گھوٹیں۔ اس کے بعد ایک ایک کشتہ جات ملا کر گھوٹیں تاکہ تمام اجزاء یک ذات ہو جائیں پھر ۴-۴ رتی کی حبوب بنا کر اوپر ورق نقرہ چڑھائیں۔

طریقہ استعمال: ایک گولی صبح نہار منہ اور ایک گولی رات کو سوتے وقت میٹھے دودھ سے۔ دودھ ابال کر ٹھنڈا کیا گیا ہو۔

حبوب باہیہ

مرداد قوت کی کی الواقع لاجواب دوا ہے۔ نہایت محرک ومقوی باہ جامع الاوصاف ہے اور بہت زود اثر ہے۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ ہوں۔

ہوالشافی: شنگرف رومی ا تولہ۔ سم الفار سفید بلوری حصہ ا تولہ۔ آب برگ کریلہ ۵ تولہ۔ آب برگ پان ۵ تولہ۔ آب برگ ارنڈ ۵ تولہ۔ کشتہ نقرہ شنگرفی ا تولہ۔ کشتہ مرجان ا تولہ۔ کشتہ زمرد ا تولہ۔

ترکیب تیاری: اول شنگرف اور سم الفار کو کھرل میں ڈال کر ایک ایک قطرہ آب برگ کریلہ سے کھرل کریں۔ جب آب کریلہ ختم ہو جائے تو آب برگ پان سے کھرل کریں اور پھر آب برگ ارنڈ سے کھرل کریں۔ اور کشتہ جات ملا کر تھوڑا سا گوند کیکر ڈال کر حبوب نخودی تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ رات کو سوتے وقت نیم گرم دودھ سے۔ دورانِ استعمال حبوب دودھ گھی مکھن اور مرغن غذائیں خوب کھائیں۔

سفوف ذیابیطس

ذیابیطس کی بیخ کنی کرنا اس کا معمول ہے۔

اجزاء ملاحظہ ہوں۔

ہوالشافی: کریلا خشک سایہ میں خشک کیا ہوا، ہزار دانی سایہ میں خشک شدہ، گڑمار بوٹی، تخم جامن، ہر ایک ۵-۵ تولہ۔

تیاری: تمام ادویہ کو کوٹ کر کپڑے سے چھان لیں اور تین تین ماشے سفوف صبح نہار منہ، دوپہر دو بجے، شام چھ بجے اور رات کو سوتے وقت پانی سے استعمال کریں۔ انشاء اللہ ایک ہی ہفتے کے اندر اندر کافی افاقہ محسوس ہوگا۔

الشفاء من جانب اللہ۔

• مُجَرّباتِ تاثیری

تاثیر حیدر۔ کوٹلہ اڈو کانہ پہاڑپور، بواسطہ تریلوں براستہ تحصیل و ضلع جھنگ

۱۔ مقوی معجونوں کا بدل

ہوالشافی: دو انڈے مرغی تازہ کو گرم گرم دودھ میں پھینٹ کر خالی پیٹ ناشتہ کے طور پر کچھ دن پئیں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں۔ قیمتی سے قیمتی اور مقوی معجونیں اس کے سامنے ہیچ ہیں۔ تقویت اعضائے رئیسہ کے لیے بہترین غذا ہے۔

۲۔ موٹاپے کا علاج دو الفاظ میں

غذا آدھی کر دیں اور ورزش دوگنی کر دیں۔

۳۔ بواسیری مسّوں کو ختم کرنے کے لیے صرف سات پڑیاں

ہوالشافی: سم الفار ایک ماشہ۔ مشک کافور ایک ماشہ۔ بھنگ تین ماشہ۔ باریک سفوف تیار کریں۔ اور جملہ ادویہ کی سات پڑیاں بنا لیں۔

ایک پڑیہ روزانہ مقعد پر رکھ کر لنگوٹ باندھیں۔ سات روز کے اندر مسّے سوکھ جائیں گے۔ زخموں کو مندمل کرنے کے لیے مرہم کافوری یا کوئی اچھی مرہم استعمال کریں۔

۴۔ دوائے اسود

● سیماب مصفیٰ اور گندھک آملہ سار ہر ایک ایک تولہ۔ بطریق مسدوف کجلی تیار کریں۔ جب کھرل سے نہ چپکے تو سمجھیں کہ دوائی تیار ہے۔

اس کے بعد اس میں مغز جائفل، جاوتری، لونگ، کلاوہ، دار چینی، زعفران کشمیری، مرچ سیاہ، تیزپات ہر ایک تین تین ماشہ۔ علیحدہ علیحدہ ملا کر ایک ایک گھنٹہ کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ سیاہ رنگ کی دوائی تیار ہو گی۔

مقدار خوراک: چار چاول سے ایک رتی ہمراہ مسکہ یا شہد دودھ ملا ہوا چالیس یوم استعمال کریں۔ ساتھ ہی روغن سرخ کی مالش کریں۔

فالج، لقوہ، رعشہ کے لیے طب یونانی کا مایہ ناز نسخہ ہے۔ مذکورہ امراض کے لیے میرا صدری راز ہے جو آپ کو کسی طبی کتاب میں نہیں ملے گا۔

۵۔ روغن سرخ۔ فالج اور لقوہ کے لیے مالش کا تیل

ہوالشافی: لونگ، جاوتری، مالکنگنی، دار چینی، رتن جوت ہر ایک تین تین تولہ۔ مغز جائفل ۵ دانے۔ روغن کنجد ایک سیر میں جلا کر چھان لیں اور مالش کریں۔ اعضاء کو سرد پانی سے بچائیں۔

نوٹ: قارئین اسرار حکمت اس مرتبہ میں نے اپنی بخل شکنی کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے دکھی انسانیت کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے جناب حکیم نور محمد چوہان صاحب کے جذبۂ خدمت خلق کو سراہتے ہوئے اور اپنے روحانی باپ حضرت العلامہ سفناد گیلانی شاہ صاحب کی نصیحت بخل شکنی کو پورا کرتے ہوئے فالج اور لقوہ و رعشہ کے لیے اپنا صدری راز ظاہر کر دیا ہے۔ میری خواہش ہے اور حکما حضرات سے استدعا بھی کہ وہ بخل شکنی کرتے ہوئے

(باقی صفحہ پر)

• اکسیری مجربات برائے سنگ گردہ و مثانہ

حکیم مہتاب حسین دہلوی - حکیم آہاد چونگی نمبر ۲ - نوشہرہ کینٹ ضلع پشاور

قارئین کرام ذیل میں چند مجربات حاضر خدمت ہیں تمام مجربات گردے، مثانے کی پتھری کے اخراج کے لئے ایک مکمل کورس ہیں۔ یہ کورس تین ہفتوں سے پانچ ہفتوں تک کا ہے۔ اور اس مدت کے دوران بفضلِ اللہ تبارک و تعالیٰ گردے اور مثانے کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو جائے گی۔ اور گردے بالکل صاف شفاف ہو کر قوی ہو جائیں گے۔ کورس میں شامل ادویہ اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

۱۔ جوارش زرعونی

عام مشہور نسخہ ہے۔ ہر کتاب میں دستیاب ہے۔ میں نے اس کے اجزاء کے اوزان میں تبدیلی کی ہے۔ اور حجر الیہود کا اضافہ کر کے تیار کرتا ہوں۔ اجزاء ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء:۔ ہوا لشافی۔ تخم کرفس، تخم شلغم، تخم گندر، تخم شبت، نانخواہ، بادیان، بیخ کرفس، تخم مغز خیارین، مغز تخم خربوزہ ہر ایک چھ ماشہ، عاقر قرحا، خرفہ، زعفران، عود خام، مصطگی رومی، ہر ایک ۲ تولہ، حجر الیہود ۳ تولہ۔ بسباسہ، فلفلمویہ کباب ہر ایک ایک تولہ۔ سنگ سرماہی ۲ تولہ۔ شہد تین پاؤ۔

ترکیب تیاری:۔ شہد کا قوام تیار کر کے مندرجہ بالا ادویہ کا سفوف بنا کر شہد کے قوام میں ملا دیں۔ جوارش زرعونی تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۶ ماشہ جوارش زرعونی صبح نہار منہ ناشتے سے ایک گھنٹہ پیشتر ۵ تولہ آب بیخ سرکنڈا سے نوش فرمائیں۔

آب بیخ سرکنڈا۔ سرکنڈے کی جڑ تازہ۔ آدھ سیر لے کر اُسے اچھی طرح دھو لیں کہ مٹی وغیرہ سے صاف ہو جائے۔ رات کو ۵ سیر پانی میں بھگو دیں صبح اُس پانی کو آگ پر چڑھائیں اور اتنا پکائیں کہ صرف تین بوتل پانی رہ جائے۔ ٹھنڈا کر کے باریک کپڑے سے چھان کر بوتلوں میں بھر لیں۔ یہی آب بیخ سرکنڈا ہے۔

۲۔ دوائے پتھری توڑ

سنگ گردہ و مثانہ کو ریزہ ریزہ کرنے کے لیے اس کورس کی لاجواب شے ہے۔ اس کورس کو تیار کرنے میں سب سے زیادہ محنت کی یہی دوا ہے۔ آپ بھی اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔ اجزاء:۔ حجر الیہود ۵ تولہ۔ سنگ سرماہی ۳ تولہ، سنگ لاجورد ۲ تولہ، سنگ مقناطیس ۵ تولہ۔ سنگ راتج ۳ تولہ۔

ترکیب تیاری:۔ تمام اجزاء کو کوٹ کر کپڑ چھان کر کے کھرل میں ڈالیں۔ اور کھرل کریں۔ اور ½ پاؤ شیرہ پتھر چٹ بوٹی کا شامل کر کے کھرل کریں۔ اور روپیہ برابر ٹکیہ بنا کر مٹی کی کلیہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر دوبارہ ½ پاؤ شیرہ پتھر چٹ بوٹی کا شامل کر کے کھرل کریں اور ۵ سیر کی آگ دیں اسی طرح پانچ آگ برابر کریں۔ اس کے بعد آب مولی میں کھرل کر کے اسی طرح دو آگ دیں۔ اور نکال کر کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۲ رتی دوا کیپسولز میں بھر کر ایک کیپسولز رات کو سوتے وقت ہمراہ آب نخود سیاہ استعمال کریں۔

آب نخود سیاہ۔ نخود سیاہ ½ چھٹانک صبح کو پانی میں بھگو دیں اور اسی پانی سے دوا استعمال کریں۔ اگر اس میں خار خسک بھی شامل کر لیں تو بہت اچھا ہے۔

• ۳۔ پتھری پھوڑ:۔ یہ دوا بھی پتھری توڑ کر پیشاب کے ذریعہ

خارج کرنے میں اس کورس کی معاون دوا ہے۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء :- ہواشانی، قلمی شورہ ایک سیر۔ بلادر ایک ایک پاؤ۔ سیاہ مرچ ایک چھٹانک۔ سنگ سرماہی ۸ تولہ۔ حجرالیہود ۸ تولہ۔ پوست ریٹھہ ایک پاؤ۔ سہاگہ ۸ تولہ۔ پھٹکڑی سفید ۸ تولہ نوشادر ٹھیکری ۸ تولہ۔ نمک ترب ۸ تولہ۔ آب مولی ۴ سیر۔

ترکیب تیاری :- اول قلمی شورہ کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ جب خوب گرم ہو جائے تو ایک ایک کر کے بلادر ڈالیں۔ جب ایک جل جائے تو دوسرا ڈالیں اور ساتھ ہی مرچ سیاہ بھی ایک ایک کر کے ڈالتے جائیں۔ جب تمام بلادر اور مرچ سیاہ ختم ہو جائیں تو سنگ سرماہی، حجرالیہود اور پوست ریٹھہ کوٹ کر کپڑ چھان کیا ہوا ڈال دیں۔ قلمی شورہ بمعہ دیگر ادویہ کے منجمد ہو جائے گا۔ اتار کر ٹھنڈا کر کے پیس لیں۔ اور دوبارہ کڑاہی میں ڈال کر اس میں آب مولی ۴ سیر، سہاگہ، پھٹکڑی سفید، نوشادر ٹھیکری اور نمک ترب بھی ڈال دیں اور آگ پر چڑھائیں۔ یہاں تک کہ تمام آب مولی ختم ہو جائے اور پھٹکڑی اور سہاگہ بھی پھول ہو جائیں۔ دوائے پتھری پوڈر تیار ہے۔

ترکیب استعمال :- ۱ ماشہ دوائے پتھری پوڈر صبح ۱۰ بجے اور ۱ ماشہ شام ۵ بجے ہمراہ شیرہ مغز تخم خیارین ۶ ماشہ۔ مغز تخم کدوئے شیریں ۶ ماشہ۔ مغز تخم خربوزہ ۶ ماشہ۔ خارخسک ۶ ماشہ۔ پوست خربوزہ ۶ ماشہ۔ ان سب کو پانی میں بھگو کر، گھوٹ کر شیرہ نکالیں۔ اور اسی شیرہ کے ہمراہ دوائے پتھری پوڈر استعمال کریں۔

کورس کے دوران پرہیز بادی چیزوں، دال ماش، چاول، اگوبھی، مٹر اور برف کے ٹھنڈے پانی سے پرہیز کریں۔

غذا :- بکری کے گوشت کا شوربہ، تیتر، بٹیر، چڑیوں کا شوربہ گرم مصالحہ ڈال کر مریض کو پلائیں۔ اور دال مونگ کھانے میں دیں۔

دوران کورس پیشاب مٹی کے کھلے کوزے میں کریں اور اس وقت تک پیشاب کوزے میں پڑا رہنے دیں جب تک دوبارہ پیشاب نہ کریں۔ مٹی سے پیشاب گرانے سے پہلے معائنہ کر لیں آپ کو تیسرے دن یا چوتھے دن پیشاب میں پتھری کے ذرات نظر آنے لگیں گے۔

نوٹ :- گردے کی پتھری کے مریضوں کے لیے مہتاب ٹرسٹ کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا ہے جو اور نادار مریضوں کا علاج مفت کیا جاتا ہے۔ لہٰذا گردے براہ راست "حکیم مہتاب حسین دہلوی (مہتاب ٹرسٹ) حکیم چونگی نمبر ۲ نوشہرہ کینٹ ضلع پشاور" سے بذریعہ ڈاک رابطہ قائم نیز جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں۔

(بقیہ : اعلیٰ مجربات)

ہی درد ہو رہا ہو کچھ بھی معلوم نہ ہوتا ہو درد ہی درد ہوتا جا رہا پھوڑے کا نشان بھی نہ معلوم ہو ویسے ہی جگہ سرخ ہو جس طرح پھوڑا اس کے نیچے ہے۔

اجزاء نسخہ: سہاگہ باریک دس گرام۔ چاول ۱۰ گرام (ایک وقت کی پٹی کا وزن ہے)۔

نسخہ تیاری : پہلے چاولوں کو چند منٹ پانی میں بھگو دیں پھر اور کر کھیر سی تیار کریں پہلے مقام درد پر سہاگہ کا سفوف ڈالیں۔ اس کے بعد تیار شدہ ڈال دیں اور پٹی باندھ دیں۔ تین چار پٹیاں باندھنے سے پھوڑا پڑ جائے گی درد کم ہونا شروع ہو جائے گا۔ پھر اوپر کوئی مرہم عمدہ کا استعمال کریں۔ مصفی خون ادویات یا شربت یا عرق دیں۔ شفا ہونے پر مریض تمام اجزاء اور صبر اور روز کرنا ہر وقت زبان پر جاری رکھے اگر پیپ اچھی طرح باہر آ گئے تو پھر مٹی چلی لے کر اس میں پانی ڈال کر نرم حالت میں کر لیں اس کے بعد اس کی روٹی سی تیار کریں اور صابن کپڑے دھونے والا ۵ گرام سے دیں۔ چھیل ۵ گرام ڈال کر مقام پھوڑے پر لگا دیں صبح شام دو دن پٹی اسی طرح کریں۔ جب پیپ آنا بند ہو جائے تو پھر مرہم کا استعمال کریں۔ بلا جگہ کی بھی حالت میں خارش آنی شروع ہو جائے تو مرہم لگانا بند کر دیں اس مقام پر سرسوں کا تیل لگا دیں۔ حفاظت رکھیں کہیں پھر کوئی چیز چوٹ وغیرہ نہ لگنے۔

فدا حسین گجول، میرپور ماتھیلو

• بہترین نسخے

• موسم سرما کا تحفہ

اجزاء: شنگرف رومی ایک تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۱۲ عدد باہم خوب کھرل کریں اور گھی ایک پاؤ میں بریان کریں اور ایک پاؤ کھانڈ ملالیں اور زعفران ایک ماشہ، جوزبوا ۳ ماشہ کھرل کر کے ملا لیں اور پھر مغز بادام مقشر کر کے کچھ دانے ملالیں۔

خوراک: بقدر برداشت طبیعت استعمال کریں۔

فوائد: خوش ذائقہ ہونے کے علاوہ اس قدر مقوی ہے کہ آدمی اپنی طبیعت پر قابو نہیں رہ سکتا۔ مجرب ہے۔

• ریاحی

گولی مصفیٰ گھی میں بریان شدہ، سنڈھ ہر ایک دو دو تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ۱۰ تولہ ہاون دستہ میں اس قدر کوٹیں کہ یک جان ہو جائیں گولی بقدر کوکن بیر تیار کریں۔

استعمال: سوتے وقت ایک یا دو گولی دودھ سے استعمال کرائیں۔ مجرب ہے۔

• مرہم بواسیر مجرب المجرب

اجزاء: اسدالارض یعنی قلمی شورہ ایک تولہ۔ شب یمانی سفید ایک تولہ۔ زنک اوکسائیڈ ایک تولہ۔ ویزلین بقدر ضرورت باہم خوب کھرل کر کے مرہم تیار کریں اور صبح و شام مسوں پر لگائیں۔ مجرب المجرب مرہم ہے۔ میں ہر مریض پر یہی مرہم استعمال کرتا ہوں۔

• کشتہ نقرہ

برادہ نقرہ، سیماب مصفیٰ ایک ایک تولہ گرہ کریں۔ سیم الفار سفید، گندھک آملہ سار، شنگرف ہر ایک ایک تولہ۔ کھرل کر کے سفوف بنائیں۔ ایک روغنی کوزہ میں قدرے سفوف بچھادیں۔ اس پر قدرے گرہ بچھادیں اسی طرح سفوف وگرہ کو تہ بہ تہ رکھیں اور کوزہ کا منہ بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر تین پاؤ اوپلوں کی آگ دیں کشتہ بہ رنگ سرخ بر آمد ہوگا۔ اس کو کھرل کر کے رکھ لیں۔

طریقہ استعمال: ایک رتی سے دو رتی تک دودھ یا مکھن سے کھانا کھا کر بعد میں استعمال کریں۔

فوائد: ہر قسم کی کمزوریوں خصوصاً جنسی کمزوری کا خصوصی علاج ہے۔ ممسک ہونے کے علاوہ مشتی اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے چہرہ کو سرخ و شاداب بناتا ہے۔

(بقیہ: اداریہ)

مفادات کا حامل بنانے کے لیے جرأت مندانہ فیصلے کرنے چاہئیں تاکہ طب اور طبیب کی ترقی کا راستہ کوئی طبقہ روک کر طبی اور تحقیقی اجارہ داری قائم نہ کر سکے۔

المعالج رانا عبد الوہاب خان
فری محمدیہ شفاخانہ، گوجرانوالہ

• حلفیہ مجربات

حب احتباس طمث

ایلوا ۴ تولہ، رائی ۲ تولہ، مرمکی ۲ تولہ، سنبل الطیب ۲ تولہ سب کو باریک کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۳ گولی ہمراہ آب نیم گرم دیں۔

فوائد: فوراً خون جاری کرتی ہے۔ موٹاپا اور بانجھ پن کو مفید ہے۔ مقوی رحم ہے۔

نوٹ: ازراہ نوازش ان حبوب کا غلط استعمال نہ کریں۔

دیسی مارفیا

● افیون خالص ایک ماشہ۔ لوبان کوڑیا ایک تولہ، قند سفید ایک تولہ۔ تینوں ادویات کو کھرل کریں کہ مانند سرمہ ہو جائیں تو تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۲ رتی تا ۴ رتی ہمراہ آب تازہ دن میں تین مرتبہ۔

فوائد: خواب آور ہے۔ مارفیا کا بدل ہے۔ ہر قسم کے دردوں کو دیکھتے دیکھتے بند کر دیتا ہے۔ سوزاک، درد گردہ، درد جگر میں خصوصاً نافع ہے۔

نوٹ: ازراہ نوازش اس کا غلط استعمال نہ کریں۔

دوائے تلخ

کڑا چھال عمدہ لے کر باریک پیس کر سنبھال رکھیں۔ بوقت صبح بقدر چھ ماشہ ہمراہ آب نیم گرم کے دیں۔ عرق النساء (لنگڑی کا درد) میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

اکسیر جریان

سم الفار ایک ماشہ، کشتہ فولاد آبی ۲ تولہ۔ سلاجیت اصلی ۲ تولہ۔ پہلے سم الفار کو خوب کھرل کریں پھر آخر میں سلاجیت ملا کر خوب کھرل کریں اور حبوب بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح ایک شام بعد از غذا ہمراہ شیر گاؤ سے دیں۔

فوائد: مولد خون ہیں اور مقوی جسم ہیں۔ جریان اور سیلان الرحم کو نافع ہے۔

اکسیر جگر

ریوند چینی ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، کشتہ مندور ۶ ماشہ، نمک خوردنی ۱ ماشہ۔ سب کو باریک کر کے دودھ ڈنڈا تھوہر میں نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ گولی ہمراہ عرق کاسنی دن میں دو مرتبہ۔

فوائد: ضعف جگر، سدہ جگر، یرقان، سوء القنیہ، استسقاء اور عظم طحال کو مفید ہے۔

حب مقوی بدن و مولد خون

سم الفار ½ ماشہ، کشتہ فولاد دو تولہ، رائی ۲ تولہ۔ پہلے سم الفار کو خوب باریک پیس لیں پھر کشتہ فولاد تھوڑا تھوڑا شامل کرتے جائیں۔ اور کھرل کرتے رہیں پھر سفوف رائی ملا کر دو گھنٹہ خوب کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ایک رتی صبح بعد غذا یا ½ رتی صبح اور ½ رتی شام بعد غذا ہمراہ آب تازہ دیں۔

فوائد: کمی خون اور نقاہت جسم کو مفید ہے اس کے استعمال سے چند دنوں میں ہی جسم میں خون بھر جاتا ہے بھوک خوب لگتی ہے قوت باہ اور جریان کو مفید ہے۔

● روغن اعجاز

لسن مقشر ۲۷ عدد، فلفل احمر ۲۷ عدد، بادام روغن ایک پاؤ ایک برتن میں تینوں اشیاء ڈال کر گرم کریں حتیٰ کہ لسن اور فلفل احمر جل کر

سیاہ ہو جائیں اتار لیں پھر چھان کر سنبھال رکھیں۔

استعمال و فوائد: کان کے اسی فیصد امراض کو نافع ہے۔ دو قطرے صبح و شام کان میں ڈالیں تو اس کے فوائد استعمال کرنے پر ظاہر ہوں گے تجربہ ہی کسوٹی ہے۔

حب مقوی باہ آدھا گھنٹہ

ادرک مربہ ۲ تولہ۔ قرنفل ۲ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ سیر کاہی ۶ ماشہ۔ سلاجیت خالص ۲ تولہ۔ سم الفار ۸ رتی۔ کونین سلفاس ۲ تولہ۔ تمام اشیا کو یکجا کر کے باہم ملا کر ۲۰ گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی بوقت شب دودھ کے ہمراہ۔

فوائد: نہایت مقوی باہ نسخہ ہے امراض باہ کو نافع ہے۔ کمزور ادمی کے لیے ایک گولی ہی کافی ہے۔ عرق انسا میں بھی اعجاز رکھتا ہے۔

احتیاط: جس آدمی کو گردہ میں پتھری ہو وہ اس نسخہ کو ہرگز استعمال نہ کرے۔

تریاق احتلام

اجوائن خراسانی ۲ تولہ۔ پوٹاشیم برومائیڈ ایک تولہ۔ تخم کاہو مقشر ۴ تولہ۔ برگ دھتورہ سبز ۲ تولہ۔ تخم جوز ماثل ۲ ماشہ۔ تمام ادویات کو کوٹ پیس کر بقدر نخودی گولیاں تیار کریں۔

خوراک: رات سوتے وقت ایک گولی روزانہ ہمراہ پانی تازہ دیں۔

فوائد: احتلام کے لیے اس سے بڑھ کر اور کوئی نسخہ مفید نہ پایا ہے۔

- **سفوف قادری**

بادنہ سداب ۴۰ گرام۔ اجوائن دیسی ۲۰۰ گرام۔ حرمل ۲۰۰ گرام۔ کلونجی سیاہ ۲۰۰ گرام۔ زنجبیل ۲۰۰ گرام۔ قرنفل ۵۰ گرام۔ گشتہ گئو دنتی ۱۰۰ گرام۔ تمام ادویات پیس کر سفوف بنا کر سنبھال رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ آب نیم گرم دن میں تین بار دیں۔

فوائد: نزلہ و زکام میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے وہ لوگ جنہیں ڈاکٹر ناک کے اپریشن کا مشورہ دیں انہیں استعمال کروائیں انشاء اللہ اپریشن کی ضرورت نہ رہے گی۔ میں نے ایسے لوگوں کو بھی استعمال کروایا جو ناک

کا اپریشن کروا چکے تھے لیکن پھر نزلہ میں مبتلا تھے اس نسخہ کے استعمال سے وہ بالکل ٹھیک ہو گئے یہ سینے کا راز ہے صرف مخلوق خدا کے بھلے کے لیے پیش کر دیا ہے کے بعد نتیجہ صحیح نکلے تو اس گنہگار کو دعا سے یاد فرمائیں۔

تخم دھاک حسب ضرورت لے کر کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت ترش دہی میں گھوٹ کر مقام متاثرہ پر لیپ کر دیا کریں صرف ۱۸ یوم میں بفضل تعالیٰ چنبل سے نجات ہوگی۔

قارئین اسرار حکمت کے لیے خوشخبری

ایک فقید المثال خصوصی اشاعت

ماہنامہ اسرار حکمت کا ایک خاص نمبر بہت جلد منصۂ اشاعت پر جلوہ گر ہونے والا ہے۔ جس میں دنیائے طب کے نمائندہ اور بلند پایہ حکماء کرام کے مضامین اور نسخے و مجربات خصوصی پیش کیے جا رہے ہیں ——— اس اشاعت خصوصی کا نام

جنسی الجھنیں اور ان کا علاج

ہوگا جو اپنی نوعیت، افادیت، جامعیت اور ضخامت کے اعتبار سے جنسی الجھنوں اور امراض و عوارض کے موضوع پر ایک منفرد اور مثالی ضخیم نمبر ہوگا۔ "اسرار حکمت" کے کرم مشفق اور مستقل علمی قلمی معاونین، ملک کے دیگر اساتذۂ طب اور شائقین رموز حکمت اپنی اولین فرصت میں اس موضوع سے متعلق اپنے خصوصی مضامین اور آزمودہ و مجرب نسخہ جات وغیرہ بغرض اشاعت ارسال فرمائیں ——— خاص نمبر کی ترتیب و تدوین شروع ہو چکی ہے۔

ایڈیٹر

حکیم محمد افضل میو
دواساز قیصر شفاخانہ - حبیب آباد (قصور)

بواسیر

تعریف مرض :- ویسے تو بواسیر کی بہت سی اقسام ہیں مگر دیکھنے میں دو قسم کی بواسیر عام ہے۔

۱- بواسیر خونی ۲- بواسیر بادی

بواسیر خونی :- بواسیر خونی میں مریض کے پیٹ میں شدید درد ہوتا ہے۔ اور پاخانے میں خون بکثرت آتا ہے مقعد پر ورم آ جاتا ہے اور جلن ہوتی ہے۔ مریض پاخانے جاتے ہوئے گھبراتا ہے۔

بواسیر بادی :- بواسیر بادی میں بھی پیٹ میں درد رہتا ہے پاخانے کو جاتے ہوئے مریض گھبراتا ہے۔ پاخانے کی جگہ جلن، خارش ہوتی ہے۔

اسباب مرض

بواسیر خونی : زیادہ گرم خشک اشیا کا استعمال مثلاً زیادہ تیز مرچ اور گرم مصالحہ کا زیادہ استعمال بواسیر خونی کا باعث بنتے ہیں۔

براسیر بادی : زیادہ گوشت خوری خصوصاً بڑا گوشت زیادہ کھانا، زیادہ ترش اشیا کا استعمال، سگریٹ، شراب، پان، تمباکو نوشی، انڈے، تر، گوبھی مٹر، کنو، مالٹے وغیرہ کا زیادہ استعمال کرنا براسیر بادی کا سبب بنتے ہیں۔

علامات وتشخیص مرض

سب سے پہلے انسان معمولی دباؤ محسوس کرتا ہے۔ اس کے بعد اگر انسان اپنی غذا یعنی خوراک پر کنٹرول نہ کرے بلکہ زیادہ خشک گرم اشیاء کا استعمال کرے تو مرض بڑھ جاتا ہے اور خون آنا شروع ہو جاتا ہے۔ جب خون آنا شروع ہو جاتا ہے تو مریض کی حالت زیادہ خراب ہو جاتی ہے۔ پاخانے جانے سے پیٹ میں شدید درد ہوتا ہے۔ مریض پاخانے جاتے ہوئے گھبراتا ہے۔ قبض شدید، ریاح شکم، پاخانے کی جگہ پر ورم، درد، جلن، پیشاب سرخی مائل رنگ کا آتا ہے۔ چہرے کا رنگ خون نکل جانے کی وجہ سے سفید، زرد ہو جاتا ہے۔ اور چہرے پر ہلکا سا ورم ہو جاتا ہے۔

بواسیر خونی کے مریض کی نبض باریک تیز اور بلندی پر محسوس ہوتی ہے۔

بواسیر بادی کے مریض باریک دبانے سے نیچے معلوم کی جا سکتی ہے۔

علاج بواسیر خونی وبادی

علاج کی صورت میں سب سے پہلے اصل سبب معلوم کریں۔ بعد میں دوا کے ساتھ غذا پر کنٹرول کرانے سے بواسیر ختم ہو جاتا ہے۔ غذا پر خاص توجہ دی جائے۔

مجربات برائے بواسیر خونی وبادی معمولات مطب میں سے دیئے گئے ہیں۔

● ۱- حب بندق بواسیر خونی کے لیے

ہوالشافی : چھلکا بندق ہندی یعنی ریٹھا ۵ تولہ۔ تار میرد ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری :- دونوں دواؤں کو باریک پیس لیں اور حب نخودی تیار کریں۔

خوراک :- ۲ گولی صبح وشام ہمراہ دودھ۔

فوائد :- بواسیر خونی کے لیے مفید ہے۔ معمولات میں سے ہے۔

● ۲- حب گل مدار

ہوالشافی :- گل مدار یعنی آک کے پھول خشک ۵ تولہ۔ نمک سیاہ ۵ تولہ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری :- تینوں دواؤں کو باریک پیس لیں اور

حب مخودی تیار کریں۔

خوراک :۔ ۲ گولی صبح و شام ہمراہ پانی۔

فوائد:۔ بواسیر خونی و بادی کے لیے مفید ہے۔

نمبر ۳۔ سفوف لقمان

بواسیر خونی و بادی کے لیے (مرسلہ حکیم لقمان حافظ محمد طیب لاہوری)

ہوالشافی: سونف بھنی ہوئی ۴۰ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ بریان در گھی ۲۰ تولہ۔ نمک سیاہ ۲۰ تولہ۔

ترکیب تیاری :۔ تمام دواؤں کو باریک پیس لیں۔

خوراک :۔ ۳ ماشہ تک ہمراہ پانی صبح و شام بعد از غذا۔

فوائد:۔ بواسیر خونی و بادی کے لیے اکسیر ہے۔

۴۔ شاہی چورن

قصر الشفاء حبیب آباد کا تیار کردہ چورن کا استعمال بواسیر خونی و بادی کو چند دنوں میں ختم کر دیتا ہے۔

نوٹ:۔ مذکورہ بالا تمام نسخہ جات ہمارے معمولات مطب میں سے دیے گئے ہیں۔

بقیہ: جڑی بوٹیوں سے نمکیات

۵۔ ۵ گرام تک دے سکتے ہیں۔

- نیز یہ کہ جو ہری کچری فسق کے پہلے مراحل میں نہایت مفید ہے۔
- غدۂ قدامیہ کی ابتداء میں جادو اثر ہے۔
- معدہ اور جگر کے اکثر عوارض میں بے مثل اور دیگر تجربہ کے مطلع فرمائیں۔

نمک کچرے اور نو آموز اطباء

تمام جڑی بوٹیوں کے نمکیات نکالنے کی ایک ہی ترکیب ہے جس جڑی بوٹی کا چاہو نمک نکالو۔

ترکیب :۔ کچری بازار سے یا جنگل سے اس کا پودا حاصل کریں۔ اسے اچھی طرح دھوپ میں رکھ کر چلدے سے کر اس کے بطن تک سے خشک کریں۔ پھر کسی محفوظ برتن میں رکھ کر اسے آگ لگا دیں۔ جس قدر سفید راکھ برآمد ہوگی نمک اسی قدر بہتر حساب میں آپ سے متعارف ہوگا جس قدر راکھ کا رنگ تبدیل ہوتا اسی قدر نمک کا رنگ بھی بدلتا جائے گا۔

نوٹ: اس کی مقدار خوراک اور اس کی خاصیت ادویات میں کوئی رد و بدل نہ ہوگا۔

اس راکھ کو جس قدر حاصل ہو اس کے وزن سے سولہ گنا پانی قلعی دار برتن میں ڈال کر بھگو دیں ہر روز صبح شام لکڑی کے دستے سے ہلاتے رہیں۔ تیسرے روز اس کا مقطر پانی حاصل کریں یا وجود مقطر ہونے کے روئی کی مدد سے اسے فلٹر کر لیں۔ اور قلعی دار برتن میں ڈال کر دھیمی دھیمی آنچ پر خشک کریں۔ جب دیکھیں کہ پانی کی رنگت بدل گئی ہے۔ اور پانی گاڑھا لئی کی مانند ہو گیا ہے تب آگ کو اس قدر دھیمی رکھیں کہ اس سے نہ جوش آئے نہ حباب نکلے۔ جب خشک ہو جائے تو آگ سے اتار دیں۔ برتن سرد ہونے پر برتن سے نمک کھرچ لیں۔

ضروری نوٹ:۔ اس نمک کو مضبوط ڈاٹ والی شیشی میں محفوظ رکھیں۔ مریض کو دیتے وقت ہی اسے شیشی میں ڈال کر دیں۔ ساتھ ایک مقدار خوراک بنا دیں۔ یا پھر خالی کیپسول میں بھر کر نیچے اوپر روئی سے محفوظ رکھیں۔ تاکہ نمک کی وجہ سے کیپسول آپس میں مل نہ سکیں۔ ایک صورت یہ بھی مشاہدہ سے گزری ہے کہ نمک ڈال کر کیپسول کی شیشی میں روئی کی جگہ کاغذی سوختہ کا سفید پاؤڈر ڈال کر اسے خشک کر لیں۔ مقدار خوراک سابقہ سطور میں درج ہے۔

اجزاء ہوالشافی :- شنگرف رومی ۲ تولہ۔ گائے کی ران کی نلی کا گودا ایک پاؤ۔ خشخاش ¾ سیر۔ روغن زرد ½۲ تولہ۔

ترکیب تیاری :- ایک کڑاہی میں ایک پاؤ خشخاش قدرے دردرا کر کے ڈال دیں۔ اور ہاتھ سے خوب دبا دیں کہ خلا نہ رہے۔ اب خشخاش پر گائے کی ران کی نلی کا گودا ½ رکھ کر اوپر ڈلی شنگرف ۲ تولہ رکھ کر اوپر بقیہ ½ پاؤ گودا گائے کی ران کی نلی کا رکھ دیں اور اس کے اوپر بقیہ خشخاش ایک پاؤ دردرا کر کے ڈال دیں۔ اور ہاتھ سے خوب دبا دیں کہ درمیان میں خلا باقی نہ رہے۔ اوپر ڈھائی تولہ روغن زرد یعنی گائے کا گھی ڈال دیں۔ اور کڑاہی کو دیگدان پر سوار کر کے نیچے آگ بہت ہی ہلکی ہونی چاہئے۔ دو گھنٹے کے بعد درمیانی آگ کر دیں۔ اس کے بعد تیز کر دیں کہ کڑاہی میں موجود تمام مواد جل کر خاک ہو جائے۔ ٹھنڈا ہونے پر احتیاط سے ڈلی شنگرف کی نکال کر کھرل کریں اور حفاظت سے شیشی میں رکھیں۔

خوراک :- ایک رتی۔

طریقہ استعمال :- نیم برشت بیضہ مرغ کی زردی میں ڈال کر کھا لیں۔ اوپر سے دودھ میں گھی ڈال کر پی لیں۔ ۱۵ سے ۲۱ خوراک تک استعمال کرنے ناقابل برداشت مردانہ طاقت پیدا ہو جاتی ہے بندہ کے پاس تیار ہے۔ ضرورت مند حضرات خط لکھ کر منگوا سکتے ہیں۔

● کشتہ شنگرف مغز اخروٹ والا

باہ کو تقویت پہنچانے والا یہ کشتہ اپنی مثال آپ ہے۔ چند خوراک کے استعمال سے نامرد کو مرد اور مرد کا بل بنانا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ مزید تعریف فضول ہے۔ اجزاء معہ ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء ہوالشافی :- شنگرف ڈلی ۲ تولہ۔ مغز اخروٹ کوٹے ہوئے ½ سیر۔ زردی بیضہ مرغ ۶ عدد۔ روغن ½ چھٹانک۔

نوٹ :- زردی بیضہ مرغ ابلی ہوئی ہوں۔

ترکیب تیاری :- آہنی کڑاہی میں ایک پاؤ مغز اخروٹ خوب کوٹے ہوئے ڈال کر ہاتھ سے اچھی طرح دبا دیں۔ اور اوپر ابلی ہوئی انڈوں کی زردی تین عدد کو ہاتھ سے کچل کر مغز اخروٹ پر بچھا دیں۔ اس کے اوپر شنگرف کی ڈلی رکھ دیں۔ اس کے اوپر بقیہ زردی تین عدد انڈوں کی ابلی ہوئی زردی ہاتھ سے کچل کر شنگرف پر ڈال دیں۔ اور اس کے اوپر مغز اخروٹ کوٹے ہوئے ڈال کر ہاتھ سے اچھی طرح دبا دیں کہ خلا باقی نہ رہے۔ اوپر گائے کا گھی ڈال دیں اور کڑاہی کو آگ پر رکھیں۔ آگ درمیانی ہونی چاہئے۔ یہاں تک آگ جلائیں کہ مغز اخروٹ جل کر سیاہ ہو جائیں تو اتار لیں۔ اور ٹھنڈا ہونے پر ڈلی شنگرف کو کھرل کریں اور شیشی میں سنبھال رکھیں۔

خوراک :- ایک رتی۔

طریقہ استعمال :- ایک رتی دو مکھن میں لپیٹ کر کھا لیں اوپر سے دودھ میں گھی ڈال کر پی لیں۔ پیاس محسوس ہو تو دودھ پیتے رہیں۔

نوٹ :- اس سے کچھ روغن بچ رہے گا۔ وہ روغن روزانہ چار قطرے رات کو سوتے وقت دودھ میں ڈال کر پی لیں۔ اور تین چار قطروں کی مالش کر کے اوپر برگ پان لپیٹ کر پٹی باندھ دیں۔ تندی تیزی اور فربہی پیدا ہوتی ہے۔ میرے پاس تیار ہے ضرورت مند حسب خواہش خط لکھ کر منگوا سکتے ہیں۔

گردے کا پتھری توڑ کورس بالکل مفت

گردے کی پتھری کے مریضوں کے لیے میں نے مہتاب ٹرسٹ جس میں گردے کی پتھری کے مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے، کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا ہے جس میں غریب اور نادار مریضوں کا علاج مفت کیا جاتا ہے۔ لہٰذا گردے کی پتھری کے مریض براہ راست حکیم مہتاب حسین دہلوی، مہتاب ٹرسٹ حکیم آباد، چونگی نمبر ۲، وزیر و کینٹ ضلع پشاور بذریعہ ڈاک (جوابی لفافہ) رابطہ قائم فرمائیں۔

حکیم اور پریکٹیشنر حضرات متوجہ ہوں

مجربات عجیب

۱۔ **اکسیر معدہ:**۔ افسنتین، ہیرا ہینگ، سہاگہ بریاں، مصبر، سنگدانہ مرغ ہموزن ہمراہ عرق مکو سے نخودی گولیاں تیار کریں۔ معدہ کی تمام امراض، درد معدہ، نفخ ریاح، قبض، ضعف معدہ کے لیے صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ آب دیں۔

۲۔ **برائے لعاب دہن:** مصطگی رومی، الائچی خورد ہموزن سفوف، خوراک ۲ ماشہ تا ۶ ماشہ صبح و شام دیں۔

۳۔ **درد فم معدہ:**۔ تخم کاسنی، مصطگی، زراوند طویل، الائچی خورد، سونف، گل سرخ، دارچینی ہر ایک ایک تولہ۔ میٹھا سوڈا ۳ تولہ۔ سفوف خوراک ایک ماشہ دیں۔ ہر قسم کے فم معدہ کے درد کو ختم کرتا ہے۔

۴۔ **ورم معدہ:** زہر مہرہ خطائی، کشتہ سنگ جراحت، خاکشی ہموزن خوراک ۲ ماشہ صبح و شام دیں۔ ورم معدہ و زخم کے لیے عجیب ہے۔

۵۔ **اسہال ہر قسم:** حب الصنوبر ۵ تولہ، سم الفار سفید ۶ ماشہ۔ اول سم الفار کو شیر بز یا بھیڑ میں کھرل کریں پھر حب ملا کر خوب کھرل کرکے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔ خوراک ایک گولی صبح دوپہر شام دیں۔ اسہال ہر قسم و پیچش ہر قسم و درد معدہ کے لیے بھروسہ کی دوا ہے۔

۶۔ **سفوف لاکھ:** لاکھ مغسول، زیرہ سیاہ، ہر ایک ۲ تولہ، سقمونیا ایک تولہ۔ سفوف خوراک ۳ ماشہ صبح و شام بڑھے ہوئے پیٹ کو چھوٹا کرتا ہے اور فربہ بدن کو لاغر کرتا ہے۔
پرہیز چکنائی، تیل والی اشیاء سے اور مولد بلغم اشیاء سے پرہیز کریں۔

۷۔ **اکسیر ریحی:** زنجبیل، سہاگہ، نمک سیاہ، ہینگ ہر ایک ایک تولہ، میٹھا سوڈا ۶ ماشہ، حب نخودی تیار کریں۔
خوراک ایک گولی دن میں چار مرتبہ دیں۔ تمام ریحی درد کے لیے مفید ہے۔ درد شکم [illegible]، باؤ گولہ، درد گردہ ریحی کے سبب کی تریاق ہے۔ [illegible]

۸۔ **کرم شکم:** ہینگ ۱ تولہ، [illegible] سفید ۱ تولہ، سقمونیا [illegible]، ۲ تولہ۔ حب نخودی تیار کریں۔ ایک گولی صبح و شام دیں۔

۹۔ **درد فم معدہ بلغمی:** سونف ۴ تولہ، مصطگی رومی [illegible] تولہ۔ سفوف خوراک ایک ماشہ دن میں تین مرتبہ دیں۔

۱۰۔ **اکسیر انقلاب المعدہ:** دارچینی، مصطگی، نارمشک، موٹھ سیاہ، زیرہ سیاہ، زرشک، سنبل الطیب، بکچہ، ہمانی ہر ایک ایک تولہ۔ لیموں خشک، افسنتین ہر ایک تین تولہ۔ سفوف خوراک تین ماشہ صبح و شام دیں۔

۱۱۔ **اکسیر قے:** الائچی خورد، دارچینی، مصطگی ہموزن سفوف خوراک ۳ ماشہ دیں۔

۱۲۔ **اکسیر دم:** ایک کڑاہی میں رسکپور ۳ تولہ ڈال کر آگ پر رکھیں جب رسکپور پگھل جائے تو کشتہ قلعی در بھنگ و ہا ایک تولہ اوپر ڈال دیں اور گندھک کی چٹکی دیں اور دستہ آہنی پھیرتے رہیں۔ کہ کشتہ ہو جائے پھر کھرل کرکے سنبھال کر رکھیں۔
خوراک ایک ماشہ ہمراہ ملائی یا مکھن سے خونی بواسیر کو دن میں مکمل ختم کرتا ہے۔

۱۳۔ **معجون مقوی معدہ:** ہلیلہ سیاہ، آملہ، بلیلہ، زیرہ سفید، فلفل سیاہ، دار فلفل، دارچینی، اشتاقیل، وج، اسارون، اخوانیاں، ہموزن لے کر روغن بادام سے چرب کرکے دوچند شہد سے معجون تیار کریں۔ خوراک ۳ ماشہ دوپہر صبح و شام کو کھانے کے بعد دیں۔ مقوی معدہ، درد معدہ کے لیے مفید ہے۔

حکیم میاں عبدالباسط
عبدالباسط شفاخانہ مین بازار بہاول پور منڈی

اعلیٰ مجرّبات

اپنے لیے تو سب ہی جیتے ہیں اس جہاں میں
ہے زندگی کا مقصد اوروں کے کام آنا

● ۱۔ اجزاءِ نسخہ :۔ زیرہ سیاہ ۱۰ گرام۔ نمک چکنی ۱۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۰ گرام۔ قند سیاہ (۳ برس کا ہو تو اچھا ہے) ۱۰ گرام۔

تیاری :۔ تمام مفرد ادویات کو علیحدہ علیحدہ باریک کریں۔ پھر سب کو ایک شیشی میں محفوظ رکھیں تیار ہے یا گولیاں چنے دیسی کے برابر تیار کریں۔

خوراک :۔ ۱ سے ۲ گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی سے یا عرق پودینہ سونف کے ½ کپ کے ساتھ۔

فوائد :۔ ناف اِدھر اُدھر ہٹ جانے اور وزنی کام سے لاچار اور اس کی درد سے مریض ملواتے پھرتے ہیں۔ اس کی تمام شکایات کا مجرب نسخہ ثابت ہوا ہے۔

● ۲۔ اجزاءِ نسخہ :۔ موم سفید ۵۰ گرام۔ امبہ ہلدی ۵۰ گرام۔

تیاری :۔ دونوں کو ہاون دستہ میں ڈال کر یک جان کریں۔ اس کے بعد چنے دیسی کے برابر گولیاں تیار کریں۔

خوراک :۔ ایک مریض کو آٹھ گولیاں دیں۔ ایک صبح ایک شام ہمراہ پانی۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔ آزمودہ ہے۔

فوائد :۔ برائے ورم جو کر ہاتھ پاؤں اور جوڑوں پر ہو جایا کرتا ہے۔

۳۔ اجزاءِ نسخہ :۔ کوڑ تلخ ۱۵۰ گرام۔ بابونہ خشک ۱۵۰ گرام۔ روغن کنجد (تل سفید کا) ۱۵۰ گرام۔

تیاری :۔ پہلے دو مفرد دواؤں کا باریک سفوف تیار کریں۔ پھر کسی بڑے برتن میں روغن ڈال کر روغن کو جوش دیں اس کے بعد یہ سفوف کوڑ تلخ بابونہ خشک والا ڈال کر اچھی طرح بریاں کر لیں۔ پھر گرم گرم کسی باریک کپڑے سے چھان لیں روغن تیار ہے۔ کسی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال :۔ مقام ورم پر ۳ سے ۴ قطرے اچھی طرح مالش کریں۔ بعد میں کسی گرم موٹے کپڑے سے اس مقام درد ورم والے کو بند کر دیں تا کہ ٹھنڈی ہوا نہ لگے۔

فائدہ :۔ پسلیوں اور ہاتھ پاؤں کے جوڑوں کا درد، درد ریح کے لیے اکسیر ہے۔ شفا تو مالک کے ہاتھ ہے۔

● ۴۔ اجزاءِ نسخہ :۔ مغز چنبہ دانہ (جنولہ) ۲۰ گرام سالم چھی خورد دانہ ۲۰ گرام۔

تیاری :۔ دونوں کو علیحدہ علیحدہ باریک کریں۔ پھر کسی صاف شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک :۔ ۱ تا ۲ گرام تک سفوف دیں۔ مطابق عمر۔

فوائد :۔ کسی قسم کا ریشہ ہو جائے تو اس وقت ہر قسم کا ریشہ دور ہو جائے گا۔

۵۔ اجزاءِ نسخہ :۔ تالمکھانہ ۱۰ گرام۔ سمندر سوکھ ۱۰ گرام۔ تخ ۱۰ گرام۔

تیاری :۔ تین مفرد دواؤں کا باریک سفوف تیار کریں۔ درمیانہ کیپسول لے کر ان میں بھر لیں۔

خوراک :۔ صبح، دوپہر، شام ہمراہ قہوہ دیں۔

فوائد :۔ شوگر، ذیابیطس کے لیے اکسیر ہے جملہ امراض کو

ختم کرتا ہے۔

۶۔ اجزاء نسخہ:۔ دانہ الائچی ۱۰ گرام۔ صندل سفید ۱۰ گرام۔ سردچینی ۱۰ گرام۔

تیاری: تمام کو ۲۵۰ گرام میں جوش دیں۔ ۱۲۵ گرام پانی بچنے پر اسی کو ل چھان کر شیشی میں ڈالیں۔

خوراک:۔ تقریباً ۲ چمچے صبح، دوپہر، شام استعمال کریں۔

فوائد:۔ جریان کے لیے اکسیر ہے۔

۷۔ اجزاء نسخہ:۔ گل دھاوا، سپاری، گوند ڈھاک، موچرس، کرکس، رتج، ہچا کسودر، مازو، ہلیلہ سیاہ، چنے دیسی، گٹھلی جامن خشک، گٹھلی آم خشک۔ کشتہ بیضہ مرغ ہر ایک ۱۰ گرام۔

تیاری:۔ تمام مفرد ادویات کا باریک سفوف تیار کریں کسی صاف شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک:۔ ۲ گرام سفوف صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت انجبار یا شربت دینار کے ساتھ دیں۔

فوائد:۔ امراض لیکوریا کی جملہ مرض میں مجرب ہے۔

پرہیز:۔ ترش اشیاء، گرم، تیل والی اور اچار وغیرہ۔

۸۔ اجزاء نسخہ:۔ طباشیر اصلی ۱۵ گرام۔ الائچی خورد دانہ ۱۵ گرام۔ زہر مہرہ ۱۵ گرام۔ صندل سفید ۱۰ گرام۔ برگ گاؤزبان خشک ۱۵ گرام۔ کشنیز خشک ۱۵ گرام۔ ورق نقرہ اصلی ہوں ۶ اعدد۔ گلوکوز پاؤڈر ۱۰۰ گرام۔ گیرو ۵ گرام۔

تیاری:۔ تمام مفرد ادویات کو ہاون دستہ میں باریک کریں۔ بعد میں ورق نقرہ کھرل میں ایک ایک ڈال کر کھرل کریں۔ بس تیار ہے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک:۔ ۱ گرام صبح، دوپہر، شام ہمراہ مربہ سیب یا گاجر، بید مشک، عرق گاؤزبان یا کیپ کے ساتھ۔

فوائد: دل کی جملہ امراض، گھبراہٹ میں مفید ثابت ہوا ہے۔

۹۔ اجزاء نسخہ:۔ گٹھلی جامن (سایہ میں خشک شدہ) ۱۰۰ گرام۔ موصلی سفید اصلی ۲۵ گرام۔ دانہ الائچی سبز خورد ۲۰ گرام۔ چینی یا مصری ۲۵م گرام۔

تیاری:۔ تمام مفرد ادویات کو ہاون دستہ کی مدد سے باریک سفوف تیار کریں۔ اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک:۔ ۳ گرام سے ۵ گرام تک ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد:۔ پیشاب کرنے وقت پہلے یا بعد میں دیں۔ درد اور قطرے آنے کو یہ سفوف روکتا ہے۔

پرہیز: گرم، ترش اور زود ہضم غذا سے۔

بقیہ السن

سفید داغ ہوں وہاں لگا دیں۔ اس سے آرام آجائے گا لسن کا لفدہ بنا کر اگر پھوڑے پر لگا دیا جائے تو پھوڑا پھٹ کر صاف ہو جاتا ہے۔ دانت درد کے لیے لسن باریک پیس کر دانت کے سوراخ میں بھرنے سے آرام آجاتا ہے۔ کان کے درد کے لیے اس کے دو قطرے ٹپکا دیے جائیں تو آرام آجائے گا۔ بند حیض اور پیشاب کو جاری کرتا ہے۔ اگر اس کا حلوہ بنا کر اور اس میں شہد ملا کر کھائیں تو بھوک پیدا ہوتی ہے۔ جسم میں طاقت آتی ہے۔ اور چہرے کا نکھار آتا ہے۔

حکیم نبی بخش سومرو کو صدمہ

یہ خبر طبی حلقوں میں نہایت ہی رنج و غم سے پڑھی جائے گی کہ حکیم نبی بخش خاں سومرو ماہر نبض سرپرست سومرو دواخانہ رحیم یار خاں کی والدہ ماجدہ وفات پا گئیں۔

انا للہ و انا الیہ راجعون۔

ادارہ اسرار حکمت محترم حکیم نبی بخش خاں کے غم میں برابر شریک ہے۔ خداوند کریم مرحوم کو جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائیں۔ پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔

مختار احمد خاں نے احباب سے دعا کے لیے درخواست کی۔

دعا گو

ادارہ اسرار حکمت لاہور

سلک مرواریدِ (بواسیری)

حکیم جناب حسین دہلوی ، حکیم آباد حویلی نمبر ۲ - نوشہرہ کینٹ ضلع پشاور صوبہ سرحد

قارئین کرام آج کی بزم میں میں بواسیر کے چند مجربات پیش کر رہا ہوں - امید ہے آپ حضرات کو پسند آئیں گے -

اکسیر بواسیر ۱

یہ نسخہ جناب حکیم راجندر صاحب نے دہلی سے ۱۹۶۲ء میں بطور تحفہ ارشاد فرمایا تھا - میں نے مخلوق خدا کی بہتری اور بھلائی کے لیے احباب کی خدمت میں حاضر کر دیا - احباب اس کا تجربہ کریں اور ضرور کریں -

نسخہ حاضر خدمت ہے -

رسونت ایک تولہ کو کھرل میں ڈال کر ایک عدد آب زہرہ بز میں کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں - طول طویل نسخوں کو بھول جائیں گے -

طریقہ استعمال :- ایک گولی صبح دس بجے ، ایک گولی شام ۴ بجے - ہمراہ آب مولی - چند دنوں میں بواسیر کا صفایا ہو جاتا ہے - مسوں کے لیے روغن کنجد میں زنِ جوت میں جلا کر مسوں پر لگانے سے مسوں کی جلن اور جس مریض کو مسوں نے دکھ دے رکھا ہو - اُن کے لیے تریاق ہے -

اکسیر بواسیر ۲

تخم ریٹھہ ۲۰ عدد - دس تولہ شورہ میں ملفوف کر کے کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کریں اور دس سیر اوپلے دشتی کی گڑھا میں آگ دیں - بعد سرد ہونے کے جو کچھ کوزہ سے نکلے پیس کر محفوظ کر لیں -

۴ رتی ہمراہ مکھن یا ملائی صبح شام دو ہفتہ تک استعمال کریں - بواسیر کے لیے مجربات میں سے ہے -

اکسیر بواسیر ۳

یہ میرے ایک دوست کا نہایت ہی قیمتی تحفہ ہے - جو کہ جناب نے ۱۹۶۱ء میں لکھنؤ سے بذریعہ خط ارسال فرمایا تھا - میں نے اسے صرف ایک بار بنایا - بہت سے مریضوں کو دیا - اور آزمائش میں پورا اترا -

نسخہ کے اجزا و ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں -

رسکپور تین ماشہ نہایت باریک کھرل کر کے گائے کے گھی پانچ تولہ میں ملا لیا جائے - اور اس کا کاجل اتار لیا جائے - اس کاجل کو ایک نیلی شیشی میں بند کر کے ۲۱ یوم نمناک زمین میں دفن کر دیں اس کے بعد نکال کر ایک چاول کی مقدار میں ، مکھن میں رکھ کر کھلا دیا جائے تو بواسیر کا نام و نشان مٹ جاتا ہے - اس کے ساتھ ویزلین ۵ تولہ - کافور دیسی عمدہ ۶ ماشہ دونوں کو اچھی طرح حل کر کے مسوں پر لگائیں - بواسیر کے مسوں سے درد چبھن اور دیگر علامات فوراً تخفیف ہو جاتے ہیں -

اکسیر بواسیر ۴ عرف محبوب اکسیر

جو بواسیر خونی و بادی کے لیے یکساں مفید ہے - تجربہ اس کی تصدیق کرے گا -

رسونت اصلی ایک تولہ - پوست بلیلہ زرد ایک تولہ - بکائن ایک تولہ - گوگل مدبر ایک تولہ - تمام ادویات کو ایک دن مکمل مولی کے پانی میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں - ایک گولی صبح ایک گولی شام کو ہمراہ پانی استعمال کریں - تیز مرچ ، بینگن وغیرہ سے پرہیز کریں -

(باقی صفحہ ۱۴ پر)

میرا طریق امیری نہیں فقیری ہے

خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر

تو پھر آئیں مصائب سے نظریں ملائیں ۔ فرنگی کو بتائیں نئی
ایجادات ہاتھوں پر لائیں اور اپنی عظمت کا سکہ بٹھائیں اور اقبال
کے اس پیام کو لوگوں کو پڑھ کر سنائیں ۔ پھر اپنی زندگی کو دیکھ کر آنسو
بہائیں اور عمل کی زندگی اپنائیں ۔ کہیں فرنگی نہ دیکھ کر ہمیں شرمائیں ۔

؎ عشق والو عشق میں اتنا مقام پیدا کرو
کہ معشوق تمہیں خود منانے آئے

آؤ ہم یہ عہد وفا کرتے ہیں کہ ہم اس حیات بے عمل و فکر
کو چھوڑ کر حیات فکر و عمل اپنائیں گے ۔ ہم تحقیق و ترقی کی ان شاہراہوں
کو از سر نو رونق بخشیں گے جن کی خاک ہمارے پائے استقلال
و تجربہ کی خاک ہے ہم اس عہد وفا کی تجدید کرتے ہیں جس عہد وفا
کو اہل اسلام نے عہد حیات بنایا تھا اور ہم دنیا کے انسانوں کی نظروں
کو خیرہ کر دینے والی ترقی کی طرف گامزن ہوں گے اور ہمارے قدم
کشاں کشاں چلتے ہوئے اس رفعت ثریا تک پہنچیں گے جہاں تک
کوئی نہ پہنچا ہو ۔

؎ تلخی داستاں دراز بھی اور دل گداز بھی
لیکن کہاں یہ دل کہ دیا جائے اس کو طول

(بقیہ سلک مروارید)

اکسیر بواسیر نمبر ۵ المعروف حبوب لطیفی

یہ میرے پیارے دوست حکیم عبداللطیف دہلوی کی طرف
سے تحفۂ لاجواب ۱۹۶۷ء میں موصول ہوا تھا ۔ جب سے اب
تک گاہے بگاہے کرتا رہا ہوں ۔ قواعد کے اعتبار سے اپنی مثال
آپ ہیں ۔ مطب میں تیار رہنے کے قابل ہیں ۔ اجزاء ملاحظہ فرمائیں ۔

ھوالشافی ، پوست ہلیلہ کابلی ۱ تولہ ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ
آملہ خشک ۱ تولہ ۔ ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ ۔ مغز تخم نیم ۱ تولہ ۔ مغز تخم بکائن ۱ تولہ ۔
بکجور ۱ تولہ ۔ رسونت ۱ تولہ ۔ کتھ پاپڑیہ ۱ تولہ ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ ۔ صبر زرد
۶ ماشہ ۔ مقل ازرق ۶ ماشہ ۔ تربد سفید ۶ ماشہ ۔ تمام ادویات کو
آب مولی سے کھرل کر کے حبوب بقدر نخودی تیار کریں ۔

طریقہ استعمال ، ایک گولی صبح ایک گولی شام کو ہمراہ
آب استعمال کریں ۔

اکسیر بواسیری نمبر ۶ سفوف بواسیر

جو اسال بواسیری خونی کو بند کرنے میں بے مثال ہے ۔
میرے سینے کا راز تھا ۔ اب قارئین اسرار حکمت کی نذر کر رہا ہوں ۔
بواسیر خونی کو چند خوراک ہی بند کر دیتی ہے ۔ نسخہ ملاحظہ فرمائیں ۔

ھوالشافی ، کہربا شمعی ۳ ماشہ ۔ گیرو احمر ۳ ماشہ ۔ طباشیر
۳ ماشہ ۔ گل ارمنی ۳ ماشہ ۔ دم الاخوین ۳ ماشہ ۔ کندر ۳ ماشہ ۔
سنگ جراحت ۳ ماشہ ۔ ریشہ انجبار ۳ ماشہ ۔ گوند کیکر ۳ ماشہ ۔
ہلیلہ سیاہ روغن زرد میں بریاں شدہ ۱ ماشہ ۔ ماتنگ ۱ تولہ ۔ نہایت
محنت و حفاظت سے باریک کھرل کریں ۔

مقدار خوراک ، ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام کو ہمراہ شربت
انجبار استعمال کرائیں ۔ انشاء اللہ بواسیری خون کی ندی کو فوراً بند
کر دے گا ۔

گردے کا پتھری توڑ کورس بالکل مفت

گردے کی پتھری کے مریضوں کے لیے میں نے جناب ٹرسٹ
کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا ہے ۔ جس میں غریب اور نادار مریضوں
کا علاج مفت کیا جاتا ہے ۔ لہذا گردے کی پتھری کے مریض براہ راست
حکیم جناب حسین دہلوی ، جناب ٹرسٹ حکیم آباد جونگی مدرا نوشہرہ کینٹ
ضلع پشاور سے بذریعہ ڈاک رابطہ قائم کریں ۔

حکیم نور خان براہوئی خضدار بلوچستان

مجربات عجیب

معجون مولد منی: ثعلب مصری، شقاقل، موصلی سفید ہر ایک ۵ تولہ۔ مغز جوز بویا ۱ تولہ۔ صمغ عربی ۳ تولہ۔ الائچی خورد، مصطگی رومی ہر ایک ایک تولہ ہمراہ شہد معجون تیار کریں۔

خوراک: ایک تولہ ہمراہ شیر دیں۔ مولد منی و مغلظ منی ہے۔

سرعت بند: شنگرف، لوبان کوڑیہ، کافور، افیون ہموزن کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔ امراض سرعت انزال والے مریض کو صبح و شام ایک گولی دیں۔ اور امساک کے لیے دو ساعت قبل دو گولیاں ہمراہ شیر دیں۔

احتلام: اجوائن خراسانی، کافور، گیرو، افیون ہموزن لے کر سفوف تیار کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔ صبح و شام ایک گولی استعمال کریں۔

حب ممسک: عاقرقرحا، زنجبیل، کافور، زعفران، فلفل دراز، جوز بویا، قرنفل ہر ایک ایک جز اور برابر وزن افیون ملا کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔ دو ساعت قبل ہمراہ شیر ایک تا ۲ گولی دیں۔ عجیب شے ہے۔

جریان: شنگرف، ریوڑی ہموزن سفوف خوراک چار رتی ہمراہ شیر دیں۔

سلسل بول: شنگرف، ریوڑی، کشتہ بیضہ مرغ ہموزن سفوف خوراک ۲ رتی ہمراہ شیر دیں۔

بول فی الفراش: کنجد سیاہ، سعد کوفی، کندر، جلوزی، ہموزن سفوف خوراک ۱ تا ۲ رتی ہمراہ شیر دیں۔

معجون رشیدی: کبابہ، فلفل، سنبل الطیب، قرنفل، ثعلب مصری، مصطگی رومی، اجوائن سفوف کر کے سہ چند شہد سے معجون تیار کریں۔

خوراک: چھ ماشہ دیں۔ سلسل بول و سرعت انزال کے لیے مفید ہے۔

مبہی و مقوی قضیب: سنبل موصلی، جلوزی، جوز بویا، دار چینی ہر ایک ۱/۲ تولہ۔ کنجد اسود ۵ تولہ ہمراہ شہد معجون سازد۔

خوراک: ۶ ماشہ تا ۱ تولہ دیں۔ قضیب را سخت و محکم کردد۔

مقوی: پیاز نرگس، عاقرقرحا، موم برنج ہموزن در زہرہ گاؤ کھرل کردہ در قضیب بمالد و مشغول باشد تماشہ بیند۔

ممسک: استخوان سوختہ، ماکیان، شنگرف، مازو سبز، تخم مورد یا برگ مورد ہموزن سفوفاً قرزجہ کریں بارہ ہوگی۔

منزل: پنچال کبوتر صحرائی، نمک سنگ سفیدہ ہموزن ہمراہ شہد آلودہ کر کے قضیب پر لیپ کر کے مشغول ہوجائیں۔

طلاء اسراری: بیربہوٹی ۱ تولہ۔ خراطین ۵ تولہ۔ جونک ۵ تولہ۔ گھونگچی ۳ تولہ۔ مالکنگنی ۲ تولہ۔ کسی روغنی برتن میں سب اشیاء کو شیر دار ۹ روز تک تر رکھیں بعدہٗ پتال جنتر سے روغن کشید کریں۔ سوتے سمے قضیب پر مالش کریں۔ درازی ذکر و سختی و قوت پیدا کرتا ہے۔

مبہی: خولنجان ۲ جز۔ بہمن سفید ایک جز۔ سفوفاً ہمراہ روغن زرد سے چرب کر کے شہد سے معجون تیار کریں۔

خوراک: ایک تولہ ہمراہ شیر دیں بے حد مقوی باہ ہے۔

اکسیر لبول: شورہ قلمی ریٹھہ والا ۲ تولہ۔ پھٹکڑی بریاں تو تیا والا ۲ تولہ۔ الائچی خورد، زیرہ سفید، ریوند چینی ہر ایک ایک تولہ۔

دہاتی [illegible] ۲۸

حکیم صوفی نواب الدین نقشبندی

تبرکات و مجربات

برائے کرم پیٹ چونے و کدو دانے

ھوالشافی: کیلا اصل ۲ تولہ۔ باؤبڑنگ ۴ تولہ۔ تخم پلاس ۲ تولہ۔ بوٹی کرم کش خشک ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۳ تولہ رگڑ کر رکھیں۔ بوقت ضرورت ۲ ماشہ تا ۳ ماشہ صبح کو دہی یا چھاچھ کے ہمراہ دیں۔ سوتے وقت گڑ کھلا دیا کریں صبح کو یہ دوائی دیں۔ شام کو بھی ایک خوراک دیا کریں۔

برائے قبض کش شربت اکسیر

ھوالشافی: گل سرخ پشاوری ۴ تولہ کو پانی ۳ سیر میں بھگو کر آگ پر رکھیں۔ جب ½ سیر پانی رہ جائے چھان کر قند سفید سوا سیر اور ترنجبین ۱۰ تولہ۔ سناکی ۵ تولہ۔ گل ملتانی ۵ تولہ ڈال کر پھر جوش دے کر دونوں کو ملا کر بعد میں قند ڈال کر شربت تیار کریں۔ بوقت ضرورت خوراک ۲ تولہ دونوں وقت پلائیں۔ امیر آدمیوں کے لیے مفید ہے۔

برائے ہیضہ ہر قسم

ھوالشافی: زنجبیل ۱ تولہ۔ تخم الائچی کلاں ۲ تولہ۔ پودینہ ۵ تولہ۔ تخم پچی خورد ۲ تولہ۔ نمک سیندھا ۳ تولہ۔ تخم مرچ سرخ ۲ تولہ۔ لونگ ماره تولہ۔ انگوزہ ۲ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ رگڑ کر عرق لیموں ایک پاؤ میں کھرل کر کے گولیاں مونگ برابر بنائیں۔ بوقت ضرورت مناسب بدرقہ استعمال کریں۔

برائے کمزور معدہ و انتڑیاں

ھوالشافی: سنگدانہ مرغ ۵ تولہ۔ مصطگی رومی ۲ تولہ۔ پودینہ باغی ۳ تولہ۔ الائچی کلاں ۵ تولہ۔ کشتہ اکسیر کرامت ۱ تولہ۔ رگڑ کر رکھیں۔ اس میں عرق لیموں ۱۰ تولہ۔ عرق جامن ۱۰ تولہ۔ عرق مکوئی ۱۰ تولہ میں بالترتیب کھرل کر کے گولیاں نخود برابر بنائیں۔ بوقت ضرورت بدرقہ مناسب سے دیں۔ سخت غذا سے پرہیز رکھیں۔

برائے جگر بڑھ جانا و کمی خون جگر

● ھوالشافی: عرق سونف ایک پاؤ۔ عرق کاسنی ایک پاؤ۔ عرق مکوہ ایک پاؤ۔ عقاب ۳ تولہ۔ جوکھار ۱ تولہ۔ نمک سیندھا ۴ تولہ۔ ست لیموں ۶ ماشہ۔ رگڑ کر عرق میں ملا کر تین یوم دھوپ میں رکھیں ہلا دیا کریں۔ چوتھے روز اس کو چھان کر بوتل میں رکھیں۔

خوراک ۲ تولہ تا ۲½ تولہ صبح و شام کو پلائیں۔ غذا نرم استعمال کریں۔ پرہیز کھٹائی و تیل وغیرہ رکھیں۔

برائے یرقان ہر قسم

آلو بخارا ۷ دانہ۔ املی ۳ تولہ۔ تخم کاسنی ۳ تولہ۔ بادیان ۶ ماشہ۔ رات کو ایک سیر پانی میں بھگو کر رکھیں۔ اس پانی کے ساتھ یہ سفوف دیں۔ طباشیر اصلی ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ ست گلو اصلی ۲ تولہ۔ کشتہ فولاد ۶ ماشہ۔ جوہر عقاب ۱ تولہ ملا کر رکھیں۔ خوراک اس کا صبح و شام ۶ رتی تا ۱ ماشہ اوپر والے عرق کے ہمراہ دیں۔ پرہیز تیل اچار و گرم اشیاء سے رکھیں۔

برائے نمونیہ و ذات الصدر و ذات ریح

● ھوالشافی: کشتہ گوزن ۲ تولہ۔ حبش مدبر ۲ تولہ۔ کشتہ عنبرین اکسیر ۱ تولہ۔ کشتہ زاج سفید در شیر مدار کا تیار ہو ۲ تولہ۔ سورنجان شیریں ۵ تولہ۔ قرنفل ۳ تولہ۔ جوز بوا ۲ تولہ۔ رگڑ کر شہد کے ہمراہ کھرل کر کے گولیاں نخودی بنائیں۔ بوقت ضرورت خوراک ۲ گولی صبح، دوپہر، سوتے وقت چائے یا گرم دودھ کے ہمراہ دیں۔ سردی سے پرہیز رکھیں۔

مجربات مہتاب یا تحفۂ مہتاب

حکیم مہتاب حسین دہلوی ۔ حکیم آباد چونگی ۱ مد۔ نوشہرہ کینٹ ضلع پشاور

ناظرین کرام اور میرے معزز ہم پیشہ بھائیو اسلام علیکم۔
آج میں آپ کے سامنے ایسا تحفہ پیش کر رہا ہوں۔ جو ایک عرصے سے میرے مطب کی روح و جان ہے۔ بے شمار میرے معزز بھائیوں نے اس کے انکشاف کے لیے خطوط ارسال کیے۔ لہذا قارئین ماہنامہ اسرار حکمت اور طبیب حاذق، دونوں ماہناموں کے قارئین میری بخل شکنی کی داد دیتے ہیں۔ پھر کیسے میں اس کا انکشاف نہ کرتا۔ تو لیجئے میں آپ کے سامنے آج "سرعت انزال کا سرعتی کورس" جو ایک عرصے سے مندرجہ ذیل میں مشتہر ہے۔ اور میرے ماہنامہ اسرار حکمت کے قارئین کرام اور ماہنامہ طبیب حاذق گجرات کے قارئین اس اشتہار سے بخوبی واقف ہیں۔

سرعتی کورس کا اشتہار

"سرعت انزال" ملاپ کے فوراً بعد انزال یعنی منی کے جلد خارج ہو جانے کا نام "سرعت انزال" ہے۔ یہ بہت ہی ناپاک مرض ہے۔ مردانہ ارادوں میں پستی پیدا کرنے والی نامراد شے ہے۔ اگر یہ پرانا ہو جائے تو ملاپ تو درکنار صرف کپڑے کی رگڑ ہی سے انزال یعنی منی کے نکل جانے کے لیے کافی ہے۔ اور یہی نامردی کا سبب بنتا ہے۔ اس مرض کے بنیادی اسباب ذکاوت حس، کثرت احتلام جریان، جگر اور مثانے کی گرمی مادہ منویہ یعنی منی کا پتلا ہونا، اور معدے کی خرابی ہیں۔ لہٰذا ان اسباب کو پیش نظر رکھتے ہوئے میں نے تین ہفتوں پر مشتمل "سرعتی کورس" جس میں آٹھ ادویہ شامل ہیں۔ مرتب کیا ہے۔ جو ازدواجی زندگی کو خوشحال اور خوشگوار بنانے کے لیے جامع علاج۔ سرعت انزال کا مکمل خاتمہ کر کے وظیفۂ زوجیت کو طویل کر کے خوشگوار گھریلو زندگی کا موجب بنتی ہے۔

کورس میں شامل ادویات اور ترکیب تیاری

● ۱۔ **جوہر ذکی**:۔ ذکاوت حس یعنی معمولی سا خیال آنے پر تھوڑا سا انتشار ہو کر منی کا خارج ہو جانا یا صرف کپڑے ہی سے مس ہو کر رگڑ کھا کر منی کا نکل جانا۔ یا عشقیہ ناول اور عشقیہ ڈرامہ یا فلم دیکھتے ہوئے منی کا نکل جانا اور کثرت احتلام یعنی سوتے ہوئے منی کا نکل جانا۔ ان سب عوارض کے لیے جوہر ذکی اکسیر ہے۔ جوہر ذکی کے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء ہوالشافی:۔ پھٹکڑی بریاں ۱ تولہ۔ سہاگہ بریاں ۱ تولہ۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۵ تولہ۔ تمام اجزاء کو کھرل میں ڈال کر کھرل کریں۔ اور محفوظ رکھیں۔

خوراک:۔ ۲ رتی دوا دن میں دو دفعہ پانی میں گھول کر پی لیں۔ یعنی ۲ رتی دوا ایک گھونٹ پانی میں حل کر کے پی لیں اوپر سے ایک گلاس پانی اور پی لیں۔

۲۔ **اکسیر ٹھنڈک نمبر ۱**:۔ مثانہ کو دھو کر اس کی گرمی کو دور کرنے، پیشاب کی جلن کو دور کرنے اور ابتدائی سوزاک کے لیے بہترین شے ہے۔ مقوی مثانہ ہے۔ نیز درد گردہ کو ختم کرتا ہے اور گردے کی پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے پیشاب میں خارج کرتا ہے۔ کیونکہ پیشاب کی جلن کو فوراً ختم کر دیتی ہے۔ اور جسم میں ٹھنڈک سی پیدا کر دیتی ہے۔ اسی مناسبت سے اس کا نام اکسیر ٹھنڈک رکھا گیا ہے۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

مہتاب

متفرق مجرّبات

حکیم مہتاب حسین دہلوی۔ حکیم آباد چونگی نمبر ۲۔ نوشہرہ کینٹ ضلع پشاور

قارئین حضرات کی خدمت میں چند مجربات خاص "متفرق مجربات" کے عنوان سے پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔ اُمید ہے آپ کو پسند آئیں گے۔

۱۔ سفوف مغلّظ

● جوہر حیات یعنی منی کی افزائش اور اسے گاڑھا کر کے قدرتی امساک پیدا کرتا ہے۔ جریان جدید و قدیم کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتا ہے۔ کمزور سے کمزور منی بھی گاڑھی اور طاقتور ہو کر اولاد کے قابل ہو جاتی ہے۔

الغرض سفوف مغلظ جواہرات سے قیمتی اجزاء پر مشتمل انسانی عمارت کے لیے سیمنٹ کے مترادف ہے۔ یہ میرے ۶ ہفتوں پر مشتمل مردمی بکس جو کہ مردانہ کمزوری کا مکمل علاج ہے۔ مرحلہ دوم میں شامل کورس ہے۔ اور تین ہفتوں پر مشتمل سرعتی کورس میں بھی یہ شامل کورس ہے۔ نسخہ کے اجزاء اور ترکیب ساخت و استعمال ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء:۔ موصلی سفید ½ پاؤ۔ ثعلب مصری اچھٹانک۔ ستاور اچھٹانک۔ لاجونتی اچھٹانک۔ تخم سربالی اچھٹانک۔ کشتہ قلعی دربنگ ۲ تولہ۔ کشتہ مرجان درکھن ا تولہ۔ کشتہ بیضہ مرغ ا تولہ۔ کشتہ صدف ا تولہ۔ مصری سرخ ½ پاؤ یا گلوکوز (D) گلیکسو کمپنی کا ایک چھوٹا ڈال دیں۔

ترکیب تیاری:۔ کوٹنے والی ادویہ کو کوٹ کر چھان کریں۔ اور ایک ایک کشتہ شامل کر کے یک جان کر لیں۔ اور آخر میں گلوکوز یا سرخ مصری ڈال کر مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۳ ماشہ سفوف مغلظ رات کو سوتے وقت دودھ سے دودھ گلوکوز سے میٹھا کیا گیا ہو، اور دودھ کو اُبال کر ٹھنڈا کیا گیا ہو۔ اور ۳ ماشہ سفوف مغلظ صبح نہار منہ دودھ کیساتھ دودھ اُبال کر ٹھنڈا کیا گیا ہو۔ اور دودھ کو گلوکوز سے میٹھا کیا گیا ہو۔

● ۲۔ زور آور پلز

مردانہ طاقت کی بے مثال دوا جس کے چند روزہ استعمال سے طاقت کا سمندر امنڈ آتا ہے۔ امساک میں اپنا ثانی نہیں رکھتی۔ اس کے استعمال کے لیے ضروری ہے کہ پہلے دودھ گھی مکھن کا بندوبست کر لیں۔ اور اگر جریان اور احتلام کی شکایت ہو تو پہلے اُسے رفع کر لیا جائے۔ اس مقصد کے لیے میں "سرعتی کورس" کا استعمال کرواتا ہوں۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء:۔ شنگرف رومی ½۲ تولہ۔ نخود بریاں ½۲ تولہ۔ اجوائن خراسانی ½۲ تولہ۔ افیون ½۲ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۷ عدد۔ سم الفار سفید ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری:۔ شنگرف اور اجوائن خراسانی کو ایک ڈیڑھ گھنٹہ خوب کھرل کریں اس کے بعد نخود بریاں چھلکا دور کردہ ڈال کر خوب کھرل کریں۔ اور سم الفار بھی ڈال کر خوب کھرل کریں۔ آخر میں افیون ڈال کر کھرل کریں۔ جب تمام ادویہ یک جان ہو جائیں تو زردی بیضہ مرغ ایک ایک کر کے ڈالتے جائیں۔ جب آخری زردی بیضہ مرغ ڈالیں تو اس حد تک کھرل کریں کہ حبوب بنانے کے قابل ہو جائے۔ حبوب نخود سے ذرا بڑی بنائیں۔

ترکیبِ استعمال :- روزانہ شام ۵ بجے ہمراہ دودھ میں ½ چھٹانک گھی ڈال کر ایک حب کھالیں۔ امساک کے لیے بھی شام کو ۵ بجے کھائیں۔ یعنی منزلِ مقصود کے وقت تک کوئی نمکین اور کھٹی، ترشیاں بالکل نہ کھائیں۔ اگر کھانا مقصود ہو تو دودھ میں چینی ڈال کر کھالیں۔

۳۔ طلاءِ آبلہ انگیز

عضوِ مخصوص سے موادِ فاسدہ خارج کر کے عضو کی رگوں میں خون کی لہر دوڑا دیتا ہے۔ عضوِ مخصوص کو جاک و چوبند کرنے میں نہایت موثر ثابت ہوتا ہے۔ اجزاء اور ترکیبِ ساخت ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء :- مغز جمالگوٹہ ۵ تولہ، پستہ ۵ تولہ، چربی شیر ½ تولہ، چربی ریچھ ڈھائی تولہ، چربی بطخ ½۲ تولہ، چربی مینڈک ½۱ تولہ۔

ترکیبِ تیاری :- اول مغز جمال گوٹہ اور مغز پستہ کو کھرل میں ڈال کر اس قدر کھرل کریں کہ لیس پیدا ہو جائے بعد ازاں ایک ایک چربی ڈال کر کھرل کریں کہ تمام چربیات یک جان ہو جائیں۔ رگڑتے وقت اپنے ہاتھوں کو دوا سے بچائیں ورنہ دورانِ رگڑائی جہاں یہ دوا لگ جائے گی آبلہ نمودار ہو جائیں گے۔

ترکیبِ استعمال :- عضو کے برابر موٹی کاغذ کاٹ کر اس پر طلاء آبلہ انگیز کا ایک ماشہ کا لیپ کر کے عضو پر اس طرح رکھیں کہ حشفہ اور سیون اس سے محفوظ رہیں۔ اوپر ہلکی سی پٹی باندھ دیں۔ یہ سارا کام رات کو سوتے وقت کریں۔ صبح کو پٹی کھول دیں آبلہ پڑا ہوگا۔ آبلہ کو کیکر یا بیری کے کانٹے سے چھید کر موادِ فاسدہ کو دبا دبا کر خارج کر دیں۔ زخم پر گائے کے گھی میں پیاز جلا کر وہ گھی لگائیں۔ دو تین دن میں زخم صاف ہو جائے گا۔ اور عضو خاص ایک خاص طاقت سے ہمکنار ہوگا۔ بوقتِ ضرورت مندرجہ حضرات خط لکھ کر منگا سکتے ہیں۔

گردے کی پتھری کا پتھری توڑ کورس بالکل مفت

گردے کی پتھری کے مریضوں کے لیے میں نے مہتاب ٹرسٹ کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا ہے۔ جس میں گردے کی پتھری کے غریب اور نادار مریضوں کا علاج مفت کیا جاتا ہے۔ لہٰذا گردے کی پتھری کے مریض براہِ راست "حکیم مہتاب حسین دہلوی، مہتاب ٹرسٹ، بھیم آباد جوگی مٹ۲ نوشہرو کینٹ ضلع پشاور" سے بذریعہ ڈاک رابطہ قائم کریں۔ جواب کے لیے جوابی لفافہ اور کورس کی ترسیل کے لیے مبلغ -/۲۰ روپے بذریعہ منی آرڈر، ڈاک خرچ و پیکنگ خرچ ارسال فرمائیں۔

قلمی معاونین سے ضروری گذارش

بعض حکماء کرام اور دیگر نئے قلمی معاونین اکثر و بیشتر ایسے مضامین بغرضِ اشاعت بھیج دیتے ہیں جو مضمون اعتبار سے قبل ازیں نہایت جامع و معیاری شرح و بسط اور اسلوبِ بیان کے ساتھ دیگر طبی کتب و رسائل میں شائع ہو چکے ہیں۔ اکثر کرم فرماؤں کا طرزِ تحریر زیادہ عامیانہ اور غیر مربوط نیز اغلاط سے معمور ہوتا ہے۔ نیز اکثر حضرات جنسی امراض کے ہزار ہا بار شائع شدہ نسخہ جات ارسال کرنے کو ہی اپنا کمالِ فن یا قلمی معاونت تصور کرتے ہیں۔ لہٰذا التماس ہے کہ آئندہ قلمکار حضرات تحقیقی، معیاری اور مفید معلوماتی مضامین و نسخہ جات ہی ارسال فرمانے کی زحمت فرمایا کریں۔

(ادارہ)

اطباء کے لیے خوشخبری

ماہنامہ شعر و حکمت کالا لیاں ضلع جھنگ سے اجراء کیا گیا ہے۔ اطباء شعر و حکمت کے موضوع پر نظم و نثر میں طبع آزمائی فرما سکتے ہیں یہ پرچہ اطباء کا اپنا پرچہ ہے تعاون فرمائیں۔

طبیب پروفیسر بشیر احمد ظفر لاہور

حکیم جان محمد

مُرکّبات

اکسیر سرخ

ہوالشافی:- مرچ سیاہ ۱ تولہ - نوشادر ۱ تولہ - گیرو ۲ تولہ -

سحق بلیغ کریں -

خوراک:- ۲ رتی - مفید نسوار - لقیہ چہرہ - لاجواب منجن -

مفید سرمہ رتوندھا کے لیے مفید ہے -

اکسیر صدریہ

ہوالشافی:- پوست ریٹھا کشتہ بیضہ مرغ خانہ ساز ہموزن -

حبوب نخود یا نمبر ۲ کے کیپ سول بھر لیں - ایک صبح ایک شام سیلان الرحم،

کثرت طمث، جریان، احتلام، سرعت انزال، سلسل البول، ذیابیطس کو

مجرب ہے -

اکسیر قلب

قرنفل کلاہ دار ۱ تولہ - گلو کوز ۱ تولہ - ورق نقرہ ۱ تولہ - سحق

بلیغ کریں -

فوائد:- اختلاج قلب، مقوی قلب، بے چینی، گھبراہٹ،

ہائی بلڈ پریشر کے لیے مفید ہے -

اسقاط حمل

ہوالشافی:- خاکستر یا پک دسنی کی راکھ ۳ ماشہ - ۳ تولہ یا ...

کے پتوں کے پانی کے ساتھ پہلے تین مہینوں میں ہر روز تین دن تک

کھلانا مفید ہے - (ذاتی)

۲- برگ ببول ۱ تولہ - ایک سیاہ پانی میں پکا کر صبح دوپہر شام پلائیں -

حمل میں خون آنے کو مفید ہے -

۳- پروجسٹرون (ڈولٹن یوگلین) ۱۰ ملی گرام انجکشن چار ماہ تک ہر

روز ایک لگائیں -

۴- سنگجراحت، گیرو، ہمراہ شربت انجبار یا شربت خشخاش مفید ...

۵- شربت صندل کے ساتھ گل ارمنی ۲ ماشہ - ...

کھلاتے رہنا مفید ہے -

۶- کہربا شمعی ایک ایک ماشہ صبح شام مربہ بہی کے ساتھ کھلائیں -

۷- ایکسٹریکٹ وائی برنم ۲۰ گرام - پوٹاشیم برومائیڈہ گرین ...

صبح دوپہر شام پلائیں - تقویت قلب کے لیے دوا المسک معتدل ...

اُلٹی سے (قے)

کلوروڈین، ہنم - سیرپ ٹولو لم ڈرام - ایکوا اونس - ...

بعد پلائیں - مفید ہے بچوں کو عمر کے لحاظ سے دیں -

۲- الائچی خورد، تخم لیموں پکا کر پانی پلائیں -

۳- زرشک شیریں کا پانی چینی ڈال کر پلائیں -

۴- چولہے کی مٹی جو جل کر سرخ ہو گئی ہو قے کو مفید ہے -

۵- پوست نارنج - مروڑ پھلی اور قے کو ساکن کرنے کے ...

مجرب ہے -

۶- گلوکوز واٹر دو اونس مریض کو پلائیں مفید ہے -

۷- فینو باربی ٹون ۱/۲ گرین - ملک شوگر ۵ گرین ملا کر کھلا...

سے ایک دو خوراکوں میں قے بند ہو جاتی ہے -

۸- لارجیکٹل ۲۵ ملی گرام ہر دو گھنٹے بعد کھلائیں - موجودہ ...

کی سب سے مؤثر اور کامیاب دوا ہے -

۹- طباشیر، زہر مہرہ خطائی، انار دانہ، الائچی خورد، زرشک،

زردرو، پودینہ خشک، گردسماق ہر ایک ایک ماشہ - شربت لیموں

انار میں ملا کر چٹائیں -

حاملہ کی قے اور متلی کو مفید ہے -

مجرّبات سعودیہ

یاد رہے کہ یہ مرکبات وہ مجربات فاقوت مفرد اعضاء ہیں جنہیں میں نے اپنے قیام مکہ مکرمہ کے دوران ترتیب دے کر تحقیقی انداز میں مریضوں کے لیے انتہائی مفید پایا۔ اب افادۂ عام کیلئے پیش کر رہا ہوں۔ امید ہے کہ آپ لوگ بھی ان سے استفادہ کر کے اپنی نیک دعاؤں اور مفید مشوروں سے نوازیں گے۔

حکیم محمد یاسین چاولہ

مقوی نمبر ۴

اجزائے ترکیبی: اجوائن دیسی ۲ حصہ۔ یلسن مقشر ۲ حصہ۔ زنجبیل ۲ حصہ۔ سونٹ ۲ حصہ۔ حنظل ۱ حصہ۔ حب نخودی تیار کریں۔

۲ + ۲ گولی صبح و شام ہمراہ پانی بعد از غذا۔

افعال و خواص: مقوی کبد، مخرج ریاح، مشتہی، مسکن اعصاب۔

فوائد: دل کا ڈوبنا بوجہ کثرت رطوبات، تبخیر معدہ، بھوک کا نہ لگنا، احتلام، ریاحی درد وغیرہ۔

تریاق نمبر ۲

● اجزائے ترکیبی: تخم جوز مائل ۱ حصہ۔ نبات سفید ۱ حصہ
ترکیب: دونوں کو ملا کر مسلسل ۲ گھنٹے تک سحق جید کر کے رکھیں۔

افعال و خواص: مقوی قلب، مسکن کبد، منفث بلغم۔

فوائد: زکام، سردرد، سرعت انزال، جریان، لیکوریا، کھانسی بلغمی، دمہ بلغمی وغیرہ

مقدار خوراک: ۲ چاول سے ۴ چاول ہمراہ قہوہ۔

حب اوجاع

حنظل ۲ حصہ۔ صبر ۲ حصہ۔ زنجبیل ۵ حصہ۔ نوشادر ۱ حصہ۔ اجوائن خراسانی ۲ حصہ۔ تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر باہم ملا کر بذریعہ آب کنوار گندل یا شہد حب نخودی تیار کریں۔

افعال و اثرات: ملین، مخرج بلغم، مسہل، مخرج ریاح۔

فوائد: پیٹ کے غیر کو ختم کر کے ریاح و گیس کو ختم کرتی ہے۔ صالح بھوک لگاتی ہے۔ ریاحی دردوں کا واحد علاج ہے۔

اکسیر نمبر ۶ جدید

ھباشیر اصلی، کہربا شمعی، تخم الائچی خورد، حجر الیہود، قلمی شورہ ہر واحد ۵ حصہ۔ نوشادر ۱ حصہ۔ تمام ادویہ علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر باہم ملا کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ½ سے ۲ گرام ہمراہ پانی۔

افعال و اثرات: مسکن قلب و عضلات، مخرج صفرا، احتراقی، مولد رطوبات صالح۔

فوائد: تسکین و راحت قلب، سوزاک، سوزش احلیل و مثانہ، صفراوی مزمن، حصاۃ کلیہ و مثانہ، حدت کبد، رسوبات کلیہ وغیرہ کے لیے بہت مفید ہے۔

ذیابیطول

اجزائے ترکیبی: تخم جامن ۵ تولہ۔ کشتہ پوست بیضہ مرغ ۲۵ گرام۔ خرنوب خشک ۵ تولہ۔ تخم اسپندہ ۵ تولہ۔ کشتہ صدف مروارید ۴۰ گرام۔ خشخاش ۴۰ گرام۔ بیلوتری ۴۰ گرام۔ زعفران ۵ گرام۔ لونگ ۱۰ گرام۔

تخم پیاز ۲۰ گرام۔ کچلہ مدبر ۵ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ملا کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ سے ۱ ماشہ تک ہمراہ پانی دن میں چار بار۔ مرض کی شدت و خفت کو ملحوظ رکھتے ہوئے مقدار خوراک اور بدرقہ میں کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔

افعال و اثرات: مقوی عضلاتی غدی۔

فوائد: ذیابیطس (شوگر) سلسل البول۔ ضعف اعصاب۔

حب شاہی جدید: تخم جوز مائل، اجوائن خراسانی، زنجبیل، گوند کیکر، ہر واحد ۲۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر باہم ملا کر حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۱ + ۱ گولی صبح دوپہر شام ہمراہ قہوہ۔

افعال و اثرات: منضج بلغم، مخلط منی۔

فوائد: نزلہ زکام، امساک، کھانسی، دمہ، بلکہ سیاہ بلغمی درد وغیرہ کے لیے مفید ہے۔

حب مدنی (اسپیشل ٹانک)

● زعفران ۱۰ گرام۔ لونگ ۲۰ گرام۔ پشگرف ۱۰ گرام۔ جلوتری ۲۰ گرام۔ دارچینی ۵ گرام۔ کشتہ صدف مروارید ی ۱۰ گرام۔ ریگ ماہی ۱۰ گرام۔ جندبیدستر ۱۰ گرام۔ کچلہ مدبر ۵ گرام۔ تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر بذریعہ شہد حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ گولی ہمراہ قہوہ یا دودھ رات سوتے وقت۔

افعال و اثرات: مقوی عضلاتی غدی۔

فوائد: قوت باہ کا خزانہ، پرانی بلغمی کھانسی، ضعف اعصاب، تبخیر معدہ وغیرہ کے لیے بہت مفید ہے۔

حب نصیری او جامع

اجزائے ترکیب: سنا مکی ۱۰ تولہ۔ اجوائن دیسی ۵ تولہ، زنجبیل ۲ تولہ، صبر ۲½ تولہ، حنظل ۲½ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۲½ تولہ۔ تمام ادویہ کو باریک پیس کر حب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ گولی رات سوتے وقت۔ شدید صورت میں ۲ گولی صبح بھی ہمراہ پانی استعمال کر سکتے ہیں۔

افعال و اثرات: مليّن عضلاتی غدی۔

فوائد: مرض سوداوی امراض معدہ و امعاء، متعفن بلغم، پیٹ کے کیڑے، پیٹ درد، مرض دمہ، ریاحی و بلغمی دردوں کا کامیاب علاج ہے۔ قبض اور تبخیر کے لیے مفید ہے۔

حب مکی: سنا مکی ۱۰ تولہ۔ لسن ۵ تولہ، زنجبیل ۵ تولہ، حنظل ۲ تولہ۔

اسرار حکمت

تاثیر حیدر ۔ کوٹ مراد ، ڈاکخانہ پب زور
براستہ زیروں بیراج ، تحصیل و ضلع جھنگ

مجرباتِ تاثیری

فولاد کمپاؤنڈ کیپسول

ہوالشافی : ہیراکسیس سبز پانچ حصہ ، سوڈا بائیکارب ایک حصہ ۔ سوڈا کو پانی میں حل کریں ۔ ہیراکسیس کو کڑاہی میں ڈال کر تیز آنچ پر رکھیں ۔ جب خوب گرم ہو جائے تو سوڈا والے پانی کا چھینٹا دیتے جائیں ۔ سہل ترین طریقہ سے کشتہ فولاد بہ رنگ سرخ تیار ہو جائے گا ۔ اچھی طرح خشک ہونے پر سفوف بنا کر خالی بازاری بڑے کیپسول بھر لیں ۔ بس یہی نسخہ فولاد کمپاؤنڈ کیپسول کا ہے ۔

جسم میں فولاد کی کمی دور کرکے صحت بحال رکھنے کے لیے میرا معمول مطب ہے ۔

ایک کیپسول روزانہ بعد از غذا ہمراہ پانی تازہ ۔

نامردی فالج ولقوہ کی ایک دوائی

ہوالشافی : زعفران خالص کشمیری چار حصہ ، سم الفار سفید ایک حصہ ۔ ہر دو متواتر ۱۲ گھنٹے کھرل کرکے محفوظ رکھیں ۔

مقدار خوراک : ایک چاول خالی کیپسول میں بند کرکے ہمراہ دودھ یا شہد مکھن وحلوہ میں بند کرکے روزانہ ایک خوراک دیں ۔

نامردی کے لیے بنام "پیام شباب کیپسول" میرے مطب کا چلتا ہوا نسخہ ہے ۔ اس کے ہمراہ "طلائے جرمن سپیشل" استعمال کروایا جاتا ہے ۔

طلائے جرمن سپیشل

● یہ نسخہ مجھے استاد محترم سے موصول ہوا ہے آپ کو یہ نسخہ ایک جرمن ڈاکٹر سے ملا تھا ۔ اسی مناسبت سے اس کا نام طلائے جرمن سپیشل رکھا گیا ہے ۔

بنانے میں نہایت آسان ، فوائد میں بے مثال ، مضر اثرات سے پاک ۔ رات سوتے وقت چند قطرے عضو کی پشت پر مالش کریں ۔ صبح نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں ۔ سرد پانی سے بچائیں ۔

ہوالشافی : کاربالک ایسڈ ایک حصہ ۔ روغن زیتون خالص نو حصہ ۔

باہم ملالیں اور چھوٹی ڈراپر بوتل میں پیکنگ کر لیں ۔

پیٹ بڑھنے کا مؤثر نسخہ

موجودہ دور کی کثرت سے ہونے والی مرض پیٹ بڑھنے کے لیے اپنا مؤثر نسخہ پیش کر رہا ہوں ۔ استعمال کروائیں اور دعائے خیر سے یاد فرمائیں ۔

ہوالشافی : اجوائن دیسی ، زیرہ سیاہ ، لاکھ دانہ برابر وزن سفوف بنالیں ۔

بمقدار تین ماشہ صبح وشام ہمراہ عرق سونف ۵ تولہ کے ساتھ استعمال کرنے سے مہینہ سوا مہینہ میں پیٹ اپنی اصل حالت پر آ جاتا ہے ۔ انشاء اللہ ۔

علاج کینسر خواہ کسی حصہ بدن میں ہو

ایک جڑی بوٹی کا کمال

ہوالشافی : دھان بوٹی سوا تولہ ۔ ڈیڑھ پاؤ پانی میں تین جوش دے کر چھان کر شہد سے میٹھا کرکے پینے سے کینسر جیسی موذی اور مہلک بیماری سے بفضل خدا صحت ہو جاتی ہے ۔

ایلوپیتھک زہریلی ادویہ سے پیدا شدہ الرجی کا علاج

ہوالشافی : روغن مغز تخم نیم پندرہ قطرہ کیپسول میں بند کرکے صبح وشام ہمراہ پانی تازہ استعمال کروائیں ۔ اطباء حضرات کی ایک خاص ضرورت اور اپنا معمول مطب پیش خدمت ہے ۔

(باقی صفحہ پر)

اس زمانہ میں جو لوگ مصری اصول پر علاج کرتے ہیں وہ اکثر امراض میں قے آور یعنی مقئ اور معرق یعنی پسینہ لانے والی دواؤں کے استعمال سے زیادہ کام لیتے ہیں اور ایک صاحب کے تجربہ کے مطابق دکن میں تو یہ عام عادت تھی کہ لوگ صبح کے وقت منہ دھوتے ہوئے حلق میں انگلیاں ڈال کر کسی قدر قے کرتے ہیں اور اسی کو مفید صحت بتاتے ہیں۔ ہندوستان میں بھی بعض پرانے زمانہ کے ہندو ایسی ہی عادت میں گرفتار پائے جاتے ہیں۔

اہل یونان کا طریقہ

اہل یونان طویل العمری کے لیے ریاضت جسمانی کو ضروری جانتے ہیں اور وہ حکیم بوقراط کے اس اصول کے پابند ہیں کہ پاؤں کو گرم اور سر کو ٹھنڈا رکھنا چاہیئے اور بیماری میں فاقہ کو دوا پر ترجیح دینی چاہیئے نپولین اعظم بھی اسی اصول کا پابند تھا چنانچہ جب وہ بیمار ہوتا تو فاقہ ہی کرتا تھا۔

مجرباتِ تاثیری

لیکوریا کیپسول ۔ لیکوریا کے لیے موثر دوائی

ہوالشافی۔ کشتہ سنگجراحت، پھٹکڑی سفید بریاں، کشتہ فولاد، کشتہ صدف مرواریدی ہر ایک پانچ پانچ تولہ۔ کشتہ طوطیا الیسری ۲ ماشہ۔ باریک کرکے خالی بڑے کیپسول بھر لیں۔ صبح و شام ایک ایک کیپسول ہمراہ دودھ۔

آج کل عورتوں کی اکثریت اس مرض سے نالاں ہے۔ کامیاب نسخہ پیش کیا جا رہا ہے تاکہ دکھی مریضوں کی قلبی دعائیں لی جا سکیں۔

نازش نادری

غزل

سنتے ہیں نیا پھر کوئی اعلان کرو گے
ہم خاک نشینوں کو پریشان کرو گے

کرنے کو تو پیمان پہ پیمان کرو گے
کام ایک ہے تم ڈھب کا مری جان کرو گے

دکھلاؤ گے ہر شام نیا کوئی تماشا
ہر صبح کو جاری نیا فرمان کرو گے

لگتا ہے کہ جھوٹوں کو سند دو گے وفا کی
خدشہ ہے کہ سچائی پہ چالان کرو گے

کہتے ہو کہ لاؤ گے ستاروں کو زمیں پر
حیراں ہوں کہ حیرت کو بھی حیران کرو گے

معلوم ہے تم نیم حکیموں میں سند ہو
سر درد ہٹاؤ گے تو یرقان کرو گے

جو کچھ بھی کرو، شوق سے، رکھنا یہ مگر یاد
نازشؔ کا نہیں، اپنا ہی نقصان کرو گے

حکیم و وید ملک سرفراز احمد زاہد، ملتان

اکسیر زاہدی (روغن نوشادر)

تخلیق انسانی تو اللہ تعالیٰ کا انعام عظیم ہے۔ مگر انسان میں تمام تخلیقات کا مرکز انسانی دماغ ہے۔ اسی دماغ سے انسان نے محیر العقول کارنامے سرانجام دیئے ہیں۔ مختلف علوم پر اپنی تخلیقات افادہ عام کے لیے پیش کی جاتی رہی ہیں اور مستقبل میں بھی منظر عام پر آتی رہیں گی۔ کسی بھی علوم کو لے لیں۔ چاہے طب ہو، سائنسی میدان ہو یا سرجری ہو، فضا اور خلا کی محیط وسعتوں کی پردہ کشائی ہو۔ سب اپنی اپنی جگہ جامع اور مشکل ہیں اور سینکڑوں انسانی دماغ اس کی گتھیاں سلجھانے میں لگے ہوئے۔ مگر ان علوم پر ابھی ہنوز پردہ ہے۔ سرجری اتنی ایڈوانس ہو چکی ہے کہ انسانی جسم کی اندرونی تہوں میں چھپی ہوئی بیماریاں بھی ظاہر ہو رہی ہیں۔ مگر کینسر جیسے مرض ابھی لاعلاج ہیں۔ انسان چاند کے بعد اب مریخ اور مشتری کی تسخیر کے لیے قدم بڑھا رہا ہے۔ مگر ان سب کے علاوہ علم کیمیا ہنوز پردے میں ہے۔ ہزاروں ایک معمولی سی آگ کے انتظار میں دار فانی کی طرف کوچ کر گئے۔ جابر بن حیان جیسے اور اس کے ہم عصر سائنسدان بھی اپنے پیچھے ہزاروں راستے علم کیمیا کے میدان کو عبور کرنے کے لیے دکھا گئے مگر حتمی راستہ ابھی پردہ راز میں ہے۔

یہ علم ہے۔ مگر اولیاء اللہ کے پاس جن کی زبان میں تاثیر اتنی ہوتی ہے کہ وہ اگر اپنی پیشاب خشک کرنے کے پتھر کو زمین پر پھینکیں تو زمین سونے میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ تو اس سے ظاہر ہوتا ہے دنیاوی لالچ سے چھٹکارا پانے والے متقی پرہیزگار ہی اس میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ جب تک کسی دھات کی ماہیت کو نہ سمجھا جائے اور یہ نہ معلوم ہو کہ یہ دھات یا اپدھات کس سائنسی عمل سے اپنی ہیئت تبدیل کر سکتی ہے اور دوسری دھات کی ہیئت اختیار کرنے میں کن عوامل سے گذرنا پڑتا ہے۔ انسان اپنے تجربات سے ہر چیز حاصل نہیں کر سکتا۔ جب تک وہ بارگاہ ایزدی میں انکساری و عاجزی سے اس کے حصول کے لیے بدست دعا نہ ہو۔

میں ایک ایسے شخص کو جانتا ہوں جو ابھی میرے پاس ملاقات کے لیے آیا۔ وہ شخص اسی چکر میں برباد ہو کر خودکشی تک کرنے کے لیے تیار ہو گیا تھا۔ مگر جب اسے ذرا طریقے سے سمجھایا گیا۔ اور اس نے سیدھا راستہ اپنایا تو روزانہ عمل اسے کیمیا کا حل ایک روحانی طور پر ایک بزرگ نے بتایا۔ اس کے علاوہ اس پر جو روحانی فوائد ہوئے ان کو وہی خوش نصیب شخص ہی محسوس کر سکتا ہے۔

میرا تو یہ کام ہے کہ اپنے پاس جو علم ہے اور جو کچھ ورثہ ملا ہے۔ اپنے پیارے رسالہ اور چوہان صاحب کی خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے پیش کرتا رہوں۔ اور انشاء اللہ اس علمی کام کو پایہ تکمیل تک پہنچاؤں گا چاہے کوئی پسند کرے یا نہ کرے۔

اس دفعہ محفل میں ایک اکسیری روغن نوشادر کا نسخہ پیش کر رہا ہوں۔ یہ مجھے بہاولپور میں نامور حکیم مرحوم ماہر علم نجوم و جفر کی قلمی بیاض سے ملا۔ مرحوم نے اپنی زندگی میں کسی کو ہوا تک نہ لگنے دی۔ اور نہ ان علوم سے کسی کو فائدہ دیا۔ کامیاب کیمیاگر تھے۔ ان کے بعد ورثا اس علمی خزانے سے بالکل بے بہرہ ہیں۔

یہ ان کی اولاد کی بدقسمتی ہے کہ اس عظیم ہستی سے کچھ نہ حاصل کر سکے۔ اب وہ ان کی قلمی بیاضوں کو سنبھالے پھرتے ہیں۔ مگر اس سے نہ تو کسی کو مستفید ہونے دیتے ہیں۔ نہ ہی خود ہو سکے۔ ایسے لوگوں کا علم کے ساتھ برتاؤ اچھا اور قابل تعریف نہیں ہوتا۔ کیونکہ علم پھیلانے سے کم نہیں ہوتا۔ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ جب کوئی ایسی عظیم ہستی اس دنیا سے رخصت ہوئی ہے بعد میں

ان کے ورثا کو اس علمی ذخیرے کی قدر نہیں ہوتی۔ وہ کسی اہل علم کو اس ذخیرے سے سیراب ہونے دیتے ہیں۔ آخر یہ بیاضوں میں محفوظ علم دیمک کی نظر ہوتا ہے۔ یا پھر چند روپوں کی خاطر ردی خریدنے والوں کی نذر ہو جاتا ہے۔ اس علم کی تباہی ہوتی ہے۔ اس کے اصل ذمہ دار وہ لوگ ہوتے ہیں جو اس کو حاصل کرنے کے بعد کسی کو آگے تعلیم نہیں کرتے ہیں۔ میری ایسے ورثاء سے اپیل ہے کہ وہ ان علمی ذخیروں کو اس کے اہل لوگوں کے حوالے کر کے تباہی سے بچائیں یہ ایک جہاد ہو گا۔ اس طرح نایاب علوم دوبارہ اجاگر ہو سکتے ہیں۔

یہ نسخہ حکیم مرحوم کو ان کے ایک محترم نے دیا تھا جو کویت میں ایئر فورس میں آفیسر ہیں۔ جن کا یہ مجرب نسخہ ہے۔ اور انہیں یہ نسخہ ایک جوگی نے جو ٹیلہ جوگیاں پر سیاحت کے لیے آیا ہوا تھا ان کے ہاتھ سے کرایا تھا۔ مگر صاحب موصوف کو اس صنعت کا بالکل شوق نہیں ہے۔ نسخہ بیان کرنے سے پہلے میری ایک اپیل ہے یہ پڑھ لیں۔

نوٹ: اس نسخہ کے ساتھ الماس اکسیری کا نسخہ اگلی دفعہ تحریر کروں گا جس میں کافور قائم ہو کر الماس کو کشتہ کرتا ہے۔ اور جاذب سیماب ہوتا ہے۔ مگر مجھے چند کتابوں کی ضرورت ہے۔ جن میں ارواح الخفیر حصہ دوم مصنف شفیق رام پوری۔ حامی الصحت کا امساک نمبر فروری ۱۹۲۶ء اور حامی الصحت کی ۱۹۲۶ء کی مکمل فائل۔ جن بزرگ حکماء اور اہل صنعت کے پاس یہ کتابیں ہوں یا ان کے بارے میں معلومات دے سکتے ہوں۔ وہ مجھے یا تو ان کی فوٹو سٹیٹ مہیا کر دیں۔ یا اصل کتابیں قیمتاً فروخت کر دیں۔ یا تھوڑے وقت کے لیے دے دیں میں لوٹا دوں گا۔ مجھے امید ہے کہ اسرار حکمت کے قارئین اور دوسرے دوست میری اس معاملے میں مدد کریں گے۔ میں اہل صنعت کی اس معاملے میں جاذب سیماب نسخہ کے بارے میں مدد کر سکتا ہوں۔ مکمل نسخہ بغیر کسی حیل و حجت کے عطا کروں گا۔ میری ان تینوں کتابوں کے بارے میں مدد فرمائیں۔)

نسخہ درج ذیل ہے۔

چونہ ان بجھا تقریباً دس بارہ سیر باریک شدہ ہو۔ ایک کڑاہی میں ۵ سیر نیچے چونہ بچھا کر اوپر نوشادر ٹھیکری ½ پاؤ رکھیں۔ اور اس کے اوپر بقیہ چونہ ۶ سیر بچھا کر خوب ہاتھوں سے دبا دیں۔ اور اس کو آگ پر رکھیں۔ نیچے نرم آگ جلائیں۔ پہلے ۲ چولی ۲ گھنٹے تک جلائیں اس کے بعد آگ تیز کر دیں۔ چھ گھنٹے بعد سائیکل والی تار نوشادر میں چھوڑ کر دیکھیں۔ اگر تار پیندے تک چلی جائے تو نوشادر درمیان میں تیل ہو گا۔ اور اگر تار نہ جائے تو آگ کا عمل جاری رکھیں۔ حتیٰ کہ تار پیندے تک چلی جائے تو اس کو اسی وقت گرم حالت میں ایک بڑے ٹب میں جو ٹھنڈے پانی سے بھرا ہوا ہو اس میں احتیاط کے ساتھ ڈال دیں۔

چونا پانی میں ڈالتے ہی گرم شدید بھاپ نکلے گی۔ اس سے اپنے آپ کو بچائیں کیونکہ یہ بھاپ بہت خطرناک ہے۔ خاص کر آنکھوں کو بچائیں۔ اب اس ٹب کو چوبیس گھنٹے تک پڑا رہنے دیں۔ نوشادر مکھن کی طرح پانی کے اوپر تیرتا ہوا نظر آئے گا۔ احتیاط سے اس مکھن کو پانی سے اتاریں اور ایک علیحدہ برتن میں ڈال کر آگ پر گرم کریں۔ یہ فوراً تیل ہو جائے گا جو اکسیر ہے۔ آگے عمل خود کریں۔ آئندہ الماس کا نسخہ درج کروں گا۔

اظہارِ تعزیت

نوجوان ہر دلعزیز حکیم غلام محی الدین فاضل طب و جراحت ناظم اسراری دواخانہ منڈی بہاؤ الدین کی والدہ محترمہ کچھ عرصہ بیمار رہ کر قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

ادارہ اسرار حکمت طبیب بشیر احمد ظفر سینئر پروفیسر طبیہ کالج میں اظہار تعزیت کرتے ہوئے جنت الفردوس اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

شریک غم

حکیم بشیر احمد ظفر۔ ادارہ اسرار حکمت لاہور

حکیم محمد عارف

آزمودہ مجربات

نسخہ قوت باہ

عقر قرحا ۳ ماشہ۔ شنگرف ۱½ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ زعفران ۱½ ماشہ۔ جلوتری ۳ ماشہ۔ افیون ۶ رتی۔ خالص مشک نافہ ۳ رتی۔ دارچینی ۳ ماشہ۔ بڑ کا دودھ ½ چھٹانک۔

تمام اشیاء کو کوٹ کر اور چھان کر بڑ کے دودھ میں رگڑ کر چنے برابر گولیاں بنالیں۔

ایک گولی رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

معجون معدہ مجرب

- مربہ آملہ دس عدد۔ مربہ ہڑ ۵ عدد۔ زرشک ۱ تولہ۔ پھول گلاب ۱۰ تولہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ بالچھڑ ۱½ ماشہ۔ صندل سفید ۸ ماشہ۔ صندل کو نصف بوتل عرق گلاب میں حل کر کے پھر ۱½ سیر چینی کی کھانڈ کا قوام بنا کر پھر تمام اشیاء پیس کر ڈال دیں معجون تیار ہے۔

خوراک ایک چمچی تمام امراض معدہ میں مفید ہے۔

نوٹ: مربہ جات کو عرق چاندی میں رگڑ کر ڈالیں۔

جگر کی خرابی خون کی کمی

- زرشک شیریں ۱½ تولہ۔ آلو بخارا ۵ تولہ۔ تخم کشوث تولہ۔ ریوند چینی تولہ۔ تخم ریحان تولہ۔ تخم کاسنی ۵ تولہ۔ سرکہ خالص ۱۰ تولہ۔ چینی ولائتی ۳ پاؤ۔

دو سیر پانی میں کوٹنے والی ادویات کوٹ کر بھگو دیں آٹھ پہر کے بعد آگ پر چڑھا دیں۔ ایک سیر پانی رہنے پر اچھی طرح مل کر چھان کر صاف کر کے پانی میں سرکہ اور کھانڈ ڈال کر شربت تیار کریں۔

موسم کے لحاظ سے شربت استعمال کریں۔

مرہم بنجرات تجربہ شدہ

- پکے آم ۔ شنگرف رومی تولہ۔ رس کپور تولہ۔ مکھن گائے کا ۱½ پاؤ لے کر یکصد دفعہ پانی میں دھو لیں۔ پھر مکھن کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں بعد پکے ½ گھنٹہ آہستہ آہستہ آگ ادویوں کی جلائیں پکے حل نہ جائیں سرخ ہوں تو پکوں کو نکال کر کوٹ میں باریک کرکے دوسری ادویات پیس کر ملائیں مرہم بن جائے گی۔ بنجروں اور زخموں پر دو رتی کے قریب لگا دیں۔ تین چار مرتبہ لگانے سے زخم ٹھیک ہو جائیں گے۔ کئی دفعہ کا آزمودہ ہے۔

جناب ظفر حسین زیدی
طبیب اعلیٰ بڑا دواخانہ، فیصل آباد

• برگ سبز است تحفۂ درویش

پاکستان کی جڑی بوٹیاں اور اُن کے عجیب و غریب فوائد

محلول ہاضم

• گودہ گھیکوار ۱کلو۔ آب ادرک ۱کلو۔ شہد ۲کلو۔

تیاری: تینوں کو ملا کر ایک برتن میں ڈالیں اور منہ بند کرکے ایک ماہ تک کسی گرم جگہ رکھ چھوڑیں۔ اس کے بعد چھان کر بوتلوں میں ڈال کر محفوظ کر لیں۔

فوائد: پینے میں نہایت لذیذ ہے۔ فائدہ میں اکسیر اعظم سے کم نہیں ہے۔ صدہا مرتبہ کا مجرب اور آزمودہ ہے اس کے استعمال سے معدہ طاقتور ہو جاتا ہے۔ بھوک بڑھ جاتی ہے بدہضمی اور کھٹے ڈکار منٹوں میں کافور ہو جاتے ہیں نفخ شکم کا نام و نشان نہیں رہتا قبض دور کرنے میں لاثانی ہے۔ خرابی معدہ یا انتڑیوں کی کمزوری سے غذا ہضم نہ ہوتی ہو۔ بدبودار دست آتے ہوں ان کے لیے اکسیر ہے۔

تریاق سوزاک

• اجزاء: چھال جڑ بیل ۱۰گرام۔ آب کیلا ۲۵۰گرام۔

ترکیب تیاری: آب کیلے میں چھال جڑ بیل ڈال کر جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر ٹھنڈا کرکے پی لیں۔

فوائد: سوزاک نیا ہو یا پرانا سوزاک قرحہ بن گیا ہو یا زخم شانہ ہو۔ پیشاب کی جلن اور زخم سے انسان بے تاب ہو، کسی طرح چین آرام نہ آتا ہو تو اس موذی مرض کے لیے تریاق ہے۔ سوزاک کی دوائیں عموماً گردوں کو نقصان پہنچاتی ہیں مگر اس سے کسی قسم کا نقصان گردوں کو نہیں پہنچتا۔ بہت ہی مفید ہے۔

نسوانی

اجزاء: ریشہ برگد ۱۰گرام۔ تخم سرمالی بریاں ۱۰گرام۔ ریشہ پیپل ستو گرام۔

سفوف بنالیں۔ مقدار خوراک ۱۰گرام صبح ۱۰گرام شام ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں۔

فوائد: یہ مرکب رحم کو تقویت دیتی ہے۔ استقرار حمل کی صلاحیت پیدا کرتی ہے۔ جو عورتیں رحم کی کمزوری کی وجہ سے اسقاط حمل کا شکار رہتی ہیں یا جن کے بچے تو وقت پر پیدا ہوتے ہیں لیکن وہ خلقی کمزوریوں اور پیدائشی نقص کی وجہ سے جلد مختلف امراض خصوصاً سوکھا مسان کی مرض میں مبتلا ہو کر ضائع ہو جاتے ہیں۔ ان کے لیے مفید ہے۔

دواء مغلظ ممسک

اجزاء: پھل درخت پیپل ۵۰گرام پھل برگد ۵۰گرام۔ چینی ۲۵ گرام۔ برگد کا تازہ چھلکا بمع پھل ۵۰گرام۔

ترکیب تیاری: تینوں اجزاء کو سایہ میں خشک کرکے سفوف بنالیں اور چینی ملا لیں۔

خوراک: ۱۰گرام صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

فوائد: سرعت انزال، جریان، احتلام کے لیے نایاب تحفہ ہے جو نوجوان سرعت انزال کے شاکی ہوں اور امساک کے لیے افیون وغیرہ مضر چیزوں کا استعمال کرتے ہوں ان کو چاہیے کہ دوا مذکورہ بالا تین ہفتہ استعمال کریں پھر قدرت الٰہی کا مشاہدہ کریں کہ پاؤں میں روندی جانے والی جڑی بوٹیوں میں عجیب و غریب

مجموعۂ معلومات

معزز قارئین حضرات آپ کی خدمت میں اس تحفہ پیش کر رہا ہوں جس کی ہمیشہ سے کمی محسوس کی گئی ہے لیکن آج تک کسی صاحب نے اس طرف توجہ نہیں دی۔ بالآخر کوشش بسیار کے بعد "مجموعۂ معلومات" آپ کی خدمت میں حاضر ہے۔ فی الحال چونتیس اشیاء کی فہرست پیش کر رہا ہوں۔ امید ہے پسند فرما کر مشکور فرمائیں گے۔ نیز قارئین سے درخواست ہے کہ اس مجموعہ میں جو کمی رہ گئی ہے اُس کو بذریعہ ماہنامہ اسرار حکمت دور کریں۔ اور ماہنامہ کی شان کو دوبالا کریں۔ شکریہ

میاں شاہد اکبر نقشبندی، ایم ایس سی، محلہ چوہڑ گیراں شیخوپورہ

عام نام	انگریزی نام
۱۔ دھوبی سوڈا	سوڈیم کاربونیٹ
۲۔ میٹھا سوڈا	سوڈیم بائی کاربونیٹ
۳۔ نمک خوردنی	سوڈیم کلورائیڈ
۴۔ کاسٹک سوڈا	سوڈیم ہائیڈرو آکسائیڈ
۵۔ پھٹکڑی	الم
۶۔ گندھک کا تیزاب	سلفیورک ایسڈ
۷۔ شورے کا تیزاب	نائٹرک ایسڈ
۸۔ نمک کا تیزاب	ہائیڈرو کلورک ایسڈ
۹۔ لال دوائی	پوٹاشیم پرمنگنیٹ
۱۰۔ گندھک (پیلی)	سلفر
۱۱۔ پوٹاش سفید	سوڈیم کلوریٹ
۱۲۔ کالا کلر بیقر	سوڈیم سلفائیڈ (فوٹو گرافی)
۱۳۔ گیس مصالحہ	کاربائیڈ
۱۴۔ تیزاب سرکہ	ایسٹک ایسڈ
۱۵۔ دیسی شورہ	پوٹاشیم نائٹریٹ
۱۶۔ ولائتی شورہ	سوڈیم نائٹریٹ
۱۷۔ سنکھیا سفید	آرسینک
۱۸۔ ست پودینہ	منتھول
۱۹۔ ست اجوائن	تھائیمول
۲۰۔ ست لیموں	ٹاٹرک ایسڈ
۲۱۔ سبز کاہی / ہیرا کسیس	فیرس سلفیٹ
۲۲۔ نیلا تھوتھا	کاپر سلفیٹ
۲۳۔ چنبری فولاد	فیری ایسٹ امونیا سائٹراس
۲۴۔ روغن لونگ	کلوو آئیل
۲۵۔ روغن زیتون	اولیو آئیل
۲۶۔ روغن ناریل	کوکونٹ آئیل
۲۷۔ روغن دارچینی	سینےمن آئیل
۲۸۔ روغن سونف	انی سائل آئیل
۲۹۔ روغن جاگوٹہ	کروٹن آئیل
۳۰۔ روغن ارنڈ	کسٹر آئیل
۳۱۔ جوہر کچلہ	اسٹرکینا
۳۲۔ ایلو	ایلو

(باقی صفحہ [illegible] پر)

اور قابلِ احساس نہیں۔ اگر سالم نخود کی دال کو موسم سرما میں ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک لہسن سے بگھار کر بلغمی مزاج شخص دو تین ہفتہ مسلسل استعمال کرے تو باہ کو اس درجہ قوت حاصل ہوتی ہے کہ حیرت ہو جاتی ہے۔ طب یونانی و آیورویدک میں ایسے نسخے کثرت سے درج ہیں جن کا جزو اعظم لہسن ہے لہسن پٹھوں کو قوت دیتا ہے اور بادی بلغمی امراض کا قلع قمع کرتا ہے۔ اس کے اس قدر فوائد ہیں کہ اگر تفصیل سے بیان کیا جائے تو کئی صفحے درکار ہیں اس لیے اس پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ لہسن و پیاز کے استعمال سے ناگواری بو آتی ہے مگر اس کا علاج آسان ہے تھوڑی قند سیاہ سونف یا دانہ الائچی منہ میں رکھ کر چبانے سے بدبو رفع ہو جاتی ہے۔

باہ اور مغزیات

قوتِ باہ اور مغزیات کے استعمال کا ایک گہرا رشتہ ہے یہاں قلت گنجائش کے باعث صرف اسی قدر لکھنے پر اکتفا کیا جاتا ہے کہ تقریباً ہر اقسام کے مغزیات قوت باہ کے اضافہ کے لیے نہایت مفید ہیں۔ مغز چلغوزہ، مغز کدوئے شیریں، مغز تخم خیارین، مغز بادام شیریں، مغز تخم تربوز، مغز پستہ، مغز اخروٹ، مغز فندق وغیرہ خصوصیت سے اس بارے میں قابل ذکر ہیں۔ مغز بادام، چھوہارا، نخود ملا کر چبانا قوت باہ کے لیے بہت مفید ہے۔

بقیہ مجموعہ معلومات

عام نام	انگریزی نام
۳۳۔ کستوری	مسک
۳۴۔ کچلہ	نکس وامیکا
۳۵۔ جست	زنک اوکسائیڈ
۳۶۔ سونا	گولڈ
۳۷۔ سکہ	لیڈ
۳۸۔ پارہ	مرکری
۳۹۔ مشک کافور	کیمفر
۴۰۔ سالٹ	میگنیشیم سلفیٹ
۴۱۔ افیون	اوپیم
۴۲۔ بھنگ	کینابس انڈیکا
۴۳۔ میٹھا تیلیہ	ایکونائٹ
۴۴۔ الائچی	کارڈیم
۴۵۔ پودینہ فلفلی	پیپرمنٹ
۴۶۔ لوبان	بینزوان
۴۷۔ نشاستہ	سٹارچ
۴۸۔ شہد	ہنی
۴۹۔ گوند اعرابی	اکیشیا
۵۰۔ سہاگہ	بوریکس
۵۱۔ کشتہ سونا	گولڈ کلورائیڈ
۵۲۔ ریشم	سیفائر
۵۳۔ ست لوبان	بینزوائک ایسڈ
۵۴۔ نوشادر	امونیم کلورائیڈ

اکسیرات

• سم الفار ۵ تولہ ایک قطعہ کپڑے میں باندھ کر ایک دیگ چی (جو گل حکمت کی گئی ہوا) میں آدھ سیر مغز تخم نیم نیچے بچھا دیں اگر چوکور کر کے اس سم الفار والی پوٹلی کو اس پر رکھ ایک سیر بلکہ سوا سیر سرکہ نتھار لیں اور آدھ سیر مغز تخم نیم اور اوپر ڈال کر دبا کر سرپوش دیں۔ گل حکمت کریں۔ اور چولھے پر سوار کر کے چار پہر آنچ تیز دیں۔ سرد ہونے کے بعد قائم النار نکلے گا۔ عجیب چیز ہے مناسب منشا کے کام میں لائیں۔

• پانچ چھ ڈبل پیسے لے لیں۔ اور ان کو علیحدہ علیحدہ شیرہ چرپٹا، بسکھپرہ، اجاتل، نکچکنی میں اکیس اکیس مرتبہ بجھاؤ دیں۔ بعد ازاں نکچکنی خشک ایک سیر لے کر مٹی کے کوزہ میں پیسوں کے نیچے اوپر دے کر منہ بند کر کے بارہ پہر آنچ دیں (مگر آخری چار پہر کی آنچ بہت تیز ہو) تمام سفید رنگ چھوٹے چھوٹے نکلیں گے۔ خوراک ایک چاول۔ تمام مہلک مرضوں کے لیے اکسیر ہے۔ آب رصاص لاہم جاذب میکند

روغن قائم کنندہ سیماب

تیل کہ سیماب کو قائم و منجمد کرتا ہے۔ آلو لہ سارہ ۲ ماشہ/سرساہی۔ سم الفار ۲ سرساہی۔ چوک، میٹھا تیلیہ، تخم دھتورہ سیاہ، تخم سرشف، تخم ترب، خردل، جمال گوٹہ ہر ایک اڑھائی سرساہی۔ سب ادویہ کو باریک کر کے شیشی میں ڈال کر بطریق چوپیا کے روغن نکالیں۔ بعد ازاں یہ روغن تولہ بھر ۸ تولہ سیماب میں ڈال کر دو ہفتہ تیز دھوپ میں رکھیں۔ سیماب قائم النار اور منجمد ہوگا۔

سم الفار موم مہ

سم الفار کو موم کرنا۔ مجرب۔ ایک سیر روغن بید انجیر اور پاؤ بھر موم سفید اور آدھ سیر آب لیموں ایک دیگ چی میں ڈالیں اور چولھے پر سوار کریں۔ سم الفار کو بطور ڈول جنتر کے آویزاں کریں اور آنچ دیں۔ سم الفار پگھل کر اور موم بن کر تکیہ کی صورت میں تہ نشین ہوگا۔ حسب ضرورت کام میں لائیں۔

عمل شمس

جست تولہ، سیماب ۸ ماشہ۔ دونوں کو گرہ کریں۔ بعد ازاں ابرک سیاہ، سہاگہ ہر دو ایک ایک دام۔ دونوں کو باریک پیس کر شہد میں ملا کر اس گرہ کے نیچے اوپر دے کر سمپٹ میں خوب آنچ دیں۔ گر اوپلوں سے سرد ہونے بعد نکالیں۔ اور اسی طرح دوبارہ ابرک سیاہ و سہاگہ شہد میں ملا ہوا اسی وزن سے نیچے اوپر دے کر آنچ دیں۔ حتیٰ کہ سات آنچیں پوری ہو جائیں۔ تیار ہو جانے پر اس میں سے فی تولہ نقرہ پر ایک ماشہ طرح کریں۔ زر خالص خواہد شد۔

اکسیر قمری

قرو قلعی ایک ایک تولہ دونوں کو ملا کر پگھلائیں۔ اور عین پگھلانے کے وقت جوہر زرنیخ مصعد (جو معمولی قاعدہ سے اڑائے گئے ہوں) ۱ ماشہ طرح کریں۔ اور چولھے سے اتار کر بارہ تولہ سیماب سے ملغمہ کر کے ایک تابہ سفالی (نو آئے مٹی) پر رکھ کر نیچے نرم آنچ دیں۔ اور آٹھ پہر تک بچوں کے بول کا دھمر مذکر دھوت دونوں قسم کا خلط ملط کیا ہوا ہو، چوبہ دیں۔ بس اکسیر تیار ہے۔

بریست جز زہرہ منقا طرح کنند مگر در حالت مذاب قمر پاکیزہ گردد بفرمان رب العزت۔

بہترین مجربات

معجونِ سنجری

تقویت باہ و جگر و معدہ و دل و ہضم طعام کے لیے بے حد مفید ہے۔ قوتِ بصر، سمع اور حافظہ کو بڑھاتی ہے۔

سنبل الطیب ۱۰ ماشہ۔ بسباسہ ۶ ماشہ۔ جوز بوا ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ الائچی کلاں ۶ ماشہ۔ زنجبیل ۶ ماشہ۔ قرنفل ۶ ماشہ۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ بہمنین ۶/۶ ماشہ۔ خولنجاں ۶ ماشہ۔ درونج ۶ ماشہ۔ مصطگی ۶ ماشہ۔ عود صلیب ۶ ماشہ۔ نارجیل دریائی ۶ ماشہ۔ سازج ہندی ۶ ماشہ۔ مغز بادام شیریں ۶ ماشہ۔ پستہ ۶ ماشہ۔ مغز عصفور ۶ ماشہ۔ چلغوزہ ۶ ماشہ۔ شقاقل ۳ ماشہ۔ تخم عصفر ۳ ماشہ۔ تخم شبت ۳ ماشہ۔ نانخواہ ۳ ماشہ۔ زیرہ کرمانی ۳ ماشہ۔ انیسون ۳ ماشہ۔ مغز تخم خربوزہ ۳ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۲۰ ماشہ۔ قند سفید ۳ ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ۔

خوراک: ۳ ماشہ۔

معجونِ شباب

● ریگ ماہی ۵ تولہ۔ مغز پنبہ دانہ ۵ تولہ۔ کرت خصیہ بکرا جوان ۱۰ تولہ۔ سفوف زردی بیضہ مرغ نیم برشت ۲۵ عدد۔ مغز پستہ ۵ تولہ۔ خولنجاں ۳ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ قرنفل ۲ تولہ۔ عاقرقرحا ۲ تولہ۔ آردِ نخود بریاں منقشر ۲ تولہ۔ روغن بادام ۱۰ تولہ۔ مغز عصفور ۵ تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ برادہ قضیب گاؤ ۵ تولہ۔ بیر بہوٹی ۳ تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ تیز پات ۳ تولہ۔ سازج ہندی۔ سنبل الطیب ۳ تولہ۔ اسارون ۳ تولہ۔ درونج عقربی ۳ تولہ۔ باریک پیس کر شہد سہ چند ملا کر معجون بنائیں۔

خوراک: ۷ ماشہ۔

مقویٔ باہ از حد

سقنقور جو مگرمچھ کا تازہ پیدا ہوا بچہ ہوتا ہے، اس کا گوشت خشک کر کے سفوف بنالیں اور ہم وزن کھانڈ ملالیں۔

خوراک: ۳ ماشہ۔

غذائے باہیہ

● ۱۔ جوان بکرے کے خصیے جنہیں عام طور پر کپورے کہتے ہیں۔ ان کا قیمہ بنائیں اور اس قیمہ کرنے میں اتنا مبالغہ کریں کہ وہ بالکل باریک ہو جائے اور بقدرِ ضرورت قند سفید ملا کر اس کو بلیں اور کپڑے میں نچوڑلیں۔ اس میں ایک انڈے کی زردی ڈال اور دودھ ڈال کر قدرے گرم کر کے تناول فرمائیں۔ بے حد مفید ہے۔

۲۔ گوکھرو، لہسن اور چنے علیحدہ علیحدہ باریک کوٹیں اور گائے کے دودھ اور گھی میں بقدرِ ضرورت پکائیں۔ یہاں تک کہ سب چیزیں گھل جائیں۔ آب پیاز، ترنجبین صاف کی ہوئی ملا کر قوام بنائیں اور کام میں لائیں۔

معجونِ شباب

● ریگ ماہی نر ۲ تولہ۔ مغز پستہ ایک تولہ۔ خولنجاں ۲ تولہ۔ زعفران کشمیری ۹ ماشہ۔ عاقرقرحا ایک تولہ۔ قرنفل ۲ تولہ۔ زنجبیل ایک تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ سنبل الطیب ایک تولہ۔ درونج عقربی ۲ تولہ۔ شقاقل مصری ایک تولہ۔ بزرالبنج ۲ تولہ۔ تعلب مصری ایک تولہ۔ موصلی سفید ۲ تولہ۔ ستاور ایک تولہ۔ جائفل ۲ تولہ۔ جاوتری ایک تولہ۔ مغز چلغوزہ ۵ تولہ۔ مغز پنبہ دانہ ۵ تولہ۔ سازج ہندی

۷ تولہ ۔ آرد نخود بریاں مقشر ۱۰ تولہ ۔ زردی بیضہ مرغ نیم برشت ۲۰ عدد ۔ روغن بادام شیریں ۵ اتولہ ۔ مصری سفید سہ چند ملا کر معجون بنائیں ۔

خوراک ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک صبح وشام دودھ سے کھائیں ۔ نسخہ کے کل ۲۴ اجزاء ہیں ۔

قوت باہ

بے حد مجرب ہے ۔

موصلین ، جوزبوا ، تخم اوٹنگن ، اجوائن خراسانی ، عقرقرحا ، قرنفل ، کبابہ ، اسگندھ ، کچور ۔۔۔ سب باریک پیس کر ایک کف دست دودھ کے ساتھ کھائیں ۔ اور قدرت کا تماشہ دیکھیں ۔

عشرت

اسٹرکینا ، مارفیا ، کوکین ہر ایک ایک رتی ۔ کشتہ فولاد ایک ماشہ ۔ کشتہ سونا ½ ماشہ ۔ ایکسٹریکٹ بیلا ڈونا ½ ۱ ماشہ ۔ گولی بقدر دانہ مسور بنا کر ایک گھنٹہ پیشتر دودھ سے دیں ۔ اس روز غذا دیں ۔ یا غذا کے دو تین گھنٹہ بعد ۔ از حد مقوی و ممسک ہے ۔

نسخہ دیگر

مذکورہ نسخہ سے آسان تر ہے اور اعلیٰ درجہ کا ممسک ہے ۔ افیون ۷ ماشہ ۔ قرنفل ۵ ماشہ باہم کوٹ کر لکڑی لیکر تازہ ½ ۱ فٹ طول اور چھ انچ موٹی میں ایک طرف چھ انچ گہرا سوراخ کر کے ڈال دیں ۔ اور منہ بند کر کے باقی حصہ کو اوپلوں میں رکھ کر آگ لگا دیں ۔ جب دور تک آگ پہنچ جائے تو گرم گرم نکال کر جائفل ، جاوتری ، عقرقرحا ، جدوار ، تخم سیاہ کہنہ ملک ۲ ماشہ ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر دو گھنٹہ پیشتر دودھ سے دیں ۔

نسخہ دیگر : برادہ طلاء ، سم الفار سفید ، مارفیا ، کوکین ہر ایک تولہ تولہ ۔۔۔ برانڈی ایک بوتل قطرہ قطرہ ڈال کر کھرل کر کے جذب کریں ۔ بیس یوم میں بوتل ختم ہوگی ½ رتی ہمراہ مسکہ دیں اور پہلے ہی روز اثرات ملاحظہ کریں ۔

بقیہ : مجربات تاثیری سے

اور عرق النساء کے لیے مطلوب ہے وہ یہی ہے ۔ کم خرچ ، بنانے میں آسان ، زود اثری میں لاکھوں میں ایک ۔

ہوالشافی ۔ سم الفار سفید ۱ گرام ۔ مغز پستہ ۱۰۰ گرام ۔ گوگل ۱۰۰ گرام ۔ نخودی گولیاں بنائیں ۔ ایک ایک گولی صبح وشام ہمراہ دودھ ایک گلاس شدہ دیسی گھی دو دو تولہ ملا ہوا ۔ نہار منہ استعمال نہ کریں ۔

نوٹ ۔ بطور مالش صرف زیتون کا تیل استعمال کروائیں ۔ میرا خاص مجرب نسخہ ہے اطباء حضرات معمول مطب بنا کر استفادہ کریں ۔

مجربات تابشی

تابش چدھڑ، کوٹ مراد، ڈاکخانہ دبھارپور، براستہ ترکھوں تحصیل و ضلع جھنگ

کچھ عرصہ قبل میرے محترم دوست جناب حکیم صوفی ثناء اللہ کوٹلی لوہاراں مغربی ضلع سیالکوٹ کے کہنے پر کہ آپ فی الحال اپنے مجربات ارسال کرنا بند کر دیں اور نئے لکھنے والوں کو موقع دیں ہو سکتا ہے کہ ان کی جنبش قلم سے کسی طبی راز کا انکشاف ہو سکے لیکن نتیجہ وہی ڈھاک کے تین پات رہا۔ اطباء حضرات کے اذہان پر بخل کا سایہ رہا آخر بقول شاعر ؎

جنہیں حقیر سمجھ کر بجھا دیا تو نے
وہی چراغ جلیں گے تو روشنی ہوگی

قارئین اسرار حکمت کی محفل میں وہی بخل شکن طبیعت لیے پھر حاضر ہوں اس خیال کے ساتھ اطباء برادری میری تقلید کرے اور دکھی انسانیت کو سکھ نصیب ہو۔

جناب حکیم و عامل مرزا احمد زاہد صاحب اور جناب حکیم حافظ عبدالغفور باروی صاحب آف فتح پور ضلع لیہ سے گزارش ہے کہ کیمیا کے موضوع سے ہٹ کر بھی اپنی طبی خدمات سرانجام دیں۔ کیونکہ کیمیا کے متعلق یہ ایک حقیقت ہے کہ جس کے پاس ہے وہ کہتا ہے کہ میرے پاس نہیں ہے۔ اور جس کے پاس نہیں وہ کہتا ہے کہ میرے پاس ہے دونوں جھوٹے ہیں۔ گو کیمیا ایک دلچسپ موضوع تو ضرور ہے۔ لیکن سوائے تضیع اوقات اور نقصان کے کچھ حاصل نہیں ہوتا اور انسان رہ گئی ایک آنچ کی کسر یہی کہتے ہوئے اسی جہان فانی سے رخصت ہو جاتا ہے۔

خدا رحمت کند ایں پاک طینت را

جناب زاہد اور باروی صاحب کی نذر ایک شعر ؎

مے جو میں تلخ نوائی میری گوارا کر
کہ زہر بھی کرتا ہے کار تریاقی

اس صحبت میں صرف تین مجربات ارسال خدمت ہیں۔ دکھی انسانیت کی خدمت کے لیے بلا بخل انکشاف۔

۱۔ اے ون کیپسول (پیکنگ ۱۰ کیپسول)

مقوی اعضائے رئیسہ، فولاد اور کیلشیم کی کمی دور کرنے، بیماری کے بعد کمزوری دور کر کے صحت بحال کرنے کے لیے طب اسلامی کا آزمودہ نسخہ، دور حاضرہ میں ہر فرد کی ضرورت۔ ایک کیپسول روزانہ دودھ کے ساتھ سوتے وقت استعمال کریں۔

ہوالشافی: کشتہ فولاد (ہیرا کسیس والا) ۱۰۰ گرام۔ کشتہ مرگانگ ۲۰ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ ۲۰ گرام۔ کشتہ شاخ مرجان ۲۰ گرام۔ کشتہ صدف مروارید ی ۲۰ گرام۔ کشتہ زمرد ۱۰ گرام۔ گچلہ مدبر ۱۰ گرام۔ باہم ملائیں سفوف تیار ہے۔ بازار سے بڑے کیپسول ۵۰۰ ملی گرام والے لے کر بھر لیں۔ اے ون کیپسول تیار ہیں۔ میری روزانہ پریکٹس کی خاص چیز ہے۔

۲۔ نسخہ آنند رسائن "بابا جی والا"

کمزوری اعضائے رئیسہ، مقوی اعصاب، تقویت جگر و باہ، تولید خون، ضعف ہضم اور دائمی قبض و پیٹ گیس ختم کرنے کے لیے میرے خاص مجربات سے ہے۔

ہوالشافی: گچلہ مدبر ۸ حصہ۔ سلاجیت اصلی ۶ حصہ۔ کشتہ فولاد ۵ حصہ۔ کشتہ مرجان سادہ ۴ حصہ۔ مرچ سیاہ ۳ حصہ۔ افتیمون رومی ۲ حصہ۔ زعفران کشمیری ۱ حصہ۔

حبوب نخودی۔ ایک گولی روزانہ سوتے وقت ہمراہ دودھ نیم گرم۔

۳۔ مفاصلینہ پلز

ایک عمدہ اور بہترین نسخہ جو آپ کو وجع المفاصل "گٹھیا" (باقی صفحہ ۱۰۱ پر)

۷ تولہ ۔ آردِ نخود بریاں مقشر ۱۰ تولہ ۔ زردی بیضہ مرغ نیم برشت
۲۰ عدد ۔ روغن بادام شیریں ۱۵ تولہ ۔ مصری سفید سہ چند ملا
کر معجون بنائیں ۔

خوراک : ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک صبح وشام دودھ
سے کھائیں ۔ نسخہ کے کل ۲۴ اجزاء ہیں ۔

قوت باہ

بے حد مجرب ہے ۔

موصلین ، جوزبوا ، تخم اوٹنگن ، اجوائن خراسانی ، عقرقرحا ،
قرنفل ، کبابہ ، اسگندھ ، کچور ـــ سب باریک پیس کر ایک
کف دست دودھ کے ساتھ کھائیں ۔ اور قدرت کا تماشہ دیکھیں ۔

عشرتی

اسٹرکینا ، مارفیا ، کوکین ہر ایک ایک رتی ۔ کشتہ فولاد
ایک ماشہ ۔ کشتہ سونا ۱/۲ ماشہ ۔ ایکسٹریکٹ بیلاڈونا ۱/۲ ماشہ ۔
گولی بقدر دانہ مسور بنا کر ایک گھنٹہ پیشتر دودھ سے دیں ۔ اس روز
غذا نہ دیں ۔ یا غذا کے دو تین گھنٹہ بعد ۔ از حد مقوی و ممسک ہے ۔

نسخہ دیگر

مذکورہ نسخہ سے آسان تر ہے اور اعلیٰ درجہ کا ممسک
ہے ۔ افیون ۶ ماشہ ۔ قرنفل ۵ ماشہ باہم کوٹ کر مٹی لیکر تازہ
پاؤ فٹ طول اور چھ انچ موٹی میں ایک طرف چھ انچ گہرا سوراخ
کر کے ڈال دیں ۔ اور منہ بند کر کے باقی حصہ کو اوپلوں میں رکھ کر
آگ لگا دیں ۔ جب دو گز تک آگ پہنچ جائے تو گرم گرم نکال کر
جائفل ، جاوتری ، عقرقرحا ، جدوار ، قند سیاہ کہنہ ہر ایک ۶ ماشہ
ملا کر گولی بقدر نخود بنا کر دو گھنٹہ پیشتر دودھ سے دیں ۔

نسخہ دیگر : برادہ طلاء ، سم الفار سفید ، مارفیا کوکین ہر ایک
تولہ تولہ ـــ برانڈی ایک بوتل قطرہ قطرہ ڈال کر کھرل کر کے جذب
کریں ۔ بیس یوم میں بوتل ختم ہو گی ۱/۲ رتی ہمراہ مسکہ دیں اور پہلے ہی
روز اثرات ملاحظہ کریں ۔

بقیہ : مجربات تاثیر سے

اور عرق النسا کے لیے مطلوب ہے وہ یہی ہے ۔ کم خرچ ،
بنانے میں آسان ، زود اثری میں لاکھوں میں ایک ۔

ہوا شافی ۔ سم الفار سفید ۔ اگرام ۔ مغز پشتہ ۱۰ اگرام ۔
گوگل ۱۰ اگرام ۔ نخودی گولیاں بنائیں ۔ ایک ایک گولی صبح وشام
ہمراہ دودھ ایک گلاس شہد و دیسی گھی دو دو تولہ ملا ہوا ۔
نہار منہ استعمال نہ کریں ۔

نوٹ ۔ بطور مالش صرف زیتون کا تیل استعمال کروائیں ۔
میرا خاص مجرب نسخہ ہے اطباء حضرات معمول مطب بنا کر استفادہ کریں ۔

تاثیر جید د۔ کوٹ مرد، ڈاکخانہ بھاڑپور، براستہ زریوں
تحصیل و ضلع جھنگ

• مجرّباتِ تاثیری

کم مرتے سنہ بھرد ل تو گیا نہیں لیتے عمل گوایے

استاد محترم حضرت علامہ شاد گیلانیؒ، خدا انہیں اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے۔ آمین

آپ نے نجل شگنی کا درس دے کر دکھی انسانیت کی ساری زندگی جو خدمت سرانجام دی رہتی دنیا تک دکھی انسانیت آپ کو ان سعید دعاؤں سے یاد کرتی رہے گی جو دل کی گہرائیوں سے نکل کر قبولیت کا درجہ حاصل کر لیتی ہیں۔

بندہ درس نجل شگنی سے چند تحائف پیش کرنے کا فخر حاصل کر رہا ہے تاکہ بابا جی کی روح سکون حاصل کرے۔ آپ کا لگایا ہوا نجل شگنی کا پودا جو اب ایک گھنا سایہ دار درخت بن چکا ہے۔ نہ جانے اس سلسلے میں کتنی دکھی انسانیت سکون کا سانس لے سکے۔ مجرباتِ تاثیری سے استفادہ کرنے والے دکھی مریضوں سے استدعا ہے کہ وہ علامہ شاد گیلانی کی روح کے ایصالِ ثواب کے لیے سورۂ فاتحہ کا ثواب پہنچائیں۔ شکریہ

امساکی سپیشل کیپسول

مستقل و دیرپا امساک کے لیے بلا افیون دوائی مضر اثرات سے مبرّا۔

ہوالشافی: پارہ ۱۰ گرام۔ گندھک آملہ سار ۱۰ گرام۔

بطریق معروف کجل تیار کریں۔ پھر ۱۰ گرام شوگر آف ملک یا چینی ملا کر کھرل کریں۔ اور خالی بڑے کیپسول بھر لیں۔ وقتی امساک کے لیے مباشرت سے دو گھنٹے قبل ایک کیپسول ہمراہ دودھ نیم گرم۔ مستقل فائدہ کے لیے ایک کیپسول روزانہ ہمراہ دودھ نیم گرم۔

• لیکوریا کیپسول

صحتِ نسواں کو گھن کی طرح کھا جانے والی مرض لیکوریا کا مجرب نسخہ۔

ہوالشافی: کشتہ سنگجراحت ۵۰ گرام۔ پھٹکڑی سفید بریاں ۵۰ گرام۔ کشتہ توتیا ۵۰ گرام۔

سفوف بنا کر خالی بڑے کیپسول بھر لیں۔ صبح و شام ایک ایک کیپسول ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

• حب اسرار شاہی بابا جی والی

تقویتِ باہ اور امساک بڑھانے کے لیے بابا جی کا خاص تحفہ۔

ہوالشافی: شنگرف ۱۰ گرام۔ جائفل ۲۰ گرام۔ تخم جوز ماثل سیاہ ۱۰ گرام۔ جلوزی ۱۰ گرام۔ دارچینی ۱۰ گرام۔ عقرقرحا ۱۰ گرام۔ مشک کافور ۵۰ گرام۔ لونگ ۵۰ گرام۔ لوبان کوڑیہ ۳۰ گرام۔

نخودی گولیاں تیار کریں۔ صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ دودھ نیم گرم۔ متواتر ۳۰ یوم کورس دیویں۔

بیرونی طور پر طلائے جرمنی سپیشل "نسخہ گذشتہ شماروں میں آچکا ہے ملاحظہ فرمائیں۔

حکیم محمد افضل میواتی
افضل دواخانہ پڈھانہ چک ۱۹ (قصور)

اکسیری مجرّبات

سفوف پھکی ہضم اکسیری

ہوالشافی : سُنڈھ بے ریشہ ۲½ تولہ۔ مگھاں ۲½ تولہ۔ ترپھلا، تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۲½ تولہ۔ ہلیلہ کابلی ۲½ تولہ۔ الائچی خورد ½۱ تولہ۔ الائچی کلاں ۲½ تولہ۔ چاروں اجوائن ۸ تولہ۔ کالی مرچ ½۱ تولہ۔ لونگ دارچینی ۲½ تولہ۔ سنگدانہ مرغ ۲½ تولہ۔ سہاگہ بریاں ۲½ تولہ۔

ترکیب تیاری : سہاگہ کو توا پر بریاں کریں اور باقی ادویہ کو کوٹ کر باریک سفوف بنا کر سہاگہ کو ملا دیں۔

خوراک : ۳ ماشہ ہمراہ پانی تازہ۔

سفوف قبض کشا اکسیری

ہوالشافی : ہلیلہ سیاہ ۵ تولہ۔ سونف صاف ۵ تولہ۔ پودینہ خشک ۵ تولہ۔ نمک سینندھا ۵ تولہ۔ نمک لاہوری ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری : ان سب دواؤں کو کوٹ چھان کر محفوظ کر لیں۔

خوراک : ۳ ماشہ بعد طعام ہمراہ تازہ پانی۔

سفوف شیریں اکسیری

● ہوالشافی : سونف کے چاول ۵ تولہ۔ الائچی کلاں ۵ تولہ۔ سوڈا بائیکارب ۵ تولہ۔ چینی ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری : سوڈا کے علاوہ باقی ادویہ کو کوٹ کر باریک کر لیں۔

خوراک : ۳ ماشہ ہمراہ تازہ پانی بعد از طعام۔

نوٹ : مندرجہ بالا تینوں دواؤں کو تازہ پانی کے ساتھ بعد طعام استعمال کریں۔

●

قبض ام الامراض

وجوہات و تشخیص : اس میں پاخانہ حسب عادت نہیں آتا۔ قبض کی وجہ سے اکثر درد سر کی شکایت رہتی ہے۔ خفقان جسم کی رنگت زردی مائل ہوتی ہے کھانا ہضم نہیں ہوتا۔ کھٹی ڈکاریں آتی رہتی ہیں ہر وقت پیٹ بھرا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ کھانا کھانے کو جی نہیں چاہتا۔ قبض کو ام الامراض کہا گیا ہے یعنی دوسری پیدا ہونے والی بیماریوں کی ماں قبض ہے۔

علامات : جس انسان کو قبض کی شکایت رہتی ہو۔ اس کے پیٹ میں بدہضمی رہتی ہے جسم بھاری بھاری رہتا ہے۔ قبض کی وجہ سے انسان کے جوڑوں میں درد، سر میں درد، کمر درد اور طبیعت اچاٹ رہتی ہے۔ کام کرنے کو دل نہیں چاہتا۔ کھانے کے بعد پیٹ میں درد رہتا ہے۔ اگر قبض ختم ہو جائے تو ایک انسان کو دوسری تمام بیماریوں سے نجات مل جاتی ہے اور صحت مند ہو جاتا ہے۔

قبض کی دو قسمیں ہیں

۱۔ عارضی ۲۔ دائمی

عارضی قبض خود بخود ختم ہو جاتی ہے۔ البتہ دائمی قبض کا علاج کروانا چاہئے۔

پیشگی وصول!

کیا تم اس ڈاکٹر کے پاس گئے تھے جس کے پاس جانے کا مشورہ میں نے تمہیں دیا تھا۔

ہاں گیا تھا، اور یہ بھی بتایا تھا کہ تم نے مجھے بھیجا ہے۔۔۔!

پھر اس نے کیا کہا؟ اس نے فیس پیشگی وصول کر لی ہے۔"

۳ مرتبہ دیں بے حد مجرب ہے۔

سفوف احمر

صندل سرخ ۲ تولہ، صندل سفید، زہر مہرہ، گیرو مکد ا تولہ، طباشیر، دانہ الائچی، خرفہ سیاہ مکد ۶ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ سفوف تیار کریں۔

خوراک ۲ رتی تا ۴ رتی ہمراہ آب دیں۔

سرسام، تپ محرقہ ہر قسم اور دیگر تیز تپ کے لیے مجرب ہے۔ طاعون اور تپ گرم بعد پیاس لگنے کے لیے مفید ہے۔

جواہر مہرہ

یاقوت سرخ، عقیق سرخ مکد ۳ ماشہ۔ زمرد سبز، مروارید کہربا مکد ۲ ماشہ۔ افیون، مشک سیاہ، عنبر اشہب، زعفران، ورق نقرہ مکد ۳ ماشہ۔ لوبان ۲ ماشہ۔ سم الفار ۴ رتی۔ ورق طلا ا ماشہ۔ اول الذکر جواہرات کو گرم کرکے عرق گلاب میں سرد کریں۔ حتیٰ کہ بے رونق اور پیسنے کے لائق ہو تو باقی اشیاء کو سفوفاً عرق کیوڑہ، عرق گلاب، عرق بید مشک ہر ایک ۳ بوتل میں کھرل کرکے سفوف تیار کریں۔

خوراک ا تا ۲ چاول بدرقہ مناسب سے دیں بے حد مفید ہے۔

قبض کشا سفوف

سید محمد اکرم شاہ فیض پنج تن دواخانہ۔ مقام وڈالکی نہ پیوڑاں تحصیل و ضلع چکوال

طویل عرصہ بعد آج حاضر ہو رہا ہوں۔ چند سطور بغرض اشاعت بھیج رہا ہوں۔ انشاء اللہ آئندہ بہت کچھ لکھنے کا ارادہ ہے۔ سر دست ایک قابل قدر نسخہ ارسال ہے۔ لفظ "مجرب" ہر سُنے سُنائے اور پڑھے پڑھائے نسخہ کو مجرب سمجھا جاتا ہے۔ بعض لوگ اجزائے نسخہ کو دیکھ کر مجرب کہہ دیتے ہیں۔ بعض لوگ کسی معتبر شخص سے مجرب سُن کر اُسے اپنا بھی مجرب سمجھنے لگتے ہیں۔ کوئی نسخہ ایک دو بار درست ثابت ہو تو ہم اُسے بھی مجرب کہہ دیتے ہیں۔ دراصل ایسا نہیں ہے۔ مجرب تجربہ کئے ہوئے کو کہتے ہیں اور تجربہ انسان خود کرتا ہے۔ نہ کہ دوسروں کے تجربوں کو اپنا تجربہ سمجھ سکتا ہے۔ تجربہ خود کرنا چاہئے اور کئی بار تجربہ کے بعد جب نسخہ صحیح اترے تو وہ مجرب ہے۔ طبیب نسخہ کو آزماتے ہوئے اول تشخیص کا محتاج ہے۔ اگر اُس نے نسخہ صحیح جگہ استعمال کیا ہے تو نتیجہ صحیح نکلے گا۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ نسخہ صحیح ہے لیکن غلط موقعہ پر استعمال کرنے سے نسخہ بدنام ہو جاتا ہے حالانکہ غلطی طبیب کی ہے۔

ذیل میں ایک مجرب نسخہ حاضر ہے۔ اطباء اسے تیار کرکے مطب میں رکھیں اور فائدہ اٹھائیں۔ وھو ہٰذا

ا۔ ملٹھی کے صاف ٹکڑے لے کر سفوف کرکے چھان کر وزن کریں یہ سفوف ۱۶ تولہ ہو۔

۲۔ سناکی پتیوں کو ٹہنیوں سے صاف کرکے سفوف کرکے چھان لیں وزن ۱۲ تولہ ہو۔

۳۔ سونف صاف کرکے سفوف کرکے چھان لیں اور وزن کریں یہ وزن ۸ تولہ ہو۔ ص

۴۔ گندھک ڈنڈا نہ ملے تو گندھک ولائتی سفوف لے کر چھان لیں یہ وزن ۸ تولہ ہو۔

۵۔ سفید کھانڈ باریک کرکے چھان لیں۔ اس کا وزن باون ۵۲ تولہ ہو۔

ان تمام کو ملا کر ایک بڑی بوتل میں محفوظ رکھیں جس پر اچھا کارک لگا ہو۔ یہ ایک بے نظیر قبض کشا سفوف ہے۔

خوراک: اس کی ۴ تا ۶ ماشہ ہے۔

رات کو پانی سے دیں۔ صبح اجابت بافراغت ہو جاتی ہے۔ دو چار مریضوں کو دے کر دوا کی صحیح خوراک کا تعین ہو جائے گا۔

• دریا بہ حباب اندر

قارئین اسرار حکمت کی خدمت میں دوبارہ حاضری کا شرف حاصل کر رہا ہوں گذشتہ شمارہ میں میرے مضمون (جریان) کو احباب نے کافی پسند فرمایا۔ احباب کی پرزور فرمائش پر ماہنامہ اسرار حکمت کے قارئین کی خدمت میں ایک نیا سلسلہ "دریا بہ حباب اندر" کے عنوان کے تحت پیش کر رہا ہوں۔ اس میں میں اپنے مشاہدات تجربات و مجربات پیش کروں گا۔ اور موضوع کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے تجربہ شدہ ایسے مجربات پیش کروں گا جو اپنے شفائی اثرات کی وجہ سے کئی امراض کے خاتمہ کا حکم رکھتے ہیں اور معالج کو کسی طور مایوس نہیں ہونے دیتے۔ اس کے علاوہ ان مجربات کا ایک خاصہ یہ بھی ہوگا کہ یہ کم خرچ اور آسانی سے دستیاب ہونے والے اجزاء پر مشتمل ہوں گے۔

اور ایلوپیتھی ادویہ کے مقابلے میں طب اسلامی میں فوری اثرات کے حامل ہوں گے۔ مجھے امید ہے کہ قارئین اسرار حکمت میری اس کاوش کو پسند فرمائیں گے اور محسوس کریں گے کہ اطباء کا ایک ایسا طبقہ بھی موجود ہے جو بخل کو پسند نہیں کرتا اور اپنے مجربات و مشاہدات بخوشی اطباء کے استفادہ کے لیے پیش کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مجھے توفیق دے کہ میں طب اسلامی کی خدمت کر سکوں۔ قارئین سے گذارش ہے کہ وہ میرے تجربہ شدہ مجربات کو آزمائیں اور مندرجہ ذیل پتے پر رابطہ قائم کریں۔

حکیم محمد ارشد شہزاد لاثانی دواخانہ سکھو چک
تحصیل شکر گڑھ ضلع سیالکوٹ

• اکسیر سفید لاثانی

زاج ابیض (پھٹکڑی سفید) احراق سنگ (چونا قلعی) ملکہ ۵۰۰ گرام (ہموزن) اجوائن ایک پاؤ۔

ترکیب تیاری: اجوائن کو ڈیڑھ کلو پانی میں جوش کر کے جوشاندہ تیار کر لیں اس کے بعد مندرجہ بالا ہر دو اشیاء کو کھرل میں ڈال کر خوب سحق و بلیغ کریں حتیٰ کہ سارا جوشاندہ ختم ہو جائے۔ پھر اس سفوف کو اچھی طرح خشک کر کے محفوظ کر لیں۔

۱۔ یہ دوا عام بخار، ملیریا بخار، ٹائیفائیڈ بخار کے علاج میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے آج کل اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ اگر ملیریا کا ٹھیک طور سے علاج نہ کیا جائے تو بخار بگڑ کر ٹائیفائیڈ کی صورت اختیار کر کے کئی پیچیدگیاں پیدا کر دیتا ہے۔ ایسی صورت میں یہ دوا اپنا فوری اثر دکھاتی ہے اور مریض کو جلدی صحت یاب کرتی ہے۔ یہ دوا صبح و شام دو دو رتی کی مقدار میں پانی کے ہمراہ دیں مریض کو نرم غذا دیں اور دہی سے پرہیز کرائیں۔

۲۔ نزلہ زکام فلو اور کھانسی کے لیے بھی یہ دوا اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ مندرجہ بالا طریقہ کے مطابق مریض کو دیں۔ گرم محرک اور چکنائی دار چیزوں سے پرہیز کروائیں۔

۳۔ عام نزلے یا بخاروں کے دوران قے شروع ہو تو یہ دوا قے کو فوری ختم کرتی ہے۔ اور نظام انہضام کی اصلاح کرتی ہے غذا کو ہضم کرتی ہے۔ اس کے علاوہ ہچکی کو ختم کرنا اس دوا کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ مقدار اور طریقہ مندرجہ بالا ہی ہے۔

۴۔ وبائی اسہال یا ہیضہ میں اس دوا کی مقدار دوگنی کر کے دی جاتی ہے۔

۵۔ بچوں کے امراض اسہال قے میں یہ عمر کے مطابق استعمال کی جاتی ہے۔ اس کی مقدار ایک رتی اور شیر خوار بچوں کے لیے

(باقی صفحہ پر)

مجربات تاثیری

حکیم تاثیر حیدر، کوٹ مراد پہاڑ پور ضلع جھنگ

۱۔ سفوف اجرام سپیشل

منی سے متعلقہ عوارض مثلاً جرم تولیہ کی کمی، احتلام، جریان، سرعت انزال، رقت منی، کی باہ کو دور کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے بے پناہ قوت شہوانی پیدا ہوتی ہے۔ دوران مباشرت لذت بڑھتی اور شہوت جلد نہیں مٹتی۔ بانجھ پن کورس میں مردوں کے استعمال کے لیے۔

ھوالشافی: اسگندھ ناگوری، بداری قند

ہر دو چیزیں برابر وزن۔ باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک چمچی صبح ایک چمچی شام ہمراہ دودھ شیریں کردہ۔ مریض کو ۳۰ یوم کی دوائی کورس کی شکل میں دیں۔

۲۔ سفوف کلونجی مرکب

پیٹ گیس ختم کرنے کے لیے طب نبویؐ کی تجربہ پیش کش۔ نمکیات سے پاک جسے بلڈ کے مریض بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

ھوالشافی: کلونجی، پودینہ خشک، فلفل دراز۔ ہم وزن۔ سفوف تیار کریں۔ ایک چمچی دونوں وقت کھانے کے بعد پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

۳۔ جدید خارشی مرہم

خارش ہر قسم کے لیے مفید ترین نسخہ۔ تجربات کا نچوڑ۔ جائے متاثرہ پر دن میں دو مرتبہ لگائیں۔

گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ مردار سنگ ۱ تولہ۔ بورک ایسڈ ۱ تولہ۔ زنک اوکسائیڈ ۱ تولہ۔ مشک کافور ۱ تولہ۔ ڈیٹول ۱ تولہ۔ کاربالک ایسڈ ۱ تولہ۔

پہلے کاربالک ایسڈ اور مشک کافور کو حل کر کے ڈیٹول میں حل کرکے باقی ادویہ باریک شدہ ملا کر ویزلین میں شامل کر کے مرہم بنا لیں۔

بس جدید خارشی مرہم تیار ہے۔ استعمال کریں۔

۴۔ چنبلینہ مرہم

صرف دن میں دو مرتبہ متاثرہ جلد پر لگانے سے چند روز میں مرض کا نام و نشان تک نہیں رہتا۔ مجرب مرہم ہے۔

ھوالشافی: پارہ ۱ تولہ، سم الفار سفید ۱ تولہ، تیزاب گندھک ۵ تولہ۔ ہر سہ اجزاء کو تام چینی کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب تیزاب خشک ہو جائے تو اتار کر باریک پیس لیں۔ پھر سفوف مذکورہ ۱ تولہ، کاربالک ایسڈ ۱ تولہ، ویزلین سفید ۵ تولہ میں ملا کر مرہم تیار کریں۔ اور ایک ایک تولہ مرہم کی ڈبیہ بھر لیں۔ مقام ماؤف کو صاف کر کے تھوڑی سی دوائی مل دیں۔

۵۔ حب اذراقی سپیشل

تقویت اعصاب کے لیے میرے تجربہ میں بہترین گولیاں ثابت ہوئی ہیں۔ حب اذراقی طب کا قدیم نسخہ ہے۔ اطباء حذاق نے مختلف اعصابی امراض میں استعمال کر سکتے ہیں۔

ھوالشافی: کچلہ مدبر، دارچینی، لونگ، اسارون، بالچھڑ، مرجانقل، زعفران برابر وزن۔ ہمراہ شہد نخودی گولیاں بنائیں۔

ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ نیم گرم۔ دوران استعمال دوا دودھ گھی بکثرت استعمال کریں۔ دس یوم دوا کے استعمال کے بعد دو یوم ناغہ کریں۔

کہ غلط رسم و رواج بھی بعض امراض کا باعث ہیں۔ امراض کا ایک سبب غلط رواج و رواج ذی شعور لوگ بخوبی جانتے ہیں۔ بخار میں مریض پہلے ہی بے خوابی کے شکار ہوتے ہیں۔ اسی لیے وہ چلنے کے ساتھ ساتھ نٹ آور چیزوں کا سہارا ڈھونڈتے ہیں۔ بعض اوقات طبیب/ڈاکٹر بھی ایسے مریضوں کو نیند کے لیے منشی ادویہ تجویز کرتے ہیں۔

آخر میں حکیم محترم جناب نور محمد چوہان سے ملکی مفاد کی خاطر التجا ہے کہ "امراض کا ایک سبب غلط رواج و رواج" پر ضرور بعض دوا ادویہ لکھیں۔

نوٹ: تصحیح فرمالیں کیونکہ بعض رواج و رواج صحیح ہوتے ہیں۔

سفوف بخار ہر قسم

ہوا شالی، ست گلوئے چرائتی ا تولہ، ست گلو درخت نیم چرائتی ا تولہ۔ کچور ۶ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۳ تولہ۔ الائچی کلاں ۶ ماشہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ ریوند خطائی ۳ تولہ۔ سنبل الطیب ۳ تولہ۔ تخم کاہو ۵ تولہ۔ خاکسی مدبر ۵ تولہ۔ تخم بجواہ تولہ۔ فلفل دراز مدبر ۴ ماشہ۔ کھانڈ تمام ادویہ کا نصف وزن۔ تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر ملالیں۔

استعمال و منافع: بچوں کو ۲ رتی سے ۴ رتی تک ہر چار گھنٹہ بعد ہمراہ دودھ گاؤ۔ بڑوں کو ۲ ماشہ سے ۴ ماشہ تک۔

● ۱/۲ پاؤ دیسی مکھن دس دفعہ پانی میں دھولیں۔ پھر مکھن کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں پھر بچھلے ۱/۲ گھنٹہ آہستہ آہستہ آگ اوپلا کی جلائیں۔ جب پھلے جل جائیں سرخ ہوں تو پھلوں کو نکال کر کوٹ لیں۔ باریک کرکے دوسری ادویات پیس کر ملالیں مرہم بن جائے گی۔

انجیروں زخموں پر دو رتی کے قریب لگادیں۔ تین چار مرتبہ لگانے سے زخم ٹھیک ہو جائیں گے۔

کئی دفعہ کا آزمودہ ہے۔

● مجرّبات

نسخہ قوت باہ

عقرقرحا ۳ ماشہ۔ شنگرف ۱/۲ ۱ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ زعفران ۱/۲ ۱ ماشہ۔ جلوتری ۳ ماشہ۔ افیون ۴ رتی۔ خالص مشک نافہ ۳ رتی۔ دارچینی ۳ ماشہ۔ بڑ کا دودھ ۱/۲ چھٹانک۔ تمام اشیاء کوٹ چھان کر بڑ کے دودھ میں رگڑ کر چنے برابر گولی بنالیں۔ ایک گولی رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

معجون تبخیر معدہ

مربہ آملہ دس عدد۔ مربہ ہرڑ پانچ عدد۔ زرشک تولہ۔ پھول گلاب دس تولہ۔ طباشیر چھ ماشہ۔ بالچھڑ ۶ ماشہ۔ چھوٹی الائچی ۶ ماشہ۔ مصطگی رومی ۶ ماشہ۔ صندل سفید ۸ ماشہ۔ صندل کو نصف بوتل عرق گلاب میں حل کر کے پھر ۱/۲ سیر چینی کھانڈ کا قوام بنا کر پھر تمام اشیاء پیس کر ڈال دیں معجون تیار ہے۔

خوراک: ایک چھوٹی چمچی تمام امراض معدہ کو مفید ہے۔

● جگر کی خرابی، خون کی کمی

زرشک شیریں ۱/۲ ۲ تولہ۔ آلو بخارا ۵ تولہ۔ تخم کشوث تولہ۔ ریوند چینی تولہ۔ تخم ریحان تولہ۔ تخم کاسنی ۵ تولہ۔ سرکہ خالص ۱۰ تولہ۔ چینی ۳ پاؤ۔

دو سیر پانی میں کوٹنے والی ادویات کوٹ کر بھگودیں۔ آٹھ پہر کے بعد آگ پر چڑھادیں۔ ایک سیر پانی رہنے پر اچھی طرح مل چھ کر صاف کر کے پانی میں سرکہ اور کھانڈ ڈال کر شربت تیار کریں۔

موسم کے لحاظ سے استعمال کریں۔

● مرہم انجیرات تجربہ شدہ

پھلے تولہ۔ کسپور تولہ۔ شنگرف رومی تولہ۔ مکھن گائے

حکیم صوفی ثناء اللہ
کوٹلی لوہاراں مغربی، ضلع سیالکوٹ

مجرباتِ ثنائی

معجونِ پنبہ دانہ حکیم نابینا صاحب والا

ہوالشافی: مغز پنبہ دانہ ۸ تولہ۔ دارچینی، قرنفل، مغز چلغوزہ، تخم اوٹنگن ہر واحد چار، چار تولہ۔ شقاقل ۲ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ جائفل ۲ تولہ۔ قسط شیریں ۱۲ ماشہ۔ تخم السی بریاں ۱۴ ماشہ۔ مصطگی رومی ۱۲ ماشہ۔ عسل سہ چند ادویہ ملالیں۔

مقدار خوراک: ۴ سے ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ۔

حبِ ممسک

ہوالشافی: مغز بادام تازہ، کیلا پختہ، افیون خالص، مساوی الوزن۔ نخودی گولیاں تیار کریں۔

ایک گولی مباشرت سے ۳ گھنٹہ قبل استعمال کریں۔ پیاس لگے تو دودھ استعمال کریں۔ مستقل علاج کے لیے ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

حبِ کونین کافوری

ملیریا بخار کے لیے مطب کا چلتا پرزہ ساز۔

ہوالشافی: زہر مہرہ خطائی، طباشیر، الائچی خورد، ست گلو، ہر واحد ایک ایک تولہ۔ مشک کافور، کونین ہر واحد ۳، ۳ ماشہ۔ نخودی گولیاں بنائیں۔

ایک گولی فی خوراک دن میں تین مرتبہ استعمال کروائیں۔

گھیکوار کا حلوہ

گنٹھیا کے لیے بہت مفید ہے۔

ہوالشافی: گھیکوار کا گودہ ایک سیر لے کر گائے کے تین سیر دودھ میں پکائیں۔ جب تمام دودھ خشک ہو جائے تو ایک پاؤ چنے یا گندم کا آٹا ایک پاؤ خالص گھی میں بھون کر اس میں ملا دیں۔ پھر دو سیر چینی پانی میں حل کر کے اس میں ملا کر حلوہ بنا لیں۔ آخر میں لونگ، دانہ الائچی کلاں، اجوائن دیسی ایک ایک تولہ کا سفوف بنا کر ملالیں۔

ایک سے ۲ چمچے صبح و شام استعمال کریں۔ سرد اشیاء سے پرہیز کریں۔

نمک سلیمانی کا مختصر نسخہ

ہوالشافی: نمک سیاہ ۶ تولہ۔ نوشادر، مرچ سیاہ، دانہ الائچی کلاں ہر واحد چار چار تولہ۔ سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: آدھا چمچہ بعد از غذا یا ضرورت کے وقت استعمال کریں۔ تیار کریں انشاء اللہ آپ اسے معمول بنائے بغیر نہ رہ سکیں گے۔

راوی : بشیر احمد آتشباز
تحریر : میاں شاہد اکبر نقشبندی

مجرّباتِ آتشباز

محترم جناب حکیم نور محمد چوہان صاحب و قارئین کرام۔

آپ کی خدمت میں مجربات آتش باز حاضر ہیں۔ امید ہے کہ قارئین حضرات پسند فرمائیں گے۔ ان مجربات کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ "صاحب نسخہ جات" بالکل ان پڑھ ہیں۔ اور برسوں سے مریضوں پر استعمال کر رہے ہیں اور مریض بھی شفایاب ہو رہے ہیں۔ جنسی امراض مردانہ کے آپ خصوصی ماہر ہیں۔ گم نام ہیں پیشہ کے لحاظ آتشباز ہیں۔ بجلی پر میرا الیکٹرک کا کام ہے، کہ اپنے قیمتی اثاثے کو ظاہر کرنے پر رضا مند ہوئے ہیں۔ لہٰذا میری آپ حضرات سے پُر زور گزارش ہے کہ ایسے نایاب نسخہ جات کی قدر کریں۔ نہایت سہل اور عام ملنے والی اشیاء ان نسخہ جات کے حصہ ہیں۔ کسی قسم کی کوئی پیچیدگی یا مشکل داخل نہیں ہے۔

دوائے سستی نامردی

● میرے محسن دوست آتشباز صاحب بتلاتے ہیں کہ جہاں پر قیمتی سے قیمتی نسخے جواب دے گئے۔ وہاں پر اس مفرد نسخہ نے ایسا کام دکھایا کہ عقل دنگ رہ گئی یہ نسخہ دو مرحلوں پر مشتمل ہے۔ دونوں نسخے بے حد آسان و مجرب ترین ہیں، بلا کھٹکے استعمال کریں۔

پہلا مرحلہ ـــــ ترنجبین ایک تولہ سے کر کپڑے میں باندھ کر پوٹلی بن جائے۔ اب تین پاؤ دودھ کو دیگچی میں ڈال کر پوٹلی بھی دودھ میں ڈال دیں اور دودھ کو گرم کریں۔ چار پانچ جوش آنے پر دیگچی اتار لیں۔ تمام دوائی دودھ میں حل ہو چکی ہوگی۔ مذکورہ دودھ کو رات سوتے وقت پینا ہے۔ اور اسی طرح دس یوم متواتر پوٹلی والا دودھ پیئیں۔ دس یوم میں دس تولہ مذکورہ دوائی خرچ ہوگی پہلا مرحلہ ختم۔

● دوسرا مرحلہ ـــــ پیاز سفید کا ایک کلو پانی حاصل کریں۔ اس میں آدھ پاؤ دال ماش صاف شدہ بھگو دیں۔ پیاز کا پانی خشک ہونے پر دال کو سائے میں خشک کریں۔ خشک کرنے کے بعد مذکورہ دال کو کڑاہی میں بھون لیں۔ پھر کوٹ کر باریک سفوف بنالیں یہ سفوف ایک تولہ دودھ تین پاؤ، میٹھا حسب ضرورت ڈال کر اس کی کھیر تیار کریں۔ کھیر رات کے وقت تیار کر لیں اور علی الصبح کھالیں۔ یہ عمل دس روز تک کرنا ہے۔ دوسرا مرحلہ بھی ختم۔

فوائد: موجودہ دوائی بیس یوم کے کورس کے بعد وہ فوائد حاصل کرے گی جس کی ہر آدمی خواہش رکھتا ہے سستی و نامردی کا جڑ سے خاتمہ کرے گی۔

کشتہ سنکھیا سفید

اجزاء: سم الفار سفید کانی ایک تولہ کی ڈلی۔ دودھ آک ایک پاؤ روزانہ۔

تیاری: ایک کڑاہی لیں جس میں چار پانچ کلو ریت آ سکے۔ ریت کو کڑاہی میں ڈال کر چولہے پر رکھ دیں اور ایک کٹھالی سنارون والی لے کر اس میں دودھ آک ڈالیں اور ساتھ ہی اس میں ڈلی سم الفار ڈال دیں اور اس کو کڑاہی ریت والی میں رکھ کر نیچے آگ جلائیں۔ آگ آہستہ آہستہ جلے بہت تیز نہ کریں۔ دھیمی دھیمی آگ پر دودھ کو کٹھالی میں خشک کریں۔

خشک ہونے پر آگ بند کر دیں یہ ایک دن کا عمل ہو گیا۔ اگلے روز مزید نیا دودھ آک ایک پاؤ کڑھائی میں ڈالیں اور نیچے آگ جلا کر سم الفار میں جذب کرائیں۔ اسی طرح چار یوم مسلسل عمل کرنا ہے۔ چار یوم میں ایک کلو دودھ سم الفار کی ڈلی میں جذب ہو جائے گا۔

اب سم الفار کو رگڑ کر باریک کر لیں اور اس میں تھوڑا سا گودا گھیکوار ڈال کر مزید رگڑیں کہ ٹکی سی بن جائے۔ اس کو ایک دن پڑا رہنے دیں تاکہ خشک ہو جائے۔ اب آک کے بیس عدد پتے لے کر ان کا نغدہ تیار کریں اور سم الفار والی ٹکی کو درمیان میں رکھ کر پانچ کلو کی آگ دے دیں۔ یہ ایک عمل ہو گیا۔ اب دوبارہ سم الفار کو لے کر پہلے کی طرح گودہ گھیکوار ڈال کر ٹکی باندھ لیں۔ اور حسب سابق آک کے پتوں کے نغدہ میں مزید پانچ کلو کی آگ دیں۔ اسی طرح کل چار آنچ دیں۔ کشتہ تیار ہے۔

خوراک: آدھا چاول ہمراہ دودھ گھی مکھن وغیرہ بمطابق طبیعت و مزاج۔ ایک ہفتہ استعمال کریں۔ زیادہ سے زیادہ پندرہ یوم۔

فوائد: سستی، کمزوری، جریان کو ختم کرتا ہے۔ باقی فوائد کھانے کے بعد ظاہر ہوں گے۔

سفوف راحت جان

● اس نسخہ کی تعریف کرنا گویا سورج کو چراغ دکھانے کے مترادف ہے۔ "سفوف راحت جان" سے بیسیوں مریض شفایاب ہو چکے ہیں گو مختصر نسخہ ہے مگر اپنے اندر بے شمار خوبیوں کا حامل ہے۔ آپ بھی اس سے مستفید ہونے کی کوشش کریں۔

اجزاء: مردہ چاکسو ۵ تولہ۔ گندھک آملہ سارہ تولہ۔ چھوٹی الائچی سبز ۲ تولہ۔ کوٹ پیس کر سفوف بنا لیں اور سنبھال رکھیں۔

خوراک: ½ ماشہ ہمراہ دودھ دن میں صرف ایک بار دینا ہے۔

فوائد: ایسے زخم جو انسانی جسم کے اندر ہوں اس کے لیے خصوصی طور پر مفید ثابت ہوا ہے۔ خارش، پھوڑا، پھنسی اور چنبل کے واسطے بے حد مفید ہے۔ جسم پر کسی بھی قسم کا زخم ہو یا نشان پڑ گئے ہوں اس کے لیے شفا بخش دوا ہے۔ پھیپھڑے کے زخم بند کرنے کے لیے اکسیر الاثر ہے۔ بے ضرر ہے ضرور استعمال کر کے دیکھیں۔ آپ اس مختصر سفوف کے ہمیشہ کے لیے گرویدہ ہو جائیں گے۔

حکیم محمد ارشد شہزاد
سکھوچک لاثانی دواخانہ تحصیل شکرگڑھ ضلع سیالکوٹ

دریا بہ حباب اندر

میں پاکستان کے اُن اطباء و حکماء کا تہہ دل سے شکرگزار ہوں جنہوں نے میرے مضمون الجریان و سلسلہ "دریا بہ حباب اندر" کو پسند کیا آزمایا اور مجھے تجربہ و صداقت سے آگاہ کیا۔ میں ادارہ اسرارِ حکمت کا بھی شکرگزار ہوں کہ جس کی وساطت سے مجھے اپنی تحقیق و تجربات حکماء کے استفادہ کے لیے پیش کرنے کا شرف حاصل ہوا۔

ملک بھر سے مجھے حکماء و حکمت سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کے خطوط موصول ہوئے۔ ان سب حکماء نے میری اس حقیر کاوش کو پسند فرمایا اور اصرار کیا کہ اس سلسلہ کو اطباء کے استفادہ کے لیے جاری رکھا جائے۔ میری قارئین اسرارِ حکمت سے گزارش ہے کہ میرا کم خرچ سہل الحصول فوری اثر نسخہ جات پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ میرے وطنِ عزیز کے زیادہ عوام غریب ہیں زیادہ مہنگی دوائیں خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے لہٰذا میری اُن حضرات سے گزارش ہے جو یہ نسخہ جات بنائیں وہ لوگوں سے دوا کا معاوضہ نہایت قلیل وصول کریں۔ اور پھر قدرتِ کاملہ کا کرم ملاحظہ فرمائیں کہ یہ معمولی دوائیں مہنگی سے مہنگی دواؤں کے مقابلے میں کتنی زود اثر ہیں اب میں حسبِ وعدہ قارئین کی خدمت میں اپنے مطب کا تجربہ شدہ مصدقہ سہل الحصول زود اثر نسخہ پیش کرتا ہوں۔ اُمید ہے کہ حکماء اس اکسیر سے فائدہ اٹھائیں گے۔

اکسیر اسود لاثانی

برگ مدار ۱۰۰ عدد۔ نمک سیاہ ۱۰۰ گرام۔ زراوند ابیض خام (پھٹکڑی) ۱۰۰ گرام۔ نمک سیاہ اور پھٹکڑی کو اچھی طرح پیس کر رکھ لیں ایک مٹی کی بڑی ہانڈی لے کر اس کے اندر ایک عدد برگ مدار رکھ دیں اب اسی برگ مدار کے اوپر دو گرام زراوند ابیض اور نمک سیاہ کا سفوف چھڑک دیں۔ اسی طرح تہہ در تہہ پتے رکھتے جائیں اور سفوف چھڑکتے جائیں حتیٰ کہ تمام سفوف اور پتے ختم ہو جائیں اس کے بعد ہانڈی کا منہ بند کر کے گل حکمت کریں اور ایک من اوپلوں کی آگ دیں جب آگ سرد ہو جائے تو ہانڈی میں سے جو کچھ برآمد ہو اُسے نکال کر اچھی طرح پیس کر محفوظ کر لیں۔

یہی اکسیر اسود لاثانی ہے جو کہ کئی امراض کے خاتمہ کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ یہ اکسیر نزلہ زکام کھانسی، کھانسی کے ہمراہ خون آنا، دمہ، پرسوت کے بخار کے لیے اور بخار کے ہمراہ لرزہ کے لیے مقدار خوراک چار رتی صبح چار رتی شام ہمراہ پانی بعد از غذا دی جاتی ہے۔ نزلہ زکام اور معمولی کھانسی میں یہ دوا تین دن دینا ہی کافی ہے۔ لیکن مزمن صورت میں یہ دوا کورس کی شکل میں دو سے تین ماہ تک کھلانا ضروری کہا جاتا ہے۔ دمہ یا پرانی کھانسی میں یہ دوا عرق گاؤزبان کے ہمراہ دیں یہ دوا کھلانے سے مریض کو بھوک خوب لگتی ہے اور کھایا پیا ہضم ہو جاتا ہے۔

موٹاپا ـــــ بڑھا ہوا پیٹ جسم میں کولیسٹرول کی زیادتی، بدہضمی، سنے، اسہال، ہیضہ، ہچکی میں چار چار رتی کی مقدار پانی کے ہمراہ دیں۔ موٹاپے کے لیے دو ماہ کا کورس کروائیں اور پانی کی بجائے عرق سونف تجویز کریں۔

بواسیر خونی بادی چار چار رتی صبح و شام ہمراہ لسی دہی کے دینے سے مرض کو آرام آتا ہے۔ اور خون فوری بند ہو جاتا ہے۔ لسی پتلی ہونی چاہیئے اور اگر چاٹی کی لسی میسر ہو تو زیادہ بہتر ہے۔

پائیوریا (پائیوریا) میں بھی دوا بطور منجن استعمال کروائیں اور استعمال کے بعد مریض کو ہدایت کریں کہ سرسوں کا تھوڑا سا تیل مسوڑھوں پر لگائے۔

سنگرہنی ـــــ جو کہ ایک نامراد مرض ہے۔ اس دوا کا ایک ماہ کا کورس مرض کو جڑ سے اکھاڑتا ہے۔ اس کی مقدار خوراک چار چار رتی ہمراہ پانی دیں۔ مریض کو ایک ماہ تک بالکل نرم غذا دیں۔ اور ثقیل چیزوں سے پرہیز کروائیں۔

ضروری وضاحت

مندرجہ بالا مقدار خوراک جوان آدمی کے لیے ہے۔ کم عمر کے لیے مقدار کم کر دی جاتی ہے۔ بچوں کو عمر کے مطابق تجویز کریں۔ نیز بوڑھوں کے لیے مقدار خوراک بڑھائی جا سکتی ہے۔ مزمن امراض میں اس کا مکمل کورس دو سے تین ماہ تک کروایا جا سکتا ہے۔

نوٹ: اکسیر اسود لاثانی کے متعلق مزید معلومات کے لیے مندرجہ بالا پتہ پر رابطہ قائم کریں۔

بقیہ: مجربات آتشباز

طلاء فربہی و درازی آتشباز والا

اجزاء: جائفل، جاوتری، زرد خشک چھوہارہ گٹھلی دور کردہ، خراطین، رتنیاں، گری بادام، رتنیاں۔

ترکیب: تمام اجزاء تولہ تولہ اور روغن کنجد آدھ پاؤ۔ اجزاء کو تیل میں جلالیں اور تیل علیحدہ کریں۔ طلاء تیار ہے۔ حسب معمول استعمال کریں۔ عضو کی تمام خرابیاں دور کرے گا۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔

بیاضِ مہتاب

حکیم مہتاب حسین دہلوی، حکیم آباد نوشہرہ کینٹ صوبہ سرحد

اکسیرِ معدہ ●

یہ چورن مقوی معدہ ہے۔ اس سے اجابت صاف ہو جاتی ہے۔ بھوک خوب لگتی ہے اور کھایا پیا ہضم ہوتا ہے۔ بوڑھے بچے جوان مرد و زن، یہاں تک کہ حاملہ عورت اور زچہ تک بلا کھٹک استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ نہایت خوش ذائقہ لاجواب چورن ہے۔ جو کہ اکثر مطب میں تیار کرتے رہتے ہیں۔ یہ چورن میرا ۱۲ سال سے تجربہ شدہ ہے۔ ہزاروں مریضوں نے استعمال کیا۔ میرے نایاب نسخہ جات میں سے ہے۔ شوق سے آزمائیں۔ جو خرچ کریں گے وہ وصول ہوگا۔ نسخہ ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء: چھوٹی ہرڑ تین پاؤ۔ زیرہ سفید۔ ۸ تولہ۔ سونف ایک پاؤ۔ نمک لاہوری ایک پاؤ۔ لونگ مدار ایک چھٹانک۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ کر چھان لیں اور ست پودینہ ۶ ماشہ شامل کر کے محفوظ کر لیں۔

خوراک: ۳ ماشہ دوپہر ۳ ماشہ شام کو کھانا کھانے کے بعد پانی سے دیں۔

مہتابی منجن

آج کل دانت صاف کرنے کے لیے بے شمار منجن اور ٹوتھ پیسٹ غیر ممالک سے آ کر وطنِ عزیز میں فروخت ہو رہے ہیں جس سے لاکھوں روپیہ غیر ممالک کو چلا جاتا ہے۔ کیا طبی برادری کو منجن بنانا بھی نہیں آتا۔ حالانکہ طبی برادری یہ اچھی طرح جانتی ہے کہ فوائد کے لحاظ سے غیر ممالک سے آنے والے منجن بالکل بیکار ہیں۔ یہ خاکسار منجن کا ایک نسخہ ذیل میں درج کر رہا ہے۔ میں نے اس منجن کو ۱۰ گرام کے پیکٹ میں تیار کیا ہے اور اس کی قیمت صرف ایک روپیہ فی پیکٹ رکھی ہے۔ جبکہ فی گرس ۱۴۰ روپے ہے۔ تاکہ ہر غریب آدمی اس کو آسانی سے خرید کر استعمال کر سکے۔ آپ کو بھی میں اس کو بنانے کی دعوت دیتا ہوں۔ بنائیے اور خدمتِ خلق کے ساتھ ساتھ اپنا روزگار بھی بڑھائیے۔

یہ منجن گو مختصر ہے لیکن جامع الفوائد ہے۔ برش کے ساتھ دانتوں پر لگانے سے میل کچیل صاف کر کے موتیوں کی مانند چمکا دیتا ہے۔ دانت ہلتے ہوں انہیں مضبوط کرتا ہے۔ مسوڑھوں سے خون و پیپ آتی ہو تو ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ دن بھر منہ سے خوشبو آتی رہتی ہے۔ لیجئے نسخہ کے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

● **اجزاء:** کھڑیا مٹی پونے تین سیر۔ کاربالک ایسڈ ایک پاؤ۔ روغن لونگ اصلی ۲ تولہ۔ پھٹکڑی بریاں ایک سیر۔ سہاگہ بریاں ایک سیر۔ سوڈا بائیکارب ایک پاؤ۔ سکرین حسبِ ضرورت یا حسبِ ذائقہ۔ دانہ الائچی خورد ایک چھٹانک۔

ترکیب تیاری: اول کھڑیا مٹی کو ایک پاؤ کاربالک ایسڈ میں اچھی طرح ملا لیں کہ کاربالک ایسڈ خوب اچھی طرح مل کر کھڑیا مٹی میں جذب ہو جائے۔ اس کے بعد دیگر ادویہ بھی شامل کر کے پیکنگ کر لیں۔

استعمال: انگلی سے، مسواک سے یا برش سے استعمال کریں۔

• مجرّبات تاثیری (ایک رازِ آپکی امانت)

حکیم تاثیر حیدر، کوٹ مراد، ڈاکخانہ بہاڑپور، براستہ نزد موں بیراج تحصیل وضلع جھنگ

حکماء حضرات کی توجہ کے لیے؟

؎ گر تو بُرا نہ مانے تو میں ایک بات کہہ دوں

"مجربات تاثیری" کا سلسلہ اس غرض سے شروع کیا گیا تھا کہ ایک تو اپنے روحانی باپ استاد و پیرو مرشد حضرت علامہ شاد گیلانی کے لگائے گئے بخل شکنی کے پودے کی آبیاری کروں دوسرا یہ کہ ہو سکتا ہے کہ اطبا برادری میری تقلید کر کے میدان بخل شکنی میں قدم رکھے مگر تاحال مایوس ہی ہوں۔ بس یہی اشارہ کافی ہے۔

ذیل میں جو نسخہ پیش خدمت ہے گو ایلوپیتھی طریق پر تیار کردہ ادویہ پر مشتمل ہے لیکن دراصل یہ دیسی ادویہ مثلاً کچلہ، سونٹھ، الائچی، فولاد کا جوہر مؤثرہ ہیں۔

نسخہ ایسا ترتیب دیا گیا ہے کہ بآسانی دستیاب و تیار ہو سکتا ہے۔ ترکیب استعمال دوا نہایت ہی سہل ہے۔ گو اس نسخہ کا ایک جزو سم الفار ہے لیکن آپ کی معلومات کے لیے اس کی مقدار خوراک ادو باتی ہے۔ سمیاتی نہیں۔ آپ تیار کر کے بلا خوف و خطر استعمال کروائیں۔ آپ کو کسی جانبی اثرات کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ (انشاءاللہ)

• شفا سلیقی ڈراپس

ہوالشافی: لائیکو ارسینی کلس، ٹنکچر فیری پرکلورڈ (ٹنکچر سٹیل)، ٹنکچر کارڈمم، ٹنکچر نکس وامیکا، ٹنکچر زنجبیرس۔

پانچوں ادویہ ایک ایک پونڈ لے کر باہم ملا کر محفوظ رکھیں۔ ڈراپس تیار ہیں۔

مقدار خوراک: پانچ قطرے آدھ کپ پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ بعد از غذا استعمال کریں۔ نہار منہ دوا کا استعمال نہ کریں۔ دس یوم استعمال کے بعد ۲ یوم ناغہ کریں۔

فوائد: ۱۔ بطور جنرل ٹانک ایک قابل اعتماد دوا ہے۔

۲۔ جلد چلدی امراض کے لیے ایک مؤثر ترین مصفی خون دوا۔ انسانی بدن میں جو مختلف قسم کی گلٹیاں رسولیاں اور سخت قسم کے ابھار پیدا ہو جاتے ہیں۔ اس دوائی کے استعمال سے صحت ہو جاتی ہے۔

۳۔ موسمی بخار اور اس سے پیدا شدہ عوارضات تلی دیگر کمی خون کے لیے مفید۔

۴۔ مقوی معدہ، کاسر ریاح، بھوک لگانے اور دودھ گھی ہضم کرنے، رفع قبض کے لیے۔

۵۔ تمام عصبی امراض فالج، لقوہ، رعشہ، استرخاء، سلسل البول اور جنسی مردانہ کمزوری کے لیے۔

نوٹ: زخم معدہ، ہسٹریا، اور احتلام کے مریضوں میں استعمال ممنوع۔

صدری بیاض تاثیری (فوٹوسٹیٹ کاپی)

صدری مجربات کا خزانہ جن کا اظہار اسرار حکمت کے اوراق پر ابھی تک نہیں کیا گیا۔ شائقین کے لیے مدا اسرار پر فوٹوسٹیٹ کاپی دستیاب ہے۔

قیمت مبلغ ۸۰/- روپے پیشگی بذریعہ منی آرڈر

تاثیر حیدر، کوٹ [illegible] ڈاکخانہ [illegible] براستہ نزد موں، [illegible]

حکیم محمد بشیر چشتی
چشتی دواخانہ چوک بازار کھیتیانوالہ نزد منور ہوٹل جھنگ صدر

• آزمودہ مجربات

اکسیر الامراض کشتہ توتیا سفید

• ۱۹۷۰ء میں یہ کشتہ مجھے ابوالسینا حکیم محمد اسماعیل امرتسری نے دیا تھا۔

ایک تام چینی کے برتن میں دو سیر پانی ڈال کر ایک پاؤ (۲۵۰ گرام) توتیا حل کریں۔ اس میں ایک پاؤ (۲۵۰ گرام) جست کے ٹکڑے ڈال دیں۔ پہلے پانی کا رنگ نیلا ہوگا۔ ۵ تا ۱۰ یوم میں پانی کا رنگ سفید ہو جائے گا۔ جیسا کہ پانی اپنی اصلی حالت میں تھا۔ پھر نہایت احتیاط سے تام چینی کے برتن میں ڈال کر نرم آگ پر خشک کر لیں۔ نہایت ہی سفید کشتہ تیار ملے گا۔ جو ترشی سے ترش چیز میں زنگار نہ دے گا۔

مندرجہ ذیل امراض پر استعمال کریں۔ سیلان الرحم (لیکوریا) خرابی خون، بواسیر خونی، آتشک، سوزاک کہنہ، اسہال ہر قسم اطفال، امراض دندان، امراض چشم میں مفید ہے۔

سیلان الرحم کی خاص دوا ہے۔ چند یوم میں مرض کو نیست و نابود کرتی ہے۔ لیکوریا کے لیے لاجواب ہے۔ صبح نہار منہ ایک رتی دودھ کی ملائی ۴ گرام میں رکھ کر کھلائیں۔

نوٹ: اگر مرض بہت پیچیدہ ہو چکا ہو تو ایک ماشہ کشتہ مذکورہ ½ کلو پانی میں ملا کر بذریعہ کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ چند یوم میں مرض دور ہو گا اور مریضہ دن بدن تندرست و توانا ہوتی جائے گی۔

خرابی خون میں اعلیٰ درجہ کی مصفی خون دوا ہے۔ ہر قسم کی خون کی خرابی میں نہایت مفید و مجرب ہے۔ پھوڑے پھنسیوں اور خارش ہر قسم میں لاجواب ہے۔ ایک رتی صبح وشام ہمراہ دودھ۔

بواسیر خونی، آتشک و سوزاک کہنہ میں بھروسہ کی دوا ہے۔ ایک رتی ہمراہ مکھن ۳۰ گرام سے۔

بواسیری مسوں کے لیے: ایک تولہ (۱۰ گرام) مکھن میں ½۲ گرام کشتہ ملا کر مسوں پر لگائیں۔ ۲۰ ہفتے میں آرام ہو گا۔ صبح وشام لگائیں۔

اسہال ہر قسم اطفال: بچوں کے ہرے پیلے دستوں میں نہایت مفید ہے۔ بڑوں کو ایک رتی بچوں کو دو چاول ہمراہ پانی دیں۔ مکمل فائدہ ہو گا۔

امراض دندان و پائیوریا: مرض پائیوریا کے لیے یہ کشتہ تریاق خاص کا اثر رکھتا ہے۔ رات کو سوتے وقت دانت صاف کر کے ایک رتی مل کر بلا کلی کئے سو جائیں۔ بفضلِ خداوند تعالیٰ پائیوریا اور دیگر امراض دندان چند یوم میں دور ہو جائیں گے۔

امراض چشم: آنکھوں کے لیے نیلا تھوتھا اور جست کا استعمال مسلمہ ہے۔ چنانچہ دس گرام سرمہ سیاہ مصفیٰ میں ۲ گرام کشتہ طوطیا مذکورہ ملا کر پانچ یوم خوب کھرل کریں۔ اور سلائی سے رات کو سوتے وقت آنکھوں میں لگائیں۔

ککرے، دھند، غبار، آنکھوں سے پانی آنا، آشوب چشم کو مفید ہے۔ مسلسل استعمال کرنے سے عینک تک کی عادت دور ہو جاتی ہے۔ لیکن ساتھ ساتھ سونف بادام، نمک زہرہ و زہرہ بھی کھاتے رہیں۔

یہ کشتہ نیلا تھوتھا کثیر الفوائد، میں ہر وقت مطب میں

(باقی صفحہ ۱۶ پر)

• میرے انمول مجربات

حکیم محمد افضل میو۔ نائب صدر تحریک تجدید طب حلقہ لاہور

امساکی کیپسول

ہوالشافی :۔ تخم دھتورہ ۱۲ گرام۔ دارچینی ۵۰ گرام۔ جائفل ۵۰ گرام۔ کشتہ کچلہ اتولہ۔ افیون اتولہ۔

ترکیب تیاری :۔ تمام دواؤں کو باریک پیس لیں اور ۴ رتی والے کیپسول بھر کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک کیپسول ہمراہ دودھ بوقت ضرورت۔

مزاج مرکب :۔ خشک گرم مقوی (عضلاتی غدی مقوی)

فوائد :۔ ضعف باہ بوجہ رقت منی، جریان، ذکاوت حس اور انتشار کے لیے مفید ہے۔ امساک کے لیے خاص دوائی تحفہ ہے۔

• قبض کشا کیپسول

ہوالشافی :۔ سہاگہ سفید خام ۶۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۱۲۵ گرام۔ صبر سیاہ ۱۲۵ گرام۔ سنڈھ ۳۰ گرام۔ نمک سیاہ ۲۵ گرام۔ اجوائن خراسانی ۳۰ گرام۔

ترکیب تیاری :۔ تمام دواؤں کو باریک پیس کر ۴ رتی والے کیپسول بھر کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک کیپسول صبح و شام بعد از طعام ہمراہ تازہ پانی۔

مزاج مرکب :۔ گرم تر مسہل (غدی اعصابی مسہل)

فوائد :۔ دائمی قبض، گیس ٹربل، بادِ گولہ، جوڑوں کا درد، کمر درد، ریحی دردوں کے لیے بے حد مفید ہے۔

• صافیہ کیپسول

ہوالشافی :۔ گندھک آملہ سار شدہ ۲۵۰ گرام۔ بورک ایسڈ یا سہاگہ سفید بریاں ۱۲۵ گرام۔

ترکیب تیاری :۔ سب سے پہلے گندھک آملہ سار کو اس قدر کھرل کریں کہ اس کی چمک جاتی رہے اور بعد میں بورک ایسڈ یا سہاگہ سفید بریاں کو شامل کر کے کھرل کریں۔ جب یک جان ہو جائے تو ۴ رتی والے کیپسول بھر کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک کیپسول صبح دوپہر شام ہمراہ تازہ پانی یا کوئی کڑوا شربت۔

مزاج مرکب :۔ گرم خشک (غدی عضلاتی)

فوائد :۔ خارش خشک و تر، داد، چنبل، دھدر، پھوڑے پھنسیوں کے لیے بے حد مفید ہے۔

لیکوریا کیپسول

ہوالشافی :۔ کشتہ بیضہ مرغ ۱۰ گرام۔ کشتہ سنگجراحت عمدہ ۱۰۰ گرام۔ دانہ الائچی کلاں ۳۰ گرام۔

ترکیب تیاری :۔ تمام دواؤں کو کھرل میں ڈال کر باریک پیس لیں۔ اور بعد میں ۴ رتی والے کیپسول بھر کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک کیپسول صبح دوپہر شام ہمراہ شربت انجبار یا دودھ بعد از طعام۔

مزاج مرکب :۔ خشک سرد (عضلاتی اعصابی)

فوائد :۔ اعصابی اور غدی یعنی رطوبتی اور بوجہ گرمی ہونے والے لیکوریا۔ جریان منی کے لیے بے حد مفید ہے۔

سنیاسیانہ نُسخہ جات

حکیم رانا محمد ابراہیم - ابراہیمی دواخانہ گوندلپور براستہ میانی ضلع سرگودھا

ہوالشافی: ابراہیمی بوٹی تازہ ۳ تولہ (خشک ۶ ماشہ) مغز بادام ۱۰ عدد - مرچ سیاہ ۱۰ عدد - الائچی خورد ۵ عدد - چھوہارے ۳ عدد - مصری کوزہ ۳ تولہ -

چھوہارے رات کو دودھ میں بھگو دیں اور مصری کے علاوہ باقی اشیاء پانی میں بھگو دیں - صبح چھوہارے دودھ سے نکال کر کھالیں اور باقی ادویہ کو خوب گھوٹ کر پاؤ بھر پانی ڈال کر چھان لیں اور مصری ملا کر پی لیں - روزانہ اسی طرح استعمال کریں - دو ہفتے استعمال کرنے سے جریان ختم ہوگا - تین ہفتے استعمال کرنے سے قوت باہ بحال ہوگی - چار ہفتے استعمال کرنے سے قوت باہ ناقابلِ برداشت ہوگی - اعضاء قوی ہوں گے -

شوگر کے لیے چالیس دن استعمال کرنے سے شوگر ہمیشہ کے لیے ختم ہوگی - بعض لوگوں کو اس سے الٹی بھی آجاتی ہے - اگر جی متلانے لگے تو فوراً نیم گرم دودھ استعمال کرائیں - اگر پھر بھی الٹی آجائے تو بوٹی کی مقدار کم کریں اور آہستہ آہستہ بڑھا کر پھر ۳ تولہ پر ہی لے آئیں - جو آدمی جریان کی وجہ سے نامرد ہوگئے ہوں ان کے لیے یہ نسخہ اکسیر ہے -

نوٹ: ابراہیمی بوٹی تقریباً دو فٹ بلند ہوتی ہے - پتے کٹواں، شاخیں لمبی پتلی پتلی، سروں پر سفید نیلگوں چھوٹے چھوٹے پھول، ذائقہ کڑوا، ڈنڈی چوکور ہوتی ہے - چونکہ اس بوٹی کا طبی نام نہیں مل سکا اور میں نے اس بوٹی کو بہت جگہ استعمال کرایا ہے اور بہت مفید پایا ہے اس لیے اس کی شناخت قائم کرنے کے لیے اس کا نام اپنے نام سے منسوب کرتے ہوئے "ابراہیمی بوٹی" رکھ دیا ہے - میرے علاقے کے تمام حکماء اس کو اسی نام سے پہچانتے ہیں جو احباب دیکھنا چاہیں مجھے مل لیں۔

جریان کے لیے دوسرا تحفہ

● بیج اٹ سٹ تازہ ۵ تولہ، مغز بادام ۱۰ عدد، فلفل سیاہ ۱۵ عدد کو خوب گھوٹ کر پانچ چھ گلاس پانی ڈال کر کوزہ مصری سے خوب تیز میٹھا کریں اور عین پیاس کے وقت مریض کو پلا دیں - اگر سارا گھوٹا نہ پی سکے تو اتنا ضرور پلائیں کہ اس کے بعد ایک گھونٹ کی بھی پیٹ گنجائش نہ رکھے - اسی طرح تین چار روز پلائیں - انشاءاللہ مدتوں کا جریان تین چار روز میں ختم ہوگا اور پھر نہیں ہوگا - بہت عجیب و غریب نسخہ ہے -

ہمارے بزرگوں کا صدری نسخہ ہے جو سالہا سال سے تجربہ میں آرہا ہے اور آج دوستوں کی نذر کر رہا ہوں - نسخہ کیا ہے ایک تحفہ ہے - جو بھائی استعمال کریں گے انشاءاللہ تعالیٰ دعاؤں سے یاد فرمائیں گے - صرف گرمیوں میں استعمال کریں -

تمام قارئین اسرارِ حکمت کی خدمت میں سلام و آداب -

بہترین نسخہ جات

حکیم ایم ایچ قریشی سنیاسی بابا - جناح روڈ کچا سانده روڈ - لاہور

اکسیر جدید

● کشتہ گئو دنتی ۴ تولہ - طباشیر ۱۲ تولہ - خوب کلاں ۲۴ تولہ - سفوف ملٹھی ۸ تولہ خطمی ۱۲ تولہ - ست ملٹھی ۱۲ تولہ - الائچی خورد ۸ تولہ - مغز کدو ۲۴ تولہ - مصری مثانی ۲ سیر ۲ چھٹانک - سفوف بنائیں -

خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ محلول اسپرین -

فوائد: نزلہ، بخار، درد اعصاب -

اکسیر جریان

موصلی سفید، ثعلب مصری، تالمکھانہ، سمندر سوکھ ہر ایک ½۲ تولہ - کھانڈ ۱۰ تولہ -

خوراک: ۴ ماشہ ہمراہ دودھ -

اکسیر معدہ

زیرہ سفید، زیرہ سیاہ، اجمود ہر ایک ۳ تولہ - سونف ۶ تولہ - ناگرموتھا ۳ تولہ - ہلیلہ سیاہ ۳ تولہ - سنگدانہ مرغ ۸ تولہ - الائچی کلاں ۳ تولہ - بال چھڑ ۲ تولہ - نوشادر ۸ تولہ - نمک طعام ۵ تولہ - تردی ۵ تولہ - انار دانہ ۹ تولہ - پودینہ ۹ تولہ - سفوف بنالیں -

خوراک: ۳ ماشہ -

اکسیر کھانسی

● کھانڈ ½۱۲ تولہ - افیون ۳ ماشہ - سفوف بنالیں -

خوراک: ۲ رتی - تر کھانسی کے لیے ہمراہ آب دیں - خشک کھانسی کے لیے ہمراہ دودھ -

اکسیر پیچش

● سفوف انجبار، طباشیر، کشتہ گئودنتی، چھلکا اسبغول سب ہموزن -

خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ شربت انجبار دیں -

اکسیر چھپاکی

جنگلی شاہترہ ½ تولہ - مرچ سیاہ ۷ عدد گھوٹ کر پینا مفید ہے -

نسخہ ۲ چھپاکی: سرکہ، شربت صندل، عرق گلو، ہر ایک ½۲ تولہ دن میں تین بار پینا مفید ہے -

پتھری گردہ

ثمان Nl ha hem میدہ کی طرح باریک کریں - صرف ایک خوراک ہمراہ شربت شکر دیں -

پتھری گردہ

پوست سنگدانہ مرغ ۵ تولہ دیسی مرغیوں کا میدہ کی طرح باریک کریں -

خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ آب دیں -

اکسیر جریان

● اجوائن دیسی ۵ تولہ - گندھک آملہ سار ۵ تولہ - نمک دیسی ۳ تولہ - باریک کریں -

خوراک: ایک رتی -

کرکے چاروں نمک ۲۰ تولہ بھر دیں پھر سی کر کوزہ میں ڈال دیں آک کا دودھ تین دفعہ ڈالیں ایک دفعہ صبح ایک دفعہ شام تیسری دفعہ دوسرے دن صبح ۔ پھر گل حکمت کرکے ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں ۔ پھر نکال کر باریک کریں ۔ کل دوائی کا چوتھا حصہ مصری ڈال کر کھرل کریں ۔

خوراک : ۲ رتی سے ۱ ماشہ ۔ روزانہ کھانے کے بعد دودھ کے ہمراہ دیں یا شربت بزوری کے ساتھ دیں ۔ خوراک شوربہ اور روٹی — پرہیز گڑ تیل کھٹائی۔

اکسیر دمہ

چاروں نمک ۴ تولہ۔ چاروں اجوائن ۴ تولہ۔ گیری ۱ تولہ۔ سم الفار ۳ ماشہ۔ گل کیلا ۲ تولہ۔ آب کھٹی بوٹی ۵ تولہ۔ شیر مدار ۱۰ تولہ۔ آب پیاز ۳ تولہ۔ سب کو کھرل کریں۔

خوراک : ۱ رتی ہمراہ جوشاندہ ملٹھی۔

بال امرت

لائم واٹر ۲۰ تولہ۔ سوڈا بائیکارب ½ تولہ۔ روغن سونف ۱ ڈرام۔ چینی ½ سیر شربت تیار کریں۔

خوراک : ۱۰ بوند

اکسیر سوزاک

روغن صندل، مازو سبز، الائچی خورد، طباشیر ہر ایک دو دو تولہ۔ رات کو مصری ۵ تولہ پانی میں بھگو دیں۔ صبح مصری کے پانی سے ½ تولہ دوائی کھائیں۔

اکسیر جریان

مغز بادام، ثعلب مصری، تیلیا سپاری ہر ایک ۵ تولہ باریک کریں۔

خوراک : ۳ ماشہ لسی کے ساتھ۔ شام کو شربت کے ساتھ۔

اکسیر دماغ افروز

پستہ ۱۰ تولہ۔ مغز بادام ۵ تولہ چاروں مغز ۵ تولہ۔ دھنیا ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ خشخاس ½۲ تولہ۔ سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کریں پھر باہم ملائیں پہلے اچھے گھی ½ پاؤ دودھ گرم کریں پھر دوائی ½۲ تولہ ڈال کر دودھ میں پکائیں سوتے وقت استعمال کریں۔

ایک گھنٹہ سیدھے لیٹے رہیں۔

اکسیر کھانسی

طباشیر ۶ تولہ۔ مگھاں ۳ تولہ۔ الائچی خورد ½۲ تولہ۔ تج ۹ ماشہ۔ مصری ۱۵ تولہ۔ باریک کریں۔

خوراک : ۱ ماشہ خشک کھانسی کے لیے ہمراہ آب دیں۔ تر کھانسی کے لیے ہمراہ شہد دیں۔

اکسیر سم الفار

سم الفار سفید ۱ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۵ تولہ۔ خوب باریک کریں۔

خوراک : ایک چاول

فوائد : بلغمی امراض، درد اعصاب، کمزوری جسم کے لیے اکسیر ہے۔

اکسیر درد جوڑ

زردی انڈا ۳ عدد۔ بھلاواں ۷ عدد۔ رال ۱ تولہ۔ گھی ۱۰ تولہ۔ اول بھلاواں گھی میں بریاں کریں جب جل جائیں تو پھینک دیں۔ پھر زردی انڈا ڈال کر آگ خوب تیز کریں۔ جب دوائیں آگ لے لیں کسی برتن سے ڈھانپ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر دوائی نکال لیں۔

خوراک : ۲ رتی

اکسیر سوکڑا اطفال

کشتہ کوڑی چھوا ۱ تولہ۔ کشتہ سنکھ ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ مروارید ½۱ ماشہ۔

خوراک : ۱ رتی سے ۲ رتی

تحفہ سنیاسی

سم الفار سفید، افیون، تخم بھنگ، سلاجیت ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو ۳ گھنٹہ کھرل کریں۔ آخر میں ۲ ماشہ شیکنا

(باقی صفحہ ۴۲ پر)

آک

حکیم عبدالمالک۔ ۳ حسن سٹریٹ صداقت پارک نزد ابوبکر سٹریٹ سانده لاہور

اللہ تعالےٰ نے اپنے بندوں پر اس قدر احسان کئے ہیں کہ ان کا شکر کرنا تو درکنار، خدا کی مخلوق میں ہر ایک شخص اگر اس کے احسانات اور نعمتوں کی گنتی کرنی چاہے تو یہ بات مخلوق کی طاقت سے باہر ہے لیکن یاد دلانے کے لیے ۳۱ قسم کی نعمتوں کا ذکر کیا ہے ہر ایک قسم کی نعمت کا ذکر کے بعد میں پوچھا ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔ یہ بوٹیاں، یہ درخت، یہ دریا، یہ پہاڑ، سب ان میں ہی شامل ہیں جو کہ انسان کی بہتری کے لیے ہیں آج میں اس ایک بوٹی کے بارے میں تشریح کر رہا ہوں۔

اردو میں : آک

ہندی میں : مدار

پنجابی میں : اک

پنجاب اور ہندوستان میں : اک۔ اکرا

یہ ایک مشہور پودا ہے جو کہ ہند اور پاکستان میں عام ملتا ہے۔ اس کے شاخ اور پھول پتے وغیرہ میں دودھ ہوتا ہے۔ اس کے پتے برگد کے درخت سے ملتے جلتے ہیں۔ پھول جس کی رنگت باہر سے سفید ہوتی ہے۔ عین درمیان میں لونگ کی شکل ہوتی ہے۔ بیج چھیٹے سیاہی مائل ہوتے ہیں۔ جڑھ موصلی دار ہوتی ہے۔ چھلکا جڑھ مدار دوا میں استعمال ہوتا ہے۔ یہ چوتھے درجہ میں گرم خشک ہے اس کا زہر دور کرنے کے لیے دودھ گھی کا استعمال ہوتا ہے سے قے ہو کر معدہ زہر سے پاک ہو جاتا ہے۔ جب تک زہر سے معدہ پاک نہ ہو دودھ گھی برابر استعمال کراتے رہیں۔ ہزار دانی، بھنگرہ سفید، گورکھ پان یہ تینوں بوٹیاں اس کے لیے تریاق ہیں بوقت ضرورت گھوٹ چھان کر پلانے سے زہر دور ہو جاتا ہے اس سے تیار ہونے والے نسخہ جات درج ذیل ہیں —

سفوف تبخیر معدہ

● چھلکا جڑھ مدار ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۵ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۵ تولہ۔ نمک سیاہ ۵ تولہ۔ سونف ½۲ تولہ۔ زیرہ سفید ½۲ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ۔ سہاگہ بریاں ½۲ تولہ۔ باریک کریں۔

خوراک : ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ۔

فوائد : گیس معدہ، کمزوری معدہ، تبخیر۔

مقوی باہ گولیاں

سم الفار ۱ تولہ۔ انڈے کے خول ۳ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ دودھ آک ۲۰ تولہ میں کھرل کریں ٹکی بنالیں۔ ایک سوزلپیٹ کر گول بنالیں۔ گوبے کے سرے پر آگ لگا رکھیں سفید کشتہ ہوگا۔ اگر سوز نہ ملے پرانی رُوئی جو شیشیں والے پھینکتے ہیں وہ لپیٹ دیں۔

خوراک : ۱ سے ۲ رتی۔

فوائد : مقوی باہ، کمزوری۔

کشتہ پارہ سنگھا

بارہ سنگھا حسب ضرورت لے کر تیز آگ میں کوئلہ کریں۔ پھر دودھ آک میں کھرل کریں پھر تیز آگ دیں کشتہ سفید ہوگا۔

خوراک : ۱ چاول سے ۲ چاول۔

فوائد : تیز اور نمونیا کھانسی میں مفید ہے۔

ایک گولی یومیہ دینے سے ان امراض کا خاتمہ ہوتا ہے۔

کثرتِ پیشاب بوجہ کمزوری مثانہ و بڑھاپا: صبح و شام بعد از غذا ایک ایک گولی پانی کے ہمراہ دیں۔

کثرتِ لعاب دہن: ایک گولی روزانہ پانی کے ہمراہ دیں۔

نزلۂ مزمن: ایک گولی بعد از غذا پانی کے ہمراہ دینے سے پرانے نزلہ کو آرام آجاتا ہے۔

کمر درد: بوڑھے حضرات کی کمر درد میں صبح و شام دودھ میں گھی ملا کر ایک ایک گولی ہمراہ دینے سے کمر درد میں افاقہ ہوتا ہے اور پٹھے مضبوط و توانا ہوتے ہیں۔

ان گولیوں کا مسلسل استعمال مادہ کی تحلیل بھی کرتا ہے یہ گولیاں تریاقِ افیون بھی ہیں۔ بر رائے یہ گولیاں استعمال کرانے سے نشہ کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔ جن لوگوں کو کھانے پینے سے رغبت نہ ہو ان گولیوں کے استعمال سے انہیں خوب بھوک لگتی ہے۔ کمزور حضرات کے لیے یہ تحفہ خاص ہے۔ ان گولیوں کے استعمال کے دوران دودھ، گھی، گوشت، پھل بکثرت کھلائیں۔ جو اصحاب یہ گولیاں تیار نہیں کر سکتے وہ براہِ راست ہم سے طلب کر سکتے ہیں۔

اکسیر نقرئی لاثانی سہل الحصول کثیر الفوائد

● برادہ نقرہ ایک تولہ۔ کبریت دو تولہ۔ سم الفار سفید ایک تولہ۔ کو لعاب گھیکوار پانچ تولہ کے ہمراہ خوب کھرل کرکے کوزہ گل میں بند کرکے تین سیر اوپلوں کی آگ دیں برنگ شنگرف برآمد ہوگا۔ باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول مکھن یا بالائی میں۔

سنگرہنی میں دہی کی لسی زیادہ پلائیں اور آرام آنے تک غذا بالکل نرم دیں۔ سنگرہنی کے علاوہ یہ اکسیر مقوی باہ بھی ہے۔ دافع وجع المفاصل ہے۔ لقوہ، فالج اور رعشہ میں از حد مفید و موثر ہے۔ بلغمی دمہ میں فائدہ مند ہے۔ نزلہ زکام اور کھانسی میں از حد مفید ہے۔ دماغ کی تقویت کے لیے اکسیر الاثر ہے۔ مقوی قلب ہے۔ معدہ کی اصلاح کرکے بھوک زیادہ لگاتی ہے۔ مولد خون ہے۔ اطبا حضرات اسے مختلف عوارضات میں مختلف بدرقہ جات سے تجویز کرکے خلق خدا کو فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔

اکسیر حیض کشتہ شنگرف لاثانی

● شنگرف رومی ایک تولہ۔ ہیرا کسیس سبز ایک تولہ۔ لعاب گھیکوار کے ہمراہ سات روز خوب کھرل کریں۔ خشک کرکے باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔ بوقت ضرورت نصف رتی ہمراہ دودھ جس میں قدرے شہد ملایا گیا ہو، کے ساتھ دینے سے حیض و نفاس کھل کر آتا ہے اور طبیعت پرسکون ہوتی ہے۔

دشواری حیض میں تاریخ آنے سے تین دن پیشتر شروع کروائیں۔ اس طرح ماہواری باقاعدہ اور بغیر دشواری کے آتی ہے۔ علاوہ ازیں کمی خون کی وجہ سے قلتِ حیض میں اس کا باقاعدہ کورس کروانے سے خون کی کمی بھی پوری ہوتی ہے اور ماہواری بھی کھل کر آتی ہے۔

مقدار خوراک میں مرض کی شدت و کمی کے مطابق کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ اس اکسیر کے اور بھی بہت سے فائدے ہیں۔ اور یہ فوائد اطبا حضرات بخوبی حاصل کر سکتے ہیں۔

حب لاثانی برائے گنٹھیا

● فلفل سیاہ ایک تولہ۔ گل مدار ایک تولہ۔ سورنجان شیریں ایک تولہ۔ کچلہ مدبر ایک تولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ کر لعاب گوند شامل کرکے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: بعد از غذا صبح و شام ایک ایک گولی دودھ کے ہمراہ دینے گنٹھیا کو آرام آجاتا ہے۔ گنٹھیا کے علاوہ یہ گولیاں اعصابی طاقت کے لیے از حد مفید ہیں۔ مقوی معدہ ہیں۔ کمر درد میں نافع ہیں۔

قارئینِ کرام دار التحقیق کی طرف سے چند خاص تحفے

(باقی صفحہ ۳۱ پر)

جائیں گے ان کو سکھالیں ۔ جب بالکل سوکھ جائیں تو ان کا پاؤڈر بنالیں ۔ بس یہ خراطین مصفیٰ کا پاؤڈر ہے ۔ اس کو استعمال کرنا ہے ۔

معالجہ خاص

یہ معالجہ قوت باہ اور ہاضمہ کو بے حد طاقت دیتا ہے ۔

اس میں اور کئی فوائد ملیں گے ۔ قوت باہ زوروں پر بڑھے گی آدمی جماع سے تھکتا نہیں ۔

تانبے اور فولاد کا نہایت بے مزہ کشتہ سمجھ لیں ۔ یہ معالجہ میرا اپنا تجویز کیا ہوا ہے اور کئی مرتبہ کا آزمایا ہوا ہے ۔

ماہی روبیاں اصلی ۲ حصہ ۔ نرکسا ایک حصہ ۔ خراطین ایک حصہ ۔ سفوف بنالیں سالن میں ڈال کر کھائیں ۔ ۲ ماشہ تک ۔ ایک وقت یا دونوں وقت کھائیں ۔ قوت مردمی زوروں پر ہوگی لیکن اعتدال سے رہیں ۔ ایک بات پلے باندھ لیں ۔ جیسی چیز کر آپ جماع کریں گے اس سے زندگی کا چراغ جل رہا ہے ۔

قوت باہ کی لاثانی منفرد دوا ۔ خاص الخاص آزمودہ

پاؤڈر خراطین بنا کر روزانہ کسی بھی قسم کے سالن میں ایک تا ۲ ماشہ ڈال کر کھائیں ۔ اور گھی غذا میں زیادہ رکھیں یا سالن میں ڈالیں ۔ اس نسخے کے ساتھ ساتھ دل کی طاقت کی دوائی ضرور کھاتے رہیں ۔ سردیوں میں تین ماہ کھائیں اور کمزوری باہ کی طرف سے بے فکر ہو جائیں ۔

سرعت انزال اور قوت مردمی کا خاتمہ ہوگا ۔

سرد مہر عورت کو بھی یہ نسخہ مفید ہے ۔

اس کا فائدہ مستقل ہوتا ہے ۔ طاقت مردمی کے لیے عجیب چیز ہے ۔

فیوض ربانی کتاب بھوپال صفحہ ۹۷۱ پر لکھا ہوا ہے ۔

یہ خراطین سالن میں ڈال کر کوئی مرد کھائے اور ساتھ گھی زیادہ کھائے تو بیک وقت چار بیویاں رکھ سکتا ہے ۔

اگر اس کا تیل عضو پر ملیں گے تو تمام کمزوریاں جاتی رہیں گی ۔

تیل بنانے کا طریقہ آئندہ لکھا جائے گا ۔

ہیجانی

خراطین پاؤڈر ایک حصہ ۔ برادہ قضیب گاؤ زر ۲ حصہ ملا کر رکھیں ۔ انڈے پر تین ماشہ (تین گرام) چھڑک کر کھائیں یا بکرے کے قیمہ پر چھڑک کر کھائیں ۔

دس دن کھا کر خوراک کا وزن دگنا کر دیں ۔

تقویت باہ کے لیے مخصوص چیز ہے بے حد مفید ہے ۔ یہ دوائی بالخاصہ اثر رکھتی ہے کھانے والے کو ضرور فائدہ ہوتا ہے ۔ علاوہ ازیں صرف اندرونی طور پر کھانے سے عضو کو لمبا اور فربہ کرتا ہے ۔ بے حد سختی آتی ہے ۔ دونوں چیزیں دواخانہ پر دستیاب ہیں ۔

سیمابی اکسیری عرق شباب آور

• ایک کلو خراطین سردیوں میں لے کر صاف کریں ۔ جوان بکرے کے خصیے کا لعاب ایک کلو ۔ پانی ۵ کلو ملا کر ۲ کلو عرق کھینچ لیں ۔ دن میں ایک مرتبہ ۵ تولے (۵۰ گرام) عرق نوش کریں ۔ غذا مرغن گھی دیسی زیادہ کھائیں ۔

چند روز میں بوڑھے میں بھی جوانی کی لہریں پیدا ہوں گی ۔ جوان آدمی حریص جماع ہوگا ۔

شدید القویٰ عرف اکسیر باہ

• خراطین صاف تازہ ۲۴ گرام ۔ عود سلب ایک عدد ۔ سوجی ۵۰ گرام ۔ گھی ۵۰ گرام ۔ مصری ۵۰ گرام حلوہ بنالیں ۔ یہ ایک خوراک ہے ۔ سات یوم کھائیں ۔ مردمی طاقت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے ۔

(جاری ہے)

میرے حلفیہ مجربات

حکیم محمد آصف انچارج طبی ڈسپنسری سول سیکرٹریٹ پنجاب لاہور

معجون مقوی جگر

سنبل الطیب، مصطگی رومی، زعفرانی، طباشیر، دارچینی، اذخر مکی، اسارون، قسط شیریں، گل غافث، تخم کشوث، جیٹھ ملٹھی مغسول، تخم کاسنی، تخم کرفس، زراوند طویل، حب بلسان، عود غرقی، لونگ، دانہ الائچی خورد، گل سرخ۔

تیاری: تمام ادویات ہموزن لے کر سفوف تیار کریں۔ اور بعد ازاں سہ چند شہد خالص کا قوام بنا کر معجون تیار کریں۔

خوراک: ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک صبح شام ہمراہ عرق سونف، مکو، کاسنی و شربت دینار دیں۔

فوائد: ورم جگر، درد جگر، دائمی قبض، ضعف معدہ، ورم معدہ اور ورم رحم کو مفید ہے۔ تقریباً ۳، ۴ روز میں فائدہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ ایک ماہ ضرور استعمال کروائیں۔ اس معجون سے بے شمار لاعلاج مریض جگر شفایاب ہوئے ہیں۔

شربت دینار

- پھلفاح ½۴ تولہ۔ تربد ½۴ تولہ۔ گل سرخ ½۴ تولہ۔ بیخ کاسنی ½۴۔ تخم کاسنی ۳ تولہ۔ بیخ بادیان ½۲ تولہ۔ بادیان ½۲ تولہ۔ گل نیلوفر ۱۴ ماشہ۔ گل بنفشہ ۱۴ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۱۴ ماشہ۔ افتیمون ۱۴ ماشہ۔ اسطوخودوس ۱۴ ماشہ۔ سنائی مکی ½۲ تولہ۔ حب النیل ½۲ تولہ۔ تخم کشوث ½۲ تولہ۔ ریوند خطائی ۵ تولہ۔

تیاری: تمام ادویات کو ۴ سیر پانی میں بھگو دیں صبح جوش دیں جس وقت پانی ½۲ سیر رہ جائے اتار کر اس میں ۵ کلو چینی ملا کر قوام تیار کریں۔

خوراک: ایک گلاس پانی میں حسب ضرورت ڈال کر ساتھ معجون مقوی جگر استعمال کرائیں۔

فوائد: ورم رحم، ورم جگر، درد جگر، ورم معدہ اور دائمی قبض کے لیے مفید ہے۔

دافع طحال

- سہاگہ بریاں ۱ تولہ۔ رائی ۳ تولہ۔

تیاری: سہاگہ کو بریاں کریں اور رائی کا سفوف بنالیں۔ دونوں کو ملا کر رکھ لیں۔ دوا تیار ہے۔

خوراک: ۳ ماشہ صبح دوپہر اور شام کے وقت ہمراہ پانی تازہ دیں۔

فوائد: طحال کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ طحال بیشک جتنی مرضی بڑی ہو، دو تین روز میں درد اور صلابت عظم، سب کچھ ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اس دوا کو پندرہ بیس یوم لازماً کھلائیں۔ سو فیصد فائدہ ہوگا۔

دوائے دل

- بچھو ۴ تولہ۔ موم دیسی ۲ تولہ۔

تیاری: بچھو کو اچھی طرح سفوف کر کے موم میں کوٹ کر ملا لیں اور گولیاں نخودی تیار کر لیں دوا تیار ہے۔

خوراک: ۱ تا ۲ گولی دو اخلاط معتدل سادہ ۳ ماشہ صبح و شام دیں۔

فوائد: درد دل کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہے اور فوری

طور پر ترکرتی ہے ایک ہفتہ روزانہ استعمال کریں۔ ۸۰ فیصد کامیابی ہوتی ہے۔

دوائے بواسیر خونی و بادی

مغز تخم نیم، مغز تخم بکائن، پوست ہلیلہ زرد، ہلیلہ سیاہ، ریونت صینی، آرد جاکسو، گوگل مصفیٰ، مغز پستہ، مغز کرنجوہ، کشتہ سونا مکھی۔

تیاری: کشتہ سونا مکھی نصف تولہ۔ باقی تمام ادویات تولہ تولہ لے کر سفوف بنائیں پھر ترکیب گوندھنا کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

خوراک: ایک تا ۲ گولیاں صبح دوپہر شام ہمراہ سادہ پانی۔

فوائد: بواسیر خونی و بادی کے لیے بے حد مفید ہے۔ پہلے روز ہی فائدہ ہوگا۔ ایک ماہ لازمی استعمال کروائیں تاکہ مکمل فائدہ ہو سکے۔

دوائے درد گردہ

قلمی شورہ، لوٹا کھار، جوکھار، ساگر پیاں، نوشادر، پھٹکڑی سفید، نمک سفید، نمک سیاہ، فلفل سیاہ، اجوائن خراسانی، حجر الیہود، سب ادویات برابر برابر وزن۔

تیاری: تمام ادویات کو کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔ دوا تیاری ہے۔

خوراک: ۲ ماشہ تا ۳ ماشہ ہمراہ شربت دیں۔

فوائد: درد گردہ کے لیے بے مثال تحفہ ہے۔ ڈاکٹری انجکشن کی طرح اثر رکھتی ہے۔ اگر ضرورت ہو تو صبح دوپہر شام بھی دے سکتے ہیں۔

دوائے پتھری گردہ

پھٹکڑی ۲ تولہ۔ نوشادر ۸ تولہ۔ جوکھار ۱۲ تولہ۔ حجر الیہود ۸ تولہ۔ فلفل دراز ۹ تولہ۔ نمک مولی ۱ تولہ۔ قلمی شورہ ۱۸ تولہ۔

تیاری: پھٹکڑی ۲ تولہ کو ایک سیر پانی میں حل کر کے لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر خشک کریں۔ پھر اسے نکال کر قلمی شورہ اور نوشادر ملائیں اور تیز آگ کر کے لوہے کی سلاخ سے ہلاتے جائیں جب قوام موم کی مانند ہو جائے تو اس میں جوکھار، حجر الیہود، فلفل دراز، نمک مولی ملا کر نرم نرم آنچ پر رکھیں۔ جب تمام ادویات یکجان ہو جائیں اتار کر رکھ لیں اور سفوف کر کے کپڑ چھان کر کے رکھ لیں۔

خوراک: ۱ ماشہ تا ۳ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب جوارش جالینوس صبح و شام ۳، ۳ ماشہ۔

فوائد: درد گردہ اور پتھری گردہ کو خاص طور پر فائدہ کرتی ہے ایک ہفتہ میں پتھری کا اخراج شروع ہو جاتا ہے خیال رکھیں کہ جس وقت پتھری خارج ہو جائے تو مزید ایک ہفتہ دوا استعمال کروائیں۔

دوائے کان

رتن جوت ایک تولہ۔ مولی ایک چھٹانک۔ لہسن ایک چھٹانک۔ برگ نیم ایک چھٹانک۔ روغن کنجد ایک پاؤ۔

تیاری: پہلی چار ادویات کو اچھی طرح کوٹ کر ان میں تیل ملا کر دیں دو گھنٹہ بعد آگ پر رکھیں۔ تمام ادویات جل جانے پر اتار کر تیل کو چھان کر رکھ لیں۔

استعمال: صبح و شام ۲، ۲ قطرے نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں۔

فوائد: کان درد کو فوری آرام ہوگا۔ چوٹ اور ورم گوش کے لیے مفید و موثر ہے۔ ہر وقت اپنے پاس موجود رکھیں۔

مُجرّبات

حکیم محمد نواز بی۔اے ٹیچر ہائی سکول اسکندر آباد، ضلع میانوالی

السلام علیکم — میں نے اسرار حکمت کو اپنا مونس اور ذاتی رسالہ سمجھ کر اپنے سینے کے مجربات ارسال کرتا رہا ہوں۔ اب بھی جو مجربات ارسال ہیں وہ میرے ذاتی تجربہ شدہ ہیں۔ یہ ایسے نسخے ہیں جو لوگ گناہ کی طرح اپنے سینہ میں پوشیدہ رکھتے ہیں۔ دنیا فانی ہے ہر ایک نے وقت مقررہ پر اپنے مالک حقیقی کے پاس چلا جانا ہے۔ بندہ ایک حادثہ میں چلنے پھرنے سے قاصر ہے میرے لیے دعا کرنا کہ خداوند تعالیٰ مجھے اپنے فضل و کرم سے نوازے اور صحت دے۔

کشتہ شنگرف

ہوالشافی: جمال گوٹہ، تل سیاہ ہر ایک ایک چھٹانک دونوں ادویہ کو باریک کوٹ کر ایک تولہ شنگرف رومی درمیان میں رکھ کر ایک کڑاہی میں رکھیں اور اوپر آہستہ سے ایک پاؤ گھی ڈال دیں نیچے آگ جلائیں جب تمام ادویات کو آگ لگ جائے تو آگ بند کر دیں یہ شنگرف مدبر ہوگی۔

شنگرف مدبر تولہ، جلوتری ۳ ماشہ، دارچینی ۳ ماشہ۔ جند بیدستر ۳ ماشہ۔ زعفران کشمیری اصلی ۳ ماشہ۔ دس تولہ عرق پیاز سفید رنگ میں کھرل کر کے دانہ چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: ایک گولی ایک پاؤ دودھ کے ساتھ لیں۔

فوائد: صرف دس گولیاں کھانے سے نامرد مرد ہوگا۔ بے شمار فوائد کی حامل یہ دوا ہے۔

کشتہ سنگ جراحت

ایک پاؤ سنگ جراحت میں ایک کلو گودہ کوارگندل کوٹ ڈال دیں اور اسے پانچ کلو اوپلوں کی آگ دے کر نکال لیں۔

ہزاروں روپے کی دوا تیار ہے۔

خوراک: ایک رتی کے کیپسول بھر لیں اور پانی سے ایک خوراک دیں۔

فوائد: ہر قسم کی خارش، جریان کے لیے مانی ہوئی دوا ہے۔ تجربہ کار حکیم اس سے اور کام بھی لے سکتے ہیں۔ یہی نسخہ ایک شخص میلے منڈیوں میں لاکھوں روپے کا فروخت کر چکا ہے۔

سفوف اکسیر جات

ہوالشافی: گوکھرو، چھلکا تخم تولہ، تالمکھانہ ۲ تولے۔ اوٹنگن ۲ تولے۔ چنا سیاہ ۲ تولے۔ موصلی سیاہ ۲ تولے۔ موصلی سفید ۲ تولے۔ مغز چلغوزہ ۴ تولے۔ مغز بادام ۴ تولے۔ مصری ایک کلو۔

تمام ادویات کو باریک پیس کر مصری ملا کر رکھ دیں۔ اگر آپ حکیم ہیں تو اس سفوف کو زیادہ کر کے بنا کر رکھیں۔ اگر مریض ہیں تو پھر اتنی ہی ادویات لیں جتنی لکھی ہیں کم دوا نہ لیں۔

یہ دوا جو حکیم صاحب ایک دفعہ بنائے گا وہ تمام زندگی میری صحت کے لیے دعائیں دے گا اور جو مریض استعمال کرے گا وہ بھی دعا دے تاکہ میں محتاج ہوں بچے بڑے ہیں اور پہنچے رہائی ملے۔

انجائنا یعنی خون میں کولسٹرول کا بڑھ جانا

حکیم ریاض الدین سلیم جگرانوی ـــــ دواخانہ اجمل خاں پرانی انارکلی لاہور

میں سب سے پہلے یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ یہ مرض کیا ہے اور کیوں پیدا ہوتا ہے اس کی علامات اور علاج کیا ہے۔

آج سے پندرہ بیس برس پیچھے چلے جائیں اس مرض سے کوئی واقف نہیں ہوتا تھا۔ آج کل یہ مرض ۱۰ سال کے بچے سے لے کر بڈھوں بوڑھوں سب کو ہو جاتی ہے۔ پہلے خوراکیں بالکل سادہ ہوتی تھیں۔ گوشت سستا ہونے کے باوجود گوشت کا استعمال بہت کم ہوتا تھا۔ سبزیوں اور دالوں کا استعمال زیادہ ہوتا تھا، گرم مصالحہ جات بہت کم استعمال ہوتے تھے۔

آج کل جس دعوت پہ چلے جائیں گرم مصالحہ جات اور گوشت کا بکثرت استعمال ہوتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ چکنائی کا استعمال بھی بکثرت ہوتا ہے۔ دعوتوں کے علاوہ گھروں میں بھی گوشت بکثرت استعمال ہوتا ہے۔ گوشت کے بکثرت استعمال، گرم مصالحہ جات کا بکثرت استعمال سے معدہ میں تیزابیت زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ اس کی وجہ سے خون بھی گاڑھا ہو جاتا ہے۔ خون گاڑھا ہو جانے کی وجہ سے دل کے مقام پر شریانوں میں کھچاؤ سا پیدا ہو جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی بائیں بازو میں ہاتھ کی انگلیوں تک شدید درد ہوتا ہے۔ اگر اس مرض کا بروقت سدباب نہ کیا جائے تو دل کے والو Heart Valve بند ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے جس کا علاج بعد میں By pass اپریشن ہی ہوتا ہے۔

اس کے علاج کے ساتھ ہلکی پھلکی ورزش کرنا لازمی ہے۔ گوشت کا استعمال بالکل بند کر دیں۔ سبزیاں بغیر چکنائی کے پکا کر سیاہ مرچ استعمال کریں۔

طریقہ علاج

- ہوالشافی: خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا ۱۰،۱۰ گرام صبح شام قبل از طعام ہمراہ آب تازہ۔
- جوارش جالینوس ۱۰،۱۰ گرام، دو عدد حب کبد دوپہر، رات کھانا کھانے کے بعد۔
- معجون چرب چینی ۱۰ گرام شب ہمراہ آب تازہ۔

نوٹ: دوائیں اجمل دواخانہ کی بنی ہوں۔

بقیہ: مجربات

پاؤں چلوں محتاجی بہت بُری چیز ہے۔ خداوند تعالیٰ کسی کو محتاج نہ کرے۔

خوراک ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام ہمراہ شیر دودھ نیم گرم کے استعمال کریں۔

فوائد: جریان، احتلام، ناطاقتی جو بالکل منی سے خارج ہو چکے ہوں ان کے لیے اکسیر ہے بنا کر دعائے خیر سے یاد کریں۔

اکسیری اعمال شنگرف مرکب

حکیم غلام مرتضیٰ علوی ایم اے علوی دواخانہ وبنیڈرہ جاگیر تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

تریاق برص، جذام، ناسور، آتشک، بھگندر وغیرہ

ذیل کا نسخہ ہمارا معمول مطلب ہے ہماری معالجاتی اور تجرباتی زندگی کا ماحاصل ہے ان مایوس العلاج امراض کے لیے تریاق صفت ہے۔

شنگرف خام ۲ تولہ۔ سم الفار خام ۱ تولہ۔ دارچکنہ ۳ تولہ۔ رسکپور ۴ تولہ۔ ورقیہ ہڑتال ۶ ماشہ۔ سیماب مصفیٰ ۶ ماشہ۔ کاپر سلفیٹ ۶ ماشہ۔ زنگار ۶ ماشہ۔ مرداسنگ ۶ ماشہ۔ سونا مکھی ۶ ماشہ۔ نوشادر ۶ ماشہ۔ مقطر آب تمہ: ادویات کے وزن سے چارگنا ان ادویات میں کھرل کرکے خشک کریں اور دو روغنی پیالوں میں بند کرکے چار گھنٹہ آگ جلا کر جوہر حاصل کریں۔

مقدار خوراک: ۱ چاول سے ۲ چاول کی مقدار کیپسول میں بھر کر کھلا دیں۔

فوائد و اثرات: پرانے سے پرانے زخم ناسور، گھمبیر، برص، جذام، آتشک، خنازیر، وجع المفاصل امراض میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

زیادہ سے زیادہ تین یوم سے سات یوم تک استعمال کرایا جائے۔

نوٹ: یہ دوا ہمارے دواخانہ میں تیار بھی مل سکتی ہے۔

کشتہ شنگرف خاص تریاق وجع المفاصل

● ذیل کا نسخہ بھی ہمارا معمول مطلب ہے۔ امراض مفاصل میں بے حد مفید ہے۔

شنگرف سالم ڈلی ۱ تولہ۔ سفوف تمر خشک ۵ تولہ۔

ترکیب: ایک سٹیل کا چھوٹا سا برتن لے کر اس میں سفوف تمہ کے درمیان شنگرف سالم ڈلی رکھ کر اس کو نرم نرم آگ پر رکھیں تاکہ سفوف تمہ جل جائے تو سرد کرکے شنگرف نکال لیں۔ دوبارہ سفوف تمہ جدید ۵ تولہ کے درمیان شنگرف رکھ کر اسی طرح بدستور نرم نرم آگ پر جلائیں اسی طرح متواتر ۱۰ بار عمل کریں کشتہ شنگرف بے نظیر تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۲ چاول سے نصف رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

فوائد و اثرات: فالج، لقوہ، رعشہ، خدر، استرخا، وجع المفاصل وغیرہ امراض باردہ کا تریاق اعظم ہے۔ اور ان امراض سے پیدا ہونے والے تمام عوارضات کے لیے بھی تریاق صفت ہے۔

بلا جھجک نمائش ہمارا معمول مطلب نسخہ ہے۔

نایاب اور سستی کتابیں خریدنے کے لیے میری قارئین سے گزارش ہے کہ وہ عامل حکیم محمد بشیر چشتی جھنگ والوں سے تعاون فرمائیں۔ آپ کو لاہور کی نسبت سستی کتب (فوٹوسٹیٹ) ملیں گی۔ جو خط لکھ کر ان سے فہرست منگوائیں اور قیمتوں کا موازنہ کرکے دیکھ لیں۔ یقیناً آپ پھر چشتی صاحب سے کتابیں منگوائیں گے۔

خیر اندیش

میاں شاہد اکبر نقشبندی

فسٹ ایڈیشن میں شائبہ تک نہیں ہے کہ بفضلہ تعالیٰ ان سے نام دق، دمہ، گیس، خریل، دائمی نزلہ کیرا، فالج، حمیات ہر قسم تپ دق تک، بواسیر ہر قسم، الرمعدہ، سنگرہنی، ورم جگر، درد پتہ، استسقاء، ہائی بلڈ پریشر، خناق، برص، جنون، موٹاپا، دبلاپن، سگ گزیدہ، مار گزیدہ، نشہ چھڑانا، گھمبیر کشتہ جات و روغنیات، روحانی و طلسماتی تشخیص الامراض کے علاوہ لاثانی نقش کرم و معظم پر پیچیدہ و عسر العلاج مرض کے لیے۔

چنانچہ مذکورہ عسر العلاج امراض کے لیے جس طبیب کے پاس ۹۰ فیصد بفضلہ تعالیٰ یقینی شفا کے حامل نسخہ جات ہوں تو کیا وہ انہیں عظیم خزانہ شمار نہیں کرے گا۔ جبکہ کتاب میں ان کے علاوہ اور بھی بہت کچھ ہے جس کی قدر و قیمت کا اندازہ تو انہیں ترتیب دینے والا ہی خوب جانتا ہے مزید براں اگر آپ سے کہا جائے کہ یکصد طبی تصانیف یکصد میں فراہم کر سکتے ہیں تو یقیناً آپ اس کا جواب نفی میں دیں گے۔ لیکن میں نے ایڈیشن جدید کے نسخہ جات کی ترتیب کے لیے تقریباً کم و بیش یکصد کے قریب طبی تصانیف سے استفادہ کیا ہے گویا کہ یہ کتاب یکصد طبی تصانیف کے بہترین نسخہ جات کا انمول خلاصہ ہے اور نسخہ جات میں مناسب کانٹ چھانٹ اپنی ۳۵ سالہ پریکٹس کی روشنی کے ساتھ قانون مفرد اعضاء کی کسوٹی پر پرکھ کر کر دی ہے جس سے بفضلہ تعالیٰ ہر ایک نسخہ شفا سے عاری نہیں ہے ساتھ ہی نسخہ جات کے لیے جدید ترین ایسے نام تجویز کیے ہیں جو نسخہ میں موجود ادویہ کے اثرات سے مطابقت رکھتے ہیں جس سے اس نسخہ جات کے خزانہ میں جدت پیدا ہوئی محسوس ہوتی ہے لیکن کسی بھی نسخہ کے فوائد بیان کرنے میں مبالغہ آرائی سے کام نہیں لیا گیا ہے جیسا کہ طبی تصانیف کا عموماً خاصہ ہے کیونکہ میرا ایمان ہے کہ شفا تو یقیناً من جانب اللہ تبارک و تعالیٰ ہے ہمارے علاج و نسخہ جات تو ذریعہ پہنچائے جانے کا بہانہ ہیں۔

قصہ مختصر میں نے جدید ایڈیشن میں بول بستری بکثرت البول، مسلسل البول اور قطرات البول کے لیے چھ عدد نسخہ جات ترتیب دیے ہیں ان کے نام بخیل، بحران، خیریت، خازن، چیچون اور پاکیزگی تجویز کیے ہیں۔ ان میں سے چار نسخہ جات یہاں بیان کروں گا اور دو دوسرے ان سے بدرجہا بہتر ہیں لیکن ان کا ذکر یہاں نہیں کروں گا کیونکہ میں نے کتاب کے تعارف کے لیے ایسے نسخہ جات اور امراض کا انتخاب کیا ہے جن کی خاص اس کتاب میں نہیں ہے اس لیے کہ اگر یہ کم درجہ کے نسخہ جات آپ کو پسند آئیں تو میں آپ کو یقین سے کہتا ہوں کہ باقی کے نسخہ جات ان سے ہر لحاظ سے افضل و اعلیٰ ہیں۔ جنہیں آپ یقیناً قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔ نیز دیگر پیچیدہ امراض و علامات جن کی اہمیت اطباء کرام کی نگاہ و مذکورہ بالا علامات بدرجہا زیادہ ہے ان کے لیے امراض و علامات کی مناسبت سے تجویز کردہ نسخہ جات بھی بفضلہ تعالیٰ اب رقم کیے جانے والوں میں سے بے حد بہتر و موثر ہیں ایسے نسخہ جات پیش خدمت ہیں۔

● ۱۔ بخیل

ہوالشافی ۱۔ دارچینی ۵۰ گرام۔ تخم حرمل ۲۰ گرام سفوف بنالیں بخیل تیار ہے۔

۱۰ سال سے کم عمر کے بول بستری کے مریضوں کے لیے ½ تا ۱ گرام دن میں تین بار پانی سے دیں۔

بڑی عمر کے بول بستری میں مبتلا مریض کے لیے بنانا چاہیں تو دارچینی، تخم حرمل ہم وزن لیں۔ ۲ گرام تین بار دن میں۔ بول بستری اور مسلسل بول میں بے حد مفید و موثر ہے بخیل ایسا کام کرتا ہے یعنی کسی، دل تنہ کو بھی خود سے جدا کرنا گوارا نہیں کرتا ہے۔

● ۲۔ خیریت

ہوالشافی: بھنل، سنڈ، مغز بادام، جلوزی، تخم حرمل، لونگ، دارچینی، ہر ایک ۱۰ گرام۔ منقی یا تخم السی ۱۵۰ گرام

آزمودہ نسخہ جات

حکیم پیر سید نجم الحسن شاہ قادری جلوی، نجم دواخانہ نزد ایم سی ہائی سکول بلال کالونی ملتان روڈ ڈھونوال لاہور

۱۔ دردِ اعصاب۔ جوڑوں کا درد

رنگ ۵ تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ جائفل ۴ تولہ۔ جاوتری ۳ تولہ۔ منقیٰ حسبِ ضرورت۔ مغز بادام ۵ تولہ۔

تمام چیزیں باریک کرکے اس قدر کوٹیں کہ ہمراہ منقیٰ کے گولی برابر چھوٹے نخود کے بنائیں۔ اور صبح و شام ہمراہ دودھ بعد غذا استعمال کریں۔ انشاء اللہ پہلے یوم فائدہ ہوگا۔

۲۔ اسپند کو توے پر معمول سا بریاں کریں اور باریک سفوف بنا کر قند کہنہ کی مدد سے نخودی گولیاں تیار کریں۔ صبح و شام ہمراہ دودھ کھلائیں اس سے مادہ تولید بے حد پیدا ہوگا اور دردوں کو بھی مفید ہے۔

۳۔ اکسیر البدن مستورات

اسگند ناگوری۔ بھکڑا ۱۰ تولہ۔ ماجو ۵ تولہ۔ مصری ۴ تولہ۔

تمام چیزیں باریک سفوف بنا کر رکھیں۔ ۳ ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ دودھ کھلائیں۔ عورتوں کی جملہ امراض میں مجرب ہے۔

۴۔ تخم ہندی کلاں ۱۰ تولہ۔ چھلکا اسبغول ۱۰ تولہ۔ مغز بادام ۵ تولہ۔ مغز چار ۵ تولہ۔ الائچی سبز ۱ تولہ۔

تمام چیزیں باریک سفوف بنا کر رات کو آدھ کلو دودھ میں کھانے والا چمچ ڈال کر کھیر تیار کریں اور رات سوتے وقت کھائیں۔ منی کو مغلظ کرکے قدرتی باہ میں زیادتی پیدا ہوگی۔ مجرب ہے۔

● ۵۔ اسگند، اسپند ہموزن علیحدہ علیحدہ دونوں کا باریک سفوف بنا کر ملالیں۔

خوراک ایک ماشہ انڈا دیسی سے کر نیم برشت کرکے اور ایک ماشہ دوائی ڈال کر کھلائیں اوپر سے دودھ خالص پلائیں۔ یہ تیار سفوف استعمال کرنا ہوگا۔

یہ وہ حضرات استعمال کریں جو کہتے ہیں کہ کبھی خواب میں بھی انتشار نہیں ہوا انشاء اللہ ایک ہفتہ کے بعد اپنے آپ بتائیں گے کہ کس قدر فائدہ ہوا ہے۔

۶۔ یرقان، ضعف جگر

لوہا کلاں کا جو بسوں کی ہوتی ہے کا ٹکڑا تقریباً ½ پاؤ لے کر آگ میں اس قدر گرم کریں کہ سرخ ہو جائے ایک پاؤ دودھ میں بجھا کر جاگ لگائیں۔ صبح لوہا نکال کر دہی کھالیں تقریباً ۱۵ یوم میں پرانے سے پرانا یرقان ضعف جگر بالکل ٹھیک ہو جائے آزمودہ ہے تجربہ کریں۔ ۱۵ سال سے تجربہ ہے۔

تصدیقات کو شائع کروائیں۔ شکریہ!

خوب سے خوب تر کی تلاش میں رواں دواں۔ اطباء کرام کو گوشۂ گمنامی سے نکالنے میں پیش پیش۔

سفیر حکمت و نمائندہ خصوصی میاں شاہد اکبر نقشبندی
صابری مسجد طیب پارک شیخوپورہ

سکن آئنمنٹ سپیشل

● اجزائے نسخہ:۔ پنسلین ٹیکے دس لاکھ طاقت ۴ عدد۔ سیبازول گولیاں ۲۵ عدد۔ گندھک آملہ سار ½۲ تولہ۔ ست لوبان ½۲ تولہ۔ ویزلین سادہ ایک پاؤ۔

تیاری:۔ کوٹنے والی ادویہ کوٹ کر باریک سفوف بنالیں اور بعد ازاں تمام سفوف کو ویزلین میں شامل کریں اور خوب یکجان کرلیں۔ دوا تیار ہے۔ محفوظ شیشی یا مرتبان میں حفاظت سے رکھیں۔

طریقہ استعمال: عام مرہم کی طرح استعمال کریں دن میں دوبار صبح و شام۔

فوائد:۔ داد، چنبل، لاکڑا، کاکڑا، کوڑھ اور خارش کے لیے نہایت ہی مفید و مؤثر ہے۔ عرصہ چار سال سے زیر استعمال ہے۔ جس کا نتیجہ ہمیشہ سو فیصد درست برآمد ہوا ہے۔

اکسیری جوشاندہ برائے تپ تورک

اجزائے نسخہ:۔ مویز منقیٰ ۵ دانہ۔ عناب ایرانی ۵ دانہ۔ خاکسی ۷ ماشہ۔ پانی ½ کلو۔

تیاری:۔ تمام اشیاء کو پانی میں جوش دیں اور پانی جوشیدہ کو کپڑے سے چھان لیں۔

استعمال:۔ چھ چھ ماشہ صبح دوپہر اور شام کو پلائیں اگر ساتھ کھانسی ہو تو ساتھ ملٹھی اور گلو بھی شامل کر سکتے ہیں۔

فوائد:۔ تپ تورک کو چار پانچ روز میں شفا ہو جائے گی۔ عرصہ پچاس سال سے معمول و مجرب ہے۔

معجون مقوی دماغ

اجزائے نسخہ: چاول سونف ایک چھٹانک۔ چہار مغز آدھ پاؤ۔ مغز پستہ ایک پاؤ۔ مغز بادام ایک پاؤ۔ بہیڑہ ایک پاؤ۔ آملہ خشک ایک پاؤ۔ ہرڑ کابلی ایک پاؤ۔ روغن گاؤ خالص ایک کلو۔ چینی اکلو۔

تیاری:۔ تمام ادویات کو کوٹ پیس کر روغن سے چرب کریں اور پھر چینی کا قوام تیار کر کے اس میں چرب شدہ ادویات ملا کر معجون تیار کریں۔

خوراک:۔ ایک تولہ صبح ایک تولہ شام دودھ کھلائیں۔

فوائد:۔ نزلہ زکام (آٹھ یوم کا استعمال) کیرا ایک ماہ کا استعمال) مقوی دماغ (مسلسل جاری رکھیں) اس کا نتیجہ سو فیصد درست ہے اور عرصہ ۷ سال سے زیر استعمال ہے۔

لانگ لائف پاورفل کیپسول

قارئین کرام کو سب سے پہلے میں یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ میرا طریقہ کار یہ ہے کہ کسی بھی مرض کا سو فیصد درست نسخہ تلاش کروں۔ پھر اس سے بہتر مزید فوائد کا حامل اور اجزاء میں نصف نسخہ حاصل کر کے آپ تک پہنچاؤں تو اس سلسلہ میں یہ جو نسخہ آپ کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے، جنوری کے شمارہ میں "عنایات" شرح قبولیت کے مقابل لیکن فوائد میں ۱۰۰٪ فیصد درست اور اس کے ہم پلہ ہے بلکہ اس نسخہ کے نتائج نے تو مجھے ورطۂ حیرت میں ڈال دیا ہے۔ بیس سے مریضوں کی زبانی اس نسخہ کے فوائد سنتے ہیں۔ ان کی تصدیق کے بعد اس نسخہ کو شائع کر رہا ہوں۔

قارئین کرام سے گزارش ہے کہ ایسے حکماء کو شکریہ کا خط ضرور لکھا کریں جو کہ عنایات کے سلسلے میں مجھ سے تعاون کرتے ہیں اور میں یہ "عنایات" آپ تک بذریعہ ماہنامہ اسرار حکمت پہنچاتا ہوں۔

ملاحظہ فرمائیں لانگ لائف پاورفل کیپسول کا نسخہ۔

تصدیق کا حاصل کرکے پھر رائج و مشہور و فروخت کریں۔ اور عدالتی بورڈ کی سند بغیر معالج حضرات یا عوام استعمال نہ کریں (یعنی ان ادویہ کو اتنی اہمیت نہ دینا چاہیے)

ب۔ طبی جرائد و رسائل میں خاص طور پر اس معیاری رسالہ "اسرار حکمت" میں بغیر عدالتی طبی بورڈ کے تصدیقی سند سے ان ادویات کو غیر معیاری، ناقص قرار دے کر ان کا کوئی بھی اشتہار شائع نہ کرنا چاہیے۔

ج۔ اس اعلیٰ طبی بورڈ کے فرائض میں یہ بھی ہے کہ طبی کتابوں، جرائد رسالوں پر تنقید تبصرہ شائع کریں۔

۱۳۔ مصدقہ مجربات و معیاری مضامین پر ہر سال طبی بورڈ کے فیصلہ سند سے طبی یادگار مجربات یا ڈائریکٹری ادارہ کی طرف سے شائع ہونا چاہیے تاکہ یہ یادگار اور طبی دنیا میں ہماری عظمت و وقار بلند رہے۔

اب افادات جمیل کے ضمن میں ہی صدری بیاض سے صرف دو نسخہ اپنی جامعیت افادیت میں بے مثال، سریع الاثر قلیل الاجزاء تیر بہدف ارسال خدمت کر رہا ہوں۔

حکیم ابوجمیل میاں حسن اللہ قریشی، شفاخانہ احمدیہ بمقام محمدی
ڈاکخانہ ابجی، براستہ مٹھیانی، ضلع نوشہرو فیروز سندھ

راحت افزا ۱

صفت: چھال انار سایہ میں خشک شدہ ایک حصہ۔
کشتہ ہڑتال گئودنتی دو حصہ۔ اچھی طرح کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

خوراک: ایک سے دو رتی تک کیپسول میں، شربت انجبار یا بنفشہ کے ساتھ تین بار۔

فوائد: خونی بواسیر، کثرت طمث، انشقاق الرحم رحم کا پھٹ جانا، زخم ہونا، نکسیر، خونی قے، بول الدم وخونی پیشاب، خونی اسہال ہر قسم کے جریان خون، مسوڑھوں سے خون جاری ہونا، نفث الدم، پیچش، اسہال (بچوں خواہ بڑوں کے) اپریشن کے بعد اندرونی یا بیرونی کسی بھی جسم کے حصہ سے خون جاری ہونا، جگر، مثانہ، گردہ وغیرہ سے خون جاری ہونا، خون تھوکنا اور پرانے ملیریا کے لیے بھی نافع ہے۔ یہ دوا فوری اثر کرنے والی ہے۔

بچوں کے اسہال میں نصف رتی دیں۔

کشتہ ہڑتال گئودنتی — ہڑتال گئودنتی صاف تقریباً شفاف بھی ہوتا ہے وہ اچھا ہے بڑے ٹکڑے ہوں۔ ایک سیر برگ نیم تازہ سبز دو سیر۔ ہڑتال کو زیر و بالا برگ نیم میں لپیٹ کر پھر اس کے اوپر سوتی دھاگہ لپیٹ کر بند کر دیں۔ پھر گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر محفوظ کریں۔ یہ کشتہ مذکورہ نسخہ کا حصہ ہے۔

اس کشتہ کا وزن خوراک ایک سے چار رتی تک دو تین بار دن میں۔ یہ کشتہ پرانا اور ہر قسم کے بخاروں خصوصاً پھیپھڑ دق سل، ملیریا، اسہال، ٹائیفائڈ (محرقہ) کے لیے بہت مفید تریاق ہے باقی فوائد مذکورہ بالا ہیں۔

راحت افزا ۲

صفت: زاغ بریاں ا حصہ۔ پوست خشخاش ۲۵ حصہ اچھی طرح پیس کر محفوظ رکھیں۔

خوراک: بڑوں کے لیے نصف ماشہ دو تین بار دن میں۔ بچوں کے لیے نصف سے ایک رتی تک۔

فوائد: یہ تپ لرزہ کے لیے خاص الخاص دوائی ہے۔ نصف نصف ماشہ کی تین خوراک قبل از بخار وقفہ وقفہ کے ساتھ دینے سے انشاء اللہ تعالیٰ بخار رک جائے گا۔ نزلہ زکام نیا ہو خواہ پرانا، ہر قسم کی کھانسی تر ہو خواہ خشک شہد یا عرق گاؤزبان کے ساتھ استعمال کرنا۔ نفث الدم میں بھی مفید ہے۔ تشنجی کھانسی کے لیے خاص طور پر مجرب ہے۔

———

بناتی ہے۔ دل کی دھڑکن اور ہر قسم کی بیماریوں کے لیے مفید اور اکسیر اعظم دوائی ہے۔ صدہا مرتبہ مختلف اشخاص کی تجربہ شدہ ہے۔ اور کئی مطب ہائے کا راز بھی ہے۔

۴۶۱۔ گٹھیری (کنڈیاری) سونٹھ، گلو ہر ایک ایک تولہ۔ ان کے کاڑھے میں ایک ماشہ پپلی (مگھاں) کا سفوف شامل کر کے پینے سے پرانے بخار، بدہضمی، کھانسی، دمہ، زکام اور لقوہ کو مفید ہے۔

۴۶۲۔ ناگرموتھا، آملہ، سونٹھ، کٹیری ہر ایک ایک تولہ۔ ان کا کاڑھا ایک پاؤ پانی میں بنائیں۔ جب ایک چھٹانک پانی رہ جائے اس میں تین ماشہ شہد اور تین رتی ہینگ کا سفوف ملا کر پلانے سے پرانے بخار اور ملیریا کو دور کرتا ہے۔

۴۶۳۔ ہر قسم کے بخاروں اور خصوصاً ملیریا کے لیے آیورویدک کا مشہور و معروف نسخہ سدرشن چورن ملاحظہ ہو۔ جو کہ مارکیٹ میں ہر سال سیروں بلکہ منوں کے حساب سے فروخت ہوتا ہے۔

پوست ہلیلہ زرد، آملہ، بلیلہ، منقیٰ، ہلدی، دارہلدی، کنڈیاری خورد، کنڈیاری کلاں، کچور، سونٹھ، مرچ سیاہ، مگھاں، پپلامول، گلو، دھمانسہ، کٹکی، شیر پاپڑا، شاہترہ، ناگرموتھا، اسارون، مورپھلی، بنفشہ، پوکرمول، ملٹھی مقشر، پوست نیم، کڑا چھال، اندرجو شیریں، بھارنگی، اجوائن دیسی، تخم سہانجنہ، پھٹکڑی سرخ بریاں، خس، بچ، پدماکھ، صندل سفید، سرو چینی، اتیس، کھریٹی، شالپرنی، پرشٹ پرنی، بابڑنگ، اگر، چترا کی جڑ کی چھال، برادہ دیار، چریتہ، پٹول پتر، جیوک، رشبھک، لونگ، تباشیر، کنول کے پھول، کاکولی، تیج پتر، جاوتری، تالیس پتر، ہر ایک ایک تولہ۔ چرائتہ ۲۷ تولہ۔ سب کو خوب کوٹ پیس کر چھان لیں۔ بس سدرشن چورن تیار ہے۔

خوراک ایک ماشہ سے لے کر تین ماشہ بلکہ ۴ ماشہ تک دن رات میں چار پانچ خوراکیں دی جا سکتی ہیں۔ بدرقہ اور خوراک وغیرہ بخار کی قسم اور مریض کی حالت کے مطابق جیسا معالج تجویز کرے۔ بچوں اور بوڑھوں کے لیے حسب طاقت دیگر کم و بیش کر لیں۔ چڑھے ہوئے بخار میں گرم پانی سے دیں۔ تو اکثر پسینہ آ کر بخار اتر جاتا ہے۔ یہ چورن اگرچہ سخت کڑوا ہوتا ہے لیکن اس کے فوائد بے شمار ہیں۔ اس لیے اسے کیپسول وغیرہ میں ڈال کر دیا جائے تو نازک مزاج مریض بھی اسے آسانی سے استعمال کر سکیں گے۔ اس سدرشن چورن سے تپ دق کے سوا ہر قسم کے بخاروں کے لیے اسے مطب میں روزانہ استعمال کی ضروری دوا کے طور پر ہمیشہ تیار رکھنا چاہیے۔ ملیریا بخار کے لیے جہاں بھوک نہ لگتی ہو اور تلی اور جگر بڑھ گئے ہوں اور کونین وغیرہ سے فائدہ نہ ہوتا ہو وہاں یہ چورن ہتھیلی پر سرسوں جما کر دکھا دیتا ہے۔ علاوہ ازیں کھانسی، دمہ، درد پہلو نیز ملیریا بخار سے پیدا ہونے والی کمزوریوں اور خرابیوں کو دور کرنے کے لیے بھی اسے ایک لاثانی دوا قرار دیا جا سکتا ہے۔ اس نسخہ کی بعض دوائیں آجکل نایاب یا کم از کم کمیاب ہیں۔ مثلاً جیوک اور رشبھک کی جگہ بداری قند ڈالیں۔ کاکولی کی جگہ ملٹھی ڈالیں۔ چریتہ نہ ملے تو اس کی جگہ پپلامول ڈالنا چاہیے۔ آملہ منقیٰ سے مراد منقیٰ کیا ہوا یعنی تخم نکالا ہوا آملہ ہے۔ اس چورن کی دواؤں کا حسب ترکیب معروف عرق بھی نکالا جا سکتا ہے۔ جو بخاروں کے لیے بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

۴۶۴۔ ششگرف رومی ۲ تولہ، پھٹکڑی بریاں ۵ تولہ، کالی مرچ ۶ ماشہ، گیرو ۲ تولہ۔ کھرل کر کے رکھ لیں۔

خوراک: ایک رتی ہمراہ شربت عناب ۲ تولہ، ماء الجبن ۵ تولہ صبح و شام دینا پرانے بخار کو دور کرتا ہے۔

۴۶۵۔ مغز کرنجوہ ۲ تولہ، نمک سیندھا ۱ تولہ۔ باریک پیس کر رکھ لیں۔ بقدر ۴ رتی دن میں تین بار پانی کے ہمراہ دینے سے بخار کو دور کرتا ہے۔

۴۶۶۔ پھٹکڑی مدبر، ششگرف مدبر، ریگ ماہی، ست گلو ہر ایک ۳ تین۔ رس کپور ایک تولہ۔ سب کو باریک کر کے ملا کر کھرل کریں اور بقدر مرچ سیاہ گولیاں بنائیں۔ ایک گولی پانی سے نگل لیں۔ اسی طرح صبح و شام روزانہ استعمال کرنے سے سات یوم میں پرانے سے پرانا بخار رفع ہو جائے گا۔

۴۶۷۔ پھٹکری سفید ۷ تولہ، کافور دیسی اصلی ۲ تولہ۔ ہر دو کو مٹی کے برتن میں ڈال کر گھریا کر کے خشک کریں اور گوزہ گلی میں گل حکمت کر کے تین سیر اوپلوں کی آگ دیں اور کشتہ کر لیں۔ بعدہٗ اس کو باریک کر کے محفوظ کر لیں۔ سوداوی بخار، تپ محرقہ شدیدہ کے اضطراب یا سرسامی عوارضات میں صرف ۲ رتی بھر نگلوا دیجئے۔ اگر عوارضات شدید ہوں تو ۲، ۲ گھنٹہ کے وقفہ سے تین خوراک دے سکتے ہیں۔ تپ دق میں صبح و شام ایک ایک خوراک گائے کے دودھ سے استعمال کر سکتے ہیں۔ ہر قسم کا بخار اس سے کافور ہو جاتا ہے۔ سوداوی بخار کا خاص الخاص نسخہ ہے۔

سُرمہ بخار

۴۶۸۔ جو کہ ہر قسم کے بخاروں کے لیے نیز بیحد مفید ہے۔ آنکھ میں ایک ایک سلائی لگانے سے شرطیہ طور پر بخار اُتر جاتا ہے۔ بڑا ہی کمال کا نسخہ ہے۔ بنا کر قدرت خدا کا مشاہدہ کریں۔ نسخہ یہ ہے:

نوشادر حسب ضرورت لے کر چار گھنٹہ عرق گلو تازہ سے خوب کھرل کریں اور دو پیالوں میں رکھ کر بدستور جوہر اُڑائیں۔ اور جو جوہر برآمد ہو اُس کو پھر چار گھنٹہ عرق مذکور میں کھرل کریں اور دو پیالوں میں رکھ کر بدستور جوہر اُڑائیں اور جو جوہر برآمد ہو اُس کو پھر چار گھنٹہ عرق مذکور میں کھرل کر کے دوبارہ جوہر اُڑائیں۔ تین مرتبہ اسی طریقہ سے جوہر اُڑائیں۔ تیسری دفعہ کے جوہر کو باحتیاط شیشی میں رکھیں اور ہر ایک بخار میں ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں میں لگایا کریں۔ اللہ نے چاہا تو ہر قسم کا بخار اُتر جائے گا۔ بڑا ہی عجیب و غریب و حیرت انگیز کرشمہ ہے۔

عرق برائے بخار

۴۶۹۔ یہ عرق ہر قسم کے بخاروں کی دافع اور اکسیر دوا ہے۔ غالب گمان ہے کہ آپ نے آج تک ایسا نسخہ دیکھنا تو درکنار سننا بھی نصیب نہ ہوا ہو گا۔ یہ کم قیمت دوا کسی مریض کو آبِ حیات کا کام دیتی ہے۔ موثر ایسی ہے کہ آج تک کبھی خطا نہیں گئی۔ بڑی ہی مجرب اور بے نظیر دوا ہے۔ نسخہ ملاحظہ ہو۔

کافور ۲ ماشہ کو بوتل میں ڈال کر پانی سے عین پر کر دیں۔ بوتل کو ہلا کر کافور مذکور کو اچھی طرح سے حل کر دیں۔ اور مضبوط کارک لگا کر رکھیں۔ پس جادو اثر دوا تیار ہے۔ اس میں سے ۲ تولہ دوا ایک چھٹانک پانی میں ملا کر دیا کریں۔ اسی طرح دن میں تین خوراکیں استعمال کرائیں۔ ہر قسم کے بخاروں کی شرطیہ اور مجرب دوا ہے۔ علاوہ ازیں بچوں کی ہر ایک بیماری مثلاً سبز رنگ کے اسہال، ہیضہ، سوکھا پن، ماتا، گلا بیٹھ جانا، پھوڑا، پھنسی وغیرہ میں بہت مفید ہے۔ عمر کا لحاظ رکھ کر دیا کریں۔ خدا کی مہربانی سے ہر مریض میں شفا ہو گی۔

بخار کے لیے دھونی

بیم۔ گوگل، نیم کے پتے، وریج، کھڑا، ہرڑ، سرسوں، جو گگل۔ ان سب ادویہ کو ایک جگہ ملا کر دھونی دینے سے بخار دور

تجربات

نذیر علوی موضع مقام موہڑہ بنی والا، ڈاکخانہ چلیشہ ۔ ضلع راولپنڈی

اسلام علیکم ۔ پہلی مرتبہ آپ کی بزم میں شامل ہونے کی کوشش کر رہا ہوں اس امید کے ساتھ کہ آپ اپنی صف میں شامل کر لیں گے ۔ میں ابھی تدریسی مراحل سے گزر رہا ہوں ، سفر لمبا اور کٹھن ہے لیکن آپ جیسے شفیق اطباء کی موجودگی میں ناممکن نہیں ہے ۔ میں ہدیہ پر اپنے چند تجربات تحریر کر رہا ہوں اگر آپ مناسب سمجھیں تو شائع کر دیں ۔

تحفۂ خضر برائے کھانسی

یہ نسخہ جناب حضرت خواجہ خضر علیہ السلام کا عطا کردہ ہے ۔

واقعہ کچھ یوں پیش آیا کہ (آج سے تقریباً ۱۸/۱۷ سال قبل کی بات ہے اس وقت میری عمر تقریباً ۶/۷ سات کی ہو گی) ہمارے گھر میں کھانسی نے شدید حملہ کر دیا خاص طور پر والدہ صاحبہ اور بھائی جان کو شدید کھانسی تھی کہ کسی دوا سے آرام نہیں آ رہا تھا ایک دن والدہ صاحبہ نے خواب میں حضرت حضرت خضر علیہ السلام کو دیکھا وہ نسخہ بتا رہے تھے ملاحظہ فرمائیں ۔

ہوالشافی ، درخت پھگواڑ (پگھاڑی) کی چھوٹی چھوٹی کونپلیں (جو کھلنے والی ہوں یا ابھی ابھی کھلی ہوں) لے لیں اور ان کونپلوں کے برابر کالی مرچیں لے لیں ۔ کونپلوں کو توے پر بھون لیں اور مرچوں کو بھون لیں ۔ اب دونوں چیزیں ملا لیں ۔ دوا تیار ہے ۔

ترکیب استعمال ، چٹکی بھر دوا رات کو سونے سے قبل کالی مرچوں کے قہوہ سے استعمال کریں ۔ ہر قسم کی کھانسی میں مفید ہے ۔ ہماری بارہا کی آزمائی ہوئی ہے ۔ بنا کر مفت دیں ۔ گرمی مزاج وقت منع نہ کریں ۔

پھگواڑی کا درخت انجیر کے درخت جیسا ہوتا ہے ۔ پھل بھی انجیر جیسا لگتا ہے لیکن بہت چھوٹا ہوتا ہے ۔ پہاڑی علاقوں میں یہ درخت عام ملتا ہے ۔

اکسیر بادی بواسیر

بادی بواسیر کے لیے میری تجربہ شدہ دوا ہے ۔ ملاحظہ فرمائیں ۔

ہوالشافی : دیسی اجوائن رات کو سونے سے قبل چمچ بھر لے لیں بغیر پانی کے خوب چبا چبا کے کھائیں انتہائی مفید ہے ۔ ایک مریض کو آٹھ نو ماہ سے بادی بواسیر کی شدید تکلیف تھی صرف ایک ہفتہ کے استعمال سے اسے اس مرض سے نجات مل گئی لیکن وہ اب بھی کبھی کبھار استعمال کرتا ہے ۔ درمیان میں اس نے ایک ماہ تک اجوائن استعمال نہیں کی لیکن پھر بھی اسے یہ شکایت دوبارہ نہ ہوئی ۔

خراٹے

جو شخص خراٹے مار رہا ہو اس کی جوتی اس کی چارپائی کے نیچے سر کے قریب الٹی کر دیں ۔ خراٹے بند ہو جائیں گے ۔ بارہا کی تجربہ شدہ ہے ۔

وقت کا تقاضہ ہے کہ ہم ماحول کو آلودگی سے بچائیں اور اپنے قدرتی ورثہ کو آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ رکھیں ۔

اطبائے جگراؤں کے صدری مجربات

حکیم عبدالرحیم چشتی جگراؤنوی

عالم نزع ختم

قرنفل ۲ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ جدوار خطائی ۶ ماشہ۔ ورق طلا ۳ ماشہ۔ کستوری خالص ۳ ماشہ۔ سرمے کی باریک کرکے ارتی سے ۴ رتی تک حسب موقع برائے طبیب استعمال کیجئے حرارت غریزی واپس لاکر موت کی آخری ساعتوں میں سنبھالتی ہے۔

لاجواب طلاء

بینگ ۲ تولہ۔ دارچینی سفوف ۲ تولہ شہد ½ پاؤ۔ کانسی کے تھال میں ۴ گھنٹے کانسی کے کٹورے سے رگڑیں۔ حسب ضرورت رات کو سوتے وقت کپڑے سے لگا کر باندھ کر سو رہیں۔ کجی کوتاہی دور ہو کر فربہی درازی ایک ہفتے میں ہوگی۔ مجرب ہے۔

حکیم محمد عبداللہ جگراؤنوی

سب سے پہلے اطبا میں جگراؤنی کا لفظ انہوں نے ہی رواج دیا۔

دماغی امراض خصوصاً خاموش جنوں میں نسخہ ہذا کو مختلف کرکے استعمال کیا۔

درونج عقربی ۲ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ جدوار خطائی ۹ ماشہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ شنگرف ۳ ماشہ۔ کشتہ سونا ۲ ماشہ۔ مروارید ۱ ماشہ۔

راحا احمد خاں رئیس اعظم ہریانہ کو حکیم نورالدین بھیروی نے لاعلاج قرار دیا تو تو اسی نسخے سے شفا ہوئی اور یہی علاج دونوں اطبا کی دوستی کا باعث بنا۔

حکیم مولوی محمد حبیب اللہ چشتی

اپنڈے سائٹس کے لیے تیر بہدف نسخہ۔

● میٹھا تیلیہ ۱ تولہ ½ سیر آب ادرک میں کھرل کرکے ½ پاؤ سونٹھ ملا کر بقدر نخود گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ تازہ نیم گرم۔

یہ نسخہ حکیم شوکت علی چشتی نظامی شاگرد سید فضل حسین شاہ جانشین حکیم احمد دین شاہدری کا معمول ہے اور خواجہ سید محمود شاہ گیلانی کی بیاض کا سنہری ورق ــــ

چھلکا جڑ آک، فلفل دراز، فلفل سیاہ ہموزن بقدر نخود قولنج اور امراض معدہ کی اکسیری دوا۔

شفاء الملک حکیم فقیر محمد چشتی نظامی

بواسیر کا لاجواب نسخہ

● قرنفل مدار، رسونت ہندوستانی، مغز تخم نیم ہر ایک ایک تولہ۔ ریوند عصارہ ۹ ماشہ (کبھی کبھی ہموزن سقمونیا ڈالا گیا) آب مولی میں کھرل کرکے بقدر نخود ۲ گولی شام ایک صبح۔ کبھی صبح شام ۱ گولی (برائے طبیب)

● اس کے ساتھ یہ مرہم۔

مازو، کتھہ گلابی، کافور، افیون ہموزن مکھن یا ویزلین میں مرہم بنالیں۔

چرس اور بیر بہوٹی ہموزن دونوں کو ملا کر ۳ ماہ تک گھوڑے کی لید میں رکھ کر تیل بنالیں۔ جھلبری کی کامیاب دوا ہے۔

حکیم عبدالرزاق بابا چشتی جگراؤنوی

ملٹھی، سہاگہ بریاں ہر ایک ۲ تولہ، آب ہلدی کی

½ تولہ۔ عنبر اشہب ۶ ماشہ۔ تریاق ۱۱ ماشہ۔

اعصابی غدی اکسیر بھی معمولی مقدار میں ملائی جاتی رہی۔

تریاق جگر کے نام سے مطب میں مستعمل تھی۔ جسم کی چنگاریاں نیز سل ٹی۔بی بواسیر اور صفراوی امراض کی دوا۔

فخر خاندان مولوی ولی محمد چشتی جگرانوی

مہتمم مشرق دواخانہ، لاہور

بلند فشار خون کی عمدہ دوائی

صندل سفید ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ اسرول ۶ ماشہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ کشتہ زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ۔ کشتہ عقیق ½ تولہ کشتہ مرجان ½ تولہ۔ معجون عشبہ بھی ساتھ دیا جاتا ہے۔

حکیم معین نجمی

پتھر شکن

نمک کیلا، نمک مدار، نمک کپاس، نمک خربوزہ، نمک مولی، نمک کیکر، نمک تورئی (سات نمک) ہموزن مختلف مقدار کے ساتھ کامیاب ترین دوا۔

کبھی کبھی نمک کپاس کی جگہ جوکھار خودساختہ۔

حکیم شوکت علی چشتی اس نسخے کو اول درجے کا نسخہ قرار دیتے ہیں۔

شربت امیر

تج، بالچھڑ، دوج ترکی، حب بلسان، ریوند چینی، مصطگی رومی ہر ایک ۷ ماشہ۔ تخم کاسنی، صندل سفید، گلسرخ، انیسوں، بادیان، منکو، افسنتین، تخم کرفس، گل غافث ہر ایک ۳ تولہ۔

اعصابی عضلاتی اور اعصابی غدی مریضوں کے لیے آب حیات ہے۔ پرانے بخار، دل گھٹنا، بلغمی امراض کے لیے پیر محمد امیر چشتی پاک پتن کا تحفہ ہے۔

حکیم مولوی محمد اقبال چشتی نظامی

دوائے یرقان جو بابا جی آپ کو عطا فرمایا اور آپ اسے اپنے علاقے میں مفت تقسیم کرتے ہیں۔

● میٹھا سوڈا، قلمی شورہ، ریوند چینی، نوشادر ہر ایک ۴ تولہ۔ نمک منکو، الائچی خورد ہر ۱ تولہ۔

مقدار مریض کے حالات کے موافق ہے۔

● اجوائن، نمک سیاہ ہر ایک ۲ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری، سونٹھ، گل عشر ہر ایک ۱ تولہ۔ الائچی سبز ½ تولہ۔

سب کو باریک کر کے سفوف بنائیں۔ بقدر نخود اسے ۲ گولی صبح شام (غدی اعصابی)

میاں محمد طارق نظامی

سجادہ نشین کوٹ مانان شریف

ا۔ آپ پتہ میں عنبر قرعا بھگو کر رکھ دیں۔ ایک ہفتے کے بعد اچھی طرح گھوٹ کر مرہم بنا لیں۔ یا معمولی گلیسرین میں طلا / استعمال کریں۔ لاجواب طلا ہے۔ (غدی عضلاتی)

ب۔ اس کے ساتھ۔ جاوتری ۱ تولہ۔ کستوری ۱ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔

کستوری ملنے پر چند بیدستر ۲ تولہ نمک ڈالیں تو مدعا حاصل ہو جائے گا۔ اور عمل امساک پر حکمرانی ہوگی۔

اور اب آیئے ان بزرگوں کے درجات کی ترقی کے لیے ہاتھ اٹھائیں۔

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین آباد

فیضِ قادری جلوی

قارئین کی خدمت میں نسخہ جات حاضر ہیں آپ بنائیں اور خلقِ خدا کی خدمت کریں اور احقر کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

حکیم نجم الحسن شاہ قادری جلوی، نزد ایم سی مڈل سکول ڈھولن وال لاہور

طلاء اکسیر و خوراک روغن

ہوالشافی: سم الفار ۱ تولہ، شنگرف رومی ۳ تولہ، زردی بیضہ مرغ دیسی ۲۴ عدد۔

ترکیب: سم الفار اور شنگرف کو باریک سفوف بنا کر ایک ایک زردی ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ جب تمام زردی کھرل ہو کر غلولہ بن جائے تو پتال جنتر سے روغن کشید کریں۔

ترکیب استعمال: ۳ قطرے رات کے وقت آلۂ تناسل پر مالش کریں۔ ایک قطرہ ½ کلو دودھ میں ڈال کر رات کو پلا دیا کریں۔ اگر دودھ میں گھی شامل کر لیں تو بہت مفید ثابت ہوگا۔ ۱۸ سال کی عمر کے بعد یہ دوائی دینی ہے۔ مالش ہر عمر میں کرا سکتے ہیں۔ باقی جو فضلہ بچے اس کو پیس کر باریک کر لیں اور محفوظ رکھیں۔ یہ سفوف ۲ چاول ہمراہ مکھن دیں یہ بھی مجرب ہوگا۔ بلغم دردوں اور پٹھوں کے دردوں میں مفید ہوگا ہمراہ دودھ دیں۔ اللہ کریم شفا بخشے گا۔

خنازیر بر بحران

ہوالشافی: موش جنگل بڑا کو مار کر ایک کوزہ گلی میں ڈال کر شیر مدار سے بھر دیں اور بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔

خوراک: ایک چاول ہمراہ مکھن بعد ناشتہ ایک گھنٹہ دیں۔ انشاء اللہ سات یوم میں بہتے ہوئے خنازیر کو مکمل فائدہ ہوگا۔ ساتھ گنڈا بھی دیں۔

سات رنگ کا دھاگہ تقریباً ایک گز ہو۔ سات بار الحمد شریف مکمل پڑھ کر ایک گرہ لگائیں۔ حتیٰ کہ گیارہ گرہ لگائیں۔ اور مریض کے گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ مکمل فائدہ ہوگا۔

شوگر

ہوالشافی: کریلہ خشک ۱ پاؤ۔ چاکسو ۱ پاؤ۔ گلو خشک ۱ پاؤ۔ چھلکا اسبغول ۱ پاؤ۔ مغز بادام ½ پاؤ۔ تالمکھانا ۵ تولہ۔ جامن ۵ تولہ۔

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر ملا لیں۔ روزانہ صبح شام چھوٹا چمچ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ تقریباً ۳ ماہ انشاء اللہ مکمل فائدہ ہوگا۔

ساتھ مریض صبح کی نماز میں بعد سنت کے ۴۱ مرتبہ الحمد شریف پڑھے اور پانی پر دم کر کے پی لیا کرے اللہ کے فضل سے شوگر سے نجات ہوگی۔

نوٹ: سنت اور فرض کے درمیان الحمد شریف ۴۱ مرتبہ۔

دل کے مریض و ضعف جگر

ہوالشافی: ایک عدد گاجر کو بھرتا کر لیں۔ مٹی لگا کر یا دیسی کپڑے کو گیلا کر کے جب بھرتا ہو جائے تو اُسے نکال کر چلے ہم ٹکڑے کر لیں۔ اور چینی ڈال کر رات اوس میں رکھ دیں۔ صبح صرف گاجر کے ٹکڑے اٹھا کر کھا لیں۔ ۱۵ یوم میں دونوں مرضوں کو مکمل فائدہ ہوگا۔

یرقان، ضعف جگر، معدہ (عرق نجم قادری)

● ہوالشافی: ہرڑ، بہیڑا، آملہ ہر ایک ایک پاؤ۔ نوشادر ٹھیکری ۵ تولہ۔

تمام چیزیں کسی بڑے مٹی کے برتن میں ڈال کر ۱۰ سیر پانی ڈال دیں۔ ۱۰ یوم کے بعد عرق کشید کریں چھ بوتل تقریباً ہوں۔ روزانہ ۵ تولہ صبح و شام پلانے سے مرض مکمل طور پر ٹھیک ہو جائے گا۔

کشتہ بارہ سنگھا (ہرفن مولا)

ہوالشافی: سینگ بارہ سنگھا ۲۰ تولہ کو نعدا کر پنڈی ۱۲ آگ دیں۔ اور پھر ۱۲ دفعہ شیر مدار میں آگ دیں۔ بعد میں ایک آگ گھیکوار کی دیں مجرب المجرب ہوگا۔

ترکیب استعمال: ایک چاول ہمراہ مکھن یہ تمام امراض میں تیر بہدف کام کرے گا طبیب حضرات مناسب بدرقہ کے ساتھ اسے ہر مرض کے لیے دے سکتے ہیں۔ یہاں تک کہ درد دل کو مفید ثابت ہوتا ہے۔ نامرد کو کامل مرد بنانے میں اس کی مثال نہیں۔ نمونیا، گنٹھیا، اعصابی کمزوری، بخار لرزہ، قبض معدہ، جگر وغیرہ میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ یہ میرا آزمودہ ہے۔ تمام کشتہ جات اس کے سامنے ہیچ نظر آتے ہیں۔ بنائیں اور تجربہ کریں۔

خشک خارش ●

ہوالشافی: آٹا گندم ۲۰ تولہ۔ تیل سرسوں ڈیڑھ پاؤ۔ آٹا کو شیر مدار میں گوندھیں اور غلولہ بنالیں اور تیل میں پکوڑا کی طرح جلالیں۔ بعد میں تیل چن لیں اور خارش والی جگہ پر مالش کریں۔ پہلے یوم انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

قارئین حضرات سے کچھ مشورے ہیں اگر عمل نہ کریں تو نسخہ تحریر کریں۔

۱۔ ایک لڑکا جو کہ میرا مریض بھی ہے۔ اس کے جسم پر سردیوں میں مچھلی کے چانوں جیسے نشان بن جاتے ہیں منہ اور بازو پر نہیں ہوتے عمر تقریباً ۳۰ سال کے قریب ہے۔

۲۔ ایک مریضہ جس کی عمر تقریباً ۱۸ سال ہے اس کے پاؤں کے تلووں پر چیر جیسے نشان ہیں جس کا اس کا چلنا مشکل ہو جاتا ہے کبھی کبھی بھی رستا ہے رنگ بھی زردی مائل ہے۔ ماہواری ٹھیک ہے۔ ان کے خاندان میں ایسا مریض بھی کوئی نہیں ہے۔

چھوٹا سا بہرہ مگر فائدہ مند

دودھ اللہ کریم کا ایک نایاب اور اکسیر البدن تحفہ ہے اس کے کروڑوں فوائد ہیں کیونکہ اس میں قدرت نے اسقدر توانائی بھر دی ہے کہ انسان کی عقل دنگ رہ جاتی ہے مگر ہم ہیں کہ اصلی دودھ لینے گوالوں (گجروں) کے پاس جاتے ہیں کہ اپنی آنکھوں کے سامنے دودھ دوہتے ہیں۔ مگر کئی بھینسیں ایسی ہوتی ہیں کہ جن کو انجکشن لگا کر دودھ لیتے ہیں یہ آپ کو معلوم ہے کہ انجکشن جو بھینس کو لگاتے ہیں وہ انجکشن ولادت کے وقت زچہ کو لگایا جاتا ہے کیونکہ اس کی گرمی سے بچہ کی پیدائش ہوتی ہے جب وہ ٹیکہ بھینس کو لگتا ہے تو وہ اس قدر اکڑ جاتی ہے کہ دودھ تھنوں میں اتر آتا ہے۔ اور گوالے لوگ آسانی سے دودھ دوہتے ہیں مگر اس دودھ میں اسقدر گرمی ہوتی ہے کہ پینے والے حضرات کا کیا حال ہوتا ہوگا شاید ان کو بھی معلوم نہ ہو۔ بچوں میں ہرے پیلے پاخانے، سوکھا پن، ام الصبیان، بخار، نزلہ ہو جاتا ہے۔ بڑوں میں بلڈ پریشر، اعصابی کمزوری، مردمی طاقت میں کمی، اٹھرا وغیرہ عورتوں میں لیکوریا، حیض کی زیادتی، کمر میں درد، ڈپریشن، دردسر، جوانوں میں احتلام، جریان، کمزوری وغیرہ لاحق ہو جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں قلب ساتھ پھولنا، تھکاوٹ، ضعف جگر، یرقان، قبض، مروڑ وغیرہ، نیند کی کمی۔

اس کا اب کیا جائے جو لوگ باہر سے دودھ لے کر گھروں کو چلے ہیں لے کر جاتے ہیں ان کا تو خدا حافظ ہے۔ آپ نے سوچا ہوگا کہ ام لوگ بہت سی پریشانیوں میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اب اس کا حل اطباء حضرات سوچیں اور مشاہدہ فرمائیں کہ اب کیا کریں۔ دودھ چھوڑ دیں یا اپنی صحت خراب کریں اگر کوئی اس کا حل ہے تو برائے کرم اسرار حکمت میں تحریر فرمائیں تاکہ خلق خدا کو فائدہ ہو۔ بچوں میں یہ دودھ بہت اثر کرتا ہے۔

گلدستۂ مجربات

دوائے بخار

۴۷۱۔ یہ دوائی ہر قسم کے بخاروں کو دور کرتی ہے۔ مصری بیکانیری ۴ تولہ۔ طباشیر کبود ۱ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۱ تولہ۔ ست گلو ۱ تولہ۔ ثوب کلاں مسلم ۱ تولہ۔ تمام ادویات کو باریک کوٹ پیس کر بعد میں خوب کلاں کو ثابت ہی ڈال دیں۔ سفوف تیار ہو گیا۔

خوراک: ڈیڑھ ماشہ سے ۳ ماشہ تک ہمراہ آب تازہ یا گرم یا بدرقہ مناسبہ سے دیں۔

۴۷۲۔ چرائتہ، اتیس، لودھ پٹھانی، ناگر موتھا، اندرجو، گلو، دھنیا، مشک بالا، بیل گری ہر ایک چھ چھ ماشہ لے کر ایک پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب ایک چھٹانک رہ جائے تو شہد بقدر چھ ماشہ ملا کر پلانے سے بخار، دمہ، کھانسی اور گرمی کا بخار دور ہوتا ہے۔

صفراوی اور دموی بخار

۴۷۳۔ مغز کدو ۶ ماشہ۔ مغز تخم خیارین ۱ تولہ۔ عرق گاؤزبان ۴ تولہ۔ بید مشک ۲ تولہ میں شیرہ نکال کر صاف کر کے شربت بنفشہ یا نیلوفر ملا کر پلا دیں۔ چار پانچ دن میں آرام ہو جائے گا۔

۴۷۴۔ جوکھار ایک رتی ایک پاؤ سرد پانی میں حل کر کے اس کے ہمراہ تخم بالنگو ۶ ماشہ۔ صبح کے وقت پھنکا دیا کریں۔ خدا کی مہربانی سے تین چار یوم میں بخار کافور ہو گا۔

تریاقِ بخار

۴۷۵۔ یہ نسخہ ایک بار نہیں بلکہ کئی بار مریضوں پر استعمال کرنے کے بعد تیر بہدف ثابت ہوا۔ کئی اصحاب کے سینہ کا راز چلا آ رہا ہے جو لوگ دیسی طب کے کمالات دیکھنا چاہیں تو اس نادر روزگار کو ضرور تیار کریں۔ پھر دیکھیں کہ کامیابی ان کے قدم کس طرح چومتی ہے۔ نسخہ ملاحظہ ہو۔

لعاب کوڑیہ ۳ تولہ۔ کشتہ ابرک سفید ۶ ماشہ۔ کشتہ ہڑتال گئودنتی ۱ تولہ۔ ہر سہ کا سفوف بنا لیں۔

خوراک: ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک۔ دن میں تین دفعہ ہمراہ شربت بزوری بارد، عرق گاؤزبان، ارق بید مشک وغیرہ۔ چند یوم میں تپ کہنہ بخار کافور ہو جائے گا۔

۴۷۶۔ صندل سفید کے شیرہ میں پارچہ تر کر کے دل کے مقام پر رکھنا قوی الاثر ہے۔ تپ کہنہ اور صفراوی بخار کو مفید ہے۔

۴۷۷۔ یہ نسخہ تپ شکن کے نام سے موسوم ہے۔ الائچی خورد، ست گلو، ہر دو دو دو تولہ۔ طباشیر کبود، کشتہ ابرک سفید ایک ایک تولہ۔ مغز کرنجوہ ۱۴ ماشہ۔ کونین سلفاس، کافور چھ چھ ماشہ۔ سب کو باریک کر کے پیس کر محفوظ رکھیں۔ صفراوی بخاروں کو دور کرنے میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ تین رتی دن میں تین بار ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

۴۷۸۔ برادہ صندل سفید، کاسنی، تخم خیارین ہر ایک ۴ ماشہ۔ گھوٹ چھان کر پلانا بھی صفراوی بخار میں مفید ہے۔

۴۷۹۔ سکنجبین گلاب میں ملا کر پلانا قاطع صفرا ہے۔

۴۸۰۔ کافور، گیرو دو دو تولہ۔ طباشیر، دانہ الائچی خورد ۱۰ تولہ۔ تمام ادویات کو باریک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک: دو رتی ہمراہ عرق گلاب یا ٹھنڈے پانی سے بحالت بخار ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔ بخار کم ہو جائے گا اور مریض ہوش میں آ جائے گا۔ صفراوی بخار کی لاجواب

۴۸۵۔ کوڑ کشتی کو باریک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بخار چڑھنے سے ایک گھنٹہ پیشتر ایک ماشہ بتاشہ میں ڈال کر کھالیں۔ پانی کے نزدیک نہ جائیں۔ اول تو پہلے ہی دن بخار اتر جائے گا ورنہ بالکل ہلکا چڑھے گا۔ دو تین روز میں قطعی رفع ہو جائے گا۔ پندرہ سولہ سال سے یہ نسخہ میرا معمول ہے۔ ہر قسم کے نوبتی بخاروں کے لیے نہایت مفید ہے۔

۴۸۶۔ انگریزی نسخہ: سنکونا فیبری فیوج اصلی دو ڈرام۔ سلفیورک ایسڈ ڈائیلیوٹ دو ڈرام۔ میگنیشیا سلفاس چار اونس۔ تیل سونف ۱۵ بوند۔ پیپر منٹ آئل پندرہ بوند۔ پہلا ایک بوتل پہلے سنکونا کو سلفیورک ایسڈ میں حل کریں۔ پھر میگنیشیا کو پانی میں حل کر کے دونوں کو ایک بوتل میں ملائیں۔ اور تھوڑی دیر پڑا رہنے دیں۔ میل اوپر آجائے گی۔ اسے نکال ڈالیں۔ بعدہٗ تیل سونف اور تیل پودینہ کو کھانڈ پر ٹپکا کر بوتل میں ڈال دیں اور خوب حل کر کے رکھ دیں۔

خوراک: ایک اونس دن میں تین بار استعمال کرائیں۔

ملیریا کی تمام اقسام کے لیے اکسیر ہے۔ لطف یہ کہ خود ہی قبض کشا ہے اس دوا کی موجودگی میں آپ کو کسی اور نسخہ کی ضرورت نہ پڑے گی۔ لہٰذا ہم اسی پر اکتفا کرتے ہیں۔ ہاں ایک نکتہ اور یاد رکھیں کہ چڑھے ہوئے بخار میں کوئی دوا نہ دیں ورنہ بخار رکنے کا باعث بن جائے گا۔ اور میعادی صورت اختیار کرے گا۔ غذا دودھ، چاول یا ساگودانہ دودھ میں پکا کر دیں۔

ملیریا کا مسہل

۴۸۷۔ سنا کی ۷ ماشہ مصفیٰ خوب باریک کر کے ابلے پانی سے پلا دیں۔ بعد میں کونین کا ابا جان استعمال کریں۔ اگر ملیریا میں قے بند کرنے کی ضرورت ہو تو آب لیموں اور آب انار ملا کر پلائیں۔

۴۸۸۔ دھتورہ کے پتے جلا لیں اور بقدر ایک ماشہ باری سے پہلے پانی سے دینا مفید ہے۔

۴۸۹۔ پھٹکڑی شگفتہ ہموزن پوست خشخاش دونوں کو باریک پیس کر باری سے پہلے چھ رتی تازہ پانی سے دیں۔

۴۹۰۔ پھٹکڑی بریاں، سہاگہ شگفتہ ہم مساوی الوزن دونوں کو پیس کر دو رتی نوبت سے پہلے دینا مفید ہے۔

۴۹۱۔ کونین ۵ گرین لرزہ سے پہلے دینا ملیریا کا علاج ہے۔

۴۹۲۔ نمک باریک شدہ بقدر ۱ ماشہ گرم پانی سے نگلا دیں پسینہ آکر بخار اتر جاتا ہے۔

۴۹۳۔ نمک سانبھر نوبت سے پہلے دینے سے نوبت کو روک دیتا ہے۔

کشتہ ہڑتال گئودنتی

۴۹۴۔ ہڑتال گئودنتی ۵ تولہ۔ دھتورہ کے پھل ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ باریک پیس کر رکھ لیں۔ موسمی بخاروں کے لیے اعلیٰ چیز ہے۔ دو تین پڑیہ سے بخار اتر جاتا ہے۔ بخار کے ساتھ کھانسی ہو تو وہ بھی رفع ہو جاتی ہے۔

خوراک: ایک رتی۔

۴۹۵۔ پھٹکڑی سرخ ۵ تولہ، شنگرف ۱ تولہ۔ دونوں کو خوب اچھی طرح سے حل کریں۔ بعدہٗ ایک مٹی کی ہنڈیا یا کوزہ گلی میں ڈال کر منہ سرپوش سے بند کر کے تمام ہنڈیا کو گلی مٹی اور کپڑا سے خوب گل حکمت کریں۔ خشک ہونے پر گڑھا میں ۵ سیر نیم کی لکڑی کا بورا یا چھوٹے چھوٹے ٹکڑے رکھ کر درمیان میں ہنڈیا دے کر آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ سرخ کشتہ برآمد ہوگا۔ اب اس میں ۲ تولہ مرچ سیاہ پسی ہوئی ملا کر پندرہ تولہ عرق لیموں میں کھرل کر کے گولیاں بقدر چنا تیار کریں۔ بخار ہر قسم کے لیے اکسیر الاثر گولیاں ہیں۔ ملیریا کے لیے نایاب تحفہ ہیں کونین سے بدرجہا بہتر ہیں چڑھتے ہوئے بخار کو پسینہ لا کر اتارتی ہیں۔ تپ اور چوتھیہ بخار کے لیے بھی تریاق کا حکم رکھتی ہیں۔

۴۹۶۔ ہومیوپیتھک علاج میں نیٹرم میور، چائنا، سلفر نمبر ۳۰ کی بخار سے پہلے دو تین خوراک ضرور دے دینی چاہئے۔ اس

سے نوبت لگ جاتی ہے ۔ نیز آرسنک کیمیم، اپیکاک ،
ویریٹرم البم وغیرہ بھی مستعمل ہیں۔

ٹائیفائیڈ فیور (تپ محرقہ)

۴۹۷۔ گل بنفشہ ۹ ماشہ۔ برگ نیم ۹ عدد۔ خاکسی ۹ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔ شیر نکال کر پلائیں ۔

۴۹۸۔ حفظ ماتقدم ۔ زہر مہرہ خطائی بقدر ایک رتی گلاب و بیدمشک میں گھس کر اور اس میں قدرے شربت انار ملا کر پینا یا نارجیل دریائی بقدر دو چاول گلاب میں گھس کر ہر صبح پینا مفید ہے۔

نقرس

۴۹۹۔ سرکہ انگوری میں کپڑا تر کرکے اوپر رکھیں ۔

۵۰۰۔ انجیر و حلبہ مساوی پیس کر اور سرکہ کے ساتھ ملا کر ضماد کریں۔

نسخہ سفوف سورنجان ●

۵۰۱۔ سورنجان شیریں ۲ تولہ۔ گل سرخ ، سنا کی ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ، تربد موصوف ، مغز بادام شیریں ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی رومی ، رب السوس ہر ایک ۷ ماشہ۔ زعفران ۵ رتی۔ کھانڈ ۳ تولہ۔ سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں ۔ خوراک : سات ماشہ سے ایک تولہ ہمراہ پانی کے دیں ۔ پرانے نقرس کا بہترین علاج ہے۔

۵۰۲۔ حب جو نقرس میں مفید ہے اور صفرا کا تنقیہ کرتی ہے ۔ صبر ساڑھے تین ماشہ سقمونیا ۶ رتی۔ گل سرخ ڈیڑھ ماشہ۔ سورنجان سفید پونے ۲ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر پانی کے ساتھ گولیاں بنائیں ۔ یہ سب ایک خوراک ہے یہ نقرس شدید کے لیے مفید ہے۔

۵۰۳۔ نقرس عرق النساء کے لیے مجرب : حنا اور صابن ملا کر لیپ کریں۔

لقوہ

۵۰۴۔ کبوتر کے گوشت کو خوب پکائیں ۔ اس کے استعمال سے خواہ لقوہ ہو یا ادھرنگ بہت جلدی درست ہو جاتا ہے ۔ آزمودہ ہے ۔

● ۵۰۵۔ لہسن ۱ تولہ۔ تل کے تیل میں حل کرکے قدرے جوش دیں اور پک جائے تو استعمال کریں ۔ اس سے لقوہ بہت جلد دور ہو جاتا ہے ۔ لہسن کو کوٹ لیا جائے ۔

۵۰۶۔ تنقیہ کے بعد بیر بہوٹی ایک عدد پاؤں علیحدہ کرکے پان کی گلوری میں رکھ کر چند روز کھائیں ۔

۵۰۷۔ فالج ، لقوہ ، استرخا جملہ دردیں اور بلغم کے لیے بے حد مفید ہے بنا کر آزمائیں اور قدرت کی بے نیازیوں کا تماشا دیکھیں ۔ میش مدیر ، کچلہ مدبر ، جندبیدستر ہر ایک ۶ ماشہ۔ شنگرف رومی ، سہاگہ سفید ، دارچینی ہر ایک ۱ تولہ۔ سم الفار سفید ۳ ماشہ۔ جملہ ادویات کو عرق گھیکوار میں دو یوم خوب کھرل کرکے اس کی ۳۶۰ گولیاں تیار کریں ۔ صبح و شام ایک ایک گولی بعد از غذا تازہ پانی سے دیا کریں۔ خدا کی مہربانی سے بہت ہی تھوڑے عرصہ میں کامیابی ہوگی ۔

۵۰۸۔ پوست ریٹھہ ۳ تولہ۔ قند سیاہ ۳ تولہ۔ حب بقدر جنگلی بیر تیار کریں ۔ ایک ایک گولی صبح و شام لقوہ کے لیے مفید ہے ۔ یا مرض کے حملہ کے پانچ چھ روز بعد جندبیدستر ۲ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۲ ماشہ باریک کرکے رات کو سوتے وقت ماء العسل سے دیں۔

ادھرنگ

۵۰۹۔ پارہ اور گندھک مصفیٰ ہموزن لے کر آٹھ یوم تک کھرل کریں اور سفوف کو محفوظ رکھیں ۔ بقدر ۲ رتی روزانہ سفوف کو چھ ماشہ سونٹھ میں ملا کر استعمال کریں ۔ چند روز میں شفا ہوگی ۔

۵۱۰۔ اُڑد ، کونج بیج ، ارنڈ کے بیج ، بڑھ کھرٹی ہر ایک ایک تولہ۔ ایک پاؤ پانی میں جوش دیں ۔ جب ایک چھٹانک رہ جائے تو اتار لیں ۔ اس میں ہینگ بریاں اور نمک سیندھا بقدر پانچ رتی ملا دیں۔ دن میں دو بار استعمال کریں۔

• مجربات منور

اسرارِ حکمت میں خدمتِ خلق کے لیے مجرب ترین نسخے پیش کرنے کی کوشش کرتا رہوں گا۔

حکیم منور احمد طارق دواخانہ "باورے بھکی تحصیل ننکانہ ضلع شیخوپورہ

سفوف جریان ہر قسم

ہوالشافی: تخم سمندر سوکھ ۱ چھٹانک۔ تخم بھنڈی توری ۱ چھٹانک۔ تخم ریل سفید ½ پاؤ۔ پہلی دونوں دواؤں کو علیحدہ علیحدہ سفوف کریں۔ پھر اس کو ۳ دفعہ بھیڑ کے دودھ میں تر و خشک کریں۔ بھیڑ کا دودھ ہر دفعہ ½ سیر ہو۔ چوبیس گھنٹہ تک ایک دفعہ بھگویا کریں۔ بعد میں کوٹ چھان کر پہلی دواؤں کے سفوف میں ملا لیں۔ تینوں دواؤں کا سفوف یکجان کر کے پلاسٹک کے لفافہ میں رکھیں۔

خوراک: ۶ ماشہ صبح، ۶ ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ۔ ایک گھنٹہ بعد از طعام کھائیں۔

فوائد: جریان منی ہر قسم، جریان خون بواسیر اور سیلانی جریان خون کو مفید ہے۔ سل کے مرض میں بھی مفید ہے۔ سل کے مرض میں ایک خوراک کے ساتھ دو گنی گلوکوز ملا لیا کریں۔

سفوف مسکن

ہوالشافی: چھوٹی چندن ۱ تولہ۔ زہر مہرہ خطائی ۹ ماشہ۔ صندل سفید ۹ ماشہ۔ کہربا ۹ ماشہ۔ جدوار خطائی ۹ ماشہ۔ ابریشم مقرض ۹ ماشہ۔ مغز تخم کاہو ۲½ تولہ۔ تخم بارتنگ ۲½ تولہ۔ بادیان ۳ ماشہ۔ اجزاء مثل غبار پیس لیں۔ ملا کر رکھیں۔ صبح دوپہر شام ہمراہ عرق شیر مرکب سے۔ خوراک ۱ ماشہ۔ دماغی امراض کے لیے اکسیر ہے۔ ہمارے ہاں یہ سفوف ۱۲ روپے فی تولہ مل سکتا ہے۔

• سفوف راحت شکم

ہوالشافی: سونف ۱ پاؤ۔ مرچ سیاہ ½ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ مغز بادام شیریں ۲½ تولہ۔ سماق دانہ ۱ تولہ۔ زرشک شیریں ۱ تولہ۔ چینی تمام ادویہ کے ہموزن۔ کوٹ پیس کر سفوف بنائیں۔

استعمال و منافع: ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ دوپہر ۲ ماشہ شام بعد از طعام کھائیں۔

قے متلی حرارت معدہ کو مفید ہے مقوی معدہ ہے۔

سفوف تبخیر

ہوالشافی: برگ افسنتین ۱ تولہ۔ گل سرخ ۶ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۶ ماشہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ زرنباد ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ۶ ماشہ۔ مصطگی رومی ۶ ماشہ۔ درونج عقربی ۶ ماشہ۔ سنبل الطیب ۶ ماشہ۔ ابریشم ۶ ماشہ۔ مغز کشنیز ۶ ماشہ۔ کہربا ۶ ماشہ۔ خولنجاں ۶ ماشہ۔ آملہ خشک ۶ ماشہ۔ سعد کوفی ۶ ماشہ۔ زیرہ کرمانی ۶ ماشہ۔ پوست ترنج ۶ ماشہ۔ سازج ہندی ۶ ماشہ۔ زرشک شیریں ۶ ماشہ۔ بادیان ۶ ماشہ۔ انار دانہ شیریں ۶ ماشہ۔ باریک کوٹ چھان کر رکھیں۔

صبح ۱ ماشہ۔ دوپہر ۱ ماشہ۔ شام ۱ ماشہ ہمراہ شربت احمد شاہی ۱ تولہ۔ شربت گڑھل ۱ تولہ۔ شربت ابریشم ۱ تولہ۔ شربت نیلوفر ۱ تولہ۔ شربت بنفشہ ۱ تولہ۔ عرق گاؤزبان ۵ تولہ۔

...شربت اور عرق ملا کر ہر خوراک کے ساتھ پیئیں۔ تبخیر معدہ،
...ن، مالیخولیا کے لیے مفید ہے۔ معدہ کے تمام امراض میں
...اسب طریقے سے استعمال کرائیں۔ یہ سفوف میرے دواخانہ
...خاص انکشاف ہے۔

[اک]سیر گردہ

ہو الشافی، پوست بیخ تمہ سایہ میں خشک شدہ ۶ ماشہ۔
...ہیر پل ۶ ماشہ۔ نمک سیاہ ۶ ماشہ۔ پھٹکڑی سرخ مدبر ۶ ماشہ۔
...سونٹھ خشک ۶ ماشہ۔ تمام ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔
...شہد سے چنے برابر گولیاں بنائیں۔

استعمال منافع: بوقت ضرورت ا گولی پانی سے کھائیں۔
...درد گردہ ریاحی اور پتھری والا کے لیے مفید ہے چاول،
...ی اشیاء سے پرہیز کریں۔

اکسیر مقوی خاص

ہوالشافی: خراطین مصفی ۱۰ گرام۔ گل گاؤزبان ۱۰ گرام۔
...ل اونٹ کٹارہ ۱۰ گرام۔ پوست بیخ بڑی بوٹی ۱۰ گرام۔
...ابریشم بریدہ ماشیٹیا ۶ گرام۔ تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کوٹ
...چھان کر سفوف بنائیں۔

استعمال منافع: ۱ گرام صبح، ۱ گرام دوپہر ہمراہ شربت
...مفرح کھائیں۔ مقوی و مفرح ہے۔ دل و دماغ کے لیے
مفید ہے۔ جریان احتلام کے لیے بھی مفید ہے۔

اکسیر باہ

سفوف خراطین مصفی ۱ تولہ۔ عقرقرحا ۱ تولہ۔ سفوف پوست
بیخ اونٹ کٹارہ ۱ تولہ۔ تخم اوٹنگن ۱ تولہ۔ تمام سفوف ملا کر
رکھیں۔

۶ ماشہ بعد از ناشتہ دودھ سے۔ ۳ ماشہ دوپہر
دودھ ۳ پاؤ سے۔ ۳ ماہ متواتر با پرہیز استعمال کرنے سے
امساک طبیعت قوت باہ پیدا ہوتی ہے۔ مغلظ منی
بھی ہے۔

۳ ماہ جماع سے پرہیز کریں۔

اکسیر امساک

رال سفید مصفی ۶ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۳ ماشہ۔ آب
برگ پان ایک پاؤ میں دونوں کو رگڑائی کر کے گولیاں نخودی بنائیں۔
۲ گھنٹے قبل از جماع ۲ گولیاں ۳ پاؤ دودھ سے کھائیں اس
دن کوئی نمکین اور ترش چیز نہ کھائیں۔ امساک پیدا کرتی ہیں۔
مجربات خاص سے یہ نسخہ پیش ہے۔

طلاء باہ جدید

حیران ہونے کی زحمت نہ کریں کوشش کریں جدید
اشیاء سے فائدہ حاصل کرنے کی۔ ان کے نقصان سے
بچنے کے طریقے ڈھونڈیں۔

بناسپتی گھی ۳ چھٹانک۔ خراطین مصفی ۱ تولہ۔ بیر بہوٹی
۱ تولہ۔ چھتہ بھڑ زرد ۳ تولہ۔ گھی کو پگھلا کر اس میں باقی اشیاء
ڈال کر جلا لیں گھی گرم گرم چھان کر رکھ لیں۔ پگھلاتے وقت
رنگ کے لیے ۳ ماشہ رتن جوت ڈال لیں بس طلا تیار ہے۔
صبح دوپہر شام حشفہ سیون چھوڑ کر طلاء کیا کریں کوئی پرہیز
نہیں۔ ۳ ماہ تک استعمال کریں۔ مزید جوابی لفافہ بھیج کر
معلومات حاصل کریں۔

سوڈا اصلی سلاس ۱۰ تولہ۔ سورنجان تلخ ۵ تولہ۔ بیش مدبر (میٹھا تیلیہ) ۲½ تولہ۔ جوہر لوبان ۲½ تولہ۔ تمام اشیاء کو سفوف کر کے ملا لیں۔

خوراک: ۴ رتی ہمراہ عرق مکوہ ۵ تولہ۔ مجرب ہے۔

۴۔ مکئی کے بھٹے ۴ کلو جو دانے اتارنے کے بعد بچ جاتے ہیں۔ پانی ۱۰ کلو۔ برتن میں ڈال کر بھگو دیں۔ اور دس دن تک پڑا رہنے دیں اور پھر خوب ملیں۔ ایک دن بعد مقطر لے کر پانی اڑا لیں۔ نمک تیار ہے۔

خوراک ۱½ سے ۱ ماشہ تک ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔ مجرب ہے۔

۵۔ جنگلی کریلہ، چھپری بوٹی (بہاولپور کے علاقہ میں چولستان میں ہوتی ہے) گٹھار بوٹی ہموزن سفوف بنائیں۔

خوراک ۱ ماشہ ہمراہ تازہ پانی دن میں دو بار دیں۔

۶۔ پنیر ڈوڈی، بڑتمہ، افیون، سونٹھ، طباشیر، گوند کیکر، تخم جامن، ست گلو ہر ایک برابر وزن۔

خوراک ۳ ماشہ ہمراہ دودھ بالائی دور کردہ۔

۷۔ سفوف ہلدی ½ چمکی صبح رات کو ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ بلکہ تھوڑے سے دودھ میں حل کر کے پی لیں اور بعد میں اور دودھ پیئیں۔

۸۔ خطمی ۸ تولہ۔ خبازی ۸ تولہ۔ گو ۸ تولہ۔ دھاماں ۲ تولہ۔ بکن بوٹی ڈوڈے ۷ عدد۔ سونف ۸ تولہ۔ دھنیا ۸ تولہ۔ برہم ڈنڈی ۲½ تولہ۔ چھپری بوٹی ۲½ تولہ۔ گوند ہاتوی پانی ۲½ کلو ڈال کر پکائیں جب ۳ پاؤ رہ جائے مل چھان کر محفوظ کر لیں۔

خوراک: ½ تولہ صبح و شام۔ اگر یہی نسخہ لی پی یا کمزوری باہ کے لیے استعمال کرنا ہو تو ۳ پاؤ چینی ڈال کر قوام کر لیں۔ اور ایک تولہ شربت صبح و شام پلائیں۔

نوٹ: یہ بات یاد رہے کہ شربت بنانے اور نہ بنانے دونوں صورتوں میں گوند بعد میں شامل کرنا ہے۔

جالینوس کہتا ہے کہ مجیٹھ پانی میں پکا کر دیں تو مرض بہت جلد ٹھیک ہو جاتا ہے۔

● تخم سیتی اور تخم حرمل برابر وزن۔ خوراک ۱ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔

● تازہ نیم کے نرم پتے اور کونپل ۲ تولہ لے کر گھوٹ کر صبح نہار منہ پلائیں۔

● لوہے کو تپا کر بار بار پانی میں بجھا دیں۔ اور یہی پانی پلائیں۔

ذیابیطس

● کالے تل ۲ حصہ۔ اجوائن ۱ حصہ۔ اسپند ½ حصہ۔ سب کو کوٹ کر قند سے گڑ ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولی بنائیں۔ صبح و شام ۱-۱ گولی دیں۔

نوٹ: ذیابیطس کا کوئی بھی نسخہ استعمال کریں۔ اس میں چاٹی کی لسی مریض کو پلائیں۔

● مغز جبہ دانہ ۶ ماشہ روزانہ کھلا دیں۔ اور درج ذیل نسخہ کے علاوہ یا بغیر کوئی بھی نسخہ کارگر نہ ہوگا کیونکہ اس میں معدہ اور جگر کی اصلاح ضروری ہے۔

● ہوا الشافی: مربہ ہرڑ ۱ پاؤ۔ گلقند ۱ پاؤ۔ کالی مرچ ۱ تولہ۔ پودینہ تکی ۶ عدد۔ چھوٹی الائچی ۱۲ عدد۔ مربہ ہرڑ کو دھو کر اچھی طرح شیرہ وغیرہ دور کر لیں۔

خوراک: ۶ ماشہ تا ۱ تولہ تک ہمراہ عرق مکو ½ حصہ۔ کاسنی ½ حصہ۔ سونف ½ حصہ رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔ اللہ تعالیٰ شفا دینے والا ہے۔

امراض مخصوصہ نسواں حکیم نصیح الدین چغتائی

عنایات فیصل آباد

میرا مشن اطباء کو گوشہ گمنامی سے نکالنا اور اُن کے فیض کو عام کرنا ہے۔

قارئین کرام! میرے سلسلہ "عنایات" کو حکیم صاحبان پسند تو کر رہے ہیں لیکن خود میرے ساتھ تعاون نہیں کر رہے اس کی کیا وجہ ہے یہ تو آپ ہی جانتے ہوں گے، مطلب یہ کہ "میرے حلفیہ مجربات" کے سلسلہ میں عدم تعاون، میں حلفیہ مجربات کی شکل میں آپ حضرات کو ایسی مایہ ناز ڈائریکٹری پیش کرنا چاہتا تھا جس کو تا قیامت ایک ریکارڈ سمجھا جاتا جس کے ایک ایک نسخہ کو بنا کر اطباء فخریہ علاج کا چیلنج کر سکتے اور کتاب حلفیہ مجربات کو اپنی زندگی سے بھی عزیز سمجھتے۔ لیکن پھر وہی بات بمقام افسوس، صد افسوس! آپ کی مرضی! حال ہی میں گجرات سے جناب حکیم اختر صاحب نے طبی ڈائریکٹری شائع کی ہے اس پر کتنی محنت ہوئی ہے؟ اس کو میں آپ تمام حکماء صاحبان کے رویہ سے جان چکا ہوں۔ بہرحال اُن کی بہترین کاوش ہے جس کا ہر طبیب کے پاس ہونا بہت ضروری ہے نہایت ضروری ہے نادر نسخہ جات کا مجموعہ ہے۔

آمدن برسرِ مطلب۔ اس دفعہ "عنایات" کے سلسلہ میں جناب محترم حکیم محمد افضال صاحب، ورک دواخانہ، رین بازار، جھال لاگر فیصل آباد نے تعاون فرمایا ہے جس کے لیے میں اور ادارہ اسرارِ حکمت آپ کے مشکور ہیں۔ قارئین سے گذارش ہے کہ حکیم صاحب کی حوصلہ افزائی اور شکریہ کا خط لکھیں۔ فقط والسلام

میاں شاہد اکبر نقشبندی، نمائندہ خصوصی و سفیرِ حکمت
گلی مفتی یٰسین، محلہ طیب پارک، شیخوپورہ (پنجاب)

ٹائیفائیڈ کا مجرب المجرب علاج

یہ بخار (میعادی) عموماً سات روز، گیارہ روز، اکیس روز یا چالیس روز ہوتا ہے۔ اس بخار کا مجرب علاج جو کہ سالہا سال سے جاری ہے۔ آپ کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے اس کو اپنا معمول مطلب بنائیں اور حکیم صاحب کی بخل شکنی کی داد دیں۔ شکریہ

ھوالشافی: اجزائے نسخہ

جاوتری ایک تولہ۔ زعفران اصل تسلی بخش چھ ماشہ۔ چھوہارے پانچ عدد۔

تیاری: جاوتری کو پیسے کوٹ لیں اور زعفران شامل کرکے پھر باریک کرلیں۔ اور علیحدہ چھوہارے گٹھلی دور کردہ کوٹیں اور پہلی ادویہ میں ملاکر مزید رگڑائی کرکے حبوب نخودی تیار کریں۔ کچھ حبوب نخود سے چھوٹی بنالیں تاکہ عمر کے حساب سے دوا دی جا سکے۔

خوراک: ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام کو ہمراہ جوشاندہ دیں۔

فوائد: میعادی بخار یعنی ٹائیفائیڈ کی کامیاب دوا ہے۔ علاوہ ازیں خسرہ، توڑ کی جو کہ اندر ہو، اور عام بخاروں کے لیے نہایت مفید و مؤثر ہے۔

کورس: دوا مریض کے شفایاب ہونے تک جاری رکھیں۔

کم از کم پانچ روز کا استعمال بہت ضروری ہے۔

جوشاندہ معاون : خوب کلاں ۲ ماشہ۔ گاؤزبان ۲ ماشہ۔ ملٹھی ۲ ماشہ۔ عناب ۲ عدد۔ منقی ۲ عدد۔ انجیر ۱ عدد۔ الائچی کلاں ۱ عدد۔ پانی سادہ ایک کلو میں جوش دیں۔ نصف رہنے پر چھان لیں اور دوائی کے ساتھ لازمی پلائیں۔ ساتھ خمیرہ مروارید استعمال کروائیں اور خمیرہ کے ساتھ عرق گاؤزبان پلائیں۔

اکسیر پتھری توڑ لاجواب و بے مثال

معزز قارئین! "اکسیر پتھری توڑ" حکیم صاحب کے تجربہ میں عرصہ پچاس سال سے چلا آرہا ہے۔ عرصہ ۳۵ سال سے آپ کے والد کے زیرِ استعمال رہا ہے اُن کی وفات کے بعد عرصہ ۱۵ سال ہو گئے ہیں کبھی بھی پتھری کے معاملہ میں ناکامی نہیں ہوئی بلکہ شفاؤں سے جو پتھریاں نکال جا رہی ہیں ان کے دوبارہ پیدا نہ ہونے کی کوئی گارنٹی نہیں دی جاتی جبکہ اس نسخہ کی خاصیت یہ ہے کہ پتھری کے نکل جانے کے بعد دوبارہ پیدا نہیں ہوتی۔ یہ طب اسلامی کا ہی خاصہ ہے۔ ملاحظہ فرمائیں اجزائے نسخہ۔

ہواشاقی، سنگ یہود، سنگ سرماہی، جوکھارہ، قلمی شورہ، نمک مولی خود ساختہ، نمک خربوزہ خود ساختہ، برابر وزن لے کر سفوف تیار کریں۔ دوائی تیار ہے۔

خوراک و استعمال : ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ کچی لسی یا شربت بزوری۔

فوائد : دردِ گردہ کو ختم کر کے پتھری گردہ کو ایک ہفتہ میں نکال دیتی ہے۔ پتھری بڑی ہو تو دو ہفتہ استعمال کروائیں۔

پرہیز: چاول و بادی اشیاء وغیرہ۔

کورس دوا : ایک ہفتہ حد دو ہفتہ۔

یادداشت

قارئین سے گزارش ہے کہ مریض کو ہدایت کر دیں کہ وہ پیشاب کرتے وقت پتھری کا خیال رکھے جس وقت پتھری نکل جائے۔ پتھری کو حکیم صاحب کے حوالہ کر دیں تاکہ آپ اُس پتھری کا کسی معتبر لیبارٹری سے تجزیہ کروائیں۔ لیبارٹری والے آپ کو لکھ دیں گے کہ پتھری کن اشیاء کے کھانے سے بنی ہے۔ آپ مریض کو اُن اشیاء کے کھانے کی ممانعت کر دیں۔ پتھری آئندہ نہیں بنے گی اور آپ کی شہرت میں بھی اضافہ ہوگا۔

خیر اندیش! سفیرِ حکمت شاہد نقشبندی

آزمودہ مجربات

عامل حکیم محمد بشیر چشتی، چشتی اکسیری دواخانہ، ایوب چوک سرگودھا روڈ گلی کارخانہ برف والی جھنگ صدر

اکسیر الدم

ہوالشافی: ست مانزو (گیک ایسڈ) کیلشیم لیکٹیٹ، پھٹکڑی بریاں، گیرو، سنگ جراحت کل پانچ اجزاء ہیں۔ تمام ہموزن لیں۔ نہایت باریک پیس کر محفوظ رکھیں بس تیار ہے۔

ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک خوراک دیں ہمراہ شربت انجبار سے۔

ہر خونی مرض کے لیے اکسیر الاثر ہے۔ کثرت سے حیض آنا، خونی پیشاب کا آنا، منہ سے تھوک آنا، خونی بواسیر اور نکسیر کے لیے اکسیر ہے۔ لاجواب چیز ہے۔ جسم کے ہر حصہ سے خون آنے کے لیے خاص الخاص نسخہ ہے۔

اکسیر مصفی خون

گندھک مصفیٰ، رسونت مصفیٰ برابر وزن لے کر چار چار رتی کے کیپسول بھر لیں۔

دو کیپسول صبح کھانا کھانے کے بعد پانی سے کھائیں۔ دو کیپسول رات کو کھانا کھانے کے بعد پانی سے کھائیں۔

اعلیٰ درجہ کی مصفی خون دوا ہے۔

اس سے بڑھ کر مصفی خون دوا کم ہی ملے گی۔ قبض کشا بھی ہے، مقوی معدہ بھی ہے۔ کورس پندرہ بیس دن۔ جسم کی خارش پھوڑے پھنسیاں ختم ہو کر جسم صاف شفاف ہو جائے گا۔ چہرہ نکھرے گا۔ چہرے کے پھوڑے پھنسیاں بھی ختم ہو جائیں گی۔ آزمائیں، دعائے خیر سے یاد رکھیں۔

اکسیری گوہر

ہوالشافی: ہینگ مدبر در آب ادرک، شنگرف، کالی مرچ ہر ایک دس دس گرام، افیون خام پانچ گرام۔ سب کو باریک کر کے آب ادرک ۷ گرام سے خوب زور سے مسلسل کھرل کریں۔ پھر موٹھ کے برابر حبوب بنا لیں بس تیار ہے۔ ایک صبح ایک شام ہمراہ آب نیم گرم دودھ سے کھائیں۔ غذا دودھ گھی۔ زیادہ بیمار چار یوم میں چلنے پھرنے لگ جائے گا۔

علاوہ ازیں: یہ گولیاں مردانہ طاقت بڑھاتی ہیں۔ سستی نامردی کمزوری دور کرتی ہیں۔ جماع سے دو گھنٹہ قبل دودھ سے استعمال کریں۔

ہر قسم کے دردوں کے لیے بے حد مفید و مجرب ہیں اور وجع المفاصل کے لیے اکسیر سے کم نہیں۔ بنائیں آزمائیں اور دعائے خیر سے یاد رکھیں۔

نوٹ: میرے پاس طب و عملیات کے پرانے رسائل برائے فروخت موجود ہیں۔ خواہش مند حضرات رجوع کریں۔

حکیم محمد ارشد شہزاد
سعو پک تحصیل شکر گڑھ ضلع نارووال

• دریا بہ حباب اندر
ہمارا مقصد طبِ اسلامی کا فروغ

حب اسگندھ لاثانی

• اسگندھ پاکستانی کی جڑ بلحاظ خشک درسایہ ۵۰ گرام۔ سورنجان شیریں ۵۰ گرام ہر دو اجزا کو موصوف ملا کر خوب کوٹ کر گولیاں بقدر نخود اور بقدر کوکی بیر تیار کر لیں۔ اور کمر درد، اعصابی کمزوری اور گٹھیادی دردوں میں استعمال کریں۔

ترکیب استعمال: موسم عمر اور مزاج کے مطابق صبح و شام چھوٹی یا بڑی گولی ایک ایک گولی دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حب سرس لاثانی

• مغز تخم سرس، مغز تخم پلاس، تخم حنظل ہر سہ ادویہ کو سفوف کر کے گولیاں بقدر کوکی بیر تیار کر لیں۔

یہ گولیاں جریان احتلام کے خاتمے کے علاوہ مادہ منویہ کی تغلیظ بھی کرتی ہیں۔

اکسیر نزلہ لاثانی

زاج ابیض ۵۰ گرام کو دو یوم شیر مدار میں کھرل کریں۔ بعد ازاں دو یوم الشردہ برگ جوز ماثل کے ہمراہ کھرل کر کے کوزہ گل میں ۵ سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا آگ دیں۔ سرد شدہ زاج کو پیس کر محفوظ کر لیں اور نزلہ زکام بالخصوص دائمی نزلہ میں استعمال کریں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک رتی دوا پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

اگر نزلہ پرانا ہو تو جوشاندہ ہمدرد کے ہمراہ استعمال کریں۔

اکسیر خفقانِ قلب

عمدہ عقیق کو بطریق معروف کشتہ کر لیں۔ اور ایک ایک رتی مربہ گاجر یا مربہ سیب کے ہمراہ دینے سے تقویت قلب ہو کر طبیعت اعتدال پر آجاتی ہے۔ اور خفقان کا عارضہ ختم ہو جاتا ہے۔ درج بالا فوائد کشتہ مروارید اور کشتہ صدف سے بھی حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

حب برہمی لاثانی

برہمنڈی بمعہ برگ و بیخ اکھاڑ کر پیس کر گولیاں نخودی تیار کر لیں۔ ملیریا بخار کے خاتمہ کے لیے صبح و شام ایک ایک گولی پانی کے ہمراہ دیں۔ چاہے دو دو گولیاں بھی دی جا سکتی ہیں۔ یہ گولیاں ملیریا بخار کے علاوہ پیٹ کے کیڑوں کے خاتمہ کے لیے بھی استعمال کی جا سکتی ہیں۔

• نُسخہ جات

ضیاء اللہ طیب بمقام و ڈاکخانہ سنگو کی براستہ کاموکی منڈی ضلع گوجرانوالہ

آج کی اس محفل میں چند اہم ترین باتیں اور نسخہ جات کے ساتھ حاضر ہو رہا ہوں۔ میں امید کرتا ہوں کہ میرے پہلے نسخوں کو جو بھی آزمائے گا داد دیئے بغیر نہ رہ سکے گا۔

اس دفعہ مندرجہ ذیل باتیں اور نسخہ جات ارسال خدمت ہیں۔ امید خداوندی ہے کہ جو صاحب بھی آزمائیں گے خدا کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکیں گے۔

۱- برگد کا دُودھ حاصل کرنا

برگد کا دودھ حاصل کرنا ایک مشکل مرحلہ ہے کیونکہ قطرہ قطرہ دودھ کہیں جا کر کچھ تھوڑا سا حاصل ہوتا ہے۔ اس دودھ کو حاصل کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے۔ یہ راٹ کو سن کا ٹاٹ گیلا کر کے برگد کی چھوٹی یا بڑی ٹہنیوں پر لپیٹ دیں۔ صبح اتار کر کٹ لگائیں۔ دودھ کثیر مقدار میں نکلے گا۔ فوم کے ٹکڑے سے چوس کر اکٹھا کرتے جائیں۔

۲- آک کا دودھ اکٹھا کرنا

برگد کے دودھ کی طرح آک کا دودھ حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس کی جڑوں کو اکھیڑ کر صاف کریں اُن کا چھلکا اتار کر کوٹیں اور نچوڑیں۔ بہت زیادہ دودھ حاصل ہوگا۔

۳- دودھ کو محفوظ کرنا

دودھ کے اندر نمک خوردنی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ڈال دیں اور محفوظ کر لیں۔ کئی دنوں تک دودھ محفوظ رہے گا۔

۴- ابرک کو دھناب کرنا

میرے کئی محترم دوست جو کم ہمت ہوتے ہیں اس کا کشتہ کرنے سے گھبراتے ہیں۔ کیونکہ کشتہ کرنے سے قبل اس کا دھناب کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ آج سُن لیں۔ یہ طریقہ آپ کو کہیں نہیں ملے گا۔ منٹوں میں کلو کے حساب سے دھناب کر لیں۔ ابرک کے ٹکڑے کسی کونڈے میں ڈال کر اوپر پھٹکڑی سفید کا پانی ڈال دیں۔ ڈنڈے سے خوب گھوٹیں۔ دیکھتے دیکھتے ابرک گارا کی مانند باریک ہو جائے گا۔ بعد ازاں پانی ڈال کر روئی کا پانی دھو ڈالیں اور نتھاریں تاکہ پھٹکڑی کا سب اثر نکل جائے اور خشک کر کے کام میں لائیں۔

اب میں مندرجہ ذیل مجرب نسخہ جات لکھتا ہوں۔ بصد شوق آزمائیں۔ اگر کوئی ممبر محترم ان سے کوئی اور فائدہ حاصل کرے تو مجھ ناچیز کو بھی ضرور اطلاع کرتا رہے۔

سم الفار سفید قائم النار

سم الفار سفید کو قائم النار کرنے کی کئی تراکیب ہیں۔ مگر یہ ترکیب بڑی عجیب و غریب اور موثر ترین ہے۔ سب سے پہلے کرنڈ کا نمک حاصل کر لیں۔ کم از کم ایک پاؤ نمک میں ایک تولہ سم الفار کی ڈلی رکھ کر آگ پر رکھیں۔ نیچے مدہم آگ جلائیں۔ ۶ گھنٹہ بعد آگ بجھا دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر سم الفار کی ڈلی نکال لیں۔ نمک کو محفوظ رکھیں۔ یہ ڈلی جم وزن شکل میں بالکل ویسی ہوگی جیسی رکھی تھی۔ یہ سم الفار آگ پر رکھنے سے تیل ہوگا اور اتارنے پر ٹھنڈا ہو کر جم جاتا ہے۔ اگر کوئی صاحب اسے جاری کرے تو مجھے بھی ضرور اطلاع کرنا۔ سو فیصد درست ہے۔ جب

چاہیں آزمالیں۔ آگ پر تیل بننے پر بھی کم نہ ہوگا۔

نیلا کشتہ

نیلا تھوتھا ایک تولہ لے کر تیل سرسوں ایک پاؤ میں نرم آگ پر رکھیں جب تیل کا رنگ سیاہی مائل ہو جائے تو اتار کر نیلا تھوتھا نکال لیں۔ پھر آک کے دودھ میں چند گھنٹے رگڑیں اور ۵ کلو کی آگ دیں۔ سرخ کشتہ ہوگا۔ اسے تیزاب نہیں کھائے گا۔ باوزن ہوگا۔ آگے کوئی صاحب اس سے کام لے تو مجھے بھی تحریر کرنا۔

درد دانت

نسخہ: سہاگہ سفید اور مرچ اصلی ہموزن کوٹ کر نخودی یا اس سے چھوٹی گولیاں بنالیں تیار ہے۔ دانت درد کا مریض چاہے روتا ہوا آئے۔ ایک گولی دانت میں رکھ دیں۔ فوراً سکون حاصل ہوگا۔ جیسے کبھی درد ہوا ہی نہیں۔

امید ہے کہ قارئین ان کو آزما کر میری باتوں کی صداقت کی تصدیق کریں گے۔

سفید داغ پھلبہری کا مجرب علاج

برص (سفید داغ) سے آدمی بدشکل ہو جاتا ہے۔ اس مرض کا فوراً تدارک کرنا چاہیے۔ ورنہ یہ بڑھتی رہتی ہے۔ ہماری دوائی سے ہمیشہ کے لیے یہ مرض دور ہو جاتا ہے۔ ہزاروں مریض صحت یاب ہو چکے ہیں۔ حالات ضرور لکھیں۔

قیمت، دو کھانے اور لگانے والی مکمل کورس۔

۴۰ روپے علاوہ ڈاک خرچ۔

ہمالیہ جڑی بوٹی فارمیسی عقب [illegible]

مُجرّبات

حکیم عبدالخالق، دواخانہ حکیم خوشی محمد کنگن پور تحصیل چونیاں ضلع قصور

اکسیر سنگرہنی

بادیان ۱۰۰ گرام۔ ہرڑ سیاہ ۱۰۰ گرام۔ گوند کتیرا ۵۰ گرام۔ چینی ۱۰۰ گرام۔ پہلی دونوں ادویہ کو روغن زرد میں نیم بریاں کریں۔ اور تمام اشیاء باریک سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سے ۳ ماشہ ہمراہ تازہ پانی یا شربت انجبار دن میں تین بار نئے پرانے پیچش کے لیے بھی انتہائی مفید ہیں ایک دن میں آرام ہوگا۔ انشاءاللہ۔ سنگرہنی والے کو چودہ دن روٹی نہ کھلائیں صرف دلیہ یا اگر تبخیر کا خطرہ نہ ہو تو چاول کھلائیں۔ ایک ماہ تک دوائی استعمال کرائیں انشاءاللہ مکمل شفا ہوگی۔

تحفہ جگر

اجوائن دیسی ۵۰ گرام۔ کشتہ فولاد ۵۰ گرام۔ نمک چہار ۵۰ گرام۔ باریک پیس کر یک جان کرلیں اور ایک خربوزہ تقریباً ۵ کلو کا لے کر ایک چھوٹا سا ٹکڑا چاقو سے نکالیں۔ وہاں سے کچھ گودا اور نکال کر درج بالا ادویہ ڈال دیں اور اسی جگہ وہی کاشش (یعنی ٹکڑا) لگا کر آٹا سے ہوا کو بند کردیں۔ اسے دھوپ میں رکھیں گرمیوں میں دس یوم اور سرما میں ایک ماہ تک کے بعد چاقو سے کاٹ کر اندر سے گودا اور پانی وغیرہ نکالیں بیج علیحدہ کر کے لوہے کے ہاون میں ڈال کر خوب رگڑیں یہاں تک کہ سب پانی ختم ہو کر سفوف کی شکل اختیار کرلے۔ اور محفوظ رکھیں۔

خوراک: ½ ماشہ سے ایک ماشہ بدرقہ مناسب۔

فوائد: جگر کے لیے آب حیات ہے معدہ کو قوت دیتا ہے ضعف جگر ضعف معدہ میں انتہائی مفید ہے۔

مجربات باروی

حکیم عبدالغفور باروی الفجری دواخانہ چک نمبر ۲۰۵۰۸/۲۶۱ فتح پور، لیہ

قوت باہ و امساک حد درجہ

پیاز سفید وزنی ۵ تولہ۔ افیون اتولہ۔

ترکیب: پیاز کے درمیان والا حصہ جس کو مغز کہتے ہیں نکال کر افیون ڈال دیں اور آٹا ماش سے لیپ دے کر روغن زرد سے خوب بریاں کریں۔ بعدہٗ آٹا اتار دیں۔ پیاز مع افیون خوب سحق کر کے نخودی گولیاں بنا لیں ۱، ۲ گولی ہمراہ دودھ گرم رات کو۔

فوائد کھانے کے بعد معلوم ہوں گے اور صداقت خود بولے گی۔

طلاء

چربی سوسمار، جو پانی میں تیز آنچ پر ۵ گھنٹے ابلنے کے بعد بذریعہ برف حاصل ہو۔ بس اکسیر تیار ہے۔

رات کو معمولی مالش بر پشت عضو تناسل کرنے سے ہر قسم کی کمی دور ہوگی۔ چند یوم مسلسل مالش کرنے والا مریض تا زندگی خود کو ببر شیر سمجھے گا۔

نوٹ: اگر اس میں برابر تخم کرفس ملالیں یہ اکسیر اعظم طلاء ہے بنائیں تجربہ کریں اور دعا دیں۔ یہ صداقت اور بخل شکنی کی مثال ہے۔

مضمون نگار حضرات کاغذ کے ایک طرف اور خوشخط لکھ کر بھیجا کریں۔

(ادارہ)

اسراری مجربات

حکیم مشتاق احمد باروٹ نقشبندی، شرقپور شریف

اکسیر نزلہ

ریوند چینی، زنجبیل، صمغ عربی، تخم جوز ماثل، بزرالبنج، فلفل اسود، برگ تنب، کچلہ مدبر، کوکنار ہموزن نخودی گولیاں بنائیں۔

خوراک، صبح و شام ایک ایک گولی۔ ہر قسم نزلہ زکام انفلوئنزا کے لیے۔

اکسیر دماغ

مغز دماغ، مغز پستہ، مغز اخروٹ، مغز چلغوزہ، چار مغز، دھنیا، بادیان، خشخاش، الائچی دانہ، تل سفید، ہر ایک ۲۵۰ گرام۔ نخود بریاں الکو۔ شہد سہ چند معجون بنا کر ایک ایک چمچہ صبح شام۔ دماغ کی کمزوری، نظر کی کمزوری، سر چکرانا، دائمی نزلہ زکام۔

اکسیر درد

کشتہ گئودنتی، اصل السوس، کشنیز ایک ایک پاؤ۔ گیری ۱۰۰ گرام۔ اسپرین ۵۰۰ گرام سب ادویہ ملائیں۔

خوراک ایک ماشہ۔ ہر قسم کی درد سر، درد جسم تھکاوٹ بخار کے لیے۔

اکسیر ہیضہ

پوست بیخ مدار، نمک سیاہ، مرچ سیاہ، دانہ الائچی ہر ایک ایک تولہ ست پودینہ ۳ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر بوقت ضرورت ایا ۲ ماشہ استعمال کروائیں۔ قے متلی ہیضہ دست اسہال پیٹ درد وغیرہ۔

• **اکسیر ہاضم سیرپ** —— ست لیموں ۲۴ رتی۔

تیزاب گندھک ۲۴ بوند۔ عرق سونف ۲۴ اونس چینی ۲۴ تولہ ملا کر ۱، ۱ چمچہ۔ فوری گیس کو ختم کرکے پیٹ کے جملہ امراض میں مفید ہے۔

سفوف اکسیر معدہ

سونف بریاں، ہرڑ سیاہ بریاں، سوڈا بائیکارب ہموزن لیں۔

خوراک: ۶ تا ۴ ماشہ۔

فوائد: گیس تبخیر معدہ کے لیے۔

اکسیر گیسٹومی سیرپ

اجوائن، پودینہ، دارچینی، سونف، سناکی، گلِ سرخ، الائچی کلاں، سوڈا بائیکارب ہر ایک ۵۰ گرام۔ پانی جوش دے کر چینی ۵ کلو کا شربت بنالیں۔ بعد غذا ۲، ۲ چمچہ گیس تبخیر پیٹ اور امراض معدہ کے لیے۔

اکسیر قبض کشا

ایلوا، جلاپہ ہرڑ، تربد سفید، حنظل، گلِ سرخ، عشق پیچہ، ریوند چینی، سناکی، جاگوٹہ، ہر ایک ۵۰ گرام، سقمونیا ۱۰ گرام ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔ روزانہ رات کو ایک گولی دودھ کے ساتھ۔ بہترین قبض کشا ہے۔

قبض کشا سیرپ

شہد ۵ تولہ۔ کسٹرائل ۱ تولہ۔ عرق گلاب ۳ تولہ۔ ان کو ملا کر ۱۰ تولہ پلا دیں۔ انشاء اللہ سدے خارج ہو جائیں گے اور قبض دور ہو جائے گی۔

• **ٹھنڈک** —— کشتہ ابرک ماص ۱ تولہ۔ قلمی شورہ ۲ تولہ۔

الائچی سبز ۲ تولہ ۔ مصری ۱۰ تولہ ۔ ملا کر گرمی والے مریض اور سوزاک
جریان وغیرہ ۔

سفوف مفرح

زیرہ سفید بریاں ، کشنیز بریاں ، گلیکسوز ڈی ہموزن
ملا کر ۶ ماشہ دیں ۔

سکونی

طباشیر ، زہر مہرہ ہموزن پیس کر ۳ ماشہ دیں ۔ گرمی
گھبراہٹ منہ ج سے ۔

اکسیری سفوف

زنجبیل ، ریوند خطائی ، نوشادر ٹھیکری ہموزن پیس
کر ۳ ماشہ بعد غذا دیں ۔ امراض معدہ اور جگر کے
لیے مفید ہے ۔

جوشاندہ

اجوائن ، پودینہ ، سونف ، دار چینی ، الائچی ہموزن
ایک تولہ یہ دوا پانی ایک پاؤ میں جوش دے کر چھان کر
چینی ملا کر دیں ۔ درد معدہ درد گردہ کے لیے ۔

اکسیر دمہ

در قیہ ۱ تولہ ، شوگر ۹ تولہ ، شیر مدار ۹ تولہ ۔ ان کو خوب
کھرل کر کے ایک رتی شہد سے استعمال کریں ۔ ہر قسم کے
دمہ کے لیے ۔

شربت سعال

گل سرخ ، گل بنفشہ ، گل زوفہ ، املتاس ، برگ بانسہ ،
سو ا کلیا ، سنا مکی ہر ایک ایک پاؤ کو پانی میں جوش
دے کر چینی ۵ کلو ملا کر قوام تیار کریں ۔ ہر قسم کی کھانسی چھاتی کا
بلغم خشک کھانسی وغیرہ کے لیے ۔

سفوف سعال

● اصل السوس ½ کلو ۔ نوشادر ½ کلو ۔ ست پودینہ ۱ تولہ ۔
سفوف بنا کر ۳ ماشہ صبح شام دیں ۔
ہر قسم کی کھانسی کے لیے ۔

اکسیر خارش

سندھور ، سہاگہ ، گندھک ، کافور ، نیلا تھوتھا ہر
ایک ۵ تولہ لے کر پیس لیں ۔ یہ دوا ۱ تولہ ۔ ویزلین یا تیل
۱۰ تولہ ملا کر استعمال کریں ۔

اکسیر مصفی

رسونت ۵ تولہ ۔ ریٹھہ ۵ تولہ ۔ باوچی ۵ تولہ ۔ گندھک آملہ سار
۵ تولہ ۔ زہر مہرہ ۵ تولہ ۔ سب کو لے کر نخودی گولیاں بنا لیں ۔ صبح
دوپہر شام ۱-۱-۱ ہر قسم خارش پھوڑے پھنسی بواسیر وغیرہ ۔

اکسیر خاص

● رسکپور ۳ ماشہ ۔ نیلا تھوتھا ۶ ماشہ پھٹکڑی ۵ تولہ ۔
گندھک ۵ تولہ ۔ سب کو مٹی کے برتن میں بریاں کریں ۔
خوراک : ۲ چاول مکھن ملائی میں ۔ ہر قسم خارش پھوڑے
پھنسی کے لیے ۔

اکسیر درد

کچلہ مدبر ، صبر ، سنڈھ ، مرچ سیاہ ، ہیرا ہینگ
ہموزن ۔ نخودی گولیاں بنائیں ۔ وجع المفاصل اور جوڑوں
کے درد کے لیے ۔

اکسیر بخار

مغز کرنجوہ ، نوشادر ، گیری ، مگھاں ، زیرہ سفید ،
کشتہ گئودنتی ، پھٹکڑی بریاں ، اسپرین ، کلوروکوئین ہموزن لیں ۔
خوراک ۱ ماشہ ہر قسم کے بخار کے لیے ۔

اکسیر الدم

مغبی ، سنگجراح ، ہرمچی ، ٹاٹ سوختہ ، ہموزن ۔
ایک یا دو ماشہ ۔ ہر قسم جاری خون کو روکتی ہے ۔ نکسیر ، بواسیر ،
استحاضہ وغیرہ ۔

اکسیر فالج

چھوہارے ، آب لہسن ، شہد خالص ، گھی دیسی ، ہر
ایک ایک پاؤ ۔ زعفران ۱ تولہ ۔ لونگ ۱ تولہ ۔ سنڈھ ۲ تولہ ملا کر
کھلائیں ۔ فالج اور لقوہ کے لیے ۔

حکیم محمد ارشد شہزاد
سکھو چک تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال

• دریا بہ حباب اندر
ہمارا مقصد طبِ اسلامی کا فروغ

پاؤڈر رعنائی زلف لاثانی

سوڈا بائیکارب ۱۰۰ گرام ۔ سہاگہ سفید بریاں ۵۰ گرام۔ لکس سوپ ایک ٹکیہ ۔ عطر گلاب یا چنبیلی ایک شیشی چھوٹی ۔ سب سے پہلے لکس صابن کو کدوکش کرلیں تاکہ صابن کا آسانی کے ساتھ پاؤڈر تیار ہوسکے ۔ بعدازاں باقی ادویہ کو شامل کرکے خوب یکجان کرلیں اور کھلے منہ کی شیشی میں بند کرکے محفوظ کرلیں ۔

ترکیبِ استعمال : بوقت ضرورت مذکورہ پاؤڈر بقدر تین تا چھ ماشے کر بالوں کو گیلا کرکے لگائیں ۔ جب خوب جھاگ پیدا ہوجائے تو پھر پانی ڈال کر بالوں کو صاف کرلیں ۔ اس کے استعمال سے بال خوب صاف ملائم چمکدار اور بارعب ہوجاتے ہیں ۔

نوٹ : اگر بال گرتے ہوں تو پھر اس کے بعد برگد ہیئر آئل کا استعمال کریں ۔

برگد ہیئر آئل

تیل سرسوں خالص ۵۰۰ ملی لیٹر ۔ برگد کی تازہ کونپلیں ۱۰۰ گرام ۔ سب سے پہلے تیل کو گرم کریں بعدازاں برگد کی کچلی ہوئی کونپلیں تیل میں ڈال کر کونپلوں کو جلالیں اور تیل کو چھان کر صاف کرلیں ۔ ٹھنڈا ہونے پر قدرے عطر حنا یا چنبیلی ملا کر شیشی میں محفوظ کرلیں ۔ اور بال واش کرنے کے بعد یہ تیل لگائیں ۔ انشاء اللہ مذکورہ ہر دو نسخہ جات سے بالوں کی خشکی سکری دور ہوکر بال ملائم چمکدار اور گھنے ہوں گے بالوں کا گرنا بند ہوگا ۔ اس مہنگائی کے دور میں پاکستانی

خواتین کے لیے دو سستے اور مجرب نسخے پیش کردیئے گئے ہیں۔

قیروطی لاثانی

موم دیسی عمدہ مصفیٰ ۱۰ گرام ۔ لینولین ۲۰ گرام ۔ پیرافین ۲۰ گرام ۔ روغن کنجد ۲۰ گرام ۔ تمام اشیاء کو باہم گرم کرکے یکجان کرکے محفوظ کرلیں ۔

ترکیب استعمال : ناخن اگر پھٹ جائیں ٹیڑھے ہوجائیں یا تڑخنا شروع ہوجائیں تو درج بالا قیروطی کے استعمال سے ناخنوں کے عوارض ختم ہوجاتے ہیں ۔

نوٹ : سینے کی جلن اور خرابی معدہ میں ہمدرد کی سوسی ازحد مفید و موثر ہے ۔

بقیہ : توجہ طلب بات

ان کے والد حکمت کیا کرتے تھے اور اپنے والد کی دکان پر نسخہ فروخت کرنے کا دھندا کر رہے ہیں بری طرح نہ جانے کتنے طبیب دور دراز علاقے میں نسخہ وصول کرنے کے لیے گئے ہوں گے اور واپس مایوس لوٹے ہوں گے ۔ اس سارے عمل میں موصوف کو صرف ایک فائدہ ہوا ہوگا اور وہ ہے ڈاک کا انہوں نے اس طریقہ سے ہزاروں جوابی لفافے حاصل کرلیے ہیں۔

میں جناب ایڈیٹر صاحب سے وضاحت چاہتا ہوں کہ کیا ادارہ نے اپنی جانب سے مضمون کی اشاعت کی خط کا اصل مسودہ کہاں ہے امید ہے کہ آپ وضاحت فرما کے اطباء برادری پر احسان فرمائیں گے اور آئندہ ایسے غیر تصو غیرے کی تحریریں شائع کرنے سے گریز کریں گے ۔

ورم جگر، ورم طحال میں مفید ہے۔ کیچوے اور چرنوں کے خاتمہ کے لیے بے حد مفید ہے۔ افسنتین، ہیراکسیس، چرائتہ، رائی، کاکڑاسنگی ہموزن لیں۔ گولی بقدر نخود بنالیں۔ ایک گولی دن میں ۳ بار استعمال کرائیں۔ درج بالا فوائد پر مشتمل یہ دوا اکسیر کا کام کرتی ہے۔

چرائتہ

پرانے ملیریا بخاروں کے لیے مفید ہے۔ ہضم کا فعل بگڑ جانا، خون کی کمی، نزلہ زکام اور جگر اور طحال کے بڑھنے میں مفید ہے۔ خون کی خرابی پھوڑے پھنسیوں کے ازالہ کے لیے رات کو بھگو کر صبح زلال پی لینے سے جلدی امراض کا خاتمہ ہوتا ہے۔

ٹائیفائیڈ دور

● جاوتری، لونگ، دارچینی، کشتہ بارہ سنگھا، افسنتین ہموزن لیں۔ بڑے کیپسول بھرلیں۔

ٹائیفائیڈ اس کے بعد کی نقاہت، دردیں، ضعف جگر و طحال، کمی خون اور خوراک کی کمی کے تمام عوارض میں بہت مفید نسخہ ہے۔ اطبائے قدیم کا معمول مطب ہے۔ گنٹھیا بارد، جوڑوں کے ورم، پیٹ کی خرابی اور جراثیمی امراض کے لیے کل شفا عطا کرتا ہے۔

نسخہ جات

حکیم غلام محمد نظامی، قاسمیہ انقلابی دواخانہ لدھانہ تحصیل و ضلع لیہ

کچلہ مدبر، سلاجیت خالص، لونگ، کشتہ فولاد ہر ایک ۱۰ گرام۔ منقی ۲۰ گرام۔

سب کو باریک کرکے منقی کی مدد سے گولیاں بنائیں فالج، لقوہ اور دردوں کے لیے بہت مفید ہے۔

استحاضہ کے لیے

بسنگراحت کو باریک کرکے استعمال کرائیں۔

نامردی کے لیے

سم الفار ۱ تولہ۔ بچھو ۱ تولہ۔

دونوں کو باریک کرکے صرف ایک تنکا مکھن کے ساتھ استعمال کریں۔

بقیہ: ٹیلیفون

پبلک بوتھ

چونکہ وہاں پر آدمی ریسیور استعمال کرتا ہے اس لیے اس کے استعمال میں امراض کے پھیلنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے لہٰذا ایسی جگہ سخت احتیاط اور توجہ کی ضرورت ہے۔

اب ترقی یافتہ ممالک نے ایسے کیمیکل ایجاد کر لیے ہیں جو اگر ریسیور اور ڈائل پر لگا دیے جائیں تو کسی مرض کے پھیلنے کا خطرہ باقی نہیں رہتا۔

ہو جاتی ہے۔ اگر فوطہ سوج گیا ہو تو سرکہ میں ملا کر لیپ کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔

(بحوالہ طبِ نبویؐ)

آخر میں حکومت پاکستان کے سربراہ جناب صدر محترم سردار محمد فاروق لغاری صاحب سے مؤدبانہ التماس ہے ——

کہ وہ آنے والی تاریخ پاکستان میں اپنا نام روزِ روشن کی طرح عیاں کرنے کے لیے طب اور اطبائے پاکستان اور مسئلہ صحت کو طب یونانی سے استفادہ کرنے کا اعلان فرمائیں۔

تاکہ اسلامیہ جمہوریہ پاکستان کے عوام اور حکومتی سطح پر ہر کس و ناقص فن طب اور اطباء سے مستفید ہو سکیں اور یہ اعلان صدرِ پاکستان کا ایک تاریخی حیثیت کا حامل ہوگا۔

اور ہم اطبائے پاکستان ۴۵ ہزار رجسٹرڈ اطباء اور ان دواخانوں سے وابستہ چھ لاکھ کارکنان آپ کے ممنون ہوں گے۔

ہم اس اہم اعلان کا خیر مقدم کریں گے۔

ذیابیطس اور بچپن کیلئے اکسیر الاثر نسخہ

اجزاء مغز تخم جامن، مغز تخم آم ہر ایک ۵ تولہ، گوند کیکر ۱ تولہ، افیون ۲ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو الگ الگ باریک کوٹ چھان لیں افیون کو گلاب میں گھول کر باقی چیزوں میں ملائیں اور آٹے کی طرح گوندھ لیں اور چنے کے برابر گولیاں بنا کر رکھ لیں۔

خوراک: ایک ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ پانی۔

• بخل توڑ مجربات

حکیم و ڈاکٹر منظور احمد نور پور براستہ برکے ۔ ضلع لاہور

پسند آزمودہ مجربات لے کر حاضر ہوا ہوں۔ امید ہے کہ قارئین پسند فرمائیں گے اور مجھے نیک دعاؤں سے یاد رکھیں گے۔ میرا مشن غریب عوام کی خدمت کرنا ہے۔ رزق نسخوں سے نہیں ملتا بلکہ اللہ رب العزت عنایت فرماتا ہے۔ میں نے کئی حکماء صاحبان کو دیکھا ہے کہ جو غریب مریضوں کی اچھی بھلی کھال اتارتے ہیں یعنی کافی پیسے بٹورتے ہیں۔ حالانکہ دوائی قیمتی حالانکہ دوائی تین چار روپے کی ہوتی ہے۔

نسخہ ۱

کہربا شمعی ۱ تولہ مصطگی رومی اصلی ۲ تولہ، گیرو ۳ تولہ۔ انجبار ۳ تولہ، الائچی خورد ۳ تولہ گٹھلی جامن ۳ تولہ۔

سب ادویات کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

خوراک ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ ہمراہ شربت انجبار یا بزوری، صندل سے صبح دوپہر شام کھلائیں۔

فوائد: خون کو روکنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ خون ناک سے بہہ رہا ہو یا کسی اور حصہ سے دوائی حلق سے اترتے ہی خون کو روک دیتی ہے۔

نسخہ ۲ اکسیر بخار و قلب

بخار گرمی والا کے لیے آب حیات سے کم نہیں۔ دل کو طاقت بخشتی ہے۔ گرمی کو کم کرتی ہے۔ اس کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں جو کہ تحریر سے باہر ہیں۔ یرقان کے لیے آب حیات ہے۔

● الائچی خورد تولہ۔ طباشیر نقرہ اصلی ۲ تولہ، صندل سفید آتولہ۔ مصری کوزہ ۶ تولہ۔ ورق نقرہ ۲ درجن۔ ست گلو ۳ تولہ۔

تمام ادویات کو باریک پیس کر ورق نقرہ کو علیحدہ کھرل کر کے مکس کرلیں۔ بس تیار ہے۔

صبح دوپہر شام شربت انجبار یا نیم گرم دودھ سے یا دودھ کی لسی سے کھلائیں۔

غذا زود ہضم استعمال کرائیں۔

(اچار) ، پھل ، گوشت ، چٹپٹی اور مرغن اشیاء ، تیز مرچ مصالحہ
(دار) روغنی اشیاء سے پرہیز کریں۔

غذا — غذا میں دودھ دلیہ دودھ ساگودانہ ، مونگ
کی دال ، لکی ، ٹنڈہ ، توری ، مولی ، شلجم ، گاجر وغیرہ ۔ سبزی کا
شوربہ چپاتی دیں ۔ کھانا بھوک سے کم کھائیں۔

پھلوں میں کھیرا ککڑی آڑو جامن آلو بخارا موسمی خربوزہ
تربوز امرود وغیرہ ٹھنڈے پھل استعمال کریں ۔ میٹھے چھپیں
[illegible] اور بگو گوشہ بھی مفید ہے۔

لباس اور جسم کی صفائی کا خیال رکھیں ۔ روزانہ باقاعدگی
سے غسل کریں ۔ نیم کے پتے پانی میں جوش دے کر اس پانی
سے غسل کریں۔

بطور حفظ ماتقدم موسم کی تبدیلی خاص طور پر موسم گرما اور
برسات میں صافی یا مصفی وغیرہ کا استعمال کر لینا شربت عناب
[illegible] اصلاح دو تین ہفتہ پی لینا سود مند رہے گا۔

• ہومیوپیتھک نسخے

ڈاکٹر سید منیر الاسلام علوی ۲۴ ناصر بسطامی روڈ مسلم ماڈل حسن آباد لاہور

وجع القلب

شدید قسم کا دل کا درد ہو ۔ ایجوتھینس بائی پاس سرجری کا مشورہ
دیں تو بلا خوف ایکونائیٹ CM کی ایک خوراک استعمال
کر کے رحمت خداوندی کا نظارہ کریں ۔ انشاءاللہ لمحوں میں
سکون نصیب ہوگا۔

پراسٹیٹ

پراسٹیٹ کے باعث پیشاب کی رکاوٹ یا دیگر کوئی
تکلیف ہو ۔ معالجین کیتھیٹر لگانے کے ساتھ ساتھ اپریشن کا مشورہ
دیں تو کونیم 200 کی ایک خوراک صبح و رات استعمال کریں اور ہمراہ
سیبل سیرولیٹا Q ۱۰-۱۰ قطرے ½ کپ پانی میں دوپہر و شام لیں۔
بفضل تعالیٰ ہفتہ عشرہ میں صحت ہوگی۔

اطباء کرام سے اپیل

قارئین کرام اسرار حکمت و معزز حکماء سے اپیل ہے کہ مجھے بذریعہ ڈاک " عنایات " کے لیے نسخہ جات روانہ
نہ کریں ۔ کیونکہ یہ میرے مشن کے خلاف ہے ۔ میں خود حکماء کی خدمت میں پیش ہوتا ہوں ۔ اور ان سے
ایسے نسخہ جات حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہوں جو کہ بار بار آزمائش پر پورے اتر چکے ہوں ۔
اور میری یہ سعی ہوتی ہے کہ بالکل سہل سستے اور ملاوٹ سے پاک اجزاء والے نسخہ جات آپ
کی خدمت میں پیش کروں ۔ میری محنت کا حاصل سستی شہرت نہیں بلکہ میں اس کار خیر کا اجر آخرت
میں حاصل کرنا چاہتا ہوں ۔

میری تمام حکماء سے گزارش ہے کہ براہ کرم مجھے بذریعہ ڈاک " عنایات " کے لیے نسخہ جات نہ بھیجیں
بلکہ اس طرح میرے مشن کا وقار مجروح ہوتا ہے اور میں ایسا ہرگز پسند نہیں کرتا ۔ آئندہ کسی
ملک کے مایہ ناز حکیم جناب عبدالرشید صاحب آف حافظ آباد کی زندگی کے بہترین مجربات
آپ کی خدمت میں بشکل " عنایات " پیش کروں گا ۔ انشاءاللہ

سفیر حکمت میاں شاہد اکبر نقشبندی

• تجرّبات

• امراضِ خصیہ

ورم خصیہ — نوشادر ۱ تولہ کو باریک پیس کر سوا سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ایک سیر رہے تو اتار لیں اور نیم گرم کپڑے کی گدی بھگو کر خصیوں کو ٹکور کریں۔ پانی ٹھنڈا نہ ہونے دیں۔ ایک ہی وقت کی ٹکور سے آرام ہو جائے گا۔ اگر ورم باقی ہو تو پھر یہی عمل کریں۔ ورم اور درد دونوں کو یہی ٹکور مفید ہے۔

پھنسیاں خصیہ — پھٹکڑی ۲ ماشہ کو پیس کر نیم گرم پانی میں ملا کر روزانہ دھوئیں۔ آرام ہوگا۔

زخم خصیہ — کبیلہ ۱ تولہ کو تیل سرسوں ۵ تولہ میں آتنا کھرل کریں کہ تیل سرخ ہو جائے۔ روزانہ پھوڑے پھنسی اور زخموں پر لگایا کریں۔ آرام ہو جائے گا۔

• فتق — ایک تولہ خراطین خشک کو پانی میں پیس کر ضماد کریں۔ بہت جلد آنت چڑھ جائے گی۔ اگر کچھ مدت یہی علاج کیا جائے تو اس کا اندیشہ جاتا رہتا ہے۔

بابرگ مدار سبز ۲ تولہ کو روغن کنجد ۴ تولہ میں جلالیں۔ اور خوب پیس کر مرہم تیار کریں۔ اور فوطوں پر لیپ کرکے اوپر لنگوٹ باندھ دیں۔ فتق کے لیے بے حد مفید ہے۔

امراضِ امعاء

برائے قبض — پوست ہلیلہ زرد کے سفوف بنا لیں۔ بوقت ضرورت ۷ ماشہ ہمراہ آب نیم گرم رات کو کھلائیں۔ قبض کشا ہے معدہ وجگر کی اصلاح کرتا ہے۔

• دائمی قبض — دیسی سونف کے چاول نکال لیں اور روزانہ چھ ماشہ سونف ایک تولہ گلقند کے ہمراہ منہ میں رکھ کر پان کی طرح آہستہ آہستہ چبائیں اور لعاب نگلتے جائیں۔ یہ دو وقت غذا کے ایک گھنٹہ بعد کریں۔ اس سے معدہ اور آنتیں آہستہ آہستہ اپنا کام شروع کر دیں گے اور پرانی سے پرانی قبض دور ہو جائے گی۔

دوائے اسہال — آملہ خشک ۱ تولہ کو پانی میں بھگو دیں۔ جب نرم ہو جائے تو کھرل کرکے باریک پیس۔ اور نمک سیاہ مناسب ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔ ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ آب تازہ دیں۔ دستوں کو بند کرتی ہے۔

دیگر — سونٹھ اور مرچ سیاہ برابر پیس کر ۳ ماشہ ہمراہ آب تازہ گھنٹہ گھنٹہ بعد دیتے رہیں۔ اسہال بلغمی میں از حد نافع ہے۔

دوائے قولنج — ارنڈ کی جڑ ۲ درم اگر تازہ ہو تو دوگنی لیں۔ آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب چوتھائی حصہ رہے صاف کرکے روغن ۲ تولہ ہینگ ۳ ماشہ باہم ملا کر نیم گرم پلائیں انشاء اللہ آرام ہوگا۔ یا آدھا درم میٹھا تیل شکر میں ملا کر پلائیں۔ قولنج کو نفع دیتا ہے۔

شیافِ قولنج — صابن درجہ اول، گڑ، مصبر، برابر پیس کر شل خرمہ کی گٹھلی بنا کر روغن سے چرب کرکے مقعد میں رکھیں۔ قولنج کے لیے مفید ہے۔

برائے پیچش — تخم ریحان، گوند کیکر ہر ایک برابر وزن بریاں کریں۔ گوند پیس لیں اور تخم ریحان ثابت رکھیں۔ زیرہ سفید ۱ تولہ کے شیرہ میں ملا کر دیں۔ آرام ہوگا۔

(باقی صـــ پر)

حکیم مہتاب حسین دلدار نزد آرمر کالونی ۲۴ حکیم آباد نوشہرہ کینٹ

سفوف تبجیری (نمک آگ والا)

جملہ امراض معدہ مثلاً گیس ٹربل بدہضمی اور بھوک نہ لگنے کی شکایت کو دور کر کے خوب بھوک لگاتا ہے۔ اشتہا کو خوب تیز کر کے غذا کو بخوبی ہضم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء:- سونف، اجوائن، کالا نمک، ہرڑ، بہیڑہ، آملہ، نوشادر، ریوند خطائی، برگ پودینہ ہر ایک ایک چھٹانک۔ نمک آگ ½ چھٹانک۔ کافور ۱ تولہ۔ ست پودینہ ۶ ماشہ۔ کشتہ فولاد ½ ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری:- تمام ادویہ کو کوٹ کر چھان لیں۔ اور آخر میں کشتہ فولاد، کافور اور ست پودینہ اچھی طرح ملا کر مضبوط ڈھکنے والے مرتبان میں محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال:- ۴ رتی سفوف تبجیری دوپہر اور شام کا کھانا کھانے کے بعد پانی سے استعمال کریں۔ یرقان کی حالت میں اور یرقان کے بعد اس کا استعمال سو فیصد کامیاب ہے۔

مقوی معدہ چورن

● یہ چورن مقوی معدہ ہے۔ اس سے اجابت صاف ہو جاتی ہے۔ بھوک خوب لگتی ہے۔ اور کھایا پیا ہضم ہو جاتا ہے۔ بوڑھے، بچے، جوان، مرد و زن یہاں تک کہ حاملہ عورت اور زچہ تک بلا کھٹک استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ نہایت خوش ذائقہ لاجواب چورن ہے۔ ہر وقت مطب میں تیار رہتا ہے۔ یہ چورن میرا سالوں سے تجربہ شدہ ہے۔ میرے نایاب نسخہ جات میں سے ہے۔ شوق سے آزمائیں۔ جو خرچ کریں گے وہ وصول ہوگا۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء:- چھوٹی ہرڑ تین پاؤ۔ زیرہ سفید ۱ تولہ۔ سونف ایک پاؤ۔ نمک لاہوری ایک پاؤ۔ لونگ چار چھٹانک۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ کر چھان لیں اور ست پودینہ ۲ ماشہ شامل کر کے محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال:- تین ماشہ دوا دوپہر اور شام کا کھانا کھانے کے بعد پانی سے استعمال کریں۔

اکسیر معدہ

اجزاء ہوالشافی:- نوشادر ٹھیکری ۳ تولہ۔ اجوائن ۵ تولہ۔ کالا نمک ۳ تولہ۔ تیزاب گندھک ۲ تولہ۔

تمام ادویہ کو ایک پرات میں ڈال کر اوپر تیزاب گندھک ڈال دیں۔ خشک ہونے پر کوٹ کر چھان لیں۔ بس دوا اکسیر معدہ تیار ہے۔

خوراک:- ایک تا دو رتی ہمراہ آب دیں۔ مقوی معدہ ہے۔

اس کے علاوہ درد معدہ، قم معدہ، الٹی ہیضہ، پیچش، اپھارہ وغیرہ کے لیے نہایت مفید ہے۔

اکسیر باؤ گولہ

● یہ دوا اکسیر سے کم نہیں۔ معدے کے جملہ امراض کو رفع کرتی ہے۔ گیس ٹربل ختم کرتی ہے۔ خاص کر باؤ گولہ کے درد میں نہایت اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ کم خرچ بالا نشین ہے۔

بڑو داثر اسقدر گویا کہ جادو۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء ہوالشافی:- چینی ایک پاؤ۔ گودا کنوار گندل ½ سیر۔ سہاگہ بریاں ۱½ تولہ۔ نوشادر ۱½ تولہ۔

ترکیب تیاری:- ایک کھلے منہ کی بوتل میں پہلے کنوار گندل ڈالیں۔ پھر اس پر چینی ڈالیں۔ اور اس کے بعد سہاگہ اور آخر میں نوشادر ڈال کر بوتل کو خوب ہلائیں اور اوپر کارک لگا دیں۔ جب کارک خودبخود بوتل کے منہ سے گیس کے زور سے اڑ جائے تو دوا تیار ہے۔ بصورت دیگر ۴ روز کے بعد قابلِ استعمال ہے۔

طریقہ استعمال:- ایک تولہ دوا پانی سے کھائیں دردِ شکم ہمہ قسم اور درد باد گولہ زیادہ سے زیادہ پانچ منٹ میں رفع ہو جائے گا۔

بقیہ نفسیاتی امراض

اور مشاہدات کے بعد ایک خصوصی علاج اس مرض کے لیے تجویز کر رہا ہے جو کہ اس مرض یعنی ڈپریشن کا آخری علاج ہے۔

۱۔ خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا مستقل استعمال کریں، ڈبی پر لکھی ترکیب کے مطابق۔

۲۔ شہد ۳ چمچ بڑے پانی میں گھول کر استعمال کریں۔ دن میں تین بار گرمیوں میں ٹھنڈے اور سردیوں میں نیم گرم پانی سے۔

۳۔ شربت عناب بھی اس مرض میں لاجواب اکسیری نسخہ ہے۔ اس کے ۴ چمچ بڑے دن میں چار بار پی لیں اور شوگر والے حضرات ۱۲ دانے عناب ابال کر نیم گرم کپ پی لیں (ابلتے وقت پانی تقریباً ایک کپ) گرمیوں میں ٹھنڈا کر کے اور سردیوں میں گرم کر کے پی لیں۔

۴۔ اس مرض کے لیے درود شریف کی کثرت سے بڑھ کر کوئی بہترین نسخہ تجربے میں نہیں آیا۔ اٹھتے بیٹھتے ہر وقت درود شریف کا ورد کریں۔

قسط ۲

جنسی امراض مردانہ کا کامیاب علاج

ماہر شبابیات طبیب زادہ حکیم محمد | اعظم شاکر ۔ اعظم دواخانہ رجسٹرڈ بصیرپور ۔ اوکاڑہ

ضعف یاد، سرعت انزال

• آسان جامع علاج، کبھی خطا نہ ہونے والا نسخہ، مجرب المجرب مقوی باہ و ممسک بہترین مکمل نسخہ۔

ھوالشافی: شنگرف مدبر ۱ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ جائفل ۱ تولہ۔ جلوتری ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ مغز بادام ۴۰ عدد۔ خراطین خشک مصفیٰ ۳ تولہ۔ ریگ ماہی ۳ تولہ۔ دارچینی ۳ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ تولہ۔ کرم مخمل پر بریدہ ۳ تولہ۔ ثعلب مصری ۳ تولہ۔ مصطگی رومی ۱ تولہ۔ ورق نقرہ ۱ تولہ۔ سلاجیت ۱ تولہ۔ افیون کچی ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری

شنگرف مدبر کرنے کا طریقہ: شنگرف ڈلی ۱ تولہ۔ بھلاوہ ۱۰ تولہ۔ شہد ۱ پاؤ۔ روغن زرد ۱ پاؤ۔

ایک آہنی کڑاہی میں شنگرف رکھ کر اوپر بھلاوہ کلا دور کردہ کوٹ کر بچھائیں۔ اس پر شہد اور آخر میں روغن زرد ڈال کر پکائیں۔ جب آگ خود بخود بکڑ لے اور تمام اشیاء سرد ہو جائیں تو شنگرف ڈلی نکال لیں۔ شنگرف کو تین گھنٹے مسلسل کھرل کر کے شامل نسخہ درج بالا کریں۔ اور شہد یا آب ادرک کی مدد سے نخودی گولیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام۔ وقتی امساک کے لیے ۲ گولی ہمراہ دودھ دو گھنٹہ قبل از جماع۔

• رقیق بدن

موٹا تازہ، قوی بارعب، خوبصورت اور سرخ بنانے والا نایاب مرکب۔ مردوں عورتوں کی بدنی کمزوری کو دور کرنے والا بہترین نسخہ۔ اس مرکب کی خاصیت یہ ہے کہ سیروں دودھ اور گھی چٹا تک مکھن روزانہ ہضم کر لیتا ہے۔

لاغر کمزور اور مردہ صورت اسے کھا کر موٹے تازے سرخ اور قوی الجسم بن جاتے ہیں۔

آج اپنا وزن کروا کے ایک ماہ تک استعمال کر کے دیکھیں کتنا وزن بڑھتا ہے۔ معدہ کو قوت دیتا ہے بھوک خوب لگاتا ہے۔ بے ضرر اور مابعد الاستعمال نقصان سے پاک۔ بے فکر ہو کر اعتماد کے ساتھ استعمال کرائیں۔ شرطیہ فوائد کے حصول کے لیے ضرور استعمال کریں۔

ھوالشافی: حنظل تازہ ۲ سیر۔ لیموں تازہ ۵ سیر۔ نوشادر ٹھیکری ½ کلو۔ جوکھار ۱ پاؤ۔ اندر جو ۱ پاؤ۔ سبز کاہی ½ پاؤ۔ کشنیز حنظل ۵ سیر۔

معروف طریقہ سے ۲۰ بوتل عرق کشید کریں۔

ایک وقت ۳ تولہ دیں۔ اوپر سے دودھ پلائیں۔

اس نسخہ کو آب حیات کا نام دیا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔

آزمائیں اور تصدیق فرمائیں۔

انشاء اللہ مفید پائیں گے۔

طلاء اعظم

؎ تیری کانچ چاہیے وہ حکمت کے عجائب رول لے
اک اک نسخہ سے میرے سچے موتی رول لے

ہمارے ہاں کا خاص الخاص طلاء ہے جو تقویت باہ میں نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ جن اشخاص کے قضیب کی لاغری، کمزوری اور کجی حد سے تجاوز کر چکی ہو رگیں موٹی یا پتلی ہو گئی ہو وہ اس کے استعمال سے لطف شباب حاصل کر سکیں عضو مخصوص کی کمزوری، جلق، اغلام بازی، کثرت جماع کے باعث ہو یا عمر کی زیادتی کی وجہ سے دونوں حالتوں میں اس طلاء کا استعمال مفید ہے۔ قضیب کو سخت دراز اور فربہی لاتا ہے۔ رگوں کے نقائص کی اصلاح کرتا اور اس میں خون دوڑاتا ہے۔

اس کی بڑی خوبی یہ ہے کہ اس کے استعمال سے چھالا پڑتا ہے نہ سوزش ہوتی ہے بالکل بے ضرر طلاء ہے لیکن نتائج کے اعتبار سے حیرت انگیز ہے چند دنوں کے استعمال سے اس قدر لعوذ پیدا ہوتا ہے کہ برداشت مشکل سے ہو پاتا ہے۔

ضعیفوں اور مجلوق اغلام بازی سے مایوس مریض ضرور استعمال کریں۔

نسخہ: سم الفار سفید، سم الفار زرد، سم الفار سیاہ ہر ایک چھ چھ ماشہ شنگرف، گندھک آملہ سار، ہڑتال طبقی ہر ایک تولہ تولہ۔ مالکنگنی ۴ تولہ مغز کنجشک نر ۴۰ عدد۔ زردی بیضہ مرغ ۴۰ عدد۔

سب کو اچھی طرح صلایہ کر کے ایک ایک زردی بیضہ مرغ ملا کر کھرل کرتے جائیں تمام زردی بیضہ مرغ شامل کر کے گولیاں مغز دلی بنا کر اچھی طرح کھرل کریں۔ بعدہ مروجہ طریقہ سے پتال جنتر روغن کشید کریں۔

کشید شدہ روغن میں عنبر اشہب ۲ ماشہ کستوری اصل ۲ ماشہ کھرل کر کے رکھیں۔

طریقہ استعمال: ۲ سے ۳ قطرے عضو خاص پر مالش کریں اور برگ پان باندھیں۔ اگر زیادہ طاقت مقصود ہو تو کبھی اس میں سے ۱ تا ۲ قطرہ دودھ میں ملا کر پی لیا کریں۔

ہر قسم کی کمزوری، مردانہ بانجھ پن ہر حالت میں دور ہوگی۔

مقوی باہ نسخہ پر متلاشی توجہ فرمائیں۔ مسلسل استعمال کرنے پر ہر قسم کی کمزوری دور کر کے اتنی قوت پیدا کر دیتی ہے کہ دوسری شادی کی ضرورت محسوس ہوگی۔

نسخہ معجون خاص

عرق پیاز سفید ایک کلو، شہد خالص ایک کلو۔ دونوں کو مخلوط کر کے جوش دیں جب قوام ہو جائے تو نیچے اتار کر درج ذیل اجزاء ملا دیں۔

تودریں، بہمنین، موصلین، ثعلب مصری، خولنجان، اسگند ناگوری، زرنباد، تخم پیاز، تخم گندنا، مغز بیدانجیر، تخم گندنا، مصطگی رومی ہر ایک ۲ تولہ۔ زنجبیل، پیپل، فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ بسباسہ، عقرقرحا، کستوری خالص، ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ ورق نقرہ جڑی ایک دفتری۔

خوراک: ایک تولہ صبح ایک تولہ شام بعد از غذا دیں۔

ساتھ ہی یہ نسخہ بھی شروع کرائیں۔

سفوف پوست ستیاناسی مصری ہموزن سفوف بنا لیں۔

چھ ماشہ علی الصبح ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

کرشمہ قدرت ملاحظہ فرمائیں۔ ہر نسخہ موتیوں اور جواہرات سے قیمتی انشاء اللہ فوائد کا حامل۔

سو سنار کی ایک لوہار کی۔ بہت سے نسخہ پر ہر حالت میں بھاری ہے۔

بے اولاد مرد ضرور استعمال کرے۔

• **چیلنج** :۔ یہ نسخہ اعتماد کے ساتھ استعمال کرائیں مریض مطمئن نہ ہو تو لاگت نسخہ میرے ذمہ (نگارش)

ہوالشافی :۔ سلاجیت ۵ تولہ۔ ست پھلی ببول خام (پھلی میں دانہ نہ پڑے) دس تولہ مغز تخم کونچ ۱۰ تولہ۔ مغز تخم ہندی ۱۰ تولہ۔ خود ساختہ ست برگد ۵ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۵ تولہ۔ کشتہ سہ دھاتا (کوک ناردالا) ۱۰ تولہ۔ تالمکھانہ ۵ تولہ۔ کشتہ فولاد ۵ تولہ۔ کافور ۵ تولہ۔ تخم دھتورہ سیاہ سوا تولہ۔ کشتہ چاندی ۲ تولہ۔ کشتہ مرجان ۵ تولہ۔ پوٹاسیم برومائیڈ ۳ تولہ۔

ترکیب تیاری :۔ اول دھتورہ سیاہ کھرل کریں نصف گھنٹہ پھر کافور ملا کر اس قدر رگڑیں کہ مانند لئی ہو جائے پھر سلاجیت اور ست پھلی ببول ملالیں اس قدر کھرل کریں کہ تمام یکجا ہو جائے۔ پھر ترتیب سے ادویات ڈالتے جائیں۔ ایک دن کھرل کر کے ۴ رتی کی گولیاں بنالیں

فوائد لامحدود :۔ جریان، جریان مذی اور ذکاوت حس کی آخری دوا سمجھیں۔ انشاء اللہ

جریان و احتلام کے دفعیہ کے لیے یہ گولیاں اکسیر کا حکم رکھتی ہیں۔ جو رطوبت بے موقعہ خارج ہو کر نقصان پہنچاتی ہے اس کے بہنے کو روکتی ہیں تناسلی اعضاء کی غیر طبعی ذکاوت حس یعنی جھوٹی شہوت کو زائل کرتی ہیں۔ پانی کی طرح رقیق مادہ کو دہی کی مانند گاڑھا بنا کر قوت امساکیہ کو بڑھاتی ہیں۔ دیگر کی تمام خرابیوں کو دور کر دیتی ہیں۔ ان گولیوں کے استعمال سے بھوک بڑھ جاتی ہے۔ کھایا پیا خوب ہضم ہو کر جزو بدن بنتا ہے۔ خون زیادہ بننا شروع ہو جاتا ہے۔ دائمی نزلہ اور زکام اور نسیان پر خاص اثر ڈالتی ہیں۔ تجربہ شدہ ہیں۔

ترکیب استعمال :۔ ۲ گولیاں صبح خالی پیٹ دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔ اور دو گولیاں رات کو سوتے وقت تازہ پانی کے صرف ایک دو گھونٹ کے ہمراہ استعمال کریں۔

جریان، جریان مذی اور ذکاوت حس کے مریض دو گولیاں صبح خالی پیٹ اور دو گولیاں شام کو چار بجے دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

(نگارش)

حکیم محمد ارشد شہزاد
سکھو چک تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال

• دریا بہ حباب اندر

ہمارا مقصد طب اسلامی کا فروغ

اکسیر جریان

جریان احتلام مادہ کی تغلیظ کے علاوہ یہ اکسیر بڑھی ہوئی ذکاوت حس کو اعتدال پر لا کے طبیعت میں سکون پیدا کرتی ہے۔ بد عادت کے مریض بھی اس کے استعمال سے چھٹکارا حاصل کر سکتے ہیں۔

ہوالشافی: کشتہ سہ دھاتہ ساختہ اجمل یا ہمدرد دواخانہ ۱۰ گرام۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۱۰ گرام۔ ہر دو اجزاء کو باہم کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام بقدر ایک تا دو رتی حسب عمر و مزاج پانی کے ہمراہ دیں۔ ایک ماہ کا کورس کافی ہوتا ہے۔ مدت مؤثرہ ۵ سال۔

نوٹ:۔ اگر احباب پوٹاشیم برومائیڈ استعمال نہ کرنا چاہیں تو پھر برگ بھنگ کا سفوف ۵۰ گرام ملا لیں۔ اور مقدار خوراک ۲ تا ۴ رتی کر دیں۔ انشاء اللہ العزیز مطلوبہ فوائد حاصل ہوں گے۔

مقوی دماغ

کشتہ مرجان جواہر والا ہمدرد اجمل یا قرشی کا ۱۰ گرام۔ خمیرہ گاؤزبان سادہ ۱۰۰ گرام خود تیار کریں۔ کشتہ مرجان و خمیرہ کو باہم مکس کر کے جار میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک چائے کا چمچ استعمال کریں۔ یہ خمیرہ دماغ کی تقویت کے علاوہ نزلہ زکام و کھانسی کے لیے بھی مفید و مؤثر ہے۔ مدت مؤثرہ ۲ سال۔

حبوب یورک لاثانی

• یہ نسخہ بھی حسب روایات ہمارا مجوزہ مصدقہ ہے اور ایک عرصہ سے یورک ایسڈ کے مریضوں پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ اللہ کے فضل سے یورک ایسڈ سے پیدا شدہ تمام عوارضات کے لیے مفید ہے۔ سفوف تخم (کڑا چھال کا سفوف) ۱۰۰ گرام۔ سورنجان شیریں ۱۰۰ گرام۔ اسگندھ پاکستانی کا سفوف ۱۰۰ گرام۔ مصبر ۱۰ گرام۔ ہر چہار اجزاء کا سفوف تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال: درج بالا سفوف کے کیپسول بھر لیں۔ مرض اور عمر کے مطابق ایک تا دو کیپسول پانی کے ساتھ دیں۔ اور دوران علاج مریض کو گوشت اور سرخ مرچ سے پرہیز کروائیں۔ مدت مؤثرہ ۲ سال۔

مقوی رحم

• یہ سفوف تقویت رحم کے علاوہ لیکوریا میں از حد مفید ہے۔ مرض لیکوریا کی وجہ سے کمر درد، کمزوری، سستی، بھوک کا نہ لگنا، چہرہ بے رونق و دیگر عوارضات کے لیے مفید و مؤثر ہے۔

اسگندھ پاکستانی ۱۰۰ گرام۔ طباشیر نقرہ ۱۰ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ ۱۰۰ گرام۔ کوزہ مصری ۱۰۰ گرام۔ چاروں چیزوں کا سفوف تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک ماشہ

(باقی صفحہ پر)

مجربات

حکیم سعد اللہ خاں سوکالوی بمقام ڈاکخانہ سچا سودا تحصیل وضلع شیخوپورہ

حب جدوار

جدوار خطائی ۶ ماشہ۔ افسنتین رومی ۶ ماشہ۔ کچلہ مدبر ۶ ماشہ۔ دارچینی ۳ ماشہ۔ پاپیتہ ولائتی ۳ ماشہ۔ ست لوبان ۴ رتی۔ ست پودینہ ۴ رتی۔ ست اجوائن ۴ رتی۔ ست الائچی ۴ رتی۔ سنبل الطیب ۶ ماشہ۔ مشک ولائتی ۱ ماشہ۔ حلتیت ۶ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ اسارون ۶ ماشہ۔ جندبیدستر ۳ ماشہ۔ چھوٹی چندن ۹ ماشہ۔ عود صلیب ۳ ماشہ۔ اچھی طرح باریک پیس کر گولیاں بقدر نخود بنالیں۔

خوراک: ۲ گولی صبح ۲ گولی شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: یہ گولیاں پرانی بدہضمی اور معدہ جگر کی مزمن تکالیف کے لیے نہایت کارآمد ہیں۔ بھوک لگاتی اور جسم میں خون صالح پیدا کرتی ہیں۔ بدہضمی کی وجہ سے بعض دفعہ عصبی اور نفسانی تکالیف اور مراقی عوارضات پیدا ہونے سے انسان میں وہمی خیالات پیدا ہو جاتے ہیں سب کے لیے کارآمد چیز ہے۔

معجون مہبی وممسک

● جوز مائل سیاہ ۱ تولہ۔ موصلی سفید ۱ تولہ۔ آرد نخود بریاں مقشر ۱ تولہ۔ ساذج ہندی ۱ تولہ۔ سونٹھ ستوہ ۱ تولہ۔ خولنجان ۱ تولہ۔ مغز پستہ ۳ تولہ۔ مغز بادام ۳ تولہ۔ مغز پنبہ دانہ ۳ تولہ۔ شہد خالص دو چند معجون بنائیں۔

خوراک: ۳ ماشہ قوت مردمی کو طاقت دیتی ہے۔ ممسک بھی ہے۔ دل دماغ اور اعصاب کو طاقت دیتی ہے۔

بار بار پیشاب آنے کو روکتی ہے رعشہ اثنائی کے لیے بھی مفید ہے ہاضمہ کو درست کرے وغیرہ وغیرہ۔

روغن کمال

● بیکوبیڈ پیپرے فین ۵ تولہ۔ روغن زیتون ۱۰ تولہ۔ روغن بادام ۱۰ تولہ تینوں ادویہ یکجا کرلیں تیار ہے۔

خوراک: دو چمچہ چائے کے برائے پاؤ بھر نیم گرم دودھ کے ساتھ رات کو پینے سے صبح بافراغت اجابت ہو جاتی ہے۔ دائمی قبض کے لیے بفضل خدا بہت ہی مفید ہے۔

بقیہ دریا بہ حباب اندر

● دودھ کے ہمراہ دیں۔

وہ عورتیں جو بچوں کی زیادتی کی وجہ سے قبل از وقت بڑھاپا کا شکار ہیں۔ اس کے استعمال سے دوبارہ توانا اور صحتمند ہو سکتی ہیں۔

عنایات لیاقت پور

میاں شاہد اکبر نقشبندی سفیر حکمت نمائندہ خصوصی ماہنامہ اسرار حکمت

ورم طحال

● تنکار بریاں، رائی برابر لے کر سفوف تیار کریں۔

خوراک:- ایک ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ پانی تازہ۔

کورس دوائی:- ایک ماہ یہ دوا کھلائیں شفا ہوگی۔ مجرب ہے اور عرصہ دو سال سے زیر استعمال ہے اور ۷۵٪ فائدہ کرتی ہے۔

قے حاملہ و قے بچگان

زرشک، انار دانہ، زہر مہرہ خطائی، الائچی خورد، ہموزن لے کر سفوف تیار کرکے نخودی گولیاں تیار کرلیں۔

استعمال:- ۱ تا ۲ گولی ہمراہ پانی سادہ یا منہ میں رکھ کر چوسیں۔

فوائد:- حاملہ عورتوں کی قے کے علاوہ بچوں کے لیے بھی اکسیر ہے۔ دوسری خوراک کھانے پر دل کو سکون و قرار مل جائے گا۔ عرصہ تین سال سے زیر استعمال ہے۔

دوائے حابس الدم

● کشتہ سنگ جراحت ۱ تولہ، گیرو ۱ تولہ، پھٹکڑی ½ تولہ۔ سفوف تیار کریں۔ دوائے حابس الدم تیار ہے۔

خوراک:- نصف ماشہ تا ایک ماشہ ہمراہ شربت انجبار دیں۔

فوائد:- نفث الدم، نکسیر، پچش، استحاضہ، کثرت الطمث نیز خارجی طور پر جریان میں بہت مفید ہے۔ عرصہ چار پانچ سال سے زیر استعمال ہے۔ ۸۰٪ فائدہ کرتی ہے۔

تصدیق:- اس نسخہ کے بارے میں حکیم نعیم صاحب سیتا روڈ مانانوالہ ضلع شیخوپورہ یوں فرماتے ہیں کہ یہ نسخہ عرصہ ۱۵ سال سے میرے تجربہ میں ہے اور اس نسخہ کو میں ۱۰۰٪ درست پاتا ہوں۔ اس دوا کی تیسری پڑیہ سے آرام آجاتا ہے دن میں چار مرتبہ دوا استعمال کریں۔

دوائے ملیریا

● افسنتین ½۲ تولہ۔ مغز کرنجوہ ½۲ تولہ۔ سوڈا بائیکارب ½۲ تولہ۔ زاج بریاں ۲ تولہ۔ سوڈا سیلی سلاس ½۲ تولہ۔ کشتہ گئودنتی ½۲ تولہ۔ سفوف بنالیں۔ دوائے ملیریا تیار ہے۔

خوراک:- ۲ ماشہ ہمراہ آب گرم دیں۔ عرصہ دو سال سے زیر استعمال و مفید ثابت ہو رہی ہے نتیجہ ۹۰٪ درست (پازیٹو) ہے۔

اکسیر جگر

● ریوند چینی، قلمی شورہ، نوشادر ٹھیکری، زیرہ سفید ہموزن لے کر سفوف تیار کریں۔ اکسیر جگر تیار ہوگئی۔

خوراک:- ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ تازہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔ دوا ہذا عرصہ ۲۶ سال سے زیر استعمال ہے۔ اور سو فیصدی درست فوائد کی حامل ہے۔

یاد داشت:- حکیم موصوف نے نسخہ ہذا میں ریوند چینی کا ذکر کیا ہے جبکہ بعض طبیب حضرات نسخہ اکسیر جگر میں ریوند خطائی استعمال کر رہے ہیں جبکہ فوائد

بظاہر اسی نسخہ کے ہیں۔ آپ حضرات اپنی سمجھ کے مطابق نسخہ ترتیب دیں یا پھر صاحب نسخہ سے رابطہ کر کے مزید معلومات حاصل کریں۔

(میاں شاہد اکبر نقشبندی سفیر حکمت)

حق باھو چورن

نمک لاہوری، نمک سیاہ، نمک سانبھر، بادیاں، فلفل سیاہ، اجوائن دیسی، زنجبیل، زیرہ سفید ہر ایک تین تین تولہ۔ پیپرمنٹ ایک ماشہ۔ کوٹ پیس کر آخیر میں پیپرمنٹ ملا کر مضبوط کارک والی شیشی میں سنبھال لیں۔

خوراک: نصف ماشہ تا ایک ماشہ بعد از طعام۔

فائدہ۔ عرصہ ۳ سال سے مجرب ہے۔

سنگرھنی کا مجرب علاج

معجون سنگدانہ مرغ ساختہ دواخانہ اجمل خان چھ ماشہ ہمراہ بسنت مالتی گولی ایک عدد اور اس کو شربت ساختہ دواخانہ اجمل خاں ایک تولہ تا دو تولہ پانی میں ملا کر صبح نہار منہ دیں۔ شام کو چار بجے بھی اسی طرح دوا کھلا دیں۔

فوائد: پانچ روز میں سنگرہنی ختم ہو جائے گی۔

کونین کا نعم البدل کشتہ ہڑتال گئودنتی

● ہڑتال گئودنتی ۵ تولہ۔ شب یمانی ۱۰ تولہ۔

تیاری: شب یمانی کو چھوٹا چھوٹا کر کے کوزہ گلی میں نصف بچھا کر اوپر گئودنتی رکھ کر باقی شب یمانی اوپر ڈال دیں اور گل حکمت کرنے کے بعد ۱۰ کلو اوپلوں کی رات کے وقت دیں صبح کشتہ تیار ملے گا۔

خوراک: ۲ رتی تا ۵ رتی عرق وغیرہ کے ساتھ دیں۔ اور کشتہ ہڑتال گئودنتی کے ساتھ مخار روک (اشرف لیبارٹری فیصل آباد) دیں۔

فوائد: دق، ٹائیفائیڈ کے علاوہ ہر قسم کے بخار کے لیے مفید و مجرب ہے۔ عرصہ دس سال سے زیر استعمال اور ۱۰۰٪ درست ہے۔

جوارش تبخیر

● زنجبیل ۴ گرام، فلفل سیاہ ۴ گرام، الائچی کلاں ۴ گرام۔ زیرہ کرمانی اصلی ۴ گرام۔ شہد خالص ایک کلو۔

تیاری: ادویہ کو کوٹ پیس کر وزن کر کے شہد ایک کلو میں ملا لیں تیار ہے۔

خوراک: دو چمچہ بعد از غذا صبح دوپہر شام کھلائیں۔

فوائد: ۱۰ منٹ میں درد و فم معدہ ختم ہوگا۔ جملہ امراض معدہ میں مفید ہے۔ تبخیر کے لیے اس پوری دوا کو استعمال کریں۔

مالش برائے درد ہر قسم

● روغن کنجد ایک پاؤ۔ فاسفورس ایک تولہ۔ روغن تارپین ۱۰ تولہ۔ روغن بابونہ دس تولہ۔ مشک کافور ۳ ٹکی۔

تیاری: تمام ادویہ کو ایک صاف بوتل میں ڈال کر تین دن دھوپ میں رکھیں۔ مالش تیار ہے۔

استعمال: مقام ماؤف پر سوتے وقت مالش کریں زیادہ ورم ہو تو اوپر روئی باندھ دیں۔

کورس مالش: ایک ہفتہ کا استعمال کافی ہے۔

خوراکی دوائی برائے درد ہر قسم

- سورنجاں شیریں ا تولہ۔ گوگل ا تولہ۔ پرانا گڑ دس سالہ ایک تولہ۔

تیاری: کوٹ پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک گولی صبح ایک بوقت شام ہمراہ آبِ تازہ۔

کورس دوائی: ایک ماہ استعمال کروائیں۔

فائدہ ہونے پر چھوڑ دیں۔ نسخہ ہذا ۱۰۰٪ درست ہے۔

بانجھ پن کے لیے مجرب ترین نسخہ

- ہوالشافی تریاق رحم گولیاں (ساختہ اشرف لیبارٹریز) ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ اکسیر نسواں شربت ساختہ دواخانہ اجمل خاں دو چمچہ صبح پانی میں ملا کر پلائیں رات سوتے وقت بھی شربت دودھ میں ملا کر پلائیں۔

فوائد: جملہ امراض رحم کو ختم کر کے قابلِ اولاد بناتا ہے تین ہفتہ اس دوا کے استعمال سے بانجھ پن ختم ہو جاتا ہے۔

دوائے خارش مجربہ ومعمولہ

چرائتہ تلخ حسب ضرورت لے کر سفوف تیار کریں۔ اور شہد ملا کر نخودی گولیاں تیار کرلیں تیار ہے۔

خوراک: ایک تا دو گولی ہمراہ ایک پاؤ دودھ اگر دیسی گھی دستیاب ہو سکے تو ایک چمچہ گھی بھی ملالیں۔

فوائد: خارش ہر قسم کو ایک ہفتہ حد دو ہفتہ میں ختم کر دے گی۔

دوائے سل ودق

کشتہ ابرک سیاہ در گل کیلا۔ کشتہ عقیق در گلاب یا برگ گاؤزبان۔ کشتہ صدف مروارید ی در گھیکوار گنت رل یک آتشہ۔ تینوں کشتہ جات برابر برابر وزن لے کر ملالیں۔

خوراک: ۲ تا ۳ رتی ہمراہ خمیرہ گاؤزبان۔ سردیوں کے موسم میں شہد کے ساتھ دیں۔

فوائد: سل ودق کے مریض کو ایک ہفتہ میں فائدہ ہوگا اور تیسری خوراک کھانے سے چلنا پھرنا شروع کر دے گا۔

کورس دوائی: ۱۵، ۲۰ یوم یا ایک ماہ استعمال کرائیں۔

عطیہ ازاں جناب حکیم ماسٹر محمد اکبر صاحب لاری اڈہ کچی منڈی لیاقت پور ضلع رحیم یار خاں

اُستاد شوکت صاحب
دامو آنہ شیخوپورہ شہر

میرے چند مجرّبات

چنبل

تشر بادام ½ کلو۔ ڈبہ ۵ کلو گھی والا۔ نیچے روشنا رکھ کر اوپر پیالی رکھ کر ڈبے کے منہ پر کڑاہی رکھ کر لیپ بند کر دیں تاکہ بھاپ نہ نکلے کڑاہی میں پانی ڈال کر گرم ہونے پر بدل دیا کریں۔ ایک گھنٹہ کے عمل کے بعد پیالی بھری ہوئی ہوگی۔ دل روز کی طرح کی تیل ہیں سے خوشبو آئے گی۔ تین دن لگائیں۔ شفا ہوگی۔ دن میں ایک مرتبہ۔

درد گردہ

● معصبر سیاہ، ریوند خطائی، سہاگہ سفید، نوشادر سفید، دیسی شکر، برابر برابر سفوف تیار کریں۔

خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ چائے دیں۔ پونے گھنٹے بعد آرام ہوگا۔ اگر مزید درد ہو تو ایک خوراک مزید دے دیں۔ شفا ہوگی۔

یرقان

● اندرانی بوٹی ½ پاؤ کا ایک بوتل شربت تیار کریں۔

خوراک: ایک گلاس شربت تیار کر کے نہار منہ پلائیں۔ دن میں ایک مرتبہ صرف۔ تین یوم میں فائدہ ہوگا۔ پوری بوتل پلا دیں۔ یرقان نیست و نابود ہوگا۔

خارش

گندھک، پارہ، بابچی، کیلہ، برابر وزن لے کر ایک چھٹانک روغن تلخ میں پکائیں پھر تین دن مالش کریں۔ تین یوم میں خارش ختم ہوگی!

کثرت طمث

● قشر ورنعت فرانس کا سفوف کر لیں۔

خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ پانی صبح نہار منہ۔ خون ایک خوراک سے بند ہوگا۔ ایک ہفتہ کافی ہے۔ ہمراہ بقدر مناسب۔

سوکڑا

تلی بکرا ایک عدد۔ طباشیر ۱ تولہ۔ الائچی دانہ ۱ تولہ۔ کوزہ مصری ۱ تولہ۔

تیاری: تلی کو روغن گاؤ میں بریاں کریں حتیٰ کہ پک ہو جائے تو دیگر ادویہ ملا کر رکھ لیں۔ دوائی تیار ہے۔

خوراک: ۲ رتی ہمراہ دودھ گائے یا بکری یا شیر مادر کے ساتھ دیں۔ صبح ایک مرتبہ دیں۔ ۱۵ یوم کا کورس ہے شفا ہوگی۔

فوائد: سوکڑا ختم۔ بچہ صحت مند ہوگا مجرب و معمول مطب ہے۔

شوگر

● مغز تخم جامن مصفیٰ ایک پاؤ۔ کوزہ مصری ۱ چھٹانک۔ باریک کر لیں تیار ہے۔

خوراک: ۱ ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ پانی دیں ۱۵ یوم کا کورس کافی ہے۔

فوائد: پہلے ہفتے پیشاب کی شوگر ختم۔ دوسرے ہفتے بلڈ کی شوگر ختم ہوگی۔

لیکوریا

مائیں، لسپالی، برابر برابر وزن لے کر سفوف بنا لیں۔ تیار ہے۔

خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ مکھن علی الصبح دیں۔ سات یوم

کافی ہے۔

نوٹ: یہ نسخہ ایسے مویشیوں پر بھی کامیاب ہے جن کا حمل کے دوران بچہ باہر آجاتا ہے۔

مویشیوں کے لیے خوراک: فی خوراک ½ پاؤ مکھن میں ملا کر تین دن کھلائیں۔ دن میں صرف ایک مرتبہ کھلائیں شفا ہوگی۔

سوزاک

سلفر ۲۰۰۔ مرکیورس ۲۰۰

استعمال: کھانا کھانے کے بعد سلفر ۲۰۰ کے ۵ قطرے پانی میں ڈال کر پلا دیں۔ اس کے ۱۰ منٹ بعد مرکیورس ۲۰۰ کے ۵ قطرے پلا دیں۔ اسی طرح صبح دوپہر شام دیں۔ ایک ایک شیشی ختم کرا دیں۔ شفا یوم میں ہو جاتی ہے۔ اس دوا کے استعمال کے دوران سگریٹ نوشی منع ہے اور خوشبو بھی نہ لگائیں۔

رعشہ

● لہسن تری ایک پاؤ گھی گائے ایک پاؤ۔ شہد ایک پاؤ۔

تیاری: تھوم کو گھی میں بریاں کریں حتیٰ کہ سیاہ ہو جائیں۔ جلنے پر گھی کو علیحدہ کر لیں اور لہسن جلے ہوئے پیس لیں اور پھر اس میں شہد شامل کر لیں معجون تیار ہو گئی۔

استعمال: چھ ماشہ ہمراہ دودھ نیم گرم دن میں صرف ایک مرتبہ۔

نوٹ: دوران استعمال دوا دودھ گھی کا استعمال زیادہ کریں۔ پرہیز حسب قاعدہ۔

سر درد، پیٹ درد

● ریوند خطائی ۱ تولہ۔ ۱ گولیاں ڈسپرین باریک کر لیں تیار ہے۔

خوراک: ½ ماشہ پانی کے ہمراہ دیں۔ ایک خوراک کافی ہے۔ بہت عمدہ دوائی ہے۔

سر چکرانا

● الائچی دانہ ۱ تولہ۔ تباشیر ۱ تولہ۔ کوزہ مصری ۱ تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ پانی دیں یا عرق گاؤزبان دیں۔ ۱۰ منٹ کے بعد سر چکرانا ختم ہوگا۔

نوٹ: اگر نسخہ ہذا میں ۱ تولہ ورق نقرہ شامل کریں۔ نوجوانان احتلام کی بہترین دوائی بن جاتی ہے۔

بواسیر

تخم نیم ۱ تولہ۔ تخم بکائن ۱ تولہ۔ رسونت ۱ تولہ۔ تخم شفتالو ۱ تولہ۔ مولی ایک عدد کا پانی نکال کر ادویہ مذکورہ میں بذریعہ رگڑائی جذب کریں بعدہٗ بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔

خوراک: ۲ گولی صبح نہار منہ مکھن کے ساتھ۔ ۲ گولی رات کو سوتے وقت ملائی کے ساتھ۔

فوائد: بواسیر ہر قسم خواہ مسے ہوں کو پانچ دن میں ٹھیک کرتی ہے لیکن دو ہفتے کا کورس ہے۔

درد دل کے لیے

کلونجی سفوف شدہ ایک ماشہ کو ایک کپ گرم پانی میں ڈال کر پلا دیں۔ درد دوا کھانے کے ۵ منٹ کے اندر کافور ہوگا۔ (نسیان کو دور کرے گی)

معجون برائے فالج

کلونجی مصفیٰ ایک پاؤ۔ شہد ایک پاؤ۔ حسب دستور معجون تیار کریں۔

خوراک: ایک چائے والا چمچ دودھ میں گھول کر پلا دیں۔ دن میں ایک مرتبہ دیں۔ پانچویں چھٹے روز فائدہ ہونا شروع ہوگا۔ ساری معجون کھلا دیں۔ بہت مفید ہے۔

روغن فالج

روغن سوئے ۱ چھٹانک۔ روغن کنجد ۱ چھٹانک۔ روغن تارپین ۱ چھٹانک۔ ۴ زردیاں بیضہ مرغ حل کر کے

روغن کو چولہے پر گرم کریں اور چھان لیں تیار ہے۔
استعمال: مفلوج اعضاء پر مالش کریں اور ساتھ معجون کلونجی کھلائیں پرہیز مطابق اصول۔

گنج

زردیاں بیضہ ۱۰ عدد۔ جونک ۵ عدد۔ بیٹ مکھی ۱ تولہ۔ ایک پاؤ روغن کنجد۔ برتن میں ڈال کر آگ پر پکائیں اور پھر گنج پر لگائیں۔ رات کو لگائیں صبح دھولیں۔ کم از کم دو ہفتے استعمال کریں۔ بال اگ آئیں گے ذاتی آزمودہ ہے۔

برص

شربت برہم ڈنڈی پلائیں۔ داغ ختم ہوں گے۔
½ پاؤ برہم ڈنڈی سے ایک بوتل شربت تیار کریں۔ سوئی سے چیک کریں خون نکلے تو قابل علاج ہے ورنہ نہیں۔ داغوں پر لہسن کی ترکی کا پانی لگائیں۔ داغ ختم ہو جائیں گے۔
مجرب ہے۔

کمزوری نظر کے لیے

• چاول سونف اچھا نمک۔ چاروں مغز ۴ تولہ۔ کالی مرچ ۱ تولہ۔ کوزہ مصری ۸ تولہ۔ سفوف کریں۔
خوراک: ۱ ماشہ صبح ۱ ماشہ شام کو کھلائیں۔

فائدہ: کمزوری نظر، کمزوری دماغ کو مفید ہے۔ ۲۰، ۲۱ یوم میں فائدہ ہوگا۔

ہارٹ اٹیک

• مروارید خالص ۶ ماشہ کو عرق گلاب ۱ بوتل سات آتشہ سے کھرل کر کے جذب و خشک کریں۔ دوائی تیار ہے۔
خوراک: ۱ رتی ہمراہ مکھن صبح دیں۔ دن میں ایک مرتبہ۔ کل تین خوراک کافی ہیں۔

کشتہ قلعی، ڈل کی ڈل

کیکر کا سک ایک من چرے والی فیکٹری کا ضائع شدہ۔ قلعی ایک کلو۔ زمین میں گہرا گڑھا کھودیں۔ چوڑائی ۱½ فٹ گہرائی ۳ فٹ تک ہو تین کلو سک سے کر گڑھے میں ڈالیں اور ڈنڈے سے کوٹیں حتی کہ مزید کوٹنے کی گنجائش نہ رہے تو اس کے اوپر قلعی کی ڈلیاں علیحدہ علیحدہ رکھ دیں باقی دس سیر سک اوپر ڈال کر پھر ڈنڈے کے ساتھ کوٹیں۔ پھر اس کے اوپر کوئلہ رکھ دیں آٹھ دن کے بعد وہ ٹھنڈا ہوگا۔ ٹھنڈا ہونے پر ایک ہی ڈل ہوگی اس کو نکال لیں۔ وہ کشتہ چاندی کے برابر ہوگی۔
خوراک: ۱ رتی۔ جریان احتلام کو مفید ہے۔ لیکوریا کے لیے بھی مفید ہے۔

میرے مجربات

طاہر حسین، پکھو رضا شیلرز، طارق روڈ شیخوپورہ (پنجاب)

دوائے یرقان مجربہ

اجزاء نسخہ: برگ نیم، برگ حنا، گیری، کچور، ملٹھی، مجیٹھ، صندل سرخ، صندل سفید، برابر برابر وزن لے کر سفوف تیار کریں۔

خوراک: ۲ تا ۳ ماشہ ہمراہ آب سادہ صبح دوپہر شام استعمال کریں۔

فوائد: یرقان کو تین یوم میں فائدہ ہوگا۔

مرہم برائے بواسیر مجربہ

● اجزاء نسخہ: مردار سنگ (ہلکا براؤن رنگ) ماشہ تولہ تولہ لیں۔

مکھن ایک سو مرتبہ دھلے ہوئے میں اچھی طرح جذب کریں۔ مرہم تیار ہے۔

استعمال: بعد از فراغت و طہارت تھوڑی سی مرہم لے کر مستوں پر لگائیں۔ بہتر ہے صبح دوپہر شام مرہم کا استعمال کریں۔

فوائد: مرہم ہذا کے استعمال کے دوسرے روز فائدہ شروع ہو جاتا ہے۔

ہفتہ عشرہ کے استعمال سے مکمل فائدہ ہوگا اور خونی و بادی بواسیر ختم ہو جائے گی۔ بے شمار دفعہ کا مجرب ہے۔

مجھے جھوٹ بولنے کی عادت نہیں۔ جو بھی لکھتا ہوں سچ کہتا ہوں۔ یقین کریں یا نہ کریں یہ آپ کا کام ہے۔

دمہ بلغمی

حکیم محمد عظیم عظیم میڈیکل سٹور مکی روڈ امتر آباد شیخوپورہ

ہوالشافی: سہاگہ سفید بریاں، نمک سانبھر ہموزن پیس کر سنبھال لیں۔

خوراک: ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام شہد میں ملا کر کھلائیں۔

فوائد: بلغم خارج ہو کر پھیپھڑے بالکل صاف ہو جاتے ہیں۔ ۲۱ یوم استعمال کرائیں۔ دمہ کا مکمل علاج ہے۔

۱۹۷۱ء سے استعمال کر رہا ہوں سو فیصد کامیاب ہے۔ استعمال میں لا کر پلے چھوڑے اور سمی اثرات والے نسخوں سے بچیں جو کسی نہ کسی صورت مریض کو نقصان پہنچاتے ہیں اور دعائے خیر سے یاد کریں۔

میرے حلفیہ مجربات

تمام اطباء کرام سے گذارش ہے کہ اپنے دو دو حلفیہ مجربات بمعہ مکمل بائیوڈیٹا اور پاسپورٹ سائز تصویر (بلیک اینڈ وائٹ) ارسال کریں۔ تاکہ کتاب جلد از جلد مکمل ہو کر طباعت کے مراحل سے گذر کر آپ کے ہاتھوں میں پہنچ سکے۔ اور تشنگانِ فن کی فنی تشنگی دور ہو جائے۔

آپ کے مجربات کا منتظر۔

سفیر حکمت میاں شاہد اکبر نقشبندی، گلی مفتی یٰسین
محلہ چوہڑیاں، شیخوپورہ (پنجاب)

روح المجربات

عبدالحکیم مستند طبیب، دواخانہ رحمانیہ موتی روڈ محلہ شریف پورہ گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

قارئین اسرارِ حکمت میں پہلی بار مجربات لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہو رہا ہوں سچ پوچھو تو میرا کوئی ارادہ اور پروگرام نہیں تھا۔ میاں شاہد اکبر نقشبندی سفیر اسرارِ حکمت ان کو دعا دیں جن کی کوشش اور برکت سے آپ کو مجربات نسخہ جات مل رہے ہیں۔ میری کوشش ہوتی ہے نسخہ جات زود اثر اور بنانے میں آسان ہوں اللہ کا شکر ہے کہ میں ایسے مجربات حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا ہوں۔ اپنے نسخہ کی لمبی چوڑی تعریف کروں مجھے پسند نہیں۔ تعریف وہی ہوتی ہے جو دوسرا کرے اور مجھے خدا سے پوری امید ہے کہ میرے نسخہ کو جو بھی استعمال کرے گا ہمیشہ کے لیے نسخہ کا دل و جان سے گرویدہ ہو جائے گا تو لیجیے نسخہ جات پیش خدمت ہیں۔

بواسیر خونی

● رسونت، تخم نیم، پوست ریٹھہ، پھٹکڑی سفید خام ہموزن۔ حب نخودی بنائیں۔

صبح دوپہر شام ۲، ۲ گولی ایک یا دو دن میں خون بند ہو جائے گا بعد اس کے روزانہ صبح شام ۲، ۲ گولی کورس ۲۱ دن۔

ضروری نوٹ: دورانِ استعمال دوا قبض کشائی کا خاص خیال رکھیں۔ قبض کی صورت میں قیمتی نسخہ جات بھی فیل ہو سکتے ہیں۔

برائے قبض

● ایلوا، کالی مرچ ہموزن حبوب نخودی بنائیں۔

صبح شام ۲، ۲ گولی دونوں نسخہ جات کا استعمال شفا کا ضامن ہے۔

تبخیر معدہ

● اس مرض میں بھی قبض کا خاص خیال رکھیں قبض کی صورت میں مذکورہ حبوب ایلوا والی کا استعمال کریں۔ قبض کی صورت میں دوا اثر نہیں کرے گی۔ علاج کے لیے صبح شام ۱، ۱ گولی حب ازلاقی (قرش) پانی سے اور مندرجہ ذیل سفوف دن میں ۳ مرتبہ ۲، ۲ ماشہ پانی سے۔

دانہ الائچی کلاں، دانہ الائچی خورد، دارچینی، لونگ، سونف، زہریلا نمک، نوشادر ٹھیکری، میٹھا سوڈا، کالی مرچ ہموزن۔

خون کی خرابی، خارش، تمام جسم پر آبلے وغیرہ

● سفوف جادو اثر مندرجہ ذیل ہے۔

پارہ مصفیٰ ۱۰ ماشہ۔ گندھک مصفیٰ، سنگجراحت، گیرو ہر ایک ۸ تولہ۔ پہلے پارہ، گندھک کھرل کریں پھر سنگجراحت ڈالیں آخر میں گیرو ملا کر کھرل کریں۔ خوراک: ۲ ماشہ سے ۴ ماشہ تک صبح سرد پانی سے۔

یرقان

● ریوند چینی، میٹھا سوڈا، پھٹکڑی سفید خام ہموزن ۳، ۳ رتی کے کیپسول بھر لیں۔ دن میں ۳ مرتبہ ۱، ۱ کیپسول خیساندہ مندرجہ ذیل سے۔ مذرشک، انار دانہ، نیلوفر، آلو ۱، ۱ تولہ ۱۲ گھنٹے پہلے پاؤ پانی میں ادویہ مذکورہ بھگو دیں یہ زلال صرف ایک وقت کے لیے ہے۔

نوٹ: آئندہ آپ کی خدمت میں کشتہ سونا مصدری و کشتہ ہیرا مصدری ارسال کروں گا۔ جو اپنی مثال آپ ہوں گے۔

اچھا نسخہ چھپائے رکھنا آپ کا وطیرہ نہیں ہے آپ کے بارے لکھنے کو تو بہت کچھ ہے لیکن مضمون کی طوالت کے پیشِ نظر آپ سے ملاقات میں عطا کردہ نسخہ جات قارئین کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

حبِ سمی

ہوالشافی: سم الفار سفید، پھٹکڑی سفید ہر ایک ایک گرام۔ کچلہ مدبر ۲ گرام۔ پہلی دونوں ادویہ خوب یکجان کرکے کچلہ شامل کریں اور مصطگی کی مدد سے حب بقدر دانہ مونگ بنالیں۔

ایک گولی ۵ دن دودھ سے دیں۔ ۲ روز ناغہ کریں ۲۱ گولی کا کورس ہے۔

امساک، کھانسی بلغمی، نزلہ زکام دور کرنے اور مصفیٰ خون ہے۔ چونکہ میں (افتخار) سم الفار شامل نسخہ جات کم استعمال کرتا ہوں کہ ان کے استعمال سے آنکھوں کے نیچے سوجن ورم بوجہ گردہ میں خرابی آنے سے ہوتا ہے لہٰذا میں نے حکیم اشرف صاحب سے اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا کہ اوّلاً مریضوں کی اکثریت کو ایسا ہوگا نہیں اور کسی کو ہو تو اُسے لونگ، دارچینی، جاوتری ہموزن کا سفوف ۲، ۳ گرام دن میں ۳ بار کھلادیں۔ بفضلہٖ تعالےٰ سب ہی علامات ختم ہوں گی۔ اگرچہ میں یہ نسخہ نہ ہی قارئین کے لیے لکھتا لیکن سم الفار کے بداثرات زائل کرنے کا طریق جو اشرف صاحب نے بتلایا سب پہ آشکارا کرنے کے شوق سے اس نسخہ کا ذکر کیا ہے۔

حبِ مرجان

ہوالشافی: کشتہ مرجان ۵ گرام۔ آملہ، مغز تخم کرنجوا ہر ایک ۲۵ گرام۔ حب نخودی بنالیں۔

ایک گولی دن میں ۲، ۳ بار دائمی نزلہ رہنے والوں کے لیے ہے۔

مقوی باہ سفوف ـــــ ہوالشافی: لونگ، جاوتری، دارچینی ہر ایک ۲۰ گرام۔ ثعلب مصری ۵۰ گرام کا سفوف بنالیں۔

۵ گرام صبح شام دودھ سے مقوی محرک باہ اور ممسک بھی خوب ہے۔

قلبی

ہوالشافی: آملہ، مغز تخم کرنجوا ہر ایک ۲۰ گرام کشنیز خشک، کشتہ مرجان، کشتہ یاقوت ہر ایک ایک گرام چھوٹے کیپسول سفوف بناکر بھرلیں۔

ایک روزانہ گرمی کے امراض دور ہوتے ہیں۔ شوگر، پیاس زیادہ لگنے کا خاتمہ ہوتا ہے۔

لقمانی

ہوالشافی: گندھک آملہ سار، نمک خوردنی ہر ایک ۲۵ گرام۔ تیزپات، تخم ستیاناسی، اجوائن دیسی، رائی، بابچی ہر ایک ۵ گرام پیس کر بڑے کیپسول بھرلیں۔

ایا ۲ دن میں ۲، ۳ بار۔ بواسیر ریاحی، خرابی خون، بیماری شکم، پتھری گردہ و مثانہ۔ سب کے دور کرنے میں موثر ہیں۔

لیکوریائی

ہوالشافی: مائیں، مازو، گل سپاری، گل پستہ، کرکس، پھٹکڑی سفید بریاں ہر ایک ۲۰ گرام۔ کشتہ مرجان، کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ صدف صادق ہر ایک ۱۰ گرام بڑے کیپسول بھرلیں۔

۱، ۲ کیپسول یا ایک گرام دن میں تین بار پانی سے۔ لیکوریا دور کرنے میں خوب ہے۔

شنگرفی ـــ ہوالشافی ـــ شنگرف، رائی، کشتہ پارہ، شکر سرخ، مرچ، دارچینی، لونگ ہموزن لیں۔ بڑے کیپسول بھرلیں۔
ایک کیپسول روزانہ مقوی باہ، عصائے پیری، سلسل البول اور کثرت البول، بلغمی کھانسی، جسم کا سست رہنا، فالج لقوہ سب پہ موثر خوب ہے۔

قدرے لیموں یا گلوکوز ڈی یا لیس اور مصری تک کا اضافہ کر کے وقفہ وقفہ سے بچے کو پلاتے رہیں۔

- **اکسیر کالی کھانسی**

تنکار بریاں ۱۰ گرام۔ سوڈا بائیکارب ۱۰ گرام۔ الائچی خورد کا سفوف ۵ گرام۔ مصری کوزہ ۱۰ گرام۔ تمام ادویہ کا باریک سفوف تیار کریں۔ بچوں کی کالی کھانسی کے لیے ہماری آزمودہ مجرب اور سہل نسخہ ہے۔

ترکیب استعمال: بچوں کو ۲ تا ۳ رتی صبح و شام استعمال کریں۔ یہ اکسیر شہد میں ملا کر چٹانے سے بھی بچہ کو جلد آرام آجاتا ہے۔

- **سفوف مقوی دماغ**

یہ نسخہ نسیان دماغی کمزوری و ضعف بصارت کے لیے اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

کشنیز، کندر، سونف بریاں، مغز بادام، مصری کوزہ، برہمی بوٹی ہر ایک ۱۰ گرام۔ باریک سفوف تیار کر کے بڑے کیپسول بھر لیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام دودھ کے ہمراہ دو دو کیپسول استعمال کریں۔ آرام کی صورت میں ایک ایک کیپسول استعمال کریں۔ سگریٹ چائے تیز مرچ ترش چیزوں سے پرہیز کروائیں۔

الفاتحہ

سبھ تعریفاں تیرے لئی نیں سوہنیا ربا
ہر جگ دی ہر شے توں پالن والیا ربا
توں رحمان، رحیم تے توں ای حشر دا مالک
ہر کوئی صرف عبادت تیری کردا ربا
ہر کوئی ربا تیریاں ای امداداں لوڑے
سانوں دسیں رستہ سدھا پدھرا ربا
رستہ اوہناں لوکاں دا توں جنہاں اُتے
دان انعاماں اکراماں دا کیتا ربا
دسیں نہ اوہناں دا رستہ جنہاں اُتے
تیرے قہر غضب دا جھکھڑ جھلیا ربا
نہ دسیں راہ اوہناں دا جو پئے کوراہے
ایہہ عرضاں کر پوریاں ربا سبھ دیا ربا

حفیظ تائب

• دو حدیثیں دو نسخے

ڈاکٹر و حکیم مظفر علی علوی اعوان - بابا نوشاہ - ڈاکخانہ جھارا ضلع جہلم

اس دفعہ چونکہ موضوع تحریر موت سے متعلق ہے اس لیے احادیث اور نسخے بھی اسی عنوان کے تحت پیش کئے جاتے ہیں۔

حدیث (۱) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔
مَوْتُ الْعَالِمِ، مَوْتُ الْعَالَمِ
عالم کی موت پوری دنیا کی موت ہے۔

حکیم نور محمد چوہان صاحب یقیناً ایک عالم علم طب و حکمت تھے۔ ان کی موت ایک فن کی موت ہے جبکہ وارثانِ علم طب کا فریضہ ہے کہ اس فن شریف کی زندگی کی بقا کے لیے اپنی زندگیاں وقف کر دیں۔

حدیث (۲) نہج البلاغہ میں حضرت علی علیہ السلام کا فرمان ہے۔

لوگوں سے اس طریقہ سے ملو کہ اگر مر جاؤ تو تم پر روئیں اور زندہ رہو تو تمہارے مشتاق ہوں۔

حکیم نور محمد چوہان صاحب بھی ایسے ہی مرنجاں مرنج صاحب فن شخصیت کے حامل تھے کہ ہم ان کی زندگی میں مشتاقِ دیدار تھے اور بعد از زندگی سوگوار ہیں۔

نسخے ـــــ ذیل کے نسخے حکیم سید منظور حسین شاہ صاحب زنیرہ والی سرکار کی پچاس سالہ طبی تحقیق کا ماحصل ہیں اور عرصہ ۵ سال سے میرے تجربہ اور استعمال میں ہیں۔ •

۱۔ تقطیر البول کا سہل الحصول علاج

ہوالشافی : دھنیا خشک ۳ تولہ۔ تل سیاہ ۳ تولہ۔ گڑ خالص ۲ تولہ۔ جفت بلوط ۶ ماشہ۔

سفوف بنائیں اور رات کو ایک تولہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں ایک ہفتہ میں بیماری کا قلع قمع ہو جائے گا۔ کمزور مثانہ والے بوڑھوں کے لیے لاجواب تحفہ ہے۔ لیکن شوگر کے مریض بغیر گڑ کے استعمال کریں۔

• ۲۔ دودھ ہضم کرنے کا طریقہ

ہوالشافی : جن لوگوں کو دودھ ہضم نہیں ہوتا اور دودھ پینے سے نفخ شکم یا پیچش کی شکایت ہو جاتی ہے۔ انہیں دودھ کے ساتھ نصف چمچ سوڈا بائیکارب اور چند قطرے روح کیوڑہ استعمال کروائیں انشاء اللہ مندرجہ بالا شکایات نہیں ہوں گی۔ ایک نقیہ اور راز کا انکشاف ہے کوشش کریں کہ مریض کو اس معمولی نسخہ کا علم نہ ہو ورنہ وہ یقین نہیں کرے گا۔

اللہ تعالےٰ مریضوں کو شفا اور طبیبوں کو علم و حکمت عطا فرمائے۔ آمین

میرے چند حلفیہ مجربات

قارئین کرام کی کافی تعداد نے خطوط لکھے جس سے حوصلہ بلند ہوا خطوط کا فرداً فرداً جواب دینے کی بجائے شمارہ میں مجربات پیش کرنے کو بہتر سمجھتا ہوں لہٰذا احباب سے گذارش ہے کہ شمارہ کی طرف دھیان رکھیں ۔ مندرجہ ذیل مجربات میاں شاہد اکبر نقشبندی سفیر حکمت کی فرمائش پر ارسال کر رہا ہوں یہ میری چالیس سالہ پریکٹس کا نچوڑ ہیں ان سے آپ حضرات ضرور فائدہ حاصل کریں ۔

نوٹ : فروری سنہ ۹۶ء کے صفحہ ۱۳ پر "شربت مصفی خون" کے نسخہ میں افسنتین ایک تولہ کی بجائے ایک پاؤ شائع ہو گیا ہے درست فرمالیں ۔ شکریہ

حکیم ولی محمد مغل سابق صدر شہری دفاع ، اسلامی دواخانہ قائد اعظم روڈ ۔ گوجرہ شہر

طلاء مغلیہ

- عام طور پر مہنگے اور دشوار ترین طلاؤں کا رواج عام ہے جن کے مقابلے کا بہترین اور سستا طلاء حاضر ہے جو فوائد میں مہنگے طلاؤں سے کئی گنا اچھا کام کرتا ہے ۔

اجزاء : شیر مدار ۵۰ گرام ۔ روغن کنجد ۵۰ گرام ۔

تیاری : دونوں کو ایک بوتل میں ملا کر دھوپ میں رکھ دیں ۔ تقریباً ایک ماہ تک تیل اوپر آجائے گا اور دودھ نیچے بیٹھ جائے گا ۔ تیل کو حاصل کر لیں یہی کار آمد طلاء ہے ۔

استعمال : ۴ ، ۵ قطرے سے مالش کریں اور اوپر کچھ نہ باندھیں ۔

فوائد : آلہ تناسل کی ہر کمزوری کو رفع کرتا ہے

نوٹ : طلاء ہذا ایک ہفتہ استعمال کے بعد ایک ہفتہ ناغہ کریں پھر دوبارہ ایک ہفتہ مزید استعمال کریں ۔ تمام نقائص دور ہوں گے ۔ عرصہ ۲۵ سال سے زیر استعمال ہے ۔

- **دوائے مغلظ مغلیہ مجربہ ۳۰ سالہ**

اجزاء : تخم لاجونتی ، تخم ریحان ، تالمکھانہ ، موصلی سفید ، موصلی سیاہ ، دانہ الائچی خورد ، تخم بالنگو ، بہمن سفید ، بہمن سرخ ، تودری سفید ، تودری سرخ ، بہیدانہ ، ستاور ، بیجبند ، سندر سوکھ ، دارچینی ، تج تمام ادویہ ایک ایک تولہ ۔ تخم املی ۲ تولہ ۔ چھلکا اسپغول ۳ تولہ ۔ کوزہ مصری ۵ تولہ ۔ سب کا سفوف بنالیں ۔

خوراک : ۲ تا ۳ ماشہ ہمراہ دودھ جوشیدہ شیریں صبح و شام ۔

فوائد : مغلظ اعظم ، ممسک دائمی ، جریان و احتلام کے لیے بے حد مفید و موثر ہے ۔ عرصہ تین سال سے زیر استعمال ہے ۔

فوائد : ۹۵٪ درست ہے ۔ مریض کی قبض کا خیال رکھیں ۔

کورس دوا : ایک ہفتہ کا استعمال کافی ہے ۔

نوٹ : آئندہ کسی وقت آپ کی خدمت میں کشتہ تانبہ اور کشتہ ہیرا بنانے کے نسخہ جات بھی پیش کروں گا ۔ کشتہ تانبہ کو ایک ماہ لیموں کے پانی میں رکھیں یاد رہے ،

انشاء اللہ بے عیب پائیں گے۔

اکسیر احمر ●

اجزاء: نوشادر ٹھیکری ۲½ تولہ۔ ہیراکسیس ۵ تولہ۔ قشر بیضہ مرغ مصفی در نمک خوردنی آدھ پاؤ۔

تیاری: نصف قشر بیضہ مرغ کو ورقی ہانڈی میں بچھائیں اور ہیراکسیس سفوف شدہ نصف ڈال دیں۔ اوپر تمام نوشادر ڈال دیں پھر باقی نصف ہیراکسیس ڈال کر اوپر باقی قشر بیضہ مرغ ڈال دیں اور ہانڈی کو سمیٹ کر کے ۵ کلو کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر پیس لیں۔ دوبارہ سمیٹ کر کے ۷ کلو کی آگ دیں۔ سہ بار ۸ کلو کی آگ دیں۔ اسی طریقہ سے ۷ بار آگ دینی ہے اور ہر بار ایک کلو آگ بڑھاتے جائیں۔ ساتویں آگ پر دوا کا رنگ بالکل سرخ ہوگا پیس کر رکھ لیں دوا تیار ہے۔

خوراک: ایک رتی ہمراہ خمیرہ گاؤ زبان سادہ کے ساتھ اور عرق مکو ایک چھٹانک، عرق کاسنی ایک چھٹانک، شربت دینار ایک چھٹانک کے ساتھ یہ دوا صبح و شام کھلائیں۔ پتھری گردہ کو ایک ہفتہ میں خارج کرے گی۔ پتھری پتہ کے لیے بھی اسی طریقہ سے استعمال کرائیں۔ عظم جگر، ورم معدہ، ملیریا، سرسام کو فائدہ کرتی ہے۔ مرض نیا ہو تو ایک ہفتہ، پرانا ہو تو دو سے تین ہفتے استعمال کرائیں ۴۰ سال سے استعمال میں ہے۔

میرے حلفیہ مجربات

قبل ازیں آپ کی خدمت میں دو مضمون بھیج چکا ہوں۔ اب پھر آپ کی خدمت میں حلفیہ مجربات کے سلسلہ کا مضمون قبول فرمائیے — حکیم ولی محمد مثل، اسلامی دواخانہ قائد اعظم روڈ گوجرہ

طلا فوری اثر

اجزاء: خراطین ۱ تولہ، شنگرف ۱ تولہ، بچھو سیاہ بڑے ۲ عدد، سرخ بیر بہوٹی ۲ عدد مکمل۔

ترکیب: کوٹ چھان کر گولیاں بنالیں اور بذریعہ چنبیلی روغن حل کرکے استعمال کریں۔

فوائد: ایک دو دفعہ کا استعمال کافی ہے۔

گولڈن کیپسول

اجزائے نسخہ: تخم اسپغول، تخم سویا، تخم گاجر ہموزن لے کر سفوف بنالیں تیار ہے۔

خوراک: ایک ماشہ دن میں دو مرتبہ۔

فوائد: اعصابی کمزوری، گردن کے پٹھوں کا کھچاؤ وغیرہ کو ایک دو خوراک ہی فائدہ دے دیتی ہیں۔

۹۰ فیصد درست نسخہ ہے اور عرصہ ۳۰ سال سے زیر استعمال ہے۔

تبخیر معدہ

اجزائے نسخہ: افسنتین، مغز کرنجوہ، سوڈا بائیکارب ہموزن لے کر سفوف بنائیں۔

خوراک: ۱ ماشہ صبح دوپہر شام تازہ پانی کے ساتھ۔

کورس ایک ہفتہ کافی ہے۔

فوائد: تبخیر معدہ، پھوڑے پھنسی، پیشاب کا جل کر آنا اور دیگر فساد خون میں بے حد مفید ہے۔

عرصہ ۲۰ سال سے زیر استعمال ہے اور سینکڑوں مریض اس سے شفا پا چکے ہیں۔

آئندہ بھی حاضر ہوں گا۔

بہترین نسخے

حکیم محمد یوسف نقشبندی، دواخانہ نقشبندیہ ایشیخ کالونی جھنگ روڈ فیصل آباد

متعدد دوستوں کے خطوط ملے ان کا تقاضہ ہے کہ جذبہ خدمت انسانیت کے تحت آسان سریع الاثر تجربہ شدہ نسخہ جات بمعہ الحسن کے پس منظر پر روشنی ڈالیں جس سے مخلوق خدا کا بھلا ہو۔

غالباً ۱۹۸۳ء کا واقعہ ہے۔ میرے ایک درویش دوست میاں محمد عارف چشتی نگران حضرت بابا نور شاہ ولیؒ چک ماڑی فیصل آباد کے آفیسر محکمہ اوقاف میں چوہدری سبحان علی ناظم اوقات سرگودھا کی نوجوان دختر نیک اختر نقرس کے مرض میں مبتلا تھی۔ سبحان صاحب نے ایک نسخہ پیش کیا جو ان کو کسی سنیاسی نے بتایا تھا انہوں نے کہا کہ یہ نسخہ تیار کر کے دے دیں میں نے نسخہ تیار کیا۔ بفضل الٰہی دختر نیک اختر ۱۵ یوم میں بالکل ٹھیک ہو گئی۔ حب نقرس کے نام سے یہ نسخہ تقریباً ۱۴ سال سے میرے استعمال میں ہے۔ دوستوں کی تجویز پر عمل کروں گا میں انشاء اللہ کوشش کروں گا ہر ماہ صدری طب کے تجربہ شدہ نسخہ جات اور کچھ ان کا پس منظر پیش کروں۔

حب نقرس

نسخہ: مصبر مصفیٰ ۱۰ تولہ۔ رسونت انڈیا اصلی ۱۰ تولہ۔ انجیر ۳ چھٹانک۔ بادیان ½ ۱ چھٹانک۔ ہلیلہ زرد ۳ چھٹانک۔

رسونت کو عرق گلاب ½ بوتل میں ایک ہفتہ بھگو کر بعد نتھار کر محلول حاصل کریں۔ مصبر، بادیان، ہلیلہ زرد کپڑ چھان پوڈر کریں۔ اس پوڈر کو محلول رسونت میں حل کریں۔ انجیر ملا کر نخودی گولیاں تیار کریں۔

نقرس، عرق النساء، درد مفاصل، بواسیر، قبض کہنہ کے لیے بے حد مفید پایا ہے۔ نسخہ میں ورق نقرہ ایک دفتری شامل کرنا لکھا تھا مگر میں اس میں ورق نقرہ استعمال نہیں کرتا۔

صوفی رحمت اللہ صاحب مرحوم و مغفور ایک فقیر درویش جڑانوالہ میں پرچون کی دکان کرتے تھے۔ میری ان کی ملاقات ۱۹۷۵ء میں ہوئی نواں بازار جڑانوالہ میں اثنائے گفتگو انہوں نے ایک نسخہ معدہ کی خرابی، نیند نہ آنے، خصوصاً بواسیر کے لیے پیش کیا۔ میں نے تیار کر کے بے شمار مریضوں پر استعمال کیا۔ نسخہ انہی کے نام پر "حب رحمت" رکھا۔

حب رحمت

نسخہ: رسونت اصلی ۱ تولہ۔ مغز تخم نیم کہنہ ۱ تولہ۔ مصبر مصفیٰ ۱ تولہ۔ مغز بادام مقشر ۱ چھٹانک۔ نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ۔ بھنگ ۲ تولہ۔ گلقند ملا کر نخودی گولیاں تیار کر لیں۔

معدہ خراب رہتا ہو، قبض، بواسیر خونی بادی ہر قسم، خصوصی طور پر ایسے مریض جو ساری ساری رات جاگ کر گزارتے ہیں نیند نہیں آتی ان کے لیے بے ضرر اور بے نظیر ہے۔

۱ گولی صبح، ۱ دوپہر، ۱ بوقت شب ہمراہ شیر نیم گرم۔

برائے مضبوطی دندان

پھٹکڑی بریاں ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا بریاں ۲ ماشہ۔ کتھہ ڈیڑھ تولہ۔ ان سب کو کوٹ کر چھان کر منجن بنا کر استعمال کریں۔

• آزمودہ مجربات

حاذق حکیم محمد بشیر چشتی، چشتی اکبری دواخانہ ایوب چوک سرگودھا روڈ جھنگ صدر

برائے قوتِ باہ

• اس کے کھانے سے بہت قوت باہ بڑھتی ہے کئی بار کا آزمودہ ہے۔ آرد نخود بریاں ۵۰ تا ۱۰۰ گرام تک لے کر باریک کر لیں اب اس کو عرق پیاز میں گوندھ لیں ٹکیہ بنا لیں درخت بوہڑ کے دو پتے بڑے بڑے لیں۔ اس ٹکیہ کو اس میں رکھ لیں اب دو اوپلے جلائیں جب ان کا دھواں ختم ہو جائے صرف انگارہ رہ جائے تو اس ٹکیہ کو اس اوپلے میں رکھ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر گھی ڈالیں جب ٹکیہ میں گھی اچھی طرح جذب ہو جائے تو نکالیں اب اس ٹکیہ میں حسب ضرورت شہد اور ایک تا تین عدد تک زردی انڈا ملا کر کھائیں۔ تمام دوائی ایک آدمی کے لیے ہے اور ایک خوراک ہے دو گھنٹے بعد ہی بہت قوت پیدا ہوگی کمزوری بالکل ختم ہو جائے گی۔ اگر سات دن اسی طرح کھا لی جائے پھر کسی دوا کی ضرورت نہ رہے گی۔

معجون شباب آور

• اس معجون کو مرد کھائے تو اس کی زائل شدہ قوت دوبارہ آئے گی اگر عورت کو جماع سے رغبت نہ ہو وہ بھی کھائے تو اس کی جنسی کمزوری ختم ہو جائے گی۔

عود غرقی، کالی مرچ، تخم گاجر، تخم شلجم، تخم پیاز، سفوف خرا طین ہر ایک پچاس پچاس گرام لے کر سب کو باریک کر لیں۔ شہد خالص ۷۵۰ گرام لے کر معجون بنا لیں۔ معجون شباب آور تیار ہے۔

جنسی طاقت کے علاوہ مقوی اعصاب ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ باقی فوائد کھانے کے بعد ہی معلوم ہوں گے۔ کورس ۲۱ یوم کریں اسی معجون کو شوقیہ بھی کھا سکتے ہیں فائدہ مند ہے کئی بار کی آزمائی ہوئی ہے۔

سفوف خراطین دستیاب ہے۔ قیمت ۵۰ گرام ۵۵ روپے۔

تخم دھتورہ سیاہ چھ ماشہ سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ رتی ہمراہ پانی تازہ۔

دن میں دو تین مرتبہ۔ معدہ کی تمام تکالیف مثلاً درد پیٹ، بدہضمی، اپھارہ، بھوک نہ لگنا کے دفع کے لیے بے حد مفید دوا ہے۔

سفوف مقوی دماغ

تقویت دماغ کے لیے سہل الحصول موثر سفوف، دماغی کام سرانجام دینے والوں کے لیے ایک تحفہ۔

ہوالشافی: سونف، مغز بادام مقشر، کوزہ مصری ہم وزن لے کر سفوف بنالیں۔

مقدار: ایک چمچ چائے کا سفوف صبح نہار منہ اور رات سونے سے قبل استعمال کریں۔

اس سفوف کا مسلسل استعمال دماغی قوتوں میں بے پناہ اضافہ کر دیتا ہے۔ خصوصی طور پر طالب علموں کو اس سفوف مذکورہ کا مسلسل استعمال کرنا چاہیے۔

سفوف سعال عشری

موسم سرما کی کثیر الوقوع امراض مثلاً نزلہ زکام، درد سر، نزلہ و زکام، کھانسی، دمہ، نمونیہ اور ملیریا بخار کے لیے مجرب ہے۔

ہوالشافی: پوست بیخ مدار (آک کی جڑ کا چھلکا)، پھٹکڑی سفید بریاں ہر ایک ۲½ تولہ، سوڈا بائیکارب ۵ تولہ۔ سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ رتی صبح دوپہر و شام ہمراہ آب نیم گرم۔

حب آواز کشا خاص

بحۃ الصوت (آواز بیٹھنے) کے لیے مجرب حال عمدہ گولیاں۔

ہوالشافی: خولنجان (جڑ پان) ۲ تولہ۔ کباب چینی ۱ تولہ۔ مغز بادام مقشر شیریں ۱ تولہ۔ باریک پیس کر باہم ملالیں اور نخودی گولیاں تیار کریں۔ ایک گولی دن میں تین مرتبہ چوسیں۔

جملہ جلدی امراض کے لیے چٹکلہ

ہوالشافی: ایک چائے کی چمچ شہد سادہ پانی میں ملا کر صبح نہار منہ روزانہ پلائیں۔ خصوصاً جلد الرجی (حساسیت) کی حالتوں میں موثر ترین۔

اکسیر برص خاص (کیپسول)

برص "چلبہری" لیکوڈرما کے لیے انڈیا کے دواخانوں کا راز۔

ہوالشافی: بابچی، انجیرو ہر ایک دس دس تولہ، گندھک آملہ سار ۵ تولہ۔ باریک ترین سفوف تیار کر کے بڑے سائز کے کیپسول بھرلیں۔ دوا تیار ہے۔

ایک کیپسول صبح ایک کیپسول شام غذا کے آدھ گھنٹہ بعد ہمراہ پانی تازہ۔

روغن برص خاص

داغہائے برص کے لیے موثر روغن۔

ہوالشافی: آدھ پاؤ لہسن چھیل کر باریک پیس لیں اور آدھ سیر تلوں کے تیل میں ڈال کر کڑاہی آگ پر رکھیں۔ جب لہسن جل کر سیاہ ہو جائے تو [illegible] چھ ماشہ ملا کر جلالیں۔ پھر آگ سے اتار کر چھان کر محفوظ رکھیں۔ دن میں تین مرتبہ داغہائے برص پر لگائیں۔

نوٹ: برص کے لیے ہر دو نسخوں کا متواتر تین ماہ استعمال کرنا چاہیے۔ مریض کو چینی روٹی بغیر نمک زیادہ دیسی گھی ملا کر کھلائیں۔

دوائے شری (چپاکی)

ہوالشافی: پودینہ خشک چھ ماشہ اگر سبز ہو تو ایک تولہ۔ چینی سفید ایک تولہ۔

پودینہ کو پانی میں گھوٹ کر شکر ملا کر صبح و شام پلائیں۔ شری جس میں بدن پر سرخ رنگ کے چھوٹے چھوٹے ابھار پیدا ہو جاتے ہیں۔ نہایت مفید ہے۔

ہسٹریا والی بوتل

کا سر دباج زبردست۔ علاوہ ازیں ہسٹریا کے لیے تریاق دوا ہے۔

ہو الشافی: ہینگ خالص ۲ تولہ۔ نوشادر دیسی ۳ تولہ۔ نمک طعام ۲ تولہ۔

ہر سہ اجزاء باریک پیس کر ایک بوتل میں ڈال دیں اور کھولتا ہوا پانی اتنا ڈالیں کہ بوتل بھر جائے۔ دودھیا رنگ کا محلول تیار ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک چمچی چائے پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ۔ ہسٹریا میں موثر ترین ہونے کی بنا پر اس کا نام بھی ہسٹریا والی بوتل رکھ دیا گیا ہے۔

لکنت کے لیے طبی چٹکلہ

ہو الشافی: مغز بادام مکھن دکوزہ مصری میں گھوٹ کر ہر روز کھلائیں۔

موٹاپے کا علاج نو الفاظ میں

غذا آدھی کر دیں اور ورزش دوگنی کر دیں۔

برائے اولاد نرینہ مجرب

● ہو الشافی: پلوشی کے بڑے کا ناڑو سے کر خشک کر کے باریک پیس لیں۔

حمل کے تیسرے ماہ چاند دیکھ کر بارھویں، تیرھویں اور چودھویں تاریخ کو ایک ایک رتی بھر دوا گڑ میں لپیٹ کر یا کیپسول میں بند کر کے کھلائیں۔ اوپر سے ایک پیالہ دودھ اور ورق چاندی ایک عدد کھلا دیں۔ انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔

(جاری ہے)

نکسیر بند

درخت پیپل کا نرم چھلکا ۲ تولہ پانی ½ پاؤ میں رات کو بھگو کر صبح چھان کر مصری ملا کر پلائیں۔

خون دو دن میں بند۔ ہفتہ بھر دینے سے مدت تک آرام۔

صبح ایک دو تین چٹکی نمک شکمی یا بالائی میں دیں۔
غذا میں دودھ گھی وغیرہ زیادہ استعمال کرائیں۔
پکنے نہار منہ ہرگز ہرگز استعمال نہ کرائیں۔

درج ذیل نسخہ لکھنے سے پہلے اس کے فوائد پر ایک نظر

اس دوا کی تعریف میں کیا کروں جتنی اس دوا کی تصدیق ہوئی ہے۔ شاید ہی طبی دنیا میں کسی نسخہ کی اس قدر مقبولیت حاصل ہو۔ یہ گولیاں خاص طور پر جلق زدہ مریضوں کے واسطے استعمال کی اور تجویز کرتا ہوں۔ نہایت مقوی باہ اعصاب و دماغ اور مقوی اعضائے رئیسہ جن کے استعمال سے ورم بین منی کی تمام امراض پر قابو پایا جا سکتا ہے اور رعشہ انزال جیسی رسیلی مرض بھی دور ہو جاتی ہے۔ یہ دوا ان لوگوں کے لیے ہے جو اپنے ہاتھوں اپنی جوانی برباد کر چکے ہیں۔ ہر وقت دل کا دھڑکنا، دھات کا گرنا اعضا میں سستی کاہلی ارامی کی شکایت رہتی ہے۔ نسیان کا مرض بھی انشاء اللہ اور انشاء اللہ بڑھاپے کو جوانی سے بدل دے گی۔ یہ ایسی دوا نہیں کہ صرف بدن انسانی میں اشتعال پیدا کر کے عارضی طور پر قوت کو بڑھانا مقصود نہیں جو کہ عارضی ہو سکتی ہے یہ دوا انشاء اللہ مستقل اثر پہنچاتی ہے اور مردانہ قوت کی کمزوری کو خواہ وہ کسی وجہ سے ہو دور کرتی ہے نظام اعصاب کو درست کرتی ہے۔ دل دماغ اور جگر کی طاقتوں کو بحال کرتی ہے۔ اور جوانی کی بہار دکھاتی ہے۔ گویا رفتہ رفتہ اپنا عمل کرتے ہوئے آخر مستقل طاقت و قوت بہم پہنچاتی ہے۔ اس کے استعمال سے کسی قسم کا مابعد مضر اثر نہیں ہوتا۔

اگر آپ کھوئی ہوئی طاقت بحال کرنا چاہتے ہیں یا بڑھاپے کو جوانی میں بدلنا چاہتے ہیں تو آپ بے دھڑک یہ نسخہ بنا کر استعمال کروائیں۔ تھوڑے عرصہ میں آپ دیکھیں گے کہ پہلے کیا تھے اور اب کیا ہیں۔
اکسیر کا حکم رکھتی ہے لوہے کی لاٹھ بن جاتا ہے۔

بدن میں صالح خون پیدا کر کے تھوڑے دنوں میں چہرہ کندن کی طرح چمکا دیتی ہے۔ لیجئے انتظار کی گھڑیاں ختم۔

ہوالشافی: اہم الغار سفید کچی ۳ ماشہ۔ گوکھرو کنک آملہ سار مصفّیٰ ۶ ماشہ۔ لونگ ۶ ماشہ۔ آب لیموں ۲۱ عدد۔

ترکیب تیاری: تینوں ادویہ باریک کر کے ایک ایک آب لیموں سے کھرل کرتے جائیں حتیٰ کہ ۲۱ لیموں کا پانی کھرل سے دوا میں جذب ہو جائے۔

پھر عرق ڈوڈہ دھتورہ میں تین بار یعنی ایک دفعہ عرق ڈوڈہ دھتورہ ایک دفعہ ڈال کر جب تک خشک بذریعہ کھرل جذب نہ ہو اور نہ ڈالیں اس طرح تین بار یہ عمل کریں۔

پھر ایک روز عرق گلاب دو آتشہ میں کھرل کریں جب عرق بالکل جذب ہو جائے اور دوا خشک ہو جائے تو درج ذیل ادویات شامل کر کے کھرل کریں۔

کشتہ فولاد اصلی ۲ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۲ ماشہ۔
ورق نقرہ ۲ ماشہ۔ زعفران، جند بیدستر، مصطگی رومی، عقرقرحا، طباشیر، کافور، افیون کچی ہر ایک ۱ ماشہ۔ کیلوں ۳ رتی۔
جوہر کچلہ ۳ رتی۔ کشتہ سونا ولایتی یا ورق سونا ایک ماشہ۔
تمام ادویات باریک کر کے عسل خالص کے ہمراہ بموافق دانہ مونگ بنالیں۔

ایک گولی روزانہ ہمراہ مکھن یا دودھ۔ غذا مرغن کا استعمال کریں۔

ضروری نوٹ: نہار منہ ہرگز دوائی نہ کھلائیں۔
انشاء اللہ تمام ادویات سے نجات۔

- عضو مخصوص مردانہ بوجہ جلق، اغلام بازی اور کثرت جماع سے پیدا شدہ تمام نقص دور ہوں گے۔ انشاء اللہ عضو کی جڑ پتلی اور نیلی رگیں ابھری ہوئی ہوں یا ٹیڑھا پن ہو۔ انتشار کا مفقود ہو جانا ان سب کے لیے یہی واحد علاج ہے محنت کیجئے اور پھل لیجئے۔

ہو الشافی ، حاضر خدمت ہے۔

• مغز جائفل ۱۲ گرام - کچلہ سالم ۱۲ گرام - ہڑتال ورقیہ ۱۲ گرام - تراطین ۱۲ گرام - بیر بہوٹی ۱۲ گرام - گھونگچی سفید ۱۲ گرام - چربی شیر ۲۴ گرام - شنگرف ۲۴ گرام - میٹھا تیلیہ سیاہ ۲۴ گرام - پوست بیخ کنیر سفید ۱۲ گرام - تخم دھتورہ سیاہ ۲۴ گرام - مالکنگنی ۲۴ گرام - بیر بہوٹی ۲۴ گرام۔

سب کو باریک کر کے ۵۰۰ گرام روغن کنجد میں حل کر کے پتال جنتر کشید کریں۔

حسب دستور طلا کریں۔

سینہ کا راز آپ کی نظر صرف خدمت خلق کی خاطر۔

مجرباتِ آتشباز

حکیم علامہ بشیر احمد صاحب، شاہ سکارنی روڈ — محلہ قادر آباد — شیخوپورہ

سفوف امرت

سفوف ملٹھی آدھ۔ گلوکوز ایک ڈبہ (آدھ پاؤ والی) ست اجوائن ۱ ماشہ۔ ست پودینہ ۱ ماشہ ملالیں۔ سفوف امرت تیار ہے۔

خوراک: ایک ماشہ صبح وشام پانی کے ساتھ۔

فوائد: پیٹ درد، پاخانے، ریاح کے لیے آزمودہ چٹکلا ٹوٹکہ ہے۔ دو تین خوراک سے ہی مکمل فائدہ ہوگا! یاد رہے کہ اس سفوف سے ایسی ایسی ٹٹیاں ٹھیک ہوئی ہیں جن کو ڈاکٹروں نے بھی لاعلاج قرار دے دیا تھا۔ ہماری اس دوا کے استعمال سے دو روز کے اندر ٹھیک ہوگئے۔

حب اطفال

فلفل سیاہ، خوب کلاں برابر وزن۔

تیاری: خوب کلاں مصفیٰ کو سوتی کپڑے میں باندھ کر برپارا جاوہ میں اچار پانی (تین دن بھگو رکھیں اور چوتھے روز نکال کر کونڈے میں کوٹیں اور فلفل سیاہ جو پہلے ہی سفوف کر لی گئی ہوں کو بھی خوب کلاں میں شامل کر کے مزید رگڑائی کریں اور حب بقدر ماش تیار کریں۔

خوراک: ۲ گولی صبح وشام۔

فوائد: اسہال اطفال کو تیسرے یوم تک یہ حبوب بالکل ٹھیک کر دیگی۔ اور سوکڑے والے مریض کو ۱۰ تا ۱۵ یوم استعمال کرا دیں۔ بلکہ ہو سکے تو یہ کورس ذرا لمبا کرا دیں۔ مروڑ کے لیے بھی یہ بہت مفید ہیں۔ فائدہ ۱۰۰ فیصد۔

دوائے ہچکی

دارچینی ۱ ماشہ، مصطگی رومی ۱ ماشہ۔ مائی خورد ۱ ماشہ۔ پودینہ خشک ۱ ماشہ، گلقند ۴ تولہ۔

تیاری: دواؤں کو پیس کر گلقند میں ملا کر پھر گھوٹ لیں۔ دوا تیار ہے۔

استعمال: مذکورہ دوا کی چھ خوراکیں بنالیں اور دن میں تین دفعہ استعمال کرائیں۔ اگلے روز بھی تین خوراک استعمال کرائیں۔

فوائد: پہلی خوراک کے استعمال کے ٹھیک ایک گھنٹہ بعد ہچکی ختم ہو جائے گی۔

کورس دوا: صرف دو یوم کا استعمال ہی کافی ہے۔

نتیجہ سو فیصد۔

دوائے لیکوریا

مازو ہری حالت اچھا نگ۔ گلوکوز اچھا نگ۔

تیاری: ایک عدد کھیا کدو لے کر اس کے دو حصے کر لیں اور ایک حصہ میں مازو چھوڑ کر دوسرا حصہ اوپر رکھ کر اوپر آٹا لگائیں اور کدو کو بھوبل میں دبا دیں۔ بھوبل ایسی ہو کہ کدو جل نہ جائے اور کچا بھی نہ رہے۔ بھوبل کے ٹھنڈا ہونے پر کدو نکال کر اس سے مازو نکال لیں۔ مازو بڑے انگوروں کی طرح نرم ہوں گے۔ ان کو کونڈے میں کوٹ لیں اور گلوکوز ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔ تیار ہے۔

خوراک: ۱ تا ۲ گولیاں ہمراہ شربت انجبار بوقت صبح بعد از غذا دیں۔

فائدہ: لیکوریا کی مجرب دوا ہے۔ اس کے پندرہ روزہ استعمال سے پرانے سے پرانا لیکوریا بھی ٹھیک ہو جاتا ہے۔

● روغن نوشادر

نوشادر ٹھیکری ۱ کلو۔ صدف خورد ۱ کلو۔

تیاری:— صدف خورد کو ۲ کلو اوپلوں میں جلا لیں۔ گل حکمت کی ضرورت نہیں، جلنے کے بعد رنگ سفید ہی ہوگا۔ کوٹ کر چھلنی سے چھان لیں۔

نوشادر کو بھی کوٹ کر چھلنی سے چھان لیں اور دونوں کو ملا کر کوزہ میں ڈال دیں۔ گل حکمت کر کے ۴ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سفید رنگ کا کھنگر برآمد ہوگا۔ اس کو کوٹ کر چھان لیں اور کھلے منہ کے پلاسٹک کے برتن میں رکھ دیں۔ رات کو شبنم میں رکھیں اور دن کے وقت اسے کمرے میں رکھ لیں۔ تقریباً چھ روز بعد پانی سا بن جائے گا جتنا پانی بنتا جائے اس کو اتار کر علیحدہ بوتل میں ڈال لیں۔ جس وقت تیل بننا شروع ہوگا تو اندازاً ۴، ۵ روز میں مکمل تیل نکل آئے گا۔

پلاسٹک کے برتن میں جو دوا ڈالیں اس کو لکڑی سے دوسرے دن ہلا دیا کریں۔

استعمال:— روغن مذکورہ کے ۲ قطرے چھ ماشہ چینی چمچ میں ڈال کر کھلا دیں۔

دن میں صرف ایک مرتبہ استعمال کریں اور ایک ہی خوراک کافی ہے۔

فوائد:— پیٹ کے تمام اقسام کے درد اور ہیضہ کے لیے صرف ایک خوراک کافی ہے۔ فائدہ نہ ہو تو دوسری خوراک ایک گھنٹہ بعد دیں فوراً آرام ہوگا۔

بنائیں اور فائدہ حاصل کریں اور میاں شاہد اکبر نقشبندی صاحب کو دعائے خیر سے یاد کریں جو ہمارے سینوں سے ہمارے مجربات چھین کر آپ تک پہنچا رہے ہیں۔

بقیہ: اقتباسات گنج الاکاسیر

ہے۔ استحاضہ، مصفی خون، بواسیر، برص، کوڑھ، تپ کہنہ، پرانی کھانسی، نزلہ حار، نزلہ بارد، جریان کہنہ، سل، دق، حرارت غریزی اور قوت باہ کے لیے بھی مفید ہے۔ بدن کو مثل چاندی کے روشن اور مثل یاقوت کے سرخ کر دیتا ہے۔

مشک آن است کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید۔

جو بھی بنا کر استعمال کرے گا وہی اس کا رطب اللسان ہوگا۔

ضروری نوٹ:— جو بھی نسخہ جات ہماری طرف سے شائع ہو رہے ہیں ان میں سے کوئی بھی غلط یا نقلی نہیں ہے۔ اگر کسی اناڑی یا ناتجربہ کار سے تیار نہ ہو سکے تو اس میں نسخہ یا صاحب نسخہ کا کوئی قصور نہیں۔ کسی تجربہ کار سے یا ہم سے رابطہ قائم کریں۔

ہمارے ادارہ علوی دواخانہ میں کشتہ جات، اعراق، الماس، اجلاء، اجساد ہر قسم نہایت احتیاط سے تیار کیے جاتے ہیں۔ کسی کو بھی کسی کشتہ کی ضرورت ہو تو ہم سے رابطہ قائم کر کے ادویات تیار بھی کروا سکتے ہیں۔ تیار شدہ منگوا بھی سکتے ہیں۔

برص (پھلبہری)

حکیم حاجی اصغر علی کمبوہ — بھکھی تیبلی آباد روڈ — ضلع شیخوپورہ

مرض برص میں جلد پر سفید داغ پیدا ہو جاتے ہیں۔ جو آہستہ آہستہ بڑھتے جاتے ہیں اور بعض اوقات یہ تمام بدن پر پھیل جاتے ہیں۔ زیادہ تر یہ داغ چہرے اور ہاتھوں پر ظاہر ہوتے ہیں۔

پھلبہری سے سارا جسم بھدا نظر آتا ہے ابتداء میں علاج جلدی ہو جاتا ہے مگر جب چھ ماہ یا ایک سال کا عرصہ گذر جائے تو یہ تمام جسم پر پھیل جاتی ہے اور علاج بھی دیر تک کرنا پڑتا ہے۔ یہ مرض رنگت کے لحاظ سے دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک برص سفید دوسری برص سیاہ ہوتی ہے۔

وجوہات

مچھلی کھا کر دودھ پینا یا دودھ پی کر ترش چیز کھانا۔ اکثر یہ مرض موروثی بھی ہوتا ہے۔ سمندری مقامات کے لوگوں کو اکثر اس مرض کی شکایت زیادہ ہوتی ہے۔

جس برص کے اچھے ہونے کی امید ہو سکتی ہے اس کی علامات یہ ہیں:۔

۱۔ اگر زور سے ملیں تو مقام ماؤف سرخ ہو جائے۔

۲۔ سوئی چبھونے پر داغ سے خون یا گلابی رطوبت برآمد ہو۔

۳۔ جو بال داغ پر پیدا ہوں وہ زیادہ سفید نہ ہوں۔

۴۔ اس میں تھوڑی سی خشونت ہو۔

علاج نسخہ ۱

انجیر زرد ۱۰۰ گرام۔ تخم پنواڑ ۱۰۰ گرام۔ باپچی ۱۰۰ گرام۔ چاکسو ۱۰۰ گرام۔ درخت نیم کی اندرونی چھال ۱۰۰ گرام۔

ترکیب: سب دواؤں کو الگ الگ کوٹ چھان کر سفوف بنا کر باہم ملا لیں۔ رات کو چھ گرام سفوف ایک پاؤ پانی میں بھگو دیں۔ صبح اچھی طرح مل کر پانی نتھار لیں اور مریض کو پلا دیں اور پھوک کو گھوٹ کر مرہم سی بنا کر برص کے داغوں پر لیپ کر دیں۔

فوائد:۔ یہ دوا برص کے لیے بارہا تجربہ میں آچکی ہے۔ حقیقت میں اس سے بہتر برص کے لیے کوئی دوا نہیں ہے۔ اس کے متواتر استعمال سے سفید داغ پہلے سرخ ہو جاتے ہیں اور پھر آہستہ آہستہ بدن اصل رنگت پر آجاتا ہے جو مریض کسی دوا سے صحت یاب نہیں ہوئے۔ ان کو اس دوا سے مکمل صحت ہوتی ہے بارہا تجربہ کیا گیا ہے۔

غذا میں بیسنی روٹی اور دیسی گھی زیادہ استعمال کریں ہلکا نمک استعمال کر سکتے ہیں۔

اس دوا کا فائدہ تین ہفتے میں ظاہر ہو جاتا ہے لیکن اس کو تین ماہ تک ضرور استعمال کرنا چاہیے۔

بعض دفعہ اس دوا کے برص پر لیپ کرنے سے کچھ دنوں بعد برص کے سفید نشانات پر پھنسیاں نکل آتی ہیں۔ اس صورت میں لیپ کرنا چند دن کے لیے بند کر دینا چاہیے۔

ہوتی ہے اور موٹے موٹے پتے ہوتے ہیں باغات یا نرسریوں میں عام مل جاتی ہے۔

نوٹ:۔ بھڑا اور چکنڈا کی ایک وقت میں سالم جڑ اور پیٹ کے چھپتے ایک وقت میں گھوٹ کر پیئیں۔

سانپ کاٹے کا دیہاتی علاج

مولوی دین محمد مسجد کے ہر دل عزیز امام تھے۔ دور دراز تک سانپ کاٹے کے لیے مشہور تھے۔ ان کے پاس دس بوتلیں دوا کی بھری رہتی تھیں جب مریض آیا پلانا شروع کر دیا۔

نسخہ: ریٹھے کے چھلکے باریک پاؤ دو سیر پانی میں گھول کر بوتلیں بھر کر رکھ دیں۔

مقدار خوراک: ایک چھٹانک ہر آدھ گھنٹہ بعد پلائیں۔ جب مریض کہے یہ کڑوا لگتا ہے بند کر دیں۔ اس سے قے دست میں سانپ کا زہر خارج ہو جاتا ہے۔

اس کے علاوہ پاگل کتے نے جس کو کاٹا ہو ان کے لیے بھی یہ کارگر علاج ہے۔ مریض خدا کے فضل سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔ وقت ضرورت یہ دوا تازہ بھی تیار ہو سکتی ہے۔ یہ تجربہ بھی ہو چکا ہے کہ سر درد میں ناک میں دو بوند ڈالنے سے آرام آ جاتا ہے۔

میرا حلفیہ مجرب نسخہ

حکیم محمد نیاز خان بریالے B.V.M.S انچارج شعبہ دواسازی سول سیکرٹریٹ طبی ڈسپنسری — لاہور

بندہ کو یہ نسخہ حاصل پور ضلع بہاولپور کے ایک ڈاکٹر صاحب سے ملا جو کہ آجکل سعودی عرب ہسپتال میں ہیں۔

ڈاکٹر صاحب بہت مشہور تھے کہ چار خوراکوں میں یرقان کا علاج کر دیتے ہیں۔ سعودیہ جاتے ہوئے بندہ کو یہ انمول تحفہ دے گئے۔ بندہ نے آزمایا اور کامیاب پایا۔ خدمت خلق اور ثواب دارین کے واسطے یہ نسخہ رسالہ "اسرار حکمت" میں پیش کر رہا ہوں جو کہ ہر آدمی خود تیار کر کے استعمال کر سکتا ہے۔ شرط یہ ہے کہ دودھ دیسی بکری کا ہو۔

اکسیر یرقان

بندہ کا بارہا کا آزمودہ نسخہ ہے۔ گذشتہ چار سال سے بندہ اپنے مطب میں استعمال کروا رہا ہے۔ صرف سات خوراکوں میں مکمل آرام آ جاتا ہے۔

نسخہ یہ ہے۔

دیسی بکری کا دودھ ایک پاؤ۔ پھٹکڑی سفید ۲ تولہ۔ پھٹکڑی کو توے پر کھیل کر لیں اور تھوڑا تھوڑا دودھ ڈالتے جائیں جب سارا دودھ ڈال دیں اور پھٹکڑی ڈارک براؤن ہو جائے اتار لیں اور باریک پیس لیں سفوف تیار ہو جائے گا۔

خوراک: ۳ تا ۴ ماشہ صبح نہار منہ اور رات کو لسی، دودھ یا پانی سے کھائیں۔ پرہیز کوئی نہیں۔

صرف ۷ خوراکیں، انشاء اللہ یرقان نہیں رہے گا۔

مجربات تاثیری

تاثیر جیمور، کوٹ مراد، ڈاکخانہ پہاڑپور براستہ تریموں بیراج تحصیل وضلع جھنگ

نسل میں لڑکی پیدا ہی نہ ہو

ہوالشافی: بکری جس نے پہلی بار نر بچہ دیا ہو کا ناڑا کاٹ کر خشک کریں اور سفوف کر کے محفوظ رکھیں۔ بچی جب پیدا ہو تو بقدر ایک رتی اس سفوف کی گھٹی بچی کو دے دیں۔ پہلی خوراک میں سفوف دیں۔ اس بچی کی نسل میں کبھی لڑکی پیدا نہ ہوگی ہمیشہ لڑکے ہی پیدا ہوا کریں گے۔

حب انگوزہ فولادی

بندشِ حیض اور دردِ حیض کے لیے مجرب۔

ہوالشافی: مصبر ۲ تولہ، مرمکی ۲ تولہ، زعفران ۶ ماشہ، کشتہ فولاد ۶ ماشہ، ہینگ (انگوزہ) ۶ ماشہ۔

تیاری: سب سے پہلے مرمکی اور انگوزہ آدھ سیر پانی میں بھگوئیں۔ جب پانی میں حل ہو جائیں تو باریک کپڑے سے چھان لیں۔ اس پانی کو آگ پر رکھ کر پکائیں جب گاڑھا ہونے لگے تو باقی ادویہ باریک شدہ شامل کریں اور نخودی گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ۔

نوٹ: کیونکہ اس نسخہ میں مصبر ہے اس لیے اس کو سایہ میں خشک کریں۔

بچھو کاٹے کے دو مجرب طبی چٹکلے

۱۔ بچھو مار کر سپرٹ میں ڈال دیں اور جب بھی بچھو کاٹے تو اسے لگائیں فوراً آرام ہوگا۔

۲۔ نمک خوردنی ۱ تولہ پانی ۵ تولہ میں حل کر کے رکھیں۔ بچھو کاٹے کو دو دو قطرے دونوں آنکھوں میں اور تین تین قطرے ہر دو کانوں میں ڈال دیں۔ جتنا زہر چڑھا ہوا فوراً اترنا شروع ہوگا۔ اور چند منٹ میں آرام ہوگا۔ بارہا کا تجربہ کبھی خطا نہیں گیا۔

سفوف حابس الدم ہمہ قسم

ہر قسم کے جریان خون کو بند کرنے کے لیے۔

ہوالشافی: گیرو، سنگِ جراحت، بیخ انجبار ہموزن لے کر باریک سفوف تیار کریں۔

بمقدار تین ماشہ صبح دوپہر و شام ہمراہ تازہ پانی۔ مجرب ہے۔

زچہ کا دودھ بڑھانے کے لیے طبی چٹکلہ

ہوالشافی: سونف یا زیرہ سفید برابر وزن چینی ملا کر بمقدار ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ۔ زچہ کا دودھ صاف ہوگا اور زیادہ پیدا ہونے لگے گا۔

معجون گلقند آفتابی

رفع قبض کے لیے مؤثر و مجرب معجون۔

ہوالشافی: سقمونیا اصلی چھ ماشہ۔ گلقند آفتابی ایک پاؤ۔ باہم گھوٹ کر معجون تیار کریں۔

برائے رفع قبض آدھی چمچی رات سوتے وقت ہمراہ پانی تازہ۔

برائے جلاب ایک چمچی بوقت ضرورت۔

آسان مسہل

پانی فضلات کے اخراج میں بھی مدد دیتا ہے نیم گرم پانی

پانچ تولہ۔ شہد خالص ایک تولہ۔

مریض کو صبح طلوع آفتاب کے کچھ دیر بعد اور شام کو غروب آفتاب سے ایک گھنٹہ پہلے خوب ملا کر نیم گرم پلائیں۔

دیگر

مریضان سل کو گلقند آفتابی بلاناغہ استعمال کرنا چاہیے۔

نیز تپدق کے مریض کے مریض کے کمرہ میں بکری باندھ کر رکھیں کیونکہ بکری کے جسم اور پیشاب کی بدبو سے تپدق کے جراثیم ہلاک ہو جاتے ہیں۔ ایسی تدابیر علاج میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

شربت صافی خاص (کوڑی بوٹی)

ہو الشافی: شاہترہ، چرائتہ، افسنتین، عناب، ترپھلہ، عشبہ مغربی، زرشک شیریں، گل منڈی، گل گلاب، گاؤزبان خشک، برگ بانسہ، سرپھوکہ، کل اجزاء ہاتہ ہر ایک اڑھائی اڑھائی تولہ۔

چینی تین پاؤ۔ حسب طریق شربت تیار کریں۔

بمقدار ۲ تولہ فی خوراک صبح دوپہر شام پانی میں ملا کر استعمال کرائیں۔

تصفیہ خون کے لیے طب یونانی کا مؤثر ترین شربت ہے۔

جوشاندہ برائے الرجی (حساسیت)

الرجی (دھپڑ بدن) کے لیے خاص الخاص نسخہ۔

ہو الشافی: ترپھلہ ایک تولہ۔ شاہترہ چھ ماشہ۔ دھنیا خشک چار ماشہ۔ عناب ۷ دانہ۔

بوقت شب پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوشاندہ بنا کر شہد ایک تولہ ملا کر پلائیں۔

الرجی کے لیے خاص حصول مطلب ہے۔

نوٹ: مریض الرجی کی قبض کشائی ضرور کرنی چاہیے۔ اس مقصد کے لیے معجون گلقند آفتابی استعمال کرنی چاہیے۔

نیز چائے، انڈہ اور مچھلی سے پرہیز۔

ضماد کبیلہ خاص

چھوتدار خارش کے لیے مؤثر ضماد۔

ہو الشافی: گندھک آملہ سار، پارہ، سندور، مردار سنگ، نیلا تھوتھا، کبیلہ، مازو، سہاگہ سفید۔ کل اجزاء آٹھ ہیں۔

پارہ و گندھک کی کجلی بنا کر دیگر ادویہ باریک کردہ ملا سفوف تیار کریں۔

ایک حصہ دوا میں تین حصہ مکھن گائے دھلا ہوا ملا کر تمام بدن پر مالش کریں۔ آدھے گھنٹے بعد گرم پانی اور اچھے صابن سے نہا لیں۔

یہ عمل متواتر سات یوم کریں۔

ایگزیما کے لیے مفید چٹکلہ

ہو الشافی: درخت نیم کی چھال جلا کر راکھ بنا کر کپڑے سے چھان کر ایگزیما کے مقام پر لگائیں۔ مجرب ہے۔

ٹوتھ پیسٹ سے بدرجہا بہتر منجن

● ہو الشافی: نمک خوردنی ڈلی والا اور سوڈا بائیکارب ہموزن سفوف تیار کریں۔ ٹوتھ پیسٹ سے بدرجہا بہتر منجن ہے۔ ٹوتھ پیسٹ کے شوقین حضرات اس منجن سے فائدہ حاصل کریں۔ بہترین چیز ہے۔

اکسیر خفقان خاص

شاہی بیماری کا شاہی علاج۔

ہو الشافی: دانہ کشمش صاف کردہ چالیس دانہ۔ عرق گلاب آدھ پاؤ۔

بوقت شب بھگو رکھیں۔ صبح نہار منہ کشمش کے دانے کھلائیں اور عرق گلاب پلا دیں۔ متواتر اکیس یوم کے استعمال سے مرض سے چھٹکارہ۔ انشاء اللہ

امراض قلب کے لیے چٹکلہ

ہو الشافی: مربہ آملہ دھلا ہوا ۱ عدد چاندی کے ورق میں لپیٹ کر صبح نہار منہ کھلائیں۔

امراض قلب کے لیے مجرب ہے۔

روح المجرّبات

حکیم محمد ذوالفقار صاحب۔ دارالشفا دواخانہ دکان نمبر 127۔ لنڈا مارکیٹ، شیخوپورہ

اکسیر جریان

نسخہ: ستاور ۵ تولہ۔ سنگجراحت ۵ تولہ۔ رال ۵ تولہ۔ قند سفید ۱۵ تولہ۔

ترکیب: تمام اجزاء کو علیحدہ علیحدہ پیس کر سفوف بنا لیں۔ دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ دوا صبح و شام ہمراہ دودھ گائے۔

فوائد: یہ دوا جریان کے لیے ہزاروں مریضوں پر آزمائی۔ سو فیصدی درست ثابت ہوئی۔ جو مریض بھی مرض جریان کی وجہ سے تنگ تھے بلکہ زندہ درگور تھے۔ فقط چودہ یوم کے استعمال سے شفایاب ہو کر تندرست و توانا ہو گئے۔

جریان کے لیے بھروسہ کی دوا ہے بنائیں اور دعائے خیر سے یاد کریں۔

عرصہ ۵۰ سال سے معمول مطب ہے۔

سفوف جوانی

نسخہ: ثعلب مصری ۵ تولہ۔ اسگند ناگوری ۵ تولہ۔ بدھاری قند ۵ تولہ۔ موصلی سفید ۵ تولہ۔ بہمن سفید ۵ تولہ۔ قند سفید ۲۵ تولہ۔

ان سب دواؤں کو علیحدہ علیحدہ خوب باریک کر لیں۔ پھر چھان کر سب ادویہ کو ملا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: ۱ تولہ صبح ۱ تولہ شام ہمراہ دودھ گائے۔

فوائد: جریان، احتلام، سرعت انزال کو دور کرے۔ جسم کو مضبوط کرے قوت مردی بڑھائے منی کے قوام کو گاڑھا کرے اور امراض منی کو دور کرکے سب سے قیمتی جوہر کی پیدائش میں اضافہ کرکے اور منی کے اندر اولاد پیدا کرنے والے اجزاء کو بڑھا کر اجڑے ہوئے کاشانوں کو آباد کرنے کی طاقت رکھتا ہے۔ عام کمزوری کی وجہ سے چہرہ پر نمودار ہونے والی جھریاں دور کرے اس سے بڑھاپا دور ہو اور درد کمر اور جسمانی دردوں کے لیے بھی اکسیر ہے اور جن لوگوں میں جامعت کی خواہش بہت کم پیدا ہوتی ہو اس دوا کے استعمال سے برقی رو پیدا ہو جاتی ہے یہ ایک بہترین نسخہ ہے بنائیں اور قدر کریں۔

ہمارے ہاں عرصہ دراز سے زیر استعمال ہے مجرب اور معمول مطب ہے۔

سپر ٹائم کیپسول

نسخہ: رائلہ قنب، زعفران، تریاق، لونگ، جائفل، بوزیدان، بیخ۔

ہر ایک تولہ تولہ لے کر کھرل کریں اور مثل سرمہ ہونے پر کیپسول بھر لیں۔

استعمال: مباشرت سے ایک گھنٹہ پہلے ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد: تعریف فضول ہے۔

بہر حال ہماری رپورٹ۔

پہلا شام دس تا پندرہ منٹ۔

دوسرا شام تو بہ توبہ۔

سفوف ٹھنڈک لاثانی

• نسخہ: زنجبیل ۲½ تولہ۔ الائچی خورد دانہ ۲½ تولہ۔ کوزہ مصری ۵ تولہ۔

زنجبیل کا سفوف کریں اور ریشے دور کریں۔ باقی دونوں دواؤں کو مثل غبار کر کے تینوں کو آپس میں ملا لیں۔

خوراک استعمال: ۳ ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ تازہ پانی ساتھ سکنجبین کا استعمال زیادہ کریں۔

فوائد: تمام جسمانی جلن خاص امراض، ہاتھ پاؤں اور آنکھوں کی جلن کو دور کرتا ہے۔

معمول مطب ہے کورس سہ یوم شرطیہ علاج انشاءاللہ۔

شربت مفرح راحت افزا

• نسخہ: صندل سفید ۳ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ چہار مغز ۴ تولہ۔ گل گاؤزبان ۲ تولہ۔ گل نیلوفر ۱ تولہ۔ کاہو ۱ تولہ۔ تخم ریحان ۲ تولہ۔ پوش ۱ تولہ۔ سنبل الطیب ۱ تولہ۔ بالنگو ۱ تولہ۔ ابریشم مقرض ۲ تولہ۔ چینی آدھ۔

ترکیب: ابریشم کو قینچی سے کاٹ کر کیڑا نکال کر صاف کر کے باریک کاٹ کر ڈال لیں۔ اور صندل سفید، الائچی، چہار مغز کا دردرا کر کے ڈال لیں۔

معروف طریقہ سے شربت تیار کریں۔

استعمال: حسب دستور گلاس میں ڈال کر شربت تیار کر کے پیئیں۔

فوائد: شربت ہذا کے فوائد تو استعمال کے بعد ہی معلوم ہوں گے۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ شربت مقوی دل و دماغ ہے۔ اور نہایت فرحت افزا ہے۔ پیتے ہی اپنا اثر دکھاتا ہے۔ دل و دماغ کو فوری طور پر ہشاش بشاش کر دیتا ہے۔ گرمی کا بہترین توڑ ہے۔ جس کا ہر گھر میں ہر وقت موجود ہونا بے حد ضروری ہے۔ پورے جسم کے لیے ایک بہترین دیسی ٹانک ہے۔

اکسیر شوگر

نسخہ: مغز جامن، گڑمار بوٹی، سفوف کر لیں، صندل سفید، تخم کاہو، گل ارمنی ہر ایک ۔۔ تولہ، کشتہ چاندی ۱ تولہ۔

سفوف بنا لیں۔

خوراک: روزانہ صبح و شام ۱ تا ۲ ماشہ۔ کھانے کے بعد دہی کے ساتھ استعمال کریں۔

جسم میں خشکی ہونے کی صورت میں روغن بادام ساتھ استعمال کریں رات سوتے وقت دودھ میں ڈال کر۔

یہ نسخہ حکیم امان اللہ صاحبؒ کا تھا جو دنیا فانی سے رخصت ہو چکے ہیں۔ بہر حال اپنے وقت میں وہ فی مریض دس ہزار روپیہ لیتے تھے۔

تین ماہ کا کورس ہے میں نے خود استعمال نہیں کروایا استعمال کرنے والے تصدیقی رپورٹ دیں بشکریہ

نوٹ: فائدہ اٹھانے والے حضرات حکیم امان اللہ صاحب مرحوم کے لیے اور میرے حق میں دعائے خیر کریں۔

بقیہ: صدری راز

نکال کر فی رتی سے ایک تولہ فولاد کا آب خشک کریں۔

۲۔ سیمابی نقرہ

ہوالشافی: بورکس ۴ تولہ۔ سم الفار ۲۰ تولہ۔

طریقہ: ۵ تولہ برادہ نقرہ سے ۱۵ تولہ فولاد کو چلبند کریں۔

نوٹ: اس کا دوسرا اور آخری حصہ انشاءاللہ ماہ فروری کے شمارے میں شائع کروا دیا جائے گا جن حضرات کو جلدی ہو وہ جوابی لفافے کے ساتھ رابطہ قائم کریں آپ کی مراد پوری کر دی جائے گی۔

مُجرّبات

● **نسخہ** —— سیب سرخ تازہ میں حسب مقدور دار فلفل کلاہ دار لگا دیں اور جب یہ سیب بالکل خشک ہو جائے تب ایک چھٹانک آب ادرک ، ایک چھٹانک آب پیاز ، ایک تولہ خولنجاں ، ۳ ماشہ فلفل سفید ، ۳ ماشہ زعفران سب کو اس قدر کھرل کریں کہ گولی بندھنے کے قابل ہو جائے۔

گولی بمقدار دانہ جوار کے بنا کر سایہ میں خشک کریں اور نزلہ دائمی کے لیے ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ سرد ، بخار کے لیے ایک ایک گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ عرق بادیان دیں۔

دیگر امراض کے لیے بعد از مشورہ طبیب عمل میں لائیں۔

ہر قسم کے امراض میں مفید ہے۔

● **نسخہ** —— برگ ببیلاں ۱½ تولہ ۔ برگ نیم ۱½ تولہ ۔ برگ بکائن ۲ تولہ ۔ مغز تخم ریٹھہ ا تولہ ۔ برنج بادیان ۳ تولہ ۔ فلفل دراز ا تولہ ۔ رسونت عمدہ ½ ۲ تولہ ۔ ست ملٹھی ۲ تولہ ۔

جملہ تمام اجزاء کو باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں اور شہد خام کی مدد سے گولیاں بقدر نخود بنا کر خشک کریں۔

بواسیر خونی ہو یا بادی دونوں کے لیے یکساں مفید ہے صبح و شام ہمراہ عرق اجوائن یا مکو۔

نسخہ —— انور نمک سیاہ سے کر ۴ عدد کاغذی لیموں میں بھر دیں اور جس وقت یہ لیموں سایہ میں خشک ہو جائیں تب تین پاؤ آب مولی کا چوبہ دیں اور جذب کریں۔

جب یہ خشک ہو جائے تب آگے کی اشیاء کے ہمراہ کھرل کریں۔

گندھک آملہ سار ، بوزہ نا آب رسیدہ ، سمندر جھاگ ، مصطگی رومی ، دار چینی ہر ایک ایک تولہ ۔ دوران کھرل ہر چوبیس گھنٹے کے وقفہ سے ایک ایک انڈا کی زردی ملاتے جائیں۔

جب تیرہ انڈوں کی زردی کھرل ہو جائے تب ایک پاؤ لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے حب بقدر دانہ ماش بنا کر سایہ میں خشک کریں۔

فوائد : جملہ امراض نسواں و مرداں کے لیے یکساں مفید ہے ۔ دیگر امراض شکم کے لیے کوئی بھی تکلیف ہو جس کا تعلق جگر اور معدے سے ہو ۔ ان سب کے لیے مفید و مجرب ہے ۔ صحت و تندرستی کو برقرار رکھنے کے لیے صرف ایک ایک گولی صبح و شام بعد از طعام ہمراہ عرق بادیان استعمال کریں۔

نسخہ —— دودھ بھرے پستانوں پر بچہ کا سر لگنے یا کسی چیز کی ٹھوکر لگنے سے پستانوں پر ورم ہو جاتا ہے جس سے سخت تکلیف ہوتی ہے اس کے لیے ذیل کا نسخہ اکسیر ہے۔

کشمش ، مغز بادام ، منقہ جس کے دانے نکال دیئے گئے ہوں ہر ایک تین تین تولے کر باریک پیس لیں ۔ خوب گرم گرم کر کے پستانوں پر لیپ کریں ۔ دو ایک مرتبہ ایسا کرنے سے انشاء اللہ آرام ہو جائے گا۔

سونف سے چاول بنانے کی ترکیب : حسب ضرورت سونف لے کر نمناک کپڑے میں باندھ کر سرد جگہ پر رکھ دیں ۵ گھنٹے بعد زور سے ملیں صاف کرتے جائیں اس کے اوپر کا چھلکا اترنے پر اندر سے چاول نکل آئیں گے بس اسی طرح کے چاولوں کا نام برنج بادیان ہے۔

میرے مجربات

حکیم محمد ادریس، طب آفیسر رورل ہیلتھ سنٹر قرقور ٹریبت، ضلع شیخوپورہ

دوائے خارش

دوائے خارش کا یہ نسخہ کئی طبی کتابوں میں مذکور ہے اس نسخہ کا کمال یہ ہے کہ جہاں پر قیمتی نسخہ جات فیل ہو جائیں وہاں پر یہ سستا نسخہ آپ کو حیرت انگیز نتائج سے روشناس کرا دے گا بنا ئیں اور کتابی نسخوں کی تعریف کریں۔

ہوالشافی: گندھک آملہ سار مدبر، کال زیری، گیرو ہموزن لے کر کوٹ پیس کر درمیانے سائز کے کیپسولز بھر لیں۔ دوائے خارش تیار ہے۔

استعمال و خوراک: ۱+۱+۱ ہمراہ دہی کی لسی وغیرہ۔

فوائد: خارش، خرابی خون کے لیے عرصہ آٹھ سال سے زیر استعمال ہے اور ابھی تک کامیاب جا رہا ہے۔

نوٹ: گندھک مدبر نہ کر سکیں تو ویسے ہی استعمال کریں۔

دوائے سنگ گردہ

● ہوالشافی: نوشادر ٹھیکری، نمک سانبھر، فلفل دراز ہموزن لے کر کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔

خوراک: ۱ ماشہ تا ۳ ماشہ ہمراہ آب تازہ دیں۔

پرہیز: روغنیات دودھ چاول سے پرہیز کرائیں۔ پانی زیادہ پلائیں۔

کورس: ایک ماہ لازمی کرائیں۔ پتھری تو پہلے ہی خارج ہو جائے گی لیکن کورس مکمل کرنا ضروری ہے۔ عرصہ ۱۰، ۱۱ سال سے میرے زیر استعمال ہے۔

پیام شفا

ہوالشافی: ست پودینہ ۲ تولہ۔ ہرمچی ۳ تولہ۔ تخم دھتورہ سیاہ ۵ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ۱۰ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱۰ تولہ کوٹ پیس کر سفوف بنا کر آخر میں ست پودینہ شامل کریں۔

خوراک: ۴ رتی صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد: دوا پیام شفا پیٹ درد کو صرف ۲ منٹ میں ختم کر کے نہایت پُرسکون کر دے گی۔

یہ دوا عرصہ چھ سال سے میرے زیر استعمال ہے اس دوا کے استعمال کے بعد مستقل فائدہ کے لیے سفوف تبخیری کھلائیں۔

سفوف تبخیری

● ہوالشافی: تخم حرمل، نوشادر برابر وزن لے کر کوٹ پیس لیں دوا تیار ہے۔

خوراک: ۱ ماشہ تا ۳ ماشہ خالی پیٹ صبح ہمراہ عرق سونف دیں۔ یہ سفوف عرصہ دو سال سے میرے زیر استعمال ہے۔

فوائد: تبخیر معدہ کے لیے مختصر لیکن لاجواب نسخہ ہے۔

دوائے ورم رحم مجربہ و معمولہ مطب

ہوالشافی: طوطیا سبز ڈلی ۵ تولہ۔ شیر مدار ۲۰ تولہ۔ ڈلی کو پیالہ میں رکھ کر اوپر شیر مدار ڈالیں اور خشک ہونے پر دوبارہ، سہ بارہ شیر مدار ڈال کر خشک کریں۔ پھر اپلی ½ ۱ پاؤ کے درمیان ڈلی مذکورہ رکھ کر ۱۰ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ سرخ سیاہی مائل برآمد ہوگا۔

خوراک: ایک چاول خالی پیٹ منقی میں رکھ کر دودھ کے ساتھ دیں۔ دوسری خوراک سوتے وقت دودھ کے ساتھ دیں۔

مجھے میاں صاحبؒ نے فرمایا تم حکمت کا شوق رکھتے ہو۔ یہ نسخہ شیر ربانی حضرت میاں شیر محمد صاحب کا تیار کریں۔ 33 قسم کے بخار کو فائدہ کرتا ہے۔ میاں صاحبؒ نے صرف ست گلو ۱ تولہ۔ کونین سلفیٹ ۱ ماشہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ بنایا۔ مگر میں نے درویش شمار کے مشورہ سے بتدریج اضافہ کرتے ہوئے ۱۹۷۵ء میں اکسیر شیر ربانی نمبر 33 تیار کی ہے۔

● کلس عقیق اسود در شیر عشر تین آتشہ ۵ تولہ۔ کلس علزوم ۵ تولہ۔ پہلے آب لیموں میں تیار کرتا تھا اب آب بالچھو میں بناتا ہوں۔ ست گلو خانہ ساز ۵ تولہ (میاں شاہد اکبر صاحب دیکھ آئے ہیں ایک کنال جگہ میں دونوں جانب لگا رکھی ہے جو چھت کا کام بھی کرتی ہے اور اس کے برگ و شاخ سے ست گلو بھی تیار کیا جاتا ہے) ست پودینہ ۶ ماشہ۔ ست اجوائن ۱ تولہ۔ کونین سلفیٹ ۳ ماشہ۔

پہلے کشتہ ابرک میں کونین ملائیں۔ پھر کشتہ سنگ پھر ست گلو جب یکجان ہو جائیں پھر اس میں ست پودینہ اجوائن ملا کر ٹرینڈ کر لیں۔ اکسیر شیر ربانی نمبر 33 تیار ہے۔

چھوٹے بچوں کے لیے دو رتی بیسی، کوزہ مصری، گلوکوز جو میسر آسکے مکس کر کے بھی ملائی جا سکتی ہے۔

خوراک: ۲ رتی تک ہمراہ شیر چائے دیویں۔

بڑوں کے لیے عام سائز کے کیپسول (در میانے) جس میں ۱ ماشہ تک دوائی آسکے میں ڈال کر استعمال کریں میں اس کے کیپسول تیار کر کے استعمال کرتا ہوں۔ بخار ہر قسم خصوصاً لرزہ کسلمندی تھکاوٹ جسم ٹھنڈا مانند برف (مسام بند ہو جانے کی وجہ سے یہ میری تحقیق ہے اور مشاہدہ بھی) ہاتھ پاؤں سُن ایک کیپسول گرم دودھ کے ساتھ بفضل الٰہی، کرم الٰہی، رحمت الٰہی، طبیعت فوراً بحال بخار لرزہ غائب ہزار مرتبہ مشاہدہ کیا ہے۔

میرے ایک دوست پولیس انسپکٹر حاجی احمد علی صاحب انچارج پیٹرول پمپ پولیس لائن فیصل آباد بڑے مخلص درویش انسان ہیں۔ ان کا جسم ٹھنڈا رہتا تھا۔ خیال کرتے تھے کہ شاید درود شریف کی کثرت کی وجہ ہوگی شنگرف وغیرہ بہت استعمال کیا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ میں نے ان کو کیپسول دیئے دو تین دن استعمال کرنے سے جسم کے مسام کھل گئے اور طبیعت بحال ہو گئی۔

ڈاکٹروں کے ستائے ہوئے بے شمار چھوٹے بڑے مرد و زن مایوس مریض آتے ہیں بفضل الٰہی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ درد سینہ کھانسی، نمونیہ T/B دمہ شدید کھانسی دمہ کشی کی شکل اختیار کر جائے تو اکسیر صدر خاص "ہمراہ اکسیر نمبر 33 شہد میں حل کر کے استعمال کرانے سے فوراً افاقہ ہو جاتا ہے۔ دونوں نسخے ۱۹۷۵ء سے میرے استعمال میں ہیں۔

● **نسخہ اکسیر صدر خاص**

کلس ابرک اسود در شیر عشر، کلس علزوم در آب بالچھو، آب سوما کلپا پوڈر تیار کریں۔

زکام کہنہ، کھانسی، درد سینہ (مانند T/B) درد مفاصل کسلمندی بدن ٹوٹ، تھکاوٹ کے لیے عجیب تحفہ درویشی ہے۔

مضمون نگار حضرات

کاغذ کے ایک طرف لکھا کریں اور لکھنے کے بعد دوبارہ پڑھ لیا کریں۔ مہربانی

ادارہ

• آزمودہ مجرّبات

عامل حکیم محمد بشیر چشتی چیف اکسیری دواخانہ سرگودھا روڈ مل کارخانہ برف دی جھنگ صدر

پہلا انمول خاص تحفہ •

یہ اکسیر محرک باہ بھی ہے اور مقوی اعضاء رئیسہ بھی۔ گردوں اور مثانے کو طاقتور کرتی ہے۔ سلسل بول کے لیے اکسیر ہے۔ سرعت انزال کا وجود سے خاتمہ کر دیتی ہے۔ جوانوں اور بوڑھوں کے لیے لاجواب ہے۔ امساک طبعی پیدا کرتی ہے۔ منشیات سے مبرا ہے۔ اس کی ایک خوراک خالی معدہ پہلے پاؤ دودھ پی کر پھر خوراک ۵ گرام کھائیں بقیہ دودھ سے۔ دو گھنٹے بعد جماع کریں۔ لذت کی گھڑیاں طویل پائیں گے۔ دوائی کھانے کے بعد بھوک لگے تو دودھ ہی پاؤ بھر پی لیں۔ سینکڑوں بار کا تجربہ شدہ ہے۔

یہ دوائی آلات منی کو بے حد طاقتور کرتی ہے۔ کھانے والا خود حیران ہو جاتا ہے۔ صحیح فوائد تو کھانے کے بعد ہی معلوم ہوں گے۔ پہلے آپ کو یقین ہی نہ آئے گا (سچائی تجربے کی محتاج ہے) ہر موسم ہر مزاج کے جوان و بوڑھے لوگوں کے لیے خاص تحفہ۔

ثعلب مصری ۱۰۰ گرام۔ سفوف خراطین ۵۰ گرام مصطگی رومی اصلی ۵ گرام۔ مغز جائفل ۵۰ گرام۔ دانہ الائچی چھوٹی ۵۰ گرام۔ ان کا سفوف بنا لیں۔

۵ گرام صبح نہار منہ ۵ گرام بوقت عصر دودھ سے کورس اس کا ۲۱ دن تا ۳۰ دن کا ہے۔

دوائی کے دوران کھٹی اشیاء عورت سے پرہیز بھی لازمی کریں۔

البتہ اس نسخے کو بعد جماع ۵ گرام دودھ سے کھالیں۔ طاقت فوراً بحال ہو گی۔

نوٹ :اس نسخے کے متعلق نکات سمجھ لیں تا کہ نسخہ بنانے میں غلطی نہ ہو۔ سفوف خراطین اصلی لیں۔ یا پھر ہم سے تازہ بتازہ اصلی ۵۰ گرام قیمت -/۷۵ روپے منگوا لیں۔

نمبر ۲ مصطگی رومی اصل ہو آجکل مصطگی رومی میں بالکل ہی یقین نہیں۔ اگر آپ کو مصطگی رومی مل جاتی ہے تو پھر اس کا نسخہ میں شامل کرنا ہوگا۔ کہ مصطگی کو الگ کھرل کریں۔ دوران کھرل بھی نہایت آہستہ آہستہ کریں۔ جب مصطگی رومی مثل میدہ ہو جائے۔ تو پھر اس میں سفوف خراطین ڈال کر یکجا کر لیں۔

باقی ثعلب مصری، دانہ الائچی چھوٹی اور مغز جائفل الگ باریک میدہ کر کے رکھیں۔ دونوں مرکبوں کو ملا کر خوب یک جا کر لیں بس تیار ہے۔ استعمال کریں اور دعائے خیر سے یاد رکھیں۔

۵ گرام صبح ۵ گرام شام ہمراہ دودھ۔ کورس ۲ ہفتے تا ۳ ہفتے یہ ہمارا بیسیوں دفعہ کا آزمایا ہوا خاندانی تجربہ شدہ نسخہ ہے۔ کوئی کتابی یا رسالے کا نسخہ نہیں۔ اگر کوئی بھائی اس شکل و صورت اجزاء وغیرہ کا نسخہ مجھے دکھا دے تو میں جھوٹا۔ اور اس شخص کو بطور اسرار حکمت فرزند ارجمند حکیم نور محمد چوہان کے جناب عبدالرشید کے ہاتھوں -/۱۰۰ روپے انعام دوں گا۔

• قوت باہ کا سنیاسی مرکب

شنگرف رومی دس گرام۔ زعفران اصلی کا زنی ڈسٹرکٹ شدہ ۱/۲ گرام۔ زردی بیضہ مرغ دیسی خام چھ عدد۔ اب پہلے شنگرف کو مسلسل زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں تا کہ مثل غبار ہو جائے۔ اب دوسرے کھرل میں زعفران باریک لیں پھر اس زعفران کو شنگرف میں ملا لیں۔ اور گھنٹہ بھر کھرل کر کے یکجا کر لیں۔ اب اس میں

باقی صفحہ پر

...رت غم و فکرت دیکھے ہیں۔ بیوی ان کو کھا جانے والی نظروں سے
...تی ہے۔ اس بے چارے کو ۱۴ گولیاں دے دیں۔ آپ کے
...چوں کو دعائیں دے گا۔ نسخہ بنائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

نوٹ: تمام قارئین اسرار حکمت کو کہتا ہوں شنگرف رومی
...یح و اصلی ہو۔ افیون بھی خالص خام ہو۔ جیسے طریقہ لکھا ہے
...سی طرح دوائی بنائیں۔ اور پھر ۳ گھنٹہ خوب محنت سے رگڑائی
...اگر پھر بھی نسخہ کام نہ کرے تو پھر بنا کر تجربہ کرا سکتا ہوں
...اگر پھر بھی نسخہ کام نہ کرے تو حلفیہ کہتا ہوں نسخے کی دگنی قیمت
...دوں گا۔ شکریہ

...لذت، امساک، قوت باہ

خاص نسخہ تجربہ شدہ ہے۔ سو فیصد درست ہے۔
...بے مزہ ہے۔ لذت آور ہے۔ بیرونی طور پر ہی لگانے
...سے لامحدود امساک پیدا ہوگا۔ دوران جماع عضو کمزور سست
نہ ہوگا۔ بلکہ سانڈے کی گردن کی طرح اکڑا رہے گا۔

چربی مینڈک جنگلی، شہد خالص چھوٹی مکھی کا، بس دونوں
...کو ملا لیں۔ پیشاب کرنے کے بعد طلاء کریں گھنٹہ آدھ گھنٹہ بعد
...جماع کریں۔ امساک قوت باہ اور میاں بیوی کو کمال کا ہوگا۔
بنائیں اور آزمائیں۔ میرا یہ نسخہ آزمایا ہوا ہے۔ زود اثر
زبردست چیز ہے۔

نوٹ: کوئی بھائی دونوں اجزاء صحیح و خالص حاصل کرتا
ہے اس کے بعد وہ نسخہ کی آزمائش کرتا ہے۔ تو نسخہ جیسے
لکھا اس طرح معیار پر پورا نہ اترے۔ اس آدمی کو ۱۰۰/- روپے
انعام دوں گا۔ شکریہ۔

آخری گذارش: آج کل کے نوجوان صحت کی طرف
سے بہت پیچھے جا رہے ہیں۔ چہرے پچکے ہوئے جسم پر
ماس بوٹی کا نام و نشان نہیں۔ جریان احتلام ذکاوت حس میں
مبتلا ہے۔ برا ہو کا کوئی نہ کوئی غلط حرکت کرتا ہے۔ پھر کہتا
ہے جی ماں باپ بہت کھلاتے ہیں کچھ لگتا ہی نہیں۔ لگنا کہاں
ہے۔ جس برتن میں کلو دودھ ہو ¼ نکالو پھر پاؤ ڈال دو۔ وہ
برتن چند دنوں ہی خالی ہوگا۔ ایسے تمام حضرات جو دبلے پتلے یا
جو جریان احتلام ذکاوت حس وغیرہ جیسی مہلک امراض میں مبتلا ہوں۔
وہ مجھ سے سفوف مسمن بدن و دافع جنسی امراض حاصل کریں۔ یہ
سفوف ۵ گرام صبح دودھ سے کھانا۔ ۵ گرام شام کو دودھ سے۔
کھانے سے قبل وزن کریں۔ ۴۰ دنوں میں کمزور اور نحیف جسم سرسبز و شاداب
ہو جائے گا۔ ہمارا خاندانی راز ہے۔ جو لوگ استعمال کریں گے۔
ان کی جریان احتلام ذکاوت حس سرعت انزال بھی ختم ہوگی اور
صحت بھی قابل رشک ہوگی۔

قیمت: ۴۰ دن کی دوا ۴۰/- روپے بمعہ ڈاک خرچ۔
خود لیں یا منگوا لیں۔

بقیہ: آزمودہ مجربات

انڈے کی جگہ زردی، سفیدی نہیں ڈالیں اور کھرل کریں۔ جب
جذب ہو جائے تو دوسری ڈالیں۔ جب چھ زردیاں جذب ہو
جائیں بس تیار ہے۔

یہ مرکب ایک گرام ہمراہ نیم گلو دودھ سے بوقت عصر
یا سوتے وقت موسم سرما نومبر دسمبر میں ایک ماہ کھا لیں۔ مکمل پرہیز
اور عورت سے بچ کر۔ تو ایک سال تک کسی بھی قسم کی کمزوری محسوس
نہ ہوگی۔ مجرب المجرب آزمایا ہوا خاص الخاص نسخہ ہے۔ بلے
چوڑے نسخہ کرامات کرتا ہے۔ کھانے والا اس نسخہ کو یاد رکھے
گا دوسروں کو بھول جائے گا۔ اب میں اجازت چاہتا ہوں۔

• دو تجربہ شدہ انمول موتی

پروفیسر حکیم مختار احمد سیال : مکان نمبر 937 محلہ غازی آباد جھنگ صدر

اسلام علیکم ۔ قارئین اسرار حکمت یہاں جھنگ میں میرے دوست عامل حکیم محمد بشیر چشتی ہیں ۔ جو ہر وقت مطالعہ تجربات مشاہدات میں مصروف رہتے ہیں ۔ جب دیکھو کوئی نہ کوئی دوائی کی تیاری میں گامزن ملتے ہیں ۔ مجھے انہوں نے بیسیوں بار ترغیب دی کہ بھائی مختار سیال صاحب آپ اسرار حکمت رسالہ لاہور کی فیس ادا کر کے خریداری قبول کر لو ۔ حکیم صاحب میرے گہرے دوست ہیں ۔ میں نسخہ جات کے متعلق ان سے کافی معلومات حاصل کرتا ہوں ۔ کشتہ جات بھی کوئی نہ کوئی روزانہ بناتا رہتا ہے ۔

بہر حال قصہ مختصر ہم نے حکیم محمد بشیر چشتی کو رقم ادا کر دی ۔ انہوں نے لاہور جا کر نام پتہ درج کرا کر خریداری نمبر دے دیا ۔ ابھی کچھ مدت سے مجھے ترغیب دے رہے کہ آپ ۱۹۷۴ء سے پریکٹس کر رہے ہیں ۔ صحیح خالص سو فیصد تجربہ شدہ زندگی بھر کا نچوڑ اسرار حکمت میں پیش کرو ۔ ہمیں یہ بات بھی ان کی ماننی پڑی تو آج میں زندگی میں پہلی بار دوست عامل حکیم محمد بشیر چشتی کے کہنے پر دو انمول ہیرے قارئین اسرار حکمت کی نذر کرتا ہوں تاکہ زندگی بھر کوئی یاد رکھے ۔

یہ دونوں نسخہ جات پتھر پر لکیر ہیں ۔ میرے ۲۳ سالہ تجربے کا نچوڑ ہیں ۔ اللہ تعالیٰ ہی کرم سے نواز دے تو بیڑا پار ہے ۔ تشریف لائیں نسخہ جات کی طرف ۔ میں اسرار حکمت میں دیکھتا ہوں اکثر لکھنے والے طب کی کتاب اٹھائی ۔ پندرہ بیس نسخہ جات نقل کیے یا فوٹو سٹیٹ کرائے ۔ وہ رسالے میں لکھ دیے جب کتاب سے نسخہ دیکھو تو سوچنا پڑتا کہ کاش نسخہ لکھنے والا اس کو جدید اوزان میں لکھ دیتا ۔ تو پھر بھی نسخہ دب جاتا ۔ یہاں سے تسلی چوبیس گھنٹے پوری رکھتے ہیں جو ثابت ہو جاتا ہے یہ نسخہ نقل شدہ ہے ۔ اور لکھنے والے نے اس کو کبھی خواب میں بھی نہیں بنایا ۔ اور تعریف میں زمین آسمان کے قلابے ملا دینا ۔ نتیجہ صفر کی بجائے بلکہ باطل ہی گیا سمجھا ۔ یعنی منزل کوئی نہ کوئی مقام رکھتا ہے لیکن کشتہ نے کیا رکھا ہے ۔

• ممسک و دافع سرعت انزال و نامردی دور کرنے والی لاجواب اکسیر سہل الحصول

شنگرف رومی ۱۰ گرام ۔ افیون خام ۱۰ گرام ۔

افیون شنگرف پر لیپ کر دیں ۔ پھر اس کو انڈے کے خالی خول میں بند کر دیں ۔ پھر آٹا دال ماش ۱۵۰ گرام لے کر اس انڈے پر لیپ کریں ۔ یعنی انڈے پر آٹا لگا دیں ۔ اب آپ نے گائے کا گھی لینا ہے ۔ ۲۵۰ گرام ۔

پھر ہلکی آنچ پر ۱۲ گھنٹے پکائیں ۔ پھر اتار لیں سرد ہونے پر مرکب نکالیں ۔ اس کی ۴ گھنٹے مسلسل رگڑائی کریں ۔ پھر شہد کی مدد سے رتی رتی کی گولیاں بنالیں ۔ ورق چسپاں کر لیں ۔ تاکہ خوبصورت ہو ۔

خوراک : ایک گولی جماع سے ایک گھنٹہ پہلے کھائیں ۔ اور جوانی کے نظارے لیں ۔ ایک خوراک سے ہی قوت باہ ناقابل برداشت ہوگی ۔

اگر کوئی آدمی نامرد ہو یا بوقت جماع انتشار ڈھیلا ڈھیلا ہوتا ہو ۔ اس کو سات تا چودہ گولیاں کھلا دیں وہ بے چارہ آپ کو عمر بھر دعائیں دے گا اور عزت کرے گا ۔ کوئی مریض جو بیوی کے پاس جاتے ہی باہر کی چھڑکاؤ کر دیتے ہیں وہ اپنی

ہر قسم کی زہر دوں کا اثر ختم کرنے کے لیے خاص طبی چٹکلہ

ہوالشافی : پھٹکڑی کا ماشہ دودھ میں ملا کر بکثرت پلائیں ۔

زہروں کا تریاق ہے ۔

پیٹ کے کیڑے ختم کرنے کا طبی چٹکلہ

ہوالشافی : سفوف کبیلہ بمقدار چھ ماشہ صبح نہار منہ ہمراہ لسی کا ٹھی تین یوم کھلائیں ۔

ہر قسم پیٹ کے کیڑے رفع ہوں گے ۔

ناک کے کیڑے رفع کرنے کی عمدہ ترکیب

ہوالشافی : آب برگ نیاز بو نتھنوں میں میں ڈالیں اور مریض کو اوندھا لٹا دیں تا کہ ناک سے کیڑے باہر نکل کر گر جائیں ۔

شراب ، بھنگ اور افیون کا نشہ ختم

۱۔ شراب کا اثر ختم کرنے کے لیے پھٹکڑی سفید ایک تولہ دودھ میں گھول کر فوری پلائیں ۔

۲۔ بھنگ کا نشہ ختم کرنے کے لیے سرسوں کا تیل دونوں کانوں میں ڈالیں ۔

۳۔ افیون کا نشہ ختم کرنے کے لیے پھٹکڑی سفید چھ ماشہ پانی میں گھول کر پلائیں ۔

گلے کی سوزش کے لیے مفید ترین غرارے

ہوالشافی : نیم گرم پانی میں نمک حل کر کے صبح و شام غرارے کریں تا کہ گلے کی اچھی طرح ٹکور ہو جائے ۔ عمدہ ترکیب ہے ۔ ادویہ سے زیادہ موثر ہے ۔

بواسیری مسوں کو ختم کرنے کا ٹیکہ نمبر۱

ہوالشافی : قادر مطلق نے کنگ کی رال میں بواسیر کو دور کرنے کی قدرت رکھی ہے ۔ رال حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک پالتو کتے کو خوب دوڑایا جائے جب وہ ہانپنے لگ جائے تو اسے کھڑا کر کے اس کے منہ کے نیچے پلیٹ رکھ دیں ۔ ہانپتے ہوئے کتے کی رال پلیٹ میں گرتی رہے گی ۔ اسے اکٹھا کر لیں ۔

پانچ بوند رال کتا میں ڈسٹلڈ واٹر ملا کر مسے کی جڑ میں انجکشن لگائیں ۔ مسے تین دن کے اندر اندر جھڑ جائیں گے ۔ انشاء اللہ ۔

بواسیری مسوں کو ختم کرنے کا ٹیکہ نمبر۲

● ہوالشافی : کاربالک ۲۵ قطرے ۔ روغن زیتون ۲½ تولہ ۔

روغن زیتون گرم کر کے کاربالک ایسڈ ملا دیں ۔ ٹیکہ تیار ہے ۔

سب سے پہلے اس مسے میں ٹیکہ لگائیں جس سے خون خارج ہو رہا ہو ۔

ایک مسہ میں پانچ سی سی ٹیکہ لگائیں ۔ مسہ مرجھا کر ختم ہو جائے گا ۔ زیادہ مسوں کی صورت میں ہر ہفتہ بعد عمل کریں ۔

دھونی بواسیر

بواسیری مسے صرف تین یوم میں ختم ۔

ہوالشافی : رسکپور ، دار چکنا ، شنگرف رومی ہموزن کا سفوف تیار کریں ۔

یہ سفوف کسی قسم کا نقصان پہنچائے بغیر موٹاپے کو دور کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے جسم کا بھدا پن جاتا رہتا ہے۔ اور آہستہ آہستہ جسم کی چربی گھل جاتی ہے۔ دوا مسلسل کھل جاتی ہے۔

اکسیر میعادی بخار ●

تپ محرقہ (میعادی بخار) خسرہ چیچک کے بخاروں میں آنکھیں بند کر کے دے دیجئے۔ شفاء ہاتھ باندھے حاضر ہوگی۔ انشاءاللہ

ھوالشافی: چینی سفید ۴ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ مگھاں ۱ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ دارچینی ۳ ماشہ سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک ایک رتی سے ایک ماشہ دن میں تین مرتبہ شہد میں ملا کر یا ہمراہ دودھ۔

اکسیر بخار خاص

● ماسوائے تپ محرقہ کے ہر قسم کے بخاروں کے لیے مجرب۔

ھوالشافی: گئو دنتی ۵ تولہ پھٹکری سفید، قلمی شورہ، نوشادر ہر ایک اڑھائی اڑھائی تولہ۔ شیر مدار ۱۰ تولہ۔

سب ادویہ کو باریک کر کے ایک کڑاہی میں ڈالیں۔ پھر شیر مدار (آک کا دودھ) ڈال کر تیز آنچ پر رکھیں (دھواں اٹھے تو آنکھوں کو بچائیں) حتیٰ کہ دوائی سیاہی مائل سرخ ہو جائے۔ دوا تیار کرتے وقت سیخ سے دوا کو ہلاتے جائیں۔ باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار ۲ سے ۴ رتی ہمراہ دودھ یا پانی تازہ دن میں تین مرتبہ۔

جلنس ندا چڑھے بخار کو اتارتے اور اترے ہوئے کو دوبارہ چڑھنے سے روکتا ہے۔ علاوہ ازیں نمونیہ کے لیے بھی مجرب ہے۔

سرطان کے لیے طبی چٹکلہ خواہ کسی قسم کا ہو

جدید تحقیقات کے مطابق غذا میں انڈوں کا استعمال سرطان کے خلاف مؤثر دفاع ہے۔

نوٹ: ایلومونیم کے عام مروجہ برتنوں کا استعمال موجب سرطان ہے۔ فرنگی ذہن اس برتن سے سرطانی زہر کو دور کرنے میں ناکام رہا ہے۔ اسی بنا پر سلور کے برتنوں کا استعمال بند ہونا چاہیے۔ جدید ریسرچ کے مطابق "دھماسہ بوٹی" کا استعمال سرطان کے لیے مفید ہے۔

● قولنج، درد سول میں سرد پانی پینا موت کو دعوت دینا ہے۔

● غذا میں اچار وغیرہ ترشیاں بکثرت استعمال ہوں تو بڑھاپا جلدی آتا ہے۔

ملاحظہ فرمائیں ۔

طلاء اسرار الباہ

نہایت سریع الاثر کامیاب نسخہ ہے۔ بنانے سے پہلے ہی اس طلاء کے اجزاء آپ کو اس کی کامیابی کی دلیل دیں گے۔ عموماً تین یا چار ہی روز میں کامیابی ہو جاتی ہے۔ سریع الاثر اس قدر ہے کہ پہلی یا دوسری رات میں اس کے استعمال سے شہوت بے قرار کر دیتی ہے۔ مجلوق اور کمزور مریضوں کے جملہ نقائص کو نہایت کامیابی سے رفع کرتا ہے۔ نافرمان بیوی کو شوہر کا فرمانبردار بنانے والا اسراری طلاء ہے۔ کمزور سے کمزور نازک عضو کو لوہے کی لاٹھ بناتا ہے اسی لیے اس کا نام طلاء اسرار الباہ رکھا گیا ہے۔ عرصہ دراز سے میرے مطب میں تیار رہتا ہے۔ سینکڑوں مریض اس سے فیضیاب ہو چکے ہیں۔ طلاء اسرار الباہ کے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء: گوشت کڑک ناتھ مرغ ایک سیر۔ کڑک ناتھ مرغ وہ ہوتا ہے جو بالکل سیاہ جس کے پیر اور پنجے بھی سیاہ ہوتے ہیں۔ گوشت مع چربی کچھوہ ایک سیر۔ گوشت سانڈہ مع چربی ایک سیر۔ خراطین مصفیٰ ½ سیر۔ بیر بہوٹی ½ سیر۔ جونک خشک ½ سیر۔ گوشت رہو مچھلی ایک سیر۔ مالکنگنی ایک سیر۔ شنگرف ۵ تولہ۔ سم الفار سفید ۵ تولہ۔ عاقرقرحا ایک پاؤ۔ قرنفل ½ پاؤ۔ شیر آک ایک پاؤ۔ شیر تھوہر ایک پاؤ۔ زردی بیضہ مرغ ۲۵ عدد۔ روغن کنجد ½ سیر۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو ایک پرات میں ڈال کر خوب لت پت کر کے ۴ گھنٹے پڑا رہنے دیں۔ تاکہ تمام اجزاء آپس میں مل جائیں تو تمام ادویہ کو ایک روغنی ہانڈی میں جس کے پیندے میں پانچ یا سات سوراخ کر لیے گئے ہوں اور ان سوراخوں میں اسٹیل جس سے عورتیں برتن مانجھتی ہیں لگا دیں۔ اور وہ تمام ادویہ اس ہانڈی میں ڈال دیں اور سرپوش دے کر گل حکمت کر دیں۔ اب ایک گڑھا اتنا کھودیں کہ ہانڈی کا پیندا اس میں آ جائے۔ گڑھے کو پانی سے خوب تر کر دیں اور اس میں ایک پیالہ رکھ دیں اور اوپر ہانڈی رکھ کر گڑھے اور ہانڈی کے پیندے کو ہلکا سا لیپ کر دیں کہ کوئی چنگاری گڑھے میں گر کر کشید شدہ تیل کو نہ جلا دے۔ اور ہانڈی کے ارد گرد اوپلے چن دیں اور آگ لگا دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر احتیاط سے ہانڈی ہٹا کر گڑھے سے پیالہ نکال لیں انشاء اللہ تیل ملے گا۔

یہی تیل طلاء اسرار الباہ ہے۔ معالج جب تصعید، کشید اور تیل جیسی کشتہ سازی جیسی صعوبتوں سے گزرتا ہے تب جا کر اپنے آپ کو حکیم کہلانے کا حقدار کہلاتا ہے۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت تین یا چار قطرے عضو پر ڈال کر حشفہ اور سیون بچا کر مالش کریں اور برگ پان یا ارنڈ نیم گرم کر کے عضو پر لپیٹ کر کے پٹی باندھ دیں۔ صبح کو کھول دیں۔ استنجا کے لیے گرم پانی استعمال کریں۔ ٹھنڈا پانی عضو پر نہ لگنے دیں۔

نوٹ: بے نظیر مجربات اسرار مخفیہ کا خزانہ دلچسپ معلوماتی جنسی امراض اور ان کے علاج پر مکمل اور جامع معلوماتی کتابچہ ایک خط لکھ کر مفت حاصل کریں۔

(بقیہ: ورم دماغ)

میں نکال کر شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر تخم ریحان ۶ ماشہ چھڑک کر پلائیں۔ بیماری کے ازالہ کے بعد کمزوری کے ازالہ کے لیے دواءالمسک معتدل جواہر والی ۵ ماشہ صبح نہار منہ دیں۔ شام کو خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا ۵ ماشہ دیں۔ دماغ کی تقویت کے لیے خشکی ہٹانے کے لیے روغن کدو اور روغن بادام کی مالش کریں۔

غذا اور پرہیز

سرسام کی حالت میں غذا بالکل نہ دیں افاقہ ہونے کے بعد آش جو مونگ کی پتلی دال دیں نرم کھچڑی شوربا چپاتی دیں۔ ہر قسم کی گرم اور محرک اشیاء تیز روشنی شور و غل غم و غصہ اور دماغی محنت سے پرہیز ضروری ہے۔ آرام آنے کے بعد بھی مرغن ثقیل دیر ہضم روغنی اشیاء سے اجتناب کریں۔ سبزی گوشت سادہ خوراک استعمال کرائیں۔

• مُجرّباتِ ناشری

ناشر حمید، راشد مراد، رفا کالونی پہاڑپور، براستہ زیتون، بیانج ضلع جھنگ

• استمنا کیونکر ایک راز کا انکشاف

ہوالشافی: مغز ملک آملہ سارہ بتر ایک حصہ۔
مرچ سیاہ ۲ حصہ۔
باریک ترین سفوف تیار کریں۔ بمقدار چار رتی شہد میں ملا کر صبح دس بجے شام پانچ بجے ہمراہ دودھ یا چائے استعمال کرائیں۔

دردوں کے لیے اکسیری تیل

ہوالشافی: ست پودینہ ایک تولہ۔ روغن کلونجی یا روغن زیتون ایک پاؤ۔
تیل گرم کر کے ست پودینہ ملا کر محفوظ رکھیں۔ جائے درد پر مالش کریں۔ دردوں کے لیے تمام مالشوں کا نچوڑ۔

درد گردہ کے لیے کامیاب چٹکلہ

ہوالشافی: ڈیکوڈیل ٹی والا لے کر کے کیپسول بھر لیں۔
ایک کیپسول ہر تین گھنٹے بعد ہمراہ پانی صرف تین کیپسول کھلائیں۔
مریض کو نیلے رنگ کا پیشاب آئے گا اور درد گردہ رفع ہو جائے گا۔

تیزابیت / السر معدہ کی دوائی

ہوالشافی: کلونجی، ہلدی، ملٹھی، سونف برابر وزن۔
½ سے ایک چائے کا چمچ صبح دوپہر و شام بعد از غذا دیں۔ دوا کا مسلسل استعمال ضروری ہے۔

• پتھری گردہ و مثانہ کی دوائی

ہوالشافی: ۱۰۰ گرام بھا گوکھرو ایک تولہ۔ نمک خوردنی ایک بیر۔
بڑے کیپسول بھر لیں۔ ایک کیپسول صبح ایک کیپسول شام۔

ہمراہ پانی تازہ۔

• سلسل البول کے لیے عجیب الاثر نسخہ

ہوالشافی: ... کالا ... دو تولہ۔ طباشیر ایک تولہ
ایک تولہ حب نخودی تیار کریں۔
مقدار ایک گولی صبح ایک گولی شام۔
جو مریض پیشاب کا ضبط نہ کر سکتا ہو اور بار بار حاجت ہوتی ہو ایسی حالت میں اکسیر ہے۔

• اکسیر چنبل و دھدر

دھدر و چنبل کے موثر مرہم۔
ہوالشافی: پارہ ایک تولہ۔ سم الفار سفید ایک تولہ۔
تیزاب گندھک پانچ تولہ۔ ہر سہ اجزاء کو آتشی شیشی (ربل کا ٹیوب صاف کریں) یا تام چینی کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب تیزاب خشک ہو جائے اتار کر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔
بمقدار ایک ماشہ ویزلین ۵ تولہ میں ملا کر مرہم تیار کریں۔
مقام ماؤف کو صاف کر کے کھرچ کے اوپر تھوڑی سی مرہم لگا دیں۔ چند ہی روز میں مرض کا نام و نشان نہیں رہتا۔ مجرب ترین مرہم ہے۔

بواسیری مسوں کو ختم کرنے کے لیے صرف سات پڑیاں

ہوالشافی: سم الفار سفید ایک ماشہ۔ برگ بھنگ تین ماشہ۔ باریک پیس کر جملہ ادویہ کی سات پڑیاں بنا لیں۔
بعد از فراغت حاجت ایک پڑیہ روزانہ مقعد پہ رکھ کر لنگوٹ باندھ دیں۔ سات روز کے استعمال سے مسے

درد رک جاتی ہے

[illegible] کا مکمل علاج

ہوالشافی: [illegible] ایک عدد پانی میں گھس کر [illegible] سا [illegible] پر لیپ کریں۔ جب آبلہ [illegible] ہو اور [illegible] لگاتے رہیں۔ زخم درست ہو جائے گا۔

مرہم بار تیل تیار کرنا

ہوالشافی: ایک [illegible] آئل (مٹی کا تیل) ایک حصہ۔ تیل سرسوں تین حصہ۔ باہم ملالیں تیار ہے۔ بوقت شب جسم کے ننگے حصوں پر لگائیں۔ مچھروں سے بچاؤ کے لیے مدد دیتا ہے۔

ضعفِ جگر کے لیے طبی چٹکلہ

ہوالشافی: دہی کا پرانا اچار ایک چھٹانک کا ٹکڑا۔ دودھ [illegible] آدھ سیر میں ستور دیں۔ جائیں اور صبح اسے [illegible] کر چینی ملا کر نہار منہ پلائیں۔ مجرب ہے۔

طلسمی لونگ (امساک شدید)

ہوالشافی: تخم دھتورہ سیاہ ۵ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۵ تولہ۔ [illegible] ۵ تولہ۔ لونگ کلاں ایک تولہ۔

ماسوائے لونگ کے ہر سہ ادویہ کو بوقت شب ایک سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں جب پاؤ بھر پانی باقی رہ جائے تو ایک تولہ لونگ ڈال دیں اور آگ پر پکائیں۔ یہاں تک کہ تمام پانی خشک ہو جائے۔ پھر لونگ نکال کر سایہ میں رکھ کر خشک کر کے محفوظ رکھیں۔ ضرورت سے دو گھنٹے پہلے ایک لونگ ہمراہ دودھ نیم گرم۔

وقتی امساک شدید ہے۔ مجرب ہے۔

درد کان کے لیے طبی چٹکلہ

ہوالشافی: مٹی کا تیل اور سرسوں کا تیل برابر وزن ملا لیں اور بوقتِ ضرورت چند قطرے نیم گرم کان میں ڈالیں۔ فوراً درد بند ہو گا۔

بال بسنری کے لیے طبی چٹکلہ

ہوالشافی: پشکری سرخ بریاں بمقدار چار رتی فی خوراک

صبح و شام ہمراہ پانی تازہ یا اسپغول کے لعاب کے ساتھ [illegible] دیں۔ [illegible] تیار ہے۔

روغن جلندر و ناسور

جلندر و ناسور کے لیے مجرب روغن۔

ہوالشافی: [illegible] ۵ تولہ۔ [illegible] ایک اینٹ ۱ تولہ۔ باہم ملا کر دھوپ میں رکھیں۔ روغن تیار ہے۔ جلندر و ناسور میں بتی تر کر کے رکھیں۔ [illegible] روزانہ ایک مرتبہ عمل کریں۔

گلقند آفتابی بنانے کا طریقہ

ہوالشافی: جن پھولوں کا گلقند بنانا مقصود ہو تازہ لے کر ایک حصہ اور دو حصہ [illegible] شکر سفید [illegible] دو چالیس یوم تک دھوپ میں رکھیں۔ اس [illegible] ہاتھوں سے مل جائیں۔ بس گلقند آفتابی تیار ہے۔

مقدار خوراک: پانچ تولہ رات سوتے وقت کھلائیں۔

اکسیر دمہ نمبر ۲

ہوالشافی: [illegible] زنجبیل ہم وزن۔ لونگ کلاں دار۔ کوزہ مصری ہر ایک ایک ماشہ۔ الائچی خورد سات عدد کے دانے۔ باریک پیس کر کوٹ کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول مکھن میں تین دن متواتر پھر تین دن ناغہ۔ پھر تین دن متواتر پھر تین دن ناغہ۔ پھر تین دن متواتر پھر تین دن ناغہ۔ کل نو مرتبہ دوا کھانا ہے۔ دمہ کے لیے مجرب نسخہ ہے۔

قوت باہ کا نادر نسخہ

ہوالشافی: [illegible] ایک تولہ کو آب برگ کریلہ دس تولہ اور آب لہسن دس تولہ میں کھرل کر کے دانہ ماش کے برابر گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح ہمراہ مکھن ۵ تولہ بعد از ناشتہ

قوت باہ کی نادر گولیاں ہیں۔

دورانِ استعمال دودھ گھی کا بکثرت استعمال جاری رکھیں۔

ذیابیطس شکری کے لیے مخصوص جڑی بوٹی

ہوالشافی: گڑمار بوٹی ذیابیطس کی مخصوص جڑی بوٹی ہے۔ سفوف بنا کر بقدار تین ماشہ فی خوراک صبح و شام ہمراہ پانی تازہ استعمال کریں۔ قابل بھروسہ دوا ہے۔

دائمی برتھ کنٹرول کے لیے

● نسخے کا پتہ "زہرہ مجاوٗ"

ہر دو کان میں دو دو قطرے ڈالنے سے عورت بانجھ ہو جاتی ہے۔

شفاء الملک حکیم مولوی رشید احمد خان صاحب مرحوم نے ماہنامہ ہمدرد صحت دہلی ۱۹۴۳ء میں بڑی تمہید کے ساتھ شائع کروایا تھا۔

مانع اسقاط حمل انگشتری

ہوالشافی: چاندی یا سونے کی انگوٹھی میں زمرد کا نگینہ جڑ کر حاملہ اپنی انگلی میں پہن لے تو اسقاط حمل نہیں ہوگا اور بچہ وقت معین پر پیدا ہوگا۔

قوت مردانہ و شجاعت کے لیے عمل

ہوالشافی: یاقوت سرخ گردن میں حمائل کریں۔ قوت مردانہ، مردانگی اور شجاعت و ہمت پیدا ہوتی ہے۔

پتھری گردہ و مثانہ کے لیے جڑی بوٹی کا کمال

ہوالشافی: بکھن بوٹی ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۷ دانہ۔ پیس چھان کر نمک ملائے بطور گھوٹا استعمال کریں۔

ایسی ایک خوراک صبح دس بجے اور دوسری خوراک شام چار پانچ بجے استعمال کریں۔

پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی۔ انشاءاللہ

نوٹ: اس گھوٹے کے ساتھ کوئی دوسری سنگ شکن دوا بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔

خارش خصیہ کے لیے طبی چٹکلہ

ہوالشافی: نیم کی نمولی کا تیل جائے متاثرہ پر لگانا ازحد مفید ہے۔

بال بڑھانے کے لیے طبی چٹکلہ

ہوالشافی: بال بڑھانے کے لیے نیم اور بیری کے پتے پیس کر بطور مہندی لگائیں اور چار گھنٹے بعد سر دھولیں۔

شبکوری (اندھراتا) کے لیے طبی چٹکلہ

ہوالشافی: سیاہ مرچوں کو توے پر ڈال کر اوپر سے سوئی سے چھید دیں اور نیچے آگ جلائیں۔ جب مرچیں جل جائیں تو خوب باریک پیس لیں۔ رات سوتے وقت سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔ انشاءاللہ چند ہی یوم میں مرض کا خاتمہ ہو جائے گا۔

نوٹ: شبکوری کے مریض کو مچھلی کے تیل کے کیپسول جو بازار میں اڈیکسولین ساختہ گلیکسو لیبارٹریز دستیاب ہیں۔ استعمال کرنے چاہئیں۔

فولاد کی ترکیب

بواسیر خونی بکثرت حیض اور استحاضہ کے لیے مفید ترین ہے۔

ہوالشافی: گندھک آملہ سار اور کشتہ فولاد ہموزن باہم ملا کر خوب کھرل کریں۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: دو رتی سے چار رتی ہمراہ مکھن یا دودھ دن میں دو مرتبہ۔

● سفوف مقئی خاص

دمہ کے لیے قے آور نسخہ۔

قلمی شورہ اور سرخ کاہی ہموزن لے کر ایک کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب باہم ایک دوسرے میں جذب ہو جائیں تو کڑاہی اتار لیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ زرد سفوف تیار ہوگا۔

بوقت شب نرم غذا دیں۔ صبح نہار منہ بمقدار ایک رتی ہمراہ پانی تازہ کھلائیں دوا کے تھوڑی دیر بعد قے شروع ہو جائے گی۔

قے بند کرنے کے لیے کوزہ مصری کا شربت بنائیں جس میں دودھ گھی ملا کر پلائیں۔

مجرّبات

حکیم محمد نواز بی۔ اے کوارٹر نمبر 15/1 - E ہاؤسنگ کالونی اسکندر آباد تحصیل و ضلع میانوالی

خاکسار بیمار ہونے کی وجہ سے اپنے تجربات ارسال نہیں کر سکا اب قدرے ٹھیک ہوں ۔ میرے مجربات ناکام ہوں تو بڑی خوشی سے شکوہ شکایت کر سکتے ہیں ۔

مجربات درد ہر قسم

ہوالشافی : سونٹھ ایک چھٹانک ۔ گائے کی لسی ایک کلو میں سونٹھ بھگو دیں ۔ ایک ہفتہ کے بعد لسی سے سونٹھ نکال کر پانی سے دھو لیں اور سکھا لیں پھر گائے کے گھی میں بھون لیں جلے نہیں پھر باریک پیس کر محفوظ کر لیں یہ ایک تحفہ ہے۔ بدن میں بادی نہ رہے گی۔ بدن کا ہر درد اور جو غذا کھائیں گے بڑے پیشاب سے برامد ہوں آئے گی ۔ یہاں تک کہ مجلس میں بیٹھے ہوئے ہوا اگر خارج ہو جائے تو اہل مجلس کو بو نہیں آئے گی۔ صدری راز ہے ۔ استعمال چٹکی بھر پانی سے لے لیں ۔ چائے سے لے لیں ۔ جوڑوں کے درد کے لیے آزمودہ تحفہ ہے ۔ بنائیں اور دعا دیں ۔

بھوک خوب لگے گی جسم میں بادی نہ رہے گی۔

اکسیر معدہ

ہوالشافی : انار دانہ ۱۰۰ گرام فلفل دراز ، دھنیا خشک زیرہ سفید ، اجوائن دیسی ، سونٹھ ہر ایک ۱۰۰،۱۰۰ گرام ۔ جاوتری ۳۰ گرام ۔ گلاب کے پھول ۱۲۰ گرام ۔ تیز پات ، ناگ کیسر ، دارچینی ہر ایک ۳۰، ۳۰ گرام ۔ نمک سیاہ ۲۰ گرام ۔ ست پودینہ ۳ گرام ۔ مصری ۷۰۰ گرام ۔

سب کو باریک کر کے ملا لیں ۔

بڑوں کے لیے ۶ ماشہ ۔ اور چھوٹے بچوں کے لیے ۴ رتی پانی سے دیں ۔ انشاءاللہ مرتے دم تک پیٹ کی تکلیف نہ ہو گی ۔ کھایا پیا ہضم ہوگا۔

بہترین نسخہ ہدیہ اسرار حکمت کے خریداروں کے لیے ایک تحفہ ہے ۔ بنا کر خدمت خلق کریں اور بندہ کے حق میں دعا کریں ۔

اکسیر کینسر

ہوالشافی : سم الفار کانی ایک تولہ ۔ بکرا کے پتے ۶۰ عدد میں سم الفار کھرل کریں اور لاکھوں انسانوں کو کینسر کے مریضوں کا علاج کریں ۔

سم الفار کانی کھرل میں باریک کر کے ایک ایک پتہ کا پانی ڈال کر کھرل کرتے رہیں ۔ جب ۶۰ پتے بکرے کے ختم ہو جائیں تو اس سفوف کو محفوظ کر لیں ۔ مریض کینسر کے لیے کالے رنگ کی گائے کا گھی تلاش کریں ۔ پہلے مریض کو حلوہ کھلا کر اوپر سے صرف ایک تنکہ ذرا بھر مکھن میں ڈال کر کھلا دیں اور اوپر سے ایک چھٹانک کالی گائے کا دودھ ½ کلو میں ملا کر پی لیں۔

انشاءاللہ تعالے کینسر کا مادہ ختم ہو کر خون صاف ہو جائے گا۔

یہ ایک سنیاسی کا عطا کردہ ہے جو کہ ایک سو بیس سال ہو کر فوت ہوا ہے ۔ اس نے قرآن پر ہاتھ رکھ کر مجھے عنایت کیا اور بندہ اسرار حکمت کے خریداروں کی نظر کر رہا ہے ۔

ہومیو پیتھی کا کمال

(دعائیں دماغ قسطنطنیہ کی سپیشلسٹ ہوں)

ڈاکٹر طاہر احمد، طاہر کلینک، طارق روڈ — شیخوپورہ

۱۔ کان کی ہر تکلیف کے لیے بالخصوص پردہ میں سوراخ موجود ہو تو — سلیشیا ۱۰۰۰ کی ایک خوراک دیں۔ فرق نہ پڑے تو مزید ایک خوراک پہلی خوراک سے ایک ہفتہ بعد دیں۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔ ماہر ڈاکٹروں کے زیر علاج رہنے کے بعد صحت مند نہ ہونے والے مریض اس دوا کے معجزانہ اثرات کے قائل ہو چکے ہیں۔

۲۔ ایسا سرخی مائل پھوڑا جس میں ابھی ریشہ نہ پڑا ہو اور پھوڑا سخت ہو تو — بیلاڈونا ۲۰۰ صبح دوپہر شام ۵، ۵ قطرے پانی میں ملا کر دیں اور آرام ہونے پر بند کر دیں۔

۳۔ کثرت حیض بہ رنگ سرخ ساتھ کمزوری ہو تو — چائنہ مدر، ۵، ۵ قطرے صبح دوپہر شام پانی میں ملا کر پلائیں۔ مجرب اور بہترین دوا ہے۔

۴۔ بچے کی پیدائش کے بعد بلیڈنگ بند نہ ہوں تو سیلفرو ۲۰۰ دن میں تین مرتبہ دیں۔ بس تین خوراک ہی کافی ہیں انشاء اللہ بلیڈنگ بند ہو جائے گی۔

۵۔ پیدائش میں تاخیر ہو رہی ہو تو کالوفائیلم ۲۰۰ کی تین خوراک دیں۔

۶۔ مریض بچہ ہو یا جوان اگر پتلے اسہال آرہے ہوں اور ساتھ خون یا آؤں ہوں تو — مرکیورس سال ۳ مدر صبح دوپہر شام پلائیں شفا ہوگی۔

۷۔ نامردی یا سرعت انزال یا انتشار کی کمی ہو تو — بلاجبک لائیکو پوڈیم ۲۰۰ صبح دوپہر شام تین دن دیں پھر ہفتہ میں ایک خوراک دیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مذکورہ بالا امراض نہ رہیں گے۔

۸۔ عام جسمانی کمزوری کے لیے ہومیو ٹانک — فیرم فاس، کالی فاس، کلکیریا فاس 6x ملا کر دن میں تین مرتبہ کھلائیں۔ ایک ہفتہ کا استعمال کافی ہے لیکن اگر مریض زیادہ کمزور ہو تو دو تین ہفتے استعمال کروائیں۔

نوٹ: قارئین حضرات میاں شاہد اکبر نقشبندی کے توسط سے دوسری مرتبہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ قبول فرمائیں نیز جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں۔

• مُجرّب تر مُجرّبات

حکیم و ڈاکٹر منظور احمد ، نور پور تھا ، وراستہ برکی لاہور کینٹ

معزز قارئین ! اسلام علیکم ورحمۃ اللہ
کافی عرصے سے میں رسالہ اسرارِ حکمت کے ذریعے آپ جیسے معزز دوستوں تک اپنے تجربہ شدہ مجربات پہنچانے کی جسارت کرتا رہتا ہوں ! میری ادنیٰ سی کاوش آپ لوگوں کو ضرور پسند ہوگی۔ میری دعا ہے کہ آپ بھی دکھی انسانیت کی خدمت کے لیے اپنے سینے میں دفن مجربات رسالہ اسرارِ حکمت کے ذریعے لوگوں تک پہنچا کر دین و دنیا میں نیک نام حاصل کریں ۔
عزیز ساتھیو رزق نسخوں میں نہیں ہے ۔ بلکہ اللہ تعالےٰ تو رزق پتھروں میں کیڑے کو بھی دیتا ہے ۔ اس مرتبہ میں پھر چند مجربات لے کر حاضرِ خدمت ہوا ہوں ۔ جوابی لفافہ بھیج کر مشورہ مفت حاصل کریں ۔

• برائے بواسیر

بواسیر خونی و بادی کے لیے بہترین نسخہ ہے استعمال کریں اور دعاؤں میں یاد رکھیں ۔
بواسیر کے علاوہ دوسرے کئی امراض میں بھی استعمال کر سکتے ہیں ۔
نسخہ : صبر ا چھٹانک ۔ تخم نیم ½ پاؤ ۔ کرنجوہ ½ پاؤ ۔ تمہ ا چھٹانک ۔ رسونت مصفا ½ چھٹانک ۔
ترکیب : تمام ادویہ کو باریک کوٹ چھان کر یلالیں اور شہد یا گھیکوار کے پانی سے گولیاں بقدر چنا بنالیں ۔
خوراک : ۲ گولی صبح تازہ پانی سے اور ۲ گولی شام کو کھانا کھانے کے بعد ۔
پرہیز : بادی ، گرم ، مرغ مرچ ، بڑا گوشت وغیرہ سے مکمل پرہیز کریں ۔

جریان ، احتلام

کثرت انزال کی وجہ سے مردانہ کمزوری کے لیے بہترین اور مایہ ناز دوا ہے ۔ کمر درد بوجہ جریان کے لیے بھی مفید و آزمودہ ہے ۔ پیشاب کی مایہ ناز دوا ہے ۔
نسخہ : ثعلب مصری ۳ تولہ ۔ بہمن سرخ ۳ تولہ ۔ موصلی سفید ۲ تولہ ۔ سنگھاڑہ ۲ تولہ ۔ چینی کباب ۳ تولہ ۔ تالمکھانہ ۳ تولہ ۔ کشتہ قلعی سرو فروٹ والا ۲ تولہ ۔
ترکیب : تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور مصری ۲۰ تولہ ملا کر رکھ لیں ۔
خوراک : ۲ ماشہ صبح خالی پیٹ آدھا کلو نیم گرم دودھ سے اور ۲ ماشہ شام کو کھلائیں ۔
۲۰ دن مکمل کورس کریں ۔

اِمساک

• جریان ، احتلام ، مردانہ کمزوری کے لیے لاجواب ہے ۔ اور سپرفارما کی بہترین دواؤں میں سے ہے ۔ بوقتِ ضرورت طلب کر سکتے ہیں ۔
نسخہ : موصلی سفید ۲ تولہ ۔ کشتہ قلعی ۔ اگر ہم ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ ۔ عقرقرحا ۲ تولہ ۔ لونگ ا تولہ ۔ جزاطین معتبی ½ تولہ ۔ زعفران ا تولہ ۔ ورق نقرہ ایک درجن ۔ منقیٰ حسبِ ضرورت ۔
ترکیب : تمام ادویات کو باریک پیس کر سفوف بنالیں ۔ اور منقیٰ کے بیج نکال کر مکس کر لیں اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں ۔
خوراک : ۲ گولی صبح ۲ گولی شام نیم گرم دودھ سے دیسی گھی ڈال کر کھائیں ۔

حکیم ذوالفقار محمود
دواخانہ دارالشفاء دکان نمبر ۱۲۷ القمر مارکیٹ شیخوپورہ

روح المجربات

مردوں کے بیماریاں اور ان کا علاج

احتلام

آج کے دور میں فحش فلمیں دیکھنا نیم عریاں عورتوں کی طرف سارا دن دیکھتے رہنا سیکسی ناول پڑھنا یا سیکسی باتیں کرنے سے گندے خیالات دماغ میں رہتے ہیں۔ رات کو بصورت خواب اُن کو نظر آتا ہے کہ حسین نازنین پہلو میں ہے اس سے ہم گفتگو ہونے اور خواب وخیالات میں ہی جماع کرنے کے بعد ان کی مراج کا پانی بستر پر نکل جاتا ہے۔ آنکھ کھلتی ہے تو دیکھتے ہی کہہ دیتے ہیں شیطان نے بہکا دیا ہے اسی کو احتلام کہتے ہیں بعض اوقات لونڈے بازی مشت زنی اور زیادتی مباشرت سے منی پتلی ہو جاتی ہے ذرا سی رگڑ اور خواب وخیالات میں بوس وکنار سے منی خارج ہو جاتی ہے بلکہ میرے پاس ایسے بھی مریض آئے جن کو جاگتے میں احتلام ہو گیا یہ ایک خطرناک مرض ہے اس کا علاج جتنی جلد ہو سکے کرنا چاہیے۔ اس کا قدرتی علاج خیالات کی پاکیزگی ہے اور بنیادی علاج کا نسخہ میاں شاہد اکبر نقشبندی کے اصرار پر دو سو سال پرانا خاندانی نسخہ حاضر خدمت ہے دعا دیں نقشبندی صاحب کو جو قدیم اور مجرب نسخہ جات جو حکیموں کا ذریعہ روزگار ہیں اور ہیروں سے زیادہ قیمتی کوڑیوں کے مول بلکہ مفت بغیر کسی لالچ کے آپ کے گھروں تک قیمتی پہنچانے کا ذریعہ بنے ہیں۔ نسخہ حاضر خدمت ہے۔

حب کل موتی ●

اجزاء: کافور دیسی، برگ موتی خالص، گیرو۔

تینوں ہم وزن لے کر خوب باریک پیس لیں۔ گوند کیکر میں ایک یوم کھرل کر کے دانہ ماش کے برابر گولیاں تیار کریں۔

روزانہ صبح دوپہر شام ایک ایک گولی تازہ دودھ کے ہمراہ دیں کسی بھی دوا سے نہ ہٹنے والا احتلام اس دوا سے بفضلہٖ رفع دفع ہو جاتا ہے۔

سفوف جریان

اجزاء: ثعلب مصری، موصلی سفید، تالمکھانہ، پھلی کیکر خام، بیوپھلی، چھلکا ہرڑ، چھلکا بہیڑہ، چھلکا آملہ۔

ان سب کو علیحدہ علیحدہ سفوف کر لیں چھان کر یکجا کریں۔

خوراک: ایک تولہ رات سوتے وقت ہمراہ دودھ۔

کورس دو ہفتہ۔

فوائد: قبض سے پیدا ہونے والے جریان کا نام ونشان ختم ہو جائے گا۔ منی مذی اور ودی کا اخراج رک جائے گا۔ گردے قوی ہو جائیں گے۔ بار بار پیشاب کا آنا موقوف ہو جائے گا۔ الغرض جریان کی وجہ سے جو شکایات لاحق ہو جاتی ہیں بالکل رفع ہو جائیں گی۔

یہ نسخہ اکسیر اعظم ہے معمول مطب ہے۔

[illegible] بادام

برگ بوٹی کے پتے ۲ عدد، مغز بادام ۱ عدد، دانہ [illegible] ۱ عدد، کالی مرچ ۱ عدد۔ ½ پائی میں گھوٹ کر مصری ملا کر پلا دیں۔

کورس ایک ماہ۔

فوائد: عقل زیادہ کرے حافظہ تیز کرے، انسان کو غیرت مند بنائے، دماغ کو طاقت دے، دل ودماغ کی اور تمام جسم کی گرمی خشکی دور کرے، مصفی خون ہے، کوڑھ [illegible] کے لیے بھی مفید ہے۔

حب نقشبندی ●

اجزاء: کل موتی ۱ تولہ، مشک کافور ۳ تولہ، مازو ۶ ماشہ۔

ان تینوں اجزا کو بذریعہ کھرل تین یوم رگڑائی کریں اور حب

بقدر دانہ ماش بنائیں۔

صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ سادہ پانی۔

فوائد: سیلان منی، ذکاوت حس، احتلام، جریان، سیلان الرحم، ریح الکلیہ۔

کورس ایک ہفتہ جماع سے مکمل پرہیز۔

یہ نسخہ جناب میاں شاہد اکبر نقشبندی کے ذریعہ مجھ تک پہنچا۔ اس کو میں نے بنایا مریضوں پر آزمایا سو فیصد درست ثابت ہوا یہ نسخہ میرے مطب میں خاص مقام رکھتا ہے اسی وجہ سے اس نسخہ کا نام حب نقشبندی رکھ دیا۔ اللہ تعالیٰ ان کو اس نسخہ کے بدلہ میں اعلیٰ مقام دے۔ آمین

اکسیر احمر

زاج سفید ۵۰ گرام۔ قلمی شورہ ۵۰ گرام۔ پھٹکری بریاں ۵۰ گرام۔ تینوں اجزا کو کوٹ لیں اور کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور جلاتے جائیں۔ جب سرخ رنگ نکل آئے تو نیچے اتار کر ٹھنڈا ہونے دیں اور سفوف تیار کر لیں۔

خوراک: صبح نہار منہ ۲ ماشہ ہمراہ دہی کی لسی۔

فوائد: جگر کی خرابی، جگر کا خون نہ بنانا، پیشاب جل کر آنا، ہاتھ پاؤں کی جلن، مثانہ کی گرمی، ابتدائی سوزاک، معمول مطب عرصہ ۲۰۰ سال سے زیر استعمال۔

مُجرّب نُسخہ جات

حکیم محمد رفیق ـــ کسوکے روڈ، حافظ آباد

حبِ مقوی خاص ارزاں بے ضرر

جو کہ بیک وقت مولد، مغلظ اور زیادتی منی کو دور کرتی ہیں۔ درد کمر بھی دور کرتی ہیں۔ جریان اور سیلان مستورات کو مجرب ہیں۔

تالمکھانہ ا تولہ۔ تج ا تولہ۔ مگرکس ا تولہ۔ گوند ببول ا تولہ۔ کتیرا ا تولہ۔ سب ادویہ باریک کر کے شیر برگد میں ملا کر حب بقدر کنار صحرائی بنائیں۔

ایک گولی عصر کے وقت کھائیں۔ اور شام کے بعد پاؤ دودھ ۲ تولہ مصری ملا کر پلائیں۔

ذکاوتِ حس ●

جب ذکاوت حس حد سے بڑھی ہوئی ہو۔ اور ذرا سی رگڑ بھی گراں گذرے۔ مزاج میں تیزابیت بہت زیادہ ہو یعنی عصب کی رگیں دردکرتی ہوں۔ تو یہ نسخہ بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ اور یہ ہر قسم کے مضر اثرات سے پاک ہے۔

نسخہ: صدف کافوری ایک تولہ۔ اسرول (چھوٹی چندن) ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: اول چھوٹی چندن باریک کر کے ازاں بعد کشتہ صدف شامل کریں۔ اور پانی کی مدد سے حب بقدر ۲ رتی بنالیں۔

استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام پانی یا دودھ کے ہمراہ۔

طریقہ کشتہ صدف مذکور: صدف مرواریدی ۵۰ گرام۔ شب کافور پاؤڈر ۳۰ گرام۔

کلیہ میں کافور نصف نیچے درمیان صدف رکھ کر بقیہ کافور اوپر ڈال کر گل حکمت کر کے آتش ۵ سیر اوپلے کی دیں۔ ذکاوت حس، جریان، احتلام، سوزاک کے لیے اکسیر اعظم ہے۔

روغن بیضہ طباطبائی

● نیلا تھوتھا ۶ ماشہ۔ شنگرف رومی ا تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۷ عدد سے حل کر کے یک جان کر کے فرائی پان میں رکھ کر روغن حاصل کریں۔ فرائی پین پہلے دیسی گھی سے چپڑ لیں۔ آگ نرم رکھیں۔

خوراک: ایک سے ۲ قطرے روزانہ بالائی یا مکھن میں استعمال کریں۔ اور ۲ یا ۳ قطرے بطور طلاء استعمال کریں۔

فرائی پان میں جو فضلہ باقی بچے کھرل کر کے حب نخودی تیار کرلیں۔ ایک گولی دودھ سے روزانہ۔

بڑی عمر کی نامردی، سستی (بڑھاپا) کے لیے بہترین ہے۔ پیاس کی شدت ہو تو دودھ پلائیں۔

کشتہ نقرہ

چورہ ورق نقرہ یا چاندی تب کو نیل نیم میں خوب سحق کر کے ٹکیہ بنائیں اور دھوپ میں خشک کر کے دو پیالوں میں بند کر کے ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گی۔ ورنہ دوبارہ ایک بار کریں۔

خوراک: ایک سے ۲ رتی تک جریان، سوزاک کے لیے از حد مفید ہے۔ مکھن ۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

حب مسک زعفرانی

یہی اوپر والا کشتہ چاندی ایک ماشہ۔ ورق طلاء ۴ رتی۔ مشک عمدہ خالص ا ماشہ۔ افیون ا ماشہ۔ زعفران ا ماشہ۔ شنگرف مدبر ا ماشہ۔ دارچینی ا ماشہ۔ مازو ا ماشہ۔ ریگ ماہی ۸ رتی۔

کرتا چلا جا رہا ہے۔ ہم تابع ورلڈ بینک ہیں۔ ہم فرمان آئی ایم ایف قبول کرنے پر مجبور ہیں۔ قرض لیتے رہنا اور اسے ڈیولپمنٹ کے لیے اس کو عنوان دینا دانش مندی نہیں ہے۔ ہم غلط طاقوت کے اسیر ہوتے چلے جا رہے ہیں۔

طبی اور شرعی طور پر دن کا ترک کر کے ہم ایک طرف صحت مند ہو جائیں گے اور دوسری طرف اغذیہ و اشربہ، گوشت اور دودھ، گیہوں اور دالیں وغیرہ باہر سے منگوانے سے بچ جائیں گے۔ رات دن سود کو گالیاں دے کر بھی ہمارے ہاتھوں میں مشروبات سود ہیں اور ہم رات دن یہ مشروبات نوش جاں کر رہے ہیں اور اپنی منافقت پر ذرا شرم ہمیں نہیں آ رہی ہے۔ حد ہے کہ اب آئس کریم برطانیہ کی ہے۔ اب چکن امریکہ کی ہے۔ پیزا اٹلی کا ہے۔ دودھ ہالینڈ کا ہے۔ گوشت آسٹریلیا کا ہے۔ چائے سری لنکا کی ہے۔ کر پیاز بھارت کا ہے۔

پھر ہمارا کیا ہے؟

اہل وطن! ہم کدھر جا رہے ہیں؟

ہوشیار باش، پاکستان نیلامی پر چڑھ رہا ہے۔

خبردار، ایسا نہ ہو کہ سیاست و قیادت پاکستان کو فروخت کر دے اور تم کو کانوں کان خبر نہ ہو۔

حالات وطن کا تقاضا ہے کہ خبردار رہا جائے اور آزادی وطن کی حفاظت کی خاطر ایثار و قربانی سے کام لیا جائے۔ وطن کی خاطر کئے جانے والے اس ایثار میں دوپہر کے کھانے کا ترک کیا جانا بھی شامل ہونا چاہیے۔

کثرتِ پیشاب دُور

یہ کمزوری مثانہ کا مرض ہے۔ سونف، ہرڑ سبز ہموزن باریک کر کے دن میں دو مرتبہ صبح شام بمقدار تین ماشہ دو ماہ تک پانی یا دودھ سے استعمال کرائیں۔ دن یا رات کو پیشاب بار بار آتا ہو یا بچوں کو خواب میں نکل جاتا ہو۔ آرام آ جاتا ہے۔

• رزاقیہ صدری مُجرّبات

حکیم محمد حسین قادری، ڈسپنسری رولڑ ساہیوال

سفوف السر

• اجزائے ترکیب: اسپند ۵ گرام۔ اجوائن ۱۰ گرام، بکلوبی ۱۰ گرام۔ قطرہ حیات ۵۰ قطرہ۔

قطرہ حیات اجزاء: ست اجوائن ۱۰ گرام، ست پودینہ ۱۰ گرام، کافور ۱۰ گرام شیشی میں باہم ملا لیں۔

ترکیب تیاری: اوپر والے اجزاء باریک کریں اور قطرہ حیات کے ۵۰ قطرے ڈال دیں بس تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ نیم گرم پانی دن میں دو بار۔

فوائد: معدہ کی سوزش، درد معدہ، درد جگر، معدے کا السر، ہچکی، تبخیر معدہ ان امراض کے لیے فوری اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ تجربہ شاہد ہے۔

حب مسہل

اجزائے ترکیب: ریوند عصارہ ۱۰ گرام، صبر ۲۰ گرام، مصطگی رومی ۵ گرام، سقمونیا ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: اجزاء کا سفوف کر کے عرق گلاب میں مرچ سیاہ کے برابر گولی بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو گولی ہمراہ گرم پانی یا چائے کے ساتھ رات کو سوتے وقت۔

سفوف جریان

اجزاء: موصلی سفید، ثعلب مصری، تقاقل مصری، تالمکھانہ، تخم اٹنگن، تخم ریحان، کشتہ قلعی، نبات سفید ہموزن سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام صبح ۱۰ گرام شام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

فوائد: دھات، احتلام، سرعت انزال، جریان نیز جراثیم پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

آدھ کلو کی آگ دیں۔ اور اسی طرح تین بار شراب برانڈی میں کھرل کر کے آگ دیں۔

یشب کشتہ ۲۵ گرام۔ اقاقیا خود ساختہ ۲۵ گرام۔ طباشیر خالص ۲۵ گرام۔ مغز جامن ۲۵ گرام۔ مغز مونگ پھلی خالص ۲۵ گرام۔ مغز چلغوزہ ۲۵ گرام۔ گزمار بوٹی ۲۵ گرام۔ بسنگ دانہ مرغ دیسی ۱۰ عدد۔ افیون خالص کچی ۱۵ گرام۔ کشتہ فولاد رس جامن والا ۱۰ گرام۔ کشتہ شاخ مرجان چاندی والا ۲۵۰ گرام۔ زعفران خالص ۲ گرام۔ ورق سونا خالص ۳ گرام۔ سلاجیت خالص ۲۵ گرام۔

تمام ادویہ باریک پیس کر جامن پختہ کا رس نکال کر رکھ دیں اور جب گاد تہ نشین ہو جائے تو اوپر سے نتھار لیں ایک بوتل رس جامن جذب کریں اور چار چار رتی کے کیپسول بھر لیں۔ ایک ایک کیپسول صبح شام ہمراہ دودھ گرم۔

• آزمودہ مجربات

عامل حکیم محمد بشیر چشتی — چشتی اکسیر دواخانہ، ایوب چوک سرگودھا روڈ، نزد کارخانہ برف والی، جھنگ صدر

■

امساک بے مثال، لذت باکمال

یہ نسخہ مکمل آزمائش شدہ ہے کئی بار اس کا تجربہ کیا۔ مفید پایا۔ محنت طلب ہے۔

کافور، سیماب، سہاگہ دس دس گرام لیں۔ آب برگ گل سورج مکھی ۵۰ گرام میں مسلسل کھرل کریں کہ کالے رنگ کا لیسدار سیاہ بن جائے۔ پارہ ناپید ہو جائے۔ یعنی نظر نہ آئے لیں تیار ہے۔

۳ گھنٹے قبل عضو تناسل پر لیپ کر کے جذب کرا دیں۔ پھر جماع کریں بہت امساک پیدا ہوگا خوب لذت آئے گی۔

خاص الخاص نسخہ

● آرد تخم کونچ ۲۵۰ گرام۔ سفوف تخم اٹنگن ۲۵۰ گرام۔ سفوف تخم حرمل ۲۵۰ گرام۔ سفوف زعفران خالص ۵ گرام۔ دودھ بھینس خالص دو کلو۔ دودھ میں پکا کر کھویا بنا لیں۔

پھر اس کو بھینس کے ۲۵۰ گرام گھی میں بریاں کر لیں۔ پھر چار کلو مصری کی چاشنی کر کے ملا کر ۵۰، ۵۰ گرام کے لڈو بنا لیں۔ کھانا کھانے کے دو تین گھنٹے بعد ایک لڈو کھا لیا کریں۔ پھر کچھ نہ کھائیں پیئیں۔

اور ان تینوں نسخوں کا کرشمہ دیکھیں سرعت انزال دور ہو گا قوت باہ خوب پیدا ہوگی۔ منی گاڑھی ہوگی۔ بیویاں شادی کا جماع میں بیحد لذت ملے گی۔ یہ امداد وہی طاقت ہے۔ جن لوگوں کو جماع میں لذت نہ ملتی ہو کھائیں۔ جماع بے حد طاقتور ہو جائے گا۔ عورتوں کا غرور توڑ دیں گے۔ اس نسخے کے کرشمے دیکھ کر حیران ہو جائیں گے۔ ایک بار بنا کر ضرور تجربہ کریں۔

●

• مجربات تاثیری

تاثیر حیدر، کوٹ مراد، ڈاکخانہ چہارلپور، براستہ تریموں ہیڈ، ضلع جھنگ

معجون کچلہ خاص

ریحی دردوں کو دور کرنے والی حیرت انگیز دوا۔ گنٹھیا، دردکمر، عرق النساء، لقوہ، فالج، ادھرنگ، قبض، ضعف اشتہا، اعصابی کمزوری، تقویت باہ کے لیے مجرب۔

ہوالشافی: کچلہ مدبر، فلفل سیاہ، فلفل دراز، دارچینی، ونگ، مغز جائفل، گوگل، تربد سفید، سورنجان شیریں، اسنادگی ہر ایک ہموزن لے کر علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر باہم ملالیں۔ پھر اس کے سہ چند شہد خالص لے کر قوام کریں۔ معجون تیار ہے۔

مقدار ایک ماشہ رات سوتے وقت ہمراہ دودھ نیم گرم۔ مریض کو پورا ایک چلہ کھلائیں۔ دوران استعمال دودھ گھی کا استعمال زیادہ رکھیں۔

اورل ری ہائیڈریشن سالٹ مکسچر

بچوں میں بوجہ اسہال جسم میں پانی کی کمی دور کرنے کے لیے مفید محلول۔

ہوالشافی: پانی تقریباً ایک سیر ابلا ہوا ٹھنڈا کیا ہوا۔ آٹھ چمچ دانے دار چینی۔ نصف چمچ خوردنی نمک۔

باہم ملالیں اور بچوں کو تھوڑی تھوڑی دیر بعد پلاتے رہیں بچوں کے جسم میں بے آبی دور کرنے کے لیے موثر و مجرب مکسچر ہے۔

ناسور کی پاوڈر •

برائے خرابی خون موثر دوا۔

ہوالشافی: سندھور، پھٹکڑی سفید، مردار سنگ، سنگ جراحت ہر ایک دو دو تولہ۔ نیلا تھوتھا چھ ماشہ۔

تمام ادویہ کو کوٹ کر کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ ادویات پگھل کر پگھلاہن جائیں گی۔ نکال کر باریک پیس لیں۔ گلابی سے رنگ کا پاوڈر تیار ہوگا۔

مقدار خوراک: دو سے چار رتی صبح و شام ہمراہ پانی تازہ۔

ناسور، پھوڑا، پھنسی و دیگر ہر قسم کے زخموں کے لیے موثر و مجرب۔

حب صرع حکیم اجمل خان صاحب والی

بچوں اور بڑوں کی مرگی کے لیے جناب حکیم اجمل خان صاحب کی خاص دوا۔

ہوالشافی: کندر، بیلوا، جندبیدستر ہموزن۔ نخودی گولیاں تیار کریں۔ بچوں کے لیے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ بڑوں کے لیے نخودی گولیاں۔

ایک گولی فی خوراک دن میں تین مرتبہ۔
بچوں کے لیے ایک گولی فی خوراک دن میں تین مرتبہ۔

مرگی کا دورہ دور کرنا

مریض کے سر کو ہاتھوں سے زمین سے اٹھالیں مگر صرف ایک انچ اس سے زیادہ نہیں۔ دو تین مرتبہ سر کو ہلکی ہلکی جنبش سے ہلایا جائے۔ دورہ ختم ہو جائے گا۔

روغن صحبت

ہوالشافی: دانہ بیر بہوٹی اڑھائی تولے کر پندرہ تولہ روغن گاؤ میں جلائیں۔ جب سیاہ ہو جائے آگ سے اتار کر دونوں کو خوب گھوٹ کر محفوظ رکھیں۔

ضرورت کے وقت ماشہ بھر روغن عضو پر لگا کر جماع کیا تو مرد اور عورت میں بے انتہا لذت پیدا کرتا ہے۔ استعمال کرکے فائدہ اٹھائیں۔

قوت امساک پیدا کرنے کا خاص عمل

۱۔ مباشرت کے وقت جب انزال ہونے پر آ گئے تو حرکات بند کر کے زور زور سے سانس اوپر کو کھینچئے۔ چند مرتبہ کے عمل سے امساک پیدا ہوگا۔

۲۔ جماع کے وقت اپنے خیالات بدل دیجئے مثلاً کسی سوچ بچار میں پڑ جائیے اور دماغ کا رخ کسی دوسری طرف منتقل کر دیجئے امساک بڑھ جائے گا۔

چٹکی خاص

صرف پانچ منٹ قبل از جماع ایک چٹکی اندام نہانی میں رکھنے سے بلا مبالغہ دس بچوں کی ماں چودہ پندرہ سالہ دوشیزہ معلوم ہوتی ہے۔ اندام نہانی کی تمام رطوبت خشک کر کے تنگ کرتی ہے۔

ہوالشافی: مازو، گل انار، مائیں خورد، مازریون، پھٹکڑی بریاں ہموزن لے کر سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

صلاحیہ نقرہ خاص

مقوی اعضائے رئیسہ و شریفہ۔

ہوالشافی: ورق نقرہ دو دفتری، طباشیر، ست گلو، دانہ الائچی خورد، زہر مہرہ خطائی، ہر ایک چھ ماشہ۔ عرق گلاب میں باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ رتی ہمراہ مکھن نہار منہ۔

سفوف الائچی مرکب

• بخاروں کا تریاق کامل ہے۔ ہاضمہ کو تقویت دیتا ہے۔ اعصابی کمزوری دور کرتا ہے۔ امرتی اثرات کا سرمایہ دار ہے۔

ہوالشافی: دانہ الائچی خورد، ست گلو، طباشیر ہموزن سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: چار رتی سے ایک ماشہ ہمراہ عرق سونف دن میں تین خوراک۔

• حب کیمیائے خاص نمبر ۲

تقویت باہ کے لیے صرف سات گولیاں۔

ہوالشافی: کشتہ سم الفار سفید چھ ماشہ، سلاجیت کالا دار ایک تولہ، دانہ الائچی کلاں دو تولہ، مغز بادام مقشر شیریں تین تولہ، مرچ سیاہ برابر گولیاں بنائیں۔ تھوڑا سا موبر منقی ڈال لیں۔ ایک گولی صبح ہمراہ مکھن پانچ تولہ بعد از ناشتہ صرف سات یوم۔

نسوار بجلی

• سر درد، درد شقیقہ، نزلہ و زکام و مرگی کے لیے بجلی اثر فوری نسوار۔

ہوالشافی: پوٹاشیم پرمینگنیٹ تین ماشہ، سوڈا بائیکارب ایک پاؤ۔

نسوار تیار کریں۔ ایک رتی بھر نسوار لینے سے بے شمار چھینکیں آئیں گی اور مواد خارج ہو کر آرام ہوگا۔

استقرار حمل کے لیے مجرب طبی ٹوٹکہ نمبر ۱

ہوالشافی: تخم شونیز بمقدار چار ماشہ۔ صبح و شام ہمراہ پانی بعد از فراغت حیض ایک ہفتہ استعمال کریں۔ بعدہٗ مباشرت کریں۔ حمل قرار پا جائے۔ اول تو پہلے ماہ ہی ورنہ دوسرے یا تیسرے ماہ ضرور استقرار حمل ہوگا (انشاء اللہ)

استقرار حمل کے لیے مجرب طبی ٹوٹکہ نمبر ۲

ہوالشافی: مغز جائفل باریک پیس کر سات پڑیاں بنائیں۔

بعد از فراغت حیض ایک پڑیہ روزانہ برائے سات یوم استعمال کریں بعدہٗ مباشرت کریں۔

اول تو پہلے ماہ ہی ورنہ دوسرے یا تیسرے ماہ ضرور استقرار حمل ہوگا۔ (انشاء اللہ)

• مقوی معجونوں کا اعلیٰ ترین بدل

ہوالشافی: دو انڈے مرغی تازہ کو گرم گرم دودھ میں پھینٹ کر خالی پیٹ ناشتہ کے طور پر کچھ دیر پئیں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں۔ قیمتی سے قیمتی اور مقوی معجونیں اس کے سامنے ہیچ ہیں۔ تولید منی اور قوت باہ بڑھانے کے لیے بہترین غذا و دوا۔

جملہ وٹامن سیرپ سے بہتر غذا و دوا

- ہوالشافی: ایک تولہ شہد میں نیم گرم دودھ ملا کر روزانہ رات سوتے وقت استعمال کریں۔

شہد ایک قدرتی وٹامن سیرپ ہے۔ ایسا سیرپ کہ دنیا بھر کے سائنسدان اور ڈاکٹر صاحبان مل کر ایسا سیرپ ہرگز تیار نہیں کر سکتے۔ جہاں وٹامن کی ضرورت پیش آئے شہد استعمال کریں۔ جملہ مروجہ وٹامن سیرپ سے کہیں زیادہ بہتر غذا و دوا ہے۔

جوہر کمی خاص

آتشک جیسی موذی مرض کے دفعیہ کے لیے لاجواب تحفہ ہے۔

ہوالشافی: رسکپور، شنگرف، دار چکنا اور سم الفار ہر ایک ایک تولہ لے کر آب ادرک یا آب حنظل میں کھرل کر کے خشک کر کے حسب دستور جوہر اڑائیں۔ بعدہٗ محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: نصف چاول سے ایک چاول تک حلوے میں لپیٹ کر یا کیپسول میں بند کر کے ہفتہ عشرہ تک ہمراہ دودھ استعمال کروائیں۔ پرانی سے پرانی آتشک کو جڑ سے اڑا دیتا ہے۔

کشتہ جات کے لیے بدرقہ خاص

- ہوالشافی: خمیرہ گاؤزبان سادہ کشتہ استعمال کرنے کے لیے بہترین بدرقہ ہے۔

خمیرہ گاؤزبان تیار کرنا

تقویت قلب و دماغ، خفقان وسواس و مالیخولیا کی شکایت دور کرنے کے لیے مشہور قرابادینی نسخہ۔

ہوالشافی: گاؤزبان، گل گاؤزبان، کشنیز خشک، ابریشم خام مقرض، بہمن سرخ، بہمن سفید، صندل سفید، تخم بالنگو، تخم فرنجمشک، بادرنجبویہ ہر ایک ایک تولہ۔

دو سیر پانی میں رات کے وقت بھگو دیں۔ صبح کو جوش دے کر چھان لیں۔ اور کوزہ مصری ایک سیر، شہد خالص ایک پاؤ ملا کر قوام بنائیں۔ اور خوب گھوٹیں خمیرہ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک تولہ خمیرہ صبح کے وقت ایک چاندی کے ورق میں لپیٹ کر عرق گاؤزبان کے ہمراہ استعمال کیا کریں۔

کشتہ جات کے لیے بہترین بدرقہ ہے۔ جسمانی قوت مدافعت بڑھانے کے لیے موثر ترین خمیرہ ہے۔

کشتہ طلاء (سونا) یہ ترکیب انگریزی گولڈ کلورائیڈ کا قائم مقام

ہوالشافی: ورق سونا تین ماشہ لے کر ایک آتشی شیشی (بجلی کا فیوز بلب صاف کردہ) میں ڈالیں۔ پھر اس میں تیزاب گندھک اس قدر ڈالیں کہ ورق خوب تر بتر ہو جائیں اسے ایک پاؤ اوپلوں کی آگ جبکہ دھواں نکل چکا ہو، میں رکھیں۔ جب تیزاب اڑ جائے تو اتار کر دیکھیں اگر سونا خاکستر ہو چکا ہو تو بہتر ورنہ دوبارہ تیزاب حسب طریق سابق ڈال کر رکھیں۔

تیزاب کے اڑ جانے کے بعد اوپلوں کے سرد ہونے تک شیشی کو پڑا رہنے دیں۔ بغیر چمک کے کشتہ تیار ہوگا۔ یہی گولڈ کلورائیڈ کا قائم مقام ہے۔

مقدار خوراک: ایک چاول سے دو چاول ہمراہ مکھن کھانے سے۔

اعلیٰ درجہ کا مقوی اعضائے رئیسہ و شریفہ ہے۔

کشتہ چاندی خاص

- اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ اور مشتہی ہے۔ بطور جنرل ٹانک روزمرہ کا معمول۔

ہوالشافی: سم الفار سفید، گندھک آملہ سار، برادہ چاندی تیزابی صفوت کردہ۔

ہر ایک ایک تولہ لے کر ایک کٹھالی سناروالی میں گل حکمت کر کے ایک سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا مقام پر آگ دیں۔ بے تیغ خوردہ کشتہ بہ رنگ سرخ برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک: دو سے چار چاول ہمراہ مکھن ایک چھٹانک

دست اسہال

حکیم محمد شاہد حمید پورہ کالونی ۳ مکان ۱۵۹ نزد پاشا بکر ہاؤس کے بالمقابل میر پور خاص، سندھ

یہ ایک خطرناک مرض ہے۔ اس مرض سے پاکستان میں خاص اموات واقع ہوتی ہے۔ اس مرض میں انسان بے حد کمزور ہو جاتا ہے۔ اور جسم انسانی میں پانی اور نمکیات کی کمی ہو جاتی ہے جس سے موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔

ناواقف اشخاص دستوں کو معمولی بیماری سمجھتے ہیں اور علاج نہیں کرواتے اسی غفلت کی وجہ سے انسان کی جان بڑی مشکل ہو جاتی ہے۔

اس مرض کے درج ذیل اسباب ہوتے ہیں۔

خراب اور گندے پانی کا استعمال۔ وقت بے وقت کھانا۔ زیادہ مرچ مصالحہ ثقیل یا باسی غذا یا کثرت گوشت خوری۔ آنتوں میں صفرا کا زیادہ گرنا۔ چھوٹی آنتوں کے فعل کی خرابی یا آنتوں کی کمزوری۔ تبدیلی موسم۔ ملیریا بخار کا زہر جسم میں سرایت کر جانا۔ زیادہ فکر و غم۔ آنتوں میں خراش اور ورم کا ہونا۔

مرض کی علامات: جی متلاتا ہے۔ ترش ڈکاریں آتی ہیں۔ زبان میلی ہوتی ہے۔ پیٹ میں قراقر مروڑ درد اور نفخ ہوتا ہے۔ بار بار پتلے دستوں سے مریض کمزور ہو جاتا ہے۔ مریض کو پیاس کی شدت ہوتی ہے۔ کرب اور بے چینی زیادہ ہوتی ہے۔

علاج: مریض کو دست شروع ہوتے ہی او۔ آر۔ ایس یا نمکول ملا پانی استعمال کروائیں۔ نیز درج ذیل نسخہ استعمال کروائیں۔

- **نسخہ:** خستہ چاکسو ۲۵ گرام۔ آم کی گٹھلی کی مینگ ۵۰ گرام۔ سونف بھنی ہوئی ۵۰ گرام۔ تینوں چیزوں کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔

خوراک: ۵ گرام صبح ۵ گرام دوپہر اور ۵ گرام شام یہ سفوف پانی سے کھائیں۔

درج ذیل اشیاء سے پرہیز کریں۔

چائے، انڈا، مرغی، گوشت، گرم مصالحہ، مرچ، بھنڈی، اروی، آلو، مچھلی، گڑ وغیرہ۔

درج ذیل غذا استعمال کریں۔

ساگودانہ، مونگ کی نرم کھچڑی، گیہوں کا پتلا دلیا، ڈبل روٹی، بسکٹ، کیلا وغیرہ۔

نوٹ: کتاب سے نقل شدہ نسخہ ثابت کرنے والے قارئین کو انعام دیا جائے گا۔

بیاضِ مہتاب

حکیم مہتاب حسین ہاشمی، نزد آرمر کالونی ۱۲۰، رحیم آباد نوشہرہ کینٹ

امراضِ نسواں

یہ کورس کی صورت میں ہے۔ یہ کورس دو حصوں پر مشتمل ہے۔ اس شمارے میں اس کورس کا حصہ اول پیش کیا جا رہا ہے۔ یہ کورس ان خواتین کے لیے جو اولاد جیسی نعمتِ خداوندی سے محروم ہیں۔ اس کورس میں پہلے حیض کی درستگی کا خیال رکھا گیا ہے اور پھر بعد میں رحم کی خامیوں کو درست و نابود کرنے کے لیے مجربات پیش ہیں۔

اسپیشل کیپسولز

● یہ کیپسولز خواتین کے جملہ امراض رحم کے لیے نہایت مفید ہیں۔ مثلاً کمی حیض، حیض کا وقت پر نہ آنا، بے قاعدگی حیض کا کھل کر نہ آنا، کمی خون حیض کا درد سے آنا اور اختناق الرحم کے لیے اکسیر ہے۔ رحم کی جملہ خرابیوں کے لیے کثیر الفوائد ہے۔ اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء: مرمکی ۴ تولہ۔ جند بید ستر ۳ تولہ۔ ریوند خطائی ۲ تولہ۔ جلکار ۲ تولہ۔ زیرہ سفید ۲ تولہ۔ چندال ڈوڈہ ۲ تولہ۔ تخم سداب ۲ تولہ۔ زعفران ۲ تولہ۔ جوز بوا ۲ تولہ۔ رتنابی ۲ تولہ۔ کشتہ فولاد نوٹ والا ۲ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو خوب کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور کیپسولز میں بھر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک کیپسول صبح دس بجے اور ایک کیپسول شام ۵ بجے نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ حیض کے آنے سے تین دن پہلے استعمال شروع کروا دیں اور دوران حیض استعمال جاری رکھیں۔

نوٹ: یہ کیپسول اسقاط حمل کی خاصیت بھی رکھتے ہیں۔ احتیاط سے استعمال کریں۔

سفوف نسواں

● یہ سفوف درستگی رحم، ورم رحم، رحم کو اولاد پیدا کرنے کے قابل بناتی ہے۔ جملہ امراض نسواں سیلان الرحم، بے قاعدگی، کمی خون، خون کا درد کے ساتھ آنا، اسقاط حمل، کمر درد، سر درد، اعصاب شکنی، ہسٹریا، متلی، قے اور گھبراہٹ کے لیے اکسیر مجرب۔ یہ سفوف اسپیشل کیپسولز کے استعمال کے بعد حیض سے فارغ ہو کر ۲۱ دن تک استعمال کریں۔

اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔

بہمن لال، دانہ الائچی خورد ا تولہ۔ کشتہ بیضہ مرغ ا تولہ۔ اسگندھ ا تولہ۔ ریشم برگد ا تولہ۔ برادہ صندل سفید ا تولہ۔ شاہترہ ا تولہ۔ برگ نیم ا تولہ۔ کاسنی ا تولہ۔ اجوائن ا تولہ۔ مرمکی ا تولہ۔ ایلوا ا تولہ۔ بادرنجبویہ ا تولہ۔ برگ مکو ا تولہ۔ تخم سنبھالو ا تولہ۔ پرسیاؤشاں ا تولہ۔ بادیاں ا تولہ۔ مجیٹھ ا تولہ۔ برنجاسف ا تولہ۔ چینی ۶ تولہ۔

تمام اجزاء کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر کپڑ چھان کر کے وزن درست کر کے اچھی طرح ملا لیں۔

طریقہ استعمال: ۶ ماشہ سفوف نسواں رات کو سوتے وقت اور ۶ ماشہ سفوف نسواں صبح نہار منہ پانی سے استعمال کریں۔ ۲۱ دن تک استعمال کروائیں۔ انشاء اللہ رحم قابل تولید ہو جائے گا۔

حلفیہ مجربات

حکیم ولی محمد مغل، اسلامی دواخانہ قائد اعظم روڈ، گوجرہ

اکسیر احمر

ہوالشافی: نوشادر ٹھیکری، قلمی شورہ، ہیرا کسیس، گئودنتی، پھٹکڑی سرخ، ہموزن ۵۰، ۵۰ گرام۔

تیاری: تمام کو کوزہ میں بند کر کے ۵ کلو کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہوگا پیس کر رکھ لیں۔

خوراک: ایک ماشہ۔ ملیریا کے لیے دودھ کے ساتھ کھانسی کے لیے شربت بنفشہ کے ساتھ۔ پیشاب کے لیے شربت بزوری یا کچی لسی کے ساتھ۔ جگر کے لیے شربت دینار کے ساتھ صبح و شام دیں۔ عرصہ ۵۰ سال سے زیر استعمال ہے۔ ۸ دن میں رنگت سرخ ہوگی اور معدہ قوی ہوگا۔

اکسیر بخار

ہوالشافی: پھٹکڑی سرخ ۵۰ گرام۔ گئودنتی سفید ۵۰ گرام۔

تیاری: دونوں کو درڑ درا کر کے کڑاہی میں ڈالیں اور اوپر لائم واٹر ایک لٹر تھوڑا تھوڑا کر کے ڈالیں اور بذریعہ آگ خشک کریں۔ لائم واٹر ختم ہونے پر تھوڑی سی نمی رہنے دیں اور لڈوؤں جیسے قرص بنا کر کوزہ میں ڈال کر گل حکمت کر کے ۲۰ کلو کی آگ دیں۔ رنگت گلابی سرخ یا سفید ہوگی۔

خوراک: ۱ ماشہ اگر بخار کے ساتھ کھانسی ہو تو شربت بنفشہ کے ساتھ دیں۔ ملیریا اکیلا ہو تو چائے کے ساتھ دیں۔ نزلہ زکام ختم ہوگا ہمراہ شربت بنفشہ دیں۔

اکسیر معدہ

ہوالشافی: لونگ مدار تازہ ۵۰ گرام۔ اجوائن دیسی ۵۰ گرام۔ نمک سیاہ ۵۰ گرام۔

تیاری: لونگ مدار کو اجوائن کے ساتھ کوٹ لیں۔ اور نمک ملائیں اور پھر کوٹیں۔ تمدار سفوف ہوگا۔ دھوپ میں سکھالیں پھر پیس لیں۔

خوراک: ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ۔

فوائد: ہیضہ اسہال، تبخیر معدہ، اعصابی کمزوری کے لیے مفید ہے۔ نیز کمزوری معدہ ہر قسم میں مفید و مجرب ہے۔

الکیمیا

میاں شاہد اکبر نقشبندی

قارئین کرام کیمیا کا یہ نسخہ مشیر الاطباء ۱۹۳۱ء کے خاص نمبر میں شائع ہوا تھا۔ کچھ دوستوں کے اصرار پر حاضر خدمت ہے۔ ذاتی طور پر کیمیا سے لاتعلق ہوں۔ شکریہ!

▪

ایک عدد خرمہرہ یعنی کوڑی کلاں لیں۔ لیکن کوڑی کی پشت شکستہ نہ ہو تاکہ دوا نکل نہ جائے۔ اس کوڑی میں پارہ بقدر ۱ ماشہ ڈال کر اوپر بوٹی دودھی خورد کا دودھ نکال کر اس قدر ڈالیں کہ کوڑی دودھ سے پُر ہو جائے۔ پھر کوڑی کے منہ کو آٹے سے خوب بند کر کے گل حکمت کر لیں تاکہ آگ سے کوڑی ٹوٹ نہ جائے اور ایک سیر پختہ اوپلے لے کر ان کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنا کر محفوظ مقام پر کوڑی کو درمیان میں رکھ کر آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر رکھیں۔ انشاء اللہ پارہ خالص چاندی بنا ہوا ہوگا۔ آزمائش شدہ ہے۔ نیز اوپلوں میں کوڑی کو رکھتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ اس کوڑی کا منہ اوپر کو ہو۔ ایسا نہ ہو کر منہ نیچے کی طرف ہو کر دودھ بہہ جائے۔ احتیاط رکھیں۔

یادداشت: ایک دن میں آدمی صرف ایک کوڑی کو دودھ سے پُر کر سکتا ہے۔ کیونکہ اس بوٹی سے تھوڑی مقدار میں دودھ نکلتا ہے۔ جو دودھ نکلے۔ اُس کو کوڑی میں پارہ پر ڈالتے جائیں۔ یہ طریقہ اگرچہ محنت طلب ہے مگر تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ یہ بوٹی اکسیری روح سے خالی نہیں ہے۔ جو حضرات کیمیا کے وجود کے منکر ہیں۔ وہ ضرور تجربہ کریں۔

• علقیہ مجربات

حکیم ولی محمد مغل، اسلامی دواخانہ قائد اعظم روڈ، گوجرہ

اکسیر احمر

ہوالشافی: نوشادر ٹھیکری، قلمی شورہ، ہیرا کسیس، گئودنتی، پھٹکری سرخ، ہموزن ۵۰، ۵۰ گرام۔

تیاری: تمام کو کوزہ میں بند کر کے ۵ کلو کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہوگا پیس کر رکھ لیں۔

خوراک: ایک ماشہ۔ ملیریا کے لیے دودھ کے ساتھ کھانسی کے لیے شربت بنفشہ کے ساتھ۔ پیشاب کے لیے شربت بزوری یا کچی لسی کے ساتھ۔ جگر کے لیے شربت دینار کے ساتھ صبح و شام دیں۔ عرصہ ۵۰ سال سے زیر استعمال ہے۔ ۸ دن میں رنگت سرخ ہوگی اور معدہ قوی ہوگا۔

اکسیر بخار

ہوالشافی: پھٹکری سرخ ۵۰ گرام۔ گئودنتی سفید ۵۰ گرام۔

تیاری: دونوں کو دڑدڑا کر کے کڑاہی میں ڈالیں اور اوپر لائم واٹر ایک کلو تھوڑا تھوڑا کر کے ڈالیں اور بذریعہ آگ خشک کریں۔ لائم واٹر ختم ہوتے ہوتے پر تھوڑی سی تری رہنے دیں اور لڈو کی جیسے قرص بنا کر کوزہ میں ڈال کر گل حکمت کر کے ۲۰ کلو کی آگ دیں۔ رنگت گلابی، سرخ یا سفید ہوگی۔

خوراک: ۱ ماشہ اگر بخار کے ساتھ کھانسی ہو شربت بنفشہ کے ساتھ دیں۔ ملیریا اکیلا ہو تو چائے کے ساتھ دیں۔ نزلہ زکام ختم ہوگا ہمراہ شربت بنفشہ دیں۔

اکسیر معدہ

• ہوالشافی: لونگ، مدار تازہ ۵۰ گرام۔ اجوائن دیسی ۵۰ گرام۔ نمک سیاہ ۵۰ گرام۔

تیاری: لونگ مدار کو اجوائن کے ساتھ کوٹ لیں۔ اور نمک ملائیں اور پھر کوٹیں۔ تمدار سفوف ہوگا۔ دھوپ میں سکھائیں پھر پیس لیں۔

خوراک: ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ۔

فوائد: ہیضہ، اسہال، تبخیر معدہ، اعصابی کمزوری کے لیے مفید ہے۔ نیز کمزوری معدہ ہر قسم میں مفید و مجرب ہے۔

الکیمیا

میاں شاہد اکبر نقشبندی

قارئین کرام کیمیا کا یہ نسخہ مشیر الاطبا ۱۹۳۱ء کے خاص نمبر میں شائع ہوا تھا۔ کچھ دوستوں کے اصرار پر حاضر خدمت ہے۔ ذاتی طور پر کیمیا سے لاتعلق ہوں۔ شکریہ!

•

ایک عدد خرمہرہ یعنی کوڑی کلاں لیں۔ لیکن کوڑی کی پشت شکستہ نہ ہو تاکہ رواثل نہ جائے۔ اس کوڑی میں پارہ بقدر ۱ ماشہ ڈال کر اوپر بودھی خورد کا دودھ نکال کر اس قدر ڈالیں کہ کوڑی دودھ سے پُر ہو جائے۔ پھر کوڑی کے منہ کو آٹے سے خوب بند کر کے گل حکمت کر لیں تاکہ آگ سے کوڑی ٹوٹ نہ جائے اور ایک سیر پختہ اوپلے لے کر ان کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنا کر محفوظ مقام پر کوڑی کو درمیان میں رکھ کر آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر رکھیں۔ انشاء اللہ پارہ خالص چاندی بنا ہوا ہوگا۔ آزمائش شدہ ہے۔ نیز اوپلوں میں کوڑی کو رکھتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ اس کوڑی کا منہ اوپر کو ہو۔ ایسا نہ ہو کر منہ نیچے کی طرف ہو کر دودھ بہہ جائے۔ احتیاط رکھیں۔

یادداشت: ایک دن میں آدمی صرف ایک کوڑی کو دودھ سے پُر کر سکتا ہے۔ کیونکہ اس بوٹی سے تھوڑی مقدار میں دودھ نکلتا ہے۔ جو دودھ نکلے۔ اس کو کوڑی میں پارہ پر ڈالتے جائیں۔ یہ طریقہ اگرچہ محنت طلب ہے مگر تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ یہ بوٹی اکسیری درجہ سے خالی نہیں ہے۔ جو حضرات کیمیا کے وجود کے منکر ہیں۔ وہ ضرور تجربہ کریں۔

کی ٹکیاں بنالیں۔

خوراک : ایک گولی صبح ایک گولی شام کھانے کے بعد نیم گرم پانی سے استعمال کریں۔

فوائد : پرانے سے پرانا گنٹھیا وجع المفاصل اور نقرس کا درد شرطیہ ختم ہو جاتا ہے۔

کئی بار کا آزمودہ ہے۔

---

۴ اور ناف کے ارد گرد درد ورم کے لیے ، السر معدہ ، ورم جگر ، جسم کے دیگر اورام خصوصاً عورتوں کے رحم کی سوزش ورم کے لیے ہمراہ عرق مکو ، کاسنی ، بادیان کے ساتھ عام سائز کے کیپسول میں صبح شام استعمال کراتا ہوں۔

قلب کے امراض کے لیے ہمراہ عرق گاؤزبان ، بیدمشک کے ساتھ عجیب تحفہ درویش ہے۔

○ اکسیر جگر دھماسہ خاص

حکیم محمد یوسف نقشبندی 2-A/ اشیخ کالونی جھنگ روڈ فیصل آباد

وید محمد اجمل صاحب تجربے کے لیے استعمال کرتے تھے۔ افسنتین ۱ تولہ ۔ نوشادر ۶ ماشہ۔

حاجی فضل احمد صاحب مدیر ماہنامہ سلسبیل موہنی روڈ لاہور اس مرض کے لیے ۱ تولہ گاؤزبان ملاتے تھے۔

نذیر احمد علوی سنیاسی نواباں والا کے ناخن خراب تھے زخم اچھے نہیں ہوتے تھے رنگت سیاہ پڑ گئی تھی۔ انھوں نے اس میں کلس علندم درآب بالٹو ۱ تولہ ۔ کلس صدف درآب ثعلب ۱ تولہ ملا کر استعمال کیا۔ تو ان کے ناخنوں کے زخم ٹھیک ہو گئے۔ رنگت بھی ٹھیک ہو گئی۔ بہر حال ہم نے اس نسخہ کو ریسرچ اور تجربہ کے بعد آپ کی خدمت میں پیش کر دیا ہے۔

● برگ افسنتین ۵ تولہ ۔ نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ ۔ گل گاؤزبان ۵ تولہ ۔ گل سرخ ۵ تولہ ۔ کپور کچری ۵ تولہ ۔ کلونجی ۵ تولہ ۔ دھماسہ ۱۰ تولہ ۔ نکند بابری ۱۰ تولہ (تازہ خشک کی ہوئی) پنج انگ ستیاناسی ۵ تولہ۔

علیحدہ علیحدہ کوٹ کر کپڑچھان کر کے پوڈر تیار کریں۔

حکیم ثناء اللہ صاحب گولڈ میڈلسٹ چراغیہ دواخانہ جہال خانوانہ کی کوئی عزیزہ بچی کا دل بڑھ گیا تھا۔ حکیم صاحب نے قیاس کیا کہ اکسیر جگر دھماسہ ، پاؤں سے سر تک کے اورام خصوصاً ورم رحم معدہ اور جگر کو فائدہ کرتا ہے وہ یقیناً دل کے ورم اور سوزش کو فائدہ دے گا۔

انھوں نے اس میں ۵ تولہ الائچی سبز کا کپڑچھان پوڈر شامل کر کے استعمال کیا۔ بفضل الٰہی قلب اپنی اصل حالت پر آ گیا۔

میں اس کو پیٹ کے درد خصوصاً عورتوں کے فم معدہ ،

• حلفیہ مُجرّبات و تصدیقات

حکیم محمد فاروق اقبال، موگرول شالیمار ٹاؤن باغبانپورہ ــــ لاہور

محترم و مکرم جناب سفیر حکمت کی زبردست خواہش پر قارئین کی خدمت دنیائے طب میں زبردست مجربات جو سو فیصد کارنش شدہ ہیں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں یہ ایسے نسخہ جات ہیں جو میرے مطب کا مقول ہیں جو پہلی دو خوراک پر کام کرتے ہیں جو بھی مجربات استعمال کرے گا وہ مجھ سے بڑھ کر تعریف پائے گا۔ انشاء اللہ امید ہے کہ آپ میرے بھلے تو مجربات پیش کرنے پر شکریہ کا خط ضرور لکھیں گے۔ دوسری طرف سفیر حکمت کا بھی شکریہ ادا کریں۔

سفوف اکسیر اوجاع و بخار ہر قسم

• ہوالشافی: زنجبیل، گئوزبان، کرنجوہ ہموزن سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک ہمراہ آب نیم گرم یا چائے۔

فوائد: تمام جسمانی دردوں، سر درد، ہر قسم کے بخاروں کے لیے مفید ہے۔

اکسیر سوء ہضم •

مختصر اجزا پر مشتمل ہے میرے مطب کا مایہ ناز نسخہ ہے جو استعمال کرے گا مجھ سے بڑھ کر تعریف کرے گا۔

ہوالشافی: پھیلان ۴۰۰ گرام۔ زرنباد ۲۰۰ گرام مصطگی رومی ۵۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ تک۔

اکسیر مغلظ •

تمام مغلظات کا سرتاج ہے۔ منی کو چند روز میں شہد کی طرح گاڑھا کرتی ہے۔ احتلام و جریان کے لیے میرے مطب میں تمام دواؤں سے بہتر ثابت ہوئی ہے۔

ہوالشافی: موصلی سفید، تخم اوجن، سمندر سوکھ، مصطگی رومی، سبوس اسبغول ہموزن سفوف بنالیں اور کوزہ مصری بھی شامل کرلیں۔

مقدار خوراک: صبح و شام نہار منہ ایک چمچہ ہمراہ دودھ۔

کورس: ۱۵ دن۔

سفوف ذکاوت حِس

ہوالشافی: سمندر سوکھ ایک چھٹانک۔ کافور ۳ رتی۔ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ تک صبح و شام۔

کورس: ۱۰ دن۔

سفوف بند شی

کثرت حیض کے لیے سو فیصد مجرب المجرب ہے۔

ہوالشافی: ہرمچی، سلارا، سنگجراحت ہموزن سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۳ ماشہ ہمراہ شربت انجبار دن میں دو مرتبہ۔

اکسیر عسر الطمث

• عورتوں میں حیض کی تنگی اور درد وغیرہ کے لیے ازحد مفید ہے حیض کھل کر آتا ہے اور دردیں ختم ہوجاتی ہیں۔

ہوالشافی: پھٹکڑی پانچ تولہ۔ نمک شیشہ ۲ تولہ۔ دونوں ادویات کو دو گھنٹہ کھرل کرکے مثل غبار کریں۔

مقدار خوراک: ۱ رتی سے ۲ رتی کیپسول میں ڈال دیں۔ ایک کیپسول روزانہ استعمال کرائیں۔

کورس: ۶ دن تک۔

اکسیر خارش

● خارش کا آخری تریاق۔ گلے سڑے جسموں کے لیے اکسیر ہے۔ سوائے چنبل کے ہر قسم کی خارش کے لیے اکسیر ثابت ہو چکا ہے۔

ہوالشافی: رسکپور ۲ ماشہ۔ ریوند خطائی ۱ تولہ۔ پہلے علیحدہ علیحدہ کھرل کرکے پھر دونوں ملا کر ۳ دن مسلسل کھرل کریں۔

مقدار خوراک: درمیانے کیپسول میں ڈال کر ایک کیپسول صبح و شام بعد غذا دیں۔

تصدیقات

مختلف کمپنیوں کی تیار شدہ ادویات میرے تجربہ میں بے حد مفید ثابت ہوئی ہیں۔ میرے مطب میں استعمال ہوتے ہیں۔

● اشرف لیبارٹری فیصل آباد کی "سفوف لیکوریا، حب ہمدرد، حب ازراقی عنبری کیپسول، کشتہ بیضہ مرغ، معجون آرد خرما" بے حد مفید ہیں۔

● میرے ایک دوست کو ایک ایک منٹ بعد بار بار پیشاب آتا تھا۔ اس نے بڑے بڑے ایم بی بی ایس ڈاکٹروں سے علاج کرایا اور کافی ہومیو ڈاکٹروں سے بھی علاج کرایا لیکن کوئی افاقہ نہ ہوا۔ قرشی کی "معجون فلاسفہ" ۵ دن استعمال کرنے سے مرض کا نام و نشان مٹ گیا۔

● دواخانہ سلیمانی اردو بازار حکیم عبداللہ جہانیاں والے "حب مشتی، حب تریاق معدہ، محبوب رسائن بدن، حب اکبر (نزلہ کے لیے)، طلاء اکسیر اعظم، حب مسک زعفرانی" بے حد مفید ثابت ہوئی ہیں۔

● دواخانہ اجمل کی معجون سپاری پاک، معجون حمل عنبری،

ہمدرد کی دواء المسک معتدل، جوارش کمونی۔

زبردست خوشخبری

شوگر کا علاج دریافت ہو گیا۔

آخر میں آپ سے گزارش ہے کہ مجھے ایسی بوٹی دریافت ہوئی ہے جو شوگر کا تریاق کامل ہے۔ انشاء اللہ

اس سے قبل شوگر کے تمام نسخوں میں اس کا کہیں ذکر موجود نہیں ہے۔ یہ شوگر کو جڑ سے اکھیڑنے والی ہے۔ انشاء اللہ تمام ہسپتالوں میں پڑے ہوئے مریض آپ کے شفا خانوں میں حاضر ہوں گے اور صحت یاب ہوں گے۔ وہ بوٹی کونسی ہے کہاں ملتی ہے۔ یہ عام بوٹی ہے اور پاکستان میں ہر جگہ مل سکتی ہے۔ آپ مجھے جوابی لفافہ ارسال فرمائیں۔ میں فرداً فرداً آپ سے حلف لے کر بتاؤں گا تاکہ ڈاکٹر حضرات کو معلوم نہ ہو سکے اور ہماری طب اسلامی اعلیٰ مقام حاصل کر سکے۔

مجربات

حکیم محمد نواز بی۔اے کوارٹر نمبر ۱۵/۱-E ہاؤسنگ کالونی اسکندر آباد ضلع میانوالی

عرصہ بعید سے رسالہ اسرار حکمت میں اپنے تجربہ شدہ نسخے آپ تک پہنچانے کی کوشش کرتا رہا۔ خاکسار دکھی لوگوں کی خدمت کرنا کارِ ثواب سمجھتا ہے۔ ملک امیر محمد خان آف کالا باغ کی پٹی کا ایک شخص گلن کشتہ تانبہ سفید رنگ کا بنا لیتا تھا۔ بندہ نے اس کی دس سال خدمت کی لیکن اس شخص نے کشتہ تانبہ کسی کو نہیں بتایا آج بندہ آپ کی نذر کرتا ہے۔

انشاء اللہ اولاد نرینہ ہوگی

● ہوالشافی: مور کے پر کی ٹکیہ ۳ عدد جھنگ کے بیج نم چھپہ، پرانا گڑ اتنے وزن کا ڈالیں کہ تین گولیاں بن جائیں گولیوں کا وزن ہنگی کے دانے کے برابر یا معمولی بڑی ہو جائیں۔

طریقہ استعمال: حمل ٹھہرنے کے دو ماہ پندرہ دن کے بعد ایسی گائے کے دودھ سے کھائیں جس کا بچھڑا ہو ایک گولی روزانہ تین دن سوتے وقت کھائیں صرف تین گولی کا مکمل کورس ہے لیکن حمل کا حساب صحیح ہونا چاہیئے انشاء اللہ سو فیصد اولاد نرینہ ہوگی۔

اکسیر بانجھ پن

● بداری کند ۲ تولہ۔ ٹکیہ طاؤس کے پر ۵ عدد۔ برادہ دندان فیل ۵ تولہ۔ ریشہ برگد ۵ تولہ۔ شونگی ۲ تولہ۔ ان سب کو کوٹ کر سفوف بنا لیں۔

خوراک: چھ چھ ماشہ ہمراہ دودھ۔ دونوں میاں بیوی دودھ سے کھائیں۔

انشاء اللہ حمل ضرور قرار پکڑے گا اور اولاد ہوگی۔

یہ ایک یا دو دفعہ بنا کر کھانے سے انشاء اللہ اولاد ہوگی۔

کشتہ تانبہ قوت باہ کا ایٹم بم

● یہ دوائیں تیار کر کے میں شیشی میں ڈال رہا تھا کہ دو فقیر ضلع چکوال کے آئے اور کہنے لگے آج حکیم صاحب راہِ خدا ہمیں دوا دیں۔ میں نے اسی کشتہ تانبہ کی ایک ایک چاول کی پڑیہ بنا کر دے دی۔ رات جب انہوں نے دودھ سے کھائی تو اُن کو اتنی طاقت جسم وجان میں آگئی کہ بیان کرنا تہذیب کے خلاف ہے وہ ساری رات نہ سوئے صبح سویرے دروازے پر آئے اور کہنے لگے آپ تو اللہ والے ہیں فقیروں کو بھی اتنی قیمتی دوا مفت دیتے ہیں۔ ہم نے جوانی میں بھی اتنی طاقت نہیں جتنی اس ذرا سی دوا نے دکھائی۔

گویا دو ایک ایک چاول دوا دوبارہ طلب کی لیکن میں نے نہیں دی۔

وہ یہ کشتہ ہے۔

ہوالشافی: مکھن پوٹی ایک پاؤ تازہ۔ نیلا سے برادہ تانبہ ایک تولہ۔ دونوں کو رگڑ کر گل حکمت کر کے ایک محفوظ مقام پر ایک بوری اوپلوں کی آگ دے دیں کشتہ ہوگا۔

خوراک: ایک چاول ہمراہ مکھن نہار منہ لیں دودھ حسب ہضم استعمال کریں۔

اکسیر کمر درد، جوڑوں کا درد۔

● سورنجان شیریں اور سونٹھ ہم وزن لیں پہلے سونٹھ کو پانی میں بھگو دیا کریں۔ تمام کو پانی میں رکھیں اور صبح کو نکال دیا کریں۔

یہ عمل کم از کم ۲۱ دن کریں۔ پھر سنڈھ کو خشک کرکے باریک کرلیں۔ اور سورنجاں کا سفوف ملالیں۔ اس کے ہموزن چینی ملالیں۔

خوراک: صبح نہار منہ ماشہ ہمراہ پانی لیں۔ شام کو بھی ماشہ پانی سے لیں۔

عرصہ کم از کم پندرہ دن لیں شفا ہوگی۔

• اکسیر درد پتہ

سید اشفاق حسین شاہ کلرک۔ گلی شیخ سالار۔ محلہ جہانگیر آباد شیخوپورہ

ہوالشافی: مغز بادام ۵ عدد شیریں، سونف ۲ چھٹانک۔ برگ سنا مکی ۲ چھٹانک۔ الائچی دانہ خورد ۲ چھٹانک۔ چینی حسب ضرورت۔

تیاری: ڈنڈی سنا کی نکال کر پھینک دیں اور باقی تمام ادویہ کو کوٹ پیس لیں تیار ہے۔

خوراک: ۳ ماشہ بعد از غذا دن میں صرف ایک مرتبہ۔

نوٹ: پیٹ میں درد محسوس ہو تو ایک دو دن ناغہ کرکے پھر شروع کریں۔

فوائد: درد پتہ کو ختم کرتی ہے۔ آرام ہونے پر چھوڑ دیں اور آئندہ فری تقسیم کریں۔ یہ نسخہ مجھے ملک انور ایڈووکیٹ مرحوم شیخوپورہ سے ملا تھا کیونکہ میں اس وقت ان کا کلرک منشی تھا۔ یہ دوائی میں اکثر بازار سے لاکر دیتا تھا ان کی وفات کے بعد میں یہ دوا مریضوں کو بتاتا ہوں۔ کبھی ناکامی نہیں ہوئی۔

جو صاحبان اس نسخہ سے مستفید ہوں وہ میرے علاوہ وکیل صاحب کے لیے بھی دعائے خیر کریں۔

مجرّبات خاص

حکیم غلام احمد، عظمت دواخانہ مراجپورہ، جنڈیالہ روڈ، شیخوپورہ

ہواشانی، بہمن سفید ا پاؤنڈ - ۱۰ کلو دودھ گائے میں ڈال کر آگ پر پکائیں - کھویا بننے پر اتار لیں اور ٹھنڈا ہونے پر خوب فولادی (ہیر) سے کوٹائی کرنے کے بعد مقناطیس کی مدد سے کنکر وغیرہ نکال لیں - بعدۂ چرائتہ انڈیا ۳ پاؤ - ہرڑ سیاہ ۳ پاؤ - آملہ ۳ پاؤ - بہیڑہ ۳ پاؤ -

ان میں ۳ – ۳ پاؤ پانی ڈال کر رکھ دیں صبح کو پانی کھویا میں ملا کر رگڑائی کریں - پھر دوسرا ڈالا پانی، اسی طرح چاروں پانی رگڑائی میں جذب کریں تیار ہے -

خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ مکھن تازہ دن میں صرف ایک مرتبہ۔ گھنٹہ بعد گائے کی لسی ایک گلاس روٹی کے ساتھ کھائی جائے۔ جو کہ گائے کی ہو سارا دن لسی پلائیں۔

فوائد: یرقان، معدہ کی گرمی، جگر کی گرمی، کمزوری جگر، کمی خون، جریان احتلام، شوگر کو مفید ہے۔

پرہیز: گرم ترش اشیاء۔

کورس: سات یوم کافی ہے۔

کشتہ شنگرف

● شنگرف رومی ۱ تولہ کو کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر ایک کلو گائے کے دودھ میں لٹکائیں ۲۱ یوم تک۔ اس کے بعد پیس لیں۔ کشتہ تیار ہے۔

خوراک: ایک رتی مکھن کے ساتھ۔

فوائد: دق سل دمہ، خفقان، ضعف باہ، جریان احتلام، سرعت انزال، لیکوریا، ریشہ، عشتر۔ پیشاب کا بار بار آنا، عرق النساء، گنٹھیا کے لیے مفید ہے۔

کورس: ایک ہفتہ کھائیں، پیشاب کو پہلی خوراک ہی

روک دیتی ہے۔

قوت باہ

● پارہ ۱ تولہ - مروارید ۱ تولہ - بسفتہ شاخ مرجان ۱ تولہ - سکہ ۱ تولہ - قلعی ۱ تولہ - کشتہ فولاد ۱ تولہ - کشتہ طلق ۱ تولہ - جست ۱ تولہ -

تیار ہے پارہ، سکہ، قلعی، جست، تینوں اشیاء کو پگھلا کر زمین میں گڑھا نکال کر اس میں ڈال دیں۔ اس سے پہلے پارہ گڑھا میں ڈال دیں - ڈلی بن جائے گی - نکال کر کوٹ پیس لیں اور ۱/۲ پاؤ - برگ مہندی ۱/۲ پاؤ کو آدھ سیر پانی میں بھگو دیں - صبح کو پکا کر چھان لیں - ایک پاؤ پانی کو مذکورہ ادویہ میں بذریعہ رگڑائی جذب کریں اور ٹکیہ بنا کر دھوپ میں خشک کریں - کوزہ میں بند کر کے گل حکمت کر کے ایک پاؤ اوپلوں کی آگ دیں۔

روزانہ اسی طرح نیا پانی ملا کر رگڑائی کر کے ٹکیہ بنائیں اور پھر گل حکمت کر کے ایک پاؤ اوپلوں کی آگ دیں - نکال کر وزن کریں اگر وزن کم ہو تو پارہ مزید ڈال کر وزن پورا کریں - وزن کم نہ ہونے دیں ورنہ بے کار ہے - ۲۸ آنچ پر دوا تیار ہے - بشرطیکہ وزن پورا ہو - تیار ہونے پر پہلی ادویات شامل کریں اور مزید رگڑائی کر لیں تیار ہے۔

استعمال: ۱ تا ۲ رتی ہمراہ مکھن یا بالائی دودھ کے ساتھ دن میں ایک مرتبہ صبح کے وقت نہار منہ کھلائیں۔

کورس: ایک ہفتہ۔

فوائد: جریان لیکوریا، مردانہ کمزوری، گرمی مثانہ، گرمی معدہ۔ سرعت کا دشمن ہے - زندگی میں ایک ہی مرتبہ بن سکتا ہے۔ گرم اشیاء سے پرہیز - سہ یوم مجامعت سے پرہیز۔

●

• صدری مجرّبات

حکیم رشید احمد صاحب رشیدیہ دواخانہ — دربار روڈ — حافظ آباد

دافع دردِ گوش

ہوالشافی: نمک لاہوری ۲ تولہ کو پیس کر آدھ پاؤ صاف پانی میں گھولیں۔ جب گھل جائے تو اس میں پانچ تولہ تل کا تیل ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں۔ جب وقت خالص تیل رہ جائے اور پانی بالکل جل جائے تو اُس کو بحفاظت رکھیں اور بوقت ضرورت لائیں۔

استعمال: دو قطرے نیم گرم کان میں ڈالیں۔

فوائد: شدید سے شدید کان کا درد اس کے استعمال سے موقوف ہو جاتا ہے۔ کان کے پیپ کے لیے بھی اس کا استعمال مفید ہے۔

اکسیر ملیریا •

ہوالشافی: پھٹکڑی سفید ۳ تولہ۔ سہاگہ چوکیہ اصلی ۴ تولہ۔ شورہ قلمی اصلی ۴ تولہ۔

تیاری: تینوں دواؤں کو سفوف کر کے لوہے کے صاف کڑچھے میں رکھ کر نیچے آگ جلائیں اور اجوائن دیسی ۳ تولہ۔ مرچ سیاہ ۳ ماشہ کو سفوف کر کے اس کی چٹکی مذکورہ سفوف پر دیتے رہیں اور دوا کو کسی لوہے کے دستے سے چلاتے رہیں۔ جس وقت چٹکی والی دوا ختم ہو کر دھواں بند ہو جائے تو آگ سے اتار کر میں کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: بخار چڑھنے سے تین گھنٹہ قبل ۳ ماشہ تا ۵ ماشہ شربت بزوری معتدل کے ساتھ استعمال کرائیں۔

فوائد: یہ اکسیر ملیریا ہر قسم کے ملیریا بخار کے لیے بمنزلہ تریاق ہے۔

استعمال کے بعد تجربہ خود شاہد ہوگا۔

اکسیر چوٹ بار: پھٹکڑی سفید اور سہاگہ چوکیہ کچا ۳، ۴ ماشہ

لے کر ایک گلوٹر م پانی میں گھول کر سر پر ملنے سے جوئیں اور لیکھیں مر جاتی ہیں۔ اور ان گندہ دینے والی بلاؤں سے چھٹکارا حاصل ہو جاتا ہے۔

مجرّبات سیّد

حکیم سید غلام حسین شاہ بخاری حسینی دواخانہ واپڈا روڈ بہاولپور ضلع رحیم یار خان

امساک مقوی

کشتہ شنگرف، لوبان، مشک کافور، افیون خالص سفوف کر کے چھوٹے کیپسول بھر لیں۔

خوراک: ایک کیپسول روزانہ دودھ کے ساتھ وقتی ضرورت کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ مستقل کے لیے دس کافی ہیں۔

سل دِق، بخار کہنہ

عرق مسیحی ۳ چمچ، سعوف مسیحی ۱ چمچہ، قرص مسیح الملک، شربت صدر دو چمچہ (اجمل دواخانہ)

استعمال: عرق مسیحی میں شربت صدر ملا کر سعوف اور گولی صبح استعمال کرائیں پھر شام ۴ بجے۔ تین ہفتہ میں بخار سل دق ختم اس کے بعد خمیرہ مروارید اجمل استعمال کرائیں تاکہ طاقت بحال ہو جائے۔

علاج برص (ساختہ اجمل دواخانہ)

روغن برص۔ اس کی مالش کریں۔

سفوف برص: ایک چمچہ ایک شارک پانی ڈال کر صبح جل کا زلال نکال کر پلائیں اور جو باقی بچے سرکہ میں ڈال کر مالش کریں۔

بندشِ حیض

پیام نور سیرپ ناصر دواخانہ ربوہ ۴ چمچہ روزانہ رات کو دیں۔

۱۴ بیماریوں کے لیے اکسیر ہے۔

• روغنِ گندھک

خالد الرحمٰن ایم اے انچارج ظفر ہربل ریسرچ سنٹر ۸/۱۰۲ اشیخ کالونی
جھنگ روڈ فیصل آباد

ہر قسم کی خارش خشک یا تر، سر کی جوئیں، پیٹ ہر قسم کی، جسم کی خشک یا تر خارش کے لیے سادہ پانی سے صابن وغیرہ سے نہا لیں اس کے بعد روغن گندھک کے 5/6 قطرے ٹب میں ڈال کر پانی ملائیں دودھ رنگ ہو جائے گا۔ اس پانی سے نہائیں سردیوں میں لگا لگ جائے رانوں پر زخم ہو جائیں استنجا کرتے وقت 5/6 قطرے لوٹے میں ڈال کر استنجا کریں۔ تمام جسم میں آج کل پھوڑے بدبو نکلتی ہے۔ سادہ یا دانہ دار خارش ہو جاتی ہے سلفر آئل کے استعمال سے فوری طور افاقہ ہو جاتا ہے سلفر آئل بچوں، عورتوں، مردوں کے لیے فائدہ مند ہے۔ مگر سلفر آئل استعمال کرنے کے بعد تولیہ استعمال نہیں کرنا۔

اگر سلفر آئل کے 5/6 قطرے کھوپرے کے پیڑے میں ڈال کر استعمال کئے جائیں تو ہر قسم کی بواسیر کے لیے مجرب ہے۔ میں اسے ہر سال تیار کرتا ہوں۔ نسخہ معمولی مگر بنا زود اثر ثابت ہوا ہے۔

گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ کلی سیاہ ۱۰ تولہ۔ چونہ قلعی انبجو ۱ تولہ۔

ہر سہ ادویات کا باریک سفوف کر کے کسی چینی کے برتن میں ڈال کر 5/6 سیر پانی ڈال دیں روزانہ کسی لکڑی کے ڈنڈے سے ہلاتے رہیں جب مرکب کا رنگ مانند سرخ ہو جائے تو کسی سٹیل کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ نصف سے زائد پانی خشک ہو جائے تو اتار کر کسی شیشی میں ڈال لیں۔ مانند سونا رنگ ہوگا۔

باقی فضلا میں مزید 3/4 سیر پانی ملا کر ہفتہ تک ہلاتے رہیں۔ پھر آگ پر رکھیں روغن گندھک حاصل کریں۔ یہ کچھ ہلکا ہوگا مگر کام کرے گا۔ انشاء اللہ

• کھانے کے لیے اکسیر خارش پاؤڈر

گندھک آملہ سار مصفیٰ ۱ تولہ۔ مغز تخم بابچی ۱ تولہ۔ کالی زیری ۱ تولہ۔ کوڑ رنڈہ ۶ ماشہ۔ گیرو اصل ۱ تولہ۔ عام سائز کے کیپسول بھریں۔ صبح دوپہر شام استعمال کرائیں۔

کسی قسم کی خارش ہو نام و نشان نہیں رہے گا جلد صاف ہو جائے گی۔ انشاء اللہ

عرصہ ۱۰/۱۲ سال سے میرے معمول میں ہے۔

نسخہ جات

اکسیر شہیقہ

زاج سفید بریاں ۶ ماشہ کو آب برگ کیلا میں کھرل کر کے خشک کریں اور اس میں ست اجوائن ۳ ماشہ ملا کر رگڑ لیں۔

خوراک: ایک رتی صبح ایک رتی شام شہد میں ملا کر خوب چٹایا کریں۔

بواسیر پلز

رسونت مصفیٰ ۲ تولہ۔ مقل ازرق ۴ ماشہ۔ ثمر بکائن ۴ ماشہ۔ مغز تخم نیم ۱ تولہ۔ تخم گندنا ۴ ماشہ۔ نرکچور ۴ ماشہ۔ مصطگی رومی ۴ ماشہ۔ صبر زرد مصفیٰ ۲ تولہ۔ مومیائی مصفیٰ ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار مدبر ۶ ماشہ۔

ترکیب: سب کو آب زہرہ گاؤ دو عدد اور قدرے پانی ملا کر دو روز خوب کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

خوراک: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ یا سبز چائے کے ساتھ۔

نوٹ: ایلین طبع کے لیے صرف ایک گولی رات سوتے وقت۔

پرہیز: انڈا، اچار، گڑ، بڑا گوشت۔

• لاعلاج ہچکی، لاجواب نسخہ

حکیم محمد طارق چغتائی گولڈ میڈلسٹ — احمد پور شرقیہ بہاولپور

لفظ ٹوٹکہ یا چٹکلہ برصغیر کی اصطلاح میں عموماً ایسے تجربہ شدہ نسخہ یا فارمولا کے لیے بولا جاتا ہے جو کسی ایک صاحب سے یا سینہ بسینہ، نسل در نسل علاقائی طور پر مروج ہو، ایسا نسخہ جو ایک دوا یا ایک سے کئی دواؤں پر مشتمل ہو، لیکن آسان اور بالکل آسان پیچیدہ سے پیچیدہ امراض کو فوری ختم کرنے والا۔

نواب آف بہاولپور تہذیبی اور تمدنی ورثہ کے تحفظ اور حصول کے ضمن میں بہت محتاط ہیں۔ مجھ سے فرمانے لگے۔ حکیم صاحب! ٹوٹکے اور چٹکلے بعض اوقات بلکہ اکثر ایسے امراض پر قابو پا لیتے ہیں جہاں بڑے بڑے فزیشن اور حکیم ناکام ہو جاتے ہیں، فرمانے لگے ان کے تحفظ کے لیے کوئی سامان ہونا چاہیئے۔

ایک بیرسٹر سے تحقیقی موضوعات پر گفتگو ہو رہی تھی کہنے لگے، میں ایک بات پر حیران ہوں۔ جن ٹوٹکوں کو ہم نیم حکیم کا ورثہ یا سنی سنائی بات کہتے ہیں۔ آج یورپ کے ماہرین پھر سے ان ٹوٹکوں اور چٹکلوں پر تحقیق و ریسرچ کر رہے ہیں وہ اس بات پر حیران ہیں کہ جہاں قیمتی سے قیمتی اور اعلیٰ ادویات بہترین معالج کے ہاتھوں ناکام ہو جاتی ہیں۔ وہاں یہ آسان نسخے حیرت انگیز کرشمہ دکھاتے ہیں۔

ایک صاحب ہچکی میں مبتلا ہوئے مسلسل ایک سال تک زیر علاج رہے۔ بہت علاج کیا لیکن افاقہ ندارد۔ آخر کار اسی مرض میں فوت ہو گئے۔

پچھلے دنوں ایک مریض مسلسل دس دن سے انتہائی تکمدا شب میں زیر علاج رہا۔ علاج کی انتہا ہو گئی۔ قیمتی سے قیمتی ادویات استعمال ہوئیں۔ مریض غریب تھا لیکن دوستوں نے تعاون کیا۔ علاج کے اخراجات اپنے ذمہ لیے۔ علاج اور خوراک کے لیے تگ و دو اور کاوش میں کوئی کسر نہ چھوڑی لیکن مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔

ایک صاحب مریض کی عیادت کے لیے گئے۔ مریض کی حالت دیکھ کر بہت افسوس ہوا۔ فرمانے لگے میرا ایک آزمودہ چٹکلہ ہے جو کئی لاعلاج مریضوں کے لیے پیام شفا بن گیا۔ اگر آپ استعمال کریں تو انشاء اللہ یقین کی حد تک کہتا ہوں کہ مریض بالکل تندرست ہو جائے گا۔

موصوف ایک پانی سے بھری بوتل لے کر ہسپتال میں آ گئے۔ مریض کے بیڈ کے ساتھ کاؤنٹر پر پانی رکھا اور اصرار کر گئے کہ یہ دوا یعنی پانی عام سادہ پانی میں ملا کر مریض کو بار بار پلائیں۔ موصوف چلے گئے۔ دوسرے دن پھر تشریف لائے تو پانی ویسے ہی موجود ہے۔

تیمار دار کہنے لگے کہ دراصل ڈاکٹر نے منع کیا ہے۔ اب موصوف نے گلاس پانی لیا اس میں تقریباً ۲۰ قطرے اس پانی میں حل کر کے مریض کو پلا دیے۔ دوا کا پینا تھا کہ مریض کی جان میں جان آ گئی۔ اسی طرح مستقل ایک ایک گھنٹے کے بعد دوا پلاتے رہے۔

• دوا کیا ہے۔ چونا ان بجھا ۵۰ گرام لے کر دو کلو پانی میں بھگو رکھیں۔ چار دن کے بعد وہی پانی نتھار کر قطرے قطرے پلائیں یا پھر پان والوں سے چونے کا پانی پلائیں۔

نوٹ: توجہ طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ساتھ ارسال کریں۔

• مُجرّباتِ تاثیری

تاثیر حیدر کوٹ شہر دو، ڈاکخانہ پیانڈ بور براستہ تریموں بیراج، تحصیل و ضلع جھنگ

کشتہ سنکھیا (علندی - ناتوس)

مار گزیدہ اور سگ دیوانہ گزیدہ کے لیے تریاق -

ہوالشافی: ایک پاؤ سنکھ کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے بارہ گھنٹے سرکہ تند میں ڈبو کر رکھیں - پھر باقوے ایک سیر تازہ پتوں کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں - برنگ سفید کشتہ برآمد ہو گا - باریک پیس کر محفوظ رکھیں -

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ دودھ -

مار گزیدہ اگر بے ہوش ہو تو دودھ میں گھول کر اس کے منہ میں ڈال دیں - شروع میں آدھ آدھ گھنٹہ بعد میں تین خوراک دیں - پھر تین گھنٹے کے بعد چار رتی پھر چھ گھنٹے بعد دو رتی - پھر روزانہ دو رتی برائے ایک ہفتہ -

سگ گزیدہ دیوانہ کے لیے ایک ماشہ روزانہ ہمراہ دودھ برائے دو ماہ استعمال کروائیں -

نوٹ: کشتہ سنکھ میں فاسفیٹ آف لائم زیادہ مقدار میں پایا جاتا ہے - جس کے باعث وہ خون میں بہت آسانی سے جذب ہو کر خون کے زہریلے مادوں اور یورک ایسڈ کو حل کر کے پسینہ کے راستے خارج کر دیتا ہے - بخلاف دیگر حرکات کے بصورت زہریلے مواد کو نکالتا ہے - اسی وجہ سے سنکھ کا کشتہ تمام زہریلے جانوروں کے کاٹے کا تریاق ہے -

چونکہ یہ زہریں از قسم ایسڈ ہیں جبکہ یہ کشتہ بوجہ الکلی ایسڈ ہونے کے ان کے اثر کو باطل کر دیتا ہے - دیگر اگر مار گزیدہ چوبیس گھنٹے سے زیادہ جئے تو امید شفا ہے - اور سگ دیوانہ گزیدہ کا مریض پانی اور روشنی سے مکمل طور پر نہ ڈرے تو قابل علاج ہوا سمجھیں -

• کشتہ سم الفار ترکیب نمبر ۱

ہوالشافی: سم الفار سالم ڈلی ایک تولہ - پھٹکڑی سفید دس تولہ - ایک گل حکمت شدہ کوزہ میں ایک چھٹانک پھٹکڑی باریک شدہ ڈال کر اوپر سم الفار کی ڈلی رکھ دیں - اس کے اوپر باقی ماندہ ایک چھٹانک پھٹکڑی ڈال کر ڈھکنا دے کر گل حکمت کریں - ڈھکنا خشک ہونے پر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں - سرد ہونے پر نکالیں سم الفار کی ڈلی شگفتہ شدہ ملے گی -

اگر آپ ڈلی باحتیاط علیحدہ کر سکیں تو بہتر ورنہ پھٹکڑی سمیت باریک پیس کر پانی میں حل کریں - اور تھوڑی دیر پڑا رہنے دیں پھر نتھار دیں یہی عمل پانچ مرتبہ کریں تاکہ پھٹکڑی پانی میں حل ہو کر نکل جائے - باقی جو کہ سم الفار کشتہ ہو گا دھوپ میں خشک کریں - محفوظ رکھیں - بس یہی کشتہ سم الفار ہے -

مقدار خوراک: ایک چاول ہمراہ مکھن ۵ تولہ بعد از ناشتہ کے -

طبیب حاذق امراض بارده، بلغمیہ و ریاحیہ میں اپنی دانست سے استعمال کرا سکتا ہے -

تقویت باہ اور امساک میں بالخاصہ اکسیر الاثر ہے -

نوٹ: سات یوم کشتہ استعمال کرنے کے بعد دو یوم ناغہ کر دیا کریں اور دودھ گھی بکثرت استعمال کریں -

• کشتہ سم الفار ترکیب نمبر ۲

ہوالشافی: لہسن کا پانی پاؤ بھر، پیاز کا پانی آدھ پاؤ ملا کر چینی کی پیالی یا شیشی کے اندر رکھیں - پھر ایک تولہ سم الفار سفید کی ڈلی لوہے کے توے پر رکھ کر نیچے نرم آگ جلائیں اور اوپر سے قطرہ قطرہ پانی لہسن پیاز والا ڈالتے جائیں - یہاں تک کہ تمام پانی جذب ہو جائے -

مگر یہ یاد رہے کہ اس دھوئیں سے اپنے آپ کو بچائیں کیونکہ یہ سخت زہریلا ہوتا ہے۔ سم الفار کی ڈلی اٹھائیں۔ پھر لسن پاؤ بھر کوٹ کر اس کا نغدہ بنائیں اور اس کے درمیان سم الفار سفید کی ڈلی کو رکھ دیں۔ اور بدستور لوہے کے توے پر رکھ کر نیچے آگ جلائیں۔ جب نغدہ جل کر خاکستر ہو جائے تو ڈلی سم الفار نکال لیں۔ اس طرح تین بار لسن کا نغدہ بناتے اور درمیان میں سم الفار کی ڈلی رکھ کر آگ جلاتے رہیں۔ بس کشتہ سم الفار تیار ہے۔ باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول مکھن ایک چھٹانک میں رکھ کر بعد از ناشتہ کھلائیں۔

فوائد: ۱۔ اس کی چند خوراکوں سے بفضلہ نامرد مرد ہو جاتا ہے۔ قوت باہ بے اندازہ پیدا ہوتی ہے۔ قوت امساک بڑھ جاتی ہے۔

۲۔ یہ کشتہ بفضلہ دمہ کے لیے بھی اکسیر ہے۔ صرف سات یوم میں خواہ دمہ کیسی حالت میں کیوں نہ ہو قطعی دور ہو جاتا ہے۔ لیکن دوران استعمال دوا مریض کو کم از کم دس تولہ اور زیادہ سے زیادہ بیس تولہ دو وقتوں سے گھی گائے ضرور پلائیں۔ جو گھی نہ پی سکتے ہوں ان کو دوا ہرگز نہ دیں۔

کشتہ سنگ جراحت

جسم کے کسی حصہ سے اخراج خون کو بند کرنے کے لیے اکسیر بہترین حابس الدم ہے۔

ہوالشافی: سنگ جراحت پانچ تولہ لے کر ایک پاؤ برگ کیکر کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ سفید برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ شیر گاؤ دن میں دو مرتبہ۔

کشتہ صدف مروارید

مقوی اعضائے رئیسہ و حابس دم ہے۔

ہوالشافی: صدف مروارید پانچ تولہ کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے رس گھیکوار سے لت پت کر کے گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اگر زیادہ سفید کرنا ہو تو آپ لیموں آدھ پاؤ میں ڈال کر دوبارہ آگ دیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو رتی ہمراہ حلوا دو گاشے۔

کشتہ ابرک سیاہ

دمہ، پرانی کھانسی، تپ دق اور پرانے بخاروں کے لیے مجرب ہے۔

ہوالشافی: ابرک سیاہ ایک پاؤ، قلمی شورہ پانچ تولہ، دہی پانچ تولہ۔ ابرک کے باریک باریک پترے بنا کر رکھیں۔ اب دہی اور قلمی شورہ کو باہم ملائیں۔ ایک کوزہ گلی گل حکمت شدہ میں پہلے ایک تہہ ابرک کی رکھیں۔ اس کے اوپر ایک تہہ دہی اور قلمی شورہ کے مرکب کی جائے۔ اس طریقے سے بعد دیگرے عمل کرتے جائیں۔ ڈھکنا کو گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: دو سے چار رتی ہمراہ مکھن، بالائی یا گلقند آفتابی پانچ تولہ۔ دن میں ایک خوراک۔

کشتہ توتیا اکسیری

سنگرہنی، قرحہ سوزاک، بواسیر، لیکوریا، اٹھراہ اور [illegible] کی ڈلی کے لیے مجرب۔

ہوالشافی: نیلا تھوتھا ایک پاؤ لے کر باریک کر کے شیشے کے مرتبان میں حل کریں۔ پھر اس میں جست کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے آدھ پاؤ ڈال کر رکھیں۔ جوش پیدا ہوگا۔ دن میں دو تین مرتبہ ہلا دیا کریں۔ جب پانی کا رنگ بجائے نیلا کے سفید ہو جائے تو نتھار کر کڑاہی میں ڈال کر آگ پر خشک کریں۔ سفید سفوف برآمد ہوگا کشتہ تیار ہوگا۔

۱۔ قرحہ سوزاک اور لیکوریا کے لیے بوقت سہ پہر بالائی میں رکھ کر ہمراہ دودھ کھلائیں۔

۲۔ اٹھراہ کے لیے چار چاول کیپسول میں بند کر کے ہر ہفتہ بعد تا ولادت کھلائیں۔

۳۔ بواسیر کے لیے ایک رتی روزانہ ہمراہ مسکہ گاؤ اور بمقدار تین ماشہ مکھن گائے دھلا ہوا ایک تولہ میں ملا کر مسوں پر لگائیں۔

ہم بستری اور دانتوں کی ٹی بی کے لیے چار چاول کیپسول میں بند کرکے روزانہ ایک بار ہمراہ دودھ کھلائیں اگر دودھ موافق نہ آئے تو ہمراہ تازہ پانی کھلائیں۔

کشتہ رسکپور

ہوالشافی: رسکپور اصل ایک تولہ والی ڈلی ہو۔ گندھک آملہ سار دس تولہ۔

ایک تولہ رسکپور سالم ڈلی کو کڑچھی آہنی میں ڈال کر کوئلوں کی نرم آنچ پر رکھیں اور ایک چٹکی گندھک آملہ سار کی ڈال دیں۔ اس طرح سے تمام گندھک ڈال دیں۔ جب یہ عمل ختم ہو جائے تو دوا کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ کشتہ تیار ہے۔

مقدار خوراک: دو سے چار چاول ہمراہ مکھن کھائے۔ یا کیپسول میں بند کرکے ہمراہ دودھ کھائے روزانہ ایک بار۔

فوائد: آتشک، بھگندر، ناسور، خنازیر اور بواسیر کی شرطیہ دوا۔

کشتہ سنگ یہود

درد گردہ و سنگ گردہ و مثانہ کے لیے مؤثر۔

ہوالشافی: سنگ یہود کو تین یوم آب گھیکوار میں کھرل کرکے سایہ میں خشک کریں۔ گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ کچی لسی دودھ یا شربت بزوری سے۔

کشتہ مرگانک

جسے سنیاسی لوگ کشتہ سونا کہہ کر فروخت کرتے ہیں۔

امراض معدہ، کمزوری اعصاب، ضعف رشیہ، سلسل البول اور تقطیر البول کے لیے مجرب۔

ہوالشافی: پارہ، اٹ قلعی، گندھک آملہ سار، نوشادر ہر ایک ایک تولہ۔

پہلے پارہ اور قلعی کو منعقد کریں۔ اس کے بعد سب دوائیں ملا کر کھرل کریں۔ پھر ایک آتشی شیشی گل حکمت شدہ میں ڈال کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔

شیشی کے منہ میں لوہے کی سیخ ہلاتے رہیں تاکہ منہ بند نہ ہو جائے مگر دوا میں سیخ نہ لگے۔ جب سیاہ دھواں نکلنا موقوف ہو کر زرد دھواں نکلنے لگے تو آگ سے اتار لیں۔ سرد ہونے پر پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ سبزی چمکدار کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک: دو چاول ہمراہ مسکہ گاؤ / بالائی / جوارش جالینوس روزانہ ایک مرتبہ۔

کشتہ شاخ مرجان

تقویت قلب و دماغ کے لیے مفید کشتہ۔ کیلشیم کی کمی کو دور کرنے کے لیے مجرب۔

ہوالشافی: شاخ مرجان عمدہ ایک تولہ۔ چینی دانہ دار پانچ تولہ۔ ایک کوزہ گل حکمت شدہ میں مرجان چینی کے درمیان رکھ کر بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی مناسب بدرقہ۔

کشتہ مرجان والی معجون

ہوالشافی: کشتہ مرجان ایک تولہ۔ ورق چاندی ایک دفتری۔ مربہ آملہ گٹھلی دور کردہ ایک پاؤ گھوٹ کر معجون تیار کریں۔

مقدار چھ ماشہ خوراک صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

تقویت قلب و دماغ کے لیے موثر و مجرب معجون۔

کشتہ سونا خوش رنگ سہل تر

ذیابیطس اور دق و سل کے لیے مفید کشتہ ہے۔ نامردی کے لیے مفید ہیں۔

ہوالشافی: برادہ سونا تیزابی تین ماشہ۔ پھٹکڑی سرخ چھ ماشہ۔ شیر مدار میں تمام دن کھرل کرکے ٹکیہ بنائیں۔ خشک کرکے چھوٹی سی کوزی میں گل حکمت کرکے خشک ہونے پر پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پہلی ہی آگ میں بفضلہ تعالیٰ کشتہ ہوگا۔ مگر احتیاطاً دوسری مرتبہ پھٹکڑی دے کر اور شیر مدار میں کھرل کرکے مقررہ آگ دیں۔ بعد ازاں ایک روز عرق گلاب سہ آتشہ نیلی پھٹکڑی کی آمیزش سے کھرل کرکے مقررہ آگ دیں۔ نہایت خوش رنگ کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک چاول ہمراہ مکھن۔

• عنایاتِ امرتسری

معزز قارئین کرام ۔ اسلام علیکم ۔۔۔ آج میں جو مجربات آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں اُن کے بے حد مشکور ہیں ۔ ناہور حکیم جناب حکیم محمد اسماعیل امرتسری مرحوم کے برادر خورد "جناب حکیم محمد یعقوب امرتسری صاحب گلی نمبر ۶ سوئی گیس روڈ کیلنال پارک مدینے" والوں نے تعاون فرمایا ہے حکیم صاحب اکثر دفتر اسرار حکمت میں ملاقات ہوجاتی ہے ۔ یہ مجربات جو کہ پیش کئے جا رہے ہیں حکیم صاحب کے علاوہ آپ کے بڑے بھائی جناب حکیم محمد اسماعیل امرتسری مرحوم صاحب کے بھی معمول مطب رہے ہیں اور آپ کی مشہور تصنیف "مجربات حکمائے پاک وہند" میں مذکور ہیں ۔ حکیم صاحب کی ذرہ نوازی ہے کہ آپ نے یہ مجربات ماہنامہ اسرار حکمت کے لیے مجھے عنایت فرمائے ۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے ۔ آمین

میاں شاہد اکبر نقشبندی

روشن مجربہ ومعمولہ

• ہوالشافی : شہد خالص چھوٹی مکھی ، آب سوہانجنہ برابر برابر وزن لے کر مکس کرلیں ۔ روشن تیار ہے ۔

استعمال : دو قطرے صبح وشام آنکھ میں ڈالیں ۔ آنکھ کی ہر مرض اور کمزوری نظر کے لیے نہایت مفید ہے ۔ یہ نسخہ آبحیات سے حاصل کر کے بنایا اور نہایت مفید ثابت ہُوا ۔

تریاق سل ودق

بارہا آزمایا گیا کئی لاعلاج مریضوں پر بھی تجربہ ہوا ۔ بے حد مفید وموثر ثابت ہوا ۔

ہوالشافی : سرطان ہندی بریاں ۲ تولہ ۔ گوند کتیرا ، گوند ببکر ، عزی المسک ، تخم گاؤزبان ، خشخاش ، کہربا ، دم الاخوین ، شادنج ، عدسی مغسول ہر ایک ۷ ماشہ ۔ تخم خطمی ، گل گاؤزبان ، ست ملٹھی ، مغز بادام ، مغز کدو ، ہر ایک ۶ ماشہ ۔ مغز بہی دانہ ، اقاقیا ، گل ارمنی ہر ایک ۳½ ماشہ ۔ لعاب بہی دانہ سے گولی بقدر نخود بنالیں ۔

خوراک : ۲ ، ۲ ، ۳ گولی ہمراہ شربت اعجاز خود ساختہ دو ماہ تک دیں انشاءاللہ ٹی بی کا خاتمہ ہوگا ۔

(عزی المسک یعنی سریشم ماہی) شاہد نقشبندی

مفاصلی مجربہ ومعمولہ

• ہوالشافی : ہرسہ اجوائن ایک تولہ ۔ بلادر کلاں دُور کردہ ۳ عدد ۔ رسکپور ۳ ماشہ ۔ ہیرا کسیس ۴ ماشہ ۔ مغز جا گوٹہ مدبر ۲۰ عدد ۔ گڑ پرانا ۲ تولہ ۔

جملہ ادویہ باریک کر کے زوردار ہاتھوں سے اس قدر کوٹیں کہ موم کی طرح ہو جائے ۔ گولی بقدر کنار دشتی بنا کر دیا میں رکھ کر صبح کے وقت دیں ۔

سوائے شوربہ گوشت اور نان گندم کے اور کوئی چیز نہ دیں ۔

ایسے گنٹھیا میں جس میں مریض کے جوڑ متورم ہوں اور چلنے پھرنے سے عاری ہو تو ایک ہفتہ میں بذریعہ اسہال تمام مواد خبیثہ بذریعہ اسہال خارج ہو جائیں گے اور جکڑا ہوا مریض چلنے پھرنے کے قابل ہو جائے گا ۔ یہ اگرچہ اس مرض کا مخصوص نسخہ ہے مگر اس کے علاوہ خنازیر ، آتشک اور تپ ربعہ کو بھی مفید ہے ۔ بنائیں اور دعائے خیر سے یاد کریں ۔

محافظ حاملہ وبچہ

ہوالشافی : صدف صادق ، کہربا شمعی ، کشتہ بیخ مرجان ، صندل سفید ، صندل سرخ ، طباشیر ، مازو سبز ، درونج عقربی ، عود صلیب ،

عود وقام، ہیر یلّہ مقرنی، برنج اجبار، حب الاس، مغز تربوز، تخم خرفہ، ہموزن جملہ اشیاء خوب باریک کر کے شہد ملا کر گولی بقدر ارزن بیر بنالیں۔

استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی دودھ یا عرق گلاب کے ساتھ استعمال کرائیں۔

فوائد: جن عورتوں کا حمل گر جاتا ہو یا بچہ پیدا ہو کر مختلف امراض میں مبتلا ہو کر مر جاتا ہو تو یہ گولیاں حمل شروع ہوتے ہی بچہ کو دودھ پلانے تک روزانہ استعمال کرائیں۔ حمل محفوظ رہے گا۔ وقت پر بچہ پیدا ہوگا اور صحت مند و توانا رہے گا۔

اگر اس نسخہ میں زرنباد، دانہ الائچی خورد، دارچینی، جاوتری کا اضافہ کر دیا جائے اور شروع حمل ہی سے اس کا استعمال شروع کر دیا جائے تو عموماً لڑکا ہی پیدا ہوتا ہے۔

استسقا

ہوالشافی: ششکنٹ رومی، مغز جاکوٹ، پیپہ مدور کردہ ہموزن کھرل کریں۔ اور سہاگہ سفید اتنا ملائیں کہ گولی بن جائے۔ گولی بقدر ۲ ماشہ بنائیں۔ حب سرخ تیار ہوں گی۔

مصبر ایک تولہ، چوک چھ ماشہ۔ سہاگہ سفید ۳ ماشہ۔ دار چینی ۱½ ماشہ باریک کر کے پانی کی مدد سے گولی نخودی بنائیں حب سیاہ تیار ہونگی۔

استعمال: حب سرخ صبح اور حب سیاہ شام کو ہمراہ مرکب عرق مکو، کاسنی، سونف دیں۔

فوائد: مرض استسقاء کے لیے یہ نہایت کامیاب اور موثر علاج ہے جس کا تجربہ خود مؤلف پر بھی ہو چکا ہے جو بچپن میں اس مرض کا شکار ہو گیا تھا۔ مگر اس میں احتیاط یہ ہے کہ تمام مشروبات کا قطعی پرہیز ہے۔ صرف عرق مرکب کاسنی سونف مکو کا ہی استعمال کریں۔ جب بھی پیاس لگے یہی عرق استعمال کریں۔ اس طرح کھانے میں صرف خالص گندم کی خشک روٹی گوشت کے شوربہ کے ساتھ کھائیں اور دیگر چیزوں پھل وغیرہ سے پرہیز کریں۔

جہاں تک مزید تجربہ کا تعلق ہے اس مرض کے لیے عرق خود کشید کریں۔ عرق کافی مقدار میں ہونا چاہیے۔ پانی کی جگہ بھی استعمال کرنا ہوگا اور اس کے ساتھ صرف شیر زقوم میں بھگے ہوئے چنے کھرل کر کے نخودی گولی بنا کر صبح و شام استعمال کیا جائے یا کوئی بھی قبض کشا دوا ۔۔۔۔ تو آرام آسکتا ہے۔ بشرطیکہ کھانے اور پینے میں موجودہ پابندی کا خیال رکھا جائے۔

نوٹ: جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں اور خط مریدکے کے پتہ پر ارسال کریں۔ شکریہ

مقدار خوراک: ۲ ماشہ تک صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ یا عرق سونف۔

ٹی بی یا اکسیر دمہ

ہوالشافی: تمباکو کا پودا، فلفل دراز، ملٹھی، برگ بانسہ، فلفل سیاہ، تمام دو دو تولے کر چینی یا پرانا گڑ حسب مقدار لے کر گولیاں کرکے جوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک: ۲ صبح ۲ شام ہمراہ چائے دیں۔

اکسیر لقوہ

● انشاءاللہ ۵ دن میں لقوہ ختم۔

الائچی کلاں ۲ چھٹانک۔ سفید مرغ کی ایک گردن کا خون۔

الائچی کلاں سالم ڈال کر خون ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں جب جل کر راکھ ہو جائے تو دوائی تھوڑی سی سفیدی مائل ہوتی ہے۔

نوٹ: دھوئیں سے بچیں۔

مقدار خوراک: ۳ سے ۵ ماشہ ۳ دفعہ دن میں ہمراہ آب تازہ۔

سوزاک (بول الدم)

چاک پاؤڈر ایک کلو لے کر کونڈے میں ½ کلو ڈال دیں پھر اوپر ایک کلو نیلا تھوتھا ڈال دیں پھر اوپر ۲ تولہ کافور رکھ کر باقی ماندہ چاک ڈال دیں۔ ۵ کلو کی آگ گل حکمت کرکے دیں۔

خوراک: ایک چاول ہمراہ لسی صبح و شام۔

سردیوں میں ایک چاول دودھ کے ساتھ دیں۔

احتلام کے لیے مجرب المجرب سفوف شاہی

پھلی کیکر ۵ تولہ۔ رال سفید ۱ تولہ۔ تخم ریحان ½۲ تولہ۔ تخم بھنگ ۵ تولہ۔ سفوف بنالیں۔

خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ دودھ صبح و شام۔

کورس: ایک ہفتہ۔

پرانی پیچش کے لیے

مفرد اجزاء کا حامل نسخہ بہت مؤثر ثابت ہوا ہے۔ ریشہ خطمی سفوف ایک ماشہ صبح نہار پیٹ ہمراہ شربت انجبار۔

کشتہ گئودنتی

برائے سوزاک، بواسیر، گرمی جگر، یرقان، پیشاب میں جلن۔

یہ کشتہ میں سیروں کے حساب سے بناتا ہوں۔ بہت فائدہ کرتا ہے گرمی کا تریاق ہے۔

ہوالشافی: ہڑتال گئودنتی تین پاؤ لے کر دو کلو آب ترب جذب کرائیں۔ پہلے گئودنتی کو سفوف بنا کر مولیوں کا پانی ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں۔ پھر گل حکمت کرکے دس کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ تیار ہے۔

خوراک: صبح دوپہر شام ۱ ماشہ تک ہمراہ آب تازہ یا مناسب بدرقہ سے استعمال کرائیں۔

شوگر کے لیے تریاقی بوٹی

جس کی سابقہ اشاعت میں وضاحت کی گئی تھی وہ مشہور بوٹی بسکھپرا (اٹ سٹ) ہے اس بوٹی کا شوگر کے لیے پہلے کہیں ذکر موجود نہیں لیکن اب شوگر کے لیے تریاق صفت ثابت ہوئی ہے۔

یہ موسم برسات میں زمین نمکدار کھیتوں پر پھیلی ہوتی ہے۔ آپ ضرور فائدہ اٹھائیں۔ اس کا رب تیار کرکے گولیاں بنالیں یا عرق۔

موسم برسات سے پہلے آپ اکسیر سفوف ذیابیطس استعمال کرائیں۔

اکسیر معدہ

ہوالشافی: مرچ سیاہ، نمک سیاہ، نوشادر، اجوائن دیسی ہموزن۔

سفوف بنا کر آب مولی ملا کر چینی کے برتن میں ڈالیں اور دھوپ میں خشک کریں۔ تیار ہے۔

خوراک: ایک چٹکی آب تازہ کے ساتھ۔

فوائد: اکسیر معدہ ہے فوری اثر کرتی ہے۔

●

مجربات

اکسیر ضیق النفس

ہوالشافی: بیٹھا تیلیہ مدبر ۳ ماشہ۔ پوست بیخ مدار ۶ ماشہ۔ عرق ادرک ۲ تولہ میں کھرل کرکے دانہ ماش کے برابر گولیاں بنالیں۔

ایک ایک گولی بعد از غذا دیں۔ گھی اصلی استعمال کریں۔

نقوع یرقان مجرب المجرب

ہوالشافی: تخم کاسنی، تخم خیارین نیمکوفتہ، تخم خرفہ، مغز کول ڈوڈہ، زرشک، صندل سفید، کشنیز خشک، گوکھرو نیمکوفتہ، گل نیلوفر ہر ایک ۵ ماشہ۔ ڈیڑھ پاؤ کھولتے پانی میں رات کو بھگو کر صبح چھان لیں اور سکنجبین بزوری ۴ تولہ ملاکر پلائیں۔ نہایت ہی مفید اور موثر ہے چند مرتبہ کے استعمال سے یرقان میں فائدہ ہوتا ہے قبض ہو تو ازالہ کرلیں۔

حب ریحی ●

ہوالشافی: گوگل مصفی ۵ تولہ کو روغن بادام اصلی چھ ماشہ سے چرب کرکے خوب باریک کوٹیں۔ بعد ازاں اس میں سناء مکی ۶ ماشہ۔ ہینگ ۶ ماشہ۔ نمک سیاہ ۶ ماشہ اور ترپھلہ تولہ کا سفوف باریک شدہ ملاکر پھر کوٹیں۔ یک جان ہوجانے پر نخودی گولیاں بنالیں۔ ایک سے دو گولی تک عرق سونف عرق مکو یا بدرقہ مناسبہ کے ساتھ ریحی امراض جوڑوں کے درد بادی بواسیر پیٹ کی گیس کے لیے نہایت مفید اور مجرب ہے۔

تریاق سوزاک

ہوالشافی: لوبان کوڑیا اصلی، اجوائن دیسی ہموزن باریک کرلیں۔

چار رتی سے ایک ماشہ تک دن میں تین مرتبہ دیں۔ سوزاک کے لیے بہترین دوا ہے۔

روغن عجیب

روغن سفید [illegible] پانی ہم وزن لے کر آگ پر چڑھائیں۔ جب پانی جل جائے اور صرف تیل رہ جائے تو چھان لیں یہ تیل ہر قسم کے زخم، ناسور، پھنسی [illegible]

[illegible] سالم [illegible] کرکے اس کا باریک سفوف بنالیں۔ [illegible] ایک تولہ [illegible] صبح [illegible] لے کر ریق کو بنائیں۔ [illegible] ہر قسم کے زخموں کے لیے مفید ہے۔

دوائے [illegible]

کیرا کو [illegible] باریک کرلیں۔ اس میں سے [illegible] سفوف [illegible] میں ملاکر [illegible] بچپش کے لیے [illegible] ہے۔

امرت گول

[illegible] آدھ پاؤ۔ مرچ سیاہ ایک پاؤ۔ کشتہ نیلا تھوتھا ایک تولہ۔ سب اجزاء کو دہی کے پانی کی [illegible] سے کھرل کرکے سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی نہار منہ روزانہ تازہ پانی سے کھلائیں۔ انتہائی مصفی خون ہے۔ ناسور، آتشک، سوزاک کے لیے مفید ہے۔

حب بواسیر

گوگل، کچلہ، قلمی شورہ، رسونت ہموزن کو برگ نیم کے جوشاندے میں بھگائیں۔ جب قوام درست ہوجائے اس میں دو تین قطرہ بادام روغن ڈال دیں اور نخودی گولیاں بنالیں۔ ایک ایک گولی دن میں تین بار تازہ پانی سے کھلائیں اس کے ساتھ ہی روغن گندھک مسوں پر لگائیں۔

ایک صاحب کا تجربہ ہے کہ پوٹاسیم پرمینگنیٹ کوئی

نصف رتی کے قریب مکھن میں رکھ کر صبح اور شام کھلایا جائے تو پرانی سے پرانی بواسیر کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

سفوف دمہ

• میٹھا سوڈا، گیرو، ست لوبان ہموزن لے کر یک جان کر لیں۔

مقدار خوراک، دو رتی سے چار رتی یا چاٹے سے استعمال کریں۔

حب مقوی معدہ

اجوائن ۱۰ تولہ۔ نمک سیاہ ۵ تولہ۔ نمک طعام ۵ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ میٹھا سوڈا ۲ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ حنظل ۵ تولہ۔ صبر ۲ تولہ۔ نخودی گولیاں بنائیں۔
ایک ایک گولی صبح و شام تازہ پانی سے کھلائیں۔ قم معدہ کے درد، تبخیر معدہ، درد شکم، کھانے کے بعد کا درد۔ شانوں میں درد وغیرہ کو مفید ہے۔

اسہال بند

بل کچا، پوست خشخاش ہموزن لے کر باریک کریں۔
ایک تا ۲ رتی دن میں ۳ یا ۴ بار پانی سے کھلائیں۔ دستوں کو فوراً بند کر دیتا ہے۔

برشنو لیکوریا

تو انگ ۲ عدد۔ جند بید ستر ایک تولہ۔ دونوں کو کھرل کر کے ۵۰ دانہ گولیاں کے ۳۲ کیپسول بھر لیں۔
ایک ایک کیپسول ... فراغت سے بعد روزانہ پانی سے کھایا کریں۔

دوائے ادرار

خانہ زنبور کو جلا کر راکھ کر لیں۔ اس میں سے ... رتی بھر پانی سے کھلائیں فوراً جس کھل جائے گا۔

حب خاص

جوز ماثل سیاہ، مرچ سیاہ، کچلہ مدبر ہر ایک ایک تولہ۔ گوند کیکر حسب ضرورت میں سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

ایک گولی پانی سے کھلائیں۔ نزلہ، بخار اور امساک کے لیے بھی مفید ہے۔

کرامائی گولیاں

جدوار خطائی، کونین سلفاس، کشتہ فولاد، کچلہ ہموزن لے کر باریک کریں اور نخودی گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی صبح و شام پانی سے کھلائیں۔ ہر قسم کے جوڑوں کے درد خصوصاً عرق النساء کے لیے مفید ہے۔

حب تبخیر

• قشر لیموں، مصطگی رومی، الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ۔ گلقند ۴ تولہ۔ سب کو یکجان کر کے کوکن بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی صبح و شام پانی کے ساتھ کھلائیں۔ تبخیر معدہ کے لیے لاجواب ہے۔

سفوف سیلان

سیپ کو عرق گلاب میں کھرل کر کے آگ دیں۔ ۲-۲ رتی صبح و شام دودھ سے کھلائیں۔ استحاضہ اور سیلان الرحم کے لیے مفید ہے۔

• میں اس آخری وقت میں تمہیں صرف ایک نصیحت کرتا ہوں اگر اس پر عمل کرتے رہو گے تو کبھی خسارے میں نہ رہو گے۔ وہ نصیحت یہ ہے کہ زندگی کے آخری لمحے تک علم کی جستجو میں رہنا تاکہ اپنی ذات کے علاوہ دنیا کو بھی فیض پہنچا سکو۔

(فیثا غورث)

• خدا نے تمہیں علم و حکمت اور علم کی نعمتیں صرف اس لیے نہیں بخشیں کہ تم انہیں بیچ کر دینار اور اشرفیاں جمع کرتے رہو بلکہ یہ تو تمہارے پاس بندگانِ خدا کی امانتیں ہیں جنہیں لوٹائے بغیر تم مطمئن زندگی نہیں گذار سکتے۔

(شعبان خرمی)

بخل شکن حلفیہ مجربات

حکیم محمد فاروق اقبال، پنوار طب، شالامار ٹاؤن — باغبانپورہ - لاہور

میرا مقصد صرف طب اسلامی کا فروغ ہے - سابقہ شمارہ جات
میں جو بھی مجربات آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی جو سعادت
حاصل کی ہے وہ سب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور سفیر
صحت جناب میاں شاہد اکبر نقشبندی کی کوششوں کا نتیجہ ہے
آپ تمام بھائی ان کی صحت اور عمر کی برکت کے لیے دعا فرمائیں
تاکہ یہ طب اسلامی کی فروغ کے لیے اور زیادہ کام کریں۔
میرے مجربات سو فیصد کامیاب شدہ ہیں - وہی مجربات
پیش کرتا ہوں جو میرے تجربے کے مطابق پہلی دوسری خوراک پر کام
کرتے ہوں - میری دوسرے قارئین سے خصوصی التماس ہے
کہ وہ بھی ایسے مجربات پیش کریں جن سے تمام بھائی فائدہ اٹھا
سکیں - یاد رکھیں روزی نسخوں میں نہیں بلکہ روزی کا مالک رب کریم
کی ذات ہے۔

اکسیر احتلام

• ایسے مریض جن کا مزاج گرم ہو - وی سی آر، ڈش اور
گندے لٹریچر سے مثانہ کی کمزوریاں احتلام، جریان، پیشاب
قطرہ قطرہ آنا، منی پتلی ہو جانا ان سب کے لیے تریاق ہے۔
انشاء اللہ ایک ہفتہ کا علاج ہے - ایسے مریضوں کے لیے
روحانی پاکیزگی بہت ضروری ہے۔

ہوالشافی، طباشیر ۱ تولہ - موصلی سفید (انڈیا) ۴ تولہ -
الائچی خورد ۱ تولہ - کولنڈے ۲ تولہ - کوزہ مصری ۵ تولہ سفوف
بنا لیں -

خوراک، صبح نہار منہ ۳ ماشہ اور شام کو ۳ ماشہ دودھ
کے ہمراہ -

کورس، ۲، ۳ ہفتہ۔

تریاق بواسیر

بواسیر کا ایک تریاق اور سہل الحصول نسخہ جس کی پہلی خوراک
کام کرتی ہے اور ہر قسم کی بواسیر مسوں والی، بغیر مسوں والی کے لیے
تریاق ہے - لمبے چوڑے نسخوں سے نجات دلانے والا۔
ہوالشافی، رسونت (کالی رسی)، کشنیز، کتھ گلابی،
ہموزن سفوف بنا لیں - اور رات کو ۱/۲ گلاس پانی میں بھگو کر مریض
کو صبح نہار منہ پلائیں - انشاء اللہ پہلی خوراک کام کرے گی۔

کورس، ایک ماہ -

مفرد تریاق شوگر

یہ نسخہ مجھے ڈاکٹر کوثری صاحب نیچرل کیور سسٹم اوکاڑہ
نے عطا فرمایا ہے - ان کے مطابق شوگر ۳ دن میں نل ہو جاتی ہے
ساتھ طاقت شباب بھی آتی ہے - ایک ہفتہ دوائی مسلسل اور
ایک ہفتہ ناغہ - مریض کو صبح نہار منہ دہی کے ادھ کٹا میں ملا کر
ہمراہ پھلکا استعمال کرائیں -

ڈاکٹر صاحب مجھ سے ناراض نہ ہوں اللہ تعالیٰ آپ کو اجر
عطا فرمائے گا۔

ہوالشافی، پھٹکڑی سرخ حسب مقدار باریک پیس کر
مانند غبار کر لیں اور ایک چٹکی دہی کے ادھ کڑکا میں استعمال کریں۔

نوٹ: یہ نسخہ میرا تجربہ شدہ نہیں ہے لیکن پچھلے ہفتے
موصول ہوا ہے - ڈاکٹر صاحب نے خصوصی طور پر عطا فرمایا ہے۔

معجون دافع یورک ایسڈ

مدر بول، مقوی گردہ و مثانہ، جگر ڈھال، ورم جگر،
استسقاء اور ریاح کو خارج کرتی ہے -

ہوالشافی: یہ نسخہ قومی صحت میں شائع ہو چکا ہے

(باقی صفحہ ۱۵۱ پر)

فقیری مجربات

حکیم محمد اسلم فقیر جیولر، فقیر ٹن دواخانہ جڑوار تحصیل میرپور ماتھیلو ضلع گھوٹکی سندھ

قارئین اسرار حکمت۔ آپ کے لیے کچھ مجرب نسخے حاضر خدمت ہیں۔ اُمید ہے ضرور داد دیں گے۔

۱۔ کشتہ شاخ مرجان برائے تقویت دماغ، نزلہ و زکام، نسیان وغیرہ کے لیے اکسیر ہے۔ اس کے علاوہ قوتِ باہ بھی بڑھاتا ہے۔ کیونکہ جس آدمی کا دماغ کمزور ہوتا ہے وہ جنسی طور پر بھی کمزور ہوتا ہے یہ میرا تجربہ ہے۔

● نسخہ: شاخ مرجان عمدہ ۲ تولہ۔ مغز بیج دو عدد یعنی (بکرے کا مغز) ایک بڑے پیالے میں ایک مغز رکھ کر اس پر دو تولہ شاخ مرجان رکھیں اور بقیہ مغز رکھ کر پیالہ کو گل حکمت کرکے ۶ یا ۷ کلو کی آگ دیں۔ سماقی رنگ کا کشتہ تیار ہوگا۔ باریک پیس کر رکھیں۔

طریقہ استعمال: بقدر ۲ رتی یا ۴ رتی بدرقہ مناسب یا خمیرہ ابریشم سے استعمال کریں۔ ایک عجیب چیز ہے۔

نوٹ: اگر موسم گرما میں تیار کریں تو کشتہ تیار ہونے کے بعد ایک ہفتہ عرق گلاب سہ آتشہ میں کھرل کرکے رکھیں۔ فوائد میں دوگنا اضافہ ہوگا۔

۲۔ برائے نزلہ زکام، دماغی کمزوری، دھڑکا، نسی، تسکین وغیرہ کے لیے اکسیر ہے۔

● ہواشافی: مغز چنبہ دانہ ۱۰ تولہ۔ مغز بادام ۵ تولہ۔ موصلی سفید ۲ تولہ۔ دودھ ہر روز ایک پاؤ۔ پانی خالص آدھ پاؤ۔ کھانڈ یا مصری بقدر ضرورت۔

ترکیب بناوٹ استعمال: تینوں چیزوں کو کوٹ کر رکھیں اور بقدر ۲ تولہ رات کو ایک پاؤ دودھ اور نصف پاؤ پانی میں ملا کر آگ پر جوش دیں یہاں تک کہ پانی جذب ہو جائے اور بقدر ذائقہ میٹھا ملا کر رکھیں ٹھنڈا ہونے پر ۲ رتی یا ۴ رتی کشتہ مرجان مذکورہ بالا یا کسی اور طریقہ سے تیار کیا ہوا منہ میں رکھ کر اوپر سے دوائی نوش کریں۔ اور بعد میں پانی نہ پئیں۔

دو تین دن کے بعد فوائد ظاہر ہوں گے۔ اکسیر چیز ہے۔

میرا معمول مطب ہے۔ حکماء کرام سے استدعا ہے کہ یہ دونوں نسخے اپنی ڈائری میں ضرور رکھیں بوقت ضرورت استعمال میں لائیں۔

بہت مجرب نسخے ہیں۔

● ۳۔ برائے غدہ قدامیہ

۱۔ کشتہ خرمہرہ

خرمہرہ اصلی زرد رنگ ۵ تولہ۔ برگ کثیر الاشجار (برگد) ۵ کلو یا کم و بیش۔ برگ برگد کو کوٹ کر بیچ میں خرمہرہ رکھ کر گل حکمت کرکے خشک ہونے پر ۱۰ کلو کی آگ دیں۔ سماقی رنگ کا کشتہ ہوگا۔ باریک کرکے رکھ لیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی ہمراہ مکھن صبح کو اور ۲ رتی ہمراہ دودھ یا پانی اکسیر چیز ہے۔

کشتہ صدف شہری برائے غدہ قدامیہ

صدف شہری ۵ تولہ۔ گھیکوار ایک کلو۔

خود عمل کرنا چاہئے مثلاً اعتدال کی زندگی گزاریں۔ ہلکی ورزش کریں اور پیدل چلنا بھی مفید ہے۔ غذا اور پرہیز ازالہ مرض میں بڑا معاون ہوتا ہے۔ قبض ہرگز نہ ہونے دیں۔ دیر ہضم اور ثقیل غذا بالکل نہ کھائیں۔ فحش لٹریچر اور فلموں سے بچیں۔ زیادہ دیر سائیکل وغیرہ نہ چلائیں۔ موسم کے مطابق روزانہ غسل ضرور کریں۔

علاج

اکسیر جریان

- **اجزاء:** تخم تمر ہندی کلاں ۱۲۵ گرام۔ موصلی سفید ۱۲۵ گرام۔ الائچی خورد ۲۵ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ ۵ گرام۔ کشتہ قلعی ۵ گرام۔ کوزہ مصری ۲۵۰ گرام۔

تیاری: پہلی تینوں ادویہ کا باریک سفوف بنالیں۔ اب اس سفوف میں دونوں کشتہ جات اچھی طرح ملا دیں۔ اور آخر میں مصری کا سفوف باہم ملالیں۔ بس اکسیر تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام۔

استعمال: صبح اور شام ہمراہ تازہ پانی یا دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد: جریان، احتلام، سرعت انزال میں نہایت مفید ہے۔

خاص بات: اوپر والی دوائی کے استعمال کے دوران رات کو سوتے وقت چھلکا اسبغول ہمراہ پانی، دودھ یا کسی شربت کے ساتھ استعمال کریں۔

پرہیز: مندرجہ ذیل اشیاء سے مکمل پرہیز کریں۔

۱۔ انڈا، مچھلی، تیل، خشک میوے، گرم مصالحہ، مرچ، تیز مرچ وغیرہ۔

۲۔ لیموں، اچار، کھٹائی، ترش پھل، زیادہ ترش دہی وغیرہ۔

۳۔ آلو، اروی، بھنڈی، بینگن، گوبھی، چنے کی دال، ماش کی دال، گائے کا گوشت، چاول، سرد پانی، چائے، نسوار، سگریٹ وغیرہ۔

سیلان الرحم

حکیم محمد شاہد، حمید پورہ، کالونی نمبر ۲ مکان نمبر ۱۵۹ نزد پاشا بچہ باڈی کے برابر میرپور خاص (سندھ)

یہ مرض خواتین کے لیے نہایت ہی خطرناک ہوتا ہے۔ جو کہ آہستہ آہستہ خواتین کی صحت کو دیمک کی طرح چاٹ جاتا ہے۔ اسے خواتین کا جریان بھی کہتے ہیں۔ یہ بیماری زندگی کو وقت سے قبل خزاں رسیدہ بنا دیتی ہے۔ یہ بیماری عورت کی صحت ناقابل یقین کمزوری میں بدل دیتی ہے چہرے اور جسم کی تمام دلکشی آہستہ آہستہ جاتی رہتی ہے۔

سیلان الرحم کی بیماری کے درج ذیل اسباب ہوتے ہیں

کثرت جماع، غذائی خرابی، بندش حیض، رحم میں رسولی کا پیدا ہونا، گرم چیزوں کا کثرت سے استعمال، اسقاط حمل، کثرت گوشت خوری، شہوانی جذبات کا کسی طرح بھی اپنے اعصاب میں پیدا ہونا۔

عشقیہ ناول اور افسانے پڑھنا، فلموں کو کثرت سے دیکھنا، بوس وکنار کے مناظر سے لطف اندوز ہونا، عریاں تصویروں کا دیکھنا، اپنے خیالات میں گندے تصورات کو جگہ دینا، عام جسمانی کمزوری، کیلشیم، آئرن اور وٹامن کی کمی، سرطان الرحم، رحم کی گردن کا جھک جانا، رحم کی کمزوری، رحم کا ٹل جانا، منی کا رحم میں سڑ جانا، ورم رحم، بچپن کا حمل۔

آتشک اور سوزاک وغیرہ کی بیماری کے باعث بھی یہ مرض ہو جاتا ہے۔ ایک اور اسباب جو دیکھنے میں آیا ہے وہ یہ کہ ایام ماہواری میں غسل کر لینا ہے۔

سیلان الرحم کی بیماری کی درج ذیل علامات ہوتی ہیں

اندام نہانی میں خارش رہتی ہے۔ ماہواری درد اور تکلیف سے آتی ہے۔ اکثر قبض کی شکایت ہو جاتی ہے۔ جسمانی کمزوری، خون کی کمی، کمر، پنڈلیوں اور جوڑوں میں درد کا ہونا، گالوں کا شباب ماند پڑ جانا، بھوک کا نہ لگنا، آنکھوں کا جلنا، چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا، کسلمندی، کام کرنے کو دل نہ چاہنا اور کسی بھی کام کے دوران جلد تھک جانا، سر درد کی شکایت، چڑچڑاپن، بار بار پیشاب کا آنا اور اس پیشاب میں سفید رطوبت کا خارج ہونا۔ نئی دلہنوں اور نوجوان عورتوں کی اندام نہانی میں یہ شکایت اکثر ہو جاتی ہے۔

علاج

نسخہ: عفص (جلا ہوا) ۶ گرام، چینا گوند ۵۰ گرام، سینبھل کی گوند ۵۰ گرام، اسگند ۲۴ گرام، اندر جو شیریں ۲۴ گرام، شکر ۱۵۰ گرام۔

ترکیب تیاری: تمام چیزوں کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔

طریقہ استعمال: بڑے سائز کے کیپسول میں بھر کر رکھ لیں۔ ایک کیپسول صبح اور ایک کیپسول شام ہمراہ آب تازہ کے استعمال کریں۔

نوٹ: دوپہر کو کسی اچھے دواخانہ کا شربت فولاد بھی استعمال کریں۔

پرہیز: آلو، گوبھی، بڑا گوشت، انڈا، مچھلی، مرغی، پائے، گرم مصالحہ، گڑ، مرچ، ماش کی دال، تل، کھٹائی، لیموں، اچار، بینگن، زیادہ چلنا پھرنا، کوئی بوجھ اٹھانا، شدید محنت و حرکت کرنا اس مرض میں مضر ہوتا ہے۔

غذا: کدو، بکری کا شوربہ، پالک، ٹنڈا، لوکی، توری، چقندر، مونگ کی دال، ارہر کی دال، سیب، امرود، کیلا وغیرہ استعمال کریں۔

• حلفیہ بُخل شکن مجرّبات

حکیم محمد فاروق اقبال، نیو کوارل شالامار ٹاؤن باغبانپورہ — لاہور

قارئین کی خدمت میں چند بہترین مجربات پیش خدمت ہیں امید ہے کہ آپ پسند فرمائیں گے۔

اکسیر رسکپور

برائے داد، چنبل، خارش، سوزاک، آتشک، بواسیر، انجیراں سنگلیاں، ٹکلپڑ، پرانے بخار کے لیے آزمودہ مجرب نسخہ ہے۔

ہوالشافی: ورقیہ، رسکپور ماشہ ماشہ لے کر ۲۴ گھنٹے کھرل کریں تاکہ چمک نہ رہے اور تھوڑا تھوڑا سوڈا بائیکارب ملاتے جائیں حتٰی کہ رنگت سیاہی مائل ہو جائے۔ بس تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک رتی مکھن میں صبح و شام بعد از غذا۔

پرہیز: بادی اشیاء سے۔ گھی دودھ زیادہ استعمال کریں۔

(مطلب کا مایہ ناز نسخہ ہے تیار شدہ بھی ملتا ہے)

اکسیر الرجی

خارش، چھپاکی، الرجی، جسم میں سوئیاں چبھنا، اندرونی و بیرونی زخموں، کان بہنا کے لیے اکسیر ہے۔

ہوالشافی: کالی زیری اکلو۔ گندھک آملہ سار اپاؤ۔ گیری اپاؤ۔

کالی زیری کو مدبر کر کے اور گیری ملا کر نیم کے پانی میں ایک ماہ کھرل کریں اور گندھک کو گوار گھیکوار میں ۵ دن کھرل کر کے خشک کر لیں پھر تمام ادویہ کو یکجا کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: بڑے کیپسول بھر لیں۔ دن میں ۳ مرتبہ ایک کیپسول غذا کے بعد پانی سے لیں۔ انشاءاللہ پہلی خوراک کام کرے گی۔

(اکسیر الرجی کیپسول ہم سے بھی طلب کر سکتے ہیں)

عطیہ خاص برائے کمی خون، کمزوری معدہ

ہوالشافی: ایم اے بی سلفیٹ پوڈر ۱ تولہ۔ فیٹا میسنم سلفیٹ پوڈر ۱ تولہ۔

عرق گلاب بوتل میں تھوڑا تھوڑا ڈال کر جوش دیں۔ بعد میں ست الائچی خورد، ست پودینہ ماشہ، ماشہ ڈال دیں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ چمچ استعمال کرائیں۔

(یہ تحفہ مجھے ایک گاؤں کے نمبردار نے عطا فرمایا ہے۔ میرا آزمودہ نہیں لیکن ان کے پُرزور اصرار پر شائع کر رہا ہوں)

حب مسک

ہوالشافی: چرس، افیون، تخم سیاہ بریاں، زعفران ہر ایک تولہ، تولہ لے کر عرق گلاب میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ نیم گرم دودھ کے ساتھ۔

پرہیز: نمک و ترشی سے قطعاً پرہیز ہے۔

(یہ گولیاں بھی تیار شدہ مل سکتی ہیں)

• بسکھپرا (ٹی بی) کا علاج — ایک بہترین تجربہ۔

ہمارے علاقے کے بزرگ محترم مفت تقسیم کرتے ہیں اور حکمت سے گہری دلچسپی رکھتے ہیں۔ بڑے بڑے بہترین مجربات سے استفادہ فرماتے ہیں انہوں نے بسکھپرا (اٹ سٹ) کے متعلق ایک تجربہ سے آگاہ فرمایا ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہماری عزیزہ کو تپ دق ہو گئی اور گلاب دیوی ہسپتال لاہور کے ڈاکٹروں نے مایوسی کا اظہار کر دیا کہ مریضہ چند دنوں کی مہمان ہے۔ ہم مریضہ کو گھر لے آئے۔ ہم نے اپنے علاج کے طور پر سفوف بسکھپرا ایک ماشہ کی مقدار میں دن میں ۳ مرتبہ ہمراہ پانی استعمال کرایا تو دو ہفتوں میں

پھیپھڑوں کے داغ، بلغمی کھانسی ختم ہوگئی۔ اب مریضہ مکمل طور پر صحتیاب ہے۔ دوبارہ ڈاکٹروں کو دکھایا تو وہ حیران رہ گئے۔ نسخہ پوچھنے پر آمادہ ہوئے لیکن ہم نے نسخہ نہیں بتلایا۔

اب میری تمام قارئین سے گزارش ہے کہ اسرارِ حکمت کے لیے جو انہوں نے قربانی دی ہے اُن کے لیے خصوصی دعا فرمائیں اور اپنے تجربات سے آگاہ فرمائیں۔

نوٹ: بوٹی تازہ لیں ہے جسے سایہ میں خشک ہو۔

عطیہ قاسم بن شمس

● حکیم محمد شمس الحق مسلم آباد بازار شالامار ٹاؤن کے صاحبزادے نے پڑھنے کے لیے اپنے بہترین مجرب نسخہ سے آگاہ فرمایا ہے۔ آپ طبیہ کالج شاہدرہ کے اسٹوڈنٹ ہیں۔ کامیابی کے لیے دعا فرمائیں۔ مطب کا مایہ ناز نسخہ ہے۔

ہوالشافی: ہینگ، مرچ سرخ، افیون، مشک کافور ہموزن کھرل کرکے مرچ سیاہ کے برابر حبوب بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح ایک شام مناسب بدرقہ سے۔

فوائد: جو جلاب کسی وقت بند نہ ہوں۔ ایک گولی کافی ہے۔

● اے قوم تیری یہ کورانہ تقلیدی تیری پستی و ذلت کا باعث ہے۔ قوموں کی صلاح و فلاح عمل پہ اور عمل نمونہ پہ موقوف ہے۔

● کسی کام کو انوکھے انداز میں کرنے کو نمونہ کہتے ہیں سو کوئی نرالا نمونہ پیش کر، ایک مدت سے وقت کی یہ پکار ہے۔

● اے اور جینے والے اس جگ میں ایسے ہی کر جا جائے

● جو تونے بار بار اس جگ میں آنا اور تجھے بھیجا جاتا ہے۔ تیرا جینا تیری قوم کے لیے ایک نمونہ ہو۔

مجربات

دردِ سر

بوجہ نزلہ زکام، اختلاط، حواس گمی۔

چورہ برگ اسطوخودوس ۵ تولہ، کشنیز خشک مغز ۲½ تولہ۔

فلفل سیاہ ۱½ تولہ۔

ترکیب استعمال: سب کو علیحدہ علیحدہ سفوف کریں۔ پھر صحیح وزن کے مطابق ملائیں۔ ۳ گھنٹے کھرل کر کے حفاظت سے رکھیں۔

خوراک: ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ دن میں تین مرتبہ۔

ضماد (لیپ) برائے آشوب چشم

انار دانہ ترش تولہ۔ ہلدی پختہ ۱½ تولہ۔ پوست خشخاش سفید تولہ۔ شب یمانی تولہ۔ برگ نیم خشک تولہ۔ سونف اعلیٰ ۵ تولہ۔ پانی سادہ اصلی ۴۰ تولہ۔ سب اجزا کو جو کوب کر کے پانی میں چار روز بھگوئیں۔ بعد اس کے جوش دے کر ایک دم جلائیں۔ نیچے اتار کر سرد کر کے اچھی طرح چھان کر تیار جوشاندہ آگ پر رکھیں گاڑھا ہونے پر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت آنکھیں کی پلکیں اٹھا کر لگائیں یا اوپر کا لیپ کریں۔ آہستہ آہستہ آنکھیں کھول لیں یہ دو دفعہ کریں۔ انشاءاللہ چند دنوں میں صحت ہو جائے گی۔

برائے شدید قبض

سفوف مغز کرنجوا ۱ تولہ۔ دارچینی سفوف تولہ سفوف کباب چینی تولہ۔ سفوف فلفل سیاہ تولہ۔ مغز جائفل ۲ تولہ۔

سفوف صبر ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: جائفل کو اس قدر کھرل کریں کہ لیس پیدا ہو جائے۔ پھر سب اجزا کو اسی طرح کھرل کر کے حب بقدر دانہ مسور تیار کریں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت ایک یا دو حب ہمراہ آب تازہ FRESH WATER بمقدار زیادہ استعمال میں لائیے اگر دل گھبرائے تو دہی سادہ استعمال کریں۔ اگر اسہال زیادہ ہوں تو ست اسبغول ہمراہ چھ ماشہ شربت چینی استعمال کریں۔ بوڑھا، حاملہ، تپ دق والا استعمال نہ کرے۔

فوائد: سخت قبض کے لیے منفعت رساں ہے۔

اکسیر معدہ

نوشادر ۲ تولہ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ۔ الائچی کلاں ۲ تولہ۔ گندھک ۲ تولہ۔ ہرڑ ۲ تولہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ۔ پیٹ کے ہر قسم کے امراض کے لیے اکسیر ہے۔

حب قبض کشا

منقیٰ ۲½ تولہ۔ سقمونیا ولایتی ۱½ تولہ۔ بادام مقشر ۲½ تولہ حبوب نخودی تیار کریں۔

دو حب ہمراہ شیر گرم دیرینہ قبض کے لیے لاجواب چیز ہے۔

امرت

- ست پودینہ ایک تولہ۔ ست کافور ایک تولہ۔ ست لونگ ایک تولہ۔ ست اجوائن ایک تولہ۔ واشٹ آئیل ایک پاؤ۔ رتن جوت ۲ ماشہ۔ روغن کنجد خالص ایک سیر۔

تمام ست ایک شیشی میں ڈال کر حل کریں۔ بعد ازاں واشٹ آئیل شامل کریں۔ روغن کنجد گرم کر کے جھاگ ماریں۔ جھاگ ختم ہو تو رتن جوت شامل کریں سرخ رنگ ہو جائے گا۔ جب روغن کنجد ٹھنڈا ہو جائے تب دوسری ادویات شامل کریں لاثانی چیز ہے۔

ہر قسم کی بیرونی درد چوٹ ورم کے لیے اکسیر ہے۔

سوائے سانپ دیگر جانوروں کے کاٹنے پیٹ درد جملہ اقسام خارش کے لیے اندرونی استعمال سے خارش ہر قسم غائب۔ اور دیگر امراض کے لیے تریاق ہے۔

اکسیری منجن

ہوالشافی: شب یمانی بریاں، نمک طعام، فلفل سیاہ ہموزن سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔ دانتوں کی ہر قسم کی امراض کے لیے بے مثال ہے۔

اکسیر دمہ

تر یا خشک کھانسی تنگ کرتی ہو۔ پھٹکڑی کو کوئلہ جلا کر راکھ کر لیں۔ بعدہٗ ہموزن شوگر آف ملک ملا کر ایک رتی خوراک ہمراہ شہد صبح و شام۔

مجربات تاثیری

حکیم تاثیر حیدر کوٹ مراد، ڈاکخانہ پہاڑ پور براستہ ۱۸ ہزاری تحصیل و ضلع جھنگ

نوائے وقت سنڈے میگزین اتوار ۱۵ فروری ۱۹۸۰ء میں صاحب مضمون جناب ایم حفیظ اللہ صاحب نے بعنوان دیسی طب کے فروغ میں رکاوٹیں۔ جن الفاظ سے اظہار کیا ہے (اطباء حضرات کے لیے قابل توجہ ہے۔

اس مضمون کے حوالے سے مذاق اطباء حضرات کی خدمت میں گزارش ہے کہ ایسے ہی نسخہ جات کا اظہار فرمائیں تا کہ نہ صرف طب ترقی کرے بلکہ دکھی انسانیت بھی سکھ کا سانس لے سکے۔

چاول میں سکے دیتا ہوں اسے بارش کا پہلا قطرہ شمار کریں۔ اور مجربات کی بارش کے لیے دعا فرمائیں شکریہ!

مضمون میں جن امراض کی نشاندہی کی گئی ہے۔ ان میں سے ایک لقوہ بھی ہے۔

لیجئے حضرات لقوہ (چہرہ کا فالج) کے لیے جادو اثر نسخہ حاضر ہے۔ انشاء اللہ میرے طبی کشکول میں جو بھی مجربات ہیں نذر قارئین کرتا رہوں گا۔ انشاء اللہ صحت و زندگی کی دعا۔

لقوہ کی گولیاں

- ہوالشافی: پوست ریٹھہ، نوشادر اور رائی برابر وزن نخودی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: دو گولی صبح دوپہر شام ہمراہ دودھ نیم گرم۔

انشاء اللہ بہت جلد لقوہ درست ہو جائے گا۔ روغن زیتون کی مالش کریں۔

جی متلاتا ہے اور کبھی قے بھی آجاتی ہے۔ سردی سے کپکپی طاری ہوتی ہے۔ دھوپ میں یا آگ کے پاس بیٹھنے کو جی چاہتا ہے۔ پیشاب بار بار آتا ہے۔ پیشاب کی رنگت سرخ، سفید یا زرد ہوتی ہے۔ سر میں درد بھی محسوس ہوتا ہے۔ زبان پھیکی اور خشک ہو جاتی ہے۔ نبض تیز تیز چلتی ہے۔

اصولِ علاج

علامات اور اعراض کے پیشِ نظر بخار کی نوعیت و ماہیت معلوم کر کے جیسی ضرورت ہو ویسا ہی علاج کرنا چاہیے۔

یونانی طریقہ علاج

Herbopathy Treatment

اکسیر بخار خاص

● نسخہ: مغز کرنجوہ ۵۰ گرام۔ نوشادر ۲۵ گرام۔ فلفل سیاہ ۲۵ گرام۔ جیرہ ۲۵ گرام۔ فلفل دراز ۲۵ گرام۔

تیاری: تمام ادویہ کا باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ گرام۔

طریقہ استعمال: ہمراہ تازہ پانی دن میں تین مرتبہ دیں۔

فوائد: وبائی بخار، ملیریا بخار، ورم جگر و طحال میں مفید ہے۔

ملیریا بخار کے نقصانات

۱۔ زیادہ عرصہ تک ملیریا بخار رہنے سے مریض کی تلی بڑھ جاتی ہے۔

۲۔ ملیریا بخار کی وجہ سے مریض کے جسم میں خون کی کمی واقع ہو جاتی ہے۔

۳۔ مریض کے جسم میں کمزوری ہو جانے کی وجہ سے دوسری بیماریوں کے حملے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

غذا: مریض کو ہلکی زود ہضم غذا دیں۔ مثلاً بکری کے گوشت کا شوربہ، چپاتی، مونگ کی دال، سبزیوں میں کدو، توری، ٹینڈے۔ پھلوں میں میٹھا، سیب، انار، مسمی کھلا سکتے ہیں۔

پرہیز: ثقیل، بادی اور دیر ہضم چیزوں کے استعمال سے کریں۔

دھوپ میں زیادہ چلنے پھرنے اور بارش میں بھیگنے سے احتیاط کریں۔

ایسی جگہیں جہاں پر ملیریا بخار کی کیفیت ہو قیام نہ کریں۔

ملیریا بخار سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر

۱۔ اپنے گھروں کے اردگرد گندہ پانی نہ کھڑا ہونے دیں۔

۲۔ ملیریا بخار کی صورت میں قریبی ہسپتال یا بنیادی مرکز صحت یا انسدادِ ملیریا کے عملے سے معائنہ خون کروانے کے بعد بخار کی صورت میں دوا لے کر باقاعدہ کھائیں۔

۳۔ اپنے گھروں میں ملیریا مخالف سپرے کے دوران محکمہ صحت اور کارپوریشن کے عملے سے پورا تعاون کریں۔

۴۔ سپرے ہو جانے کے بعد دیواروں اور چھتوں کو تقریباً دو ماہ تک صاف نہ کریں۔

۵۔ سپرے کے دوران کھانے پینے کی اشیا اور برتن مکمل طور پر ڈھانپ کر رکھیں۔

۶۔ خوراک، پھل اور دیگر خوردنی اشیا کو صحت کے اصولوں کے مطابق صاف ....

۷۔ وباء کے دنوں میں بازاری غذائیں ...... اجتناب کریں۔ اور گلے سڑے پھل اور خراب ہوئی سبزیاں بالکل استعمال نہ کریں۔

۸۔ ملیریا بخار ایک قابلِ علاج مرض ہے۔

مندرجہ بالا ہدایات پر سختی سے عمل کر کے اس بیماری سے محفوظ رہ کر اپنی زندگی اور صحت کو بچائیں۔

● حکمت و دانائی اور علم و ادب سے بڑھ کر کوئی چیز مفید خلائق نہیں۔

بہترین تحفے

حکیم حاجی اصغر علی بیکوہ ، بھکھی فیصل آباد روڈ ضلع شیخوپورہ

کیرا ، نزلہ ، زکام

● چھوٹی الائچی ۱ تولہ ۔ طباشیر نقرہ ۱ تولہ ۔ کول ڈوڈے ۱ تولہ ۔ گری بادام ۱ تولہ ۔ کوزہ مصری ۱ تولہ ۔

سب چیزیں الگ الگ سفوف بنا کر باہم ملالیں ۔

خوراک : صبح و شام کھانا کھا کر دو دو ماشے تازہ پانی سے کھالیں ۔

پرہیز : کھٹی بادی تیل والی اشیاء سے پرہیز کریں ۔

انشاء اللہ پہلی خوراک سے ہی فائدہ ہو جائے گا ۔

اکسیر جگر ، کمزوری جگر

۵ تولہ منڈور کو بیس بار آگ میں سرخ کر کے لسی میں بجھائیں ۔ پھر اس کو سفوف کر لیں اور مندرجہ ذیل چیزیں ملا دیں ۔

ترپھلہ ۵ تولہ ۔ سگھاں ۵ تولہ ۔ مجیٹھ ۵ تولہ ۔ کوزہ مصری ۱۰ تولہ ۔

ان چیزوں کو الگ الگ سفوف بنا کر آپس میں ملا لیں ۔ اس سارے سفوف کو ایک پاؤ دہی میں کھرل کریں اسی طرح آٹھ دن ہر روز ایک پاؤ دہی میں اس طرح کھرل کر لیا کریں ۔ اس طرح آٹھ دن میں کل دو کلو دہی اس میں کھرل کر دیں ۔

چنے کے برابر گولیاں بنالیں ۔

خوراک : کھٹی لسی یا پانی سے ایک گولی صبح ایک گولی دوپہر ایک گولی شام کھایا کریں ۔ اگر لسی نہ ہو تو پانی سے بھی گولی کھا لیا کریں ۔

پرہیز : کھٹی بادی تیل والی چیزوں سے پرہیز کریں ۔

شعر ۔ مریضوں کو بھی لازم ہے نہ چھوڑیں صبر کا پلہ
یقیں والوں کی خاطر ہیں دوائیں معجزہ اللہ
ذکر سکتا ہے دنیا میں کوئی دعویٰ شفا کا
طبیبوں کی تو کوشش ہے شفا من جانب اللہ

یرقان کا نسخہ

● جڑیاں ۱ تولہ ۔ سگھاں ۱ تولہ ۔ سوہاگہ سفید چھل کردہ ۱ تولہ ۔ چینی ایک پاؤ ۔

ترکیب : سوہاگہ چھل کر کے سفوف بنالیں اور باقی چیزیں بھی سفوف بنا کر خالی بوتل شربت والی میں ڈال دیں ۔ بعد میں معمولی نیم گرم پانی ڈال دیں ۔ ایک گھنٹہ پڑا رہنے دیں ۔

خوراک : ایک گھونٹ صبح ایک گھونٹ شام کو پی لیں ۔

پرہیز : کھٹی بادی تیل والی چیزوں اچار وغیرہ سے پرہیز کریں ۔ ثقیل غذائیں نہ کھائیں ۔

سادہ خوراک استعمال کریں ۔

مردانہ طاقت ، جسمانی طاقت ، فالج لقوہ

شنگرف رومی ۱ تولہ ۔ مالکنگنی ۱ پاؤ ۔

ترکیب : لوہے کی کڑاہی میں آدھی مالکنگنی نیچے ڈال کر اوپر شنگرف کی ڈلی رکھ دیں آدھی مالکنگنی اوپر ڈال دیں ۔ کڑاہی کے نیچے ہلکی آگ جلا دیں مالکنگنی تیل بن جائے گی اور پکتی رہے گی ۔

تین چار گھنٹے آگ جلاتے رہیں ۔ جب سارا تیل خشک ہو جائے جلی ہوئی گندم کی طرح مالکنگنی کے کوئلے بن جائیں گے کشتہ تیار ہو جائے گا ۔

بیاضِ مہتاب

حکیم مہتاب جبیں دہلوی، نزد آرمی کالونی بی حکیم آباد نوشہرہ کینٹ

طاقت در

یہ دوا جیسا کہ نام سے ظاہر ہے طب قدیم کی مشہور و معروف ادویہ میں سے ایک ہے۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ، مولد منی، ممسک، مقوی اعصاب اور جنرل ٹانک ہے۔ دماغ، اعصاب اور جسم میں برق سو پیدا کرتا ہے۔ عام جسمانی کمزوری کو دور کر کے بدن میں خون پیدا کرتی ہے اس کے استعمال سے مادہ منویہ بکثرت پیدا کرتا ہے۔ ازکار رفتہ رہنوں کے لیے پیام صحت ہے۔ جماع کے بعد پیدا ہونے والی کمزوری کو رفع کرنا اس کا ادنیٰ سا فعل ہے۔ الغرض اس کو استعمال کرنے والا مرد، کمزوری اور نامردی کا مریض نہیں رہ سکتا۔ آزمائش شرط ہے۔ پڑھ کر چھوڑ دینے والے کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ مدت استعمال چالیس روز۔ لیجئے اجزاء اور ترکیب ساخت ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء: ہرتال شاتی، سیماب مصفیٰ ۲ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ خراطین مصفیٰ ۲ تولہ۔ تخم پیاز سفید ۲ تولہ۔ تخم گزر ۲ تولہ۔ تخم جرجیر ۲ تولہ۔ ہم حصہ بنالیں۔

ترکیب ساخت: اول دونوں ادویہ کو کھرل میں ڈال کر اتنا کھرل کریں کہ کجلی بن جائے تو دیگر ادویہ کو کل دردرا کوٹ کر باہم ملالیں۔ اور تین ماشہ تمام مل ادویہ کو لے کر کھدر کے ایک کپڑے کے ٹکڑے میں باندھ کر ½ ۱ پاؤ خالص دودھ میں ڈال کر اس قدر پکائیں کہ دودھ ایک پاؤ رہ جائے تو چینی ڈال کر نوش فرمائیں۔

اس کی مدت استعمال چالیس روز ہے۔

ضرور آزمائیں۔

مریضانِ قلب کے لیے مجربات

ذیل میں مریضان قلب کے لیے قلیل اجزاء پر مشتمل چند مجربات پیش خدمت ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

۱۔ ورق نقرہ ایک ماشہ۔ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۳ ماشہ۔ کشتہ مرجان در عکس ۶ ماشہ۔ اول ورق نقرہ اور دانہ الائچی خورد دونوں کو اس قدر کھرل کریں کہ ورق نابید ہو جائیں تو دیگر ادویہ بھی شامل کھرل کر کے یک جان کر کے محفوظ کر لیں۔

خوراک و استعمال: شیرہ مربہ آملہ چھ ماشہ میں حل کر کے صبح نہار منہ استعمال کریں۔ اوپر سے ایک عدد آملہ مربہ والا کھالیں۔

فوائد: خون میں کولیسٹرول کو ختم کرتا ہے۔ مقوی قلب ہے۔

۲۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ زمرد خام ۳ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ تینوں ادویہ کو کھرل میں ڈال کر کھرل کریں اور ایک ایک قطرہ روح گلاب کا ڈال کر کھرل کرتے جائیں یہاں تک کہ ۱ تولہ روح گلاب ختم ہو جائے تو ایک مناسب حجم کی مٹی کی کلیہ میں ۱۰ سیر کی آگ دیں۔ آگ سے ٹھنڈا ہونے پر جو کچھ برآمد ہو اس میں دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ شامل کر کے روح کیوڑہ ۲ تولہ سے کھرل کر کے شیشی میں محفوظ کر لیں۔

ایک رتی ادویہ خمیرہ گاؤزبان سادہ میں اکٹھا لپیٹ کر صبح نہار منہ استعمال کریں۔

خفقان کے خاتمہ کے لیے از حد مجرب اور مفید ہے۔

۳۔ طباشیر کبود ۱ تولہ۔ برادہ صندل ۱ تولہ۔ الائچی خورد دانہ ۱ تولہ۔

زہر مہرہ خطائی اتولہ۔ کہربا شمعی اتولہ۔

تمام ادویہ کو کھرل میں ڈال کر عرق گلاب اصل ۱۰ تولہ میں کھرل کرکے شیشی میں محفوظ کریں۔

ایک ماشہ دوا ایک تولہ شیرہ مربہ سیب میں حل کرکے نوش فرمائیں۔

متذکرہ امراض کے لیے ازحد مفید ہے۔

۴۔ کشنیز اتولہ۔ ابیسون اتولہ۔ گل سرخ اتولہ۔ گل گاؤزبان اتولہ۔ الائچی خورد اتولہ۔ تمام ادویہ سے تین تین ماشہ لے کر تین چھٹانک گرم ابلتے ہوئے پانی میں ڈال دیں۔

صبح کو مل چھان کر نہار منہ نوش فرمائیں۔ چینی سے میٹھا کرلیں۔

۵۔ زمرد، شاخ مرجان اور ورق نقرہ تین تین ماشہ لے کر کھرل میں ڈال کر روح کیوڑہ ۵ تولہ سے کھرل کرکے کوزہ گل میں گل حکمت کرکے ۱۵ سیر کی آگ دیں بہترین کشتہ تیار ہوگا۔ کھرل کرکے محفوظ کرلیں۔

۲ رتی ادویہ خمیرہ ابریشم سادہ میں استعمال کریں۔

۶۔ گل گلاب اتولہ۔ الائچی خورد، سیب کی قاشیں خشک شدہ، گل نیلوفر تمام ادویہ ایک ایک تولہ لے کر تمام سے چھ ماشہ کی چائے بنا کر رات کو سوتے وقت نوش فرمائیں۔ نیز چائے میں قدرے دودھ شامل کریں۔

۷۔ کشتہ نقرہ مرکب جس میں مرجان، مروارید، زمرد اور دیگر کئی جواہرات شامل ہیں۔

ایک رتی دوا مربہ سیب کی قاش میں چیرا لگا کر اس میں بند کرکے نوش فرمالیں۔

یہ بیاض مہتاب کا خاص نسخہ ہے۔ اس کی ترکیب تیاری وغیرہ ۱۹۹۱ء کے اسرار حکمت کے کسی شمارے میں شائع ہوچکی ہے۔

● ۸۔ مروارید ۱ ماشہ۔ ورق نقرہ ۱ ماشہ۔ طباشیر اتولہ۔ دانہ الائچی خورد اتولہ۔ مصری ۳ تولہ۔ تمام ادویہ کا سفوف بنالیں۔

۲ رتی دوا شیرہ بادام اور شیرہ مربہ آملہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

گذارش

ایک مریض جس کا پیٹ ناف سے اوپر اور سینے کی پسلی سے نیچے کا حصہ موٹا ہے۔ ایسا لگتا ہے جیسے پیٹ میں ابھار و جیسا ہوگیا ہو۔ کسی قسم کا کوئی درد یا دیگر کوئی تکلیف نہیں ہے۔ اندرونی طور پر بھی کوئی غیر ضروری مثلاً رسولی وغیرہ بھی نہیں ہے۔ بھوک محسوس ہوتی ہے لیکن کھانا کھایا نہیں جاتا۔ یعنی کھانے کو دیکھ کر بھوک اڑ جاتی ہے۔ اگر کسی صاحب کے پاس اس طرح کے مریض کا تجربہ شدہ مجربات ہوں تو یا تو براہ راست بندہ کو ارسال کردیں یا ماہنامہ اسرار حکمت میں شائع کروادیں۔

بھروسہ کیپسولز (یونانی)

قیمتی اجزا پر مشتمل "بھروسہ کیپسولز" سرعت انزال کو دور کرکے طاقت پیدا کرتے ہیں۔ ان کے استعمال سے مرجھائے ہوئے چہرے تروتازہ گل کی طرح شگفتہ ہوجاتے ہیں۔ وقت پر شرمندگی اٹھانے والے نوجوان اپنا کھویا ہوا وقار پھر سے حاصل کرسکتے ہیں۔ بے حد مقوی باہ ہونے کی وجہ سے دونوں فریق لذت محسوس کرتے ہیں۔ منی کا فوراً اخراج ختم ہوکر وظیفہ زوجیت طویل ہوجاتا ہے۔ کمزوروں کو بھی باہ حاصل ہوتی ہے۔

قوت باہ کے لیے بے مثل تحفہ ہے۔

قیمت فی درجن ۴۸/ روپے ۔۔ فی گرس ۳۴۰/ روپے

حکیم مہتاب حسین دہلوی، حکیم آباد نوشہرہ کینٹ
صوبہ سرحد

کباب چینی ۱۰ گرام ۔ زیرہ گلاب ۱۰ گرام ۔

تیاری :۔ تمام ادویہ کا باریک سفوف بنا کر کسی باریک ململ کے کپڑے میں چھان لیں ۔ یعنی یہ سفوف سرمہ کی مانند باریک ہو جائے ۔ دوا تیار ہے ۔

استعمال :۔ ضرورت کے وقت ایک چٹکی سفوف سادے منہ میں اچھی طرح چھڑکیں ۔

فوائد :۔ منہ کے دانوں، زخموں اور چھالوں کی تکلیف میں بہت ہی مفید ہے ۔ اندرونی منہ اور زبان کی سرخی کو ختم کرتا ہے ۔ اگر دانتوں کی وجہ سے زبان کٹ جائے تو اس حالت میں بھی فائدہ دیتا ہے ۔ پان میں چونا کھانے کی وجہ سے زخم ہو جائے تو بھی اچھا ہوتا ہے ۔ منہ کی فاسد رطوبات کو جلد خشک کرتا ہے ۔

پرہیز :۔ آلو، گوبھی، بینگن، چنے کی دال، ماش کی دال، مسور کی دال، انڈا، مچھلی، کباب، بکرے کا گوشت، نہاری، سری پائے، ہریسہ، چاول بالکل نہ کھائیں ۔ ترش اشیاء میں اچار، کھٹائی زیادہ ترش پھل، ترش دہی اور تیز میٹھے بالکل استعمال نہ کریں ۔ نمک، سرخ مرچ، گرم مصالحہ مکمل طور پر بند کر دیں ۔

غذا کا استعمال :۔ آش جو، ساگودانہ، دلیہ کھائیں ۔
ڈبل روٹی، رس، دودھ کا استعمال کریں ۔
سالن میں شوربہ کالی مرچ کا بنوالیں اور دیسی سبزی پکوائیں ۔
کدو، ٹینڈے، اروی وغیرہ دال مونگ پتلی استعمال کریں ۔

● موٹاپا دور

ٹنکچر آیوڈین جو ریکٹی فائیڈ سپرٹ میں بنا ہوا ہو ۔ ایک یا دو بوند ایک گھونٹ پانی ملا کر بعد غذا تین بار روزانہ پلائیں ۔ کچھ عرصہ جاری رکھیں ۔
گھی، دودھ، چکنائی بند ۔

معمولات تاج

عزیز قارئین کرام! میرے پہلے تین نسخہ جات کو جناب میاں شاہد اکبر نقشبندی صاحب نے "عنایات شیخوپورہ" کے زیر عنوان صلا اکتوبر ۹۵ء میں شائع کیا۔ جن کی تصدیق دوست احباب نے کی اور میرا حوصلہ بڑھا۔
نہایت ہی مجرب نسخہ جات مزید دو عدد نسخہ جات کے اضافہ کے ساتھ آپ کی خدمت میں پیش ہیں بنائیں اور اپنے مطلب کو کامیاب کریں۔ میرے علاوہ جناب سفیر حکمت میاں شاہد اکبر نقشبندی صاحب کو دعائیں دیں۔ جن کی بدولت یہ گوہر آپ تک پہنچ رہے ہیں۔ آپ کی دعاؤں کا طالب۔
خیر اندیش، حکیم تاج دین، ڈیرہ اللہ ہو، ڈنگروال براستہ کھاریانوالہ ضلع شیخوپورہ

اکسیر بالچر

اجزاء: تری لہسن چار عدد، سرمہ سیاہ دو ماشہ۔
تعارف: لہسن کو کوٹ کر بعد میں سرمہ شامل کر کے پھر کوٹیں اور رگڑائی کریں تاکہ اجزا یکجان ہو جائیں۔ تیار ہے۔
استعمال: رات کو سوتے وقت مقام ماؤف پر لگائیں تقریباً پانچ منٹ سی ہوگی۔ برداشت کریں اور رات بھر لگائے رکھیں۔ اگلی شام پھر تازہ دوا تیار کریں اور لگائیں۔ بوقت صبح دھولیں۔
فوائد: بالچر جو کسی دوا سے ختم نہ ہوتا ہو صرف دو دفعہ کے استعمال سے ٹھیک ہو جائے گا۔
مقام ماؤف پر نئی جلد پیدا ہو جائے گی نئی جلد پیدا ہونے پر روزانہ شیو کریں۔ اور کوئی دوسری دوا استعمال نہ کریں۔ پہلے معمولی بال پیدا ہوں گے آہستہ آہستہ بال سخت ہو کر بالچر ختم ہو جائے گا۔

دوائے لیکوریا

اجزاء: سنگجراحت، رال، گیرو۔
تیاری: تینوں ادویات ہموزن لے کر سفوف بنائیں اور محفوظ رکھیں۔
استعمال: تین ماشہ سفوف صبح نہار منہ گائے یا بکری کے دودھ سے کھلائیں۔
فوائد: دوسری تیسری خوراک سے فائدہ شروع ہو جاتا ہے۔ لیکوریا کے علاوہ جریان و احتلام کے لیے بھی یکساں مفید ہے اور سو فیصد درست نسخہ ہے۔
کورس دوا: ایک تا تین ہفتہ۔
تصدیق: عرصہ چھ سال سے معمول مطلب ہے کبھی ناکامی نہیں ہوئی۔ ضرور بنائیں۔

اکسیر پتھری توڑ

اجزاء: شنگرف سرماہی ۵ تولہ، سنگ یہود ۵ تولہ۔
آب ترب تین کلو، جوکھار ۲ تولہ، قلمی شورہ ۲ تولہ۔
تیاری: پہلی دونوں ادویہ کا سفوف بنا لیں اور کڑاہی میں ڈال کر نیچے آگ جلائیں اور پانی کو خشک کر لیں۔ بعدہٗ اس سفوف میں جوکھار، قلمی شورہ ڈال کر مکس کریں۔ کڑاہی کو آگ سے اتار کر ٹھنڈا ہونے پر پیس کر محفوظ رکھیں۔
استعمال: ۲ ماشہ کچی لسی کے ہمراہ صبح و شام کھلائیں۔
فوائد: درد گردہ، پتھری گردہ کو چار خوراک میں

خارج کر دیتی ہے۔ عرصہ چھ سال سے استعمال میں ہے۔
یہ دوا جتنی پرانی ہوتی جائے گی اتنی ہی زود اثر ہو جائے گی۔

اکسیری دوا ہائی بلڈ پریشر

● اجزاء: گلقند عمدہ تین پاؤ۔ مربہ ہرڑ کلاں عمدہ ایک کلو
عرق مکو خالص خود ساختہ دو بوتل۔

استعمال: گٹھلی دور کردہ ہرڑ ۳ عدد۔ گلقند ہموزن
ملائیں اور سوتے وقت چار پائی پر بیٹھ کر چبا چبا کر کھلائیں۔
اور اس کے بعد ایک کپ چائے والا عرق مکو پلا دیں۔

فوائد: ہائی بلڈ پریشر کو یہ دوا بفضلہ پہلے روز ہی
فائدہ پہنچا دیتی ہے اور انگریزی دواؤں سے جان چھوٹ
جاتی ہے۔

کورس: ۱۰ ایوم کافی ہے۔ پہلے جو گلقند اور ہرڑ
کا وزن لکھا ہے اس دوا کو اسی طریقے سے استعمال کر کے ختم
کرنا ہے گویا کورس مکمل ہو گیا۔

اکسیری شربت برائے ہائی بلڈ پریشر

● اجزاء: گل بنفشہ ۵ تولہ۔ گل نیلوفر ۵ تولہ۔ عناب ۵ تولہ۔
تخم کاسنی ۵ تولہ۔ آلو بخارا ۱۰ تولہ۔ چینی ۱ کلو

تیاری: جملہ ادویہ کو ۲۴ گھنٹے پانی میں بھگوئیں پھر
جوش دے کر چھان لیں اور چینی حسب قاعدہ ملا کر شربت
تیار کریں۔

استعمال: چار چمچے شربت گلاس میں ڈال کر باقی
پانی سادہ ملائیں اور نہار منہ پلا دیں۔ دوسری خوراک اسی طرح
بنا کر بارہ بجے دیں۔

فوائد: ہائی بلڈ پریشر کو نارمل کرے گا اور ہاتھ
پاؤں کی جلن بھی ختم کر دے گا۔

عرصہ چار سال سے مسلسل استعمال میں ہے کبھی ناکامی
نہیں ہوگی۔

نوٹ: جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ارسال
کریں۔ شکریہ۔

زہر پلا ڈنک

پانی کے ساتھ سرخ مرچ پیس کر بھڑ کے کاٹے ہوئے پر لگانے سے زہر دور ہو جاتا ہے۔ نیز باؤلے کتے کے کاٹے ہوئے متوں کرنے سے آرام آجاتا ہے، آزمودہ ہے۔

لال مرچ اور ہیضہ

ہیضے کی بیماری میں بھی یہ چیز حیرت انگیز آزمودہ ہے۔ ہیضے میں اس کو دینے کا طریقہ اس طرح ہے۔

لال مرچ کے بیج نکال کر اس کے چھلکوں کو خوب مہین پیس کر کپڑچھان کر لینا چاہیئے۔ اس سفوف کو شہد کے ساتھ گھوٹ کر دو دو رتی کی گولیاں بنا کر لینا چاہیئے۔ ہیضے کے بیمار کو بغیر کسی پرہیز کے ایک گولی ویسے ہی نگلنی چاہیئے جس بیمار کا جسم ٹھنڈا پڑ گیا ہو، نبض کی حرکت ڈوبتی جا رہی ہو، خرخر چل رہا ہو، اس کے جسم میں دس منٹ ٹھنڈا پسینہ بند ہو کر گرمی پیدا ہونے لگتی ہے اور نبض باقاعدہ چلنے لگتی ہے۔

ہیضہ کا ایک شافی علاج

ایلوا خالص نصف، مرچ سرخ بیج ایک گرین، ہینگ دو گرین، لعاب گوند کیکر کی مدد سے ان سب کی گولی بنالیں۔ ہیضہ کے مریض کو اس وقت استعمال کرائیں جب کچھ اسہال آچکے ہوں۔ تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد دو تین بار ایسی خوراک کھلاتے رہیں بلکہ دن بھر میں مریض کو کوئی اور چیز استعمال نہ کرائی جائے۔

یہ نسخہ سو فیصد مفید اور مجرب کہا جاتا ہے۔ ہیضہ کے ایک لب مرگ مریض کو جو ڈاکٹری علاج سے مایوس ہو چکا تھا اس کی پہلی خوراک نے صحت یاب کر دیا تھا۔ ایسے ہی کئی مواقع پیش آئے جن میں یہ دوا تیر بہدف ثابت ہوئی ہے۔

ایک بالکل آسان نسخہ

ایک بوتل پانی میں ان بجھا چونا ملا کر خوب ہلا دیں اور رکھ دیں۔ جب چونا تہ نشین ہو جائے تو پانی کو الگ کر کے دوسری بوتل میں ڈال دیں۔ ساتھ ہی پانچ تولہ باریک سرخ مرچ ڈال دیں جس میں سے کہ بیج نکال دیئے گئے ہوں۔ چوبیس گھنٹے کے بعد کپڑے سے اچھی طرح چھان کر رکھیں۔ مریض ہیضہ کو ایک ایک چمچہ یہ دوائی عرق پودینہ میں ملا کر آدھ آدھ گھنٹے بعد پلائیں۔

مجربات سیاہ مرچ

اکسیر امراض پیٹ

● سیاہ مرچ ۲۰ تولہ چینی کے برتن میں ڈال کر اس پر نمک لاہوری ۵ تولہ باریک پیس کر ڈالیں اور اس پر ۵ تولہ تیزاب گندھک اور ۲۰ تولہ لیموں کا عرق ڈال کر چینی کے دوسرے پیالے سے ڈھانپ کر رکھ دیں۔ جب تمام پانی وغیرہ مرچوں کے اندر ہی جذب ہو جائے اور مرچیں بالکل خشک ہو جائیں تو شیشی میں سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال: کھانا کھانے کے بعد ۵ سے ۷ مرچ کھایا کریں۔ یہ کھائی ہوئی غذا کو ہضم کر دیتی ہے اور کھانے میں بے حد لذیذ ہوتی ہے۔

دیگر فوائد: پیٹ درد، سول، بھوک نہ لگنا وغیرہ شکایتوں کے لیے بے حد مفید چیز ہے۔

دافع بادی

مرچ سیاہ ۵، تخم گل آک تازہ دس تولہ، نمک سیاہ ۵ تولہ تینوں اجزا کو باریک کرکے پیس کر بمقدار جنگلی بیر گولیاں بنالیں۔ بس تیار ہے۔

فوائد: ہر قسم کی قبض، درد باؤ گولہ، بادی سول، بدہضمی اور دیگر امراض پیٹ کے لیے تیر بہدف دوا ہے ایک سے چار گولی تک ہمراہ آب تازہ دیں۔ جن لوگوں کو قبض اور بادی شکم کی دوامی شکایت ہو ان کو کھانا کھانے کے بعد ایک ایک گولی کچھ عرصہ تک دینا بہت مفید و مجرب ہے۔

کامیابی ثابت ہوتا ہے۔

ہوالشافی: گندھک آملہ سار کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر انگاروں پر رکھیں۔ جب پگھل جائے تو گائے کے پاؤ بھر دودھ میں ڈال دیں۔ اور ایک منٹ کے بعد نکال کر پھر دوبارہ آگ پر پگھلائیں۔ اور تازہ دودھ لے کر اس میں ڈال دیں۔ یہاں تک کر گیارہ بھاؤ دودھ میں دیئے جائیں۔ بعدہ گیارہ مرتبہ گائے کے گھی میں بجھا دیں۔ بعدۂ جوشاندہ ترپھلہ میں ۳ بجھا دیں۔ بس گندھک مدبر یا دوا اکبریت تیار ہے۔ پیس کر سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۲ رتی سے ۳ رتی تک مکھن میں لپیٹ کر بوقت صبح کھلایا کریں۔

فوائد: خرابی خون، دراد، چنبل، خارش، آتشک، بھوک نہ لگنا اور بواسیر وغیرہ کے لیے مفید ہے۔

دوائے چنبل

● اجزاء و ترکیب تیاری: پھٹکڑی ایک تولہ۔ طوطیا ۴ ماشہ، مردار سنگ ۲ ماشہ۔

پہلی دونوں دواؤں کو باریک کر کے روئی کے اوپر رکھ کر توا آہنی کے اوپر رکھ دیں اور اوپر مٹی کا پیالہ اوندھا رکھ دیں اور نیچے آگ جلا دیں۔ جب سب کچھ پیالے کے اندر سوختہ ہو جائے تو اتار کر باریک پیس لیں۔ اور روغن سرسوں ڈیڑھ چھٹانک کو گرم کریں۔ جب جھاگ آکر سرد ہو جائے تو اس میں دوا مذکورہ ملا دیں۔ اور اسی میں سفوف رائی شامل کر دیں۔

ترکیب استعمال: دن میں ۳ مرتبہ روئی کے ذریعہ جائے ماؤف پر لگائیں۔

فوائد: گو یہ ذرا تکلیف دہ ہے لیکن بفضلہٖ چنبل کی جڑیں کاٹ کے رکھ دیتی ہے۔ پرانے سے پرانے چنبل کو دنوں میں فائدہ بخشتی ہے۔

بحضورِ عالی مقامؑ

میدانِ حرب میں ایسا بھی اک سماں دیکھا
سناں کی نوک پہ قرآن کا بیان دیکھا

لہو کا بہتا ہوا بحرِ بیکراں دیکھا
ظلم کی حد تھی مگر صبر کا سماں دیکھا

فرشتے آ کے درود و سلام کہتے تھے
ہے دشتِ ظلم میں ایسا بھی کارواں دیکھا

لہو لہو تھا بدن لب پہ مسکراہٹ تھی
سرِ ریگزار کے بستر پہ اک جواں دیکھا

حسینؑ ایک مگر ہیں یزید لاکھوں ہی
یزیدیت کو مگر میں نے بے نشاں دیکھا

شبِ عاشور بتا اس قدر خاموش ہے کیوں
نہیں ہے تو نے یہاں حشر کا سماں دیکھا

ابھی ابھی میں نے اصغرؑ کی پیاس دیکھی ہے
ابھی ابھی ہے گلے سے لہو رواں دیکھا

بنائے بازو قلم اور اپنے خون سے لکھا
ہے چشمِ فلک نے ایسا بھی امتحان دیکھا

غمِ حسینؑ میں رہتا ہے غمزدہ ارشد
جو اس نے دیکھا کسی اور نے کہاں دیکھا

حکیم محمد ارشد شہزاد

اکسیر الحئی اجملی

مورخہ ۴ نومبر ۱۹۹۷ء کو ماہنامہ اجمل لینے کے لیے میں جناب ہم عارف جاوید صاحب سیلز مینجر اجمل دواخانہ ریلوے روڈ لاہور کے پاس بیٹھا تھا۔ باتوں باتوں میں کند ذہنی کا موضوع آ گیا تو میں نے عارف صاحب سے کہا کہ میں آج تک ایسے نسخے سے محروم ہوں جو دماغ کو تقویت دے کر کند ذہنی اور نسیان کا خاتمہ کر دے۔ جس پر عارف جاوید صاحب نے حکیم جناب عبدالحئی صاحب کو بلوایا اور مجھ سے تعارف کرایا۔ حکیم صاحب وزنما شدہ خصوصی جناب عبدالحئی صاحب نے مجھے مقوی دماغ نسخہ عنایت کیا اور تصدیقاً وہاں پر موجود حضرات نے اس نسخہ کی تصدیق یوں فرمائی کہ آپ نوے ٪۱۰۰ درست نسخہ جات کی تلاش میں ہیں جبکہ یہ اکسیر الفوائد کے حساب سے ٪۲۰۰ درست ہے اور ہمارا اصول ہے بلکہ گھر کے تمام افراد عام اس کو استعمال میں لاتے ہیں۔ اور اس نسخہ سے بہتر نسخہ ملنا ناممکنات سے ہے اور اس نسخہ کو حاصل کر کے مجھے بے حد خوشی ہوئی۔ خیال تھا کہ اس اکسیر کو تیار کر کے بچوں کو استعمال کرایا جائے۔ دوسری مرتبہ رمضان شریف میں دواخانہ حکیم اجمل خاں ریلوے روڈ لاہور گیا۔ عارف صاحب سے ملاقات ہوئی تو وہاں پر ایک پریشان نوجوان رو رہا تھا عارف صاحب اس نوجوان کو دلاسہ دے کر چپ کرا رہے تھے۔ میرے استفسار پر عارف جاوید صاحب نے بتایا کہ حکیم عبدالحئی صاحب کو ہارٹ اٹیک ہوا تھا اور مورخہ ۳ جنوری ۹۸ء دوپہر ایک بج کر بیس منٹ پر آپ اس دنیا فانی کو چھوڑ کر مالک حقیقی سے جا ملے۔

انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اس خبر نے مجھے نہایت ہی افسردہ کر دیا کیونکہ حکیم صاحب جہاں اپنے بچوں کے کفیل وہیں آپ طب کے بھی مکمل طبی انسائیکلوپیڈیا تھے۔ میں نے آپ سے بہت کچھ سیکھنا تھا۔

میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے خصوصی جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور وارثان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین

آپ نے مجھے جو مقوی دماغ نسخہ عطا کیا وہ آپ کے ایصالِ ثواب کے لیے نذرِ قارئین ہے۔ مستفید ہونے والے حضرات حکیم صاحب کے بلندیٔ درجات کے لیے دعا فرمائیں۔

خیر اندیش
سفیرِ حکمت میاں شاہد اکبر نقشبندی

اکسیر الحئی

● مقوی دماغ ٪۲۰۰ درست نسخہ۔

اجزاء: مغز سونف ۱۰ تولہ۔ مغز کشنیز ۱۰ تولہ۔ خشخاش ۱۰ تولہ۔ چہار مغز علیحدہ علیحدہ ۱۰، ۱۰ تولہ۔ مغز بادام ۲۰ تولہ۔ مربہ ہلیلہ کلاں ۲۰ تولہ۔

تیاری: علیحدہ علیحدہ کوٹ کر ملا لیں۔ مربہ کے ساتھ شیرہ ہو تو وہ بھی ملا لیں۔ چینی بھی حسبِ ذائقہ اس میں ملا سکتے ہیں۔

استعمال: ایک چمچ نہار منہ ایک چمچ سوتے وقت دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: نزلہ، زکام، کمزوری دماغ، تھکاوٹ، سر درد دائمی، نسیان اور ضعفِ بصارت کے علاوہ تمام دماغی امراض کے لیے اکسیر الاثر دوا ہے۔

دوائی شروع کریں تو ناغہ نہ کریں اور چالیس یوم لازمی استعمال کریں۔

نوٹ: مذکورہ وزن ایک آدمی کے لیے مکمل کورس ہے ہر سال ایک دفعہ بنا کر کھائیں اور دماغی امراض سے محفوظ ہو جائیں۔

بقیہ: صدری راز

ملتے ہیں۔

وقتی طور پر امساک زبردست پیدا کرتا ہے۔ اور سرعت انزال کورس کرنے کے بعد ختم ہو جاتا ہے۔ فوراً اثر کرنے والا لاثانی نسخہ ہے۔ ہزاروں مریضوں پر تجربہ کرنے کے بعد پیش کیا ہے۔ جو بھی استعمال کرے گا وہ طب اسلامی کا گرویدہ ہو جائے گا۔ سرعت انزال سے دوبارہ واسطہ نہ پڑے گا۔ بیوی ہمیشہ کے لیے فرمانبردار اور مطیع ہوگی۔ آزمائش شرط ہے۔

آج پہلی بار اس بزم میں حاضر ہو رہا ہوں۔

حکیم محمد سعید دہلوی کو صدمہ

گذشتہ دنوں حکیم محمد سعید صاحب چیئرمین ہمدرد فاؤنڈیشن کی ہمشیر صاحبہ کے انتقال کی خبر اخبار میں شائع ہوئی۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

ادارہ ماہنامہ اسرارِ حکمت آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالٰی مرحومہ کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور ورثاء کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین

عنایاتِ نقشبندی

معزز قارئینِ کرام! آج میں جو مجربات آپ کی خدمت اقدس میں پیش کر رہا ہوں جناب میاں شاہد اکبر نقشبندی صاحب سفیرِ حکمت کی طبّی کاوشوں کے صلہ میں آپ کے نام کرتا ہوں اور اپنی اس جسارت پر خوشی محسوس کر رہا ہوں۔ دوستو۔ آپ کو معلوم ہی نہیں کہ میاں صاحب کے لیے جو خدمات انجام دے رہے ہیں وہ ہم لوگوں کو کہاں سے کہاں تک پہنچا رہے ہیں۔ یہ نسخہ جات میری زندگی کا سرمایہ تھے لیکن صرف اور صرف میاں صاحب کے خلوص اور طریقۂ کار کو دیکھتے ہوئے نام کر رہا ہوں۔ اب بھی اگر آپ لوگ نہ رکھیں تو آپ کی مرضی۔ میاں شاہد اکبر نقشبندی سفیرِ حکمت سے میری گذارش ہے کہ آپ اپنی کوششوں کو جاری رکھیں۔ انشاء اللہ آپ کی محنت ضرور رنگ لائے گی۔

حکیم محمد ظفر اللہ، حکیم شفائی دواخانہ اینڈ پنسار سٹور، اٹاری روڈ، نزد مسجد چوک، حجرہ شاہ مقیم، ضلع اوکاڑہ

ایف کیپسول

● افسنتین اٹھ پاکی سفوف تیار کر لیں۔

خوراک: دو عدد کیپسول صبح، شام تازہ پانی سے۔

فوائد: بھگندر، ناسور کہنہ، ایلما ہیبر یادی، خارش، کینسر کے لیے مفید ہے۔

میری والدہ کو عرصہ دراز سے ناسور تھا ایک ماہ یہ دوا کھلائی شفا ہوئی۔ گھی دودھ وافر استعمال کرائیں۔

کورس: ۴۰ یوم کافی ہے۔ ۱۰۰٪ کامیاب ہے۔

آتشک

● رس کپور ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔

تیاری: رس کپور کو کڑھی میں ڈال کر نیچے آگ جلائیں۔ اوپر گندھک کی چٹکی دیتے جائیں۔ گندھک جلنے پر اتار لیں اور پیس لیں۔

خوراک: نصف چاول ہمراہ مکھن ایک چھٹانک دن میں ایک مرتبہ۔

فوائد: آتشک، خارش، ذُبیلہ، ناسور کے لیے مفید ہے۔

۱۰۰٪ کامیاب ہے۔ ۲۵، ۲۵ سالہ مریض بھی ٹھیک ہوئے ہیں۔ ۳۰ سال سے مجرب ہے۔

کورس: ۱۰ یوم تا حسبِ ضرورت۔ کہنہ تو مزید کھلائیں۔

اکسیر جگر

قلمی شورہ نصف کلو۔ ریوند چینی ۱ پاؤ۔ نوشادر ٹھیکری ۱ پاؤ۔ پتری فولاد ۵۰ گرام۔ سونٹھ یا تیزاب ۱۰۰ گرام نمک پتھر ۵۰ گرام۔ سفوف بنالیں۔

استعمال: ۳ ماشہ صبح دوپہر شام پانی یا شربت فولاد یا موسم کے مطابق بدرقہ مناسبہ سے کھلائیں۔

کورس: ۱۰ یوم کافی ہے یا حسبِ ضرورت ۱۰۰٪ کامیاب ہے۔

۳۰ سال سے معمول مطب ہے۔

پتھری پتہ

● نمک شب ۲ رتی یا ۴ رتی ہمراہ پانی صبح و شام خالی پیٹ کھلائیں۔

کورس: ۱۰ یوم کافی ہے۔ ۱۰۰٪ کامیاب۔

۱۲ سال سے معمول مطب ہے۔

پتھری گردہ

خربوزہ کے چھلکوں کا نمک حاصل کریں۔

خوراک: ۱ ماشہ صبح و شام خالی پیٹ پانی سے۔

کورس: ۱۰۰ یوم کافی ہے ۱۰۰٪ کامیاب۔ ۲۲ سال سے معمول مطلب ہے۔

حب آر ●

چھلکا ریٹھہ پانی میں رگڑائی کریں اور نخودی حبوب بنالیں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت حلوہ کے ساتھ ایک گولی کھلائیں۔

فوائد: آتشک، سوزاک، خارش اور نئے مرض ایڈز کے لیے مفید ہے۔ الرجی والے کو بھی دیں۔

کورس: پرانی سے پرانی مرض کے لیے ۱۰۰ یوم کافی ہے۔ مجربہ ۴۰ سال سے مجرب ۱۰۰٪ کامیاب ہے۔ خالی پیٹ نہ دیں، تاکید ہے حلوہ میں دیں۔

حب ممسک جدید

تخم بنولہ، بابچی، تخم جوز ماثل سیاہ، تخم بید انجیر دیسی مقشر ہر ایک ۲، ۲ تولہ۔ دودھ بکری ایک گھنٹہ میں رگڑائی کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

خوراک: ایک گولی صرف ۱/۲ گھنٹہ قبل از مباشرت کھلائیں۔

فوائد: دائمی اور مستقل فائدہ کرتا ہے۔ اسہال اطفال میں مفید ہے۔

کورس: ۱۰ یوم کافی ہے۔ ٪ کامیاب۔ ۱۲ سال سے معمول مطلب ہے۔ کمزور دل والے کو نہ دیں۔

حب شمع ●

موم خالص لے کر حبوب نخودی بنالیں تیار ہے۔

خوراک: ایک گولی صبح و شام کھلائیں۔

ریحہ ضائع ہو رہا ہو تو خالی پیٹ ایک گولی روزانہ ۴۰ یوم کھلائیں شفا ہوگی۔ کمر درد، درد گھٹیا کے لیے بے حد

کورس: ۱۰۰ یوم کافی ہے۔ ۱۰۰٪ کامیاب۔ ۲۲ سال سے معمول مطلب ہے۔

لال شربت

● عرق گاؤزبان، کلونجی ۳ پاؤ۔

تیاری: شربت بنالیں۔ پھر دو اونس کارڈ کو ٹنکچر۔ ۲ اونس گلیسرین سفید ملائیں تیار ہے۔ مزید ۱۲ قطرے فی بوتل کریا زوٹ سفید ملائیں۔

استعمال: بچہ تا بوڑھا۔ ایک چمچہ چٹانا ہے۔ عام خوراک نصف چمچہ۔

فوائد: پیچش، انتڑیوں کی سوزش، کھانسی، تنگی سانس، اندرونی زخم پھیپھڑوں سے خون آنا، ٹی بی سل و دق، ہچکی کے لیے، خون آنا کے لیے ایک چمچہ چٹائیں۔

۱۰۰٪ کامیاب۔ ۱۷ سال سے ہر وقت معمول ہے۔

سپرم کا نہ ہونا

● اسبغول ثابت ۵۰ گرام۔ تخم شونیز ۵۰ گرام۔ تخم اوٹنگن ۵۰ گرام۔ کوٹ پیس کر ملائیں تیار ہے۔

خوراک: ۲ تا ۳ ماشہ ہمراہ دودھ۔

کورس: ۳۰ یوم۔ بعد میں جرثومے چیک کرائیں۔ ۱۰، ۱۲ فیصدی والے ۷۰، ۸۰ ہو جائیں گے۔ انشاء اللہ۔

یاقوتی

آملہ خشک پیس کر رکھ لیں تیار ہے۔

خوراک: ۲ تا ۳ ماشہ پانی کے ساتھ یا شربت مفرح کے ساتھ صبح دوپہر شام دیں۔

فوائد: قے حاملہ، اپھارہ، پیچش، گرمی، جریان احتلام، سدر دوار، ضعف معدہ کے لیے مفید ہے۔

سفوف باقلہ

سونف، پوٹاشیم برومائیڈ، کشنیز، سرچینی، کباب چینی، الائچی خورد، برابر وزن سفوف بنالیں۔

خوراک: ۱ تا چھ ماشہ ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: مالیخولیا، ہسٹریا، ہذیان، احتلام، ذکاوت حس، لیکوریا، رطوبات جھڑنا۔

کورس: ۴۰ تا ۵۰ یوم کافی ہے۔ معمول مطب ہے۔

مقوی دماغ ظفری

- سونف ۱پاؤ۔ کشنیز ۱پاؤ۔ اسطوخودوس ۱۰ گرام۔ مغز بادام ۱۰ گرام۔ مغز اخروٹ ۵۰ گرام۔ تخم وبریاں ۱۰ گرام۔ چینی حسب منشا ملائیں تیار ہے۔

خوراک: ۳ ماشہ تا ایک تولہ رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ۔

فوائد: کمزوری دماغ، نسیان، نزلہ زکام، بینائی کی کمی، دافع گرمی، قبض کشا ہے۔ بینائی واپس لاتا ہے۔

۴۰ سال سے مجرب۔ ۱۰۰٪ کامیاب ہے۔

(بقیہ: مجربات)

اور گلکمت کے بعد ایک سیر اوپلے کی آگ دیں۔

دردِ سر

- خواہ ۲۵ سال سے ہو اور سر کو دیواروں سے ٹپک ٹپک کر مارتا ہو۔ غرضیکہ درد سر کسی قسم کا بھی ہو۔

ہوا شافی: برگ سنبھالو تکیے میں بھر کر سر کے نیچے رکھ کر سویا کریں۔ بجائے روئی وغیرہ کے۔ ایک مہینہ کا کورس ہے پھر یہ درد تا زیست نہ ہوگا۔

جس کو بخار آتا ہو وہ تو صبح و شام گرم دودھ میں برگ سنبھالو کا سفوف بنا کر یا تازہ برگ ڈال کر پینے سے تین چار دن میں بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔ بڑی کامیاب چیز ہے تجربہ کیجئے۔

برائے دردِ زہ

مرا ہوا بچھو کپڑے میں لپیٹ کر باندھ دیں۔ بہت جلد نہایت آسانی کے ساتھ بچہ پیدا ہو جاتا ہے۔

برائے مار گزیدہ

درخت پیپل کی ۲ کلکلی موٹی ۲ انچ لمبی تازہ بنا کر رکھ لیں اور مار گزیدہ کے دونوں کانوں میں لگا رکھیں۔ چند منٹ میں تمام فاسد زہر و خون چوس لیں گی اور مریض دیکھتے ہی دیکھتے صحت یاب ہو جائے گا۔

برائے صرع

مشہور جانور لال کو حلال کر کے اس کا خون انگشت شہادت سے مریض کا منہ کھول کر بوقت دورہ تالو سے لگا دیں۔ تا بہ زندگی دورہ نہ پڑے گا۔

- ایضاً اونٹ کی ناک کے کیڑے سایہ میں خشک کر رکھیں۔ بوقت دورہ و روزانہ بطور نسوار سنگھائیں۔ بہت جلد اس موذی مرض سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔

مجربات

اکسیر مبارک

پیر بہوٹی، پیپل کریر سرخ، زعفران ہم وزن شہد کے ساتھ گولی بقدر دانہ مونگ بنائیں۔

خوراک: ایک گولی صبح دوپہر شام۔ ہمراہ جوشاندہ خوب کلاں، ملٹھی مویز، انشاء اللہ ایک دو یوم ہی میں برسوں کی اٹکی ہوئی بلغم بہ مبارک نکل آئے گی۔

حب شباب آور

کشتہ فولاد ۵ تولہ۔ ست سلاجیت ۵ تولہ۔ کچلہ مدبر ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ سم الفار ۶ ماشہ۔

حبوب نخودی بنائیں۔ ایک گولی صبح بعد از غذا دودھ کے ساتھ ایک شام۔

فوائد: ضعف جگر کی خون، ضعف اعصاب، مقوی منی اور مقوی باہ ہے۔

برائے بواسیر

کشتہ فولاد سرد ۲ تولہ۔ گندھک آملہ سار مصفیٰ ۱/۲ ۳ تولہ دونوں باہم ملا لیں۔

مقدار خوراک: ۱ رتی ہمراہ دہی یا مکھن۔

فوائد: یہ دوا بواسیر کے لیے اکسیر اعظم ہے۔ دوران استعمال دہی اور مکھن بکثرت استعمال کریں۔

مصفی خون

یہ گولیاں پھوڑے اور پھنسی کے لیے اکسیر ہیں۔

پوڈ جل نیم ۵ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ کوٹ کر گولیاں بمقدار چنا بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح دوپہر شام بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

جریان، احتلام، سرعت انزال

ہڑتال گئودنتی ۵ تولہ لیں۔ اس کو بکری کی پھیلنوں کے ایک سیر نغدہ میں رکھ کر ۵ سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ سفید برآمد ہوگا۔ کشتہ مذکورہ ۵ تولہ۔ کشتہ قلعی ۱/۲ ۲ تولہ۔ ستاور باریک شبہ ۵ تولہ۔ مصری کالپی ۱۰ تولہ۔ ملا کر سفوف تیار کریں۔

خوراک: ایک ایک ماشہ صبح و شام نیم گرم دودھ سے استعمال کریں۔ ترش اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔

برائے قوت باہ

● سرکینیا (جو پر کچلہ) دو رتی۔ سم الفار ۵ رتی۔ مصطگی رومی ۱ تولہ۔ تالمکھانہ ۱ تولہ۔

جملہ ادویات اچھی طرح مثل غبار کر کے اس کی پچاس عدد گولیاں تیار کریں۔

ایک ایک گولی صبح و شام دودھ نیم گرم سے کھلائیں۔ غذا مرغن دیں۔

برائے دق و سل

مرجان بدنا سفتہ جو کر گل اوپلوں کی نگندی میں کشتہ کیا گیا ہو، نصف رتی کشتہ لے کر خمیرہ گاؤزبان سادہ میں ملا کر صبح اور ایسے ہی شام کو کھائیں۔ اوپر سے عرق ایک چھٹانک صبح ایک چھٹانک شام پلائیں جو کر ایک سو ایک آتشہ پانی کشید کیا گیا ہو، مجرب ہے۔ پرہیز و غذا بدستور جو ہر حکیم کا معمول ہے، کیا جائے۔ انشاء اللہ چالیس روز میں مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

تپ و چوتھیہ بخار کے لیے

مرچ سیاہ، نمک سیاہ، برگ نگر وشدہ، بسنرل جائے

تو وزن یہ ہوگا۔ ایک تولہ سبز چنے کو ۳ ماشہ اکرب ۳ ماشہ۔ ملا کر حب بقدر مٹر۔ صبح دوپہر اور شام ایک ایک حب عرق بادیان کے ساتھ کھلائیں۔ مناسب پرہیز و غذا بدستور سابق کھائے اور اگر برگ سگرمنہ سبز دستیاب ہو تو اس کے وزن کے برابر مغز کرنجوہ ڈال لیں وہی کام دے گا۔

حب مقوی باہ

مغز بادام شیریں ۱ تولہ۔ فلفل دراز ۳ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔ کچلہ مدبر شدہ ۳ ماشہ۔ جائفل ۳ تولہ بیج نکلے ہوئے کے ساتھ پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ اوپر چاندی کے ورق چڑھالیں۔ کھانے کے بعد ایک ایک گولی دودھ کے ساتھ کھلائیں۔ مقوی باہ ہے۔

اور اگر اسی نسخے میں افیون خالص ۳ ماشہ۔ زعفران خالص ۳ ماشہ ملا کر گولیاں بنائیں۔ دو گھنٹے پہلے دودھ سے کھائیں تو بے حد ممسک ہے۔ غذا میں گھی وغیرہ زیادہ استعمال کریں۔

عرق شفا

یہ عرق ٹائیفائڈ اور موتی جھرے کے لیے یا میعادی بخار کے لیے بے حد مفید ہے۔

نسخہ: گوکھرو سبز ایک سیر۔ خاکسی ½ پاؤ۔ سیاہ مرچ ایک چھٹانک۔ گلو سبز ایک پاؤ۔ پانی پانچ سیر۔ بدستور عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک، عمر کے لحاظ سے دیں۔ مثلاً دس سال کے بچوں کو ایک تولہ صبح ایک تولہ دوپہر ایک تولہ شام دینا چاہیے۔ اسی طرح اگر عمر کم ہے تو کم کردیں۔ اور زیادہ عمر ہے تو زیادہ عرق دینا چاہیے۔

پرہیز و غذا وہی ہے جو ٹائیفائڈ میں ہونا چاہیے۔

نسخہ خاص

سفوف بوٹی ۳ ماشہ۔ کندہ مصری ۳ ماشہ ملا کر ایک کرلیں۔

روزانہ چھ ماشہ سفوف مذکور گائے کے تازہ دودھ کے ہمراہ ۱۵ ایام استعمال کریں۔ سرعت انزال، کمی باہ اور احتلام کی کمی اکسیر ہے۔

گوش مستر

تیل سرسوں ۲½ تولہ۔ مولی کا پانی ۲½ تولہ۔ ہینگ ... تینوں کو ملا کر نرم آگ پر پکائیں جب پانی جل جائے تو ... لیں۔ کم سنائی دیتا ہو غلاظت بہتی ہو دو تین بوند ڈالیں۔

کشتہ نقرہ سہل الحصول

● برادہ نقرہ، سم الفار سفید، گندھک آملہ سار کو ... باہم خشک ہی پیس کر گل خورد میں بند و گل حکمت کر کے بعد ... سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ شنگرفی رنگ میں برآمد ہوگا ... کر محفوظ کرلیں۔

خوراک: ۲ چاول مکھن یا بالائی دہی میں دیں ... حالت میں دہی کی لسی پلایا کریں۔

فوائد: شنگرفی کے علاوہ مقوی باہ، دافع وجع المفاصل، نزلہ و زکام کو نافع فالج، لقوہ، رعشہ، بلغمی دمہ اور ناسور ... مفید ہے۔ مقوی دماغ اور دافع سیلان ہے۔

کشتہ سونا سہل الحصول

برادہ سونا، سیماب مصفّٰی، مکدا تولہ۔ کچلی بنا کر ... کچلہ ایک پاؤ پانی میں ابال کر ½ پاؤ رہنے پر قطرہ قطرہ ڈال کر ... کھرل کرکے قرص بنا کر ۵ سیر اوپلہ کی وقت گل میں بند کرکے آگ دیں۔ دو دو بارہ آگ دے دیں۔

خوراک: دو چاول در مکھن یا بالائی۔

فوائد: مقوی باہ و اعضائے رئیسہ ہے۔ ذیابیطس ... دق میں بھی مجرب ہے۔

کشتہ سیماب سہل الحصول

گرم بوٹی جو ایک قسم کی گھاس ہے اور کیکر کی جڑوں کے پاس ہوتی ہے۔ ٹہنیاں اور شاخیں تک کی طرح ہوتی ہیں ... اس کے ۵ تولہ پانی میں ۱ تولہ سیماب سحق کرکے قرص بنا کر ...

بہترین نسخے

حاجی حکیم اصغر علی کمبوہ فرماتِ یونانی شفاخانہ عسکری ضلع شیخوپورہ فیصل آباد روڈ

جوڑوں کا درد، گنٹھیا، جسمانی درد

- عنبر سیاہ ۵ گرام ۔ مگھاں ۱۰ گرام ۔ کالی مرچ ۱۰ گرام ۔

تینوں چیزوں کا سفوف بنا کر کوار گندل کے گودا کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں ۔

خوراک: چوری دیسی گھی کی کھا کر جب آدھی چوری کھالیں ۔ ایک گولی پانی سے کھالیں ۔ باقی روٹی بعد میں کھا کر نیم گرم ½ کلو دودھ پی لیں ۔

صبح و شام گولی کھالیں ۔

۳ ہفتے مکمل کورس ہے ۔ جسمانی درد ہر قسم سے مکمل آرام آجائے گا ۔

شوگر کے لیے اکسیری دوا

نسخہ: تخم شاہ بوٹی ۵۰ گرام ۔ تخم املی کلاں ۵۰ گرام ۔ تخم جامن ۵۰ گرام ۔ کشتہ خبث الحدید ۵۰ گرام ۔ کشتہ بیضہ مرغ ۵۰ گرام ۔ سفوف کریلا خشک ۵۰ گرام ۔

سب کا سفوف بنا کر ملالیں ۔

خوراک: ۴ رتی سفوف صبح ۔ ۴ رتی سفوف شام کھانا کھانے کے بعد پانی سے کھالیں ۔

پرہیز: میٹھی چیزوں سے پرہیز ۔ میٹھی سبزیاں، میٹھے فروٹ، سوڈا واٹر، میٹھی چائے سے بالکل پرہیز کریں ۔

انشاء اللہ شفا ہوگی ۔

حب بواسیر

نسخہ: گوگل ۵۰ گرام ۔ رسونت انڈیا ۵۰ گرام ۔

دونوں کو آپس میں ملا کر شہد کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں ۔

خوراک: شربت انجبار ایک گلاس سے ایک ایک گولی صبح دوپہر شام کھالیں ۔

انشاء اللہ ہر قسم کی بواسیر ختم ہو جائے گی ۔

پرہیز: گھی، بادی، تیل والی ثقیل غذا سے پرہیز کریں ۔ نرم غذا کھائیں ۔ دلیہ وغیرہ کھالیں زیادہ بہتر ہے ۔ (آزمودہ ہے)

مسک، قوت باہ کے لیے، جریان، احتلام، سرعت انزال کے لیے

نسخہ: گوند ڈھاک، گوند کیکر، پھلی کیکر، چھال کیکر، موصلی سفید، موصلی سیاہ، بنبل کی جڑ، تالمکھانہ، اندر جو شیریں، باہمن سرخ ۔ ہر ایک ایک تولہ ۔

سب کو الگ الگ سفوف بنا کر ملالیں ان کے ہموزن کوزہ مصری ملالیں ۔

خوراک: ایک تولہ صبح نہار منہ نیم گرم دودھ سے کھالیں روزانہ ۔ تین ہفتے مکمل کورس ۔

پرہیز: گھی، بادی، تیل وال گرم اشیاء سے پرہیز کریں ۔ اگر قبض ہو تو پہلے ہلکا جلاب لیں ۔

مالی پریشانی، مفلسی، غربت، تنگدستی کے لیے وظیفہ

گوشہ تنہائی میں پرسکون جگہ پر بیٹھ کر رات کو اگربتی جلا کر کامل طہارت کے ساتھ پڑھیں ۔

ترکیب: کل ملا کر ہزار بار پڑھنا ہے روزانہ پانچ صد اکیس بار پڑھیں ۔

یَا قَوِیُّ ۔ یَا غَنِیُّ ۔ یَا عَلِیُّ ۔ یَا وَلِیُّ

مفلسی، تنگدستی، غربت دور کرنے کے لیے پڑھیں ۔ انشاء اللہ خوشحالی ہو جائے گی ۔ غیب سے مدد ہوگی ۔

• عنایاتِ لاہور

قارئینِ اسرارِ حکمت کی خدمت میں محبت بھرا سلام۔

"عنایات" ماشاءاللہ کو جس طرح قارئین نے پسند کیا اور تعریفی خطوط سے نوازا جس کے لیے تمام حضرات کا مشکور ہوں، اُمید ہے کہ آئندہ بھی آپ میری حوصلہ افزائی فرمائیں گے "عنایات" کے سلسلہ کو جاری رکھنے کے لیے اس دفعہ جناب باغ علی صاحب • چیمبرلین روڈ اردو بازار لاہور نے تعاون کا ہاتھ بڑھایا ہے، جس کے لیے میں اُن کا بے حد مشکور ہوں اور دیگر اطباء کرام سے امید کرتا ہوں کہ میرے اس سلسلے کو جاری رکھنے کے لیے مجھ سے تعاون فرمائیں۔

قارئینِ کرام۔ باغ علی صاحب، درد و پتہ، درد گردہ و پتھری گردہ اور بواسیر کی دوائی ضرورت مندوں کو فی سبیل اللہ تقسیم کر رہے ہیں، جس کے لیے آپ نے چیمبرلین روڈ پر دو عدد ڈبے آویزاں کر رکھے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ جس مریض نے بھی میری دوائی استعمال کی ہے شفا پائی ہے اور آج تک کسی سے کوئی شکایت نہیں ملی ہے۔ درد گردہ، درد پتہ و پتھری اور بواسیر کی دوائی ہر وقت تیار رہتی ہے، ضرورت مند حضرات فری حاصل کر سکتے ہیں۔

خدمتِ خلقِ خدا کے جذبے سے سرشار آپ نے چیدہ چیدہ تجربات عنایت کئے ہیں جو کہ آپ صاحبان کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں قبول فرمائیے۔ ——— بیان شاہد اکبر نقشبندی گلی مفتی جینت، محلہ چونگی امر سدھو پورہ

• دواۓ سہل الترکیب

ہوالشافی: دو افسنتین ایک چھٹانک۔ ریوند عصارہ ایک چھٹانک۔ طباشیر نوشادر ½ چھٹانک۔

تیاری: کوٹ پیس کر سفوف بنالیں اور خالی بڑے کیپسول بھر لیں۔

خوراک: دو دو کیپسول صبح و شام روزانہ ہمراہ پانی بعد از غذا کھلائیں۔

فوائد: الرجی و فساد خون کے لیے بے حد مفید دوا ہے اور عرصہ پانچ سال سے زیرِ استعمال ہے۔ ہمیشہ فائدہ ہوا ہے۔

بلا جھجک بنائیں اور استعمال کریں۔ جلاب آور ہے۔

روغن اکسیر الاثر (مالش)

• ہوالشافی: لونگ ½ تولہ۔ لوبان ایک چھٹانک۔ رتن جوت ایک چھٹانک۔ تیل سرسوں تین پاؤ۔

تیاری: پہلے تیل سرسوں کو کڑاہی میں ڈال کر گرم کریں۔ جس وقت تیل خوب گرم ہو جائے تو لونگ ڈال دیں۔ اس کے بعد رتن جوت ڈال دیں اور آخر میں لوبان ڈال دیں جس وقت تمام اشیاء جل جائیں تو کڑاہی کو چولہے سے اتار کر سرد ہونے دیں سرد ہونے پر تیل کو چھان لیں تیار ہے۔

فوائد: دردیں، عضلاتی چوٹ، موچ آنے کے لیے بے حد مفید ہے۔ اور عرصہ سات آٹھ سال سے زیرِ استعمال و مجرب ہے۔

لیپ مجرب و معمول

• جوڑوں کے درد اور پٹھے گوشت کے لیے۔

ہوالشافی: سُنڈھ ایک پاؤ، صبر سیاہ آدھ پاؤ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔

تیاری و ترکیب استعمال: تینوں دواؤں کو کوٹ پیس

کر رکھ لیں اور بوقت ضرورت دیسی مرغی کے انڈے کی سفیدی (حسب ضرورت) ملا کر لیپ تیار کریں۔ متاثرہ حصے کو نمک ملے نیم گرم پانی سے اچھی طرح دھولیں اور اوپر کوئی کپڑا باندھیں جس سے جس سے پانی خشک ہو جائے گا۔ پانی خشک ہونے پر کپڑا اتار دیں اور اوپر لیپ کر کے پھر خشک کپڑے کی پٹی باندھ دیں۔ یاد رکھیں یہ پٹی سوتے وقت باندھنی ہے۔ دوبارہ پٹی باندھتے وقت پہلے کی طرح نمک ملے نیم گرم پانی سے متاثرہ جگہ کو دھونا اور پانی کو کپڑے سے خشک کر کے نئی پٹی باندھنی ہے۔

فوائد: جوڑوں کے درد کے لیے بڑی مفید لیپ ہے۔ اور اس کے علاوہ اندر سے پھٹا ہوا گوشت کے واسطے جادوئی لیپ ہے۔ اس لیپ کے دو تین مرتبہ کے استعمال سے آرام آ جاتا ہے۔ زیادہ تکلیف کی حالت میں چار پانچ پٹی کر لیں اور ناغہ نہ کریں۔ ایک سال سے زیر استعمال مجرب اور مفید ہے۔

دوائے بواسیر خونی و بادی

ہوالشافی: چھلکا ریٹھا، گیرو، برابر وزن۔ کوٹ پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔

خوراک: زیادہ تکلیف کی صورت میں پہلے دن دو گولیاں دیں بعدہٗ ایک گولی روزانہ رات کو سوتے وقت دودھ کے ہمراہ دیں۔

فوائد: بواسیر ہر قسم کے لیے مفید و مجرب ہے۔

پرہیز: بڑا گوشت، مرچ ہلکی استعمال کریں بادی و گرم اشیاء سے مکمل پرہیز کریں۔ زیادہ تر سبزیاں استعمال کریں۔ عرصہ چار پانچ سال سے زیر استعمال ہے۔

مفرد نسخہ برائے بواسیر

ہوالشافی: گل سپاری حسب ضرورت لے کر صاف کر اور کوٹ پیس کر سفوف تیار کر لیں۔ دوائی تیار ہے۔

خوراک: ۲ ماشہ تا ۳ ماشہ علی الصبح نہار منہ ہمراہ آب باسی ذرا گرم۔ (صرف صبح کے وقت)

فوائد: خونی بادی بواسیر، مسوں کے لیے بہترین دوا۔ تیسرے دن آرام آنا شروع ہو جاتا ہے۔ ایک ہفتہ میں مکمل شفا ہو گی تین سال سے زیر استعمال ہے۔

پتھری گردہ و مثانہ

ہوالشافی: سونف ۶ ماشہ۔ تخم خربوزہ بمعہ چھلکا پیس کر، جکھڑ ایک چھٹانک۔ (یہ ایک خوراک ہے)

ترکیب و استعمال: مذکورہ دواؤں کو ایک کلو پانی میں ابالیں۔ جس وقت تقریباً ایک کپ رہ جائے تو اتار لیں اور سونے وقت روزانہ مریض کو پلائیں۔ دس بارہ دن کا کورس کرائیں پتھری گردہ میں ہو یا مثانہ میں، بذریعہ پیشاب خارج ہو جائے گی۔ یہ نسخہ دو سال سے زیر استعمال ہے۔

پرہیز: مغز، کلیجی، ساگ، پالک، انڈہ، گوشت ہر قسم، گرم دال، چائے اور چاول سے اجتناب کریں۔

درد گردہ

ایک خربوزے کے تازہ بیج دو حصے کر لیں۔ ایک حصہ لے کر اس کو عرق سونف حسب ضرورت میں دو مرتبہ ابال لے لیں (اس میں آپ نمک استعمال کر سکتے ہیں) تیار ہونے کے بعد چھان لیں اور مریض کو کھانا کھانے کے استعمال کرائیں۔

دس یوم استعمال کافی ہے۔ عرصہ دو سال سے زیر استعمال ہے۔

نہایت ضروری نوٹ: یاد رہے تشخیص الامراض معالج کا کام ہے۔

انعامی نسخہ

● درد پتہ و گیس شکم کے لیے

قارئین کرام صرف اسی نسخہ کے حصول کی کوشش سے مجھے جناب باغ علی صاحب کے پاس لے گئی تھی۔ اس کے علاوہ دیگر نسخہ جات تو تحفے کے طور پر ہی ملے ہیں جو کہ اپنی اپنی جگہ نہایت مفید و مجرب ہیں۔ اس سے بے شمار مریض پتہ کی درد سے نجات پا چکے ہیں اور یہ دعا کہ باغ علی صاحب لوگوں میں

فی سبیل اللہ تقسیم کرتے ہیں اس کے لیے آپ نے باقاعدہ طور پر چوڑی روڈ پر دو بورڈ لگا رکھے ہیں۔ آپ کا کہنا ہے کہ میری بیوی کو پیٹ کی درد تھی۔ بہت علاج کرایا مگر آرام نہ آیا۔ بالآخر ڈاکٹروں نے اپریشن کا مشورہ دیا۔ میرے پاس رقم نہ تھی کہ جس سے اپریشن کرواسکتا۔ اسی دوران ایک خدا ترس آدمی جو کہ ساہیوال کا رہنے والا تھا، سے ملاقات ہوئی اس نے کمال مہربانی سے مجھے یہ نسخہ عطا کیا۔ ایک ماہ کے استعمال سے درد ختم ہو گئی۔ اور پھر میں نے یہ دوا بنا کر لوگوں میں مفت دینا شروع کر دی آج تک مایوسی نہیں ہوئی۔ گو اجزائے نسخہ معمولی ہیں لیکن قربان جائیے شافی مطلق پر کیسی معمولی چیزوں میں شفا رکھ دی ہے۔ ملاحظہ فرمائیے۔

نسخہ متبرکہ

ہوالشافی۔ سنڈھ، فلفل سیاہ، نمک سیاہ، سونف، پھٹکری، نوشادر، رائی کاجی، حالی پھٹکری بریاں برابر وزن لے کر سفوف بنالیں دوائی تیار ہے۔

مقدار خوراک۔ بقدر دو ماشہ تا تین ماشہ ہمراہ آب تازہ بعد از طعام دن میں تین مرتبہ۔

فوائد۔ درد پیٹ کی بہترین دوا ہے۔ علاوہ ازیں گیس ٹربل، پیٹ درد، کمزوری معدہ کے لیے مجرب و بے حد مفید ہے۔ عرصہ ۹ سال سے زیر استعمال ہے۔ اور مریضوں کو مفت دی جا رہی ہے۔ کبھی شکایت کا موقع نہیں ملا۔

پرہیز۔ چاول، پالک، انڈہ، مچھلی، گرم و بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

جس غذا کے کھانے کی عادت نہ ہو وہ معدہ میں جا کر فاسد ہو جاتی ہے۔ اگرچہ معتاد کی نسبت وہ زود ہضم اور عمدہ ہی کیوں نہ ہو۔ جب تک بتدریج اس کی عادت نہ ہو جائے اس وقت تک موافق نہیں آتی جس غذا کی عادت ہو معدہ اسے فوراً قبول کر لیتا ہے۔ اسی لیے ہاضمہ کا عمل نہایت عمدگی کے ساتھ انجام پاتا ہے۔

العنایات اطبائے پاکستان

ماخوذ قلمی بیاض قاسمی

پیشکش : مکتبہ شانِ اسلام اردو بازار لاہور ـــــ بشکریہ حکیم محمد افضل میو

سفوفِ بادام

مقوی دماغ دافع نزلہ وزکام

تجویز احقر راقم بیاض ہذا ـــ محمد عبد الرشید قاسمی

مغز بادام مقشر ایک پاؤ۔ سونف مقشر بیاول ایک چھٹانک۔ دانہ الائچی خورد آدھ چھٹانک۔ مصری کوزہ آدھ سیر۔ خشک دھنیا ایک تولہ اضافہ۔

مجرب خود ہے چوں اول مجرب بخود ساختم
پس آنکہ بتحریر پرداختم

تمام چیزوں کا سفوف بنالیں اور صبح ناشتہ میں دودھ یا چائے میں بطور چینی ایک یا دو چمچ (کھانے کا) ڈال کر استعمال کریں۔ یہ ایک خود ساختہ مقوی ٹانک ہے۔ آزما کر دیکھیں۔ دماغی طاقت کو بڑھانے میں اکسیر اثر ہے۔ میں اکثر استعمال کرتا ہوں۔ اور مستفید ہوتا ہوں۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔

محمد عبد الرشید قاسمی۔ لاہور

حبوب سورنجاں

عطیہ حافظ خدا بخش صاحب دا سو آستانہ ڈاکخانہ ایضاً ضلع جھنگ

برائے وجع مفاصل، سردرد، عرق النساء۔

سورنجاں شیریں، پوست بلیلہ زرد، تربد مجوف، مصطگی، زنجبیل، گل سرخ (پتیاں)، گوگل اصلی، ایلوا۔ تمام ادویہ برابر وزن۔ باریک کوٹ پیس کر چھان کر گولیاں بقدر نخود سیاہ بنالیں۔

خوراک : گرمیوں میں اور گرم مزاج والوں کو ایک ایک گولی صبح وشام۔ سردیوں میں اور سرد مزاج والوں کو دو دو گولی صبح شام مناسب بدرقہ کے ساتھ۔ نیز موٹاپا دور کرنے کے لیے دو ماہ متواتر استعمال کریں۔

محمد عبد الرشید قاسمی

حبوب جوز ماثل حب شفا

دافع نزلہ، زکام، کھانسی، اسہال و درد ہر قسم۔

جوز ماثل ۳ تولے۔ ریوند چینی ۲ تولے۔ زنجبیل ۱ تولے۔ صمغ عربی ۱ تولے۔ غبار کی مانند باریک کر کے بقدر نخود سیاہ گولیاں بنالیں بلکہ ذرا چھوٹی بنائیں۔

نزلہ، زکام، اسہال کے لیے ایک ایک گولی صبح وشام چائے کے ساتھ دیں۔

اسہال اور ہر قسم کے درد کے لیے دودھ کے ساتھ کھلائیں۔ نیز مقوی ہے۔

عطیہ جناب محمد صاحب سیالکوٹ

دافع وجع المفاصل

تازہ مصطگی ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار ۵ تولہ۔

کسی ظرف گلی میں آدھی گندھک اوپر آدھی نیچے دے کر دو گھنٹہ کی نرم نرم آگ دیں۔

خوراک : ایک خشخاش کے برابر ہے۔ طباشیر دانہ الائچی برابر وزن کے ساتھ۔

علاج احتباس البول

سہاگہ بریاں، کالا نمک برابر وزن پیس کر رکھیں۔
خوراک : تین ماشے یہ دوائی پانی کے ساتھ دن میں دو

مرچ دینے سے پیشاب کھل جاتا ہے۔

عطیہ حافظ خدا بخش صاحب جھنگوی

مقوی معدہ، جگر، دماغ، گردہ مثانہ مجرب

مغز بادام، ہلیلہ زرد، سونف، خشخاش سفید برابر وزن لے کر کوٹ چھان کر شہد یا مصری میں معجون بنالیں۔

خوراک: چھ ماشے سے ایک تولہ تک صبح۔

حافظ صاحب مذکور

● برائے اولاد نرینہ

شگفت ایک تولہ کو دھتورہ کے سبز پھل میں بند کر کے آٹے سے گل حکمت کر کے تین سیر دیسی گھی میں سو دفعہ بریاں کریں۔ جب آٹا سرخ ہو جایا کرے تو دوسرے تازہ دھتورہ کے پھل میں گل حکمت کر کے بریاں کریں۔ اسی طرح سو دفعہ بریاں کریں۔ قوت اور اولاد نرینہ کے لیے بے نظیر ہے۔

خوراک: ایک چاول مکھن میں ملا کر دیں۔ گرم مزاج والوں کو دودھ کے ساتھ دیں۔ اگر دو سو مرتبہ بریاں کرلیں تو خوراک اس سے نصف کافی ہے۔

مجربہ و عطیہ حکیم سید محمد ابراہیم صاحب کراچی

● ٹونکہ برائے قوت باہ مجرب

جند بیدستر ایک جزو، ریگ ماہی ۲ جزو ملا کر رکھیں۔

خوراک: ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک خمیرہ گاؤزبان کے ساتھ۔

عطیہ جناب حکیم عبدالغفور ہاشمی حیدرآباد سندھ

● نسخہ برائے دفع اسہال وضعف معدہ

پوست سنگدانہ مرغ، طباشیر، کپور کچری۔ تمام برابر وزن لے کر سرمہ کی مانند کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک: بچوں کے لیے ۴ رتی سے ایک ماشہ تک حسب عمر آدھ آدھ گھنٹہ بعد دیں۔

دست بند ہونے کے بعد صرف صبح و شام دیں۔ جب فرصت بڑھنے کے لیے خوراک تین ماشے حسب طریق سابق دیں۔

برائے تقویت و امساک

● مصطگی پارہ ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار مصفیٰ ۱ تولہ۔ خوب کھرل کرکے اس میں چار عدد زردی بیضہ مرغ ملا کر خوب کھرل کریں کر گولی بننے کے لائق ہو جائے۔ تب گولیاں بقدر نخود بنالیں۔

خوراک: تقویت کے لیے ایک ایک گولی صبح و شام دیا کریں۔ برائے امساک دو گولی وقت سے چند گھنٹے پہلے دیں اور دودھ خوب پلائیں۔

حافظ خدا بخش صاحب جھنگوی۔ انتخاب از فیصل اکسیر البدن (؟)

علاج بواسیر خونی و بادی

پوست ریٹھہ خوب باریک پیس کر رتی رتی کی گولیاں بنا منقہ میں بند کرکے رکھ لیں۔

خوراک: ایک گولی روزانہ پانی کے ساتھ دے دیا کریں۔

شرطیہ علاج ہے۔

افضل حسین صاحب لودھی پاکستان امرت بازار، لاہور

مقوی و طلا

● راکھ پھٹکڑی ۲ دو کلو میں تین کلو پانی ڈال کر آٹھ دن تک صبح و شام دس منٹ ہلا دیا کریں۔ دس منٹ کے بعد یہ منتظر پانی لے کر رکھیں اور ایک تولہ سم الفار سفید تمام چینی کے برتن میں آہستہ آہستہ پکائیں اور اس پانی کا چھڑکاؤ دیتے رہیں اور پکاتے رہیں۔ یہاں تک آدھ پاؤ پانی رہ جائے تو سم الفار ختم ہو جائے گا پس یہی اکسیر ہے شیشی میں احتیاط سے ڈال کر رکھ لیں۔

خوراک: ماچس کی تیلی کے سرے کو لگا کر ملائی یا مکھن کے ساتھ کھلائیں۔ دو خوراک کافی ہیں۔

طلا بھی بہت احتیاط کے ساتھ تھوڑا سا لگائیں تمام نقائص دور ہوں گے۔

سنبل جیسی بوٹی کے کھانے سے دل اور معدہ کو تقویت ہوتی ہے اور دل میں شجاعت و جوانمردی پیدا ہوتی ہے۔

مُجرّبات

کشتہ صدف مروارید پارہ قلعی والا

• بخاروں اور جریان منی کے لیے مجرب ہے۔

صدف مروارید ایک پاؤ لے کر ہاون دستہ آہنی میں کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں۔ قلعی ۲½ تولہ سیماب مصفیٰ ۲½ تولہ لے کر دونوں منعقد کر لیں۔ اب صدف اور منعقد دونوں کو کھرل کر لیں۔ ایک جان ہونے پر عرق گاؤزبان اصل ایک بوتل تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں ایک بوتل کھرل ہو چکنے کے بعد قرص ٹکیہ کی شکل بنا کر خشک ہونے پر ایک کوزہ گل حکمت شدہ میں ڈال کر سیمنٹ کر لیں۔ سیمنٹ جب خشک ہو جائے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بخار والے کو چار سرخ شربت صندلی عرق گاؤزبان کے ساتھ دیں اور جریان والے چار سرخ مکھن یا ملائی میں رکھ کر اوپر ایک پاؤ دودھ میٹھا ڈال کر نوش کریں۔ بفضلہ تعالیٰ چند خوراکوں میں ہفتہ عشرہ میں صحت کلی ہو جاتی ہے۔ جریان والے کو ۲۱ خوراک استعمال کرا سکتے ہیں۔

کشتہ نقرہ

برادہ نقرہ ایک تولہ لے کر گلاب بہاری جس کی گلقند بناتے ہیں کا پانی نکال کر پانچ تولہ پانی سے کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر ایک چھٹانک گلاب میں رکھ کر دو سیر کی آگ دیں۔ اور اسی طرح اکیس آگ دینے کے بعد کشتہ نقرہ اعلیٰ درجہ کا گلابی رنگت کا تیار ہو جائے گا نکال کر بحفاظت شیشی میں رکھیں۔

خوراک چار چاول سے ایک رتی تک۔

مقوی باہ حرارت غریزی کو پیدا کرتا ہے۔ صدر درجہ کا مقوی بدن ہے۔ اسی کشتہ نقرہ کی اکیس خوراک سے ایک مریض جس کے ہاتھ پیر اور جوڑوں کے درد کے باعث جوڑ بند ہو چکے تھے اور وہ اٹھ کر چل پھر نہیں سکتا تھا سات خوراک کے استعمال سے درد موقوف ہو گیا اور جوڑ کھل گئے ۱۴ روز کے عرصہ میں تندرست اور توانا ہو گیا۔ اکیس روز کے استعمال سے بالکل تندرست ہو گیا۔ یہ مجرب علاج حکیم حاجی حسین بخش ماہر کشتہ ساز نے کیا تھا جو کہ فن کشتہ سازی میں مانے ہوئے طبیب تھے۔

کشتہ تانبہ جاذب سیماب

ایک تولہ برادہ تانبہ لے ہری مکری جسے پنجابی زبان میں لیلی کہتے ہیں۔ کے پانی ایک چھٹانک میں کھرل کریں اور لیلی تازہ کے نغندہ آمدہ پاؤ میں قرص بنا کر رکھیں اور گل حکمت کر کے دو سیر کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر مزید ایک چھٹانک پانی ہرن مکری میں کھرل کریں اور ہرن مکری کے آدھ پاؤ نغندہ میں رکھ کر ۴ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر کھرل میں ڈال کر پیسیں اور سیماب مصفیٰ ڈال کر کھرل کریں اور بوٹی مذکور کا پانی کھرل کریں۔ جب سیماب جذب ہو جائے تو آدھ پاؤ نغندہ بوٹی مذکور میں رکھ کر آگ دیں اور سرد ہونے پر نکالیں۔

نامردی اور ضعف باہ کے لیے ایک رتی سے ایک چاول تک استعمال کریں اور دودھ گھی کا استعمال کریں جب پیاس لگے تو گھی دودھ میٹھا ڈال کر پئیں۔ انشاء اللہ تین روز میں نامرد مرد ہو جاتا ہے۔ اگر قسمت یاور ہو تو قلعی کا پانی خشک کر کے چاندی بنا دیتا ہے۔

اکسیر مقوی

ضعف باہ و نامردی کے لیے اکسیر ہے۔ چار یا پانچ دفعہ کے استعمال سے گیا گزرا بوڑھا بھی مرد ہو جاتا ہے۔

مُجرّبات

کشتہ صدف مروارید پارہ قلعی والا

• بخاروں اور جریان منی کے لیے مجرب ہے۔

صدف مروارید ایک پاؤ لے کر ہاون دستہ آہنی میں کوٹ کر کپڑچھان کر لیں۔ قلعی ۲½ تولہ سیماب مصفیٰ ۲½ تولہ لے کر دونوں عقد کر لیں۔ اب صدف اور معقد دونوں کو کھرل کر لیں۔ ایک جان ہونے پر عرق گاؤزبان اصلی ایک بوتل تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں۔ ایک بوتل کھرل ہو چکنے کے بعد قرص ٹکیہ کی شکل بنا کر خشک ہونے پر ایک کوزہ گلی حکمت شدہ میں ڈال کر سپٹ کر لیں۔ سپٹ جب خشک ہو جائے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر بھیں کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ بخار والے کو چار سرخ شربت صندلی عرق گاؤزبان کے ساتھ دیں اور جریان والے چار سرخ مکھن یا ملائی میں رکھ کر اوپر ایک پاؤ دودھ میٹھا ڈال کر نوش کریں۔ بفضلہ تعالے چند خوراکوں میں ہفتہ عشرہ میں صحت کلی ہو جاتی ہے۔ جریان والے کو ۱۲ خوراک استعمال کرا سکتے ہیں۔

کشتہ نقرہ

برادہ نقرہ ایک تولہ لے کر گلاب بہاری جس کی گلقند بناتے ہیں کا پانی نکال کر پانچ تولہ پانی سے کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر ایک چھٹانک گلاب میں رکھ کر دو سیر کی آگ دیں۔ اور اسی طرح اکیس آگ دینے کے بعد کشتہ نقرہ اعلیٰ درجہ کا گلابی رنگت کا تیار ہو جائے گا نکال کر بحفاظت شیشی میں رکھیں۔

خوراک: چار چاول سے ایک رتی تک۔

مقوی باہ حرارت غریزی کو پیدا کرتا ہے۔ صد درجہ کا مقوی بدن ہے۔ اسی کشتہ نقرہ کی اکیس خوراک سے

ایک مریض جس کے ہاتھ پیر اور جوڑوں کے درد کے باعث جوڑ بند ہو چکے تھے اور وہ اٹھ کر چل پھر نہیں سکتا تھا سات خوراک کے استعمال سے درد موقوف ہو گیا اور جوڑ کھل گئے ۱۴ روز کے عرصہ میں تندرست اور توانا ہو گیا۔ اکیس روز کے استعمال سے بالکل تندرست ہو گیا۔ یہ مجرب علاج حکیم حاجی حبیب بخش ماہر کشتہ ساز نے کیا تھا جو کہ فن کشتہ سازی میں مانے ہوئے طبیب تھے۔

کشتہ تانبہ جاذب سیماب

ایک تولہ برادہ تانبہ لے ہری کھری جسے پنجابی زبان میں لیلی کہتے ہیں۔ کے پانی ایک چھٹانک میں کھرل کریں اور لیلی تازہ کے نغدہ آمدہ پاؤ میں قرص بنا کر رکھیں اور گل حکمت کر کے دو سیر کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر مزید ایک چھٹانک پانی ہرن کھری میں کھرل کریں اور ہرن کھری کے آدھ پاؤ نغدہ میں رکھ کر ۴ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر کھرل میں ڈال کر پیس اور سیماب مصفیٰ ڈال کر کھرل کریں اور بوٹی مذکور کا پانی کھرل کریں۔ جب سیماب جذب ہو جائے تو آدھ پاؤ نغدہ بوٹی مذکور میں رکھ کر آگ دیں اور سرد ہونے پر نکالیں۔

نامردی اور ضعف باہ کے لیے ایک خس سے ایک چاول تک استعمال کریں اور دودھ گھی کا استعمال کریں جب پیاس لگے تو گھی دودھ میٹھا ڈال کر پئیں۔ انشاء اللہ تین روز میں نامرد مرد ہو جاتا ہے۔ اگر قسمت یاور ہو تو قلعی کا پانی خشک کر کے چاندی بنا دیتا ہے۔

اکسیر مقوی

ضعف باہ و نامردی کے لیے اکسیر ہے۔ چار پانچ نغدہ کے استعمال سے گیا گزرا نامرد بھی مرد ہو جاتا ہے۔

کشتہ سفید ایک تولہ۔ سب کو پیس کر شہد میں ایک رتی کے برابر گولیاں بنائیں۔ کھانا کھانے کے بعد ایک ایک گولی کھائیں۔

فوائد: ضعف باہ وغیرہ کے لیے بہترین دوا ہے۔

اکسیر دمہ

تم الطار ۱ تولہ۔ بابچی ۱ تولہ۔ پوست بیخ آک ۱ تولہ۔ نمک زقوم نمانہ ساز ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری و استعمال: یکے بعد دیگرے علیحدہ علیحدہ کھرل کریں۔ بعد ازاں برگ بانسہ، ملٹھی، مالکنگنی ہر ایک ۸ تولہ دو سیر پانی ڈال کر پکائیں جب نصف رہ جائے ادویہ کو اس پانی کے ساتھ کھرل کریں۔ اسی طرح دوسری دفعہ پھر تیسری دفعہ موٹھ کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی صبح ایک شام بکری کے دودھ کے ہمراہ۔

پرہیز: چاول اور ثقیل چیزیں وغیرہ۔

عرق مفرح

کشنیز ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ کاسنی ۵ تولہ۔ صندل سفید ۲ تولہ۔ نیلوفر ۵ تولہ۔ گاؤزبان ۲ تولہ۔ گل بنفشہ ۲ تولہ۔ ملٹھی ۲ تولہ۔ عناب ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: بطریق معروف عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک: ۵ تولہ صبح ۵ تولہ شام۔

فوائد: جگر کی گرمی خشکی گلے پڑنے کو بہت مفید ہے۔

مقوی دماغ

● کشتہ مرجان جواہر والا ایک رتی۔ اسپرین ۲ رتی۔ کیفین ایک رتی یہ ایک خوراک ہے ایسی دن میں دو خوراکیں استعمال کرائیں۔

ضعف دماغ، دماغی تھکاوٹ، دردسر، نزلہ زکام کے لیے اکسیر ہے۔

اکسیر لیکوریا

● کشتہ بیضہ مرغ ۴ رتی کیلشیم لیکٹیٹ ۱ ماشہ دن میں دو خوراکیں ہمراہ آب تازہ۔

اکسیر جریان

● کشتہ سہ دھات ۱ رتی۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۳ رتی۔ ایسی ایک خوراک صبح و شام دیں۔

جریان، احتلام اور ذکاوت حس کے لیے مفید ہے۔

خاص نسخہ

تخم اسگندھ ناگوری ۱ تولہ۔ نشاستہ ۱ تولہ۔ مغز بادام ۱۲ عدد۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ چینا گوند ۳ تولہ۔ نبات سفید بھوننے کو دیسی گھی میں تمام ادویہ کا سفوف بھون کر نبات سفید ملائیں۔

مقدار خوراک: ۵ سے ۷ ماشہ تک ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد: سمن بدن ہونے کے علاوہ تقویت باہ کے لیے بہترین دوا ہے۔ وضع حمل کے بعد عورت کو کھلانا بے حد فائدہ مند ہے۔

کشتہ سرب

سرب ایک چھٹانک کڑاہی میں پگھلا کر آکس کی لمبی جڑ یا لکڑی اس میں پھیرتے رہیں۔ اور آنچ تیز رکھیں حتیٰ کہ تمام سیسہ کشتہ ہو جائے بہت عمدہ برنگ زرد کشتہ ہوگا۔

مقدار خوراک: ۲ رتی ہمراہ مسکہ گاؤ۔

فوائد: یہ کشتہ جریان، احتلام، سرعت انزال اور تقویت باہ کے لیے بے نظیر ہے۔

ادارہ تحقیقات طبیہ پاکستان کا ایک خصوصی اجلاس مورخہ ۲۰ ہ کو منعقد ہوا جس کی صدارت حکیم انور اعجاز چشتی صاحب نے کی۔ اجلاس میں حکیم محمد اقبال صاحب، حکیم محمد عیسیٰ نذیری، حکیم حبیب اللہ ملک، حکیم انور کلیم صاحب نے شرکت کی۔

اجلاس میں خصوصی طور پر حکیم ریاض احمد قریشی کی وفات پر اظہار افسوس کیا گیا۔ فاتحہ خوانی کی گئی اور دعا کی گئی اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس عنایت فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی والدہ، بھائی اقبال احمد قریشی اور خاندان والوں کو اس صدمہ کو برداشت کرنے کی ہمت عنایت فرمائے۔

حکیم محمد عیسیٰ نذیری

● طبی استعمالات

ضعف بصر کے لیے

کشنیز خشک ۵۰ گرام۔ سونف ۵۰ گرام۔ مغز بادام شیریں ۵۰ گرام۔ کوزہ مصری ۱۲۵ گرام۔

تیاری:۔ تمام ادویہ کا باریک سفوف بنالیں۔ اب مصری کو باریک پیس کر اس سفوف میں اچھی طرح سے ملادیں۔

استعمال:۔ ۶ گرام صبح نہار منہ اور رات کو سوتے وقت ہمراہ نیم گرم دودھ یا تازہ پانی سے استعمال کریں۔

فوائد:۔ یہ نظر کی کمزوری، دماغ کی کمزوری اور عام جسمانی کمزوری کے لیے نہایت مفید ہے۔ کم از کم دو ماہ استعمال کریں۔

حرقت البول

کشنیز خشک ۱۰ گرام۔ آملہ خشک ۱۰ گرام۔ صندل سفید ۱۰ گرام۔ کباب چینی ۱۰ گرام۔

تیاری: تمام ادویہ کو رات کے وقت آدھا لیٹر پانی میں کسی مٹی کے برتن میں بھگو دیں صبح کو کسی باریک کپڑے سے اچھی طرح مل کر چھان لیں۔

استعمال: یہ پانی صبح، دوپہر، شام کو استعمال کریں۔

فوائد:۔ اگر پیشاب بہت جل کر آتا ہو، اس کا رنگ زرد ہو، صفراء کی زیادتی ہو اور جسم میں اندرونی طور پر بہت زیادہ گرمی محسوس ہوتی ہو، جگر اور مثانہ میں گرمی ہو اور ہاتھوں اور پاؤں میں سے گرمی نکلتی ہو۔ یہ ان تمام امراض میں بہت فائدہ کرتا ہے اور تمام اندرونی گرمی کو بذریعہ پیشاب خارج کر دیتا ہے۔

نوٹ: یہ نسخہ عام طور پر موسم گرما میں استعمال کرنا چاہیے۔

قرابادینی نسخہ جات

● سفوف کشنیزی

کشنیز خشک ۱۲۰ گرام۔ سونف ۱۲۰ گرام۔ طباشیر ۱۲۰ گرام۔ میٹھا سوڈا ۶۰ گرام۔ آملہ خشک ۴۰ گرام۔ الائچی خورد ۵ گرام کوزہ مصری ۲۵۰ گرام۔

تیاری: تمام ادویہ کا ایک سفوف بنالیں اب سفوف میں سوڈا کو چھان کر ملالیں اور آخر میں مصری کو پیس کر سفوف ملا کر یک جان کرلیں۔

استعمال: ۴ گرام حسب ضرورت ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔

فوائد: تبخیر معدہ، تیزابیت معدہ، غذا کی نالی میں جلن، پیشاب کی نالی میں جلن، پیشاب کا جل کر آنا، ہاتھوں اور پاؤں میں سے گرمی کا نکلنا، جگر اور مثانہ کی گرمی، دل کی گھبراہٹ غرض کہ تمام گرمائی امراض میں نہایت مفید ہے۔

اطریفل کشنیزی

کشنیز خشک ۱۵۰ گرام۔ آملہ خشک ۱۰۰ گرام۔ ہلیلہ سیاہ ۱۰۰ گرام۔ پوست بہیڑہ ۱۰۰ گرام۔ پوست ہلیلہ زرد ۱۰۰ گرام۔ گل سرخ ۱۰۰ گرام۔ شہد خالص ۲ کلو۔

تیاری: تمام ادویہ باریک پیس کر چھان کر حسب دستور شہد کے قوام میں اطریفل تیار کریں۔

نوٹ: اگر تمام ادویہ کے سفوف کو روغن بادام میں چرب کر کے اطریفل تیار کریں تو اس اطریفل کا اثر دیر تک قائم رہتا ہے۔

استعمال: ۵ گرام صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان یا عرق بادیان یا صرف ہمراہ تازہ پانی استعمال کرائیں۔

فوائد: دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ نظر کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ نزلہ زکام کو فائدہ دیتی ہے، سر درد، کانوں کے درد میں مفید ہے۔ آنکھوں کی سرخی کو ختم کرتی ہے۔ حساسیت اور بواسیر میں نہایت کامیاب ہے۔ اس کے علاوہ تبخیر معدہ اور تیزابیت معدہ میں مجرب ہے۔

کان درد میں سرسوں کے تیل میں ملا کر تین چار قطرے ملا کر ڈالیں۔ دانت درد میں روئی کے ساتھ ۳ قطرہ دانت پر رکھیں۔ سر میں درد ہو تو خفیف مالش کریں۔

کسی قسم کی چوٹ کے درد کے لیے

● میری ایک سنیاسی سے ۸ جون ۱۹۹۸ء کو کوٹ لکھپت لاہور میں ملاقات ہوئی انہوں نے چوٹ کی درد کے لیے اکسیری نسخہ بطور تحفہ دیا۔

مچھلیوں کے پوٹے کو دیسی گھی ایک پاؤ میں خوب جلائیں۔ بعد میں پوٹے نکال کر گھی محفوظ رکھیں۔ گرم کر کے خوب مالش کریں۔ انشاءاللہ جلد شفا ہوگی۔

اکسیر اطفال

● بچوں کی بدہضمی اور اسہال کے لیے۔

اشرف لیبارٹری فیصل آباد کا اکسیر اطفال سفوف بچوں کے ہرے پیلے دستوں کے لیے بہترین تریاق ثابت ہوا ہے۔

اور مندرجہ ذیل سفوف میرے مطلب کا مایہ ناز اکسیری حامل کا نسخہ ہے۔

زیرہ سفید و سیاہ، الائچی دانہ، کچور، نانخواہ، تخم کرفس، نمک سیاہ ہر ایک ۳ ۳ ماشہ۔

نوشادر، کافور، سہاگہ، قرنفل، گیرو ماشہ ماشہ۔

زعفران ۲ رتی سفوف بنا لیں۔

خوراک: ۲ رتی سے ماشہ تک۔ دن میں ۳ مرتبہ ہمراہ آب تازہ دیں۔

بدہضمی یا اسہال میں الائچی کلاں کے نسخوں کو پانی میں جوش دے کر رکھ لیں۔

یہ پانی ٹھنڈا کر کے پلاتے رہیں۔ سوء ہضم کے لیے اکسیر تجربہ شدہ ہے۔

مندرجہ بالا تمام نسخہ جات تجربہ شدہ ہیں۔ آزمائیں اور دعا دیں۔

حکما کے لیے خوشخبری

پوری دنیا میں کوئی شوگر کیور دوائی نہیں لیکن الحمدللہ ہمارے کیپسول صرف ۱۵ روز میں شوگر کنٹرول کرتے ہیں۔ تمام عمر دوائی سے نجات مل جاتی ہے۔

● ملیریا بخار

پھٹکڑی سفید بریاں ۲ تولہ نوشادر ۲ تولہ۔ گیرو ۲ تولہ۔ مغز کرنجوہ ۲ تولہ۔ مغز دھتورہ ۱ تولہ سب کو باریک کر کے رکھ لیں۔ بقدر ۲ رتی ہمراہ تازہ پانی یا شربت سے ایک خوراک صبح ایک ظہر کے وقت اور ایک رات کے وقت۔ اگر بخار اتر ہوا ہو تو شربت سے اور بخار موجود ہو تو پانی سے ۳۰ دن کے بعد انشاءاللہ بخار رد ہوگا۔ مریض کی قبض وغیرہ کی اصلاح کر لیں۔

بھروسہ کیپسولز (یونانی)

قیمتی اجزا پر مشتمل "بھروسہ کیپسولز" سرعت انزال کو دور کر کے طاقت پیدا کرتے ہیں۔ ان کے استعمال سے مرجھائے ہوئے چہرے تو خیز گل کی طرح شگفتہ ہو جاتے ہیں۔ وقت پر شرمندگی اٹھانے والے نوجوان اپنا کھویا ہوا وقار پھر سے حاصل کر سکتے ہیں۔ بے حد مقوی باہ ہونے کی وجہ سے دونوں فریق لذت محسوس کرتے ہیں۔ منی کا فوراً اخراج ختم ہو کر وظیفہ زوجیت طویل ہو جاتا ہے۔ کمزوروں کو بھی باہ حاصل ہوتی ہے۔

قوت باہ کے لیے بے حد تحفہ ہے۔

قیمت فی درجن ۲/ ۱۴ ہیں روپے سے فی گرس ۴/ ۱۴۰ روپے

حکیم مہتاب حسین دہلوی رحیم آباد نوشہرہ کینٹ، صوبہ سرحد

مُجرّبات

اکسیر جگر

کمالی زیری، پوست بلیلہ زرد، چرونجی، مغز بھلانواں، دارچینی ہر ایک ۲ تولہ، بھنگرہ سیاہ ۳ تولہ، زرچ کچالو ۱/۲-۳ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ہموزن ادویہ ملا کر نخود کے برابر گولیاں تیار کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح ایک گولی شام۔

فوائد: ورم جگر، استسقاء، اسہال جگری، بھوک کی کمی، خرابی معدہ کے لیے اکسیر ہے۔ چالیس روز تک استعمال کریں۔

نوٹ: اگر اس میں پانچ سیر گڑ کہنہ ملا کر تین ساشہ گولیاں بنا کر استعمال کی جائیں تو سفید بال سیاہ ہو جائیں گے انشاء اللہ تعالٰے۔

اکسیر باہ

● اسپند سوختنی نصف بریاں اور نصف خام، پوست خشخاش، تخم سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ قند سیاہ ۴ تولہ ملا کر گولیاں جنگلی بیر کے برابر تیار کریں۔ گیارہ روز استعمال کریں عجیب چیز ہے۔

فوائد: ضعف باہ، سرعت انزال کے لیے اکسیر مجرب ہے۔

● قرنفل ۲ تولہ شیر مدار میں سات روز تر رکھیں پھر سات روز کے بعد پھل دھتورہ میں بند کر کے آرد گندم میں گل حکمت کر کے آگ میں سوختہ کریں۔ بعد سرد ہونے کے نکال کر نصف قرنفل سردیوں میں استعمال کریں۔ سات روز میں نامرد مرد کامل ہو جائے گا۔

● برائے کمزوری ـــــ زردی بیضہ مرغ اُبالی ہوئی بریاں کردہ ۲۰ عدد۔ زنجبیل ۳ تولہ، فلفل دراز ۳ تولہ، قرنفل ۳ تولہ، جاوتری ۳ تولہ۔ زعفران اعلیٰ قسم ۱ تولہ، خولنجان ۳ تولہ۔ آب پیاز ۱۰ تولہ، آب ادرک ۱۰ تولہ۔ بار یک پیس کر شہد سہ چند ملا کر معروف طریقے سے معجون بنائیں۔

خوراک: ۱ تولہ علی الصبح ہمراہ شیر گاؤ۔

طلائے مقوی

افیون خالص ۱/۲-۴ ماشہ۔ زعفران ۱/۲-۱ ماشہ۔ مشک خالص ۲ رتی۔ روغن یاسمین ۱/۲-۱ تولہ۔

اشیاء باریک پیس کر روغن میں ملا کر جوش دیں۔ طلاء تیار ہے۔ جو مریض مجلوق کو بہت فائدہ دیتا ہے۔

برائے آتشک

زعفران ۱ تولہ۔ قرنفل ۲ تولہ۔ کافور بھیم سینی ۲ تولہ، نیل قلمی ۲ تولہ۔ رسکپور ۳ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ تولہ۔ بھیڑ کا گھی ۲۰ تولہ، مردار سنگ ۲ تولہ۔

اول رسکپور جو ہر لے لیے جائیں۔ بعد کو سب دوائیں گھی میں ۲۰ روز کھرل کریں کھرل لوہے کا ہو۔

خوراک: ۴ رتی صبح و شام دیں۔

حب کالی کھانسی

گندھک آملہ سار مدبر، ست لوبان، قانہ ساز، پھٹکیا سوہاگہ بریاں، پیپل، بلیلہ مسلم سوختہ، عناب مسلم سوختہ، افیون بریاں، برگ پان سوختہ، نمک سیاہ، کاکڑا سنگی ہر ایک تین ماشہ۔ رب السوس ۲ تولہ۔

سب کو پیس کر پانی ملا کر اور تھوڑے شہد کی مدد سے ماش برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی روزانہ چار بار

مقدار خوراک ۔ ایک رتی سے چار رتی تک خمیرہ گاؤزبان چھ ماشہ میں رکھ کر عرق سرطان دو تولہ کے ساتھ دن میں تین بار دیں۔

حابس الدم

بواسیر کا خون بند کرنے کی جادو اثر دوا۔

پوست ریٹھہ ۵ تولہ لے کر کسی شیشی میں بند کر کے خوب سپیٹ کریں اور دس سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر کھرل کر کے رکھیں۔

صبح و شام ۴، ۴ رتی بدرقہ مناسب سے دیں۔ بواسیر خونی میں جادو اثر ہے۔

تبخیرِ معدہ کے لیے اکسیر

جو صرف پانچ اجزا کا مرکب ہے۔

تبخیر معدہ کا عارضہ فی زمانہ عام ہے۔ بعض اوقات اس کے سبب سے انسان کے نظام معدہ میں انتہائی خلل پیدا ہو کر اعصابی نظام کو درہم برہم کر کے پاگل پن کی سی صورت پیدا ہو جاتی ہے اور بسا اوقات اس مرض کی اصل کا سراغ نہیں ملتا۔ ذیل کا نسخہ اس کے لیے تیر بہدف ہے۔

صندل سفید جو خود برادہ کیا گیا ہو دو تولہ۔ فرنج مشک ایک تولہ۔ بادرنج بویہ تین تولہ۔ افسنتین ۵ تولہ۔ سنبل الطیب ۵ تولہ۔

سب کو کوٹ اور باریک پیس کر چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

تبخیر معدہ کی ایسی حالت میں جس میں پاگل پن تک نوبت پہنچ جائے تو یہ پانچ اجزاء کا مرکب ایک تولہ۔ جدوار خطائی چھ ماشہ۔ چھوٹی چندن چھ ماشہ کا اضافہ کر کے اس کی ۲۱ مساوی خوراکیں بنالیں۔

پانچ خوراکیں روزانہ کے حساب سے چار روز تک مسلسل موسم کے مطابق یعنی موسم سرما میں اسطخودوس چھ ماشہ ایک کپ پانی میں جوش دے کر چھان ڈال کر دیں اور موسم گرما میں اسی جوشاندہ کو ایک پاؤ پانی میں بھگو کر اس کے آب مقطر کے ساتھ دیں۔ اور اس کے مسیحائی اثرات ملاحظہ فرمائیں۔ یہ نسخہ میرا اکیس سالہ مطب اور مجوزہ ہے۔

ایک نادر چٹکلہ

● جلد پر نمودار ہونے والی ان گلٹیوں کے لیے جن کو طب مغرب کے اصول کے مطابق صرف آپریشن کے ذریعے ہی کاٹ کر دور کیا جاتا ہے۔ طب یونانی کا یہ نادر چٹکلہ انتہائی ارزاں سہل اور ممکن العمل ہے۔

بیر بہوٹیاں لے کر انہیں اس قدر باریک کھرل کریں کہ اس کا لیس دار تیل سا بن جائے۔ اس تیل کو انگلی سے ان گلٹیوں پر ہلکا ہلکا مساج کریں۔ انشاء اللہ العزیز صرف تین ہفتوں میں تمام گلٹیاں بلا آپریشن خود بخود نابود ہو جائیں گی۔

• بخل شکن خاص الخاص مجرّبات

حکیم محمد فاروق اقبال، نیو کرول شالامار ٹاؤن — لاہور

ایسے مجربات جو سو فیصد صحیح ہوں۔ پہلی ودسری خوراک پر کام کرتے ہوں۔ سفیر حکمت میاں شاہد اکبر نقشبندی صاحب اور جناب حکیم عبدالرشید چوہان صاحب کی کاوشوں سے آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ میرا مقصد صرف اور صرف طب اسلامی کی فروغ اور ترقی کے لیے ہے۔

قارئین کرام اور حکماء کرام سے گذارش ہے کہ وہ بھی نہ صرف ایسے ہی مجربات پیش کر کے دکھی انسانیت کی خدمت کریں بلکہ طب اسلامی کو فروغ دیں۔

سفوف سعال

پوست بلیلہ زرد، گل بنفشہ ہموزن سفوف بنائیں اور کشتہ صدف شامل کریں۔

فوائد: بلغمی کھانسی کے لیے اکسیر ہے اور بلغم کو خارج کرنا ہے معمول مطب ہے۔

سفوف سعال خاص (ٹی بی، دمہ، بلغمی کھانسی)

سفوف بسکھپرا (سفید پھولوں والی) ا ماشہ۔

دن میں ۳ مرتبہ مناسب بدرقہ۔

فوائد: ٹی بی، دمہ، بلغمی کھانسی، پھیپھڑوں کے داغوں کو پندرہ روز میں ختم کرتا ہے۔

اکسیر احتلام •

(عطیہ جناب پروفیسر حکیم کوثری قادری صاحب طبیہ کالج لاہور)

انھوں نے احتلام کے لیے مجرب المجرب اکسیری تحفہ دیا تھا جو کہ استعمال کرنے کے بعد سو فیصد درست پایا۔

پھلی کیکر، تخم بھنگ ۵-۵ تولہ۔ رال سفید ا تولہ۔ تخم ریحان ۲½ تولہ۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ دودھ دن میں دو مرتبہ۔

اکسیر اعصابی امراض •

یہ نسخہ حکیم عبدالعزیز تبسم صاحب خانیوال کی دستور مطب میں موجود ہے۔ تجربہ کرنے پر اعصابی اور بلغمی امراض کے لیے واقعی اکسیر ثابت ہوا ہے۔ آپ بھی اپنے مطب کی ضرور زینت بنائیں۔

زعفران، جند بیدستر، ہیرا ہینگ، جدوار، عود صلیب، عقر قرحا ہر ایک چھ ماشہ۔ شہد میں دانہ مونگ کے برابر حبوب بنائیں۔

مقدار خوراک: دن میں ۳ دفعہ ایک سے دو گولیاں۔

فوائد: مزاج میں گرم خشک ہیں۔ اعصابی و بلغمی امراض، اعصابی دردیں، نامردی، سلسل البول، مرگی، نزلہ زکام، دمہ بلغمی، قولنج، لقوہ، لو بلڈ پریشر، رحم کے اورام صلبہ کے لیے اکسیر ہیں۔

نوٹ: یہ واقعی تجربہ شدہ ہیں۔ سردیوں کے لیے عظیم تحفہ ہیں۔

اکسیر قے

ہومیو دوائی اِپی کاک قے کے لیے اکسیر ہے۔ میرا معمول مطب ہے۔ ہیضہ میں قے کو فوراً بند کرتی ہے۔ اِپی کاک کے سات قطرے کپ پانی میں پلائیں۔

• حکمت و دانائی اور علم و ادب سے بڑھ کر کوئی چیز مفید تلاش نہیں۔

بہترین تحفے

حکیم حاجی اصغر علی کمبوہ فرمان یونانی شفاخانہ مکسی ضلع شیخوپورہ فیصل آباد روڈ

ذیابیطس (شوگر) ضعف قلب

نسخہ: گوند چھار ہر ایک الگ الگ ۴ تولے۔ لودھ پٹھانی ۱ تولہ۔ موتی الائچی ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ سنگجراحت ۱۰ تولہ۔

ترکیب: سب چیزوں کا الگ الگ سفوف بنا کر باہم ملالیں۔

خوراک: ۳ ماشہ سفوف عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ سے صبح و شام کھالیں۔

انشاءاللہ شوگر کو فائدہ کرے گا۔ دل کی کمزوری گھبراہٹ کے لیے بھی فائدہ مند ہے۔

جریان، احتلام، سرعت انزال، کمی کرم منی

جریان، احتلام، سرعت انزال اور کمی کرم منی کی اکسیری دوا ہے۔

نسخہ: الائچی خورد ۱ تولہ۔ مصطگی رومی ۱ تولہ۔ گوند چھار ۲ تولہ۔ طباشیر نقرہ ۱ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ سونٹھ ۲ تولہ۔ موصلی سفید ۱ تولہ۔ کوزہ مصری ۱۰ تولہ۔

ترکیب: سب کو الگ الگ سفوف بنا کر ملالیں۔

خوراک: ۳ ماشہ سفوف آدھا کلو دودھ سے صبح کھالیں۔ ۳ ماشہ رات کو سوتے وقت دودھ آدھا کلو سے کھالیں۔

انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

کشائش رزق کے لیے

۱۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا اَللّٰہُ۔ یَا لَطِیْفُ۔ یَا فَتَّاحُ۔ یَا وَہَّابُ۔ یَا بَاسِطُ۔ یَا رَزَّاقُ۔ یَا غَنِیُّ۔ یَا مُغْنِیُ۔

رزق کے لیے ہر روز گیارہ مرتبہ پڑھو نہایت ہی مجرب ہے۔

۲۔ یہ عمل جس کام کے لیے نیت کرکے شروع کریں بہت جلد مراد حاصل ہوگی۔ ہر روز نماز فجر کے بعد کے بعد یا نماز عشاء کے بعد ودو سو مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر پانچ پانچ بار درود شریف پڑھیں۔ یا مصطفٰے محمدؐ یا مرتضٰی علیؓ

حاجت روا محمدؐ مشکل کشا علیؓ

ہر مشکل کے لیے

اس کو صبح بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء غسل کرکے ہر روز کم از کم چھ سو مرتبہ ضرور پڑھیں مشکل آسان ہو جائے گی۔ ترقی ہر کام میں اہم یہ ہے۔

اِنَّهٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ان سب عملوں کی اجازت عام ہے۔ جب تک مقصد حاصل نہ ہو پڑھتے رہیں۔

ہر کام کے واسطے

اگر صدق دل سے صبح بعد از نماز فجر یا بعد از نماز عشاء ساتھ سو چھیاسی ۷۸۶ دفعہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں انشاءاللہ ہر نیک کام میں کامیابی ہوگی۔

عمل کشائش رزق

خواجہ بہاؤالدین قدس سرہ سے منقول ہے کہ جو کوئی سورۃ الم ترکیف کو بعد نماز کے ۲۱ مرتبہ پڑھا کرے کشائش رزق ہو۔

مُجرّبات

سفوف

● سنگجراحت، کشتہ گئو دنتی، بیخ انجبار، کتیرہ گوند، دم الاخوین، گیرو، ماشی ہموزن۔ مصری دو چند ادویہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب خنک کے۔

فوائد: کثرت الطمث، بواسیر خونی، خونی دست، نفث الدم، بول الدم وغیرہ میں بہت مفید ہے۔

سفوف

● اسطوخودوس ۲ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ فلفل سفید ۶ ماشہ۔ شکر سفید ۳ تولہ۔ خوب باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۳ ماشہ۔ دن میں تین مرتبہ۔ ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: عصابہ، شقیقہ، درد سر کہنہ اور تنقیہ دماغ کے لیے معمول ہے۔

سفوف

آرد سنگھاڑہ ۵ تولہ۔ لودھ پٹھانی ۲ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ۔ موصلی سفید ۲ تولہ۔ اسگند ناگوری ۱ تولہ۔ شکر خام ہموزن۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ تا ۱ تولہ صبح و شام ہمراہ شیر گرم۔

فوائد: جریان و سیلان الرحم میں بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

سفوف

آب ترب مقطرہ ۵ سیر قلعی دار دیگچی میں پکا کر گاڑھا کریں بعد میں نیچے اتار کر شورہ قلمی ۱ تولہ۔ جوکھار ۵ تولہ۔ سنگ سرماہی ۵ تولہ۔ حجر الیہود ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۳ تولہ۔ سونٹھ ۲ تولہ سفوف کر کے ملا دیں۔ خشک ہونے پر گل حکمت کر کے ۱۰ سیر پاتھک دشتی کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر شیشی میں محفوظ سفوف کر کے رکھ لیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی سے ۲ ماشہ تک مولی کی کاشش پر چھڑک کر دن میں دو تین مرتبہ۔ اور گرم پانی کے ٹب میں بیٹھ کر پیشاب کریں۔

فوائد: ریگ و سنگ مثانہ و گردہ میں بہت مفید ہے اور معمول مطب ہے۔

سفوف سوزاک

● ریوند چینی، شورہ قلمی، تخم کاسنی، سوڈا بائیکارب، زیرہ سفید ہموزن۔ مصری دو چند ادویہ۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ لسی دودھ یا پانی۔ دن میں دو مرتبہ۔

ایک ہفتہ ہی میں چنک جلن سب جاتی رہے گی۔

سفوف استحاضہ

سنگ جراحت، کشتہ گئو دنتی، گوند ڈھاک۔ مازو خورد سب ہموزن۔ مصری دو چند ادویہ۔ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ ہمراہ آب زلال گل ملتانی۔

فوائد: کثرت حیض میں بہت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔

سفوف

زہر مہرہ، زرشک، طباشیر، سماق، دانہ الائچی خورد، پپیتہ، دریائی ناریل جدوار ہر ایک ہموزن سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: بقدر ۳ ماشہ ہمراہ سکنجبین سادہ ۲ تولہ ملا کر دن میں تین بار چاٹیں۔

بہترین تحفے

حکیم حاجی اصغر علی یکیوہ، بھکی، فیصل آباد روڈ ضلع شیخوپورہ

کیرا، نزلہ، زکام

● چھوٹی الائچی ۱ تولہ۔ طباشیر نقرہ ۱ تولہ۔ گل منڈی ۱ تولہ۔ گری بادام ۱ تولہ۔ کوزہ مصری ۱ تولہ۔

سب چیزیں الگ الگ سفوف بنا کر باہم ملالیں۔

خوراک: صبح و شام کھانا کھا کر دو دو ماشے تازہ پانی سے کھالیں۔

پرہیز: کھٹی، بادی، تیل و اشیاء سے پرہیز کریں۔

انشاء اللہ پہلی خوراک سے ہی فائدہ ہو جائے گا۔

اکسیر جگر، کمزوری، رنگت

۵ تولہ منور کو بیس بار آگ میں سرخ کر کے لسی میں بجھائیں پھر اس کو سفوف کر لیں اور مندرجہ ذیل چیزیں ملا دیں۔

زرچلہ ۵ تولہ۔ کلونجی ۵ تولہ۔ مجیٹھ ۵ تولہ۔ کوزہ مصری ۱۰ تولہ۔

ان چیزوں کو الگ الگ سفوف بنا کر آپس میں ملا لیں۔ اس سارے سفوف کو ایک پاؤ دہی میں کھرل کریں اسی طرح آٹھ دن ہر روز ایک پاؤ دہی میں اسی طرح کھرل کر لیا کریں۔ اسی طرح آٹھ دن میں کل دو کلو دہی اس میں کھرل کر دیں۔

چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: گھر کی لسی یا پانی سے ایک گولی صبح ایک گولی دوپہر ایک گولی شام کھایا کریں۔ اگر لسی نہ ہو تو پانی سے بھی گولی کھالیا کریں۔

پرہیز: کھٹی، بادی، تیل والی چیزوں سے پرہیز کریں۔

شعر — مریضوں کو بھی لازم ہے نہ چھوڑیں صبر کا پلہ
یقیں والوں کی خاطر ہیں دوائیں معجزہ اللہ
ذرا سکتا ہے دنیا میں کوئی دعویٰ صداقت کا
طبیبوں کی تو کوشش ہے شفا من جانب اللہ

یرقان کا نسخہ

جڑ بان ۱ تولہ۔ کلونجی ۱ تولہ۔ سوہاگہ سفید پھل کردہ ۱ تولہ۔ چینی ایک پاؤ۔

ترکیب: سوہاگہ پھل کر کے سفوف بنالیں اور باقی چیزیں بھی سفوف بنا کر خالی بوتل شربت والی میں ڈال دیں۔ بعد میں معمولی نیم گرم پانی ڈال دیں۔ ایک گھنٹہ پڑا رہنے دیں۔

خوراک: ایک گھونٹ صبح ایک گھونٹ شام کو پی لیں۔

پرہیز: بالکل بادی تیل والی چیزوں اچار وغیرہ سے پرہیز کریں۔ ثقیل غذا بھی نہ کھائیں۔

سادہ خوراک استعمال کریں۔

مردانہ طاقت، جسمانی طاقت، فالج، لقوہ

● شنگرف رومی ۱ تولہ۔ مالکنگنی ۱ پاؤ۔

ترکیب: لوہے کی کڑاہی میں آدھی مالکنگنی نیچے ڈال کر اوپر شنگرف کی ڈلی رکھ دیں آدھی مالکنگنی اوپر ڈال دیں۔ کڑاہی کے نیچے ہلکی آگ جلا دیں مالکنگنی تیل بن جائے گی اور پکتی رہے گی۔

تین چار گھنٹے آگ جلاتے رہیں۔ جب سارا تیل خشک ہو جائے جلی ہوئی گندم کی طرح مالکنگنی کے کوئلے بن جائیں گے کشتہ تیار ہو جائے گا۔

شنگرف کی ڈلی کڑاہی میں سے نکال کر پیس لیں۔ کشتہ تیار ہے۔

اگر اس کشتہ میں طاقت زیادہ پیدا کرنی ہو تو ترچڑا کے پیٹ میں سی کر ایک پاؤ گائے کے گھی میں بھون لیں جب سرخ ہو جائے نکال لیں۔ چڑیاں نکال کر چٹنی میں کوٹ کر شہد ملا کر چنے کے دانے کے برابر گولیاں بنا لیں۔

استعمال۔ مریض کو کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ بعد دودھ میں دیسی گھی ملا کر ایک گولی کھلا دیں۔ روزانہ ایک گولی بہتر ہے گولی رات کو دیں۔

ے گولی کافی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۔ اگر کوئی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اکیس مرتبہ کاغذ پر لکھ کر سر پر باندھے تو سر درد سے آرام آ جائے گا۔

۲۔ اگر سوموار کے روز سورج طلوع کے وقت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الگ الگ ہر حرف (ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م) لکھ کے آئینے پر لگے اور لقوے والا مریض اسے دن میں چار پانچ بار دیکھتا رہے تو لقوے سے آرام ہوگا۔

۳۔ حدیث شریف میں ہے کہ قیامت کے دن اگر کسی شخص کے نامہ اعمال میں تین سو مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھی ہوگی جو اس نے یقین کے ساتھ پڑھی ہوگی دوزخ سے اللہ اس کو رہائی دے گا اور جنت میں داخل کرے گا۔

۴۔ قلم نے خدا کے حکم سے سب سے پہلے جو لوح پر لکھا وہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تھی۔

۵۔ حضرت آدمؑ کی پیدائش سے پانچ سو سال پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم جبرائیل علیہ السلام کی پیشانی پر لکھی ہوئی تھی۔

بنا دیں اور تین ماہ بعد دیں۔ گھر پتا ہوا مٹی کا کمرہ کھڑا ہے۔ جس کا نام دکھائی ہے۔ اطرا کے لیے مجرب المجرب تجربہ شدہ ہے۔

سفوف کلیجی

- نمک شیشہ ۱ کلو۔ بلادر ۵ تولہ۔

ترکیب: نمک کو باریک پیس کر درمیان میں تین دفعہ بلادر دے کر ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر اس نمک میں نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ۔ زنجبیل ۲½ تولہ پیس کر ملا لیں۔ بس سفوف کلیجی تیار ہے۔

خوراک: ایک ماشہ پانی کے ساتھ۔

فوائد: ریاح باسوری ضعف بصر، نزلہ مزمن، قبض اسہال، دانتوں کے امراض، درد گردہ، درد معدہ، ورم معدہ، نظام ہضم کے لیے مفید ہے۔ نیز بالوں کی سیاہی قائم رکھتا ہے۔

ڈاکٹر ایم۔ اے کمال گوجرانوالہ

بند حیض کے لیے

کپلہ ۳ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۳ تولہ۔ گھونگچی سفید ۳ تولہ۔ تخم دھتورہ ۳ تولہ۔ بذریعہ پتال جنتر تیل نکال لیں اور اس تیل میں ۱۰ عدد لونگ کلاہ دار بھگا لیں۔

خوراک: ½ حصہ لونگ پان میں کھلائیں۔

مجرب حکیم ایم۔ اے کلیم

اکسیر دمہ

میٹھا تیلیہ مدبر ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ آب ادرک ایک بوتل تقریباً ایک سیر۔

ترکیب تیاری و استعمال: تمام ادویہ کو باریک کر کے آب ادرک کے ذریعے کھرل کر کے گولیاں بمقدار دانہ ماش کے بنا لیں۔

امراض بلغمی، کھانسی، دمہ، فالج، ذریع وغیرہ امراض کے لیے اکسیر اعظم نسخہ ہے۔

خوراک: صرف ایک گولی کھانے کے دو گھنٹے بعد ہمراہ شربت اعجاز یا شربت صدر کے گرم مزاج والوں کو۔ سرد مزاج والوں کو چائے گل وغیرہ کے ساتھ دیں۔ ترشی اور بادی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔ بوقت ضرورت شدید دو گولی بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔

نوٹ: دو دن استعمال کرنے کے بعد ایک ناغہ کر لیا کریں۔

حکیم فضل محمد صاحب آزمائش دواخانہ
چوک تھانہ صدر نشتر روڈ شیخوپورہ

انتقال پُر ملال

ماہنامہ اسرار حکمت کے دیرینہ قلمکار حکیم جناب عبدالغفور باروی باروی صاحب فقیری دواخانہ چک نمبر ۱۶۷ ٹی ڈی اے فتح پور تحصیل کروڑ ضلع لیہ کی والدہ ماجدہ کا مورخہ ۹ اکتوبر بروز جمعرات شام سات بجے قضائے الٰہی سے انتقال ہو گیا۔

انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ادارہ آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ اور وارثان کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

شریک غم ــــ ادارہ و جملہ اراکین اسرار حکمت۔

خاص افعال و منافع

۱۔ اگر جسم کا کوئی حصہ خون کی ترسیل سے منقطع ہونے کی وجہ سے ناکارہ ہو جائے تو یہ خون کی رکاوٹ کو دُور کر کے دورانِ خون کو جاری کرتی ہے۔

۲۔ بواسیر کے خون کو بند کرنے کے لیے اس کا کھانا، لگانا اور دھونی دینا انتہائی مفید ہے۔

۳۔ اپنی دافع تعفن خاصیت کی وجہ سے یہ زخموں کو بھرنے میں معاون بنتا ہے اور پیپ کو ختم کرتا ہے۔

۴۔ گوگل کو گرم پانی میں حل کر کے اس پانی کے غرارے اور کلیاں کرنے سے منہ کے زخم اور چھالے بھی ختم ہو جاتے ہیں۔

۵۔ زنجبیل کے ہمراہ اس کا جوشاندہ ضعفِ ہضم اور بھوک کی کمی میں انتہائی مفید ہے۔

مشہور مرکبات

اس کے مشہور ترابادینی مرکبات یہ ہیں۔

۱۔ اطریفل مقل ۲۔ حبِ مقل ۳۔ حب جوگراج گوگل
۴۔ معجون جوگراج گوگل

• گوگل کا طریقہ استعمال

اگر مقل کو کسی سفوف، اطریفل یا معجون میں استعمال کرنا ہو تو گوگل کو پہلے کسی لوہے یا کڑاہی میں رکھ کر نرم آگ پر بریاں کر لیں اور بعد میں پیس کر اس کا سفوف بنا لیں اور استعمال کریں۔ چند گوگل کے مجربات کی تیاری اور فوائد ذیل میں بیان کئے جا رہے ہیں۔

قرص مقل

• اجزاء:— گوگل ۱۰۰ گرام۔ تخم حرمل ۲۵ گرام۔ اسگندھ ۲۵ گرام۔ سونٹھ ۲۵ گرام۔ تخم ستیاناس ۲۵ گرام۔ اذراقی ۱۰ گرام۔

تیاری: سب سے پہلے مقل کو آبِ گندنا میں بھگا کر نرم کر لیں۔ پھر کوٹ کر لئی کی مانند کر لیں۔ اس کے بعد باقی ادویہ کو کوٹ کر باریک کر کے آہستہ آہستہ اس لئی میں شامل کرتے جائیں۔ آخر میں نخود بریاں کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی۔

طریقہ استعمال: کھانا کھانے کے بعد تازہ پانی سے استعمال کریں۔

فوائد: یہ وجع المفاصل میں انتہائی مفید ہیں اور خاص طور پر بلغمی امراض میں بہت فائدہ کرتی ہیں۔

اطریفل مقل ملین

اجزاء: گوگل ۲۵۰ گرام۔ تربد سفید مجوف ۱۲۰ گرام۔ پوست ہلیلہ زرد ۵۰ گرام۔ پوست ہلیلہ کابلی ۶۰ گرام۔ پوست ہلیلہ سیاہ ۶۰ گرام۔ آملہ خشک ۶۰ گرام۔ مصطگی رومی ۵۰ گرام۔ روغن بادام ۵۰ گرام۔ آبِ گندنا ۱½ کلو۔ قند سفید یا شہد خالص ۲½ کلو۔

تیاری: ۱۔ سب سے پہلے مصطگی کو عرق گلاب کے ساتھ کھرل میں ہلکے ہاتھ سے باریک پیس لیں۔

۲۔ ہلیلہ جات کو باریک پیس کر روغن بادام میں اچھی طرح سے چرب کر لیں۔

۳۔ گوگل کو آبِ گندنا میں حل کر کے محلول تیار کریں۔

۴۔ اس محلول میں قند سفید یا شہد خالص شامل کر کے اطریفل کا قوام تیار کریں۔

۵۔ آخر میں قوام ٹھنڈا ہونے پر تمام ادویات کو قوام میں شامل کر کے کسی شیشے کے جار میں محفوظ کریں۔ اطریفل تیار ہو گئی۔

مقدار خوراک: ۳ تا ۵ گرام تک۔

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت ہمراہ نیم گرم دودھ سے استعمال کریں۔ یا حسب ہدایت معالج استعمال کریں۔

افعال خاص: وجع المفاصل، نقرس، گنٹھیا کے دردوں کو دُور کرتی ہے۔ بادی اور خونی بواسیر میں نہایت مفید ہے۔ بالخصوص دائمی قبض کو نہایت آسانی سے ختم

بہترین نسخے

حکیم صاحبزادہ احمد علی کمبوہ، بھکھی، فیصل آباد روڈ ضلع شیخوپورہ

سدا بہار

مسک مقلظ سپرٹانک سدا بہار ہمیشہ جوانی قائم رکھنے کے لیے۔

نسخہ ۱ صبح کے وقت کے لیے۔

مغز بادام ۱۰ تولہ۔ ناریل ۱۰ تولہ۔ سونگی ۱۰ تولہ۔
چھوہارے ۱۰ تولہ۔ پستہ ۱۰ تولہ۔

تیاری: ان سب کا سفوف بنالیں۔

صبح نہار منہ ۲ تولہ سفوف آدھ کلو دودھ نیم گرم سے کھالیں۔

دوپہر کے وقت کے لیے نسخہ ۲

تالمکھانہ ۵ تولہ۔ سمندر سوکھ ۵ تولہ۔ موصلی سفید ۵ تولہ۔
ثعلب مصری ۵ تولہ۔ بیج بند ۵ تولہ۔

تیاری: سب کا سفوف بنالیں۔
دوپہر کو ایک تولہ دودھ سے کھائیں۔

رات کے لیے نسخہ ۳

لونگ ۱ تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ جلوتری ½ تولہ۔
جائفل ۱ تولہ۔ جوز ماثل ۱ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ عقرقرحا ۲ تولہ۔
افیون خالص ۳ ماشہ۔

تیاری: سب چیزوں کا سفوف بنا کر کالی مرچ کے برابر گولیاں گوند کی مدد سے بنالیں۔

استعمال: رات کو کھانا کھانے کے دو گھنٹے بعد ایک گولی نیم گرم دودھ سے کھالیں۔

بالکل گئے گذرے آدمی کے لیے جو غلط کاری کی وجہ سے نامرد ہو گئے ہیں۔ انشاء اللہ پیغام جوانی اور کمرانی ہے۔

حب شفا

جسمانی درد ہر قسم۔ جوڑوں کا درد، کمر درد، ریح رنجی، بادی کا درد۔

نسخہ: کالی زیری، کالا سہاگہ، کالی مرچ، کڑو، افسنتین، برہمڈنڈی، چرائتہ، منڈی بوٹی، سنڈھ، سورنجاں شیریں، اسگندھ ناگوری۔

سب چیزیں ۵، ۵ تولہ۔ صبر سیاہ اڑھائی تولہ۔
کوٹ کر سفوف بنا کر باہم ملالیں۔

دوائی ایک ایک ماشہ صبح وشام کھانا کھانے کے بعد کھا کر پانچ تولہ دیسی گھی پی لیں۔

بعد میں دودھ بھی پی لیں۔

دوائی گندی سے کیپسول میں ڈال کر صبح وشام ایک ایک کیپسول کھا سکتے ہیں۔

مکمل کورس تین ہفتے کا ہے۔

پرہیز: مکھی، بادی تیل والی گرم اشیاء مثلاً دال مسور، اچار، مچھلی، بڑا گوشت وغیرہ سے پرہیز کریں۔

خوراک: بے نمک والا دلیہ بہترین غذا ہے۔ دودھ یا شوربا ڈال کر استعمال کریں۔

مالش: سفید رتیاں ۵ تولہ ایک پاؤ تل کے تیل میں جلا کر تیل شیشی میں ڈال لیں۔ درد والی جگہ نیم گرم کر کے مالش کریں۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

نزلہ وزکام

اگر نزلہ ناک کے راہ گرے تو زکام اور حلق میں

گرے تو نزلہ کھاتا ہے ۔ نزلہ زکام کے لیے بہت ہی مفید دوائی ہے۔

نسخہ مندرجہ ذیل ہے۔

حب جدوار

جدوار ۲۰ گرام ۔ اجوائن خراسانی ۲۵ گرام ۔ افیون ۳ گرام ۔ کتیرا گوند ۶ گرام ۔ سیاہ مرچ ۶ گرام ۔ الائچی دانہ کلاں ۶ گرام ۔ زرنبود ۱۲ گرام ۔ ناگر موتھا ۱۲ گرام ۔ بالچھڑ ۱۲ گرام ۔ تیز پات ۱۲ گرام ۔ کبابہ ۱۲ گرام ۔ خولنجان ۱۲ گرام فلفل دراز ۳ گرام ۔ اجوائن دیسی ۱۲ گرام ۔ سنڈھ ۱۲ گرام ۔ اسپند ۱۲ گرام ۔ مرچی ۳ گرام ۔ عقرقرحا ۳ گرام ۔

ترکیب تیاری: سب چیزیں الگ الگ سفوف بنا کر ملا لیں ۔ اور کالے چنے کے برابر گولیاں بنا لیں ۔

طریقہ استعمال: روزانہ صبح و شام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد ایک گولی صبح ایک گولی شام پانی سے کھائیں۔

گذشتہ سے پیوستہ

۶۔ جب ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں پھینکا جانے لگا تو انھوں نے پڑھا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تو آگ ٹھنڈی اور سلامتی والی بن گئی ۔

۷۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا (ڈنڈا) پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سریانی زبان میں لکھی ہوئی تھی ۔ کیونکہ اگر بسم اللہ لکھی ہوتی تو دریائے نیل عصا مارنے سے نہ پھٹ جاتا۔

۸۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان پر لکھی ہوئی تھی جس کی وجہ سے پیدا ہوتے ہی انھوں نے کلام کیا۔ وہ کوڑھی پر پھونک مارتے صحیح ہو جاتا تھا ۔ نابینا پر پھونک مارتے اُسے نظر آنے لگتا تھا۔ مردہ پر پڑھتے تو زندہ ہو جاتا تھا۔

۹۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی پر لکھی ہوئی تھی ۔

۱۰۔ بسم اللہ کے کمالات مخصوص ہے کہ ہر صورت پر لکھی ہوئی ہے اس کے خواص یہ ہیں ۔ جو شخص اس کے عدد حروف کے مطابق اس کو سات سو چھیاسی مرتبہ روزانہ برابر پڑھے گا ۔ جو کچھ نیت رکھتا ہو وہ پوری ہوگی بھلائی کے حاصل کرنے یا برائی کے دفع کرنے یا کسی تجارت وغیرہ کے چلنے وغیرہ کی ۔

۱۱۔ جو شخص سوتے وقت اکیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اس رات میں شیطان سے محفوظ رہے گا ۔ چوری ، ناگہانی موت اور ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

۱۲۔ جب کسی ظالم کے سامنے پچاس (۵۰) مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ جائے گا اس ظالم کے دل میں اس کی ہیبت پیدا ہوگی اور اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

(جاری ہے)

دعائے صحت کی اپیل

ماہنامہ اسرار حکمت کے دیرینہ خریدار محترم المقام جناب حکیم بابو غلام رسول صاحب گمٹی بازار لاہور والے بوجہ فالج ان دنوں علیل ہیں تمام قارئین سے آپ کی صحت یابی کے لیے اپیل کی جاتی ہے ۔

میاں شاہجہان گیر نقشبندی

• دانا وہ شخص ہے جو دوسروں کی ترقی کا حسد نہ کرے البتہ اوروں کو بڑھتا ہوا دیکھ کر خود بھی بڑھنے کی کوشش کرے۔

• دانا وہ ہے جو وقت اور روپیہ بے جا صرف نہ کرے۔

لوگ پابندی سے شہد استعمال کرتے ہیں، انہیں یہ تکالیف نہیں ہوتیں۔ جلے ہوئے زخموں پر زیتون کے ہم وزن تیل میں شہد ملا کر لیپ کیا جائے تو آرام آجاتا ہے۔ دانت خراب ہوں مسوڑھے پھول گئے ہوں، تو صبح شام اصلی شہد مسوڑھوں پر اچھی طرح ملنے سے آرام آجاتا ہے۔ حکیم شہد میں پھلوں کا سرکہ ہم وزن ملا کر دانتوں کی مضبوطی اور میل اتارنے کے لیے پیسٹ کی طرح استعمال کراتے ہیں۔

یہ کھانسی، نزلے کی بہترین دوا ہے اور حلق کی خشکی کو دور کرتا ہے۔ نزلہ زکام بہت تنگ کرتا ہو، تو اس کے لیے ایک گلاس گرم پانی میں آدھے لیموں کا رس ملائیے، دو چھوٹے چمچ شہد ڈال کر دن میں دو بار پی لیجئے، سکون ملے گا۔ جو خواتین بچوں کو دودھ پلاتی ہیں، ان کو چاہیئے کہ وہ شہد ضرور استعمال کریں۔ اس سے جسمانی کمزوری نہیں ہوگی بلکہ بچے بھی صحت اور توانا رہیں گے۔ شہد معدے اور آنتوں کے السر میں مفید ہے۔ اُبلے ہوئے پانی میں شہد ملا کر دن میں کئی دفعہ پلایا جائے، تو گردے کی سوزش کم ہو جاتی ہے۔ شہد امراض جگر اور تلی کے مریضوں کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔ تاہم شہد استعمال کرتے وقت چند باتوں کا خیال ضرور رکھیں کہ شہد اور گھی ایک ساتھ استعمال نہ کریں کہ اس سے فالج کا خطرہ ہے۔ اسے مچھلی کے ساتھ نہ کھائیں کہ اس سے برص یا جذام کا خوف ہوتا ہے۔ خربوزہ اور لسن اور شہد اکٹھا کھانے سے معدے میں درد ہو سکتا ہے۔ چاول اور گوشت کھانے کے بعد شہد سے پرہیز کرنا چاہیئے کہ اس سے کئی امراض پیدا ہو جاتے ہیں۔ شوگر کے مریضوں اور گرم مزاج لوگوں کو بھی شہد کے استعمال میں احتیاط لازم ہے۔

• اقبال ہیئر آئل

رانا محمد اقبال خان۔ گلی میاں مٹھو، محلہ چوہڑپارک شیخوپورہ

ہو الشافی: آملہ ۱۲۵ گرام۔ بہیڑہ ۱۲۵ گرام۔ ہلیلہ زرد ۱۲۵ گرام۔ ہلیلہ کابلی ۱۲۵ گرام۔ ناگرموتھا ۱۲۵ گرام۔ بالچھڑ ۱۲۵ گرام۔ برگ حنا ۱۲۵ گرام۔ روغن زیتون ۲۵۰ گرام۔ روغن سرشف ۲ کلو۔ پانی سادہ ایک کلو۔

تیاری: تمام ادویہ کو دردرا کر لیں اور ایک کلو پانی میں چوبیس گھنٹے بھگوئیں پھر کڑاہی میں ڈال کر آگ پر جوش دیں جب پانی تھوڑا رہ جائے تو اس میں تیل سرسوں و روغن زیتون ملا کر پانی مزید خشک کر لیں۔ تمام جل جانے پر آگ ختم کر دیں اور تیل کو چھان لیں۔

استعمال: اس تیل کو عام تیل کی طرح سر میں لگائیں۔ نیز جو پھوک بچا تھا اس کو بھی کبھی کبھی سر پر ملا کریں اس سے قدرتی سیاہی قائم رہتی ہے۔

فوائد: خشکی سکری کے لیے مفید ہے۔ بالوں کو گرنے سے روکتا ہے اور قدرتی سیاہی کو برقرار رکھتا ہے۔

پرہیز: سر کو صابن سے نہ دھوئیں۔ ہمیشہ لسی یا دہی سے دھوئیں۔ صابن سے بال جھڑ جاتے ہیں۔

نوٹ: روغن زیتون کو تمام تیل تیار کر لینے کے بعد بھی ملایا جا سکتا ہے۔

نیز یہ قیمتی راز میاں شاہد اکبر نقشبندی صاحب کے تبلیغ مشن کی وجہ سے ظاہر کر رہا ہوں۔ اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں شکریہ۔

آزمودہ مجرّبات

حکیم شیخ منظور ربانی مسلم صاحب، بند گلی اقبال سٹریٹ، محمد رسول پورہ، خالد روڈ شیخوپورہ

درد جوڑ گنٹھیا ۱۰۰٪ مجرب المجرب

● گوگل ½ کلو، شنگرف دو تولہ، صبر سیاہ ۱۰ تولہ، میٹھا تیلیہ مدبر ۶ ماشہ۔

تیاری: صبر کے اندر شنگرف ڈال کر پھر اس کے بعد گوگل کے اندر رکھ کر گل حکمت کریں۔ ۱۰ سے ۱۲ کلو کی آگ دیں۔ اور پھر شنگرف نکال کر میٹھا تیلیہ ملا کر آب ادرک ½ کلو سے کھرل کریں۔ بعد ازاں ½ کلو آب پیاز سے کھرل کریں۔ حبوب بقدر دانہ فلفل سیاہ باندھ لیں۔

خوراک: صبح و شام ۱+۱ گولی ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: درد جوڑ گنٹھیا کے لیے مفید ہے۔ فائدہ پہلی خوراک ہی کر سکتی ہے۔

کورس: ایک ہفتہ تا ۲ ہفتہ کرا دیں۔

میٹھا تیلیہ مدبر کرنا: میٹھا تیلیہ ۲ ماشہ دودھ ایک کلو میں مدبر کر لیں اور پھر شامل نسخہ کریں۔

جوڑ درد، گنٹھیا ۱۰۰٪ مجرب المجرب

● اجزا: خراطین مصفٰی ایک تولہ۔ بیربہوٹی ا تولہ۔ عقرقرحا ا تولہ۔ نمک بھنگ ا تولہ۔ افیون ا تولہ۔

تیاری: کوٹ پیس کر نخودی گولیاں بنائیں۔

استعمال: ایک گولی سوتے وقت دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: درد جوڑ، گنٹھیا، عرق النسا کے لیے بہترین نسخہ ہے۔

دوسری خوراک سے فائدہ ہوگا۔

کورس: دو ہفتہ کرا دیں۔

جوڑ درد، گنٹھیا، عرق النساء، ورم گنٹھیا

● جلوتری ا تولہ۔ لونگ ا تولہ۔ جائفل ا تولہ۔ مستگی ا تولہ۔ فلفل سیاہ ا تولہ۔ فلفل دراز ا تولہ۔ عقرقرحا ا تولہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ کچلہ مدبر ۹ ماشہ۔ تیلیہ مدبر ا تولہ۔ کشتہ شنگرف ا تولہ۔ افیون ا تولہ۔ سلاجیت ا تولہ۔ سفید پیاز کا پانی ۵ تولہ۔ ملا کر رگڑائی کریں۔

روغن فاسفورس: فاسفورس پانی والی ا تولہ۔ تیل سرسوں یا روغن گندم ۱/۲ پاؤ۔ لے کر آتشی شیشی میں ڈال کر اوپر سے فاسفورس آتشی شیشی میں ڈال دیں۔ شیشی کا منہ کھلا رہنے دیں اور کیکر کی تازہ مسواک ذرا موٹی لے کر اس تیل کو ہلائیں۔ دو تین مسواکیں کام آئیں گی۔ شیشی بڑی گرم ہوگی اور دھواں بہت نکلے گا۔ دھواں ختم ہونے پر روغن فاسفورس تیار ہے۔ اس میں سے چھ ماشہ لے کر دواؤں میں ملا لیں باقی محفوظ رکھیں اور گولی نخودی تیار کر لیں۔

استعمال: ایک گولی رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: دو دن کے استعمال سے فائدہ شروع ہوگا۔

مکمل کورس: دو ہفتے کرائیں۔

نوٹ: فاسفورس اصل ہو اور افیون بھی عمدہ ہو۔ نیز روغن فاسفورس صرف آتشی شیشی میں بنائیں۔ عام شیشی حرارت سے ٹوٹ جاتی ہے۔

کارتوس

پارہ مصفٰی ا تولہ۔ سم الفار ا تولہ۔ افیون ا تولہ۔ لونگ ا تولہ۔ سب اشیاء کو ۱۵ دن کھرل کر پارے کی چمک ختم

باقی صفحہ پر

• لاجواب مُجرّبات

معزز قارئینِ کرام — درج ذیل مجربات انتہائی مجرب ہیں اور عرصہ پچاس سال سے پریکٹس میں ہیں۔ اگر تشخیص صحیح کر لی جائے اور دوا بھی صحیح طریقہ سے استعمال کرائی جائے تو نتیجہ سو فیصد درست نکلتا ہے۔ جناب میاں شاہد اکبر نقشبندی صاحب کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے نہایت ہی مفید اور آسانی سے تیار ہونے والے مجربات پیشِ خدمت ہیں بنائیں اور ہمارے حق میں دعائے خیر کریں۔

نوٹ: ہم حکماء سے گزارش کرتے ہیں کہ اپنے مطالعہ کو وسعت دیں اور تقریباً تمام طبی کتب کا مطالعہ کریں یہ آپ کے لیے بے حد مفید رہے گا۔ یاد رکھیں کہ علم کتابوں سے ہی حاصل ہوتا ہے۔ جیب اگر اصل کتاب نہیں ملتی تو فوٹو سٹیٹ ہی خرید لیتے ہیں اور اس کتاب کا مطالعہ کر لینے کے بعد ہمارے علم میں جو اضافہ ہوتا ہے وہ کتاب کا معاوضہ واپس کر دیتا ہے۔

لہٰذا براہ کرم کنجوسی سے کام نہ لیں کیونکہ اس طرح آپ عظیم علم سے محروم رہ جاتے ہیں۔ والسلام

حکیم رشید احمد۔ حکیم محمد اسحٰق۔ پروفیسر حکیم نذر حسین نذر صاحب۔ رشیدیہ دواخانہ
گل دربار روڈ والی، دربار روڈ، حافظ آباد

●

اکسیر احتلام خاص رشیدیہ

● ہوالشافی: مصری ۱۰ گرام۔ کافور ۱۵ گرام۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۱۵ گرام۔ مغز کشنیز ۳۰ گرام۔ تخم خرفہ ۲۰ گرام۔ تخم جنگ ۲۰ گرام سفوف سازند۔

استعمال: ۳ گرام ہمراہ پانی کھلائیں۔

فوائد: ذکاوتِ حس و احتلام کی بے مثل دوا ہے۔

ہر وقت اپنے مطب میں تیار رکھیں۔

اکسیر استحاضہ رشیدیہ

● ہوالشافی: تیلیہ سپاری ۱۰ گرام۔ مازو ۱۰ گرام۔ موزیز منقی ۱۰ گرام۔

تیاری: سپاری اور مازو کو الگ الگ باریک کر کے ادویات کو ملا کر خوب کوٹیں۔ یہاں تک کہ گولی بنانے کے قابل ہو جائے۔ حب نخودی بنا لیں۔

استعمال: ۱+۱+۱ ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: استحاضہ کے لیے انتہائی مفید اور اکسیر الاثر دوا ہے۔

اکسیر جریان رشیدیہ

ہوالشافی: تالمکھانہ۔ بھوچپل ہموزن لیں اور علیحدہ علیحدہ کوٹ پیس کر پھر برابر وزن کر کے ملائیں۔ تیار ہے۔

استعمال: نوجوان غیر مطلوقوں کے احتلام جریان اور سرعت کے لیے نہایت مفید دوا ہے چالیس یوم تک استعمال کرائیں۔

خوراک: ۶ ماشہ صبح و شام کھلائیں۔

فوائد: مذکورہ بالا ہیں۔

اکسیر گردہ ریحی

● ہوالشافی: دانہ الائچی کلاں ۶ گرام۔ بادیان ۶ گرام۔

اجوائن خراسانی ۶ گرام - زنجبیل ۶ گرام - نمک سانبھر ۲۰ گرام سفوف سازند۔

استعمال : ۳ گرام صبح دوپہر شام ہمراہ پانی کھلائیں۔
فوائد : درد گردہ ریگی کے لیے بہت مفید ہے۔

حبوب مقوی رشیدیہ

● ہوالشافی : زعفران ۳ گرام - ستیقل ۳ گرام - جائفل ۱۰ گرام - شنگرف ۱۰ گرام - کچلہ مدبر ۱۰ گرام - کیوڑا ۲ عدد۔

تیاری : تمام ادویات کو باریک کرکے چڑوں میں بار گمی میں سرخ کر لیں اور بعد چڑوں کے کوٹ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال : ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد : نہایت ہی مقوی باہ ہیں اور بنانے میں بھی دیر نہیں لگتی۔

ممسک جمیلی

ہوالشافی : افیون، تخم دھتورہ، تخم بھنگ۔

تیاری : ہموزن ادویات لے کر کوٹیں اور شہد کی مدد سے نخود سے ذرا چھوٹی گولیاں بنالیں۔ دوا تیار ہے۔

استعمال : ایک گولی روزانہ اور وقتی طور پر ضرورت ہو تو ایک گھنٹہ قبل ایک گولی کھلادیں۔

فوائد : ممسک ہے۔ گرم مزاج سرعت والے مریضوں کے لیے نہایت مفید ہے۔

یہ نسخہ استاد محترم جناب حکیم عبدالرحیم جمیل صاحب مرحوم مصنف کتب کثیرہ نے مجھے عطا کیا تھا۔ نہایت ہی مفید اور خاص مجربات سے ہے۔

- دانا وہ شخص ہے جو نیکی کرکے معاوضہ کی امید نہ رکھے۔
- دانا وہ شخص ہے جو خوشی کے وقت جامے سے باہر نہ ہو جائے اور رنج کے وقت ڈوب نہ جائے۔

تندیٔ بادِ مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب
یہ تو چلتی ہے تجھے اونچا اڑانے کے لیے

• لاجواب مجربات

حکیم محمد شریف صاحب، سکنہ بھیڑ ضلع قصور

دافع لیکوریا

ہوالشافی: کشتہ چاندی لیکر والا ایک رتی۔ کشتہ بیضہ مرغ چار رتی۔ کشتہ مرجان نصف رتی پھٹکڑی بریاں دو رتی۔ یہ ایک خوراک ہے۔

استعمال: صبح و شام ہمراہ دودھ جوشیدہ کھلائیں۔

فوائد: انشاء اللہ اس دوا کے چند روزہ استعمال سے مرض لیکوریا کا نام و نشان مٹ جائے گا۔ نہایت آسان اور سریع الاثر نسخہ ہے۔

حب ممسک لاجواب

ہوالشافی: تخم آتولہ۔ عقربان ۲ ماشہ۔ کافور اتولہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ تخم بھنگ ۲ تولہ۔ تخم دھتورا تولہ۔ اجوائن خراسانی ۲ ماشہ۔ چرس ۲ ماشہ۔ جدوار خطائی اتولہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔

تیاری: کوٹ پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔ دوا تیار ہے۔

استعمال: ایک گولی بوقت عصر دودھ کے ساتھ۔ اور ایک گولی وقتِ خاص سے ایک گھنٹہ پہلے کھائیں۔ کھانے سے پرہیز رکھا جائے۔

فوائد: امساک کی انتہائی کارگر دوا ہے لیکن ادویہ کا خالص ہونا نہایت ضروری ہے۔

تمام کشتہ جات طلب کرنے پر مل سکتے ہیں بعض تعدا سیروں کے حساب سے گارنٹڈ کشتہ جات تیار کرتا ہوں۔ بلاجھجک طلب کریں کبھی مایوس نہ ہوں گے۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم۔

اکسیر لیکوریا

• ہوالشافی: مازو ۵ تولہ۔ پھٹکڑی ۱۰ تولہ۔ ڈھیلی بوٹی میں باندھیں۔ دیگچی میں ڈال ماش ثابت الکو پانی ۲ کلو میں پکائیں پانی ختم ہونے پر پوٹلی نکال کر مازو خشک کریں اور پاؤڈر بنالیں۔ دوا تیار ہے۔

استعمال: کیپسول درمیانہ ساتھ ایک صبح ایک شام پانی کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: پہلی خوراک فائدہ کرے گی۔ چار یوم کا استعمال کافی ہے۔

مقوی باہ

• ہوالشافی: تخم اہل ۱۰۰ گرام۔ تخم ریحان ۵۰ گرام۔ تخم لاجونتی ۵۰ گرام۔ کوزہ مصری ۱۰۰ گرام۔ سفوف بنائیں۔

استعمال: تین ماشہ صبح و شام ہمراہ جوشیدہ کھلائیں۔

فوائد: مغلظ و مقوی باہ ہے۔ اجزاء سے اندازہ لگائیں۔

بندش حیض

• ہوالشافی: بھنگ ورق ۵ تولہ۔ گڑ پرانا دہ سالہ ایک تولہ۔ نخودی گولیاں بنائیں۔

استعمال: ۲ گولی صبح ۲ گولی شام ہمراہ دودھ جوشیدہ کے کھلائیں۔

فوائد: دوسری خوراک سے بندش حیض ختم ہو جاتی ہے۔

تریاق بچھو

شیر مدار ۲ تولہ۔ نوشادر چھ ماشہ۔ جوہ آب نادیدہ ۳ ماشہ۔ گلیسرین ۳ تولہ۔ باہم ملا کر مرہم بنائیں۔ بوقت ضرورت مقام ماؤف پر لگائیں آرام ہوگا۔

صدری مجربات

حکیم ممتاز حسین (فاضل الطب والجراحت) رزاقیہ دواخانہ، ڈسپنسری روڈ غلہ منڈی ساہیوال

تریاقِ کالی کھانسی (آزمودہ)

ہوالشافی: کھوپرہ ½ حصہ۔ دال چنا ½ چھٹانک۔

ترکیب تیاری: شیر مدار سے تین مرتبہ سرد و خشک کریں۔ بعد میں گل حکمت کر کے ۲۰ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر محفوظ رکھیں۔

خوراک: ایک چاول تا ایک رتی ہمراہ مناسب بدرقہ۔

فوائد: کالی کھانسی کے لیے تریاق ہے۔

سفوف سدا جوانی (آزمودہ)

ہوالشافی: ثعلب مصری ۵ تولہ۔ تخم اوٹنگن ½۲ تولہ۔ موصلی سفید ۵ تولہ۔ مغز قرعا ½۲ تولہ۔ کشتہ چاندی ۱ تولہ۔ کشتہ قلعی ۱ تولہ۔ خصیہ بز ۱۰ تولہ۔ مغز بز ۱۰ تولہ۔ نبات سفید ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری: مغز بز اور خصیہ بز اور نبات سفید۔ ان تینوں کو باریک پیس کر ایک جگہ کر لیں اور آگ پر خشک کریں۔ جب سفوف ہو جائیں تو بقایا ادویات کا سفوف کر کے شامل کریں۔

خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ دودھ صبح و شام۔

فوائد: سستی، نامردی، جریان، احتلام، سرعت، ذکاوتِ حس کے لیے معمول مطلب ہے۔

اکسیر وجع (ہر قسم کے دردوں کے لیے)

● ہوالشافی: اندرائن مدبر در شیر ½۲ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ فلفل دراز ۱ تولہ۔ سورنجان شیریں ۵ تولہ۔ بیش مدبر ½۱ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام دواؤں کو باریک پیس کر رس گھیکوار کی مدد سے نخودی گولیاں تیار کریں۔

خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ نیم گرم دیں۔

فوائد: ہر قسم کے دردوں کے لیے مفید ہیں۔

اکسیر لیکوریا

ہوالشافی: کشتہ بیضہ مرغ ۵ تولہ، شنگرف رومی ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: چار گھنٹے عرق گھیکوار میں کھرل کریں۔ ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے پانچ کلو کی آگ دیں۔ یہ عمل پانچ مرتبہ کریں اور ہر مرتبہ شنگرف کا اضافہ کریں دوا تیار ہے۔

خوراک: ایک رتی ہمراہ مکھن۔

فوائد: پرانے لیکوریا کے لیے مفید ہے۔

اکسیر قبض

ہوالشافی: صبر زرد ۱ تولہ، مصطگی رومی ۶ ماشہ۔ ریوند عصارہ ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری: عرق گلاب کی مدد سے گولیاں دانہ مسور کے برابر تیار کریں۔

خوراک: ایک گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ پانی دیں۔

تریاقِ سانپ

سفوف ریٹھہ ڈیڑھ تولہ ایک ایک گھنٹہ بعد پانی میں حل کر کے پلا دیں جب مریض ریٹھہ کی کڑواہٹ معلوم کرے تو دینا بند کر دیں۔ زخم کو کشادہ کر کے پوٹاشیم پرمیگنیٹ سے دھو ڈالیں اور پھر پیس کر زخم بھر دیں۔

انشاءاللہ آرام ہوگا۔

شربت زرشک

اجزاء: زرشک ۲۰۰ گرام - تخم کاسنی ۱۰ گرام - الائچی خورد ۱۰ گرام - گل سرخ ۱۰ گرام - برادہ صندل سفید ۱۰ گرام -

تیاری: تمام ادویہ کو رات کے وقت عرق گلاب ایک لیٹر میں بھگو دیں - صبح کو اچھی طرح سے مل چھان لیں - اب اس زلال میں قند سفید ایک کلو شامل کر کے شربت کا قوام تیار کریں - بس شربت تیار ہے -

استعمال: ۳۰ سے ۵۰ ملی لیٹر تک شربت پانی میں ملا کر بوقت ضرورت استعمال کریں۔

فوائد: یہ معدے اور جگر کو طاقت دیتا ہے - تمام جسم کی اندرونی گرمی کو بذریعہ پیشاب خارج کرتا ہے - مفرح قلب ہے - طبیعت میں سکون پیدا کرتا ہے - قے متلی اور ابکائی میں مفید ہے -

قرص زرشک

اجزاء: زرشک ۴۰ گرام - طباشیر ۱۰ گرام - صندل سفید ۱۰ گرام - تخم کاسنی ۱۰ گرام - تخم خیارین ۱۰ گرام - گل خیارین ۱۰ گرام - گل نیلوفر ۱۰ گرام - اصل السوس ۱۰ گرام - ریوند چینی ۱۰ گرام -

تیاری: زرشک شیریں کو تنکوں وغیرہ سے اچھی طرح سے صاف کر کے پیس لیں - پھر باقی ادویہ کا باریک سفوف کر لیں اب زرشک پیسی ہوئی اس سفوف میں ملا کر اچھی طرح سے کھرل کر کے ایک گرام وزن کے برابر قرص تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۳ قرص تک -

استعمال: صبح و شام ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں -

بدرقہ: مختلف امراض میں ہمراہ عرق افسنتین، عرق برنجاسف یا شربت دینار کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد: جگر کو مقوی کرتی ہے - محلل اورام ہے - مدر بول ہے اور سوء القنیہ میں مفید ہے -

جوارش زرشک

اجزاء: زرشک شیریں ۴۰ گرام - گل سرخ ۲۰ گرام - بالچھڑ ۱۰ گرام - پودینہ خشک ۱۰ گرام - مصطگی رومی ۱۰ گرام - صندل سفید ۱۰ گرام - لونگ ۱۰ گرام - پوست ترنج ۱۰ گرام - تیز پات ۱۰ گرام - عود ہندی ۱۰ گرام - قند سفید ۵۰۰ گرام -

تیاری: زرشک کو صاف کر کے آدھا کلو پانی یا عرق گاؤزبان میں اچھی طرح سے جوش دے لیں - پھر اچھی طرح سے مل چھان لیں - اور اب اس چھنے ہوئے پانی میں قند سفید کا قوام تیار کریں - اب اس قوام میں سوائے مصطگی کے باقی تمام ادویہ کے باریک شدہ سفوف کو تھوڑا تھوڑا کر کے اس قوام کے اندر ملا دیں - آخر میں مصطگی کو عرق گلاب حسب ضرورت میں ہلکے ہاتھ سے کھرل کر کے اس قوام میں ملا دیں - جوارش تیار ہے -

مقدار: ۵ سے ۱۰ گرام تک -

استعمال: تازہ پانی یا کسی مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کریں۔

یہ مقوی معدہ ہے، ہاضم ہے، دافع صفرا ہے، اسہال کو روکتی ہے - ضعف اشتہا میں مفید ہے - قے، متلی، ابکائی کی کیفیت کو ختم کرتی ہے - ضعف ہضم میں مفید ہے۔

ادارہ اسرار حکمت کی طرف سے قارئین کو عید مبارک۔

ایک گھنٹہ بعد غسل کرائیں۔

فوائد: جسموں کی خارش چند دنوں میں دور ہو جائے گی۔

سفوف بارد (حسب مطلب) ●

ہوالشافی: کشتہ ابرک سیاہ عمدہ ½۲ تولہ۔ مصری کوزہ ½۲ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ½۷ ماشہ۔ قلمی شورہ ۶ ماشہ۔

تیاری: کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال: دو تا چار رتی ہمراہ دودھ یا شربت صبح و شام یا بوقت ضرورت استعمال میں لائیں۔

فوائد: بچوں کا تالو بیٹھ جانا، پیاس کی زیادتی، ہاتھ پاؤں کے تلوں سے آگ نکلنا، مثانہ کی گرمی، جریان و احتلام، گھبراہٹ، بخار، حدتی، قے، اسہال، بواسیر خونی، نکسیر، نفث الدم اور استحاضہ کی مجرب دوا ہے۔ دوسری تیسری خوراک سے فائدہ ہوتا ہے۔ نکسیر ہمیشہ کے لیے بند ہو جاتی ہے۔

حب ملین

ہوالشافی: زنجبیل ا تولہ۔ برگ سناکی ۳ تولہ۔ مویز منقیٰ ۵ تولہ۔

تیاری: سب کو باریک پیس کر بیر برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: دو گولیاں سوتے وقت نیم گرم پانی یا نیم گرم دودھ کے ساتھ۔

فوائد: ملین۔

مجرب ترین ادویات

۱۔ ہیر ٹیل ساختہ سلیمانی دواخانہ اردو بازار لاہور، رزلٹ ایک ماہ بعد ۱۰۰٪ بال گرنا بند ہو جاتے ہیں۔

۲۔ حب اکبر ۳۔ حب پچپیند ۴۔ اعصابی کورس ساختہ سلیمانی دواخانہ۔ نہایت مفید ہے۔

۵۔ حب ایجلی ۱۰۰٪ کامیاب ہے۔

۶۔ اکسیری منجن اکسیر دواخانہ کراچی ۱۰۰٪ کامیاب ہے۔

الٹی آرہی ہو

ہوالشافی: ایلوپیتھک کی AVOMINE ایک گولی کھلائیں الٹی اسی وقت بند ہوگی۔

حب ممسک خاص

ہوالشافی: افیون خالص ا ماشہ۔ جل ارمنی ۳ ماشہ۔ مصطگی رومی ۳ ماشہ۔ عقرقرحا ۳ ماشہ۔ شنگرف رومی ۴ ماشہ۔ برگ بھنگ ۶ ماشہ۔

تیاری: سب ادویہ کو باریک کرکے شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: وقت خاص سے دو گھنٹہ پہلے ایک گولی ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد: ممسک ہے۔ بہتر ہے کہ ایک گولی عصر کے وقت کھالی جائے۔

نہایت ضروری نوٹ: آجکل میں بوجہ فالج بیمار ہوں تمام دوستوں سے درخواست ہے کہ میرے لیے اللہ تعالٰی کے حضور دعا برائے تندرستی صحت کاملہ فرمائیں۔ آپکا بڑا مشکور ہوں گا۔ یہ مجربات میاں شاہد اکبر نقشبندی صاحب کے اصرار پر آپ کی خدمت میں پیش کیے ہیں۔

شکریہ۔ فقط خادم فن حکیم بابر غلام رسول گمٹی بازار لاہور

● عابدوں کو اطاعت و بندگی کے زعم سے خالی ہونا چاہئے۔ ان کی عبادت کا سب سے بڑا حُسن یہی ہے کہ ان کا دل گداز ہو اور لوگ اُن کے استغنا و فقر کے گرویدہ ہو جائیں۔

طلا مورچہ کلاں والا

ہوالشافی: عقرقرحا ۲ تولہ - بیربہوٹی ۲ تولہ - روغن زیتون ۱۰ تولہ - روغن چنبیلی ۲۰ تولہ - مورچہ کلاں ۱۰ عدد -

تیارئ: تمام ادویہ کو کوٹ کر اور روغنیات کو ملا کر ایک شیشے کی بوتل میں ڈالیں اور اوپر مضبوط کارک لگا کر دھوپ میں لٹکا دیں - ڈیڑھ ماہ بعد رگڑائی کر کے نتھار کر یا چھان کر رکھ لیں -

استعمال: حسب دستور بطور طلا استعمال میں لائیں - نیز جسم کے کسی بھی حصہ کے پٹھے کھنچ جائیں تو اس طلا کی مالش کرکے اوپر موم لفافہ باندھ دیں ہوا سے بچائیں -

فوائد: مذکورہ بالا ہیں - اُمید سے زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے - ایک دفعہ میرے بیٹے میاں محمد عمران شاہد کی ٹانگ کے پٹھے کھنچ گئے اور شدید درد تھا - والد صاحب نے اس طلا کی مالش کی - موم لفافہ باندھا اور اوپر گرم کپڑا لپیٹ دیا صبح تک تمام تکلیف ختم ہوگئی - ڈاکٹر ملک فتح محمد کا نسخہ ہے -

کھانسی کا لاجواب شربت

ہوالشافی: عناب ایک تولہ - منقٰی ایک تولہ - ملٹھی ایک تولہ - تو بکلاں ایک تولہ - گل سرخ ایک تولہ - گل بنفشہ اڑھائی تولہ - گاؤ زبان اڑھائی تولہ - چینی ایک کلو -

تیارئ: تمام دواؤں کو دُردُرا کوٹ کر ایک کلو پانی میں بھگو دیں - صبح آگ پر جوش دیں - اڑھائی پاؤ پانی رہنے پر چھان لیں - پھوک پھینک دیں اور پانی میں چینی ملا کر شربت کا قوام تیار کر لیں - کھانسی کا لاجواب شربت تیار ہے -

استعمال: ایک تولہ تک چٹائیں - دن میں تین مرتبہ - یا حسب مرض -

فوائد: ہر قسم کھانسی کے لیے انتہائی مفید دوا ہے - ہمارا یہ شربت رحیم یار خان تک جاتا رہا ہے - میری والدہ صاحبہ کے فوت ہونے کے بعد ہم نے نہیں بنایا حکیم مولانا محمد نعیم صاحب آف مانانوالہ صاحب کے لیے خصوصیت سے شائع کیا جا رہا ہے - گر قبول اُفتد زہے عزو شرف -

حسینیہ پائلز و کیپسول

ہوالشافی: کشتہ سفید ½ پاؤ - چھلکا ریٹھہ ½ پاؤ - کمیلہ ایک چھٹانک -

تیارئ: کوٹ چھان کر خالی کیپسول بھر لیں -

استعمال: صبح و شام ایک ایک کیپسول نصف کلو دودھ جس میں حسب برداشت گھی دیسی ملایا گیا ہو کے ساتھ کھلا دیں -

فوائد: بواسیر خونی و بادی کے لیے نہایت مفید دوا ہے - لاعلاج خونی بواسیر کو انشاء اللہ ۷ یوم میں آرام ہوگا - اکیس یوم لازماً استعمال کرائیں -

یہ ہمارا اشتہاری نسخہ ہے جسے بلا بخل والد صاحب کی اجازت سے شائع کر رہا - حکیم تاثیر حیدر کی خدمت میں یہ نسخہ ہم پہلے ہی روانہ کر چکے ہیں بنائیں اور ہمارے لیے دعا کریں -

تعزیتی اجلاس

جھنگ - اطباء کا ایک تعزیتی اجلاس حکیم محمد بشیر چشتی کے دواخانہ پر منعقد ہوا جس میں جھنگ کے معروف طبیب حکیم مختار احمد سیال کی ہمشیرہ کی ناگہانی موت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا -

مرحومہ گورنمنٹ ہائی سکول جھنگ صدر میں ہیڈ مسٹرس تھیں پابند صوم و صلوٰۃ تھیں - ایک دینی کتاب "ترتیل القرآن" کی مصنفہ تھیں - ماہر تعلیم تھیں - اُن کی وفات سے تعلیمی دنیا میں ایک خلا پیدا ہو گیا - جھنگ میں سماجی بہبود، دینی تعلیمی حلقوں میں ان کا ایک مقام تھا - اجلاس میں ان کی خدمات کو سراہا گیا - اُن کی مغفرت کے لیے دعا کی گئی - اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی -

حکیم محمد بشیر احمد چشتی

مُجرّبات نعیم

معزز قارئین کرام ۔ آپ کی خدمت میں چند مجربات ایسے پیش کر رہا ہوں جو کہ بارہا میرے تجربہ میں آئے اور نہایت مفید ثابت ہوئے ۔ حکیم برادری دوسرے حکماء سے نوے ۹۰٪ اعلیات مجربات مانگتی ہے لیکن خود اپنے مجربات پیش کرنے سے گریزاں ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ طب روز بروز بدنام ہوتی جا رہی ہے ۔ یہ دنیا فانی ہے سب کچھ ادھر ہی چھوڑ کر جانا ہے ۔ اس لیے تمام بھائیوں سے گزارش ہے کہ اپنے انتہائی کامیاب مجربات کو دنیا کے لیے پیش کر جائیں ۔ دنیا سے طب کے بڑے بڑے لوگ منوں مٹی تلے دبے ہوئے ہیں ۔ صرف وہی لوگ زندہ ہیں جنہوں نے طب کے لیے تحقیقات کیں اور اس کو آگے بڑھایا ۔ ہمیں چاہئے کہ طب کو بام عروج تک پہنچا کر جائیں تاکہ آنے والی نسلیں ہمیں بھی یاد رکھیں ۔

خادم الحکمت ۔ حکیم محمد نعیم ، سینٹار روڈ مانانوالہ ضلع شیخوپورہ

ہسٹریا بوجہ زیادتی شہوت

ہوالشافی : تخم کاسنی ۳ ماشہ ۔ تخم کاہو ۳ ماشہ ۔ تخم خرفہ ۳ ماشہ ۔ گل بنفشہ ۱۲ ماشہ ۔

استعمال : یہ ایک خوراک ہے ۔ علی الصبح نہار منہ گھوٹا بنا کر مصری ملا کر پلائیں ۔

کورس : پندرہ یوم استعمال کرائیں ۔

فوائد : ہسٹریا شہوانی اور ذکاوت حس کے لیے نہایت مفید ہے ۔

ہسٹریا بوجہ بدہضمی

ہوالشافی : ٹنکچر ہینگ دو قطرے تازہ پانی میں ملا کر پلائیں ۔

فوائد : ایسا ہسٹریا جو کہ بدہضمی کے باعث ہوا کرتا ہے کے لیے نہایت مفید ہے ۔ اس کے علاوہ جملہ امراض شکم کے لیے بھی تجربہ شدہ ہے ۔

حابس الدم نعیم

ہوالشافی : کیلشیم لیکٹیٹ ، گلوکوز ، الائچی خورد ، ہموزن لیں ۔

استعمال : سفوف ۴ رتی ہمراہ تازہ پانی دن میں تین مرتبہ کھلائیں ۔

فوائد : لیکوریا ، جریان خون ، استحاضہ ، نکسیر کے لیے زیادہ سے زیادہ دس خوراکیں کھلائیں ۔ فائدہ تو پہلی خوراک سے شروع ہو جاتا ہے ۔ تقریباً پندرہ مریضوں پر استعمال ہوا اور سو فیصد ثابت ہوا ہے ۔

کھانا کھانے کے فوراً بعد پاخانہ آجانا

ہوالشافی : کوڑ سک ، گیرو ، ہموزن لے کر سفوف بنا لیں ۔

استعمال : دو ماشہ ہمراہ پانی دن میں دو مرتبہ کھلا دیں ۔

فوائد : مذکورہ بالا ہی تین چار خوراک سے مکمل فائدہ ہوگا لیکن دوائی ایک ہفتہ کھلا دیں ۔

سرمہ نعیم

ہوالشافی : ہلدی دو تولہ ۔ سرمہ سیاہ دو تولہ ۔

غذا میں مختلف اجزاء کی مقداروں کا تعین

ڈاکٹر سید اقتدار الحسن ایم بی بی ایس فزیشن اینڈ سرجن علی کلینک طارق روڈ مسلم گنج شیخوپورہ

نمبر شمار	نام اشیاء	پروٹین	چکنائی	کاربوہائیڈریٹس	ریشہ	کیلوریز
83	ناشپاتی	0.6	0.2	11.9	1.0	52
84	فالسہ	13	0.9	14.7	1.2	72
85	انناس	0.4	0.1	10.8	0.5	76
86	آلو بخارا	0.7	0.5	11.1	0.4	52
87	انجیر	1.3	0.2	7.6	2.2	37
88	انار	1.6	0.1	14.5	5.1	65
89	چکوترہ	0.6	0.1	10.2	0.6	49
90	شریفہ	1.6	0.4	23.5	3.1	104
91	خربوزہ	0.3	0.2	3.5	0.4	17
92	تربوز	0.2	0.2	3.3	0.2	16
93	شہتوت	1.1	0.4	10.3	1.1	49
94	بیر	0.8	0.3	17.0	..	74
95	کھجور تازہ	1.2	0.4	33.8	3.7	144
96	خشک کھجور (چھوہارے)	2.5	0.4	75.8	3.9	317
97	ناریل کا دودھ	3.4	4.1	11.9	...	430
98	ناریل کا پانی	1.4	0.1	4.4	...	24
99	اسٹرابری	0.7	0.2	9.8	1.1	44
100	آملہ	0.5	0.1	13.7	3.4	58
101	رس بھری	1.8	0.2	11.1	3.2	53
102	چیری سرخ	1.1	0.5	13.8	0.4	64
103	منقہ	2.7	0.5	75.2	1	316
104	لیچی	1.1	0.2	13.6	0.5	61
105	کشمش	1.8	0.3	74.6	1.1	308
106	[illegible]	1.8	1.0	12.2	0.3	65
	خشک میوے، گریاں اور تیل والے بیج					
107	بادام	20.8	58.9	10.5	1.7	655
108	چلغوزہ	13.9	49.3	29.5	1.0	615
109	مونگ پھلی	26.2	39.8	26.7	3.1	507
110	گری	4.0	35.0	11.0	4.0	375
111	پستہ	19.8	53.5	16.2	2.1	626
112	اخروٹ	15.6	64.5	11.0	2.6	687
113	[illegible]	18.3	43.3	25.0	2.9	563
114	کالا تل	229	39.0	17.1	10.9	515
115	السی	20.3	37.1	28.9	4.8	530
116	رائی	20.0	39.7	23.8	1.8	541
117	سورج مکھی کے بیج	19.8	52.1	17.9	1.0	620
118	ہینگ	4.0	1.1	67.8	4.1	297
119	خربوزے کے بیج	25.0	45.0	19.0	2.0	581
120	تربوز کے بیج	341	52.6	4.5	0.8	628
	مصالحہ جات					
121	الائچی	10.2	2.2	42.1	20.1	229
122	خشک مرچ (سرخ)	15.9	6.2	31.6	30.2	246
123	سیاہ مرچ (خشک)	11.5	6.8	49.2	14.6	304

نمبر شمار	نام اشیاء	پروٹین	چکنائی	کاربوہائیڈریٹس	ریشہ	کلوریز
124	دارچینی	12.0	7.8	28.0	35.0	229
125	ہلدی	6.3	5.1	69.4	2.6	349
126	لونگ	5.2	8.9	46.0	9.5	286
127	دھنیا	14.1	16.1	21.6	32.6	288
128	زیرہ	18.7	15.0	36.6	12.0	356
129	میتھے	26.2	5.8	44.1	7.2	333
130	لیموں کا چھلکا	1.8	0.5	29.4	....	129
131	املی	3.1	0.1	67.4	5.6	283
132	جاوتری	6.5	24.1	17.8	7.8	437
133	جائفل	7.5	36.1	28.5	11.6	472
134	اجوائن	17.1	21.8	24.6	21.2	363
	دودھ اور دودھ کی مصنوعات					
135	بھینس کا دودھ	4.3	8.8	5.0	...	117
136	گائے کا دودھ	3.2	4.1	4.4	...	67
137	بکری کا دودھ	3.3	4.5	4.6	...	72
138	بھیڑ کا دودھ	5.6	7.8	4.4	...	108
139	انسانی دودھ	1.1	3.4	7.4	...	65
140	کھویا	20.0	25.9	24.9	...	413
141	خالص دودھ کا پاؤڈر	25.8	26.7	38.0	...	496
142	دہی	3.1	4.0	3.0	...	60
143	لسی	0.8	1.1	0.5	-	15
144	پنیر	24.1	25.1	6.3	...	348
145	کھیر	6.9	12.2	9.6	...	176
	چکنائیاں					
146	مکھن	...	81.0	...	...	729
147	دیسی گھی	...	100.0	...	...	900
148	بناسپتی گھی	...	100.0	...	...	900
149	کھانے کا تیل	--	100.0	...	...	900
150	مچھلی کا تیل	...	100.0	...	...	900
	گوشت اور انڈے					
151	بکرے کا گوشت	18.5	13.3	---	...	191
152	گائے کا گوشت	22.6	2.6	...	...	111
153	مرغ کا گوشت	19.0	7.0	...	...	139
154	بطخ کا گوشت	21.6	4.8	0.1	...	130
155	بٹیر کا گوشت	21.9	1.7	...	...	103
156	کبوتر کا گوشت	23.3	4.9	...	...	137
157	خرگوش کا گوشت	20.0	6.0	...	...	134
158	کلیجی بکری کی	20.0	3.0	...	....	107
159	کلیجی بھیڑ کی	19.3	7.5	1.3	...	150
160	گردے	16.0	7.0	...	...	127
161	دل	16.5	7.0	...	...	129
162	مرغی کا انڈہ	13.3	13.3	...	...	173
163	بطخ کا انڈہ	13.5	13.7	0.8	...	181
164	کچھوے کا انڈہ	12.2	6.7	3.6	...	121
	مچھلی					
165	راہو مچھلی	16.6	1.4	4.4	...	97
166	جھینگا مچھلی (ریہاں)	19.1	1.0	0.8	...	89
167	شارک مچھلی	21.6	0.4	0.8	...	93
168	[illegible] (خشک)	68.1	8.5	...	...	349
169	چھوٹی مچھلی (سارڈین)	21.0	1.9	...	...	101
170	بڑی مچھلی (سامن)	20.0	10.0	...	...	170
171	خشک مچھلی	63.0	63.0	...	...	309
172	مچھلی کا آٹا	88.4	1.1	...	...	364

نمبر شمار	نام اشیا	پروٹین	چکنائی	کاربوہائیڈریٹس	ریشہ	کلوریز
173	بیکڈ واریب	11.2	9.8	9.1	...	169
	متفرقات					
174	پان کا پتہ	3.1	0.8	6.1	2.3	44
175	نمکین بسکٹ	6.6	12.1	54.6	...	534
176	میٹھے بسکٹ	6.4	15.2	71.9	...	450
177	ڈبل روٹی	8.8	1.4	49.0	1.2	244
178	چینی	0.1	...	99.4	...	398
179	شہد	0.3	...	79.5	...	319
180	مکھانہ	9.7	0.1	76.9	...	347
181	آبچور	2.8	7.5	64.0	13.7	337
182	گنے کا رس	0.1	0.2	9.1	...	39
183	خمیر	39.5	0 6	39.1	0.2	320

مجربات ہومیوپیتھی

ڈاکٹر سید علی منیر الاسلام علوی اندر نگر بسطامی روڈ کرشن آباد - لاہور

۱- عقیلا سیبیا - نیٹرم سلف 30
2- لیوکیمیا - میونکس 3 ×
3- سیوفیلیا - کروٹیلس 200
4- آنکھوں میں خون آنا - لیکسس 200
5- استسقا - لائیٹیریس 3 ×
6- کمی خون - فیرم میٹ 6
7- پولیو - لتھے رس 200
8- گردن کی اکڑاہٹ - لیکنتھس 30
۹- دمہ - بلسو ولپس 3 ×
۱۰- شوگر دوران حمل - ہیلونیاس 3 ×
۱۱- بانجھ پن زنانہ - بوریکس 30
۱۲- بانجھ پن مردانہ - مرک سال 30

خون حیض

ہوالشافی : مائیں ۵ گرام ۔ دہی ۲۵۰ گرام میں ملا کر دن میں ۲، ۳ بار استعمال کریں ۔ بفضلہ تعالیٰ پہلی خوراک سے فائدہ محسوس ہوتا ہے ۔ ۱، ۲ دن میں بالکل شفا ہو جاتی ہے ۔

بندش حیض

ہوالشافی : کرکس ، بابڑنگ ہر ایک ۴۰ گرام ۔ مرمکی ۱۰ گرام ملا لیں ۔

قبل از حیض ۱۰ دن شروع کروائیں ۔ ایک گرام دودھ سے دن میں تین بار بادی طبع عورتوں کے لیے خاص طور پر مؤثر بہترین علاج ہے ۔

ناف ٹلنا •

ہوالشافی : پھٹکری ، برگ سداب ہر ایک ۳۰ گرام ۔ مصطگی رومی ۱۰ گرام ، مثلی یا پیانا گرڈ ۲ گرام یک جان کر کے ایک گرام نیم گرم دودھ سے دن میں تین بار ۱-۲ ہفتہ کے علاج سے عارضہ ناف سے نجات کلی ہوتی ہے ۔

دافع اسقاط

ہوالشافی : رسوت ، گھوڑ ہوتی سے لے کر حمل کے ساتویں ماہ تک ایک گرام روزانہ کھلا دیں ۔ بفضلہ تعالیٰ مایوس مریضہ سے بھی شکایت نہ ملی ہے ۔

دافع درد معدہ

ہوالشافی : اجوائن خراسانی ، نوشادر ٹھیکری ، نمک سیاہ ، ہلدی ہر ایک ۲۰ گرام ست اجوائن ۵ گرام ملا کر رکھیں ۔

ایک گرام نیم گرم پانی سے دیں چند منٹ میں بفضلہ تعالیٰ شفا ہوتی ہے ۔

• دانا وہ شخص ہے جو نیکی کر کے معاوضہ کی امید نہ رکھے ۔
• دانا وہ شخص ہے جو اپنے غصہ پر غالب آتا ہے ۔

شربت کا مزا

آڑو کا شربت

اجزاء: آڑو ۳ عدد (درمیانے) کیلے دو عدد۔
دودھ ۳ کپ۔ دہی آدھا کپ۔ چینی حسب ذائقہ۔

ترکیب: آڑو کا چھلکا اتار لیں اور باریک باریک کاٹ لیں۔ کیلے بھی باریک باریک کاٹ لیں۔ بلینڈر میں آڑو کیلے اور دہی مکس کریں۔ جب اچھی طرح مکس ہو جائے تو اس میں ٹھنڈا دودھ ڈال دیں۔ پھر اچھی طرح مکس کریں پھر چینی ڈال دیں اور پھر ایک بار پھر اچھی طرح مکس کریں اور برف ڈال کر اپنی تھکن دور کریں۔

لیچی کا شربت

اجزاء: لیچی ۵ عدد۔ لیچی کا شربت ایک گلاس۔
اورنج سکواش ایک گلاس۔ ٹھنڈا سوڈا آدھا کپ۔
پودینے کے پتے ۴ یا ۵ عدد۔

ترکیب: لیچی کو دھو کر بیج نکال کر باریک باریک کاٹ لیں۔ ایک عدد گلاس میں باریک لیچی ڈالیں اور پھر اوپر لیچی کا شربت ڈالیں۔ پھر اورنج سکواش اور سوڈا ڈالیں اور سب سے اوپر پودینے کے پتے اور خوب ساری برف باریک کر کے ڈالیں اور ٹھنڈا نوش فرمائیں۔

چیری کا شربت

اجزاء: چیری ۵ عدد۔ دودھ آدھا کپ۔ آلو بخارا ۴ عدد
چینی حسب ذائقہ۔ ونیلا آئس کریم ۲ سکوپ۔

ترکیب: چیری اور آلو بخارہ کے بیج نکال دیں اور باریک باریک کاٹ لیں۔ بلینڈر میں دودھ ڈالیں۔ چیری آلو بخارا ڈالیں اور بلینڈ کریں۔ پھر چینی ڈالیں پھر ونیلا آئس کریم مکس کریں اور سب سے آخر میں برف میں ڈالیں اور اپنی پیاس بجھائیں۔

پائن ایپل کا شربت

اجزاء: پائن ایپل ۳ بڑے ٹکڑے۔
سیب ایک عدد۔
پائن ایپل جوس آدھا کپ۔
پودینے کے پتے چند عدد۔
سپرائٹ آدھا کپ۔
اورنج سکواش حسب ذائقہ۔

ترکیب: پائن ایپل اور سیب کے بے حد باریک ٹکڑے کریں۔ ایک عدد گلاس لے کر سب سے پہلے اس میں سیب اور پائن ایپل ڈالیں۔ پھر پائن ایپل کا شربت ڈالیں پھر تھوڑا سا اورنج سکواش ڈالیں پھر باریک پودینے کے پتے ڈالیں اور سب سے اوپر تھوڑی سی سپرائٹ ڈالیں سب سے آخر میں برف باریک ڈالیں اور ٹھنڈا پی لیں۔

آم کا شربت

اجزاء: آم ایک عدد۔
شہد دو چمچ۔
پستہ آئس کریم دو سکوپ۔
دودھ آدھا کپ۔
برف حسب ضرورت۔

ترکیب: آم کو باریک کاٹ لیں۔ بلینڈر میں آم ڈالیں پھر اس کے اوپر شہد ڈالیں۔ پھر دودھ ڈالیں اور بلینڈ کریں۔ پھر سب سے آخر میں آئس کریم اور برف ڈالیں اور پھر بلینڈ کریں اور گلاس میں ڈال کر مہمانوں کو پیش کریں۔

• عطیات اطبائے پاکستان
(بیاض قاسمی)

تحریر: عبدالرشید قاسمی
مرسلہ: حکیم محمد افضل میو
(فاضل طب والجراحت)
مکتبہ نشان اسلام اردو بازار لاہور

برائے مغلظ ممسک

بیجبند ۲ تولہ۔ سمندر سوکھ ۴ تولہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔
سفوف تیار کریں۔

خوراک: ۳ ماشہ۔ دن میں تین بار۔
اسی دن وظیفہ زوجیت کے قابل ہوگا۔

برائے یرقان

آزمودہ تجربہ رسیدہ ہزاروں بار دیا گیا اور کبھی خطا نہ گیا۔
کوڑ تمبا اصلی جس قدر چاہیں لے کر سفوف تیار کریں۔
اور بقدر ایک ماشہ خوراک لسی لے کر اس میں بتاشہ کا میٹھا ڈال کر کھلائیں۔ ۵ روز میں یرقان انشاء اللہ ختم ہوگا۔

ڈاکٹر ایم اے عادل چوہدری

بے اولاد رحینین

جرثومہ پیدا کرنے کے لیے آزمودہ بار بار تجربہ شدہ ہے۔
بہوپھلی، اخروٹ، چہار مغز، نارجیل، پستہ، آٹا ۱ کلو۔
مغز بادام، آٹا سنگھاڑا، کھیا ۱/۲ پاؤ۔ ثعلب مصری ایک چھٹانک۔
مغزیات ۱/۲ ۲ تولہ۔ تخم نیم کا مغز ۱ تولہ شامل کریں۔

ترکیب: گھی ۳ پاؤ گرم کرکے پہلے مغز بادام ڈالیں اور بعد کھیا۔ بعدہ ثعلب مصری۔ بعدہ دیگر اجزاء شامل کریں۔ چینی ۱ کلو ملا دیں۔ صبح نہار منہ ۱ تولہ ہمراہ دودھ گائے تازہ سے دیں۔

ڈاکٹر ایم اے کمال چوہدری

• اکسیر خاص

ہوالشافی: فلفل سیاہ ۱ تولہ، مصری کوزہ ۱/۲ ۲ تولہ۔
سونٹھ، سندھ خانی ۵ تولہ۔

خوب باریک پیس کر معجون تیار کریں اور بقدر دانہ چنگی منہ میں چبائیں اور رس نگلتے جائیں۔ صبح دوپہر شام۔
ہیضہ، آفری، پیچش، بھوک نہ لگنا، ہوا پیدا ہونا، تبخیر، ضعف معدہ، سوزش امعاء، ورم معدہ، اسہال موسمی یا دبائی امراض معدہ اور اعصاب کے لیے مفید ترین ہے۔

برائے دمہ

• سانس کی تنگی، نالیوں سے بلغم منجمد نکالنے کے لیے۔
حنظل تازہ ایک عدد لے کر ٹکڑے ٹکڑے کریں اور چار سیر خالص دودھ میں ان ٹکڑوں کو ڈال دیں اور دیہاتی طریقے سے اس دودھ کو کاڑھیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو چار سیر مزید تازہ دودھ اس میں ڈال کر جاگ لگا دیں اور صبح کو بلو کر مکھن نکال کر اس کا گھی بنا لیں۔

خوراک: ایک چمچہ کھانے کا یہ گھی پلا کر مریض کو اوپر سے چائے پلا دیں۔ ایک سنیاسی چٹکلا ہے۔

سلطانہ محمود خان بلوچ

برائے امساک

لسن مقشرہ ۵ تولہ، مصطگی ۵ تولہ، تخم مار سیاہ ۲ تولہ۔
سب کو کھرل کرکے نخودی گولیاں بنا لیں۔
خوراک: ۲ گولی قبل از مباشرت ہمراہ دودھ پھر کوئی ٹھنڈی چیز نہ کھانے دیں۔ احتیاط کریں۔

حکیم عبدالحفیظ سلیمانی

برائے مرض گلینڈز مثانہ

مندرجہ ذیل نسخہ کے استعمال سے یہ بیماری ٹھیک ہو سکتی

• بیاضِ کمال

ڈاکٹر و حکیم ایم اے کمال صاحب ۔ دواخانہ شانِ پاکستان نزد مستا ہوٹل، داتا دربار روڈ ۔ لاہور

اکسیر جریان
سمندر سوکھ، تالمکھانہ، بہمن سرخ، بہمن سفید، اسبغول، قند سفید ۔
تیاری — بموزن ادویہ لے کر کوٹ پیس لیں تیار ہے ۔
استعمال — چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔ قبض ہو تو اطریفل زمانی کھلائیں ۔

اکسیر فالج و باہ •
عقل مصفیٰ ۱۰ تولہ، شنگرف ۲ تولہ۔
تیاری — دونوں کو ملا کر ہتھوڑے کی چار ہزار چوٹ لگائیں بعدہٗ ایک مرغ جوان ذبح کر کے پیٹ چاک کر کے اس میں یہ دوائی بھر کر ریشمی دھاگے سے سی کر اڑھائی کلو گھی میں خوب پکائیں تاکہ گوشت سرخ ہو جائے جلنے نہ پائے ۔
استعمال — ۲ چاول تا چار چاول دودھ کے ساتھ کھلائیں غذا مرغن کھلائیں ۔
فوائد — فالج، ادھرنگ اور باہ کے لیے انتہائی مفید ہے ۔

بچوں کی کھانسی و اسہال
کوکنار کو اس قدر باریک کریں کہ مثل غبار ہو جائے۔
استعمال — ایک رتی تا چار رتی بدرقہ مناسبہ کے ساتھ کھلائیں ۔

سلسل البول، قوت باہ، قوت جسمانی
کھا شہد یعنی چینہ ۵ تولہ، سم الفار ۱ تولہ ۔
گندھک آملہ سار ۲ تولہ، مشک کافور ۲ تولہ ۔
تیاری — تمام ادویہ کو تین لاکھ چوٹ لگائیں ۔
استعمال — ۱/۴ رتی تا ۱/۲ رتی ہمراہ دودھ گھی ۱/۲ پاؤ پہلے چوری کھلائیں ۔ غذا مرغن دیں نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

اکسیر برائے عنین، مغلظ، معصلب
بہمن ۴ تولہ، سمندر سوکھ ۴ تولہ، ثعلب مصری ۴ تولہ۔
تیاری — کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں تیار ہے۔
استعمال — ۳ ماشہ دن میں تین بار کھلائیں۔ ساتھ دودھ پلائیں۔
فوائد — مغلظ و معصلب ہے۔ عنین کے لیے بے حد نافع ہے۔

اکسیر یرقان ڈاکٹر کمال والی
کوڑ انڈیا اصل جس قدر چاہیں لے کر سفوف بنالیں۔
استعمال — ایک ماشہ لسی میں بتاشہ کا میٹھا ڈال کر کھلائیں ۔
فوائد — یرقان کے لیے بے شمار دفعہ دیا گیا کبھی خطا نہ گیا۔ اس دوا کے پانچ روزہ استعمال سے بفضلہ یرقان جاتا رہتا ہے۔

دوائے حرتومہ اکسیر کمال
مجرب المجرب صدہا بار۔
بھوسی کا آٹا ۱/۲ کلو۔ اخروٹ ۱/۲ ۲ تولہ۔ چہار مغز ۱/۲ ۲ تولہ۔ ناریل ۱/۲ ۲ تولہ۔ پستہ ۱/۲ ۲ تولہ۔ مغز بادام ۱/۲ ۲ تولہ۔ آٹا سنگھاڑا اور کھویا ۱/۲ + ۱/۲ پاؤ۔ ثعلب مصری ایک چھٹانک۔ مغز تخم نیم ۱ تولہ شامل کریں۔

بہترین نسخے

حکیم حاجی اصغر علی کمبوہ فرحان یونانی شفا خانہ، نزد ضلع کچہری فیصل آباد روڈ شیخوپورہ

لیکوریا (سیلان الرحم)

ہیرا کسیس (فرانی سلفاس) جس کو لوگ سبز کائی بھی کہتے ہیں۔ ۳ ماشہ لے کر اس کا سفوف بنالیں اس کی گیارہ پڑیاں بنالیں۔

استعمال:۔ روزانہ صبح و شام ایک ایک پڑیہ مریض پانی سے کھالے۔ انشاء اللہ جملہ امراض رحم کے لیے مفید ہے۔

کالا چورن

تبخیر معدہ، کمزوری معدہ، ہاضمہ کی خرابی، گیس، بخار، ملاحون کے لیے اکسیر ہے۔

سفید زیرہ، کالی زیری، کالی مرچ، دیسی اجوائن، سونٹھ، آک کے پھول، آک کا چھلکا، بڑی ہرڑ، سب چیزیں بموزن پانچ پانچ تولے۔ نمک لاہوری آٹھ تولے۔ سہاگہ ۵ تولہ۔ تیزاب گندھک ۵ تولے۔

بناوٹ:۔ سب چیزیں الگ الگ سفوف بنا پلاسٹک کے ٹب میں ڈال دیں۔ اوپر گندھک کا تیزاب ڈال دیں۔ ایک دن دوائی پڑی رہنے دیں۔ استعمال نہ کریں۔

خوراک:۔ صبح و شام ایک ماشہ چورن کھانا کھا کر بعد میں نیم گرم سے استعمال کریں۔

انشاء اللہ جملہ امراض معدہ کے لیے اکسیر ہے۔

سپر ٹائم ممسک مغلظ

مغز بادام ۱۰۰ گرام۔ کوزہ مصری ۱۰۰ گرام۔ اسبغول سالم ۱۰۰ گرام۔ چوب چینی ۱۰۰ گرام۔

بناوٹ:۔ سب کو الگ الگ سفوف بنا کر ملالیں۔

خوراک:۔ روزانہ رات کو ایک تولہ گرم دودھ سے کھالیں۔

فوائد:۔ مردانہ کمزوری، جریان، احتلام، ممسک اور مغلظ ہے۔

مصفی خون، پسینہ کی بو، بواسیر خونی و بادی

قلمی شورہ ۵ تولہ۔ لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھ دیں۔ مرچ سیاہ دو تولے کا سفوف بنالیں۔

دو دو ماشہ کالی مرچ کا سفوف کی قلمی شورہ پر چٹکی دیں کالی مرچ کا سارا سفوف چٹکی سے ختم کر دیں۔ بعد میں شورہ آگ سے اتار لیں۔ کڑاہی سے نکال کر سفوف بنالیں۔

خوراک:۔ ۱/۲ ماشہ سے ایک ماشہ تک پانی سے صبح و شام دیں۔

فوائد: خرابی خون، پھوڑے پھنسیاں، سوزاک، بواسیر خونی و بادی کے لیے اکسیر ہے۔

سوزش بخار جسم پھول جانا

جسم میں ہوا ہو جانا۔

کشتہ پارہ سنگھیا ۵ تولہ۔ کشتہ ابرک سیاہ ۵ تولہ۔ کشتہ شنگرف رومی ۵ تولہ۔

بناوٹ: تینوں کشتوں کو الگ الگ سفوف بنا کر ملالیں۔

خوراک: ایک رتی دوائی آدھا کلو گرم دودھ میں ۵ تولہ دیسی گھی ملا کر مریض کو صبح و شام دو خوراک روزانہ

دے دیں۔

تین چار دن کھلا دیں انشاء اللہ تعالیٰ مریض تندرست ہو جائے گا۔

- **کیرا، نزلہ، زکام، دمہ (خرابیٔ سانس)**

سنکھ پھیر ایک پاؤ۔

بناوٹ:۔ دس کلو اوپلوں میں سالم رکھ کر آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گا سفوف بنا لیں۔ اور اس کے کیپسول بھر لیں۔

خوراک: صبح و شام کھانا کھا کر ایک گھنٹہ بعد ایک کیپسول کھا کر تین تولہ گلقند کھلا دیں بعد میں آدھا کلو دودھ پتی پلا دیں۔

مریض کو انشاء اللہ شفا ہوگی۔

- **دمہ (خرابیٔ سانس)**

کشتہ پارہ سنگھا ا تولہ۔ کشتہ سنکھ پھیر ا تولہ۔

بناوٹ:۔ دونوں کشتوں کو الگ الگ سفوف بنا کر شیشیوں میں محفوظ رکھیں۔

کیپسول میں گندم کے دانہ کے برابر کشتہ پارہ سنگھا اور باقی کشتہ سنکھ پھیر کیپسول میں بھر دیں۔

خوراک: صبح و شام کھانا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد تین تولہ گلقند مریض کو کھلا کر ایک کیپسول کھلا دیں۔

کھانا: صبح و شام مونگی مسور کی دال خشک روٹی دیسی گھی دال میں ملا کر دیں۔ پندرہ دن کا مکمل کورس ہے۔

عام کمزوری

دل کی دھڑکن، ضعف جگر، کمی خون، یرقان۔

خمیرہ گاؤزبان ۵ تولہ۔ کشتہ فولاد خاص ا تولہ۔ ورق چاندی ۱۲ عدد۔

بناوٹ:۔ خمیرہ گاؤزبان میں پہلے کشتہ فولاد اچھی طرح ملائیں بعد میں ورق چاندی ایک ایک کر کے اچھی طرح ملائیں۔

استعمال: روزانہ ایک بار صبح نہار پیٹ معجون کھا کر بعد میں دو چھٹانک عرق گاؤزبان پی لیں۔

فوائد: عام کمزوری، دل کی کمزوری، ضعف جگر، کمی خون، یرقان کے لیے اکسیر ہے۔

- **نزلہ، زکام، کیرا، بلغم کی زیادتی**

۵ تولہ سہاگہ سفید بریاں کریں توے پر رکھ کر بریاں ہو جائے گا۔ اس کو پیس کر پھر توے پر رکھیں پھر بریاں ہو جائے گا۔ اس طرح چار بار پہلے کریں۔ بعد میں پیس کر سفوف بنا لیں۔

ایک چھٹانک کھانڈ (دیسی کھانڈ) باریک کر کے اس میں ملا لیں۔

ایک چھٹانک منقّی کے بیج نکال کر پہلے والے دوا سفوف میں رگڑ کر ملا لیں بعد میں کوکن بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔

خوراک: صبح دوپہر شام منہ میں رکھ کر ایک ایک گولی چوس لیں۔

فوائد: نزلہ زکام کیرا بلغم خارج کرتا ہے پیٹ صاف کرتا ہے۔

گذشتہ سے پیوستہ

- تعویذ اور کلام پاک پڑھ کر دم کرنا گناہ نہیں اسلام میں جائز ہے۔
- حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ قرآن مجید کی کوئی بھی آیت لکھ کر تازہ پانی میں حل کر کے پی لینے سے انسان سوائے موت کے ہر بیماری سے شفا حاصل کر سکتا ہے۔
- بابا فریدالدین گنج شکرؒ کوڑھ کے مریضوں پر سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرتے تو مریض صحت یاب ہو جاتے تھے۔
- ایک بزرگ کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کلام مسلمانوں کے لیے شفا بن کر آیا ہے۔
- اللہ تعالیٰ کی یاد انسان کے لیے روحانی اور

دو انمول نسخے

ڈاکٹر شہزاد حسین اعوان، نزد ڈگری اڈہ سوہدرہ تحصیل وزیرآباد ضلع گوجرانوالہ

معزز قارئین میں عرصہ دراز سے اسرارِ حکمت کا مطالعہ کر رہا ہوں۔ میرے بڑے بھائی حکیم و ڈاکٹر شہباز حسین اعوان سوہدروی صاحب پاکستان کے معروف معالج اور کئی طبی کتب کے مصنف ہیں وہ تو اسرارِ حکمت میں مضامین لکھتے رہتے ہیں مگر میں آج پہلی دفعہ آپ کی خدمت میں حاضری دے رہا ہوں۔ میں بنیادی طور پر ہومیوپیتھک اور الیکٹرو ہومیوپیتھک ڈاکٹر ہوں لیکن چونکہ ہمارا تمام خاندان طب قدیم اور قانون مفرد اعضاء سے وابستہ ہے اس لیے میں بھی طب میں کافی دلچسپی رکھتا ہوں بھائی جان کی غیر موجودگی میں مجھے ہی مطب سنبھالنا پڑتا ہے اس لیے مجھے بھی بھائی جان کے ساتھ کام کرنے کرنے فن پر کافی عبور حاصل ہو گیا ہے اور الحمد للہ بھائی جان میری تشخیص اور تجویز پر بھی بے حد مطمئن ہیں۔

آج میں آپ کی خدمت میں دو عدد مجرب نسخہ جات لے کر حاضر ہوا ہوں۔ انشاء اللہ آئندہ بھی بشرطِ زندگی آپ صاحبان کی محفل میں کبھی کبھی حاضری دیتا رہوں گا۔

سفوف جواہر

● ہوالشافی: گل کنول اباؤ۔ کشنیز اباؤ۔ زہر مہرہ خطائی ۵ تولہ۔ الائچی خورد ۲½ تولہ۔ صندل سفید ۲½ تولہ۔

تمام ادویات کا سفوف بنالیں زہر مہرہ کو خوب باریک پیس کر بلکہ عرق گلاب میں تین روز کھرل کر کے شامل نسخہ کریں۔

خوراک: ۲ تا ۳ ماشہ صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ۔

فوائد: تمام گرمائی امراض کے لیے بے حد مجرب دوا ہے۔ پیشاب کی جلن یرقان کثرتِ حیض، ہاتھ پاؤں جلنا، دل کی گھبراہٹ، صفراوی اسہال، غرض کہ ہر گرم امراض کے لیے مجرب ترین ہے۔

● کاربن خاص

ہوالشافی: دست پودینہ ۱۰ گرام۔ میٹھا سوڈا ۲۰۰ گرام۔ دونوں کو ملا کر خوب کھرل کر لیں بس تیار ہے کسی بند ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

خوراک: ۱ رتی تا ½ ماشہ تک صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ۔

فوائد: السر معدہ، تیزابیت معدہ، گیس ٹربل، سوزش معدہ، قبض، درد معدہ وغیرہ کے لیے بے حد مجرب ہے۔ اسے کھاتے ہی مریض کو ٹھنڈ پڑ جاتی ہے۔ فوراً تیزابیت کا خاتمہ کرتا ہے اس کے علاوہ کاسرِ ریاح ہے۔

بقیہ: شہیدِ ملت

اور تحقیقی کاوشوں میں تعطل ختم کر کے ان کی نشاۃ ثانیہ (حیات نو) کے لیے حکیم محمد سعیدؒ کی زندگی سے روشنی اور راہنمائی حاصل کر کے ان کے عظیم مشن کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے اپنے حصہ کی جدوجہد ضرور کرنی چاہیے۔ اللہ رب العالمین شہید کے درجات بلند فرمائے اور ہم سب اہل پاکستان جو سب کے سب پسماندگان سعید ہیں۔ ان جیسی سعادت کی زندگی گذارنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

• شاہکار مجرّبات

ڈاکٹر و حکیم شہباز حسین اعوان۔ الفیضان انقلابی مطب کلینک، نزد ویگن سٹینڈ سوہدرہ تحصیل وزیرآباد ضلع گوجرانوالہ

• سفوف ٹھنڈک حکیم شہباز والا

ہوالشافی: کشنیز ½ ۲ تولہ۔ الائچی خورد ½ ۲ تولہ

چینی ۱۰ تولہ۔

تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

خوراک: ۳ ماشہ تا ۵ ماشہ۔

دن میں تین بار ہمراہ شربت صندل۔

فوائد: یرقان، ہائی بلڈ پریشر، ہاتھ پاؤں کی جلن، دل کی گھبراہٹ، بے چینی، خونی بواسیر، پیشاب کی جلن، خونی پیشاب اور گرمی کی وجہ سے ہونے والے تمام امراض و علامات کے لیے بے حد مفید ہے۔

قرص ہاضم •

ہوالشافی: زنجبیل ۵ تولہ۔ لونگ ۵ تولہ۔ فلفل دراز ۵ تولہ۔ فلفل سیاہ ۵ تولہ۔ ادرک تازہ ۵ تولہ۔ نمک سانبھر ۱۰ تولہ۔ نمک سیاہ ۱۰ تولہ۔ گل مدار تازہ ۲۰ تولہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو باریک پیس لیں۔ گل مدار تازہ علیحدہ کوٹ لیں پھر ادویات میں ملا کر کوٹیں اور گولیاں بقدر نخود کابلی بنالیں۔

خوراک: ۱ تا ۲ گولی دن میں تین مرتبہ۔

فوائد: غدی اعصابی (گرم تر) پیٹ درد، متلی، اپھارہ، بدہضمی، گیس، بھوک کی کمی، کمزوری معدہ وغیرہ کے لیے بے حد مجرب ہے۔

حابس

ہوالشافی: گل انار ۱ تولہ۔ چھلکا انار ۱ تولہ۔ سپاری سفید ۱ تولہ۔ سپاری دکنی ۱ تولہ۔ نارجیل ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔ مائیں ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ گل سرخ ۱ تولہ۔ گوند کتیرا ۱ تولہ۔ مازو ۱ تولہ۔ کرس ۱ تولہ۔ کہربا شمعی ۱ تولہ۔ مصری ۱۰ تولہ۔

تمام ادویہ کا سفوف مانند غبار کرلیں۔

خوراک: ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ دن میں دو تین بار دودھ یا شربت انجبار کے ساتھ۔

فوائد: عضلاتی اعصابی (خشک سرد) حابس ہے جسم کے کسی بھی حصہ سے خون کے آنے کو روکنے کے لیے مجرب ترین ہے۔ کثرت حیض کے لیے لاجواب ہے۔ ایک ہی روز میں مرض کا خاتمہ کر دیتا ہے۔ حالت حمل میں اگر خون آنے لگ جائے تو بھی شربت انجبار یا دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

اس کے علاوہ ہر قسم کے لیکوریا کو دور کرنے کے لیے بھی موثر ترین ہے۔

سفوف تبخیر خاص

ہوالشافی: اجوائن دیسی ۵ تولہ۔ سفوف ملٹھی ۵ تولہ۔ پودینہ ۵ تولہ۔ سونف ۵ تولہ۔ زیرہ سفید ۵ تولہ۔ نوشادر ۵ تولہ۔ نمک سانبھر ۵ تولہ۔ زہر مہرہ خطائی ۵ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۵ تولہ۔ اسبغول ثابت ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو ماسوائے اسبغول ثابت باریک پیس لیں اور پھر اسبغول ڈال دیں۔

خوراک: ۲ تا ۳ ماشہ صبح دوپہر شام۔

نظام ہضم کی اصلاح کرنے کے لیے موثر ترین دوا۔

ہیں۔ یہ تمام ادویات مرکب بھی استعمال کی جا سکتی ہیں۔
بالوس مریض ضرور ان ادویات سے استفادہ کریں۔
دیگر عوارض کی تفصیل لکھ کر متعلقہ حکیم ادویات معلوم کریں۔ بغیر جوابی لفافہ کے جواب کی امید نہ رکھیں۔

۱۰۸۔ ایک ۲۰ سالہ بچے کو ۱۴ سال سے نکسیر کا عارضہ تھا۔ دیسی ولایتی علاج کروانے کے بعد مایوس ہو چکا تھا۔ جب میرے پاس بغرض علاج آیا۔ میں نے خدا کا نام لے کر ہومیوپیتھک دوا وائی پیرا ۳ۃ میں ایک خوراک کھلا دی۔ اس روز سے آج تک مریض کو دوبارہ نکسیر کی شکایت نہیں ہوئی۔

۱۰۹۔ ایک ہومیوپیتھک معالج اپنے بیٹے کے علاج کے سلسلے میں مشورے کے لیے آیا اور مجھے بتایا کہ اس معالج کا ایک ۳۰ سالہ بیٹا ہے جس کی ران میں درد تھا اور سوجھ چکی تھی۔ صرف خواب آور ادویات قدرے سکون دیتی تھیں۔ میں نے رسٹن کولس بلب 3× دینے کی ہدایت کی اور بچے کو ایک روز میں فوری آرام آگیا۔

۱۱۰۔ ایک عورت کو ناخن کے نیچے مچھلی کا کانٹا چبھ گیا۔ سوجن و درد ناقابل برداشت تھی بغرض علاج میرے پاس آئی میں نے لیڈم ۱۰۰۰ کی ایک خوراک کھلا دی اور صرف ۵ منٹ کے اندر اندر درد غائب ہو گیا۔ یہ اس عورت کے لیے جادو تھا۔

۱۱۱۔ ایک ۴۰ سالہ مریض کو شراب پینے سے نکسیر آتی تھی جس کو روکنے کے لیے پلگنگ کرنی پڑتی یعنی اس کے ناک میں روئی ٹھونس کر خون بند کرنا پڑتا۔ میں نے سرخ چمکدار خون کے اخراج کے تحت اپیکاک ۱۰۰۰۰ کی ایک خوراک کھلا دی جس کے استعمال سے مریض کو دوبارہ نکسیر آج تک نہیں آئی۔

مستند مجربات

حکیم منظور حسین منذر صاحب، لیکچرار۔ مکان P-2062 گلی ۲ بلاک بی، ہجویری ٹاؤن۔ فیصل آباد

معجون کندر

ہوالشافی: سنبل ۴۰ گرام، کشتہ بیضہ مرغ ۱۰ گرام۔ کشتہ خبث الحدید ۱۰ گرام، فلفل سیاہ ۴۰ گرام، جفت بلوط ۱۰ گرام، قسط شیریں ۱۰ گرام، کندر ۱۰۰ گرام، سعد کوفی ۲۱۰ گرام۔ قوام شکر اکلو ۸۰۰ گرام۔

تیاری: تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔ اس کے بعد قوام شکر کو پتیلے میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ ہونے پر اتار لیں اور اس میں دواؤں کا سفوف تھوڑا تھوڑا ڈالتے جائیں اور ملاتے جائیں اور شیشے کے برتن میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ۵،۵ گرام صبح و شام کھلائیں۔

فوائد: گردہ و مثانہ کو طاقت دیتی ہے سلسل بول زیادتی پیشاب اور سوتے میں پیشاب نکل جانے کی عادت کو دور کرتی ہے۔ بلا ارادہ پیشاب نکل جانے کے لیے انتہائی مفید دوا ثابت ہو چکی نہایت بھروسے کے ساتھ اسے معمول مطب بنائیں۔

اکسیر زکام لیکوڈ

ہوالشافی: سبز رنگ خوردنی یا حسب منشا خوردنی رنگ ۱ گرام، سکرین ۲ گرام، نمک خوردنی ۲۵ گرام، امونیا بائیکارب ۵۰ گرام، سوڈا بائیکارب ۱۰۰ گرام۔ سفوف بنا لیں۔

تیاری: سفوف مذکورہ ۵۰ گرام۔ صاف پانی سے بھری ہوئی شیشے کی بوتل ایک عدد میں ڈال کر خوب ہلائیں اکسیر تیار ہے۔

استعمال: چائے والا ایک کپ صبح ایک دوپہر اور ایک کپ شام کو پلائیں۔

فوائد: دافع ہے نزلہ زکام کیرا کھانسی کے لیے نہایت مفید ہے۔

• اپنڈے سائٹس کا کامیاب علاج

معزز قارئین عرصہ سے یہ نسخہ میرے استعمال میں ہے اللہ کے فضل و کرم سے کبھی ناکامی نہیں ہوئی۔ جناح یونانی میڈیکل کالج شیخوپورہ میں میاں شاہد اکبر نقشبندی صاحب سے ملاقات ہوئی تو میں نے چاہا کہ میں بھی تجلی نور حکماء کی صف میں شامل ہو کر حکماء اور عوام کو فائدہ پہنچاؤں شاید میری اس کاوش سے کسی کو کچھ فائدہ ہو جائے۔ اس نسخہ سے فائدہ حاصل کرنے والوں سے گزارش ہے کہ وہ بھی میاں شاہد اکبر نقشبندی کی طرح علم کو آگے بڑھائیں شکریہ

حکیم علی احمد متعلم سال اول جناح یونانی میڈیکل کالج شیخوپورہ

اجزائے نسخہ

- گوکھرو کلاں ۶ ماشہ۔ ستاور ۶ ماشہ۔ قنز بیج ارنڈ ۶ ماشہ۔ دودھ گائے ایک پاؤ۔ پانی سادہ ایک پاؤ۔ روغن بادام دو تولہ۔

ترکیب تیاری: مذکورہ بالا ادویہ کو دُردرا کوٹ کر ململ کے صاف کپڑے میں باندھ لیں۔ دودھ اور پانی کو ملا کر چولہے پر رکھیں اور پوٹلی اس میں ڈال دیں۔ اب اس دودھ کو اس قدر پکائیں کہ نصف رہ جائے نیچے اتار کر پوٹلی کو دبا کر دودھ میں نچوڑ لیں اور پوٹلی پھینک دیں۔ اب اس دودھ میں دو تولے روغن بادام اور مناسب چینی ڈالیں۔ دوا تیار ہے۔

استعمال: صبح نہار منہ پلا دیں یہ ایک خوراک کا وزن ہے۔ شام کو بھی اسی وزن میں دوا تیار کر کے مریض کو پلائیں۔

فوائد: اپنڈے سائٹس کے لیے نہایت مفید دوا ہے۔

پرہیز: گوشت ہر قسم، چاول سادہ، سخت غذا اور ترش اشیاء۔

غذا: نرم غذا استعمال کریں۔ وزن نہ اٹھائیں۔ سخت کام نہ کریں۔

کورس دوا: یہ دوا دو ہفتے استعمال کرائیں۔

نوٹ: دو ہفتہ کے استعمال کے بعد الٹراساؤنڈ ٹیسٹ کروائیں اگر کچھ کمی رہ گئی ہو تو مزید دو ہفتہ دوا استعمال کرا دیں۔ بالکل شفا ہو گی۔ نیز مزید تسلی کے لیے خون ٹیسٹ بھی کروایا جا سکتا ہے۔ یہ نسخہ مجھے محترم المقام جناب حکیم سید محمد عبداللہ صاحب موضع ریحان والا نزد منڈی فیض آباد تحصیل فیروز والا ضلع شیخوپورہ نے عطا کیا تھا۔ آج تک ناکام نہیں ہوا محترم شاہ صاحب کے لیے دعا کریں اور انہیں شکریہ کا خط لکھیں۔

رابطہ کے لیے پتہ: حکیم علی احمد صاحب چک دھنت پورہ، ڈاک خانہ خاص تحصیل و ضلع شیخوپورہ۔

نوٹ: یاد رکھیں کہ مرض کی انتہا میں آپ مریض کو اٹینڈ نہ کریں کیونکہ آخری وقت میں اپنڈے سائٹس پھٹ بھی سکتا ہے اور اس کی وجہ سے حکیم کی بدنامی ہوتی ہے۔

مجربات نعیمی

حکیم مولانا محمد نعیم صاحب سینارو ڈمانانوالہ ، ضلع شیخوپورہ

• اکسیر ذیابیطس یعنی شوگر کل فارمولا

کشتہ فولاد ۱تولہ - کشتہ صدف ۱تولہ - کشتہ قلعی ۱تولہ - سلاجیت ۱تولہ - بیج بدھارا ۲تولہ - برگ نیم ۲تولہ - برگ آم ۲تولہ - برگ جامن ۲تولہ - برگ ببول ۲تولہ - کریلہ ثابت خشک ۲تولہ - موصلی سفید ۲تولہ - موصلی سیاہ ۲تولہ - سونٹھ ۲تولہ - بداری قند ۲تولہ - ہلدی ۲تولہ - آملہ ۲تولہ - گڑمار ۲تولہ - اسگندھ ناگوری ۲تولہ - میتھی ۲تولہ -

تمام ادویہ کو کوٹ پیس کر حبوب نخودی تیار کرلیں ۔ دوا تیار ہے ۔

استعمال : ۲+۲+۲ ہمراہ تازہ پانی ۔

فوائد : استعمال سے پہلے بھی شوگر چیک کرائیں اور ایک ہفتہ بعد بھی چیک کرائیں فرق ہو تو مزید ایک ہفتہ استعمال کرادیں ۔

بفضلہٖ شوگر سے نجات ہوگی ۔

علاوہ ازیں جریان احتلام اور لیکوریا کے لیے بھی نہایت مفید ہے اور مقوی قلب بھی ہے ۔ اس دوا کے استعمال سے اگر بالکل شوگر نل ہو جائے تو چینی کا استعمال کرانا پڑتا ہے ۔

شوگر سے پیدا ہونے والی نامردی بھی اس دوا سے ختم ہو جاتی ہے ۔

علاوہ ازیں نہایت مصفی خون ہے ۔ امراض معدہ کے لیے بھی بہت مفید ہے ۔ بنا بریں اور خاکسار کے حق میں دعا کریں ۔

■

دماغی اکسیر

عطیہ جناب اختیار حسین (پنجاب پولیس) بمقام اوگئندرو ، ڈاکخانہ اجنیانوالہ تحصیل وضلع شیخوپورہ

مغز بادام ۵۰گرام - مغز چہار ۵۰گرام - مغز چلغوزہ ۵۰گرام - مرچ سیاہ ۵۰گرام - اسطوخودوس ۱۰۰گرام - ملٹھی ۱۰گرام - تخم کاہو ۱۰گرام - تخم خرفہ ۱۰گرام - خشخاش ۱۰۰گرام - سونف ۲۰گرام - الائچی خورد ۲۰۰گرام - مغز کشنیز ۲۰گرام -

تمام ادویہ کو کوٹ پیس کر رکھ لیں ۔

استعمال : ایک چائے کا چمچہ صبح و شام دودھ کے ساتھ کھلائیں ۔ مرض کی شدت کم ہو جانے پر صرف ایک وقت یعنی صبح کو کھلائیں ۔

فوائد : نزلہ ، زکام ، کیرا ، بلغم ، تنگی سانس کے لیے نہایت ہی مفید دوا ہے ۔ میری بیوی کو پندرہ سال سے تنگی سانس بوجہ کیرا کرتا تھی ۔ ایک درویش نے یہ نسخہ عطا کیا تو اس سے پندرہ سالہ مرض ختم ہوگیا ۔ مقوی دماغ بھی بہت ہے ۔

●

عطیہ خاص

حکیم محمد رفیق جاوید، گلی نمبر ۳ مکان نمبر ۲، اسلم کالونی شیر شاہ روڈ شاد باغ لاہور

نسخہ برائے لیکوریا تجربہ شدہ

کشتہ فولاد ۱۰ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ ۱۰ گرام۔ خستہ جامن ۲۰ گرام۔ پھٹکڑی سفید کھیل کی ہوئی ۲۰ گرام۔ پھلی عام کیکر ۲۰ گرام۔

تیاری: مذکورہ ادویات کو احسن طریقہ سے کوٹ کر پیس کر سفوف بنالیں۔ بعدہٗ شیشی یا ڈبیہ آئیل بی میں بند کر کے محفوظ کریں۔

طریقہ استعمال: اول اس سفوف کو بڑے کیپسول میں بھر لیں پھر شب کو سوتے وقت ایک کیپسول ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

لڑکیوں کو ایک کیپسول سوتے اور بڑی عورتوں کو علی الصبح ایک کیپسول ہمراہ دودھ۔ اور ۲ کیپسول رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ دیں مجرب المجرب ہے۔

تعریف فضول ہے تجربہ شاہد ہے۔ لہٰذا دوا کو پیشتر کھانے اللّٰھم ماشائی مزدور پڑھیں پھر کھائیں۔

اکسیر

لاہوری نمک و نوشادر ٹھیکری سے کر لیموں کے رس میں کھرل کریں خشک ہونے پر جوہر اڑائیں یہ عمل پانچ بار دہرائیں یہ جوہر نوشادر ۵ تولہ لے کر ۵ تولہ اسی میں رس لیموں کھرل کریں کہ موم ہو جائے پھر خشک کریں۔ بعد میں جوہر کے وزن آدھ سار میں آملہ سار کو معمولی آنچ پر پگھل کریں۔ بعدہٗ مذکورہ جوہر کی چٹکی دیتے جائیں دھواں نکلتا رہے گا۔ جب جوہر ختم ہو جائیں تو تھوڑی دیر بعد گندھک کو آگ سے اتار لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر پیس لیں تاکہ سفوف بن جائے۔ اس سفوف سے ۲ تولہ سفوف لے اس کی آغوش میں ایک ڈلی سالم ایک تولہ ریسکپور رکھ کر کوزہ میں بند کر کے گل حکمت کریں خشک ہونے پر زمین پر ۲ سیر پختہ اوپلوں کی آگ دیں قائم النار ہوگا۔

پختہ جوڑ کے لیے شنگرف مدبر و پختہ کرنا

اجزاء و تیاری مدبر کرنا پختہ کرنا دوسرے شمارہ میں۔

شنگرف تولہ تولہ کی پانچ ڈلیاں۔ تخم حرمل آدھ سیر۔ روغن تل ۱۰ تولہ۔

تیاری: اول تخم حرمل کو آہنی کڑاہی میں ½ حصہ ڈال کر اوپر ۵ عدد ڈلیاں شنگرف رکھ کر باقی تخم حرمل اوپر بچھا دیں۔ بعدہٗ ان کے اوپر روغن تل ڈال کر آہنی کڑاہی کو آگ پر رکھیں آگ ہلکی ہو تاکہ آہستہ آہستہ پکتی رہے کچھ عرصہ بعد مذکورہ نسخہ جل جائے گا۔ اوپر سے کچھ کچا رہے گا آگ سے اتار کر سرد کر کے مدبر شدہ شنگرف سنبھال رکھیں۔ یہ شنگرف مدبر ہے طلباء کے لیے انتظار کریں۔

مقوی معدہ رفیق تجربہ شدہ

تج ۱۰ گرام۔ دارچینی ۱۰ گرام۔ دانہ الائچی کلاں ۱۰ گرام۔ پوست سنگ دانہ مرغ ۵۰ گرام۔

تیاری: سب ادویات کو کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔

خوراک: ۱ گرام دن میں تین بار۔

تعریف مرحب العالمین کی۔ شفا من جانب اللہ

نوٹ: پیشتر اس کے شمارہ فروری ۱۹۹۹ء میں میرا اڈریس غلط چھپا ہے اب کے درست فرما لیں۔ شکریہ

صدری مجربات

خاکسار اب بھی جس شخص کے پاس کسی بیماری کا مجرب نسخہ ہوتا ہے اس سے حاصل کرنے کے لیے جاتا ہوں تا میرے حاصل کئے ہوئے نسخہ سے میرے پیارے ملک اور دیگر ممالک کے لوگ فیض حاصل کریں آج کی فصل میں ایک عام ملنے والی بوٹی کے مجربات ارسال کر رہا ہوں چونکہ یہ بوٹی اب پیدا ہو رہی ہے چنوں کا فصل ختم ہونے پر ختم ہو جائے گی۔

حکیم محمد نواز بی۔اے معرفت حق نواز ٹیلیفون اپریٹر کھاد فیکٹری اسکندر آباد ضلع میانوالی

بن چنا بوٹی

یہ بوٹی زمین پر پھیلی ہوئی بالکل چنے کی شکل کی ہوتی ہے پھول سفید نیلے رنگ کے ہوتے ہیں۔ لمبائی بالشت بھر ہوتی ہے۔ ریت، دریا کے قریب ہوتی ہے۔ چنوں کی فصل کے ساتھ ہی پیدا ہوتی ہے۔ چنے کا فصل ختم ہونے پر نابود ہو جاتی ہے۔ اس کے نغدہ میں ہر چیز کشتہ ہو جاتی ہے۔

پارہ کی گولی

اس بوٹی کے پانچ عدد پھولوں میں پارہ کھرل کریں۔ تو پارہ کی گولی بن جاتی ہے۔

اکسیر جریان

شاخ مرجان ۵ تولہ۔ عقیق ۵ تولہ۔ نغدہ بوٹی ۱۰ تولہ میں رکھ کر عناپے میں گڑھا بنا کر رکھیں۔ ۵ سیر کی آگ دیں پہلی آگ میں سفید رنگ کا کشتہ ہوگا۔

خوراک: چاول بھر مکھن میں دیں۔ سات خوراک سے بالکل آرام آجائے گا۔

پرہیز: جماع، اچار، تیل سے رکھیں۔ قوت باہ، کمزوری دماغ و مثانہ اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔

اکسیر نامردی

ہوالشافی شنگرف ½ تولہ۔ ہڑتال ورقیہ مانند سونا اصلی ½ تولہ۔ مغز بادام ½۲ تولہ۔ مغز اخروٹ ½۲ تولہ۔ ترشی انار کا پانی ۵ تولہ۔ گھی گائے ½۲ تولہ۔

ہڑتال اور شنگرف رومی انڈیا یا شام کے ملک کی بہتر ہوگی تھوڑا پانی انار سے کھرل کر کے جذب کریں۔ انشاءاللہ اس پانی میں کشتہ تیار ہے۔ پھر گائے کے گھی سے کھرل کرکے مغز بادام اخروٹ ملا کر کالی مرچ برابر گولیاں بنا کر اوپر ورق سونا چڑھالیں۔

نامرد کو صرف ۲ گولیاں ہمراہ مکھن دودھ آدھ کلو سے دیں۔ کمر کے درد والے کو صرف ۱ گولی دیں۔ اکسیری تحفہ ہے۔

کشتہ تانبہ

تانبہ کے پیسہ پر ہڑتال ورقیہ چھ ماشہ لیپ کر دیں۔ بکن بوٹی جو دریا کچے کے علاقے میں عام ہوتی ہے اونٹ کھاتے ہیں ایک پاؤ نغدہ میں رکھ کر ۱ سیر کی آگ دے دیں کشتہ ہوگا اور پانی پر کشتہ تیرے گا۔ جس عورت کا بچہ بچی پیدا ہوا ہو صرف چاول بھر وزن خوراک کھلا کر دودھ گرم پلادیں تمام گندہ مادہ خارج ہو کر وہ عورت پھر اپنی اصلی حالت پر آجائے گی کوئی کمزوری محسوس نہ کرے گی پھر مرغ اس کو کھلائیں۔ یہ نسخہ چن بابا بلوٹ کا مجرب ہے جو مریدوں کو استعمال کرواتا تھا اور مجھے عنایت کیا۔ اور میرے استاد سید جعفر حسین قائم پور کا عطا کیا ہوا تحفہ ہے۔

تحریر: عبدالرشید قاسمی
مرسلہ: حکیم محمد افضل جیو
(فاضل طب والجراحت)
مکتبہ شان اسلام اردو بازار
لاہور

• عطیاتِ اطبائے پاکستان
(بیاضِ قاسمی)

مقوی و مغلظ طلا

• مالکنگنی ۶ تولہ۔ جائفل ۵ تولہ۔ جرول ۲ تولہ۔ الائچی کلاں ۵ تولہ۔ بیر بہوٹی ۲ تولہ۔ دارچینی ۵ تولہ۔ لونگ سوا تولہ۔ جاوتری ۵ تولہ۔ روغن کنجد ایک کلو۔

تیاری: تمام ادویہ کو کوٹ کر تلوں کے تیل میں خوب پکائیں۔ اتارنے سے پہلے زعفران جوست ۲ ماشہ ڈال کر نیچے اتار لیں۔ شیشیوں میں پیک کر لیں۔ بہترین طلا ہے۔ آبلہ کئے بغیر مقوی مغلظ ہے۔

اس کے ساتھ حسب ذیل ـــــــ

مقوی اعلیٰ درجہ

• استعمال کریں۔

تا میسر اجلی اسپغول پاؤ۔ ملبوب کبیر ادگی میں ملا کر رکھیں۔

خوراک: ایک چمچی روزانہ صبح کو کھلائیں۔ تمام کمزوریاں دور ہوں گی۔ انشاءاللہ

دلی ملال

• نمک لاہوری، نوشادر، قلمی شورہ، ہموزن لے کر باریک کر کے کوار گندل میں ڈالیں برتن ذرا ٹیڑھا رکھیں۔ سبز رنگ کا پانی ایک طرف جمع ہو جائے گا۔ شیشی میں ڈال کر کھڑکی میں دم دے دیں۔ اکسیر تیار ہے۔

ایک تا دو قطرہ تک دیں مفید ہے۔

مقوی ممسک

• زعفران ۱ تولہ۔ جند بیدستر ۱ تولہ۔ سلاجیت ۱ تولہ۔ مصطگی رومی ۱ تولہ۔ عاقرقرحا ۳ ماشہ۔ افیون ½ تولہ۔ جیوب مغلظ

بنائیں۔

خوراک: ایک گولی۔ دودھ کی بکثرت دوران استعمال دیں۔

مجرب حکیم نذیر احمد صاحب، ضلع قصور۔

دافع جریان دصانت، اور مقوی۔

موصیائی خالص، مصطگی رومی، موصلی سفید، مروارید مع ورق، اقاقیہ، تخم مصری، مغز تخم ہندی۔ سب دوائیں برابر وزن ایک ایک تولہ۔ شیر برگد دس تولہ میں گولیاں نخودی تیار کر لیں۔

خوراک: بوقت ضرورت ایک تا ۲ گولی حسب مزاج ہمراہ دودھ دیں۔

کشتہ تانبہ

دو خوراک مجربہ ایک "دیہاتی کسان بزرگ" جو بر موقع تبلیغی اجتماع رائے ونڈ نومبر ۹، ۱۰، ۱۱ ۱۹۹۰ء بروز جمعہ، ہفتہ، اتوار ملے انہوں نے لکھوایا۔

صفت: برادہ تانبہ ایک تولہ کو ڈھائی تولہ شیر مدار میں کھرل کر کے کوزہ گلی میں بند کر کے بیس سیر اوپلوں کی کٹھے میں آگ دیں۔ اسی طرح چالیس دفعہ شیر آک میں آگ دیں۔

آخری آگ چمک نمول (کشیاری) کے نغدہ میں بیس سیر اوپلوں کی دیں۔ بس اکسیر تانبہ تیار ہے۔

خوراک: بوڑھے، نامرد کے لیے دو خوراکیں ایک ہفتہ کے وقفہ سے دیں اور بس زندگی بھر کافی ہے۔

برائے گنٹھیا، زہرباد

• مشا تیلیہ ۲ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۵ تولہ۔ گوگل بھینسا ۲ تولہ۔

جائفل ایک دانہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ گڑ پرانا پانچ سال ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: پتھر کا کھرل اور لوہے کا دستہ کے ساتھ مصطگی مرچ سیاہ کو اتنا کھرل کریں کہ مثل غبار ہو جائے۔ بعد ازاں گوگل، جائفل، لونگ ڈال کر اتنا کھرل کریں کہ مثل سرمہ باریک ہو جائیں۔ اس کے بعد افیون اور گڑ ڈال کر سب کی اتنی کوٹائی کریں کہ سب دوائیں یکجان ہو جائیں۔ گولیاں بقدر نخود کابلی بنائیں۔

خوراک: ایک گولی روزانہ ڈیڑھ چھٹانک گھی دیسی کے ساتھ دیں۔

نوٹ: گرم ترش تیل والی اشیاء سے پرہیز۔ اس کے ساتھ گھی کا استعمال بہت ضروری ہے۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

وجع المفاصل و درد ہائے پیچ کے لیے مفید

کیکر کی چھال تازہ لے کر گندم صاف ایک کلو اس میں ملا کر تازہ پانی کسی برتن میں اس میں اتنا ڈالیں کہ ان دونوں چیزوں سے چار انگل اونچا رہے۔ دس دن تک ان کو بھیگا رہنے دیں۔ جب چھال کا اثر پانی میں آ جائے تو چھال کو نکال کر پھینک دیں۔ اور گندم کو پانی سمیت آگ پر اتنا جوش دیں کہ پانی خشک ہو جائے اب گندم کو خشک کر کے اس میں دوگنا گھی دیسی ڈال کر بھون لیں اور حسب خواہش مغز بادام وغیرہ ڈال کر محفوظ رکھیں۔

موسم سرما میں حسب برداشت ناشتہ میں کھایا کریں۔ نہایت ہی مفید ہے۔

دوا نامردی

صرف ایک خوراک کافی ہے۔

دو عدد کالے ناگو کا زہر لے کر چینی کے پیالہ میں ڈال کر تین ماشہ ہیرا لے کر کوئلوں پر گرم کر کے زہر میں بجھا دیں۔ بارہ تیرہ دفعہ کے بجھاؤ سے کشتہ ہو جائے گا۔

اس میں ایک سلائی چاندی کی لگا کر گرم دودھ میں حل کر کے مریض کو دیں۔ عمر بھر کے لیے ایک سلائی ہی کافی ہے دوسری سلائی ہرگز نہ دیں ورنہ موت کا اندیشہ ہے۔

اکسیر برائے نامرد

صرف ایک خوراک۔

شنگرف ۲ تولہ کی ڈلی کو آکھ دودھ کلسٹہ میں ڈال کر کے پکائیں۔ دوسرے دن علاوہ دس دن تک ایک بوتل میں کلو دودھ ڈال کر پکائیں۔ یہ دس دن تک دودھ پھینک دیا کریں۔ ہرگز استعمال نہ کریں۔

اس کے بعد تیس دن تک مزید اسی طرح پکائیں۔ اب دودھ استعمال کر سکتے ہیں۔ چالیس دن بعد چار خرگوشوں کے گلے کے خون کا چھوبہ دیں۔ یہ شنگرف تیار ہے۔

خوراک ایک چاول ہے۔ بشرطیکہ پانچ تولہ گھی دیسی اور پانچ کلو دودھ ایک رات میں پلائیں۔ مکمل صحت ہوگی۔ احتیاط سے استعمال کرائیں۔

برائے امساک

نہایت ہی مجرب ہے۔

افیون ایک تولہ، پارہ ایک تولہ۔ دونوں کو خوب کھرل کر کے کجلی بنا لیں۔ اس کے بعد ڈیڑھ پاؤ آب برگ پان میں کھرل کریں۔ بعدہ خولنجان، اجوائن خراسانی، جائفل، جلوتری، عاقرقرحا، دارچینی ہر ایک چار ماشہ۔ کوٹ کر اس کجلی کے ساتھ ملا کر آب پان بقدر ضرورت کے ساتھ کھرل کر کے گولیاں نخودی بنائیں عجب المجرب ہے۔

خوراک: ایک گولی تین گھنٹے پہلے دیں۔

سلسل البول

قوت باہ، قوت جسمانی

کشتہ شدید چست ۵ تولہ۔ سم الفار اقوٰلہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ مشک کافور ۲ تولہ۔ تمام ادویات کو تین لاکھ چوٹ لگائیں۔

خوراک بعد از تیاری ۱/۲ رتی تا پونی رتی ہمراہ دودھ گھی ۱/۲ پاؤ پہلے چوری کھلائیں۔

خوراک مرض میں نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔

● برائے شوگر (ذیابیطس)

مرچ سفید ایک چھٹانک۔ کلونجی آدھ پاؤ۔ تخم بریاں آدھ پاؤ۔ تخم جنتری توری آدھ پاؤ۔ سفوف بنا کر رکھیں۔
خوراک: ایک ایک چمچہ چائے کا صبح و شام پانی کے ساتھ دیں۔ یہی خوراک میں شوگر کنٹرول ہوتی ہے اگر زیادہ کم ہو جائے تو چینی کھلا دیں۔

اکسیر باہ بے خطا محرک بے انتہا

کشتہ مس ۳ ماشہ۔ کشتہ سیماب ۲ ماشہ۔ سنکھیا ۳ ماشہ۔ فلفل سیاہ اٹھارہ۔ قرنفل اٹھارہ۔ جائفل ۶ ماشہ۔ جاوتری ۶ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ گولیاں نخودی بنائیں۔
ایک گولی روزانہ دودھ کے ساتھ۔

بقیہ: ہومیو علاج

برتھ کنٹرولین

اولاد کی بہترین تعلیم و تربیت کے لیے اولاد کا کم ہونا ضروری ہے۔ اولاد کا زیادہ ہونا مالی پریشانیوں کے علاوہ ان کی تعلیم و تربیت بھی ناقص ہوتی ہے۔ اس لیے اولاد میں وقفہ بہت ضروری ہے۔ عارضی اور مستقل برتھ کنٹرولین کے لیے بے ضرر دوا۔ وقفہ آپ جتنا چاہیں، ایک سال کے لیے۔ ۷ کیپسول ۵۰/- روپے

نوٹ: برائے کرم مشورہ کے لیے خط و کتابت کرتے وقت جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ اکثر خط جوابی لفافے بغیر وصول ہوتے ہیں۔

بعض حضرات دواؤں میں کمی کے لیے اصرار کرتے ہیں۔ لہٰذا ادویات کے لیے قیمتیں بالکل معقول ہیں۔ مگر بعض حضرات کے اصرار کرنے پر ہم نے دو ماہ کے لیے ادویات کی قیمتوں میں ۱۰ فیصد مزید کمی کر دی ہے جو صرف اسرار حکمت کے خریداروں کے لیے ہے۔ مگر آرڈر ۱۰۰/- روپے سے کم نہ ہو۔

یادگار مجرّبات

معزز قارئین ۔ میاں شاہد اکبر نقشبندی اس وقت حکماء کے لیے جو خدمات سر انجام دے رہے ہیں اُن کی اہمیت صرف چشم بینا ہی جان سکتی ہے ۔ عرصہ (اکثر دس) سال سے ہم بھی اطباء کی خدمت کر رہے ہیں ۔ عجیب اتفاق ہے کہ آج تک ہم نے ایسا بے لوث طبی مجاہد نہیں دیکھا جو دن رات طب کی ترقی کے لیے بلا معاوضہ کوشاں رہے ہم ان کی اس عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں اور اللہ تعالےٰ سے دعا گو ہیں کہ ان کو ان کی محنت کا بہتر اجر عطا فرمائے ۔ آمین ۔

مشن نقشبندی کی تکمیل کیلئے فی الحال دو مجربات پیش ہیں ، قبول فرمائیں ۔

خادم فن طب ۔ حکیم ضیاء الرحمان ایڈیٹر ماہنامہ طبیب حاذق ، شاہدولہ روڈ ۔ گجرات

اکسیر دمہ خاص

ہوالشافی : اجوائن خراسانی ، اجوائن دیسی ، اتیس ، نمک طعام ، برگ مدار رنگ زرد ۔

تیاری : ہموزن ادویہ لے کر کوزہ میں بند کر کے آٹھ دس کلو کی آگ دیں کہ راکھ سیاہ ہو جائے ۔

خوراک : تین رتی دوا مکھن یا بالائی میں رکھ کر بعد از غذا صبح و شام کھلائیں ۔

فوائد : دمہ کی بے ضرر دوا ہے ۔

اکسیر لیکوریا خاص

ہوالشافی : کیلشیم لیکٹیٹ ، کشتہ کوڑی زرد ، کشتہ صدف مروارید ، ہموزن ادویہ ۔

تیاری : تینوں کو باریک کر کے ۲۵۰ ملی گرام والے خالی کیپسول بھر کر رکھ لیں ۔ اکسیر لیکوریا خاص تیار ہے ۔

خوراک : ایک ایک کیپسول صبح دوپہر شام دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں ۔

فوائد : لیکوریا کی خاص الخاص دوا ہے ۔

نوٹ : دوا دیتے وقت اصل سبب ضرور رفع کریں ۔ نیز مرض کی مطابقت سے بدرقہ استعمال کرایا جائے تو مرض بہت جلد ختم ہو جاتا ہے ۔

بجواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ضرور ارسال کریں :

خادم فن طب ۔۔۔ حکیم محمد ضیاء الرحمن ، حکیم محمد خبیر اختر گولڈ میڈلسٹ ، دواخانہ حبیب الصحت ، شاہدولہ روڈ گجرات

میرے اپنے آزمودہ حلفیہ مجربات

حکیم عبدالغفور زرگر صاحب، علی عمران جیولرز سنیاروں بازار، شیخوپورہ

اکسیر اعظم باسہا مجرب المجرب

سم الفار سفید ۱ تولہ۔ لوبان کوڑیہ ۱ تولہ۔ دو پیالوں میں اس کا جوہر اڑائیں۔

اس جوہر کا وزن کریں اور اس کے برابر مروارید ناسفتہ اور سلاجیت اصلی شامل کریں (تینوں ہموزن ہوں)۔ تینوں کی روح کیوڑہ کی مدد کریں اور ملک آف شوگر ملا کر گولیاں فلفل سیاہ سے ذرا چھوٹی بنا لیں اور ورق سونا چڑھا دیں۔ اکسیر تیار ہے۔

استعمال: ایک گولی ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔ پیاس لگنے پر بھی دودھ پلائیں۔

فوائد: شیر ہاضم، مقوی باہ، دافع درد کمر، درد ہر قسم کھچاوٹ پٹھہ جات اور نامردی کے لیے اکسیری نسخہ ہے۔

اکسیر فالج

ہڑتال ورقیہ ۲ تولہ۔ کالی مرچ ۴۰ عدد۔

تیاری: ہڑتال کو باریک کر لیں اور پھر ایک ایک مرچ ڈال کر رگڑائی کریں۔ مرچیں ختم ہونے پر مزید چار گھنٹے رگڑائی کریں۔ دوا تیار ہے۔

استعمال: سب سے چھوٹا کیپسول (پلاسٹک) بھر لیں اور ایک کیپسول ہمراہ حب یوگراج گوگل یا حب اذراقی صبح و شام کھلائیں۔

بہتر ہے کہ پہلے مریض کو جلاب دے لیں۔ کورس ایک ماہ لازمی کرائیں۔

فوائد: فالج کے لیے انتہائی مفید ثابت ہوتا ہے بائی بلڈ پریشر والے مریض کو دے سکتے ہیں۔

اکسیر جریان مجرب المجرب حلفیہ

یہ نسخہ اکثر قسم کے جریان کو صرف تین یوم میں روک دیتا ہے اور سات روز میں بفضلِ خدا ازالہ مرض کر دیتا ہے۔

اجزائے نسخہ: قلعی مصفیٰ، سیسہ مصفیٰ، پارہ خشک سے نکلا ہوا ہر ایک ایک تولہ۔ سرد چینی، طباشیر، دانہ الائچی خورد، تخم ہر ایک تین تولہ۔

تیاری: پہلے قلعی اور سیسہ کو پگھلا کر ملا لیں اور پھر مذکورہ پارہ ڈال دیں تاکہ ایک گٹکہ بن جائے اب اس گٹکہ کو کھرل میں باریک پیسیں۔ تقریباً دو روز کی پسائی سے سیاہ رنگ کا سفوف بن جائے گا۔ پھر دوسری ادویات باریک شدہ ملا کر خوب کھرل مانند سرمہ کے کر لیں۔ تیار ہے۔

استعمال: ایک ماشہ بوقت صبح دودھ کی لسی کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: مذکورہ بالا ہیں۔ جریان مانند پانی کے سیلان کا استعمال کافی ہے۔

نوٹ: قارئین کرام۔ اپنے انتہائی مفید نسخے بیان کر دیتے ہیں۔ ان کے علاوہ اگر کسی صاحب کو کسی بھی پیچیدہ مرض کا نسخہ درکار ہو تو براہ کرم خط بمعہ جوابی لفافہ ارسال کریں۔ میں اپنی پہلی فرصت میں آپ کو جواب سے مطلع کر دوں گا۔

آخر میں میں میاں شاہد اکبر نقشبندی صاحب کا مشکور ہوں جن کے توسط سے یہ مجربات آپ تک پہنچے۔

مجربات

حکیم سید حسین صدق اللہ شاہ الصدق دواخانہ نزد پاکپتن چوک $\frac{59}{E\cdot B}$ عارف والا

الصدق مقوی باہ

● شنگرف رومی ۱۰ گرام - لوبان کوڑیا ۱۰ گرام - زعفران اصلی ۱ گرام - عرق لسن ۵۰ گرام - عرق پیاز ۵۰ گرام - عرق ادرک ۵۰ گرام (عرق یا پانی سے مراد ان کو کوٹ کر نکالا ہوا پانی ہے)

ترکیب تیاری: پہلی تینوں اشیاء کو باریک پیس کر پھر تینوں پانی تھوڑے تھوڑے ڈال کر کھرل کرتے جائیں جب تمام عرق جذب ہو جائے گولیاں برابر دانہ نخود تیار کریں۔

بس الصدق مقوی باہ تیار ہے۔

صبح شام ایک ایک گولی ہمراہ جوشاندہ دارچینی۔

بہترین مقوی باہ ثابت ہوا ہے۔

● الصدق گولڈن طلاء

گلیسرین ۱۰ تولہ - سم الفار ۱ گرام - زعفران ۲ گرام - افیون خالص ۲ گرام - مشک خالص ۲ رتی۔

ترکیب تیاری: گلیسرین میں سم الفار سفوف شدہ ڈال کر شیشے کی صراحی میں آگ پر رکھیں اور نیچے سپرٹ لیمپ روشن کریں تھوڑی دیر میں ہلکا ہلکا جوش آئے گا اور سم الفار گلیسرین میں حل ہو جائے گا۔ اب آخری تینوں اشیاء اسی طرح اٹھا کر صراحی میں ڈال دیں اور سپرٹ لیمپ کو جلانا بند کر دیں۔ اور دوا کو ہلاتے رہیں جب سرد ہو جائے تو چھان کر محفوظ کر لیں۔

بس الصدق گولڈن طلاء تیار ہے۔

فوائد: عضو مخصوص کے تمام نقائص دور کرنے کے لیے بہترین دوا ہے۔ جو کہ فالتو مادوں کا اخراج کر کے نئی قوت و توانائی پیدا کرتا ہے۔

استعمال: تین چار قطرے عضو کی پشت پر مالش کریں اور کھلا چھوڑ دیں۔

نوٹ: جماع اور سرد پانی سے پرہیز کریں۔

چٹکلہ بخار

● قدرتی نمک ۱ گرام - دارچینی ۲ گرام -

یہ ایک خوراک ہے۔

پیس کر چائے سے کھلا دیں۔

انشاء اللہ فوراً بخار پسینہ آ کر اتر جائے گا۔

حکیم منظور حسین منظر

اکسیر پیچش نوجوانان

ہو الشافی: گل دھاوا، رال سفید، کشنیز، کوکنار۔

ہموزن لے کر سفوف بنا لیں۔

استعمال: ۳ تا ۶ ماشے دن میں تین مرتبہ کھلائیں۔

فوائد: پیچش جوانان کے لیے نہایت ہی نافع ہے۔

اس دوا کے ساتھ سونف، پودینہ، الائچی خورد کا پانی پلائیں۔

جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں۔

اسگندھ

بے شمار امراض سے نجات دلانے والا پودا

پروفیسر حکیم محمد جاوید رسولی ، شاد باغ شیر شاہ روڈ ـــ لاہور

اللہ تعالٰی نے انسان کے لیے بے شمار نعمتیں پیدا کی ہیں جڑی بوٹیاں اور پودے بھی نعمت خداوندی ہیں۔ آج جس پودے کے افعال و خواص "اسرار حکمت" کے اوراق کی زینت بنانے کے لیے اپنی طبی یادداشت کو بذریعہ قلم صفحۂ قرطاس پر بکھیر رہا ہوں "اسگندھ" ہے۔

اسگندھ کا پودا جس کی لمبائی تقریباً دو سے پانچ فٹ تک ہوتی ہے دو قسم کا ہوتا ہے۔ بے شمار فوائد کا حامل ہے۔ اس کی شاخ، پتے، پھل، پھول اور جڑ سبھی بطور دوا مستعمل ہیں۔ اسگندھ پاک و ہند کے ہر حصے میں پایا جانے والا پودا ہے اور کثرت سے پیدا ہوتا ہے۔ دیہاتوں، ویران جگہوں سے باآسانی مل جاتا ہے۔ اطباء حضرات اسگندھ ناگوری کی جڑ کو زیادہ استعمال کرتے ہیں جو انڈیا کے شہر ناگور سے آتی ہے۔ پنجاب میں پیدا ہونے والی اسگندھ کے چتوں کی تاثیر و فوائد اسگندھ ناگوری سے بہتر ہوتی ہے۔

طبی مزاج کے لحاظ سے اسگندھ تیسرے درجے میں گرم و خشک کیمیادی تحقیق سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اسگندھ میں "سومنی فیرن" ایک جوہر پایا جاتا ہے اس کے علاوہ خون میں بڑھتی ہوئی شکر کو کم کرنے والے اجزاء قلم دار الکوحل، روغنی اور رال مادے اور چربی دار اجزاء کی موجودگی بھی پائی جاتی ہے۔

اسگندھ کی تازہ جڑ کو توڑا جائے تو اس سے گھوڑے کے بول جیسی بو آئے گی یہی اس کی پہچان ہے۔

جدید تحقیق کی روشنی میں اسگندھ کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

- اسگندھ کو جب مختلف طریقوں سے جوڑوں اور اعصابی دردوں میں مبتلا مریض کو استعمال کروایا گیا۔ تو اس سے اچھے نتائج سامنے آئے۔
- اسگندھ کے استعمال سے اعصابی کھچاؤ اور بے خوابی میں مبتلا مریضوں نے دماغی و عصبی سکون محسوس کیا۔
- اسگندھ کے استعمال سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اس سے درد پیدا کرنے والے مادے بذریعہ پیشاب خارج ہونے لگے جس سے درد میں کمی ہونے لگی۔
- سومنی فیرن جوہر سے انسانی دماغ اور اعصاب کو کسی حد تک بیہوش یا ناکارہ کرنے کی خصوصیت کا علم بھی ہوا۔

اسگندھ کے طبی فوائد

طب یونانی اور آیورویدک طریقہ علاج کے ماہرین پچھلے ہزار سال سے اسگندھ کو مندرجہ ذیل امراض میں استعمال کروا رہے ہیں۔

جوڑوں کے درد کے لیے

اسگندھ ناگوری ۱۰۰ گرام۔ زنجبیل ۵۰ گرام۔ دونوں کو باریک پیس لیں۔ یہ بلغمی مادے کی وجہ سے پیدا ہونے والی دردوں میں لاجواب اور بہت مفید ہے۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ۵، ۵ گرام ہمراہ سفوف

ہمراہ آبِ نیم گرم یا دودھ سے دیں۔

کمر درد کے لیے

اسگندھ ناگوری ۱۰۰ گرام۔ اجوائن خراسانی ۲۵ گرام۔ دونوں کو باریک پیس لیں۔

ترکیب استعمال: بعد از غذا ۲ گرام سفوف ہمراہ پانی دیں۔

اعصابی وجسمانی کمزوری کیلئے

اسگندھ ناگوری ۱۰۰ گرام۔ عقرقرحا ۲۵ گرام زعفران ۵ گرام تینوں ادویات کو علیحدہ علیحدہ باریک کرکے ملالیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک گرام سفوف ہمراہ دودھ دیں۔

جریان، احتلام اور ضعف باہ کے لیے

جریان احتلام اور ضعف باہ کے مریضوں کے لیے اسگندھ ایک تحفہ ہے۔

اسگندھ ۱۰۰ گرام۔ ثعلب مصری، تخم ریحان وستاور ہموزن لے کر باریک پیس لیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ایک ایک چمچ چائے والا ہمراہ پانی یا دودھ دیں۔

جسم کو فربہ بنانے کے لیے

ایسے مرد و عورت جن کے جسم بہت کمزور ہوتے ہیں اور وہ دن رات اپنے جسم کو خوبصورت اور دلکش بنانے کی فکر میں ہوتے ہیں اسگندھ ان کے لیے بھی قدرت کی طرف سے ایک تحفہ ہے۔

اسگندھ کا سفوف ۱۰۰ گرام دیسی گھی کے دو چمچے لیں۔ گھی کو گرم کرکے اسگندھ ڈال کر ہلکا سا بھون لیں ذائقہ دار بنانے کے لیے حسب ضرورت چینی لیں۔

> بعض دواساز ادارے اس کا ربِ لیکوڈ ایکسٹریکٹ اسگندھ تیار کرتی ہیں۔ جو بچوں کی نشوونما کے لیے بطور ٹانک استعمال ہوتا ہے۔

۴۰ دن تک بطور ناشتہ استعمال کرنے سے جسم خوبصورت بن جاتا ہے۔ علاوہ ازیں یہ نسخہ رسائش بیان بھی ہے۔

کثرت حیض کے لیے

اسگندھ ۱۰۰ گرام۔ رال سفید ۵۰ گرام اور مصری ۱۰۰ گرام سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کرکے ملالیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ۴ گرام یہ سفوف ہمراہ پانی یا شربت انجبار سے دینا کثرت حیض کے لیے مفید ہے۔

بے خوابی دور کرنے کے لیے

اسگندھ کے بیج لے کر باریک پیس لیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت ۴ گرام یہ دوا ہمراہ دودھ دینے سے نیند میں بہتری آنی شروع ہو جاتی ہے۔

دماغی کمزوری اور بہتری حافظہ کے لیے

اسگندھ ۵۰ گرام۔ تل سیاہ ۵۰ گرام۔ دونوں کو خوب باریک کرکے شہد ۳۰۰ گرام میں ملاکر معجون بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک چمچ چائے والا چالیس یوم استعمال کرنے سے دماغی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ اور حافظہ میں بہتری آجاتی ہے۔

بے اولاد حضرات کیلئے

بے اولاد حضرات جن کے کرم منی کم ہوں یا ناقص ہونے کی وجہ سے اولاد جیسی نعمت سے محروم ہوں۔ اسگندھ اُن کے لیے ایک قدرتی تحفہ ہے۔ اسگندھ حسب ضرورت لے کر باریک کریں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ۲، ۳ گرام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

> وید حضرات کے نزدیک اس بوٹی کے استعمال سے انسان ہمیشہ جوان رہتا ہے۔

(باقی صفحہ ۱۳ پر)

گردہ و مثانہ بھی خارج ہو جاتی ہے۔ سوزاک میں کسی معاون دوا کے ساتھ بھی فائدہ مند ہے ورم جگر اور ملاپت جگر میں بھی مفید ہے۔

دوا نزول

● دارچینی ۱ تولہ۔ جدوار ۲ تولہ ۲ تولہ اسطخودوس ۳ تولہ۔ سفوف بنالیں۔

یہ نسخہ میرا اپنا مجوزہ ہے۔

فوائد: ناک کی گرد سے حساسیت (ڈسٹ الرجی) آنکھوں کی گرد سے حساسیت میں انتہائی مفید ہے۔ صبح دوپہر شام 500 ملی گرام۔

نزلہ زکام میں بھی بہت اچھے نتائج ہیں۔ بعض مریض تو دو تین خوراک میں ہی بفضلہ صحت یاب ہو جاتے ہیں مگر الرجی کی صورت میں کچھ عرصہ مسلسل استعمال کرنا چاہئے اور مناسب پرہیز بھی ضروری ہے۔

اکسیر البواسیر

نسخہ پہلے ہی اسرار حکمت میں شائع ہو چکا ہے یہ نسخہ "سلک الدرر" اور "کتاب المرکبات" سے ہے اور بواسیر خونی و بادی میں انتہائی مفید و موثر ہے۔

قلمی شورہ ۵ تولہ۔ گندھک آملہ سار ½ ۱ تولہ۔

شورہ کو مٹی کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب شورہ پگھل جائے تو آنچ انتہائی ہلکی کر لیں اور گندھک ملائیں۔ گندھک پگھلنے پر آگ سے اتار لیں۔

مقدار خوراک ۱ ماشہ ہمراہ پانی صبح خالی پیٹ صرف ایک خوراک لیجیے۔

رابطہ کے لیے پتہ: پروفیسر حکیم محمد شفیع قادری
دواخانہ الشفیع قصر الحکمت، خادم حسین روڈ، بالمقابل مسجد شان مصطفیٰ، شیخوپورہ۔ فون 61454

حکیم و ڈاکٹر شہباز حسین اعوان سوہدروی
الفیضان انقلابی ہیلتھ کلینک قدوسیہ سٹینڈ سوہدرہ
تحصیل وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ فون: 0437-692478

مجربات عبد اللہ

حکیم الحاج محمد عبد اللہ صاحب ۔ دانش دواخانہ ۔ 2-4 فروٹ مارکیٹ کوٹ لکھپت لاہور

اکسیر بالچڑ

بلاذرہ کا تیل سوئی کے ساتھ مقام ماؤف پر لگائیں ۔ تکلیف ہوتی ہے لیکن چھ گھنٹے بعد بال نکل آتے ہیں ۔

سفوف بارد

حکیم بابو غلام رسول صاحب گمٹی بازار لاہور والوں کی طرف سے یہ نسخہ ماہنامہ اسرار حکمت جنوری ۱۹۹۹ء میں شائع ہوا ۔ تجربہ کرنے پر سو فیصد پایا ۔ میں حکیم صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے بخل کا سینہ چاک کیا اور نہایت ہی مفید نسخے سے سرفراز فرمایا ۔ نسخہ موصوفہ یہ ہے ۔

● کشتہ ابرک سیاہ ۲½ تولہ ، مصری کوزہ ۲½ تولہ ۔ دانہ الائچی خورد ۷½ ماشہ ۔ قلمی شورہ ۶ ماشہ ۔

کوٹ پیس کر سفوف بنالیں ۔ ۲ تا ۳ رتی ہمراہ دودھ یا شربت صبح و شام یا بوقت ضرورت استعمال میں لائیں ۔

فوائد : بچوں کا تالو بیٹھ جانا ، زیادتی پیاس ، تلووں سے آگ نکلنا ، گرمی مثانہ ، جریان و احتلام ، گھبراہٹ ، بخار ، سنگ اسہال ، بواسیر خونی ، نکسیر ، نفث الدم اور استحاضہ کی بہترین دوا ہے ۔ دوسری تیسری خوراک سے فائدہ ہوتا ہے ۔ المختصر یہ کہ بتائے ہوئے فوائد کے لیے نہایت مفید ثابت ہو چکی ہے ۔

درد گردہ

نمک چرچٹہ خود ساختہ درد گردہ کے لیے نہایت مفید ہے ۔

نوٹ ۔ اجواب طلب امور کے لیے لفافہ ارسال کریں ۔

• حلوائے چوب چینی

حکیم منصور العزیز، پرنسپل جامعہ طبیہ اسلامیہ، فیصل آباد

طب اسلامی میں مرکب ادویہ کی ۳۷ سے زائد انواع ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کی اپنی اپنی جگہ پر الگ اہمیت ہے۔ بعض محض نظام ہضم کے لیے ہیں جنہیں جوارش کہتے ہیں وغیرہ۔

ایسی ادویات کی تیاری کی ترکیب بھی ایک دوسرے سے جداگانہ ہوتی ہے۔ استعمال کا طریقہ بھی اور اوقات و مقدار خوراک بھی۔

طب اسلامی میں مرکب ادویہ کی بہت سی اقسام میں سے ایک قسم حلویات بھی ہے۔ ذیل میں اسی قسم کا ایک مرکب نسخہ دیا جا رہا ہے۔

اجزائے نسخہ مع اوزان: میدہ گندم ۱ کلو۔ روغن زیتون ۱ کلو۔ روغن گاؤ ½ ۱ کلو۔ شہد خالص ½ ۱ کلو۔ مغز چلغوزہ ۳۰ گرام۔ مغز نارجیل ۳۰ گرام۔ چوب چینی ۱۳۰ گرام۔ قرنفل ۲۵ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۲۵ گرام۔ دارچینی ۲۵ گرام۔ زرنجبورہ ۲۵ گرام۔ بادیان ۲۵ گرام۔ زنجبیل ۲۵ گرام۔ انیسون ۲۵ گرام۔ تانخواہ ۲۵ گرام۔ اندر جو شیریں ۲۵ گرام۔ سورنجاں شیریں ۲۵ گرام۔ دار فلفل ۲۵ گرام۔ خولنجاں ۲۵ گرام۔ سعد کوفی ۲۵ گرام۔

ترکیب تیاری

۱۔ ادویہ نمبر ۷ اور ۱۱ سے ۲۰ تک کو خوب پیس کر ۱۰۰ نمبر کی چھلنی سے چھان لیں۔

۲۔ ادویہ نمبر ۵، ۶، ۷، ۸، ۹ اور ۱۰ کو ہاون دستہ میں کوٹ کر ۵۰ نمبر کی چھلنی سے چھان لیں۔

۳۔ میدہ گندم کو ایک بڑی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور اول روغن گاؤ ملا کر اسے بھون لیں اور پھر روغن زیتون شامل کریں اور بھونتے جائیں یہاں تک کہ سرخی مائل ہو جائے پھر اس میں شہد ملا کر ہلاتے جائیں۔

۴۔ جب یکجان ہو جائیں تو آگ سے نیچے اتار لیں۔ اور اس میں سفوف نمبر ۱ شامل کریں۔

۵۔ پھر سفوف نمبر ۲ اس میں شامل کریں اور ہلاتے جائیں۔

۶۔ سرد ہونے پر چینی یا شیشے کے کھلے منہ والے مرتبان میں بھر لیں۔

فوائد: فساد خون، وجع المفاصل اور ضعف اعصاب کے لیے مفید ہے۔

استعمالات: ۱۔ فساد خون کے مریض عرق مصفی کے ہمراہ ۲، ۲ چمچ صبح و شام لیں۔ یہ چہرے کے کیل، چھائیاں اور موسم برسات کے جلدی فساد خون علاوہ آتشکی فساد خون کو بھی ختم کر دیتا ہے۔

۲۔ وجع المفاصل کے مریض ۱، ۱ چمچ دن میں تین بار مناسب بدرقہ سے لیں۔

۳۔ ضعف اعصاب بالخصوص گردن، کندھوں اور ٹانگوں کے عضلات کے کھچاؤ کے باعث ان اعضاء کے اعصاب کو لاحق ہوتا ہے اس میں بالخصوص مفید ہے۔ ایسے مریضوں کو ایک چمچ صبح ناشتہ کے بعد اور ایک رات سوتے وقت لینا چاہیے۔

پیشکش: سفیر حکمت میاں شاہد اکبر نقشبندی، نمائندہ خصوصی ماہنامہ اسرار حکمت محلہ چرنگیاں شیخوپورہ

●

• مجرّباتِ فاروق

معزز قارئین کرام! تقریباً دو تین ماہ سے طبیعت ناساز رہی اور کچھ حالات کی وجہ سے مجربات آپ کی خدمت میں بھیجنے سے قاصر رہا۔ اور کافی دوست احباب سے رابطہ منقطع رہا۔ اب آپ کی خدمت میں "مجرباتِ فاروق" میں سے چند تحفے گارنٹی شدہ پیش ہیں۔

حکیم فاروق اقبال نیوکرول، شالا مار ٹاؤن۔ لاہور

• **اکسیر جگر و گردہ، پیپ آنا، بواسیر بادی خونی**

مغز تخم ریٹھہ ایک تولہ۔ قلمی شورہ ۲ تولہ۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔

خوراک: ایک ماشہ صبح۔ ایک ماشہ شام۔ ہمراہ شربت بزوری۔

اکسیر لیکوریا

گل دھاوا، گل سپاری، موچرس، صمغ عربی، ہموزن سفوف بنالیں اور چینی دوگنی ڈالیں۔

۱ تا ۲ گولی صبح و شام ہمراہ دودھ۔

ساتھ ایک گولی حبِ ٹیبلیٹ شام کے وقت دیں۔

چند یوم میں شفا ہوگی۔ انشاء اللہ

• **نسخہ مقوی خاص**

لو بلڈ پریشر کے لیے۔

خمیرہ گاؤزبان عنبری ۲ ڈبی۔ دوا المسک معتدل سادہ ۱ ڈبی۔ کستوری خاص ۱ رتی۔

خوراک: ۲ تا ۳ ماشہ۔ ہمراہ آب نارنگی شادی شدہ ہے۔

تریاق معدہ

زنجبیل، اجوائن، ست لیموں، ساق دانہ، نوشادر، فلفل سیاہ، فلفل دراز، ہر ایک ۲ تولہ۔ نمک سیاہ ۵ تولہ۔

گیرو حسب ضرورت بطور رنگ۔

خوراک: ۱ ماشہ۔ معمول مطب ہے۔

بواسیر کے لیے مجرب گولیاں

سفید مرچ ۱ تولہ۔ کنڈیاری پودے کی زرد رنگ کی گولیاں ۲ تولہ۔

مٹر کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں۔

ایک گولی صبح چینی کے شربت سے۔ دوران کورس صرف دال مونگ دیں۔ کورس ۷ یوم۔

• **اکسیر کھانسی (لذیذ سفوف)**

ست ملٹھی ۱ تولہ۔ ست پودینہ ۱ ماشہ۔ چینی ۱ پاؤ۔ سفوف بنالیں۔

ایک ماشہ دن میں چار بار استعمال کروائیں۔ تریاق ہے۔

(یہ حکیم شہباز صاحب فیروز آباد شالا مار ٹاؤن کا عطیہ خاص ہے۔ معمول مطب ہے)

ہیئر آئل

سیکاکائی ۳ تولہ۔ آملہ خشک ۲ تولہ۔ بالچھڑ ۳ تولہ۔ روغن کنجد ۲۰ تولہ۔ روغن ناریل ۱۰ تولہ۔ حسب ترکیب تیل کریں۔

فوائد: بال خشک کر کے استعمال کریں۔ خشکی اور بالوں

کو دور کرنے میں مفید ہے۔

مجرب درد گردہ

● ریٹھا کا مغز ۱عدد۔ معتبر ۱ ماشہ۔ کوزہ مصری ۱ ماشہ۔ سفوف بنا کر تین کیپسول بھرلیں اور ایک cupsol ہمراہ پانی دے دیں۔

اس طرح وقفہ وقفہ سے تین cupsol دے دیں۔ کلی شفا ہو گی بفضل خدا تعالیٰ۔

تریاق گرمی مثانہ، جریان، احتلام، سرعت

گورکھ پان بوٹی، بوچلی بوٹی - ہموزن لے کر سفوف بنا لیں۔

ایک تولہ رات کو پانی میں گلاس میں بھگو کر صبح چھان کر پلائیں۔ چند روز میں مکمل شفا ہو گی۔ انشاء اللہ

عظیم خوشخبری عظیم تحفہ

امراض معدہ کے لیے نفخ، گیس، قبض، السر، جلن کے لیے ۱۰۰ فیصد کارتی شدہ سفوف شاہی تیار کیا ہے۔ کئی مریض صحت یاب ہوئے ہیں۔ ۵۰/- روپے کے ٹکٹ لگانے والے بھی رابطہ قائم کریں۔

حکماء کرام کے لیے فی کلو ۴۰۰/- روپے ہیں۔

بقیہ: تجربات مصوریہ

خوراک ہے۔ ایسی سات خوراکیں بنائیں۔ ایک خوراک کو ململ میں پوٹلی بنائیں اور ۳ سیر پانی میں بھگو دیں اتنا پکائیں کہ ۱ سیر پانی رہ جائے۔ مریض کو شام تک یہ پانی نیم گرم کر کے پلائیں دوسرے دن دوسری پوٹلی سے جوشاندہ تیار کریں اور پلائیں۔

اسی طرح سات روز پلائیں۔

خوراک کم اور زود ہضم کھلائیں۔ سوتے وقت گرم دودھ دیسی گھی ڈال کر پلائیں۔

فوائد: جملہ امراض رحم، رکی زیادتی، ہسٹریا، ورم رحم کے لیے مفید ہے۔

• تجرباتِ نذر

معزز قارئین کرام۔ قبل ازیں میں بتوسط میاں شاہد اکبر نقشبندی صاحب، اپنے نہایت ہی قابلِ قدر تجربات "اسرار حکمت" میں پیش کر چکا ہوں۔

دوستوں کی طرف سے حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔ مزید انتہائی مجرب نسخہ جات پیشِ خدمت ہیں۔ بنا کر آزمائیں اور ہماری مجلسِ مشکی کی داد دیں۔

خیر اندیش۔ پروفیسر حکیم نذر حسین نذر صاحب، جامعہ طبیہ اسلامیہ، سرگودھا روڈ، فیصل آباد

لوٹکیہ لقوہ

مغز جائفل ½ حصہ۔ جس طرف اثر زیادہ ہو اُس طرف منہ میں رکھ کر چوسیں۔

دورانیہ استعمال: ایک ہفتہ کم از کم یا پندرہ دن۔

تین مریضوں پر استعمال کیا گیا۔

لیکوروک

ہوالشافی: صمغ مروارید کا پاؤ۔ روغن سرشت حسب ضرورت۔

ترکیب: صمغ مروارید کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے کوزہ گلی میں ڈال کر روغن اتنا ڈالیں کہ صمغ ڈوب جائے۔ گل حکمت کر کے دس سیر کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔

مقدار خوراک: ۵۰۰ ملی گرام کیپسول ۱+۱ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

لیکوریا کے لیے اکسیری حکم رکھتا ہے۔

حب ممسک

جند بیدستر، جائفل، عقرقرحا، تریاک ہر ایک ہموزن۔

نخودی گولیاں بنالیں۔

صفرادی مزاج کے لیے

ہوالبلی، تالمکھانہ، سفوف۔

۵۰۰ ملی گرام تا ۱۰۰۰ ملی گرام - ۱+۱

روغن گل منڈی

۱۰۰ گل منڈی - روغن کنجد ½ کلو۔

پھولوں کا پانی حاصل کر کے روغن میں ڈال کر جلا لیں تیار ہے۔ بالوں کو لگائیں۔ بال لمبے کرتا ہے۔ خشکی سکری ختم اور گرنے سے روکتا ہے۔

الیکٹرک پاور حبوب

- عقرقرحا ۱۰ گرام - خولنجان ۱۰ گرام - مغز تخم کونچ ۱۰ گرام - تریاق (تریاک) ۳ گرام۔

۱۱۸ گولیاں (۲۵۰ ملی گرام کی)

خوراک: ۱+۱ گولی ہمراہ دودھ۔

منی، ممسک، محرک، دافع درد، دافع سستی، کسلمندی انجکشن کی طرح کام کرتی ہے۔

قارئینِ اسرار حکمت کو نیا سال مبارک ہو۔

ہو سکتا ہے کان میں پیپ بن رہی ہو۔ اس لیے کان کے درد کو معمولی سمجھ کر نظر انداز نہیں کرنا چاہیے بلکہ جلد از جلد علاج کرائیں۔ اگر فوری علاج نہ کرایا جائے تو پیپ کان کے پردے کو پھاڑ کر باہر نکل آتی ہے۔ اگر اس مرحلہ پر علاج کرا لیا جائے تو کوئی اثر نہیں پڑتا اور قوت سماعت زائل ہونے سے بچ جاتی ہے۔

کسی تیز نوکیلی شے کو کبھی کان میں نہ ڈالیں بعض لوگ عموماً ماچس کی تیلی، بالوں کی پن، پنسل یا کسی اور چیز سے کانوں کو چھیڑتے رہتے ہیں جو کہ انتہائی خطرناک بات ہے۔ اس سے کان کا حساس پردہ زخمی ہونے کا اندیشہ رہتا ہے۔ وقتاً فوقتاً کان کی صفائی کسی ماہر امراض سے کراتے رہنا چاہیے۔

اکثر مریض جو کہ کان میں درد اور پیپ کی شکایت کرتے تھے۔ میں نے ان کے لیے عرق پیاز تجویز کیا جس سے ان کی بیماری جاتی رہی۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ صاف پیاز لے کر کوٹیں اور کپڑے کے ذریعہ پانی نکال لیں۔ اور ایک ایک قطرہ دونوں کانوں میں ڈال کر دو منٹ کے لیے روئی (کاٹن) سے کان بند کر دیں انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔

کھانسی بلغمی: لونگ، جائفل، بگھاں، مرچ سیاہ ہر ایک ۱ تولہ۔ سونٹھ ۵ تولہ۔ شیرہ سیب ۱ تولہ۔ ۱ تولہ روزانہ استعمال کریں۔

دیگر: دارچینی، الائچی خورد ہر ایک ۲ تولہ۔ طباشیر ۸ تولہ۔ مصری ۱۶ تولہ۔

روزانہ ۳ ماشہ دودھ سے۔

دیگر: ہلدی، مرچ سیاہ، بگھاں، منقیٰ، راسنا، کچور، ہموزن۔ ۳ ماشہ شربت شہد سے۔

• مجربات منہاس

حکیم محمد ارشد منہاس، مرکز شفاء دواخانہ، محلہ بہاولپور
کتوے روڈ حافظ آباد

محترم المقام جناب سفیر حکمت میاں شاہد اکبر نقشبندی صاحب میرے دواخانہ میں تشریف لائے۔ اس خوشی کے موقعہ پر میں اپنے نہایت ہی پیارے پیارے مجربات آپ کی نذر کرتا ہوں بنائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔

• معجون اسپند خاص

زعفران نہایت اعلیٰ قسم ایک ماشہ، ریگ ماہی چھ ماشہ، جائفل ۱ تولہ۔ جلوتری ۱ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ۔ عقرقرحا ۱ تولہ۔ اسپند سوختہ اڑھائی تولہ۔ شہد تین گنا میں معجون بنالیں۔

استعمال: چھ ماشہ تا ۹ ماشہ ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: مقوی اعضاء رئیسہ، مقوی مثانہ اور نہایت مقوی باہ ہے۔

اکسیر خاص المعروف جریانی

شقاقل مصری ۱ تولہ۔ ستاور ۱ تولہ۔ تج ۱ تولہ۔ تخم املی کلاں ۱ تولہ۔ گوند کتیرا ۱ تولہ۔ تالمکھانہ ۱ تولہ۔ موصلی سفید ۱ تولہ۔ تخم بھنگ ۱ تولہ۔ موصلی سیاہ ۱ تولہ۔ کشتہ قلعی اکسیری ۱ تولہ (نہایت عمدہ خود تیار کریں) آسند سنگھاڑہ ۲ تولہ۔ چھلکا اسبغول ۵ تولہ۔ چینی ۱۰ تولہ۔ سفوف بنالیں۔ تیار ہے۔

استعمال: ۶ ماشہ تا نو ماشہ ہمراہ پانی یا دودھ کھلائیں۔

فوائد: احتلام، جریان اور سرعت انزال کا خاتمہ کرتی ہے۔

میرے مجربات

حکیم ڈاکٹر حاجی محمد یعقوب صاحب۔ نورانی شفاخانہ۔ نزد محصول
چونگی جیکس روڈ شیخوپورہ

دوائے یعقوبی

ہوالشافی: سہاگہ سفید بریاں، دار چینی۔

تیاری: ہموزن لے کر پیس کر ملا رکھیں تیار ہے۔

استعمال: ایک ماشہ تا حسب ضرورت بمطابق مرض۔

فوائد: تنگی سانس، نزلہ زکام، ریشہ بلغم، دردیں، بالخصوص ماہواری کے دوران یا قبل از ماہواری (تین چار دن قبل کھلائیں) معدہ کی تبخیر کے لیے مفید ہے۔ نیز امراض اطفال میں بھی اس کا استعمال کرائیں۔ نہایت آسان نسخہ ہے اور فوائد اس کے بے شمار ہیں۔ طبیب اپنی سمجھ کے مطابق جہاں چاہیں استعمال کرائیں۔

اکسیر ہاضم معدہ یعقوبی

ہوالشافی: گندھک آملہ سار شدہ تر ۲۵ گرام۔
اجوائن دیسی ۵۰ گرام۔ پودینہ خشک ۵۰ گرام۔

تیاری: کوٹ پیس کر ملا رکھیں۔ تیار ہے۔

استعمال: ۲، ۲ ماشہ صبح و شام بعد از غذا ہمراہ عرق سونف، عرق مکو کھلائیں۔

فوائد: ہاضم معدہ، درد معدہ، درد پیٹ ہر قسم کے لیے مفید و مجربات سے ہے۔

نوٹ: میاں شاہد اکبر نقشبندی کے بار بار اصرار پر یہ دونوں صدری مجربات قارئین "اسرار حکمت" کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

ان کو ضرور بنائیں اور پھر ہمارے ایثار کی داد ضرور دیں۔

۲ تولہ۔ انجیر ۴ عدد۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔ کشتہ فولاد ۲ تولہ۔ لوناسجی ۲ تولہ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ۔ جوکھار ۲ تولہ۔ آب گھیکوار ۲ تولہ۔

بناوٹ: تمام اجزا کو سفوف بنا کر گھیکوار کے پانی میں کھرل کریں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: ایک گولی صبح ایک گولی شام کھانا کھا کر پانی سے استعمال کروائیں۔

انشاء اللہ جگر اور تلی (طحال) کے لیے ایک عمدہ دوا ہے۔

کشتہ شنگرف

برائے عام مردانہ کمزوری، اعصابی کمزوری، کمی خون۔

نسخہ: شنگرف ۱ تولہ۔ شیر مدار ۲۰ تولہ۔

بناوٹ: شنگرف رومی ۱ تولہ کو ایک پاؤ شیر مدار میں کھرل کریں اور پھر مٹی کے نئے کوزے میں گل حکمت کر کے ہوا سے محفوظ جگہ پر چند سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اگلے دن سرد ہونے پر نکال لیں۔ کھرل میں رگڑ لیں۔ دوائی تیار ہو گئی۔

خوراک: عام مردانہ کمزوری میں ایک چاول مکھن یا بالائی میں رکھ کر مریض کو کھلا دیں اور بعد میں ایک کلو نیم گرم دودھ پلا دیں۔ یہ مقوی اعصاب اور مولد خون بھی ہے۔ مکھن گھی زیادہ استعمال کریں اگر پیاس لگے دودھ پلائیں۔

پرہیز: گھی بادی، تیل والی ترش اشیاء سے پرہیز کروائیں۔

سات خوراک کافی ہے۔ پھر ناغہ کریں ایک ماہ بعد پھر استعمال کریں۔

روغن دافع درد مفاصل

جوڑوں کے درد کا تیل۔

نسخہ: تخم مالکنگنی ۳ تولہ۔ تخم حرمل ۳ تولہ۔ لونگ ۵ ماشہ۔ عقرقرحا ۱ تولہ۔ جائفل ۶ ماشہ۔ کچلہ مع جلد ۲ تولہ۔ تیل کنجد (تل کا تیل) ایک پاؤ۔

بناوٹ: تل کا تیل لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں باقی ساری چیزیں اس میں ڈال دیں۔ جب ساری چیزیں جل جائیں تیل تیار ہے۔ اتار لیں چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ ضرورت کے وقت مریضوں کو مالش کروائیں۔

فوائد: فالج، لقوہ، گنٹھیا، نقرس، جوڑوں کے درد کے لیے فائدہ مند ہے۔

سنگرہنی

نسخہ: تخم میتھرے ۵۰ گرام۔ گندھک آملہ سار ۵۰ گرام۔ ملٹھی ۵۰ گرام۔

بناوٹ: تینوں اجزاء مساوی الوزن سے سفوف بنالیں۔

خوراک: صبح و شام ایک ایک ماشہ تازہ پانی سے مریض کو استعمال کروائیں بے حد فائدہ مند ہے۔

سنگرہنی وہ موذی مرض ہے جو مریض کا جلدی سے ساتھ نہیں چھوڑتی اس لیے اسے سنگ رہنی یعنی ہمیشہ ساتھ رہنے والی بیماری کا نام دیا گیا ہے یہ نسخہ اگرچہ سادہ ہے لیکن فائدہ مند ہے۔

اکسیر جگر گولیاں

نوشادر ٹھیکری، نمک لاہوری، نمک سیاہ، سہاگہ، زرچوبہ، ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ کابلی، واوڑنگ، فلفل سیاہ، زنجبیل۔

بناوٹ: سب اجزاء ہم وزن لے کر کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

عرق گلاب میں رگڑ کر چنے کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: کھانا کھا کر ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام کو پانی سے کھلادیں۔

مجربات صدیقی

حکیم محمد فاروق حسن صدیقی، مکہ بیگم مرجع پور تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

نسخہ تبخیر معدہ و قبض دائمی دور کرنے کے لئے

گودہ خلال، ہلدی۔ دونوں ہموزن لے کر باریک شدہ ہیں نمک لاہوری برابر وزن ملالیں۔ (یعنی دگنا)

اب روزانہ تین ماشہ خوراک ہمراہ ایک پاؤ دودھ رکھیں اکیس روز کے استعمال کے بعد کبھی انشاء اللہ تبخیر نہ ہوگی۔

حب سیاہ برائے بواسیر ایک خواہیر سے بواسیر کا خاتمہ

رسونت اصل ½ پاؤ لے کر اسے سادہ پانی میں گھول کر چھان لیں۔ اور پھر اس کو ایک روغنی برتن میں ڈال کر اس پر آب مردق مولی دیسی تھوڑا سا ڈال دیں چند روز میں خشک ہوگا اسے باریک کرکے پھر مولی کا پانی ڈال دیں۔ خشک ہونے پر پھر پیس لیں اور نتیجہ تین سیر پانی ختم ہونے پر ایک عمل مکمل ہوگا۔

اب گل ہارسنگھار سایہ میں خشک کر لیں۔

اب مغز جامگوٹہ ۱۰ تولہ پتے لے کر اس پر سر کہ انگوری بطریق مروقت جس طرح رسونت پر خشک آب مولی خشک کیا گیا ایک کلو خشک کریں۔ اب اسی طرح اس پر دو کلو آب لیموں مردق تھوڑا تھوڑا ڈال کر خشک کریں۔

اب جامگوٹہ مدبر اور رسونت مدبر ملالیں اور ہارسنگھار کے پھول باریک شدہ تھوڑے تھوڑے ڈالتے جائیں اور اس کی کٹائی دیتی کوٹتے جائیں اتنی یا پھر کی کونڈی کے اندر رہیں اور گولی بقدر چنا کابلی بنالیں۔

مریض کو صبح ایک پیالی چائے پلا کر ایک گولی دیں اور پانی سے مکمل پرہیز کرائیں مریض نہ پانی پیئے نہ ہی پانی سے استنجا کرے۔ ضروری ہے۔ انشاء اللہ ایک خوراک سے آرام ہوگا۔

نوٹ: یاد رہے اوزان ادویہ اور ترکیب میں فرق سے قطعی فائدہ نہ ہوگا عمل برباد نہ کریں۔

●

کشتہ فولاد ۶ ماشہ۔ چیری ۵ تولہ۔ نوشادر ۵ تولہ۔

تیاری: کوٹ پیس کر لیں تیار ہے۔

استعمال: تین ماشہ تک کھلائیں۔

فوائد: الٹی آنا، ہاضمہ کی خرابی کے لیے بہتر مؤثر فوائد میں نہایت سریع الاثر ہے۔

اکسیر شفا ڈاکٹر صفدر والی ●

چند اجزاء پر مشتمل یہ نسخہ نہایت کامیابی کے ساتھ مطب میں استعمال ہو رہا ہے کبھی بھی ناکام نہیں ہو گی بنائیں اور دعائے خیر سے یاد کریں۔

ہوالشافی: پتی چائے والی ۵۰ گرام۔ اجوائن ۱۰ گرام۔ سونف ۱۰ گرام چینی ۱۰۰ گرام۔

سفوف بنا کر ملا کر رکھیں۔

استعمال: ایک چمچہ صبح نہار منہ کھلائیں اور ایک چمچہ شام کو قبل از غذا کھلائیں۔

فوائد: دافع قبض، دافع پیچش، دافع جلن معدہ اور بھوک لگانے کے لیے نہایت مفید و مجرب ہے۔ عام طور پر ہمارے ہاں مستعمل ہے۔

اکسیر ذکاوت ڈاکٹر صفدر والی

ذکاوت حس ایسی بھرا مرض ہے کہ جس کو چمٹ جائے جانے کا نام ہی نہیں لیتی زندگی سے ممتنی اور ریاست کو فیل کر کے رکھ دیتی ہے۔ ویسے تو اس مرض کے ہمارے پاس اور بھی نسخہ جات ہیں لیکن یہ نسخہ بے حد آسان اور مفید ہے بنا کر دعاؤں میں یاد رکھیں بس یہی ہماری خواہش ہے۔

ہوالشافی: اسرول ۳ ماشہ۔ صندل ایک چھٹانک۔ کشنیز خشک ایک چھٹانک۔

تیاری: اچھی طرح کوٹ پیس کر سفوف بنا لیں۔

استعمال: چھ ماشہ تک صبح و شام پانی سے کھلائیں۔

فوائد: ذکاوت حس اور ہائی بلڈ پریشر کے لیے اس کا عمل جادو کا اثر کرتی ہے۔ نہایت مختصر اور آسانی سے تیار ہونے والا نسخہ بڑے بڑے قیمتی نسخہ جات کو پیچھے چھوڑ گیا ہے ضرور تیار کریں۔

کورس دوا چار پانچ روز ہے۔

اکسیر جریان (صفدر فارمیسی)

نہایت آسانی کے ساتھ تیار ہونے والا یہ سفوف چند ہی روز میں مرض جریان کا بیڑا غرق کر دیتا ہے۔ پہلے ذکاوت حس کی دوا استعمال کرائیں اور پھر بعد میں یہ دوا کھلائیں بفضلہ مرض جریان ختم ہو گا۔

ہوالشافی: ببول کی پھلی، تالمکھانہ، تخم لاجونتی، گوند کتیرا، کرکس، پوٹاشیم برومائیڈ، اسبغول اسبغول (تمام اجزا ہیں)

تیاری: تمام ادویہ ہموزن لیں اور اسبغول کے علاوہ کوٹ پیس کر پھر اسبغول ملا کر رکھ لیں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: جریان، احتلام اور ذکاوت کے لیے انتہائی مفید و مؤثر اور مجربات خصوصی سے ہے۔

● معجون مقوی دماغ ڈاکٹر صفدر والی

عزیز قارئین کرام! آخر میں جو نسخہ آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ یاد رکھیں یہ تحفہ میں صرف اور صرف میاں شاہد اکبر نقشبندی صاحب مدیر حکمت کے جذبہ ایثار اور قربانی مجربات کو سامنے رکھ کر آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ میرا انتہائی صدری راز ہے جو کہ بلا بخل آپ کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے۔ گر قبول افتد زہے عز و شرف

ہوالشافی: کندر، وچ، سعد کوفی، زنجبیل، فلفل سیاہ سب ہموزن۔ تیاری: کوٹ پیس کر سب ہموزن کر کے سہ چند عسل خالص چھوٹی مکھی ملا کر رکھیں۔

استعمال: ایک ایک چمچہ صبح و شام کھلائیں۔

فوائد: دافع نسیان، مقوی دماغ، دافع مراق، اور سوداء کے لیے آب حیات ہے۔

بنائیں اور ہمارے خلوص کی قدر کریں۔

مجربات رحمت

حکیم حاجی رحمت اللہ صاحب، سکنہ مرادے خورد، ڈاکخانہ پیرکوٹ، تحصیل و ضلع شیخوپورہ

سیلان الرحم

کیس بہروزہ (ٹاٹا ئی سلفاس) ۳ ماشہ کی ۱۱ پڑیاں بنالیں۔

ایک پڑیہ صبح ہمراہ پانی کھلائیں۔ مرض پرانا ہو تو صبح و شام کھلائیں۔

قے اسہال

کپور کچری ۱۲ تولہ۔ زہر مہرہ خطائی ۶ تولہ۔ گولی بقدر مونگ بنائیں۔

بچوں کو دانہ مونگ والی بڑوں کو نخودی گولی کھلائیں۔

لیکوریا

پھٹکڑی سفید، صدف صادق ہر ایک آدھ آدھ پاؤ۔ کھرل کرکے کوزہ گلی میں ڈالیں اور شیرمدار سے تر کر دیں اور گل حکمت کرکے ۲۰ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔

خوراک: ۲ رتی صبح مسکہ سے ۶ رتی عمر بالائی کے ساتھ یا دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

برائے بخار ہر قسم

ملیریا، ٹائیفائیڈ، بخار جو جان نہ چھوڑے، بخار ختم ہوگا۔

1 - Calpol - 1 APC -
1 - Chloroquine
1 - Chloromycetine cap

یہ ایک خوراک ہے ہمراہ دودھ یا چائے کھلائیں۔

جریان احتلام

بیجبند، سلارا ہموزن۔ سفوف ۳ ماشہ صبح کو لسی سے شام کو پانی کے ساتھ کھلائیں۔

برائے دردِ شکم

سورنجاں تلخ، صبر سیاہ، فلفل سیاہ، ہلیلہ سیاہ، تربد سفید ہر ایک ہموزن۔

سفوف بنا کر گوندہ گھیکوار میں کھرل کرکے گولیاں بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔

خوراک: ایک گولی ہمراہ پانی صبح نہار منہ۔

لیکوریا

سنگجراحت ۱۰ تولہ۔ سرد چینی ۵ تولہ۔ سمندر سوکھ ۵ تولہ۔ سفوف بنائیں۔

ایک ماشہ ہمراہ باسی پانی صبح کھلائیں۔

- ہاتھی کی تازہ لید لے کر سایہ میں خشک کریں۔ ایک ماشہ سفوف کیپسول میں بھر لیں اور پانی سے کھلائیں۔ ایک سال کے لیے کافی ہے۔ ۱۲ کیپسول کھلانے سے تا زندگی حمل نہ ہوگا۔

ٹھنڈک

- تخم کاہو، تخم کاسنی، تخم خرفہ سیاہ ۵ تولہ، چینی ۱۲ تولہ۔ سفوف بنائیں۔
- ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ صبح و شام۔

مقوی دماغ

مغز سولف ۱۰ تولہ۔ مغز کشنیز ۱۰ تولہ۔ خشخاش سفید ۱۰ تولہ۔ مغز چارے ہر ایک ۱۰، ۱۰ تولہ۔ مغز بادام ۲۰ تولہ۔ مربہ ہلیلہ کلاں ۴۰ تولہ۔ علیحدہ علیحدہ کھرل کرکے مربہ ہلیلہ کلاں میں ملالیں۔

بہترین نسخے

حکیم حاجی اصغر علی کمبوہ فرمان یونانی شفاخانہ بوبی مسکی فیصل آباد روڈ ضلع شیخوپورہ

روغن خون مصفا

نیم کی مولی آدھا کلو۔

بناوٹ: روغنی کپی میں نیچے چار پانچ سوراخ کر کے کوٹ کر اس میں نیم کی مولی ڈال دیں۔ گل حکمت کر کے خشک کر لیں۔ ۲۰ کلو اوپلوں کی ہوا سے محفوظ جگہ پر آگ دیں۔ کپی کے نیچے گڑھا نکال کر اس میں پیالی رکھ دیں۔ اس طرح جو تیل حاصل ہوگا شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک: مریض کو ۲ بوند تیل دودھ میں ڈال کر صبح و شام پلا دیں۔

فوائد: مصفی خون ہے پھوڑے پھنسی خارش، ذھدر، چنبل کے لیے فائدہ مند ہے۔

اکسیر سنگرہنی

چار تولہ کڑا چھال باریک سفوف بنا کر سات پڑیہ ہموزن بنالیں۔

روزانہ ایک خوراک دہی آدھا کلو یا پختہ لسی سے مریض کو کھلا دیں۔

انشاء اللہ سنگرہنی سے آرام آجائے گا۔

مسّے بواسیر

مردہ سنگ ۲۰ گرام۔ مشک کافور ۲۰ گرام۔ سفوف بنا کر ہموزن مکھن گائے میں حل کر کے صبح دوپہر شام بواسیر کے مسوں پر لگائیں۔ تین چار دن میں انشاء اللہ مریض کو آرام آجائے گا۔

ماخورہ، دانت ہلنا، منہ سے بو آنا

گوشت خورہ، مردہ سنگ، رال سفید، گندھک آملہ سار، نیلا تھوتھا، مشک کافور۔ طباشیر۔

بناوٹ: سب چیزوں کو ہموزن لے کر الگ الگ سفوف بنا کر ملالیں۔

استعمال: مریض صبح و شام دو ماشے سفوف لے کر دانتوں پر ملیں اور منہ سے جو پانی نکلے باہر پھینک دیں۔

دو ہفتے استعمال کرنے سے دانت بالکل مضبوط ہو جائیں گے۔ اور باقی بیماریاں بھی درست ہو جائیں گی۔

جریان، احتلام، کمزوری، سستی

موصلی سفید، تالمکھانہ، بیج۔

بناوٹ: ہموزن باریک پیس کر سفوف بنالیں اور بوہڑ کے دودھ میں گوندھ کر کوکن بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: رات کو سونے سے پہلے ایک گولی مریض کو نیم گرم دودھ سے کھلا دیں۔ دو ہفتے متواتر دوائی کھلا کر ناغہ کریں۔

جریان احتلام کے مریضوں کے لیے اور مردانہ کمزور مریضوں کے لیے بہت فائدہ مند۔

گنٹھیا (جوڑوں کا درد)

گوند چھوہارہ ½۲ تولہ۔ گوگل جنسیا ½۲ تولہ سہاگہ بریاں ۶ ماشہ۔ تیں سالم پیاز کا گڑ ۶ ماشہ۔

بناوٹ: چاروں چیزوں کو یکجا کر کے آٹرن پر رکھ کر تین سو ضربیں لگائیں۔ گرم گرم کی دانہ مکئی کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: رات کو مریض کو ایک چھٹانک گھی کھلا کر ایک گولی کھلا دیں اور چائے پلا دیں۔ اس طرح چار ہفتے تک ایک

گولی روزانہ کھلائیں۔

جسم موٹا کرنے کی دوا

موصلی سفید، ثعلب مصری، تخم ریحان برابر وزن سو سو گرام لیں۔

بناوٹ: پہلی دونوں چیزیں باریک کوٹ کر سفوف بنا لیں تخم ریحان سالم ملالیں۔

خوراک: تین ماشہ دوائی آدھ سیر گرم دودھ میں پہلے دیسی مرغی کا ایک انڈا پھینٹ کر مصری ملا کر ملالیں۔ مریض کو رات کو پلا دیں۔

انشاءاللہ دو ہفتے میں مریض کا جسم موٹا ہو جائے گا۔

● اکسیر قوت باہ

جڑ پان ۴ تولے۔ چھوہارے خستہ ۴ تولے۔ ثعلب مصری ۴ تولے۔ موصلی سیاہ ۲ تولے۔ موصلی سفید ۲ تولے۔ الائچی خورد ۲ تولے۔ بوڑھ کا دودھ ۱۰ تولے۔

بناوٹ: سب سے پہلے سب ادویہ کو الگ الگ سفوف بنالیں اور پھر بوڑھ کا دودھ ملا کر رگڑائی کریں اور کوکن بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: مریض کو چار گولی صبح خالی پیٹ ایک کپ دودھ سے کھلا دیں۔ رات کو چار گولی دودھ سے مریض کو کھلا دیں۔

پرہیز: کھٹی بادی چیزوں سے مریض کو پرہیز کرائیں۔ مرغن غذا کھلائیں۔ مکھن گھی زیادہ استعمال کروائیں۔

سوزاک کے لیے اکسیری گولیاں

طباشیر ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۵ عدد۔ پیپل کی جڑ کی چھال ۴ تولہ۔ کوزہ مصری ۵ تولہ۔

بناوٹ: سب ادویہ کو باریک کرلیں دیسی شہد کی مدد سے کوکن بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: ایک گولی صبح گائے کی لسی سے مریض کو کھلا دیں۔

ایک گولی شام کو مریض کو پانی سے کھلا دیں۔

● تبخیر معدہ، جوارش شاہی

گلقند ایک پاؤ۔ زرشک ایک پاؤ۔ مربہ آملہ آدھا کلو۔ مربہ بلیلہ آدھا کلو۔ ورق نقرہ دو سو (دو دفتری)

بناوٹ: سب سے پہلے زرشک کو باریک کرلیں بعد میں دونوں مربوں سے گٹھلیاں نکال کر ملالیں پھر گلقند میں ساری چیزیں اچھی طرح ملالیں (کونڈی میں گھوٹ لیں) ڈبہ میں ڈال لیں۔ جوارش تیار ہے۔

خوراک: بعد از غذا صبح و شام دس دس گرام مریض کو کھلائیں۔ معدہ کی اصلاح ہوگی تبخیر معدہ درست ہو جائے گا۔

لقوہ فالج

زیرہ سفید ۱ تولہ۔ سونف تلخ ۱ تولہ۔ شنگرف رومی ۱ تولہ۔ میٹھا تیلیہ ۱ تولہ۔ پھٹکری ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔

بناوٹ: سب چیزوں کا الگ الگ سفوف بنا کر ادرک کے پانی میں کھرل کریں۔ اور ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔

خوراک: مریض کو ایک گولی صبح ایک گولی شام پانی سے کھلا دیں۔

نوٹ: ایک کلو ادرک کے پانی میں ساری چیزوں کے سفوف کو کھرل کریں۔

گذشتہ سے پیوستہ

● اگر کسی کو شراب کا نشہ زیادہ ہو گیا ہو تو مولی پر سفید پھٹکری لگا کر کھلا دیں اس کا نشہ فوراً دفع ہو جائے گا۔

● اگر کسی کو دیوانہ کتا یا گھریلو کتا کاٹ لے تو فوراً لسوڑہ کے ایک تولہ پتے اور پندرہ عدد کالی مرچ دونوں چیزیں گھوٹ کر پانی ملا کر پلا دیں۔ بہت مجرب ہے۔

● اگر کسی کو کنکھجورا کاٹ لے تو کالی مرچ مٹی کے تیل

میں پیس کر لگادیں خدا چاہے شفا ہو جائے گی۔

● اس نقش کو سیاہی سے کورے کاغذ پر جس کسی کے لیے آپ چاہیں اس کے دروازے پر دبا دیں۔ اس کے گھر میں ہر وقت لڑائی ہوگی جب آپ چاہیں گے اکھاڑ کر پھینک دیں امن ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے۔

۱۸۶

۳۱	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱
۳۱	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱
۳۱	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱	۳۱

● اگر کسی کو اس کا حق نہ ملتا ہو تو ہر وقت یہ آیت پڑھے۔ انشاء اللہ جلد پڑھنے والے کا حق مل جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یا مالک الحق المبین ۝

اپنے حق کے لیے ہر وقت پڑھیں اجازت ہے۔

● حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب بندہ یا رب یا رب کہتا ہے رب عزوجل فرماتا ہے لبیک اے میرے بندے مانگ کر تجھے دیا جائے۔

تعزیتی اجلاس

ماہنامہ اسرار حکمت کے دفتر میں زیر صدارت ایڈیٹر جناب حکیم عبدالرشید چوہان صاحب ایک تعزیتی اجلاس ہوا اس میں معروف طبی راہنما حکیم شرف الحق کی وفات پر شدید رنج وغم کا اظہار کیا گیا۔ اور مرحوم کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔ اور بلندی درجات کے لیے دعا کی گئی۔

شکار ہو کر صرف مجربات کی تلاش میں لگ گئے ہیں۔
(بس یہی وجہ ہے کہ ہماری ترقی کی رفتار ڈگمگا رہی ہے)
مجربات کی ضرورت اور [illegible] اپنے مقام پر بہت
ہے لیکن یہ مجربات طبی اصولوں کے مطابق ہوں۔
میں اہل فن سے التماس کرتا ہوں کہ خدارا اپنے اصولوں
پر چلیں اور صرف ایسے مجربات کو ہی اپنائیں جو طبی تقاضوں کے
مطابق ہوں، تو

(کامیابی ہمارے قدم چومے گی)

ان مرکبات میں حار، بارد، یابس اور رطب کا ضرور
خیال رکھیں جیسے اطباء قدیم نے مفرد ادویہ کے مزاج قائم کئے
ہیں (سرد تر، سرد خشک، گرم تر، گرم خشک، تر گرم، تر سرد،
خشک گرم، خشک سرد) یہی مزاج ہمارے جسم میں بھی پائے جاتے
ہیں اس سے ہم طب قدیم کا طرز علاج (علاج بالضد) جو
قرآن کریم سے بھی ثابت ہوتا ہے اس کے مطابق علاج
کرسکیں گے۔ اور یہی زیادہ مقبول ہے۔

اگر ہم مجربات کی دوڑ میں کسی نسخہ کو مجرب قرار دے
کر اس میں تمام نوع کی اشیاء شامل کر دیں بغیر کسی حار، بارد
اور رطب و یابس کا خیال رکھے۔ اور ضروری قرار دے دیں
یہ طب کے قوانین کے خلاف ہے اور ایسے نسخوں کا استعمال
صرف اور صرف عطائیانہ ہے ان سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔

اب میں جناب کی خدمت میں دو عدد ایسے نسخہ جات
پیش کرتا ہوں جو ان تقاضوں کو پورا کرتے ہیں امید ہے
اطباء کرام ان کو پسند کریں گے اور آئندہ ایسے ہی مجربات کو
منظر عام پر لانے کی کوشش کریں گے۔

الصدق کشتہ فولاد آبی

ہوالشافی: برادہ فولاد خالص حسب ضرورت لے کر
تین چار دن تک ترشی دہی میں رکھیں اس کے بعد اس کو
نکال کر پانی سے دھولیں اور کسی چینی یا شیشے کے برتن میں ڈال
کر اس کے اوپر دہی کیکر کی پھلیوں کا رس نکال کر اس قدر
ڈالیں کہ اس برادہ کے دو تین انگل اوپر تک آجائے۔ اب
اس کو محفوظ رکھیں اور جب رس خشک ہو جائے تو اور ڈال
دیں۔ انشاء اللہ تیسری مرتبہ ڈالنے سے کشتہ فولاد بہترین تیار
ہو جائے گا۔ جو کہ سرخی مائل ہوگا پیس کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک ایک رتی تک۔ لاغر مریضوں کو مکھن سے
دیں جو کہ ۴، ۵ مرتبہ پانی سے دھلا ہوا ہو۔ اور فربہ مریض
کو مربہ آملہ سے کھلائیں۔

فوائد: ایسے مریض جن کے جسم میں بلغم کی زیادتی ہو کر
جگر کا فعل خراب ہو گیا ہو جسم کا رنگ سفید اور خون کی کمی ہو
ان کے لیے جواہرات سے بڑھ کر ہے۔ مربہ آملہ سے دیں۔
بلغم کو کم کر کے خون کو بڑھائے گا اور رنگ کو سرخ کر دے گا۔
اور ایسے مریض جو کسی حادثہ وغیرہ سے یا طویل بیماری میں رہنے
کی وجہ سے خون کی کمی کے مریض ہوں ان کو دھلے ہوئے مکھن
سے دیں۔ انشاء اللہ چند دنوں میں تمام قسم کی خصلاتی کمزوری
دور ہو کر مریض تندرست و توانا ہو جائے گا۔

الصدق معجون مقوی باہ

ہوالشافی: سفوف تخم طیخ مسلی چانسہ ۵۰ گرام، سفوف
پیاز بریاں ۵۰ گرام۔ دانہ الائچی کلاں ۵۰ گرام۔ شہد خالص
۳۰۰ گرام۔

تمام کو مکس کر لیں بس معجون مقوی باہ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام ہمراہ جوشاندہ دار چینی ۳ گرام
صبح و شام۔

انشاء اللہ وہ فوائد حاصل ہوں گے جن کے آپ
متلاشی ہیں۔

مقوی ٹانک

ست سلاجیت، ریگ ماہی، کشتہ فولاد ہر ایک ۵ تولہ، مرچ سیاہ
۲ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔

مردانہ کمزوری ضعف [illegible] ہے:

ٹھنڈک کے ساتھ ہی ملا کر استعمال کرتے ہیں۔ اس سے گرمی خشکی کانوں میں شاں شاں اور دل پر کسی قسم کی گرمی کا اثر محسوس نہیں ہوتا۔

ٹھنڈک ہر قسم کے خون کو جو اندر سے آرہا ہو بند کر دیتی ہے مثلاً خون بواسیر، استحاضہ، نکسیر یعنی منہ ناک معدہ مقعد گردہ خانہ رحم سے خون آرہا ہو تو دو ماشہ ٹھنڈک ہمراہ شربت انجبار دیں یا چاولوں کی پیچ کے ہمراہ دیں۔

دوائے احتلام

ہوالشافی: ست مازو (ٹینک ایسڈ)، تخم دھتورہ سیاہ، کتھ سفید مصفیٰ، گل نوفل، کشتہ شاخ مرجان، کشتہ گئودنتی، آرد نخود بریاں مقشر، مساوی الوزن ملا کر سفوف بنائیں۔ (کل ۷ اجزاء ہیں)

● خوراک: ۴ رتی صبح ۴ رتی شام دودھ سے کھائیں۔

دیگر

آرد نرجیلہ، آرد دھرکونہ ۲+۲ ماشہ۔ مغز تخم نرس ۹ ماشہ۔ تخم کاہو ۹ ماشہ۔ تخم خرفہ ۹ ماشہ۔ برگ کشنیز خشک ۹ ماشہ۔ سندر سوکھ ۹ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۷ ماشہ۔ جوز مائل ۵ ماشہ۔ تخم دھتورہ، ست سلاجیت ۵ ماشہ۔ کشتہ ابرک سفید ۵ ماشہ۔ کشتہ قلعی ۵ ماشہ۔ کشتہ حجر یا کاربونیٹ آف آئرن ۵ ماشہ۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۹ ماشہ یا اس کی بجائے چھوٹی چندن بوٹی ۳ تولہ ملا کر قرص ۵ گرین بنائیں۔

فوائد: یہ دوا ہر قسم کے جریان، احتلام، سرعت، رقت ذکاوت کے لیے اکسیر اعظم ہے۔

علاوہ ازیں یہ دوا سیلان الرحم کے لیے بھی ایک بے نظیر دوا ہے۔ سیلان کا موذی مرض اگر زیادہ دیر تک قائم رہے تو رحم کو اس قدر کمزور کر دیتا ہے کہ استقرار حمل اول تو ہوتا ہی نہیں اگر حمل ہو بھی جائے تو رحم کی کمزوری کی وجہ سے گر جاتا، ساقط ہو جاتا ہے۔ یا بچہ اتنا نحیف ہوا کرتا ہے کہ کمزوری کی وجہ سے آئے دن طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہو کر اکثر تلف ہو جایا کرتا ہے۔ ان جملہ شکایتوں میں یہ قرص ایک عدد مندرجہ بالا سفوف دوائے احتلام بقدر ۴ رتی میں رکھ کر کھایا جائے تو اس موذی مرض سے ہمیشہ کے لیے نجات حاصل ہو جاتی ہے اور سیلان رحم کی کبھی شکایت سامنے نہیں ہوتی۔ یہ قرص رحم کی تمام شکایتوں کو دور کر کے رحم کو طاقت پہنچاتے ہیں۔ رحم کو استقرار حمل کے قابل بنا دینا ان کا خاص فعل ہے۔

خوراک: ایک قرص سے ۲ قرص تک صبح و شام ۴ رتی یا ایک ماشہ دوائے احتلام میں رکھ کر نیم گرم دودھ سے کھلائیں۔

پرہیز: گڑ، تیل، اچار، چٹنی، انڈا، مچھلی اور دیگر گرم اشیاء سے لازمی ہے۔

● معجون مقوی قلب آزمودہ بارہا بار

ہوالشافی: مغز بادام ۵۰ گرام۔ کشتہ مرجان نہایت عمدہ ۲۵ گرام۔ الائچی خورد نہایت عمدہ ۲۵ گرام۔ ورق نقرہ اصل کلاں ایک دفتری۔ مربہ سیب تخم دور کردہ ۲۵۰ گرام۔ مربہ گاجر نہایت عمدہ ۲۵۰ گرام۔ مربہ آملہ کلاں نہایت عمدہ تخم دور کردہ ۲۵۰ گرام۔ مربہ بہی تخم دور کردہ ۲۵۰ گرام۔ مربہ ہلیلہ کلاں نہایت ہی عمدہ تخم دور کردہ ۲۵۰ گرام۔

تیاری: مغز بادام، کشتہ مرجان، الائچی خورد، ورق نقرہ کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے ملائیں اور پھر مربہ جات کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر رگڑائی گھوٹائی کریں اور ملا کر پھر خوب کونڈے میں ڈال کر گھوٹائی کریں۔ یہ کام ذرا محنت طلب اور صبر آزما ہے لیکن اس محنت کا صلہ بہت ہی اچھا ہے۔

استعمال: ایک چمچہ صبح ایک چمچہ دوپہر اور ایک چمچہ شام کو کھلا دیں۔ بوقت ضرورت بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

فوائد: ضعف قلب کے لیے ہمارا بارہا کا آزمودہ ہے۔ اس کی ایک ہی خوراک مریض کو اپنے مسیحائی اثرات کا پتہ دے دیتی ہے۔

حاملہ عورتوں کو اکثر یہ معجون استعمال کروائی جاتی ہے۔ جس سے ضعف قلب دور ہو کر حاملہ کا چہرہ ہشاش بشاش رہتا

(باقی صفحہ ۲۳ پر)

صدری مُجرّبات

حکیم محمد نواز بی اے معرفت حق نواز ٹیلیفون اپریٹر کھاد فیکٹری اسکندر آباد تحصیل و ضلع میانوالی

خاکسار "صدری مجربات" کے نام سے ایک کتاب لکھ رہا ہے جس میں حکیم نور محمد چوہان کی روح کو ثواب پہنچانے اور ملک کے دیگر غریب عوام کو صدری مجربات کے نسخہ جات و تعویذات شائع کر کے اشاعت کرنا چاہتا ہے تاکہ ان صدری مجربات سے فائدہ اٹھا کر اسرارِ حکمت کے ایڈیٹر اور خاکسار کو دعائے خیر سے یاد کرتے رہیں۔

کشتہ سم الفار قائم النار

سم الفار دو تولے۔ پوٹاشیم پٹاخوں والی چار تولے۔ دونوں کا باریک سفوف بنا کر ملا کر لوہے چینی کے برتن میں رکھ کر سلگتے ہوئے کوئلوں پر رکھ دیں دستی پنکھا کی ہلکی ہوا دو۔ دو منٹ میں پوٹاشیم دھواں معمولی دے کر اڑ جائے گی۔ اور سم الفار کو قائم النار جاری کر جائے گی۔ پھر اس میں سفید گلیسرین ملا کر آگ پر رکھیں تا کہ محلول بن جائے۔ اگر تانبے کو سرخ کر کے کئی بار اس محلول میں بجھا دیے جائیں تو تانبہ لاثانی ہو جائے گا۔ امراض مردانہ کی کمزوری نامردی میں اکسیر ہے۔ طلاء کے طور پر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

اکسیر نامردی

پارہ مصفی دس گرام۔ گندھک آملہ سار دس گرام دونوں کی کجلی بنائیں جب کجلی تیار ہو جائے تو تنگ ۵ گرام کھرل کر کے ملائیں پھر زردی بیضہ مرغ چار عدد میں کھرل کر کے جذب ہونے پر دانہ چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔ پہلے مصطگی رومی دس گرام چھلکا اسبغول چالیس گرام کو ملا کر سفوف بنائیں۔ اس سفوف کا چھ ماشہ سے ایک گولی رات کو دودھ کے ساتھ لیں۔

فائدہ: ہر قسم کی نامردی کے لیے اکسیری تحفہ ہے۔

حصول عزت توقیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بروز جمعرات سے بعد نماز عشاء چودہ سو مرتبہ روزانہ اکیس یوم تک برابر پڑھیں عزت بے شمار ہو گی جس سے آنکھ ملائے گا وہ مطیع ہو گا۔

اکسیر کھانسی

یہ نسخہ بنا کر میں اپنے مریضوں کو دیتا ہوں اس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔

ہوالشافی: برگ بانسہ چار تولے، ملٹھی، بنفشہ، گاؤزبان، کشمش کشمیری، انجیر ہر ایک دو دو تولہ۔ فلفل دراز، خطمی، عناب، خبازی، لسوڑیاں ہر ایک تولہ تولہ۔ چار کلو پانی میں ایک دن بھگو دیں پھر عرق نکالیں شربت بنا کر بوتلوں میں بھر لیں۔

فائدہ: پرانی نئی کھانسی تمام گلے کی سوجن میں بے حد مفید اور بے نظیر شربت ہے۔

خوراک: دو دو تولے صبح دوپہر شام لیں۔

وسعت رزق

صبح شام تین مرتبہ اس دعا کو پڑھے اللہ کی برکت سے سات پشت تک کسی کا محتاج نہ ہو گا۔

یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا رب یا حی یا قیوم یا ذالجلال والاکرام اسئلک باسمک العظیم الاعظم ان ترزقنی رزقا واسعا حلالا طیبا برحمتک یا ارحم الراحمین۔

مجربات تاثیری

تاثیر حیدر۔ کوٹ مراد۔ ڈاکخانہ پہاڑپور، براستہ زیمول بیراج، تحصیل و ضلع جھنگ

فولاد کمپاؤنڈ کیپسول

ہوالشافی: ہیراکسیس سبز دو حصہ۔ سوڈا بائیکارب ایک حصہ۔ سوڈا کو پانی میں حل کر لیں۔ ہیراکسیس کو کڑاہی میں ڈال کر تیز آنچ پر رکھیں۔ جب خوب گرم ہو جائے تو سوڈا والے پانی کا چھینٹا دیتے جائیں سہل ترین طریقہ سے کشتہ فولاد بررنگ سرخ تیار ہو گا۔ اچھی طرح خشک ہونے پر سفوف بنا کر خالی بازاری بڑے کیپسول بھر لیں۔ بس یہ نسخہ فولاد کمپاؤنڈ کیپسول کا ہے۔

جسم میں فولاد کی کمی دور کر کے صحت بحال رکھنے کے میرا معمول مطب ہے۔

ایک کیپسول روزانہ بعد غذا ہمراہ تازہ پانی۔

• نامردی، فالج و لقوہ کی ایک دوائی

ہوالشافی: زعفران خالص کشمیری چار حصہ سم الفار سفید ایک حصہ۔ ہر دو متواتر بارہ گھنٹے کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول خالی کیپسول میں بند کر کے ہمراہ دودھ یا شہد و مکھن و حلوہ میں بند کر کے روزانہ ایک خوراک دیں۔

نامردی کے لیے بنام "پیام شفا کیپسول" میرے مطب کا چلتا ہوا نسخہ ہے۔ اس کے ہمراہ "طلائے جرمن سپیشل" استعمال کروایا جاتا ہے۔

• طلائے جرمن سپیشل

یہ نسخہ مجھے استاد محترم سے موصول ہوا ہے آپ کو یہ نسخہ ایک جرمن ڈاکٹر سے ملا تھا۔ اسی مناسبت سے اس کا نام طلائے جرمن سپیشل رکھا گیا ہے۔

بنانے میں نہایت آسان، فوائد میں بے مثال، مضر اثرات سے پاک۔ رات سوتے وقت چند قطرے عضو کی پشت پر مالش کریں۔ صبح نیم گرم پانی سے دھو لیں۔ سرد پانی سے بچائیں۔

ہوالشافی: کاربالک ایسڈ ایک حصہ۔ روغن زیتون خالص نو حصہ۔

باہم ملائیں اور چھوٹی ڈراپر بوتل میں پیکنگ کر لیں۔

پیٹ بڑھنے کا مؤثر نسخہ

موجودہ دور کی کثرت سے ہونے والی مرض پیٹ بڑھنے کے لیے اپنا مؤثر نسخہ پیش کر رہا ہوں۔ استعمال کروائیں اور دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

ہوالشافی: اجوائن دیسی، زیرہ سیاہ، لاکھ دانہ برابر وزن سفوف بنا لیں۔

بمقدار تین ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق سونف ۵ تولہ کے ساتھ استعمال کریں ایک مہینہ سوا مہینہ میں پیٹ اپنی اصل حالت پر آ جاتا ہے۔ انشاءاللہ

علاج کینسر خواہ کسی حصہ بدن میں ہو ایک جڑی بوٹی کا کمال

ہوالشافی: دھماں بوٹی سوا تولہ۔ ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دے کر چھان کر شہد سے میٹھا کر کے پینے سے کینسر جیسی موذی اور مہلک بیماری سے بفضل خدا رحمت ہو جاتی ہے۔

ایلوپیتھی زہریلی ادویہ سے پیدا شدہ الرجی کا علاج

ہوالشافی: روغن تخم نیم پندرہ قطرہ کیپسول میں بند

بہترین نسخے

حکیم حاجی اصغر علی کمبوہ فرحان یونانی شفاخانہ موضع بھکی، ایلیسل آباد روڈ ضلع شیخوپورہ

● **گنٹھیا (جوڑوں کا درد)**

گوند چھوہارا ½۲ تولہ۔ گوگل جھنسیا ½۲ تولہ۔ ہیرا ہینگ ۲ ماشہ۔ گڑ پرانا ۵ تولہ۔

بناوٹ: تمام ادویہ یک جان کر کے لوہے کی اَہرن پر رکھ کر تین صد ہتھوڑے سے ضرب لگائیں۔ گرم گرم کی دانہ چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: صبح کا کھانا کھا کر ایک گولی دیں گے ایک چھٹانک سے مریض کو کھلا دیں۔ رات کو کھانا کھا کر ایک گولی مریض کو دودھ پتی سے کھلا دیں۔

پرہیز: گھی، بادی، تیل والی اشیاء سے پرہیز کریں۔ چاول وغیرہ نہ کھائیں۔

ممسک مغلظ سپر نائم

کمزوری نامردی کے لیے۔

لونگ ۱ تولہ۔ جائفل ۱ تولہ۔ عقرقرحا ۱ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۳ تولہ۔ افیون ½ تولہ۔ تخم جوز مائل ½ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۲ تولہ۔

بناوٹ: سب چیزوں کو الگ الگ سفوف بنالیں۔ پارہ اور گندھک آملہ سار دونوں کو کھرل میں ڈال کر کھرل کریں۔ جب کجلی بن جائے باقی چیزیں ایک ایک کر کے ملادیں۔

جب سفوف باریک بن جائے کالی مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: رات کو سوتے وقت کھانا کھانے کے دو گھنٹے بعد ایک گولی نیم گرم آدھا کلو دودھ سے کھلا دیں۔

دو ہفتے ایک گولی روزانہ کھلا کر دودھ پلا دیا کریں۔ دو ہفتے بعد ناغہ کریں۔

نوٹ: دودھ گھی زیادہ استعمال کروائیں۔

● **جگر کی گرمی، مثانہ کی گرمی، عورت کے پیشاب (رنگ) دور کرنے کے لیے**

خشک دھنیا ۵۰ گرام۔ الائچی خورد ۲۰ گرام۔ طباشیر ۱۰ گرام۔ گلوکوز ڈی ۲ ڈبی چھوٹی۔

بناوٹ: دھنیا، الائچی خورد اور طباشیر کو الگ الگ سفوف بنا کر ملالیں۔ گلوکوز ڈی کے دو چھوٹے ڈبے ملالیں۔

خوراک: صبح خالی پیٹ آدھا گلاس پانی میں دو چمچے ملا کر مریض کو پلا دیں۔ دو چمچے اسی طرح دوپہر کو دو چمچے رات کو مریض پی لے۔ جسم سے گرمی ختم ہو جائے گی۔

شوگر (ذیابیطس)

تخم کلونجی ۱۰۰ گرام۔ تخم میتھی ۱۰۰ گرام۔ تخم کاسنی ۱۰۰ گرام۔

بناوٹ: تینوں کو الگ الگ صاف کر کے کوٹ چھان کر سفوف بنا کر باہم ملالیں۔

خوراک: صبح دوپہر شام دو دو ماشے کھانے کے بعد مریض کو کھلا دیں۔

پرہیز: گھی، بادی، تیل والی چیزوں سے مریض پرہیز کرے۔

مجرّبات تاثیری

؎ بھولی ہوئی صدا ہوں مجھے یاد کیجیے
تم سے کہیں ملا ہوں مجھے یاد کیجیے

قارئین حضرات سے ایک عرصہ سے غیر حاضر رہا۔ معذرت خواہ ہوں۔ کچھ ادارہ سے شکایت۔ خرابیٔ صحت اور کاروباری مصروفیات کی وجہ سے آپ کی بزم میں حاضر نہ ہو سکا۔ نیز اطبا کی تنقید کا نشانہ بننے والا، وہی بجلی حسن، لیجیے پھر حاضر ہوں۔ میں نہیں چاہتا کہ مجربات تاثیری کے اس سلسلہ کو ختم کر دیا جائے جسے محترم طبی شخصیات جناب حکیم نور محمد چوہان صاحب کی زندگی میں شروع کیا گیا تھا۔ آئندہ بندہ اپنے مجربات سے متعلق اطبا حضرات کی ہر جائز و ناجائز تنقید کا جواب دینے کے لیے ہر وقت تیار ہے۔ اطبا کی تنقید اور حوصلہ افزائی کا انتظار رہے گا۔ صرف تین مجربات حاضر ہیں۔

نوٹ: محترم حکیم و ڈاکٹر شیار حسین اعوان، سوہدہ وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ اپنے اپنے طبی مجربات ماہنامہ کے لیے ارسال کرتے رہا کریں۔ شکریہ

حکیم تاثیر چدھڑ کوٹ مراد، ڈاکخانہ پہاڑپور براستہ ۱۸ ہزاری تحصیل و ضلع جھنگ

● شفائے گلٹیاں

بدن پر گلٹیاں، چھوٹی چھوٹی رسولیاں ختم کرنے کا حیرت انگیز فارمولا۔

ھوالشافی: ہڑتال ورقیہ ایرانی اصل ۱۰ گرام۔ گندھک آملہ سار ۲۰ گرام۔

ہر دو کو ایک گھنٹہ کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: دو رتی سفوف کیپسول میں بند کر کے دن میں تین مرتبہ ہمراہ تازہ پانی بعد از غذا استعمال کرائیں۔ مستقل مزاجی سے علاج جاری رکھیں۔ مرض مذکورہ میں اسے ناکام ہوتے نہیں دیکھا شفا من جانب اللہ۔ کچھ مدت علاج جاری رکھیں۔

● کینسر کیپسول

کینسر ہر قسم کا فارمولا:

ھوالشافی: پارہ مصفّٰی ۱۰ گرام۔ ہڑتال ورقیہ ۱۰ گرام۔ شنگرف ۱۰ گرام۔ گندھک آملہ سار ۱۵۰ گرام۔

ایک گھنٹہ کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

دو رتی کیپسول میں بند کر کے دن میں تین مرتبہ بعد از غذا ہمراہ پانی تازہ۔ ایک عرصہ علاج کرنا ہوگا۔

● قوت باہ کا نسخہ

ھوالشافی: دارچینی، رائی، تخم پیاز برابر وزن۔ زیرو سائز کے کیپسول بھر لیں۔

ایک کیپسول دن میں تین مرتبہ بعد از غذا ہمراہ پانی تازہ۔ عرصہ علاج تین ماہ کورس۔

غمزدہ لوگ خوش و خرم زندگی گزارنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ جنسی صحت بحال کرنے کے لیے۔

نسل میں لڑکی پیدا نہ ہو

جس بکری نے پہلی بار بچہ دیا ہو اس کا ناڑو سکھا لیں اور اپنی لڑکی کو ایک رتی پیس کر گڑتی دیں۔ اسے کبھی لڑکی نہ ہوگی۔

سپر مول عنبری

حکیم نور احمد عاصم، عاصم دوا خانہ، چوک محمدیہ، نوشہرہ ورکاں

ھوالشافی

۱۔ سلاجیت ۲۔ مصطگی رومی
۳۔ طباشیر نقرہ ۴۔ لونگ کلاہ دار
۵۔ مغز جائفل ۶۔ بہمن سرخ
۷۔ بہمن سفید ۸۔ دار چینی
۹۔ شقاقل مصری ۱۰۔ سنڈھ
۱۱۔ درونج عقربی ۱۲۔ ثعلب مصری
۱۳۔ جدوار خطائی ۱۴۔ عقر قرحا
۱۵۔ جند بیدستر ۱۶۔ جاوتری
۱۷۔ بیر بہوٹی ۱۸۔ خراطین مصفیٰ
۱۹۔ مغز پنبہ دانہ ۲۰۔ ریگ ماہی نر
۲۱۔ اجوائن خراسانی ۲۲۔ تخم جوز ماثل
۲۳۔ اسپند ۲۴۔ برگ قنب
۲۵۔ گوند کیکر ۲۶۔ تریاق خالص
۲۷۔ چرس ۲۸۔ کیلشیم لیکٹیٹ
۲۹۔ بنیزوک ایسڈ ۳۰۔ آرسینک ٹرائی آکسائیڈ
۳۱۔ سٹرکنین ہائیڈرو کلورائیڈ ۳۲۔ پیپسین
۳۳۔ ست نکس وامیکا ۳۴۔ ست ہائیوسیم
۳۵۔ ٹیلک ایسڈ ہر ایک ۱۰ گرام
۳۶۔ یوہمبین ہائیڈرو کلورائیڈ ۱ گرام
۳۷۔ ورق نقرہ کلاں ۳۰ دفتری

حبوب مثل دانہ مسور بنا لیں۔

یومیہ ایک عدد۔ مرغن غذا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دودھ کے ہمراہ۔

فوائد: ان گولیوں کے استعمال سے جلوق ہم جنس پرستی اور کثرتِ جماع کے مریضوں کے تمام عوارضات مثلاً ضعف باہ، ضعف معدہ و جگر، ضعف دماغ و اعصاب، ضعف گردہ، ضعف قلب، حرارتِ غریزی کی کمی، وغیرہ دور ہو کر جسم از حد طاقتور ہو جاتا ہے۔ جن اشخاص کو جماع کے بعد کمزوری اور تھکان ہوتی ہو ان کے لیے نیز مفید ہے۔

ناقص انتشار کے مریضوں کے لیے انتہائی سود مند ہیں۔ فی الواقعہ خفتہ قوتوں کو پیدا کرنے اور اعضائے تناسل کے اعصاب کو مضبوط بنانے میں خاص اثرات کی حامل ہیں۔ کمزوروں کے لیے اکسیر صفت ہیں۔ خلوت کی گولیوں میں زریق خاص، ممسک بے انتہا، محرک بے مثل۔

حب خاص

کچلہ مدبر، مرچ سیاہ، مغز بادام، عود مشکی ہموزن نخودی گولیاں بنائیں۔

استعمال: ۱+۱+۱ ہمراہ دودھ گرم۔

فوائد: مقوی باہ، مقوی اعصاب، دافع درد ہے۔

ضروری اعلان

حسب معمول ماہنامہ اسرار حکمت ماہ جون ۲۰۰۰ء میں سالنامہ "یادگار مجربات" شائع کر رہا ہے جو سالانہ خریداروں کو نئے سال کے چندہ کی وصولی کے لیے روانہ کیا جائے گا۔ خریدار حضرات نوٹ فرمالیں۔

صدری مجربات

حکیم محمد نواز بی اے، مقام وڈاکخانہ پکی شاہ مردان تحصیل ضلع میانوالی

خاکسار ریٹائر ہو کر اپنے گھر بالا پتہ پر آگیا ہے اب اس پتہ پر آئندہ خط وکتابت ہوگی خط کا جواب دینا اخلاقی فرض سمجھتا ہوں۔ صدری مجربات اب بھی جو مجھے ملتے ہیں آپ کو آپ لوگوں کے لیے رسالہ میں شائع کرا دیتا ہوں۔ مجھے اندازہ ہوا ہے کہ کافی لوگوں نے اپنے سینہ کے بند مجربات شائع کروا رہے ہیں جو کہ بہت اچھی بات ہے دکھی عوام کی خدمت کرنا بہت بڑی عبادت ہے۔

حب مقوی

پارہ مصفیٰ تولہ۔ گندھک آملہ سار مصفیٰ ۲ تولہ۔

دونوں کو کھرل کریں دو عدد دیسی مرغ کے انڈوں کی زردی کے ساتھ کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ بے روزگار افراد دس گولیوں کی ڈبی ۳۰/- روپے میں فروخت کریں۔

فوائد: طاقت کے لیے میرا آزمایا ہوا تحفہ ہے۔ تقویت اعضاء رئیسہ اور صاف خون پیدا کرتا ہے۔

اکسیر جریان

پارہ تولہ۔ قلعی دو تولہ۔ خالی کٹھالی میں پارہ ڈال دیں دوسری نئی کٹھالی میں قلعی کو پگھلا کر پارہ پر ڈال دیں گرہ تیار ہے اس کو زور دار ہاتھوں سے تین گھنٹے کھرل کریں۔ پھر اس میں ڈیڑھ حصہ طباشیر اور اتنی وزن کی تخم الائچی خورد ملا کر کھرل کریں پھر اس دوائی کے وزن کے برابر مصری ملا کر کھرل کرکے دوا محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: دو سے چار رتی نیم گرم دودھ سے کم از کم ایک ہفتہ استعمال کریں نیا پرانا مرض ٹھیک ہوگا۔

آدھے سر کا درد

یہ درد طلوع آفتاب سے دوپہر تک اور کبھی دوپہر ڈھلنے سے شام تک رہتا ہے۔ اس میں اور درد طعابہ میں لانجبرا ایمونیا سونگھنا مجرب ہے اگر مرض کو استحکام ہو جائے تو نقیہ سے علاج کریں۔ کائیپھل کی یا نمک چکنی کی ناس یا رس کے پتوں کی ناس لینا یا روغن دار چینی مقام درد پہ ملنا یا دودھ کی بالائی یا مکھن میں مرچ سیاہ پیس کر مقام درد پر مالش کرنا بہت مفید ثابت ہوگا۔

درد شقیقہ کا تعویذ

آدھے سر کے درد کی جگہ ہاتھ رکھے اور یہ دم تین بار پڑھے انشاء اللہ شفا ہوگی۔

یَا ظَاهِرًا مَوْجُوْدًا يَا بَاطِنًا مَفْقُوْدٍ اُرْدُدْ عَلٰى عَبْدِكَ الضَّعِيْفِ اَيَادِيْكَ الْجَمِيْلَةَ عِنْدَهٗ اَذْهِبْ عَنْهُ مَا بِهٖ مِنْ اَذًى اِنَّكَ رَحِيْمٌ قَدِيْرٌ۔

دانتوں کے درد کا مجرب تعویذ

دانتوں کے درد کے خاتمے کے لیے سورۃ حمد، سورۃ فلق، سورۃ والناس اور سورۃ توحید اور ہر سورۃ کے ساتھ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے۔ من جانب خدا شفا ہوگی۔

• مجربات تاثیری

بخیل اطبا کی طبیعت پر بوجھ۔ ایک گذارش لیے حاضر ہوں مجھے امید ہے کہ میری آواز صدا بصحرا ثابت نہ ہو گی اور اطبا و حذاق کی ایک تعداد اپنے صدری راز ماہنامہ کے اوراق کے سپرد کر دے گی۔ اس خواہش امید کے ساتھ کہ اس فعل میں دکھی انسانیت کی بھلائی پوشیدہ ہے۔

سہ چمن میں تلخ نوائی میری گوارہ کر
کہ زہر بھی کبھی کرتا ہے کار تریاقی

حکیم تاثیر جہد حکومت مراد، براستہ ۱۵ ہزاری تحصیل و ضلع جھنگ

• لیکوریہ شاہی (کیپسول)

کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ فولاد ہیرا کسیس والا، کشتہ جست توتیائی۔ برابر وزن سفوف زیرو سائز کیپسول بھر لیں۔

خوراک: ایک کیپسول صبح دوپہر شام ہمراہ پانی تازہ بعد از غذا۔

دوران استعمال دوا دودھ دہی کا استعمال زیادہ کریں کہ یہ کیلشیم کے حصول کا بہترین ذریعہ ہے۔ ڈالڈہ گھی سے پرہیز لازم ہے۔ لیکوریا کا شاہی نسخہ ہے۔

• اوجاعی کیپسول گنٹھیا

جوڑوں کے درد کے لیے آزمودہ۔

ہلدی گانٹھ والی بازاری پسی ہوئی نہ ہو۔ سونٹھ، مرچ سیاہ۔ برابر وزن۔

زیرو سائز کیپسول بھر لیں۔ ایک کیپسول صبح، ایک کیپسول دوپہر، ایک کیپسول شام بعد از غذا ہمراہ پانی تازہ۔ بڑے گوشت سے پرہیز لازم۔

جوڑوں پر زیتون کے تیل کی مالش کروائیں۔

• کشتہ جست توتیائی تیار کرنا

ہوالشافی: نیلا تھوتھا ۱ حصہ۔ ٹکڑا جست ۲ حصہ۔ پانی حسب ضرورت۔

برتن شیشے یا پلاسٹک میں نیلا تھوتھا کو اتنے پانی میں ملائیں کہ حل ہو جائے۔ پھر برتن میں ٹکڑا جست ڈال دیں۔ اب پانی کا رنگ نیلا ہو گا۔ محفوظ جگہ پر رکھ دیں اور دن میں ایک دو مرتبہ ہلا دیا کریں۔ ایک دو یوم میں جب پانی کا رنگ سفید ہو جائے نیلا نہ رہے تو نتھار کر کڑاہی میں خشک کر لیں۔ سفید رنگ کی دوائی تیار ہو گی۔

بس یہی کشتہ جست توتیائی ہے۔ شامل نسخہ کر لیں۔

علاج امراض کا خاص معالجاتی راز

اس طریقہ میں مریض کو ایک ٹسٹ کے مرحلہ سے گزارا جاتا ہے۔ اگر حاصل نتیجہ ٹسٹ مثبت ہو تو ہر مرض کا سو فیصدی کامیاب علاج کیا جا سکتا ہے۔ خواہ اس کے جسم میں کیسی ہی مرض کیوں نہ ہو۔ کینسر تک مفید علاج ہو گا۔ اس طریقہ علاج پر عمل کریں اور کامیابی حاصل کریں۔

ٹسٹ کا طریقہ

کشتہ جست توتیائی بمقدار ایک رتی مریض کی زبان پر ڈال کر چٹا دیں۔ اگر پانچ منٹ بعد منہ کا ذائقہ پھیکا یا میٹھا ہو جائے تو ٹسٹ مثبت ہو گا۔ اگر ذائقہ کڑوا ہو

تو ٹسٹ منفی ہوگا۔ مثبت ٹسٹ میں دوا استعمال کروانا ہوگی۔ اور منفی ٹسٹ میں دوائی منع ہے۔

علاج

ہوالشافی : کشتہ جست توتیائی بمقدار ایک رتی صبح ایک رتی شام غذا کے ایک گھنٹہ بعد ہمراہ دودھ استعمال کروائیں۔ استعمال مرض تک دوائی استعمال کروائیں۔ مریض کے جسم میں جست کی کمی پوری ہونے پر مرض سے نجات مل جائے گی۔ (انشاء اللہ)

بواسیر خونی کا مجرب المجرب علاج

حکیم مولانا جمیل احمد صاحب ورک، محلہ خانپور بالمقابل چونگی بلدیہ، شرقپور شریف روڈ، شیخوپورہ

اجزائے نسخہ : کہربا شمعی ۶ ماشہ۔ سماق دانہ ۱ تولہ۔ ریوند مصفیٰ نہایت اعلیٰ ۱ تولہ۔ کشتہ گئودنتی حسب ضرورت۔

تیاری : پہلی تینوں دواؤں کو ملا کر کوٹ لیں۔ پانی کی مدد سے گولیاں بنا لیں اور گولیوں کو کشتہ گئودنتی سے ملفوف کر لیں۔ اور سنبھال رکھیں۔

استعمال : ایک یا دو گول حسب مرض کھلائیں۔ قبض کشائی بھی کر لیں۔

فوائد : بواسیر خونی کو تیسری چوتھی خوراک سے فائدہ ہو جاتا ہے۔ عرصہ سے میرے زیر استعمال ہے۔ بفضل خدا کبھی ناکامی نہیں ہوئی۔

یہاں شاہد اکبر نقشبندی صاحب کے اصرار پر آپ کی خدمت میں اصول موتی پیش کر دیا ہے۔ یہاں اور بندہ کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

پرہیز : سرخ مرچ اور مرغن سے تیار شدہ تمام اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔ آٹھ دس دن میں مکمل شفا ہو جاتی ہے۔

جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ آنا ضروری ہے۔

کو کھلا دیں۔

پرہیز: گھٹی بادی تیل والی اشیاء، بینگن، کریلا، اچار سے پرہیز کریں۔

انشاء اللہ لیکوریا، جریان، احتلام، گرمی مثانہ، سرعت انزال میں فائدہ ہوگا۔

اٹھرا، لیکوریا، ماہواری کم یا زیادہ

عورت کو بچہ پیدا نہ ہونا

• چارے سپاری ۱۰۰ گرام۔ کمرکس ۵۰ گرام۔ صندل سرخ ۱۰۰ گرام۔ بڑی الائچی کے بیج ۵۰ گرام۔ گل دھاوا ۵۰ گرام۔ گوند کتیرا ۵۰ گرام۔ آملہ ۵۰ گرام۔ تج ۵۰ گرام۔

بناوٹ: سب کو الگ الگ سفوف بنا کر باہم ملا لیں۔

خوراک: چھ ماشے صبح چھ ماشے شام پانی سے کھلا کر دودھ پلا دیں۔

جوڑوں کا درد

• صبر سیاہ ۵۰ گرام۔ سونڈھ ۵۰ گرام۔ گگھاں ۱۰۰ گرام۔ کالی مرچ ۵۰ گرام۔ سورنجاں شیریں ۵۰ گرام۔

بناوٹ: چاروں چیزوں کو کوٹ کر ان کا سفوف بنالیں۔ کوار گندل کے گودا کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: دیسی گھی کی چوری مریض کو کھلائیں۔ جب آدھی چوری کھالے ایک گولی پانی سے کھلا کر باقی چوری مریض کو کھلا دیں۔

بعد میں نیم گرم دودھ ½ کلو پلا دیں۔

نوٹ: ایک گولی روزانہ کافی ہے۔

یرقان کے لیے آزمودہ ہے۔

خواتین کے جملہ نسوانی امراض، خاص طور پر ورم، ایام کی بے قاعدگی، خون کی کمی، بدہضمی، گیس، تبخیر اور موٹاپے کے لیے مستقل استعمال نہایت مفید ہے۔

پرانے بخاروں کے لیے یا ایسے بخار جو دن ڈھلے کے بعد شروع ہوتے ہوں اور رات کو زیادہ، دن کو کم اور پھر دن ڈھلے کے بعد وہی ترتیب یا ایسے بخار جو باری سے آتے ہوں۔ بگڑا ہوا ملیریا، حتیٰ کہ بگڑے ہوئے اور پرانے ٹائیفائیڈ کے مریض بھی اس شربت کی بدولت شفائے الٰہی کے صدقے شفایاب ہوئے۔

اردو ڈائجسٹ کی ممتاز قلمکار اور معاون، میری محسنہ اور بزرگ خاتون محترمہ منیزہ بانو شیریں صاحبہ کے بقول کہ ہیپاٹائیٹس اور شربت دینار کے ضمن میں چھپنے والے مضمون کی لاکھوں کاپیاں ایک لیڈی ڈاکٹر تقسیم کر رہی ہیں اور بے شمار مریض شفایاب ہو رہے ہیں۔

عجائبات طب یونانی

حکیم محمد معصوم حیدر، ٹی ہیلتھو ڈاکخانہ پٹھان والا تحصیل احمد پور (منڈی ڈھاباں سنگھ) ضلع شیخوپورہ

● ہوالشافی: سوڈا کاسٹک ۲ تولہ۔ قلمی شورہ ۲ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ گلیسرین سادہ ۱۸ تولہ ملالیں۔

چہروں کے تل، موہکوں پر ایک یا دو دفعہ لگانا کافی ہے۔

● ہوالشافی: تخم جوزمائل سیاہ ۳ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ زنجبیل بے ریشہ ۱ تولہ۔ ریوند چینی ۱ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۱ تولہ۔ حبوب نخودی تیار کریں۔

ایک گولی بوقت ضرورت دودھ گھی سے کھلائیں۔

فوائد: امراض بلغمی میں نافع ہے۔ نزلہ، ریشہ، کیرا، زکام، جریان رطوبی۔

مقوی شدید

ہوالشافی: ہیرا کسیس ۱۲ حصہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱۲ حصہ۔ سم الفار ۱ حصہ۔ شنگرف ۲ حصہ۔

تقویت باہ برائے عدم شہوت اکسیر است۔

اکسیر جریان

اجزائے نسخہ: افیون ۱½ ماشہ۔ سلاجیت ۱½ ماشہ۔ کشتہ چاندی ۴ ماشہ۔ ورق ۶ ماشہ۔ کافور ۱ تولہ۔ جائفل ۱ تولہ۔ پوست آملہ ۱½ تولہ۔ برگ بھنگ ۱½ تولہ۔ سفوف ہلدی ۱½ تولہ۔ رسونت ۱½ تولہ۔ کشتہ قلعی ۱½ تولہ۔

تیاری: آملہ کے تازہ رس میں کھرل کر کے گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی روزانہ دودھ یا پانی کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: ۱۵ یوم میں جریان احتلام اور نئے سوزاک کو بالکل آرام ہو جائے گا۔

نوٹ: جواب طلب امور کے لیے، علاوہ ازیں کسی بھی مرض کا نسخہ درکار ہو تو جوابی لفافہ ارسال کر کے ہماری معلومات سے فائدہ اٹھائیں۔

قارئین کے لیے

ماہ جون ۲۰۰۰ء کا شمارہ خاص نمبر ہوگا جو کہ قارئین کو سالانہ چندہ میں وی پی بھیجا جائیگا وی پی وصول کرنا آپ کی اخلاقی ذمہ داری ہے۔

ادارہ اسرار حکمت

• مجرّباتِ صفدر

معزز قارئین کرام اسلام علیکم۔ ماہ فروری میں میرا مضمون شائع ہوا تو بہت سے دوستوں نے خطوط لکھے، میرے مضمون کی تعریف کی اور یہ بھی کہا کہ آئندہ بھی اپنے مجربات سے حکماء کو نوازتے رہیے گا۔ دوستوں کی حوصلہ افزائی سے دل کو بہت تقویت ملی ہے۔ اور میں نے مزید فیصلہ یہ کیا ہے کہ اس سلسلہ کو اگر شروع کیا ہے تو اس کو جاری بھی رکھا جائے۔ دیگر جن احباب نے مشورہ طلب کیا ان کو نہایت مخلصانہ مشورہ دے چکا ہوں۔ آج پھر میں اس بات کو دہرانا چاہتا ہوں کہ میرا مطب، میری فارمیسی، صرف اور صرف اسرارِ حکمت پر شائع ہونے والے دوستوں کے مجربات پر چل رہی ہے۔ میاں شاہد اکبر نقشبندی کی طرح میں حکماء کے گھر گھر جا کر نسخہ نہیں مانگتا بلکہ ماہنامہ اسرارِ حکمت کی بدولت میں کامیاب مطب چلا رہا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکماء کو شائد یہ علم ہی نہیں کہ اس ماہنامہ میں کس قدر پایہ کے مجربات شائع ہو رہے ہیں۔ ہاں اتنا ضرور ہے کہ کچھ لوگ جان بوجھ کر نسخہ کو اس طریقہ سے پیش کرتے ہیں کہ کسی کی سمجھ میں کچھ نہ آئے اور وہ نسخہ کی تعریف کی وجہ سے مجبوراً وہ دوائی بنائی خریدیں۔ یاد رکھیں یہ لوگ وارداتیے ہوتے ہیں یہ صرف لوٹنے والوں سے تعلق رکھتے ہیں، ان کی دواؤں میں بھی کچھ نہیں ہوتا، ور ان کو انسانی صحت سے قطعاً کوئی سروکار نہیں ہوتا۔ یہ لوگ فصلی بٹیروں کی طرح آتے ہیں اور لوٹ مار کر کے اگلی فصل کی طرف روانہ ہو جاتے ہیں۔ بہرحال نہایت عمدہ مجربات آپ کی خدمت میں پیش ہیں بنائیں اور اپنے مطب کو کامیاب کریں۔

حکیم ملک صفدر حسین، صفدر فارمیسی، لدھے والا چیمہ، تحصیل وزیر آباد، ضلع گوجرانوالہ

اکسیر معدہ

فلفل سیاہ، زیرہ سفید، سونف، اجوائن دیسی، سنا زنگی، سنڈھو، فلفل دراز، گل سرخ، ترپھلہ، جوکھار، باؤبڑنگ، کیلہ، میٹھا سوڈا، پھری، کلونجی، پودینہ، انار دانہ، نمک چہار۔

سب دوائیں ہموزن لے کر سفوف بنائیں۔

خوراک: تین ماشہ ہمراہ آب گرم بعد از غذا۔

فوائد: دائمی قبض، گیس ٹربل، کھٹے ڈکار، جلن سینہ، پیٹ درد، پیٹ کے کیڑے، درد جوڑ، بدہضمی، ہیضہ کے لیے مفید، بھوک بڑھاتی ہے۔

دانتوں ریخ

پھٹکڑی خام ایک تولہ۔ کباب چینی، لونگ پانچ پانچ تولہ۔

کوٹ چھان کر رکھیں اور بطور منجن استعمال کریں۔

دانت درد، ریشہ کو ختم کرے گی اور منہ سے بھینی بھینی خوشبو آئے گی۔

• دوائے عجیب

چہار اجوائن ایک چھٹانک۔ مرچ سیاہ نصف چھٹانک۔ نوشادر نصف چھٹانک۔ ہلیلہ زنگی ایک چھٹانک۔ سنبز ہیرڑ ایک چھٹانک۔ سفوف بنالیں دوا تیار ہے۔ نخودی گولیاں بھی بنالیں۔

استعمال: ۱+۱ گولی دودھ یا پانی کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: دردیں، ہرنیم، گھٹنوں، ٹانگوں کے دردوں

کے لیے مفید ہیں ایک ہفتہ استعمال کریں۔

اکسیر خارش

مردہ سنگ ۱ تولہ۔ رال ۱ تولہ۔ باچی ۱ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۲ ماشہ سفوف بنالیں۔

تیل سرسوں میں ملا کر لگائیں دو تین دن میں آرام ہوگا۔ ہوائی ہاتھ پاؤں، خارش، ہاتھ پاؤں کے پھٹنے کے لیے مفید ہے۔

نہایت ہی لاجواب نسخہ ہے بنا کر دعاؤں میں یاد رکھیں۔

پٹی اکسیر الاثر ڈاکٹر صفدر والی

بیراہینگ ۱ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ فلفل دراز ۱ تولہ۔ مغز جمالگوٹہ نصف تولہ۔ شہد دو چمچہ۔

پارہ اور گندھک کی کجلی بنالیں۔ ہینگ باریک کرکے اس میں ملائیں۔ بعد میں فلفل دراز اور جمالگوٹہ کو ملا کر مثل میدہ بنالیں۔ بعدہٗ شہد ملا کر اچھی طرح گھوٹیں۔ کھدر کے کپڑے پر لگا کر پٹی بنالیں۔ صرف ایک دو پٹی کرنی ہیں۔ اس پٹی کے استعمال سے سوزش ہوگی۔ اطلاع جلق وغیرہ کے لیے بہت اچھا پلستر ہے۔ کجی وغیرہ کو دُور کر دے گا۔ چھالہ سے بذریعہ سوئی پانی نکال دیں اور نیم گرم گھی اوپر لگائیں۔ تین پٹی مکمل کورس ہے۔

دوائے مقوی باہ

شنگرف ۳ ماشہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ افیون ۶ ماشہ۔ عقرقرحا ۱ تولہ۔ جائفل ۱ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ آب پان ۱۰ تولہ۔ حسب دستور نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ گھی کھلائیں۔

فوائد: مقوی ممسک، دافع سرعت انزال ہے۔

نوٹ: ان گولیوں کے ساتھ نفسیاتی علاج بذریعہ بیگمات مریضاں کریں۔ اس نفسیاتی علاج کے لیے جوابی لفافہ جس پر رجسٹری کے پورے ٹکٹ لگے ہوں ارسال کریں۔ رسالہ میں ایسی باتیں لکھنا زیب نہیں دیتا۔ مجبوری ہے۔

مصفا خون

حکیم میاں اکرم صاحب پرنسپل اے آر میموریل طبیہ کالج لاہور والا۔

اجزاء: صبر سیاہ نصف تولہ۔ تمہ ۱ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ۔ سنا مکی ۲ تولہ۔ رائی ۲ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ باچی ۲ تولہ۔ اجوائن دیسی ۳ تولہ۔ سفوف بنالیں۔

استعمال: ۱ ماشہ بعد از غذا دودھ سے کھلائیں۔

فوائد: پھوڑا پھنسی دھدر چنبل فساد خون کے لیے نہایت مفید ہے۔

مغلظ خاص

شائع شدہ ماہنامہ اسرار حکمت جو نہایت مفید ثابت ہوا۔

اجزاء: گٹھلی کھجور بھنی ہوئی۔ موصلی سفید، تخم کونچ، ہموزن لے کر سفوف بنالیں۔

استعمال: دو دو ماشہ صبح دوپہر شام کھلائیں۔ نہایت مفید نسخہ ہے ضرور بنائیں۔

دوائے سیاہ داغ

سوڈا بائیکارب ایک حصہ۔ ویزلین آٹھ حصہ۔ مرہم بنالیں۔ اور صبح و شام چہرہ پر ملیں۔ سیاہ داغ صاف ہوجائیں گے۔

● رقیق بدن

حکیم میاں شاہد اکبر نقشبندی والا۔ نہایت اکسیر الاثر ہے۔

اجزاء: اسگندھ ناگوری اعلیٰ قسم، بیخ بدھارا اعلیٰ قسم، ستاور، تخم ترس، مغز بادام ہموزن، شہد حسب ضرورت ملا کر معجون تیار کریں۔

استعمال : ایک ایک تولہ صبح دوپہر شام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد : دافع جریان احتلام مغلظ مسکن بدن، دافع لیکوریا، دافع کمر درد بوجہ لیکوریا، دافع گلٹ ہے اور پیدائش جرثومہ کے لیے نہایت مفید ہے۔

نیلا تھوتھا سے تانبہ نکالن

● ترچیلہ ایک کلو۔ نیلا تھوتھا ½ ۱ پاؤ ساختہ آئی سی آئی۔ ترچیلہ کو دُور دُور کر لیں اور اس میں چار پانچ کلو پانی ڈال دیں اور نیلا تھوتھا کو پیس کر پوٹلی میں باندھ کر ترچیلہ والے پانی میں لٹکا دیں۔ ۳۶ گھنٹے بعد تانبہ نیچے بیٹھ جائے گا یاد رہے برتن لوہے کا ہونا چاہیے یہ لازمی شرط ہے میرا بارہا مرتبہ آزمایا ہوا ہے۔

نوٹ : جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں۔

✻ خوراک : ۶، ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ۔

مقوی باہ، مقوی بدن، امساک کے لیے مفید۔

اکسیر قلب بلڈ پریشر

آملہ خشک گٹھلی سے صاف ۸ تولہ۔ صندل سفید ۴ تولہ۔ گاؤزبان ۸ تولہ۔ گلسرخ ۴ تولہ صاف صاف پتے۔ کشنیز خشک ۴ تولہ۔ بہمن سفید ۴ تولہ۔ پوست ترنج ۱ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ زہر مہرہ خطائی ۲ تولہ۔ چینی سب ادویہ کے وزن کے برابر۔

ترکیب تیاری : پہلے زہر مہرہ کو عرق گلاب میں کھرل کرکے بعد میں سفوف ملائیں۔

خوراک : ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ۔ ہمراہ عرق گاؤزبان سادہ یا پانی۔

بلڈ پریشر کے لیے مفید ہے۔

●

● بہترین نسخے

حکیم محمد ارشد منہاس

● دوائے کثرت بول

سلاجیت ۱ تولہ۔ مصطگی ۱ تولہ۔ شاہ بلوط ۱ تولہ۔ مازو ۱ تولہ۔ سپاری کا ٹھی ۱ تولہ۔ گوند کیکر تولہ۔ کشتہ صدف ۱ تولہ۔ باریک کرکے بعد میں مصطگی ملائیں۔

خوراک : ۱ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

فوائد : مثانہ کے لیے مفید، کثرت بول جریان احتلام کے لیے فائدہ مند ہے۔

اکسیر حمیات مجرب

ریوند کوڑیہ ۵ تولہ۔ طباشیر نقرہ ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ گل غافث ۱ تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ مغز کرنجوہ ۳ تولہ۔ اتیس ۱ تولہ۔ کشتہ گاؤ دنتی ۱ تولہ۔ کشتہ سنکھ ۱ تولہ۔ سب کو باریک کرلیں۔

خوراک : ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ ہمراہ پانی۔ ہر قسم کے بخاروں کے لیے مفید ہے۔

سفوف اسرول

● برائے جریان، احتلام، مسکن دماغ۔

اسرول ۲ تولہ۔ اجوائن دیسی ۱ تولہ۔ کشنیز خشک ۲ تولہ۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۳ تولہ۔ باریک کرکے رکھ لیں۔

خوراک : صبح دوپہر شام ۴، ۴ رتی ہمراہ تازہ پانی دیں۔

پرہیز : گرم اشیاء گھٹی اشیاء سے۔

معجون مقوی باہ خاص

● جڑ پان ۱ تولہ۔ ثعلب مصری ۱ تولہ۔ مغز فندق ۱ تولہ۔ جائفل ۱ عدد۔ جلوتری ۳ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ ریگ ماہی ۴ ماشہ۔ ستاور ۱ تولہ، اسپند ۴ ماشہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ شہد ۳ گنا میں معجون بنائیں۔ ✻

مجرباتِ شفقت

حکیم و ڈاکٹر شفقت محمود، سردار خان سٹی، مانگا الرروڈ چوک پھلروان، ضلع شیخوپورہ

حبِ شفا

قدیم نسخہ ہے اور نہایت بہترین نتائج کا حامل ہے ہر وقت مطب میں تیار رکھیں۔

اجزائے نسخہ: تخم جوز ماثل، اجوائن خراسانی، زنجبیل، گوند کیکر ہموزن۔

تیاری: کوٹ پیس کر تھوڑی گولیاں بنائیں۔

استعمال: ایک گولی بوقت ضرورت دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: نزلہ زکام چھینکیں آنا، درد وغیرہ کے لیے فوری اثر دوا ہے مرض کو روکنے میں اس کا اہم کردار ہے بعد میں مرض کا مکمل علاج کریں۔

اکسیر تیزابیت

سنڈھ، پھٹکری، نوشادر، الائچی خورد، سوڈا بائیکارب ہموزن۔ سفوف بنائیں۔ صبح و شام ایک ایک چمچہ ہمراہ آب نیم گرم۔

دوائے سوزاک

کشنیز خشک نصف تولہ۔ قلمی شورہ ایک تولہ۔ جوکھار ایک تولہ۔ برگ حنا خشک ایک تولہ۔ الائچی کلاں ایک تولہ۔ سفوف بنائیں۔

استعمال: ۲، ۳ ماشہ صبح و شام لسی کے ساتھ کھلائیں۔ ایک ہفتہ کا استعمال کافی ہے۔

دوائے حابس الدم ہمہ اقسام

گیرو ۱ تولہ۔ سنگ جراحت ۱ تولہ۔ بیج انجبار ۱ تولہ۔ فسپال ۳ تولہ۔ سفوف بنائیں۔

خوراک: ۱، ۲ ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ تازہ پانی کھلائیں۔

سفوف بخار

مغز کرنجوہ، برگ افسنتین رومی، سوڈا سٹی سلاس ہموزن لے کر سفوف بنائیں۔

استعمال: ۲ رتی تا نصف ماشہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: موسمی بخاروں کے لیے مفید ہے۔ دوا کڑوی ہے کیپسول میں بھر کر کھلائیں۔

تریاقِ نزلہ

الرجی سینٹر سے ناکام مریض بھی ٹھیک ہو گئے۔ نسخہ کے حصول کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں۔

● دوائے بخار شکن

کشتہ گئودنتی نیم میں کیا ہوا دس گرام۔ سوڈا بائیکارب ۰۵ گرام۔ سب سے بڑا سائز کیپسول سائز بھر لیں۔ تیار ہے۔

استعمال: ۱+۱ صبح و شام۔

فوائد: بخار ہر قسم کے لیے مفید ہے۔

دمہ کا ایلوپیتھی علاج

نصف گولی برکٹل۔ ایک گولی ڈیکاڈران۔ ایک گولی ڈیزی پام۔ ایک گولی کال پول۔

یہ ایک خوراک ہے۔ نیم گرم دودھ کے ساتھ صرف ایک خوراک کھلائیں۔

ایک روز کا استعمال کافی ہے اگر دوبارہ بھی ضرورت

• فیضانِ ہاشم

حکیم محمد ہاشم چشتی صابری صاحب چک ۱۷/ر ب پٹھان والا ڈاکخانہ خاص تحصیل صفدر آباد ضلع شیخوپورہ

• اکسیر ہرنیات

عرصہ ۸ سال سے زیرِ استعمال ہے حاجی فتح ایم صاحب کا عطا کردہ ہے۔

گری بادام ۱ پاؤ۔ گلقند گلاب ½ پاؤ۔ سقمونیا ڈاچی ایک تولہ۔

گری کو پہلے کونڈہ میں باریک کرلیں۔ پھر گلقند اور سقمونیا ملا کر رگڑائی کرکے مکس کرلیں۔ دوائی تیار ہے۔

استعمال: ½ تولہ یہ دوا صبح نہار منہ دودھ جوشیدہ ٹھنڈا کیا ہوا ½ کلو یا حسبِ ضرورت کھلائیں۔ دن میں صرف ایک مرتبہ۔

کورس: ۲۱ یوم۔

فوائد: ہرنیاں ختم کرتا ہے قبض کشا ہے مقوی اعصاب ہے۔

اکسیر جریان لیکوریا

صدف مرواریدی ۵ تولہ۔ بیخ مرجان ۵ تولہ۔ سنگھ ۵ تولہ۔ پھٹکڑی ۵ تولہ۔ کوڑی بڑی ۵ تولہ۔

تیاری: مندرجہ بالا ادویہ کو ذرا ذرا کوٹ کر چڑ کیلا (مٹکہ جو موٹا ہوتا ہے) میں سے ڈاٹ نکال کر اوپر ادویہ رکھ کر اوپر پھر وہی ڈاٹ لگا دیں۔

گڑھا میں ۳۰ کلو نیچے ۲۰ کلو اوپر اوپلے درمیان میں مٹکہ کیلا ننگا ہی رکھ کر گچیٹ کی آگ دیں۔ صبح نکال کر پیس لیں۔

استعمال: ۱ ماشہ یا نصف ماشہ ہے۔ جریان کے لیے مکھن کے ساتھ کھلائیں۔ لیکوریا کے لیے بالائی کے ساتھ کھلائیں۔

کورس: ۱۱ دن کافی ہے۔

فوائد: جریان احتلام لیکوریا ، نمیری پٹڑی سے فائدہ محسوس ہوگا۔

عرصہ ۷ سال سے بنا رہا ہوں۔ کبھی ناکامی نہیں ہوئی۔ ۱۰۰٪ کامیاب ہے۔

گرم اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔ گوشت انڈہ کی سختی سے ممانعت ہے۔

اکسیر استسقاء

دم الاخوین ۱ تولہ۔ لال ہڑدو ۱ تولہ۔ پھٹکڑی سفید ۱ تولہ۔ ہلدی ۱ تولہ۔ سنگھواست ۱ تولہ۔

تیاری: پھٹکڑی پھُلہ کرلیں۔ باقی ادویات کو پیس کر ملائیں۔ دوا تیار ہے۔

خوراک: پہلی خوراک ۳ ماشہ شکر دیسی کے شربت کے ساتھ کھلائیں۔

صبح دوپہر شام کھلائیں فائدہ پہلی خوراک سے ہوگا۔

ایک دن کا استعمال کافی ہے۔ زیادہ سے زیادہ تین دن استعمال کرائیں۔

۱۰۰٪ کامیاب ہے۔ عرصہ ۲ سال سے زیرِ استعمال ہے کبھی ناکامی نہیں ہوئی۔

حضرت امام شریف صابری پیر و مرشد آستانہ عالیہ غازی آباد اوکاڑہ والوں کا عطیہ ہے۔

جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں۔

•

امدادیہ تجربات

حکیم امداد علی انصاری صاحب، دارالصحت امدادیہ مکان نمبر 3774 گلی نمبر ۱ منصور آباد فیصل آباد

روغن خالص حکیم امداد علی

برگ کیر سبز سفید گل والے ۲ کلو۔ پانی ۱۲ کلو۔ ۱۵ دن بھگوئیں اور مسل لیں پانی نتھار لیں چولہے پر چڑھائیں۔ ½ کلو روغن کنجد ڈالیں۔ پانی خشک کریں تیل باقی رہے تیار ہے۔

استعمال: بال اکھاڑ کر تیل لگائیں روزانہ رات کو ۱۵ یوم لگائیں۔ صبح صابن سے دھوئیں۔ بال آئندہ نہ اگیں گے۔

● جنڈ کی ڈوڈیاں یا پھلیاں لے کر باریک پیس لیں۔ آب جزانت میں حل کر کے بال اکھیڑ کر اوپر لیپ کریں۔ ۱۰ یوم کورس ہے۔

● لائیکوپوڈیم CM ایک قطرہ چالیس سال سے اوپر کے لیے۔

فوری انتشار

خولنجاں سفوفاً ۱ تولہ کھلائیں یا معجون کی شکل میں بنا کر کھلائیں۔ + ٹیسٹو ویرون ایک ٹیکہ۔

● راکھ ابرنے اپلے شیردار سے تر کر کے خشک کر لیں۔ بوقت دورہ کے وقت نسوار دیں۔ تین مرتبہ استعمال کافی ہے۔ ہسٹریا کی مریضہ کو بھی ہوش میں لانے کے لیے اس کو سونگھائیں۔

● غیر شادی شدہ لڑکیوں کے ہسٹریا کے لیے اجوائن دیسی ایک کف دست صبح و شام پانی سے کھلاتا ہوں مریضہ ٹھیک ہو جاتی ہے۔ ۱۵ یوم استعمال کرائیں۔

● کباب چینی ۲ تا ۵ ماشہ ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔ ۱+۱+۱ ۱۵ یوم۔

● دارچینا ۱ تولہ۔ برومائیڈ پوٹاشیم ۳ تولہ۔ ۵ گھنٹے کھرل کریں سرخ رنگ ہوگا۔ شاہکار جیل (بابت رسولی رحم)

استعمال: دو چار چاول تا حسب مرض۔

فوائد: رسولی ہر قسم، ناسور ہر قسم، مصفی، سیاہیاں، کینسر دور۔

کینسر کے لیے ہمراہ خیساندہ دھانسہ کھلائیں ۴۰ یوم۔ ۱۰ تولہ بوٹی دھانسہ ۲ سیر پانی میں بھگوئیں ۴ یوم کے لیے کافی ہے پھر نئی بوٹی استعمال کریں۔

بعد از حیض

مازو، کندش برابر وزن سفوف کر کے عرق گلاب سے لتہ تیار کریں یہ عمل تین دن کریں۔ بعدہٗ وظیفہ زوجیت کریں۔ مراد بر آئے گی۔

● کرکس، ستاور، ثعلب مصری، اسگندھ ناگوری، موصلی سفید، ہموزن۔ شیر برگد سے تر کریں پڑی رہنے دیں خوب لیس پیدا ہونے بقدر بیر گولیاں بنالیں۔

استعمال: ۱+۱ بعد از غذا ہمراہ دودھ۔ ۱۵ یوم کھلانے کے بعد چیک سپرم چیک کرائیں۔ دو تین ہفتہ استعمال کرائیں۔

● افیون خالص ۱ ماشہ۔ آب شیریں انار (دانوں کا پانی) ۱ تولہ میں حل کر لیں۔ ۱۲ شیاف تیار کر لیں۔ قبل از جماع رحم کے اندر ۱۵ منٹ رکھیں۔ پھر نکال کر جماع کریں۔

فوائد: یقین حمل ہے۔

جو عورت کے جسم میں درد ہونا حمل ہونے کی علامت ہے۔

برتھ کنٹرول

زرد کوڑی آب لیموں میں تر کریں اور خشک ہونے کے بعد جلا لیں۔ سرمہ سفید، دال سفید، سفوف کوڑی ہموزن۔

خوراک: ۱½ ماشہ۔ (بڑا کیپسول)

استعمال: ۱۰ ادا سفیدی کا کیپسول میں ڈال دیں۔ صبح/شام بعد از حیض ۳ دن کھلائیں پانی کے ساتھ۔ جماع سے ۷ یوم پرہیز۔

۲½ سال کے لیے مانع حمل ہے۔ پھر خود بخود حمل ہونا شروع ہوگا۔ اگر اثرات زائل کرنے ہوں تو کستوری (چاول بھر) کا شافہ بنا کر رکھ دیں۔ ایک شافہ کافی ہے۔ ۴، ۵ گھنٹے شافہ رکھنا ہے۔

سوزاک

پکی پھلی کیلا ایک عدد (۳ تولہ) کافور ۹ ماشہ، افیون ۱½ ماشہ۔ خوب کھرل کریں اور لیس پیدا ہونے پر گولیاں نخود کے برابر بنا لیں۔

استعمال: صبح و شام ۱+۱ ہمراہ پانی ۳ دن تک کھلائیں۔ فائدہ ہوگا۔

تریاق رحم اشرف

شربت اکسیر نسواں اجمل۔ لاجواب دوا ہے۔

- کالی مرچ کچلہ کا بہترین مصلح ہے۔
- جھوٹ کی دنیا، فریب کا زمانہ۔
- تخم سرس اور مازو میں اگر سوراخ ہوں تو بیکار ہے۔

گلٹی

رسولی میں چھتر بوٹی کا کانٹا چبھو کر نکال لیں رسولی خود بخود ٹھیک ہو جائے گی۔ (حفیظ سلیمانی صاحب)

- رقیق بدن خط لکھ کر منگوا لیں۔
- مازو بے سوراخ ۵ تولہ۔ ماش ثابت ایک کلو۔ پانی ۴ کلو۔ مازو کو پوٹلی میں باندھ کر دال میں پانی ڈال کر آگ پر مدبر کریں۔ پوٹلی نیچے نہ لگے۔

مذکورہ مازو مدبر ۱ تولہ۔ کشتہ شاخ مرجان سیب والا ۱ تولہ۔ کیلشیم لیکٹیٹ

- ۲ تولہ۔ اقاقیا ۲ تولہ۔ کشتہ صدف در برگ کیکر گوند والا ۱ تولہ۔ سب کو ملا کر باریک کر لیں۔

خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ شربت انجبار صبح و شام ایک ایک کیپسول کھلائیں۔

کورس ایک ہفتہ دیں۔ تین دن میں لیکوریا ختم ہوگا۔

ناسور رحم

کیلوں آنا کے لیے: مازو، مائیں پھٹکڑی، کتھ ہموزن۔ عرق سونف کے ساتھ تھوڑا سا گیلا کر کے بیڑا روئی کا بنا کر رحم کے منہ کے اندر رکھیں۔ کورس تین یوم کافی ہے۔ ہری پیلی رطوبات ختم ہو جائیں گی۔

کشتہ قلعی

تخم دھتورہ ½ کلو۔ ثمر ببول ½ کلو۔ قلعی مصفی ۳ تولہ۔ گولا بنا کر بوری کا کپڑا لپیٹ کر ۴ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔

فوائد: جریان ہر قسم کے علاوہ بے حد ممسک ہے۔

ناسور

بیرم سلفاس ۱ تولہ۔ مہندی لال ۲ تولہ۔ ویزلین سفید ۴ تولہ۔ مرہم بنا کر استعمال میں لائیں۔

فوائد: ہر قسم کے زخم بالخصوص ناسور کے لیے اکسیر الاثر ہے۔

سرعت اور امساک کے لیے

اجمل مہندی ایک چھٹانک، دودھ پانچ سیر میں ڈال کر جوش دیں دو سیر دودھ باقی رہ جائے تو پھول نکال دیں۔

۲- آسرا بیخ کنیر سفید ۱ تولہ۔ تخم کونچ ۵ تولہ تین سیر دودھ میں ڈال کر جوش دیں جب تخم کونچ نرم ہو جائیں اور چھلکا اترنے لگے تو تخم کونچ چھیل کر

مجربات ظفر

حکیم ظفر اللہ صاحب، علیم شفائی دواخانہ اینڈ پنسار سٹور، اٹاری روڈ نزد مسجد چوک، حجرہ شاہ مقیم، ضلع اوکاڑہ

دوائے دھدر چنبل مجرب

ھوالشافی: ایسٹک ایسڈ ایک تولہ، فینائل چار گولیاں، کافور ایک ٹکیہ۔

تیاری: تمام ادویہ کو ایک شیشی میں ملا کر رکھیں۔ تمام ادویہ مکس ہو جائیں گی۔ ایک گھنٹے کے بعد اس محلول میں تین اونس سادہ پانی ملائیں اور شیشی کو سنبھال رکھیں۔

استعمال: روئی کے ساتھ دھدر چنبل اور لوط پر لگائیں۔ عام طور پر صرف ایک مرتبہ ہی لگانا پڑتا ہے۔ کھرنڈ آئے تو اس کو مت اتاریں۔ خود بخود اتر جائے گا۔ کھرنڈ پر ویزلین سادہ بھی لگا سکتے ہیں۔ تین چار یوم میں خود ہی کھرنڈ اتر جائے گا۔

دوائے دمہ اکسیر الاثر

معزز قارئین کرام۔ مندرجہ ذیل دوائے دمہ، میاں شاہد اکبر نقشبندی صاحب کے بے حد اصرار پر شائع کر رہا ہوں ہے جو صاحب اس دوا کو بنائیں گے۔ انشاء اللہ مایوس نہ ہوں گے۔

ھوالشافی: بارہ سنگھا ۵۰ گرام کو شیر مدار میں (ایک دن) بذریعہ رگڑائی جذب کریں اور ٹکیہ بنا لیں۔ ٹکیہ کو گل حکمت کر کے ۱۰ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر اس تیار شدہ کشتہ کو مزید ایک دن شیر مدار کی مدد سے رگڑائی کر کے ٹکیہ بنا کر حسب سابق آگ دیں۔ اسی طرح سات بار کشتہ کریں۔

استعمال: ۶ ماشہ کشتہ بارہ سنگھا شیر مدار والا سے / ۵۰ گرام شہد خالص میں ملالیں اور دوا کو تیار رکھیں۔ دمہ والے مریض کو چمچہ کا پچھلا دوا میں ڈبو کر چٹائیں۔ گھنٹے گھنٹے بعد دوا کھلائیں دورہ رک جائے گا۔ اگلے دن بقدر نخود ہر دو گھنٹے بعد چٹائیں۔ جتنے سال کا مرض ہو اُتنے ماہ دوا کھلائیں۔

دورہ رک جانے کے بعد دن میں صرف ایک مرتبہ بقدر نخود دوا چٹائیں۔

فوائد: دمہ، تنگی سانس، پھیپھڑے چلنا، سردی کا لگ جانا، بخار، نمونیہ کے لیے نہایت بھروسہ کی دوا ہے جو کہ عرصہ ۲۶ سال سے مسلسل ہمارے مطب میں استعمال ہو رہی ہے بفضلہ کبھی بھی ناکامی نہیں ہوئی۔

نیز ہر مزاج کو موافق ہے۔ بنائیں اور ہمارے جذبہ ایثار و قربانی کی داد دیں۔

یاقوتی

اس نسخہ کو میں نے مئی ۱۹۹۶ء صفحہ ۲۷ ماہنامہ اسرار حکمت میں شائع کرایا۔

اس نسخہ کی بعد استعمال تصادیق موصول ہوئیں۔ صرف ایک تصدیق حکیم سید عارف حسین شاہ صاحب کھوکھر تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ کی لکھ رہا ہوں۔

ملاحظہ فرمائیں۔

حکیم صاحب لکھتے ہیں کہ درد دل کا ایک ایسا مریض جو ہزاروں روپے خرچ کر چکا تھا یاقوتی کی پہلی ہی خوراک سے تندرست ہو گیا۔

ایک پٹھان میانوالی سے دل والے وارڈ میں

(باقی [illegible] پر)

• مُجرّبات شفقت

حکیم شفقت محمود فاضل طب و جراحت سردار میس، چوک پہلوان، تحصیل احمد پور، ضلع شیخوپورہ

حابس الدم

• پھٹکڑی سفید احصہ۔ سہاگہ سفید احصہ۔ کھیل کرلیں۔

[illegible] 250 بھرلیں۔

خوراک: ۱+۱ ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: حابس الدم، لیکوریا، جریان احتلام۔ لیکوریا کے لیے نہایت ہی مفید ہے۔ معدہ کو نہایت مفید ہے لیکوریا کے لیے ایک ہفتہ کا استعمال کافی ہے۔

کڑوی بوتل

ساون بھادوں کے لیئے۔

سالٹ ایا پاؤ۔ پتری فولاد ۲ تولہ ہیرا کسیس ۶ ماشہ۔ نوشادر ٹھیکری ا تولہ۔ تیزاب گندھک ۴ قطرے عرق سونف ایک بوتل۔

استعمال: ۲ گھونٹ غذا کے نصف گھنٹہ بعد کھلائیں۔

پرہیز: بڑا گوشت، اچار، انڈہ، چائے وغیرہ۔

ضعف جگر، ورم جگر و جملہ عوارضات جگر کے لیے مفید و موثر ہے۔

کورس ۲ بوتل لازمی۔

اکسیر ذکاوت

• سمندر سوکھ چھٹانک۔ کافور ½ رتی۔

استعمال: ۲ ماشے صبح و شام۔

• کورس: ۱۰ یوم۔

اکسیر عسر الطمث، نومبر ۹۷ء اسرار حکمت۔

شنگرف چائنہ ا تولہ۔ نمک شیشہ ۲ تولہ۔

خوراک: ۱ تا ۲ رتی کیپسول ہمراہ گرم پانی روزانہ۔

فوائد: پہلی دوسری خوراک کام کرے گی۔

اکسیر بندش حیض، نومبر ۹۰ء

برنجی، سلارا، سنگجراحت ہموزن۔

ایک تا ۲ ماشہ۔ دن میں ۲ دفعہ۔

لاجواب نسخہ ہے۔ پھٹکڑی سہاگہ والے نسخہ سے ذرا کم کام کرتا ہے لیکن ہے ۱۰۰٪ کامیاب۔

چٹکی خاص، اکتوبر ۹۷ء

مازو، گل انار، مائیں خورد، موچرس، پھٹکڑی بریاں۔ ہموزن۔

بوقت ضرورت استعمال کرائیں۔

سیاہیاں پڑنا

وجہ یہ ہے کہ خون جل جاتا ہے یا سیاہ ہو جاتا ہے۔

اس کے لیے شربت فولاد ہمدرد دو تین شیشیاں استعمال کرائیں۔

اس کے ساتھ کارمینا گولیاں صبح و شام جو کہ معدہ و جگر کے لیے مفید ہیں۔

دائمی قبض

• نمک سیاہ ۲۰ گرام۔ ہلیلہ سیاہ ۱۰۰ گرام۔

استعمال: ۳ ماشہ بعد از غذا کھلائیں۔

جواب طلب امور یا مزید کسی نسخہ کے لیے جوابی خط کا آنا نہایت ضروری ہے۔

•

مجربات شہباز

حکیم و ڈاکٹر شہباز حسین اعوان کلینک سوہدروی نزد ویگن اڈہ سوہدرہ تحصیل وزیرآباد

معزز قارئین کافی عرصہ کے بعد میں دوبارہ آپ حضرات کے سامنے حاضر ہو رہا ہوں میں نے چند ماہ اسرار حکمت میں مضامین نہیں بھیجے ڈاکٹر و اطباء کرام سے مجھے خطوط ملے اور کئی اطباء کرام تو میرے پاس بھی تشریف لائے اور یہ شکوہ کیا کہ آپ اسرار حکمت میں کیوں نہیں لکھتے۔ اس کی وجہ میری کچھ ذاتی مصروفیات تھیں جن کی وجہ سے میرا چند ماہ کسی بھی رسالہ میں مضمون نہیں آسکا۔ اگر کسی رسالہ میں کوئی مضمون شائع ہوا بھی ہے تو وہ انہوں نے میرے پرانے مضامین سے لگایا ہے۔ آج آپ حضرات کی خدمت میں چند مجربات پیش کر رہا ہوں امید ہے کہ آپ کو پسند آئیں گے۔

چپ ہاضم حکیم شہباز والا

ہوالشافی: الائچی خورد ۱ تولہ۔ سونف ۱ تولہ۔ پودینہ ۱ تولہ۔ میٹھا سوڈا ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ چینی ۵ تولہ۔

تمام ادویہ کا سفوف بنالیں۔

خوراک: ۱ تا ۲ ماشہ دن میں تین بار ہمراہ آب۔

افعال و اثرات میں یہ نسخہ اعصابی غدی (تر گرم) ہے۔ بھوک کی کمی، تیزابیت معدہ، گیس ٹربل، سینے کی جلن اور ہر قسم کے سوداوی اور صفراوی امراض کے دوران اگر معدہ میں خرابی موجود ہو تو یہ ہاضم ضرور استعمال کروائیں۔

یہ خوشذائقہ اور مجرب نسخہ ہے۔

حب مغلظ خاص حکیم شہباز والی

ہوالشافی: موچرس ۱ تولہ۔ کشتہ صدف مروارید ی ۲ ماشہ۔ کشتہ سہ دھاتہ ۳ ماشہ۔ شیر برگد ۵ تولہ۔

موچرس کو مانند غبار کرلیں اور پھر کشتہ جات ملا کر خوب کھرل کریں۔ اور پھر شیر برگد ڈال کر خوب کھرل کریں اور گولیاں چنے برابر بنالیں۔

فوائد: افعال و اثرات میں یہ نسخہ عضلاتی اعصابی یعنی خشک سرد ہے۔ مغلظ منی حد درجہ ہے۔ منی میں ورم پیدا کرتا ہے۔ ۱ گولی صبح ۱ گولی شام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ دیں۔

اسے استعمال کرنے سے جریان، احتلام اور رقت، نزلہ اور کثرت مذی و ودی اور ذکاوت حس کا خاتمہ ہو جاتا ہے نیز قوت باہ اور امساک میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ مرض کی نوعیت سے ۲ ہفتہ تا ۱ ماہ استعمال کروائیں۔

شفائے لیکوریا حکیم شہباز والا

ہوالشافی: کشتہ توتیا اکسیری (جست والا) ۱ تولہ۔ کشتہ تیج مرجان ۱ تولہ۔ کشتہ فولاد ہیرا کسیس والا ۱ تولہ۔ کشتہ صدف مروارید کا ۱ تولہ۔ کشتہ بیضہ مرغ ۱ تولہ۔

تمام کشتہ جات کو ملا کر کھرل کرلیں۔

خوراک: ۲ رتی صبح و شام بعد از غذا ہمراہ دودھ کے دیں۔

افعال و اثرات: اعصابی عضلاتی ہیں یعنی تر سرد ہیں یہ نسخہ ہر قسم کے لیکوریا کے لیے مجرب ترین ہے۔ چند روز کے استعمال سے لیکوریا کا خاتمہ ہو کر صحت بحال ہوگی اور رحم کی کمزوری اور جسمانی کمزوری کا خاتمہ ہو کر عورت قابل اولاد ہوگی۔

بہترین نسخے

حکیم حاجی احمد علی کمبوہ، فرحان یونانی شفاخانہ فیصل آباد روڈ جکھیں ضلع شیخوپورہ

دردِ شکم معدہ، گیس، قبض، اپھارہ

سوڈا بائیکارب (میٹھا سوڈا) ۱۰۰ گرام، پھٹکری نوشادر ۵۰ گرام، نمک سیاہ ۵۰ گرام۔

بناوٹ: تینوں چیزوں کا الگ الگ سفوف بنا کر ملالیں۔

خوراک: ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک کھانا کھانے کے بعد صبح دوپہر شام مریض پانی سے کھالے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

پیشاب زیادہ آنا

تخم حرمل ایک ماشہ مریض کو روزانہ شام کو نیم گرم پانی سے کھالیا کرے۔ دو تین ہفتے متواتر استعمال سے مرض ختم ہو جائے گا۔

ذیابیطس (شوگر کے لیے)

پختہ تمہ کے صرف دو بیج کھانا کھانے کے بعد روزانہ مریض صبح پانی سے کھالے۔ ایک ماہ بعد مریض شوگر چیک کروائے۔ اگر ضرورت ہو تو اور کھالے ورنہ بند کردے۔ میٹھی چیزوں سے پرہیز ضروری ہے۔

شوگر کے لیے

آدھا کلو کچے تمہ کا پانی نکال کر اس میں ایک پاؤ دیسی اجوائن بھگولیں۔

سایہ میں خشک کرلیں۔

روزانہ صبح و شام مریض کو کھانا کھانے کے بعد ایک ماشہ یہ اجوائن پانی سے کھلادیں۔ انشاء اللہ دو ماہ میں شوگر کا خاتمہ ہو جائے گا۔

جوڑوں کا درد، جسمانی درد

سنڈھ ۳ تولہ۔ اسگند ۳ تولہ۔ کالی مرچ ۱ تولہ۔ سورنجان شیریں ۳ تولہ۔ کچلہ مدبر ۳ تولہ۔

بناوٹ: سب کو سفوف بنا کر ملالیں۔ چھوٹے کیپسول بھرلیں۔

استعمال: صبح و شام کھانا کھا کر ایک ایک کیپسول پانی سے کھالیں۔ بعد میں نیم گرم دودھ پی لیں۔ پیاس لگے تو بعد میں بھی دودھ پلائیں۔

گرمی معدہ، گیس، قبض، تبخیر

زنجبیل ۱۰۰ گرام۔ نوشادر ٹھیکری ۵۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۲۵ گرام۔ شنگرف ۱۰ گرام۔

بناوٹ: سب کو الگ الگ باریک سفوف بنا کر باہم ملالیں۔

خوراک: ۱ تا ۱ ماشہ صبح و شام کھانا کھانے کے بعد پانی سے کھلائیں۔

لیکوریا، سیلان الرحم

ماجو، مائیں، اولے، بہیڑے، ہرڑ، چھوہر، سمندر سوکھ، تیلیہ، سپاری، خشک جامن۔ سب چیزیں ہم وزن لے کر سفوف بنالیں۔

استعمال: صبح و شام چار چار ماشے شام پانی سے کچی لسی یا باسی پانی سے مریض کو کھلائیں۔ شفا ہوگی۔

دل کی تیز دھڑکن، ضعف جگر، کمزوری

خمیرہ گاؤزبان ۵ تولہ۔ کشتہ فولاد خاص ایک تولہ۔ ورق چاندی ۱۲ عدد۔

• عطیاتِ اطباء پاکستان

(ماخوذ بیاض سے قاسمی سے جلد دوم)

تحریر: حکیم عبدالرشید قاسمی
پیشکش: حکیم محمد افضل میو
(گوجرانوالہ میڈیسٹ)

طلائی الفور

مشاتیلہ سیاہ ۲ ماشہ۔ سیماب ۲ ماشہ۔ سالکنگنی ۲ ماشہ۔ جمال گوٹہ(؟) ۲ ماشہ۔
زنجفیل ½ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ۔ روغن بلادر یا روغن سانڈہ
میں ایک روز مکمل کھرل کرکے حشفہ اور سیون چھوڑ کر ایک
گھنٹہ پہلے لگا دیں۔ بعد میں گرم پانی سے دھو کر مقاربت
کریں خوب انتشار ہوگا۔

ڈاکٹر ایم اے کمال

• قرحہ سوزاک، بواسیر خونی و بادی

طوطیا بریاں ۴ تولہ۔ پوٹاشیم آئیوڈائیڈ ۳ تولہ۔
½ ۱ سیر پانی۔ ½ سیر پانی میں حل الگ الگ کرلیں پھر ملالیں
دو تین بار ہلالیں۔ پھر رکھ دیں اوپر سے پانی نتھارلیں۔ پھر
تین بار ۲ ½ سیر پانی میں بھگو کر محلول کو پہلے تلچھٹ میں ڈالیں
یہ عمل تین بار ہوگا۔

آخری بار نتھار، نیچے والے خشک کرکے سفوف کام
میں لائیں۔

دو رتی روزانہ مکھن میں کھلا کر دودھ پلائیں۔ سوزاک
قرحہ تک سے بیسے لو اسیر خونی و بادی، جریان، لیکوریا کے
لیے بھی مفید ہے۔

حکیم سید محمد نواز بخاری

• کشتہ شنگرف صلایہ (لیل بوٹی)

شنگرف ۱ تولہ۔ پانی پرنی کھری بوٹی اچھا تک میں
صلایہ کریں۔ ایک رتی خوراک مقوی باہ۔

• مسک

عجیب المنفعت، از اسرار۔

کچلہ مدبر در آب پیاز ۱ پاؤ۔ پھلی کیکر خام ½ پاؤ۔
دودھ بیڑ ۱ پاؤ۔

۲ اور ۳ کو خوب اچھی طرح سے گھوٹ کر مثل حلوہ بنائیں
اور کچلہ ملا کر بقدر نخود گولی تیار کریں اور دھوپ میں خشک
کریں۔ قبل از وقت ایک گولی ہمراہ دودھ نیم گرم دیں۔
دیگر امراض پر اپنی حکمت سے استعمال کرائیں۔

میاں محمد رمضان

تبخیر معدہ و قبض دائمی دور کرنے کے لیے

گودہ حنظل، ہلدی دونوں ہموزن لے کر باریک پیس
لیں۔ اور نمک لاہوری دونوں کے برابر ملالیں۔
اب روزانہ تین ماشہ خوراک ہمراہ ایک پاؤ دودھ۔
اکیس روز کے استعمال کے بعد انشاء اللہ کبھی تبخیر نہ ہوگی۔

حکیم محمد فاروق حسن صدیقی

جوب سیاہ برائے بواسیر

ایک خوراک سے بواسیر کا خاتمہ۔

رسونت مکی ½ پاؤ لے کر اسے سادہ پانی میں گھول کر چھان
لیں۔ اور پھر اس کو ایک روغنی برتن میں ڈالیں۔ اس پر آب
مروق مولی دیسی تھوڑا سا ڈال دیں۔ چند روز میں خشک ہوگا۔
اسے باریک کرکے پھر مولی کا پانی ڈال دیں۔ خشک ہونے
پر پھر پیس لیں اور بتدریج تین سیر پانی ختم ہونے پر ایک عمل
مکمل ہو گیا۔

اب گل ہارسنگھار سایہ میں خشک کرلیں۔
اب مغز جامگوٹہ ½ چھٹانک ۱۰ تولے کر اس پر سرکہ انگوری
بطریق معروف جس طرح رسونت پر آب مولی خشک کیا گیا

مجربات معمول مطب

معزز قارئین کرام کی خدمت میں چند معمول مطب مجربات حاضر ہیں پسندیدگی کی صورت میں مزید کرشمہ اثر مجربات آپ کی خدمت میں پیش کر دوں گا۔ انشاء اللہ تعالےٰ

حکیم محمد افضل شاکر صاحب، فاضل طب و جراحت، شاہین یونانی دواخانہ مین بازار، محلہ رحمان پورہ، شیخوپورہ

سوزش گلا

اجزاء: سہاگہ بریاں ۳ ماشہ۔ پھٹکڑی بریاں ۳ ماشہ۔ عرق گلاب خود ساختہ ۸ تولہ۔ شہد خالص ۵ تولہ۔

تیاری: سب کو ملا کر یکجان کر لیں۔

استعمال: روئی کے پھاہے سے گلے کے اندر لگائیں۔

فوائد: سوزش گلا کے لیے یہ دوا میری معمول مطب ہے۔

فوری

اجزاء: ست پودینہ، ست ملٹھی، دانہ الائچی خورد (خود نکالا ہوا) اسکریں۔ ہموزن ادویہ لے کر باریک کر کے ملا لیں۔ تیار ہے۔

استعمال: ایک تا دو رتی (احتیاط) استعمال کے آدھ گھنٹہ بعد تک پانی استعمال نہ کریں اور بغیر پانی کے ہی نگل جائیں۔

فوائد: بندناک، نزلہ، سردرد، داڑھ درد کے لیے نہایت مفید ہے۔ دوائی تیز ہے احتیاط کے ساتھ استعمال کریں۔

سفوف سناء

اجزاء: برگ سناء مکی مصفیٰ، سنڈھ، فلفل سیاہ، اجوائن دیسی، نمک سیاہ، تمام ادویہ ہموزن باریک پیس کر ملا لیں۔

استعمال: ایک تا دو ماشہ ہمراہ پانی کھلائیں۔

فوائد: پیٹ درد دائمی، قبض دائمی، اپھارہ اور تبخیر معدہ کے لیے مفید ہے مستقل استعمال کرائیں اور دائمی قبض ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گی۔

ممسک اعلےٰ

اجزاء: زعفران نصف تولہ۔ افیون خالص ڈیڑھ تولہ۔ لونگ دو تولہ۔ جائفل دو تولہ۔ جاوتری دو تولہ۔ مشک تخم دھتورہ گردہ آدھ پاؤ۔

جب نخودی تیار کر کے کشتہ مرجان میں لگا لیں۔ ممسک اعلیٰ تیار ہے۔

استعمال: مستقل فائدہ کے لیے ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ۔ وقتی فائدہ کے لیے وقت خاص سے دو گھنٹے قبل ایک گولی ہمراہ دودھ کھلائیں اور نمکین غذا سے مریض کو منع کریں۔

فوائد: نہایت ممسک اور محرک ہے۔ عرصہ ایک سال سے معمول مطب ہے۔ صرف موسم سرما میں استعمال کراتا ہوں۔ جو مریض ایک پاؤ دودھ ہضم نہ کر سکتا ہو اُس کو دو گولیاں کھلا کر ایک کلو دودھ پلا دیں۔ فوراً ہضم ہوگا۔ پچانوے فیصد کامیاب نسخہ ہے۔ پندرہ تا تیس منٹ تک رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔

دوائی پتھری گردہ

اجزاء: سنگ سرماہی آٹھ تولہ کو نہایت باریک پیس لیں اور

کشتہ سنگِ یہود نصف تولہ ملا کر بونس ایک ماشہ کی چھ پڑیاں بنالیں۔

استعمال: ایک ایک پڑی ہمراہ شربت بزوری بار دیح صبح دوپہر شام کھلائیں اور شربت موسلے تو صبح ہلکے ناشتہ کے بعد پانی کے ساتھ ایک پڑی کھلائیں اور ہر چیز کا کھانا پینا بند۔ دودھ سوڈا یا خالص دودھ استعمال کرسکتے ہیں۔ پانی کا استعمال بالکل بند ہے۔ بہت زیادہ ہی بھوک لگے تو دودھ رس استعمال کرسکتے ہیں۔ کورس دوا صرف دو یوم کا ہے۔

فوائد: پتھری گردہ، درد کے لیے انتہائی مفید دوا ہے۔ اب تک دس مریضوں کی پتھریاں اس دوا سے نکل چکی ہیں۔

قبر وطن جدید

اجزاء: زلفت رومی چھ ماشہ مصطگی رومی چھ ماشہ۔ مغز ساق گاؤ ۲ تولہ۔ چربی بطخ ۳ تولہ۔ چربی گردہ بُز ۳ تولہ۔ روغن گل ۳ تولہ۔

استعمال: حشفہ چھوڑ کر تمام عضو پر مالش کریں بلکہ نیچے منفعت تک مالش کریں اور مثانہ پر بھی مالش کریں۔

فوائد: پٹھوں کو نرم کرتی ہے۔ ذکاوتِ حس اور احتلام کو بھی ختم کر دیتی ہے۔ پٹھوں کو طاقت دے کر امساک پیدا کرتی ہے۔ طلاء کے اثرات کو قبول کراتی ہے۔ ایک ہفتہ لازماً استعمال کرائیں۔

اس کے استعمال کے بعد جو طلاء بھی استعمال کرائیں گے وہ فوری طور پر جذب ہو کر عضو کو طاقت بحال کرے گا۔

جواب طلب امور کے لیے نیز کسی بھی مرض کا نسخہ درکار ہو جوابی لفافہ ارسال کریں آپ کو فوراً جواب ملے گا۔

• الشفاء نادر و نایاب تجربہ شدہ انمول اکسیرات

حکیم ڈاکٹر عبدالحق انصاری، الشفاء فیضان طب ہربلیز کلینک کراچی

الشفاء نایاب قبض کی اکسیر

ریونگ (خطئیت) ایلوا ہر دو ایک تولہ، پودینہ، ہیرا کسیس، گوگل، انیسون، ریوند ہر دوا دو تولہ۔ عرق سونف میں کھرل کر کے گولیاں بقدر کنار دشتی بنا لیں۔

ہمراہ آب گرم ایک تا ۲ گولیاں دیں۔ دائمی قبض میں اکسیر ہے۔

جملہ نقائص دور کر کے اجابت باقاعدہ لاتی ہے۔

مجرب آزمودہ اکسیر تحفہ ہے۔

اکسیر نایاب سیلانی

بیروزہ خام، نشاستہ سفید، سپید، کشتہ فولاد (جو کہ ہیرا کسیس سے تیار کیا ہوا ہو) ہر دوا دس تولہ ہو۔ جملہ ادویہ کو بیر کے دودھ جو کہ ایک سیر ہو اس میں کھرل کر کے دس سیر کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس لیں۔

خوراک:- ایک ماشہ تا دو ماشہ۔

صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔ سیلان الرحم کے لیے حیرت انگیز ٹانک ہے۔

الشفاء انمول حیات اکسیر

آب انگور ۵ تولہ۔ آب برگ کیکر، آب ادرک، آب پیاز ہر ایک ۵، ۵ تولہ۔ آب مولی ۵ تولہ میں برادہ فولاد ۵ تولہ۔ نوشادر ٹھیکری ۲ ماشہ حل کر کے ایک مرتبان میں ڈال کر منہ بند کر کے دو ہفتے دھوپ میں رکھیں۔ حل ہو جانے پر جاوتری ۹ ماشہ، جائفل ۹ ماشہ، میٹھا تیلیہ، زعفران خالص ۲، ۲ ماشہ۔ کشتہ فولاد خاص ساز ۲ ماشہ کوٹ چھان کر اس مرکب میں شامل کر لیں اور لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر بیری کی لکڑی کی ہلکی آنچ پر پکائیں گاڑھا قوام ہونے پر اتار کر گولیاں کل تعداد ۶۰ عدد بنا لیں۔

مقدار خوراک:- صبح و رات کو سوتے وقت دو، دو گولیاں ہمراہ نیم گرم دودھ سے دیں۔

فوائد:- ضعف جگر، جریان، ضعف باہ، ضعف اعصاب و دماغ وغیرہ کے لیے خاص اکسیر ہے۔

یہ نایاب تجربہ شدہ نسخہ میرے دادا حکیم ڈاکٹر عبدالعزیز انصاری جونپوری مرحوم کا معمول مطب رہا ہے اور خاص بیاض سے ہے آپ بھی بنائیں اور فائدہ پہنچائیں۔

الشفاء اکسیر بواسیر

• شنگرف رومی، خرمہرہ زرد سوختہ ایک ایک تولہ۔ دونوں کو متواتر چوبیس گھنٹے تک کھرل کر کے رکھ لیں بس اکسیر تیار ہے۔

مقدار خوراک:- ایک رتی سے دو رتی تک ہے۔ مسکہ میں صبح و شام دیں۔

جریان خون فوراً بند ہو جاتا ہے۔ پندرہ روز متواتر کھلانے سے چھوٹے سے چھوٹے مسے مرجھا جاتے ہیں۔ بڑے مسے پر لگانے والا نسخہ لگانے سے ہمیشہ کے لیے مسے نیست و نابود ہو جاتے ہیں۔

مسوں پر لگانے والا نسخہ

طوطیا سبز، رشب یمانی سفید ۲، ۲ تولہ دونوں باریک کر کے بلور کی دیگچی میں ڈیڑھ سیر پانی ڈال کر پوڈر مذکور اوپر چھڑک دیں۔ ۱/۲ گھنٹے بعد احتیاط سے پانی گرا کر جو ہر جو دیگچی کے پیندے میں لگا ہوا ہوگا وہ کھرچ کر کاغذ پر رکھ کر سایہ

میں خشک کر لیں۔ ضرورت پر پوڈر مذکورہ ایک ماشہ تیزاب شورہ ۲ ماشہ بسلوری کٹوری میں ملا کر روئی سے مسّوں پر ہر پانچ منٹ بعد لگائیں اور پندرہ منٹ کے بعد مسّوں کو برف کے پانی سے جو پہلے سے ٹھنڈا کیا ہوا ہو اس سے دھو دیں اور پندرہ منٹ تک مسّوں پر یہی پانی گرائیں۔ بعد میں مشک کافور ۳ ماشہ مکھن مسّکہ ½۲ تولہ میں ملا کر جو پہلے ہی تیار کر کے رکھ لیا گیا ہو لگائیں چار پانچ یوم لگانے سے مسّے ہمیشہ کے واسطے نابود ہوں گے تجربہ شدہ ہے۔

❋ لوہے کی کڑاہی میں فرش ولحاف دے کر درمیان میں ڈلی کر اوپر اوندھا مٹی کا پیالہ رکھ دیں۔ پیالہ کے مقام اتصال پر نمک ½ پاؤ ڈال دیں اور چولہے پر آگ دیں جب دھواں نکلنا بند ہو جائے تو شنگرف نکال کر بار یک کھرل کر کے رکھ لیں۔

خوراک : اچاول ہمراہ بالائی / حلوہ، چوری کھانے کے بعد دن میں صرف ایک بار استعمال کریں۔

سردی اور کمزوری کے تمام امراض، بوڑھوں اور کمزوروں کے لیے تحفہ جوانی، بڑے اور درد کمر والے آپ کے بچوں کو دعائیں دیں گے۔

بھروسہ کیپسولز (یونانی)

قیمتی اجزا پر مشتمل بھروسہ کیپسولز سرعت انزال کو دور کر کے طاقت پیدا کرتے ہیں ان کے استعمال سے مرجھائے ہوئے چہرے نوخیز کلی کی طرح شگفتہ ہو جاتے ہیں۔ وقت پر شرمندگی اٹھانے والے نوجوان اپنا کھویا ہوا وقار پھر سے حاصل کر سکتے ہیں۔ بے حد مقوی باہ ہونے کی وجہ سے دونوں فریق لذت محسوس کرتے ہیں۔ نئی کافوراً خراج ختم ہو کر بلکہ زوجیت طویل ہو جاتا ہے۔ کمزوروں کو بھی باہ حاصل ہوتی ہے۔ قریب باہ کے لیے بے مثل تحفہ ہے۔

قیمت فی درجن ۲/۴۰ روپے۔ فی گرس ۲/۴۰ روپے

حکیم مہتاب حسین دہلوی حکیم آباد، نوشہرہ کینٹ صوبہ سرحد

• خاندانی مجربات

محترم مدیر صاحب اسرار حکمت لاہور

تیرہ عدد مجربات کے ساتھ ایک بار پھر حاضر خدمت ہوں۔ یہ ہمارے خاندانی مجربات ہیں۔ زندگی فانی ہے۔ معلوم نہیں کس وقت زندگی کی شام ہو جائے۔ اس لیے خاندانی مجربات شائع کرا رہا ہوں تاکہ ان سے طبی برادری مستفید ہو سکے۔

حکیم اللہ دتہ چشتی گولڈ میڈلسٹ، انوار حکمت دواخانہ سکھانے والا ۹/۵ جیسو کا نون، تحصیل کبیروالا ضلع خانیوال۔

●

جواہر مہرہ نظامی

● پارہ مصفیٰ ۵ تولہ۔ لونگ کی ٹوپی ۲ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۳ تولہ۔ کچلہ مدبر باریک کردہ ۲ تولہ۔ چینی ۲ تولہ۔

پہلے پارہ اور گندھک کی کجلی تیار کریں۔ پھر تمام ادویہ ملا کر ½ گھنٹہ کھرل کر کے کسی مضبوط شیشی میں بند کر کے کوڑے کے ڈھیر (پنجابی اروڑی) میں ۲۱ دن کے لیے دفن کر دیں۔ ۲۱ دن کے بعد کھرل کر کے رکھیں۔

خوراک : ½ تا اچاول ہمراہ مکھن استعمال کریں۔

مزاج گرم خشک مفرح۔

خشکی کی تمام امراض اور دل کی تقویت کے لیے اکسیر الاثر ہے۔ جہاں جواہر مہرہ استعمال کرنا ہو۔ ادویہ میں ڈال کر استعمال کریں۔ اپنے مطب کی شان بڑھائیں۔

کشتہ شنگرف

شنگرف رومی ڈلی ۱ تولہ۔ بھلانوے ۵ تولہ۔ خشخاش ۵ تولہ۔

بھلانوے اور خشخاش کو کوٹ کر نغدہ بنالیں۔ ❋

روغن برائے چنبل

● ہوالشافی اجزائے نسخہ ـــ اجوائن دیسی ۲ تولہ۔ آک کا دودھ ۲۰ تولہ۔ تلوں کا تیل آدھ سیر۔

نسخہ بنانے کا طریقہ ـــ اجوائن دس تولہ کو آک کے دودھ ۲۰ تولہ میں خوب کھرل کریں اور ٹکیاں بنالیں۔ آدھ سیر تلوں کے تیل میں جلالیں، پھر چھان کر یہ روغن شامل کریں۔

روغن چنبل و داد

● ہوالشافی۔ نسخہ کے اجزاء ـــ کاربالک ایسڈ ۶ ماشہ کافور ۱ تولہ۔ تیل تارپین ۲½ تولہ۔

نسخہ بنانے کا طریقہ ـــ کاربالک ایسڈ اور کافور کو ملا کر دھوپ میں رکھیں جب حل ہو جائے تو تیل تارپین ملا کر ہلائیں۔ دن میں دو بار مقام چنبل یا داد پر لگائیں۔

شربت عارضہ چنبل

ہوالشافی۔ نسخہ کے اجزاء ـــ چرائتہ، شاہترہ، عناب، گل منڈی، سرپھوکہ، برگ نیم، ہر ایک ۱ تولہ تولہ۔ پانی ۳ پاؤ، چینی ۳ پاؤ۔

شربت بنانے کا طریقہ ـــ بطریق معروف شربت بنالیں۔

خوراک :ـ ۲ تا ۲ تولہ دن میں تین بار پلائیں۔

غذا :ـ سرد اور ترش اغذیہ بند کر دیں، چینی روٹی ضرور کھلائیں۔

اکسیر چنبل

ہوالشافی۔ نسخہ کے اجزاء ـــ قلمی شورہ ۸ تولہ۔ سیماب ۶ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۸ تولہ۔

نسخہ بنانے کا طریقہ ـــ پہلے آہنی کڑاہی میں گندھک پگھلائیں۔ پھر سیماب ڈال کر لوہے کی سلاخ سے ہلاتے رہیں۔ اس کے بعد قلمی شورہ کا سفوف چٹکی چٹکی ڈالتے رہیں۔ آخر میں گیرو ملا دیں۔ نیچے اتار کر سرد کر کے بار یک پیس لیں۔

خوراک :ـ ۵ ماشہ ایک خوراک پانی کے ساتھ دیں۔

چنبل کی تقیر دوا

● مجربات ڈاکٹر ایس ایم پی میں لکھا ہے۔

یہ وہ پانڈ ہے جو کبھی خطا نہیں کرے گا۔ سینکڑوں مریضوں پر کامیابی سے آزمایا جا چکا ہے۔ چنبل کے مریض جو ڈاکٹروں، حکیموں سے علاج کرا کر تنگ آچکے ہیں۔ اس دوا سے ٹھیک ہو جاتے رہیں۔

ہوالشافی۔ نسخہ کے اجزاء :ـ نوشادر دیسی ۳ تولہ، کشتہ جست الزار۔

بنانے کا طریقہ :ـ مذکورہ دونوں اجزاء کو ملا کر لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب ہر دو چیزیں سفید رنگ بالا ہو جائیں تو نیچے اتار کر ٹھنڈا ہونے پر کھرل میں پیس کر مثل سرمہ بنالیں۔ اور کپڑے سے چھان کر محفوظ رکھیں۔ اس دوا کو پانی میں رگڑ کر چنبل پر لگاتے رہیں۔ لازمی طور پر چنبل کی مرض دور ہو جاتی ہے۔

نسخہ

کتے کی کھوپڑی جنگلی اوپلے میں جلائیں۔ بالکل جل جائے، جب راکھ ٹھنڈی ہو جائے کھوپڑی پیس لیں۔ گائے کا مکھن ایک سو ایک بار پانی میں دھو کر روزانہ تازہ دوائی ملا کر چنبل پر لگائیں۔

نسخہ

چنبل کے موقعہ پر اتنی جونکیں لگائیں کہ کوئی جگہ خالی نہ رہے اس کے مخالف جگہ پر بھی دو جونکیں لگائیں۔ جونکیں خود بخود اتریں۔ جونکیں مر جائیں گی۔ تمام گندہ خون چوسا جائے گا اور چنبل اچھی ہو جائے گی۔

عجیب و غریب نسخہ برائے چنبل

چنبل کے مقام پر دہی لگا کر کتے سے چٹوا دیا کریں۔ چند یوم ایسا کرنے سے مکمل آرام ہو جائے گا۔

مجربات پیرکوٹ

حکیم محمد انور پیرکوٹی معافضل یونانی دواخانہ، مدینہ مارکیٹ، شیخوپورہ

شربت ادرار حیض کے لیے

اجزاء: تخم سویا، تخم مولی، تخم کاسنی، بیخ کاسنی، سونف، بیخ بادیان، سونف۔ تخم کرفس، بیخ کرفس، تخم خربوزہ، تخم پالک، بکلتق، تمام اجزاء ۲، ۲ تولہ۔ چینی ایک سیر۔ شربت تیار کریں۔

استعمال: چار چار تولہ صبح و شام نیم گرم پانی میں ملا کر پہلے ایک ماشہ قلمی شورہ منہ میں ڈالیں اوپر سے شربت پلائیں۔

فوائد: ادرار حیض کے لیے نہایت مفید ہے۔ عرصہ ۲۰ سال سے معمول مطب ہے۔

سفوف اطفال

اجزاء: دانہ الائچی کلاں ۱½ تولہ۔ طباشیر ۳ تولہ۔ سنگجراحت ۳ تولہ۔ زہر مہرہ ۲ تولہ۔ سفوف بنالیں۔

استعمال: ۲½ رتی ہمراہ آب انار بچوں کو کھلائیں۔

فوائد: اسہال اطفال کے لیے مجرب ہے۔

چھپاکی کے لیے

اجزاء: افسنتین ۵ تولہ۔ شہد ایک پاؤ ملالیں۔ اور دو دو چمچے صبح دوپہر شام چٹائیں۔

سرمہ چھپاکی

اجزاء: الائچی خورد ۱۶ دانہ۔ نوشادر ٹھیکری ۱ ماشہ۔ دونوں کو پیس کر سرمہ بنالیں۔ اور آنکھوں میں لگائیں۔ چھپاکی جاتی رہے گی۔

کثرت حیض کے لیے

اجزاء: کرکس ایک پاؤ۔ تسپال ایک پاؤ۔ پوست ڈوڈہ ایک پاؤ۔ سفوف بنائیں۔

استعمال: ۳ ماشہ ہمراہ شربت انجبار کھلائیں۔

فوائد: کثرت حیض کے لیے مفید ہے۔

نزلہ کے لیے

اجزاء: طباشیر ۱ تولہ، مرچ سفید ۱ تولہ، کشتہ گئودنتی ۱ تولہ۔ ست پودینہ ۱ ماشہ۔

استعمال: چار رتی کھلائیں۔ چائے سے پرہیز کرائیں۔

مردہ بچہ کو رحم سے نکالنے کے لیے

پاؤ بیر سفوف چھ ماشہ۔ پانی میں جوش کر پلائیں۔ بچہ باہر آجائے گا۔

کشتہ مردہ سنگ

مردہ سنگ ۳ تولہ کو کیلہ میں چوبیس گھنٹے پھر شیر مدار میں تر رکھیں۔ بعد میں ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کوزہ گل حکمت کرلیں۔

خوراک: ۱ رتی ہمراہ بالائی یا مکھن۔ مارگزیدہ سے ایک سلائی آنکھ میں لگائیں بطور سرمہ۔

فوائد: مقوی باہ، مصفا خون، دمہ، کھانسی، آتشک سوزاک اور مارگزیدہ کے لیے مفید ہے۔

طحال اور سنگرہنی کے لیے

کوڑی زرد ۵ تولہ کو آب لیموں میں تین روز تر رکھیں۔ پھر کوزہ گل حکمت کرکے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔

استعمال: ۱ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ استعمال میں لائیں۔

فوائد: طحال اور سنگرہنی کے لیے ۹۰ فیصدی کامیاب

اگر نشے کی زیادتی سے ہو وہ بھی دو منٹ میں بھاگتی ہے۔ سر درطب وبلغمی درد سر کوسوں دور بھاگ جائے گا۔

تخم جوز ماثل ۳ تولہ۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔ سونٹھ ایک تولہ۔ صمغ عربی ایک تولہ۔ صمغ عربی پانی میں حل شدہ کر کے دیگر ادویہ کوٹ چھان کر ملا لیں۔ بقدر نخود برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک ایک ایک گولی صبح وشام پانی سے دیں۔ اس اکسیر سے گرم وسرد درد سر کے علاوہ افیون کی عادت بھی چھوٹ جاتی ہے۔

استسقاء رقیق الرحم

رحم کے ہر مرض میں خاص کر بے قاعدگی حیض، بانجھ پن، اختناق الرحم، صرف لڑکیاں ہی پیدا ہونا اور اسقاط کے لیے تیر بہدف اکسیر ہے۔

ہینگ، فلفل سیاہ، چاکسو، مجیری، صندل سفید، سفید، پپیتہ، تلسی، برگ پنہ، برگ نیم، دھماسہ، سوہاگہ سفید، بیخ گل زنبق، مشکی، کشتہ فولاد، جملہ ادویہ ہموزن باریک شدہ کرنے کے بعد شہد ملا کر گولیاں بقدر نخود بنا کر بعد غذا ہمراہ پانی دیں۔ دوا کے بعد آپ دودھ بھی پی سکتے ہیں۔

قاری حکیم ڈاکٹر سے گذارش ہے کہ استفادہ نایاب انمول اکسیرات سے نسخہ جات بنائیں اور استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں آپ کے مطب کو چار چاند اور مشہور کرنے کے لیے مجوبہ سے کم نہیں ہیں۔ فائدہ اٹھانے کے بعد ان نسخوں کا حوالہ دیگر حکماء کو بھی دیں تاکہ وہ بھی بنا کر جلد فائدہ اٹھائیں لوگوں کو شفا کامل ہو سکے۔

● سفوف تسخیر

الائچی خورد ۲ تولہ۔ سوڈا بائیکارب ۱ تولہ۔ مصری کوزہ ۳ تولہ۔ باریک کوٹ پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ دن میں ۳، ۴ بار تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

صدری مجربات

حکیم محمد نواز بی۔ اے مقام وڈا کھانہ پکی شاہ مردان تحصیل و ضلع میانوالی

ہیضہ

یہ ایک متعدی اور جان لیوا مرض ہے جس میں متواتر پانی کی طرح دست آتے ہیں اور ساتھ ہی قے کی شروع ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے بیمار کمزور سے کمزور تر ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

اسباب:۔ اس بیماری کے پھیلنے کا ذریعہ ایک جرثومہ ہے جس کا سرہ جیسا سے کہتے ہیں یہ ایک تندرست انسان سے دوسرے میں بذریعہ چھوت پھیلتا ہے۔ اسی طرح مختلف غذائیں مثلاً دودھ دہی لسی مٹھائیاں تربوز اور پھلوں کے ذریعہ جراثیم شامل ہو کر بیماری کا سبب بنتے ہیں جس میں صحت مند انسان ہیضہ کا شکار ہو جاتے ہیں۔

علامات:۔ بیمار کو متواتر قے اور اسہال آتے ہیں۔ پہلے پیٹ میں درد مروڑ سی اٹھتی ہے اور ساتھ ہی اسہال آجاتا ہے تو اسی طرح کئی دفعہ اسہال کی حاجت ہوتی ہے۔ جو چیز بھی دی جائے معدہ قبول نہیں کرتا اور قے کے ذریعہ بیمار باہر اگل دیتا ہے۔ اسی طرح سے جب یہ سلسلہ جاری رہتا ہے۔ تو ساتھ ہی ساتھ بیمار زیادہ کمزوری محسوس کرنے لگ جاتا ہے حتیٰ کہ بیمار زیادہ لاغر اور کمزور ہونے لگتا ہے۔ بیمار کو زیادہ پیاس لگتی ہے بار بار پانی طلب کرتا ہے تو اس صورت میں مریض کی زبان خشک ہونے لگتی ہے۔ مریض زیادہ سے زیادہ نڈھال ہونے لگتا ہے بے چینی محسوس کرتا ہے اور مریض زیادہ سے زیادہ منہ سے پونا مند کر دیتا ہے تو اس کی زبان زیادہ خشک ہو جاتی ہے چہرے کا رنگ زردی مائل ہونے لگتا ہے۔ چہرہ بے رونق نظر آنے لگتا ہے۔ اس کی نبض سست پڑ جاتی ہے اور ساتھ ہلکا بخار ہونے لگتا ہے مریض کا جسم ٹھنڈا پڑ جاتا ہے۔

علاج:۔ مریض کے جسم کو گرم رکھا جائے اور ساتھ ہی پانی زیادہ مقدار میں پلایا جائے جس میں گلوکوز اور انڈے کی سفیدی ملی ہوئی ہو۔ اگر پانی اُبال کر ٹھنڈا کر کے پلایا جائے تو بہتر ہے۔

ہیضہ کے مریض کو علیحدہ کمرہ میں رکھا جائے۔ صفائی کا خاص خیال رکھا جائے کمرہ میں فنائل چھڑکا جائے۔

علاج: چند دانے لونگ چھوٹا ایک۔ مرچ سیاہ ۵ عدد۔ الائچی خورد ۵ عدد چائے بنا کر دی جائے تو اس کے علاج سے فوراً مریض اچھا ہو جاتا ہے۔

- گل نیم ۳ ماشہ۔ کالی مرچ ۱ ماشہ۔ نمک خوردنی تولہ۔ پاؤ بھر پانی میں جوش دیں جب پانی نصف رہے تو ٹھنڈا ہونے پر پلاتے رہیں۔
- برگ پودینہ ½ تولہ۔ الائچی بڑی ۴ عدد کوٹ کر ایک کلو پانی میں جوش دے کر ٹھنڈا ہونے پر پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ مریض جلدی تندرست ہوگا۔

کشتہ فولاد

- برادہ فولاد کلو۔ ہیرڑ، بہیڑہ، آملہ ہر ایک پاؤ پاؤ۔ پانی تین کلو میں بھگو دیں جوش دیں جب ایک کلو پانی رہ جائے تو ایک بوتل سرکہ اور یہ پانی فولاد کلو میں ڈال دیں اور ایک پاؤ نوشادر کا سفوف بھی ڈال دیں۔ دھوپ میں رکھ دیں اوپر باریک کپڑا ڈال کریں۔ روزانہ ہلا دیا کریں۔ خشک ہونے پر کھرل کر لیں۔ پھر یہ کشتہ چار کلو دہی میں ڈال کر آگ پر خشک کریں لاجواب کشتہ

فولاد تیار ہے۔

کشتہ اکسیر مردانہ طاقت

کشتہ فولاد پاؤ۔ برادہ تانبہ تولہ۔ برادہ نقرہ چاندی ۳ تولہ۔ قلعی ۲ تولہ۔ پارہ چھ ماشہ۔ پہلے قلعی کو چڑھا کر پارہ میں ملا دیں۔ پھر ان سب کو آب گھیکوار میں تین گھنٹہ کھرل کریں۔ گل حکمت کر کے پھر چھ کلو اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح ہر بار سو دفعہ بار عمل کریں۔ ہر بار چھ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ ہر بار پارہ چھ ماشہ ملاتا ہے یہ ایک اکسیر تیار ہے۔

خوراک: دو چاول ہمراہ مکھن میں دیں۔

فوائد: نامرد کو نوجوان مرد بنانا اس کا کمال ہے کورس صرف تین دن کا ہے۔

اکسیر معدہ

- یہ چورن میرا ۲۰ سال سے تجربے میں کامیاب ترین نسخہ چورن ہے۔ ہر مریض معدہ کو اس چورن سے صحت ہوئی ہے۔ ہرا ثافی (جھوٹی ہرڑ) تین پاؤ۔ زیرہ سفید ۱۰ تولہ۔ سولف پاؤ۔ نمک لاہوری پاؤ۔ لونگ ماد چٹ نمک۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ ست پودینہ ۲ ماشہ۔ سب کا سفوف تیار کر کے محفوظ کر لیں۔

خوراک: ماشہ دوپہر شام پانی سے لیں۔

اکسیر جگر

- افسنتین ۵ تولہ۔ کچور ۵ تولہ۔ نمک سیاہ ۵ تولہ۔ اجوائن دیسی ۵ تولہ۔

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

خوراک: دن میں ۳ مرتبہ ۲ ماشہ دیں۔

فوائد: مراق، تبخیر معدہ، ورم جگر، گیس، برسوں سے آزمودہ نسخہ ہے۔

آپ بھی اگر آزمائیں فائدہ ہو سکیں۔

مجربات الیاس

حکیم حافظ محمد الیاس گلی نمبر ۱۳ محلہ مسکین پورہ لال پل مغلپورہ لاہور

ناف ٹلنا

● نمک چکنی، زیرہ سیاہ، کالی مرچ، قند سیاہ میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔
خوراک: صبح و شام ایک ایک گولی تازہ آب سے دیں۔
مکمل کورس دو ہفتے ہے۔

نزلہ و زکام

● نسانگ بریاں، مازو چینی برابر وزن لیں۔
چار چار رتی ہمراہ آب گرم سے دیں۔
۳ یوم میں نزلہ بند ہو جائے گا۔

ذکاوت حس

پھٹکڑی ۵ تولہ، سہاگہ ۵ تولہ۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۱ گرام۔
اچھی طرح ملالیں۔
خوراک: ۲، ۲ رتی پانی میں گھول کر پلا دیں۔
ایک ہفتہ کافی ہے۔

بواسیر خونی و بادی

رسوت، نمولی نیم، نمولی دھریک، واگر موتا بھیا، شیرہ مغز تمام اشیاء برابر وزن کرکے شہد میں چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔
خوراک: ایک گولی صبح ایک گولی رات کو دودھ میں گھی ایک چمچ ملا کر دیں۔
ایک ہفتہ کافی ہے۔

چھپاکی

● سنگ جراحت، میٹھا سوڈا برابر وزن کرلیں۔
خوراک: ۲، ۲ ماشہ صبح دوپہر شام۔
۴ روز کافی ہے۔

سوزاک

سرد چینی ۱۰ تولہ، پھٹکڑی ۵ تولہ سفوف بنالیں۔
صبح دوپہر شام کچی لسی سے دیں۔
ایک ہفتہ کافی ہے۔
گرم اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔

کثرت حیض

سنگ جراحت، رال سفید، گیرو تمام اشیاء ہموزن کرلیں۔
خوراک: ۳، ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری سے دیں۔
آزمائش شرط ہے۔

چھالے منہ حلق کا ورم گلا پک جانا

● سانگ پھٹکی ۱۰ گرام، گلیسرین ۵۰ گرام، ست پودینہ ۱ ماشہ سب اشیاء کو ملا کر دھوپ میں رکھیں۔ پھر کوئی خوشبو ملالیں۔
روئی کے ساتھ گلے کے اندر لگائیں۔

● نسخہ جریانہ

آملہ ۵ تولہ، اجوائن ہلدی ۵ تولہ، مصری کوزہ ۱۰ تولہ۔
کشتہ قلعی جست والا ۱ تولہ باریک کرکے رکھ لیں۔
۳ ماشہ تا ۶ ماشہ روزانہ نہار منہ پانی کے ہمراہ ہر قسم کا جریان رفع ہوگا۔
نسخہ کو استعمال کرکے نتیجہ خود دیکھ لیں۔

مجربات تاثیری

حکیم تاثیر حیدر، کوٹ مراد، ڈاکخانہ پہاڑپور، براستہ ۱۸ ہزاری تحصیل و ضلع جھنگ

معزز قارئین حضرات السلام علیکم

ایک عرصہ آپ کی بزم سے غیر حاضر رہا کاروباری مصروفیات کے علاوہ صحت کی ویری نے ساتھ نہ دیا۔ ماہنامہ میں میرے لیے دعائے صحت کی اپیل دوستوں نے شائع کروائی تو دوسری مرتبہ جناب شاہد اکبر نقشبندی صاحب نے میری ایک دیرینہ قسط مجربات تاثیری شائع کرنے کے ساتھ میرے لیے دعائے صحت کی اپیل بھی شائع کی۔ میں ہر دو احباب کا دلی مشکور ہوں جنہوں نے میری حوصلہ افزائی فرمائی بہت بہت شکریہ۔

صرف چار مجربات اور مزید دعائے صحت کی اپیل۔ زندگی باقی ملاقات باقی۔

اکسیر یونانی کیپسول

ست اجوائن قدرے پیس کر ۵۰۰ ملی گرام والے کیپسول بھر لیں۔

جراثیم کے لیے ایک کیپسول رات سوتے وقت پانی کے ساتھ۔ ایک ہفتہ بعد ایسی ہی ایک خوراک اور لے لیں۔ پہلی خوراک سے ہی کرم احماد ختم ہو جاتے ہیں۔

سفوف مغلظ مختصر

تخم سروالی (سلارا) اور چینی برابر وزن۔

مقدار خوراک: ایک چمچ سفوف ایک چمچ سفوف شام ہمراہ دودھ۔

تغلیظ منی، سرعت انزال و جملہ نقائص منی دور ہو کر قوت باہ عود کر آتی ہے۔

روغن باسور کے —— مشک کافور چار ڈبیاں کیپسٹرائل آئل۔

باہم ملالیں۔

بواسیری مسوں کا درد، خارش، جلن کے لیے صبح و شام مسوں پر لگائیں۔

مرہم بواسیر مسوں والی

ویزلین سفید ۱۰ تولہ۔ زنک اوکسائیڈ، سندھور، مشک کافور ہر ایک ایک تولہ۔ رسکپور ۲ ماشہ۔ مرہم تیار کریں۔ صبح و شام مسوں پر لگائیں۔

یہ مرہم خارش، چھوت دار، ایگزیما، داد، چنبل اور آتشکی زخموں کے لیے بھی مفید ہے۔

آئندہ کشتہ سیماب (پارہ کی گولی) مکمل تفصیلات ملاحظہ کرنا نہ بھولیے گا۔

آزمودہ مجربات و عملیات

عامل حکیم محمد بشیر چشتی سرگودھا روڈ، محلہ حسین آباد جھنگ صدر

السلام علیکم۔ تمام قارئین اسرار حکمت فروری کے مضمون لکھنے پر جو خطوط ملے سب کو جواب دیا۔

کئی دوست احباب بالمشافہ بھی ملنے آئے۔ خطوط لکھنے والے حضرات اور بالمشافہ ملنے والے حضرات کا شکریہ۔

• طلسمی شہوتی روغن

عضو تناسل پر طلاء جات کی مالش کے روغن تو آپ پڑھتے ہی رہتے ہیں یہ روغن عضو تناسل پر نہیں ملنا یہ روغن پیروں پر ملنا ہے۔

اس کے ملنے سے شہوت بہت پیدا ہوگی اس روغن کو بنا کر ضرور استعمال کریں۔ پھر کسی اور روغن کی ضرورت نہ رہے گی۔

اجزاء: زیتون تازہ، بیروزہ ۱۵، ۱۵ گرام۔ تخم جرجیر، جند بیدستر اصلی ۵، ۵ گرام۔ عثمان ۱۰ گرام۔ عاقرقرحا اصلی ۲۰ گرام۔ موم شہد والی ۵ گرام۔ روغن چنبیلی اصلی ۱۰ گرام۔

خشک ادویات کو مثل میدہ کر لیں۔ پھر سب کو ملا لیں۔

۴ قطرے پیروں پر ملیں۔ پھر نکالنے لیں۔ بہت شہوت پیدا ہوگی۔

عشرت کی گھڑیوں کو لمبا کرنے والا تحفہ۔ یہ لیپ بے حد مفید ہے بے حد ممسک ہے۔

اجزاء: پوست بیخ کنیر سفید، پوست کوکنار برابر لے کر سفوف کر لیں۔

ایک گرام پانی سے لیپ بنا کر گھنٹہ قبل عضو پر ملیں۔ پھر جماع کریں۔

نوٹ: پوست کوکنار نہ ملے تو پھر چنبیلی کے خشک پھول

لیں پھر بھی امساک بہت پیدا ہوگا۔

غم دور، رزق میں وسعت۔ یہ عمل نہایت آسان ہے اور بہت جلد اثر دکھاتا ہے۔ اگلے دن ہی پتہ چل جائے گا۔ کثرت اولاد کی مشکل نہ رہے گی۔ رزق آسانی سے ملے گا۔ بہت دفعہ کا تجربہ شدہ ہے۔ جو شخص اس پر عمل کرے گا۔ وہ یقیناً مراد حاصل کرے گا۔

تہجد کی نماز ادا کریں۔ ۱۰۰ بار کوئی سا درود شریف پڑھیں۔ پھر ۱۰۰ بار یہ عمل پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ پھر ۱۰۰ بار درود شریف پڑھیں اور اس پر عمل کریں۔

روزانہ عمل کرنے سے رزق غیب سے کثیر مقدار میں ملے گا۔ گھر میں رزق روزی میں برکت ہوگی۔ ہر شخص ضرورتمند کو اس کی اجازت ہے۔

عامل حکیم محمد بشیر چشتی

اکسیری عمل

یہ عمل نہایت آسان ہے۔ ایک بچہ بھی کر سکتا ہے۔ ہر دکھ درد، ہر تکلیف، ہر مشکل دور کرنے میں اکسیر ہے۔ اس عمل کے کرنے سے ہر رکاوٹ کا خاتمہ ہوگا۔

اول ۱۰۰ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر ۱۰۰ بار کلمہ طیبہ پورا پڑھیں۔ پھر ۱۰۰ بار سورہ اخلاص پڑھیں۔ پھر ۱۰۰ بار درود شریف پڑھ کر خود پر دم کریں۔ پانی پر دم کریں۔ یہ پانی خود پی لیں۔ کوئی تکلیف ہوگی جاتی رہے گی۔ کاروبار چلے گا۔ مشکل جاتی رہے گی۔ مراد ملے گی۔ ثواب الگ ملے گا۔ خدا حافظ

●

مجربات شفقت

حکیم ڈاکٹر شفقت محمود، سردار فارمیسی، مانانوالہ روڈ چوک پھلروان، ضلع شیخوپورہ

حب شفا

قدیم نسخہ ہے اور نہایت بہترین نتائج کا حامل ہے ہر وقت مطب میں تیار رکھیں۔

اجزائے نسخہ : تخم جوز ماثل ، اجوائن خراسانی ، زنجبیل ، گوند کیکر ہموزن۔

تیاری : کوٹ چھان کر نخودی گولیاں بنائیں۔

استعمال : ایک گولی بوقت ضرورت دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد : نزلہ زکام چھینکیں آنا ، درد وغیرہ کے لیے فوری اثر دوا ہے مرض کو روکنے میں اس کا اہم کردار ہے بعد میں مرض کا مکمل علاج کریں۔

اکسیر تیزابیت

سنڈھ ، پھٹکری نوشادر ، الائچی خورد ، سوڈا بائیکارب ہموزن۔ سفوف بنائیں۔ صبح و شام ایک ایک چمچہ ہمراہ آب نیم گرم۔

دوائے سوزاک

کشنیز خشک نصف تولہ۔ قلمی شورہ ایک تولہ۔ جوکھار ایک تولہ ۔ برگ حنا خشک ایک تولہ۔ الائچی کلاں ایک تولہ ۔ سفوف بنائیں۔

استعمال : ۲ ، ۳ ماشہ صبح و شام لسی کے ساتھ کھلائیں ۔ ایک ہفتہ کا استعمال کافی ہے۔

دوائے حابس الدم ہمہ اقسام

گیرو ۳ تولہ ، سنگ جراحت ۳ تولہ ، بیج انجبار ۳ تولہ ۔ نسپال ۳ تولہ ۔ سفوف بنائیں۔

خوراک : ۲ ، ۳ ماشہ ۔ صبح دوپہر شام ہمراہ تازہ پانی کھلائیں۔

سفوف بخار

مرزنجوش ، برگ افسنتین رومی ، سوہاگہ سلی سلاس ہموزن لے کر سفوف بنائیں۔

استعمال : ۲ رتی تا نصف ماشہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد : موسمی بخاروں کے لیے مفید ہے ۔ دوا کڑوی ہے کیپسول میں بھر کر کھلائیں۔

تریاق نزلہ

الرجی سینٹر سے ناکام مریض بھی ٹھیک ہو گئے نسخہ کے حصول کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں۔

دوائے بخار شکن

کشتہ گئودنتی نیم میں کیا ہوا دس گرام ۔ سوڈا بائیکارب ۵ گرام ۔ سب سے بڑا سائز کیپسول سائز بھر لیں ۔ تیار ہے۔

استعمال : ۱+۱ صبح و شام۔

فوائد : بخار ہر قسم کے لیے مفید ہے۔

دمہ کا ایلوپیتھی علاج

نصف گولی برکینل ۔ ایک گولی ڈیکا ڈران ۔ ایک گولی ڈیری یام ۔ ایک گولی کال پول ۔

یہ ایک خوراک ہے ۔ نیم گرم دودھ کے ساتھ صرف ایک خوراک کھلائیں۔

ایک روز کا استعمال کافی ہے اگر دوبارہ بھی ضرورت

گولیاں بقدر دانہ نخود بنائیں۔
صبح شام ایک تا ۲ گولی ہمراہ روغن نیم ۱ تا ۲ چمچہ استعمال کرائیں۔

روغن نیم

سبز چھال درخت نیم ۱ پاؤ رات کو ایک کلو پانی میں بھگو دیں صبح آگ پر رکھ کر پکائیں جب پانی ۱ پاؤ رہ جائے یہ پانی آدھا کلو روغن کاڈیں جلالیں تیار ہے۔

● مرہم اوپر لگانے کے لیے

ہوالشافی: سوئی مصفیٰ ۵ تولہ۔ دھوبی سوڈا ۱ تولہ۔ خوب سحق کریں کہ مرہم بن جائے۔ سوتی کپڑے پر لگا کر زخم پر لگائیں اور آگ پر سینک دیں۔

دیگر مرہم

● ہوالشافی: زنک اوکسائیڈ ۲۰ گرام۔ بورک ایسڈ پیکٹ ۱ عدد۔ سپیٹران ڈی ایس ۴ عدد۔ ٹیکہ پنسلین ۴۰۰ لاکھ ۴ عدد۔ مرکیورک ۳ گرام۔ کافور ۲ پیکٹ۔ کاربالک ایسڈ ۴ قطرے۔ ویزلین ۱ پاؤ ملالیں تیار ہے۔
حسب قاعدہ استعمال میں لائیں۔
نوٹ: فائدہ اٹھانے والے حضرات، اس نسخہ کے متعلقین کے حق میں دعا فرمائیں۔

● جو شخص پہلے ہی سے نشیب میں ہو اسے زوال کا کیا اندیشہ، زوال کا خطرہ تو انہیں لاحق ہوتا ہے جو کبھی زندگی میں سربلند و سرفراز رہے ہوں۔

۲۱ تا ۳۰ دن تک اس کو ضرور کھالیں۔

والد محترم حکیم محمد شفیع چشتی کا عطا کردہ تحفہ ہے۔ اور کئی بار کا تجربہ شدہ ہے۔

عمل مجرب خاص

یہ عمل نہایت ہی سریع التاثیر اور نہایت ہی سریع الاثر ہے۔ جس مراد یا مقصد کے حصول کے لیے کرو گے وہ ضرور پورا ہوگا۔

عمل یہ ہے۔

یاکبیر المتعال یاذوالجلال

بس اتنا عمل ہے اور نہایت ہی سریع الغضب ہے۔ جس نے عمل کرنا ہو اپنی والدہ اور اپنے نام کے اعداد نکالیں۔ عروج ماہ میں شروع کریں۔ اول آخر ۵۰۰،۵ بار کوئی سا درود شریف پڑھیں۔ درمیان میں یہ عمل اپنے اعداد کے برابر پڑھیں۔ جتنے حرف آپ کے اور آپ کی والدہ کے ہوں گے اتنے دن عمل کرنا ہے۔

پرہیز: گوشت ہر قسم، کچا لہسن پیاز مولی کچی نہ کھائیں جماع کے نزدیک نہ جائیں۔

ہر مقصد کے لیے یہ عمل کر سکتے ہیں۔ اولاد نہ ہونا، کاروبار کا نہ چلنا، شادی کا نہ ہونا، جائیداد کا نہ ملنا، مقدمہ، گھریلو جھگڑا، دشمن پریشان کرتا ہو۔۔۔

غرضیکہ ہر مقصد و ہر مراد حاصل کرنے کے لیے یہ عمل کر سکتے ہیں۔ عمل کرنے والا یقیناً کامیاب ہوگا۔

روحانی معجون

● جو لوگ ادویات نہیں خرید سکتے۔ یا جن کو ادویات اثر نہیں کرتیں۔ ایسے تمام پریشان لوگ اس معجون روحانی سے فائدہ اٹھائیں۔

عمل — یامتین المغنی۔ روزانہ باوضو سونے سے پہلے ۷ بار پڑھ لیا کریں۔

چند یوم میں بدن میں طاقت و چستی پیدا ہو جائے گی۔

یہ قدرتی طاقت پیدا کرنے والی روحانی معجون ہے سب لوگ اس سے فائدہ اٹھائیں۔

جماع کم سے کم کریں۔۔۔

اُمنگِ جوانی

حکیم حاجی شمس الحق کردوں، مسلم دواخانہ، بیرت بازار مسلم آباد (کردل بازار) چوک چن لکھوٹی شالیمار ٹاؤن — لاہور

فون — 6861477

بوراشاف، الائچی خورد، نشاستہ گندم، ثعلب مصری، اسارون، تج، اسگندھ ناگوری، بہوجل، تالمکھانہ، مصطگی رومی، ہر ایک دوا تو لہ تولہ۔ کوزہ مصری ۵ تولہ۔

تیاری: حسب دستور سفوف بنالیں۔

استعمال: ایک ایک چمچ صبح دوپہر شام ہمراہ دودھ کھائیں۔

کورس مدت: ۲۱ یوم ہے۔

فوائد: جریان احتلام سرعت انزال کے لیے مفید ہے۔

تجربہ عجیب

حکیم و ڈاکٹر آفتاب عالم چک نمبر $\frac{475}{\text{T-D-A}}$ ڈاکخانہ ہیڈ مست علی تحصیل چوبارہ ضلع لیہ

ایک نسخہ کسی صاحب نے میرے ماموں جناب ڈاکٹر خالد محمود صاحب کو بتایا اور اس کو کینسر، رسولی، کنٹھ مالا، بواسیر اور مختلف انفیکشن کے آزمودہ بتایا۔ لہذا نسخہ بنایا گیا۔ رسولی وغیرہ کا مریض تو نہیں آیا تپ دق کی ایک مریضہ علاج کی غرض سے آئی تو میرے پاس معجون قسط تیار نہیں تھی۔ میرے ذہن میں یہ خیال آیا کہ کنٹھ مالا اور تپ دق کا جرثومہ ایک ہی خاندان سے تعلق رکھتا ہے۔ میں نے وہی کیپسول دے دیئے۔ مریضہ کا 95 mm E.S.R تھا چوتھی خوراک میں حیرت انگیز اثر محسوس ہوا کھانسی تقریباً ختم ہو گئی بخار بھی نہ رہا۔ ایک ماہ بعد مریضہ کا 15 mm E.S.R تھا۔ میں نے اور کوئی دوائی استعمال نہیں کروائی تا کہ اس کا مکمل تجربہ ہو جائے۔ ایک اور مریضہ جو ۲ سال سے دق میں مبتلا تھی اور صحیح طریقہ سے علاج بھی نہیں کروا رہی تھی صرف ۱۸ کیپسول سے ٹھیک ہو گئی پھر دوائی بھی نہیں لی اور اب تک بالکل ٹھیک ہے۔ تیسری مریضہ بھی دق میں مبتلا تھی اور ایلوپیتھک علاج کرا کے عاجز آ چکی تھی۔ ایک ماہ میں ٹھیک ہو گئی۔ یاد رہے ان تینوں مریضوں کو تیسرے دن ہی واضح فرق محسوس ہونے لگا پھر ایک کینسر پستان کی مریضہ کو ایک ہفتہ دوائی استعمال کرائی وہ ۵۰٪ ٹھیک ہو گئی۔ لیکن اس نے علاج مکمل نہ کروایا اور دم وغیرہ کی طرف رجوع کرنے لگی۔

نسخہ مذکورہ یہ ہے جس کا نام تجویز کیا گیا۔

کینسر ولی کیپسول

ایک عدد خارپشت (کنڈیل چوہا) جوان لے کر گلا گھونٹ کر ہلاک کریں اور کوزہ میں گل حکمت کر کے ۱۰ کلو کی آگ دیں کشتہ ہو گا۔ سفوف بنا کر اس میں ایک تہائی چھوٹی گلوکوز کی ڈال کر کیپسول بھر لیں تیار ہے۔

خوراک: ایک کیپسول صبح دوپہر شام۔ بچوں کو ایک ہفتہ روزانہ دیں۔

فوائد: رسولی، کینسر، پتھری، بواسیر، ٹی بی۔

کنٹھ مالا کے کئی مریضوں کو جنگلی چوہوں کا گوشت صرف ۲ دفعہ کھلایا گیا بالکل مرض جاتی رہی ۱۰۰٪ کامیاب ہے۔

نکتہ: اگر دق کے مریضوں کو بغیر بتائے جنگلی چوہے کا گوشت صرف تین دن کھلا دیا جائے تو دق نہ رہے گی۔ روزانہ ایک چوہا دیسی گھی میں بھون کر کھلایا جائے۔

کینسر ولی استعمال کا طریقہ: دق کے لیے ہمراہ معجون قسط ایک چمچ صبح ایک شام۔

کیپسول صبح دوپہر شام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

کینسر رسولی: ہمراہ عصا ساندہ دواسہ استعمال کرائیں۔

بواسیر: ہمراہ گڑھل استعمال کرائیں۔

کنٹھ مالا کے لیے بھی ہمراہ معجون قسط استعمال کرائیں۔

نوٹ: خارپشت کو اگر ذبح کیا جائے اور دوائی بنائی جائے تو اثر نہیں کرتی۔

- معصیت کی جڑ انسان کی گفتگو ہے۔
- جب حلال و حرام جمع ہوں تو حرام غالب ہوتا ہے چاہے وہ تھوڑے ہی سا ہو۔
- فقیر ایک درہم صدقہ کرتی کے لاکھ درہم صدقے سے بہتر ہے۔

انمول مجربات

حکیم انور محمود طاہر سکھوچکی خاندانی قادری دواخانہ جمال تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال

معزز قارئین اسرار حکمت السلام علیکم!

بچے کسی بھی قوم کی امانت اور ملک کا سرمایہ افتخار ہوتے ہیں۔ اور مستقبل کے لیے ملک کے معمار ہوا کرتے ہیں۔ اس لیے ہم سب کو چاہیے کہ ان کلیوں اور نازک پھولوں کو ہر طرح کا تحفظ دیں۔ اور ان کی پرورش اور نگہداشت اچھے طریقے سے کریں۔ یہ ہمارا قومی فرض ہے۔ قارئین ملک کے انہی معماروں کے لیے چند اکسیرات لکھ کر بھجوا رہا ہوں۔ انہیں اپنے مطب کے لیے تیار کیجیے اور استعمال میں لائیں۔ انشاء اللہ یہ اکسیرات کبھی خطا نہیں کریں گی۔ بس ایک چھوٹا سا کام کیجیے گا۔ اس احقر کو بھی اپنی دعاؤں میں شامل حال رکھیے گا۔

شربت برائے کھانسی اطفال

● گل بنفشہ ۱۰ گرام۔ ملٹھی مقشر ۲۰ گرام۔ پوست خشخاش ۱۰ گرام۔ انجیر زرد ۲۰ گرام۔ سہاگہ سفید بریاں ۱۰ گرام۔ گل اڑوسہ ۵۰ گرام۔ نبات سفید ۲ پاؤ۔

طریقہ تیاری: تمام دواؤں کو تین پاؤ پانی میں رات بھر بھگو رکھیں۔ صبح اٹھ کر آگ پر رکھیں اور جوش دیں۔ جب پانی آدھا رہ جائے نیچے اتار کر مل چھان کر چینی ملا کر آگ پر دوبارہ رکھیں اور شربت کا قوام تیار کریں۔

طریقہ استعمال: ایک سال تک کے بچوں کو دن میں تین چار مرتبہ چٹائیں اور بڑے بچوں کو بلحاظ عمر دیں یا پھر ۲ تولہ شربت پانی میں ملا کر دیں۔

فوائد: کھانسی میں تو یہ شربت فائدہ دیتا ہی ہے۔ مگر موسمی بخاروں اور شدید میں بھی اس کا استعمال اکسیری اثرات دکھاتا ہے۔

نوٹ: جو مائیں اپنے بچوں کو اپنا دودھ پلاتی ہوں۔ انہیں چاہیے کہ تیل میں بنی ہوئی چیزوں اور ترش اشیاء کا استعمال نہ کریں۔ ان چیزوں کا خصوصی پرہیز کریں۔ مثلاً پراٹھے، پکوڑے اور اچار وغیرہ وغیرہ۔

اکسیر بول بستری

● تخم حرمل ۵۰ گرام۔ شب سرخ ۵۰ گرام۔ دارچینی ۵۰ گرام۔ پوست ببول ۵۰ گرام۔ نبات سفید ۱۰۰ گرام۔

طریقہ تیاری: تخم حرمل اور شب سرخ کو علیحدہ علیحدہ بریاں کریں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ تخم حرمل بریاں ہوں جل نہ جائیں۔ بعدہٗ تمام اجزاء کا علیحدہ علیحدہ سفوف مثل غبار تیار کر کے یکجا کر لیں اور کسی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک اور طریقہ استعمال: ۸ رتی دن میں تین مرتبہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم دیں۔ انشاء اللہ ہفتہ عشرہ میں بول بستری کے مرض سے نجات مل جاتی ہے۔

نیز یہی اکسیر آپ بوڑھے آدمیوں کے لیے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ مگر اس میں دوائی کی خوراک ۳ ماشہ دن میں تین مرتبہ دیں۔ انشاء اللہ وہ بوڑھے آدمی جو ساری رات پیشاب کی وجہ سے سو نہیں سکتے۔ ہفتہ عشرہ کے استعمال کے بعد ساری رات سکون کی نیند سو سکیں گے۔ انشاء اللہ

صرف ان دونوں نسخوں کا استعمال شرط ہے۔ برسوں سے ہمارے معمول مطب ہیں۔

نوٹ: جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں۔ شکریہ

●

رفیق مطب

حکیم محمد رفیق صابری جوریانوی گلی ۱۰ حکیم سٹریٹ محلہ قادر آباد گوجرانوالہ روڈ حافظ آباد

معزز قارئین کی خدمت میں کافی عرصے کے بعد حاضر ہو رہا ہوں۔ مصروفیت کی وجہ سے لکھنے کا وقت نہیں ملا۔ میاں شاہد اکبر نقشبندی کے اصرار پر چند مجربات حاضر ہیں جو کہ معمول مطب ہیں قبول فرما کر مشکور فرمائیں۔

مفرح قلب جوریانوی

ہوالشافی: ورق چاندی اصلی کلاں ایک دفتری۔ طباشیر ایک پاؤ۔ کوزہ مصری ایک پاؤ۔ روح کیوڑہ میں پیس لیں تیار ہے۔

خوراک: ۲ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

فوائد: مفرح قلب ہے۔ ضعف قلب اور ہاتھ پاؤں کی جلن کو ختم کرتا ہے۔

اکسیر جگر

ہوالشافی: ریوند خطائی، کباب چینی، بھکڑہ، زیرہ سفید، قلمی شورہ، نوشادر، جوکھار، سوڈا بائیکارب۔

تیاری: ہموزن ادویہ لے کر پیس لیں تیار ہے۔

خوراک: تین ماشہ ہمراہ دودھ کی لسی، شربت بزوری، عرق مکو، عرق کاسنی کھلائیں۔

فوائد: سوء القنیہ، احتباس البول، گرمی جگر و مثانہ، جلن و شدہ، جلودھر اور یرقان کے لیے مفید ہے۔

اکسیر استسقا

ہوالشافی: کشتہ مرجان ۶ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ کونین سلفاس ۱ تولہ۔ فولاد ہیرا کسیس والا ½ ۱ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ جوکھار ۲ تولہ۔ سازج ہندی ۲ تولہ۔ قلمی شورہ ۳ تولہ۔ سنبل الطیب ۲ تولہ۔ ریوند چینی ۵ تولہ۔ سب کو صاف کر کے سفوف بنائیں اور بڑے کیپسول بھر لیں۔

خوراک: ایک صبح ایک دوپہر ایک شام پانی سے تین ماہ کھلائیں۔

فوائد: استسقا ہر قسم کے لیے مفید ہے۔

اکسیر گردو سائیٹ

حافظ آباد کی مشہور ہستی رہے ہیں کیمیا گر تھے۔ یہ نسخہ آپ کا عطا کردہ ہے نہایت کامیاب ہے۔

ہوالشافی: پھٹکڑی ایک تولہ کو روغن کنجد میں سات بجھاؤ دیں۔ پھر پتھر کے سِل بٹے کے ذریعہ پتلا چوڑا کر لیں۔ پھر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کریں۔ پھر مٹی کی دوری میں ڈال کر ڈنڈے سے دانہ الائچی کلاں ۲ تولہ۔ مصری کوزہ ۲ تولہ۔ پتیاں گلاب تین تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔

دانہ الائچی کلاں مصری کی چٹکی چٹکی ڈال کر ڈنڈے سے رگڑائی کریں کشتہ ہوگا پھر گل سرخ ملا کر رگڑائی کریں تیار ہے۔

خوراک: ½ ماشہ ہمراہ دودھ کھلائیں۔

فوائد: کمی بیشی حیض کے لیے مفید ہے۔

جلن بول سوزاک جریان گرمی مثانہ کے لیے نہایت مفید ہے۔

کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو خط لکھ کر پتہ کر لیں۔

نفث الدم

بقول ڈاکٹر ڈبلیو۔ ایچ۔ وون المبار جدید کے پاس نفث الدم کا علاج سوائے جوہر افیون (مارفیا) کے انجکشن ڈیکے یا کیلسیم لیکٹیٹ اور کوئی تھا ہی نہیں۔ البتہ اس کے تجربات میں ایک سی۔ سی (تقریباً ۱۷ قطرے) جوہر غدہ نخامیہ (پٹیوٹرین) کا زیر جلد ٹیکہ اس غرض کے لئے نہایت مفید اور فوری موثر ثابت ہوا ہے۔ اس کے ہسپتال میں جس قدر مریض نفث الدم کے آتے ہیں۔ ان سب کا علاج اسی دوا کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ اور اس سے اکثر فوری اور دائمی آرام ہو جاتا ہے۔ حالانکہ بظاہر یہ دوا شریانی خون کے دباؤ کو بڑھا دیتی ہے۔ اور نفث الدم روکنے کے لئے غیر مناسب معلوم ہوتی ہے۔ لیکن چونکہ ہمیں پھیپھڑوں کے دوران خون پر دواؤں کے اثرات کے متعلق بہت کم معلوم ہے۔ اس لئے نہیں کہا جا سکتا کہ یہ نفث الدم پر کس قدر مفید اثر کرتی ہے۔ خیال کیا جاتا ہے۔ کہ یہ پھیپھڑوں کے عروق میں خون کے دباؤ کو کم کر دیتی ہے۔ اور اس لئے نفث الدم کے روکنے میں نفع بخشتی ہے۔

تشنج اطفال

ڈاکٹر پیٹرمن نے ساڑھے دس سال کے عرصے میں پانچسو بچوں کا مشاہدہ کر کے نتیجہ نکالا ہے۔ کہ تشنج اطفال کے اسباب اور ان کے وقوع کا تناسب مندرجہ ذیل ہوتا ہے:-

سبب	وقوع فیصدی
مرض ام الصبیان	۲۲
شدید متعدی امراض کی چھوت جن میں تشنج دفعتہً ظاہر ہو جاتا ہے۔	۲۲٫۸
دماغی ضرر	۱۵٫۴
کزاز اور استعداد تشنج	۱۲٫۶
نامعلوم اسباب جن میں سدہ عروق وغیرہ شامل ہیں۔	۶٫۴

گنجان رہائش

عرصہ ہوا ہم نے مشیر الاطباء کی کسی اشاعت میں صحت انسانی پر گنجان رہائش کے اثرات کو ایک تصویر کے ذریعے واضح کیا تھا۔ اس تصویر میں یہ ظاہر کیا گیا تھا کہ ایک کمرے میں اگر دو دو یا چار چار یا زیادہ زیادہ اشخاص رہتے ہوں تو ان میں شرح اموات کا تناسب کیا ہوتا ہے۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا تھا۔ کہ ایک کمرے میں جس قدر زیادہ شخص رہائش رکھتے ہیں۔ اسی قدر ان کی شرح اموات زیادہ ہوتی ہے۔ اب حال ہی میں آر۔ بی گپتا نے بمبئی جیسے بڑے شہر میں اسی طرح پر بچوں کی شرح اموات کا اندازہ لگایا ہے۔ جہاں گنجان آبادی کی یہ صورت ہے۔ کہ اکثر ایک ہی کمرے میں ایک ہی گھر کے چار چار پانچ پانچ آدمی رہائش رکھتے ہیں یہ اندازہ ذیل کے جدول سے ظاہر ہے:-

مقام رہائش	بچوں کی شرح اموات فی ہزار
ہسپتال	۸۵
۴ کمروں کے گھر میں	۱۸۵
۳ " " " "	۲۹۷
۲ " " " "	۳۶۸
۱ کمرے " " "	۴۸۷

یہ کیفیت صرف بمبئی میں ہی نہیں۔ بلکہ اگر بغور دیکھا جائے۔ تو تمام گنجان آباد اور بڑے بڑے شہروں میں دیکھنے میں آئے گی۔ ایک ایک کمرے میں کئی آدمی رہائش رکھتے

لگانا چاہیئے۔ اور معمولی کوئلہ۔ نمک اور کڑوا تیل ملا کر مسوڑھوں پر مالش کرنی چاہیئے۔

اس عمل سے اکثر خون رک جاتا ہے۔ لیکن اگر خون آنا بند نہ ہو۔ تو کسی مقامی ڈنٹل سرجن سے مشورہ کرنا چاہیئے۔

اس مرض کا دوسرا درجہ یہ ہے۔ کہ دانتوں کی جڑ کے اس حصہ میں جہاں سے مسوڑھا شروع ہوتا ہے۔ سیاہ رنگ کی کیٹ لگ جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے مسوڑھے دانتوں سے الگ ہونے شروع ہو جاتے ہیں یعنی اگر سلائی سے مسوڑھوں کو دانتوں سے الگ کر کے دیکھنا چاہیں۔ تو وہ الگ ہو جائیں۔ اور سلائی ہٹا لینے یعنی چھوڑ دینے پر پھر واپس اپنی جگہ دانتوں کے ساتھ جا لگیں۔ اور بظاہر دیکھنے والے کو تندرست معلوم ہوں۔ تو اس حالت میں سب سے پہلے کسی اچھے مقامی ڈنٹل سرجن صاحب کے پاس جا کر وہ سیاہی اتروانی چاہیئے۔ اور پھر پائیوریا پاؤڈر صبح۔ دوپہر اور شام کو کھانے کے بعد جیسے اور پہلے پرچوں میں تحریر کیا جا چکا ہے۔ اس ہدایت کے مطابق برش سے استعمال کرنا چاہیئے۔

اگر یہ پاؤڈر عرصہ دراز تک استعمال کرنے پر بھی فائدہ نہ کرے۔ تو گم پینٹ جس کا نسخہ درج ذیل کیا جاتا ہے۔ ہر روز علاوہ مذکورہ بالا ادویہ کے لگانا چاہیئے۔ یہ گم پینٹ اچھے اچھے دوائی فروشوں سے اور بڑے بڑے ڈنٹل سرجنوں سے اکثر تیار مل جاتا ہے۔

● نسخہ گم پینٹ :-

ٹنکچر آئیوڈین	۴ ڈرام
ٹنکچر ایکونائٹ	۱ ؍
ٹنکچر بیلاڈونا	ڈیڑھ ؍
ٹنکچر مرہ	ڈیڑھ ؍
گلیسرین	۲ ؍

اب رہی تیسری اور آخری سٹیج۔ یعنی جب پیپ جبڑے کی ہڈی کے اندر پہنچ جاتی ہے۔ تو پھر یہ مرض لاعلاج ہو جاتا ہے۔ اور اس سٹیج پر اگر دانت نکلوانے کے سوا کوئی صورت نہیں رہتی ایسی حالت ہو جانے کے بعد ہمارا مشورہ بھی یہی ہے۔ کہ دانت فوراً نکلوا کر نئے لگوا لینے چاہئیں۔ تاکہ کسی اور مہلک بیماری کا شکار نہ بن جائیں۔

پائیوریا کا علاج لکھنے کے بعد کرم خوردہ دانتوں کی صورت میں احتیاط اور علاج کا بیان کیا جاتا ہے۔

جب کسی داڑھ یا دانت میں ٹھنڈا پانی لگنے کی شکایت ہو جائے۔ یا گرم چائے وغیرہ کے استعمال سے کسی خاص دانت میں درد یا ٹیسیں معلوم ہونے لگیں۔ یا کسی داڑھ دانت وغیرہ میں کوئی چھوٹا سا سیاہ داغ (جتنی کہ سوئی کے ناکے کے برابر) معلوم ہونے لگے۔ تو فوراً کسی ڈنٹل سرجن کے پاس جا کر اس دانت میں کوئی دھات یا پتھر کی قسم کا ایک مصالحہ آتا ہے۔ وہ بھروا لینا چاہیئے۔

اور اگر مریض کسی ایسے قصبے وغیرہ میں ہو۔ جہاں کہ دنداں ساز نہ مل سکے۔ تو روئی میں تھوڑا سا کاربالک ایسڈ یا لونگ کا تیل وغیرہ لگا لینا چاہیئے جس سے انشاء اللہ عارضی آرام ضرور ہو جائے گا +

طبِ تماثلی

• ذیابیطس

(از جناب ڈاکٹر کانتی پرشاد صاحب رہابی ایل ایم)

امریکہ اور جرمنی کے ڈاکٹروں اور علوالعزم نوجوانوں نے ہزارہا ادویہ کا ہومیوپیتھک (علاج تماثلی) طریقہ پر مشاہدہ و تجربہ (پروونگ) کر کے ہومیوپیتھک میٹریا میڈیکا کو مالا مال کر دیا ہے۔ چند ہندوستانی ڈاکٹروں نے بھی وقتاً فوقتاً کچھ ادویہ تجربہ کر کے شامل میٹریا کرائی ہیں۔ لیکن یہاں پر کوئی ایسی منظم سوسائٹی نہ تھی جو اس کام کو باضابطہ اور باقاعدہ طور پر انجام دلاتی۔ کلکتہ کے مشہور ڈاکٹر سرت چندر گھوش صاحب (ایم۔ ڈی) نے ایک اس قسم کی سوسائٹی کی بنیاد ڈالی تھی اور خود بھی چند ادویہ تجربہ کر کے اہالیانِ فن کو عطا کی ہیں۔ انہیں کی مصدقہ ایک دیسی دوا سفالنڈرا انڈکا ہے۔ جو مرض ذیابیطس کے علاج میں تیر بہدف ثابت ہوئی ہے۔ اس دوا کے دیگر نام یہ ہیں:-

سنسکرت۔ بمبا

ہندی۔ کندری کی بیل

بنگالی۔ تیلاکوچہ

فارسی۔ خیار ہندی

لاطینی۔ سفالنڈرا انڈکا

Cephalandra Indica

ڈاکٹر صاحب موصوف نے کلکتہ کے طبی جریدہ ہینیمین گلینگ میں اس دوا کے چند تجربات طبع کرائے ہیں۔ جو اپنی نوعیت کے لحاظ سے اتنے اہم ہیں۔ کہ میں اُن کا اقتباس درج کرنا ضروری خیال کرتا ہوں:-

کیس ۱

بابو ستیش چندر دت۔ ۱۴۔ نومبر ۲۸ء کو ڈاکٹر صاحب موصوف کے زیر علاج آئے۔ اور جو کیفیت انہوں نے مشاہدہ کی حسب ذیل تھی۔ غمگین۔ خاموش اور بے چین۔ وزن دن بدن کم ہوتا جا رہا تھا۔ پیشاب زیادہ مقدار میں اور بار بار آتا تھا۔ اور اس کے بعد کمزوری بہت محسوس ہوتی تھی۔ پیشاب میں امتحان سے شکر ۲۰ گرین فی اونس پائی گئی۔ پیاس زیادہ اور تمام بدن میں جلن۔ حلق اور منہ خشک۔

سفالنڈرا ۱x طاقت کا تین مرتبہ روزانہ تجویز کیا

۱۸۔ نومبر۔ مریض کو دیکھا حالت بہتر تھی جلن اور پیاس میں کمی اور پیشاب کی مقدار میں بھی کمی تھی۔ وہی دوا دو مرتبہ کھانے کی ہدایت کی گئی۔

۲۸۔ نومبر۔ پیشاب کے امتحان میں ۴ گرین فی اونس شکر برآمد ہوئی۔ پیاس اور جلن قریباً مفقود۔ دوا جاری رکھی گئی۔

۱۰۔ دسمبر ۲۸ء پیشاب میں شکر مفقود تھی اور مریض قریباً اچھا تھا۔ دوا ۳x طاقت میں کبھی کبھی استعمال کرنی تجویز کی گئی۔ اس کے بعد اُسے کبھی یہ شکایت پیدا نہیں ہوئی۔

کیس ۲

بابو جے این گوسوامی - ۴ سال سے مرض ذیابیطس میں مبتلا تھے - اور مختلف علاج کرا چکے تھے - ۱۰ جنوری ۳۲ء کو ڈاکٹر صاحب موصوف کے زیر علاج آئے - سنہ ۲۰ء سے انہیں پیشاب بار بار آنے کی شکایت تھی - ۲۶ اگست ۳۱ء کو پیشاب کے امتحان میں ۲۴ گرین فی اونس شکر نکلی تھی - جو برابر جاری تھی - اور کسی صورت سے کم نہ ہوتی تھی - ڈاکٹر صاحب نے سفالنڈرا ۱x طاقت کی ۴ مرتبہ روزانہ تجویز کی -

۱۰ فروری ۳۲ء کو شکر کی مقدار پیشاب میں ۱۴ گرین تھی - پیاس جلن اور دیگر عوارض میں افاقہ تھا - ۲۶ - فروری کو شکر کی مقدار ½۱۰ گرین رہ گئی - اور پیاس جلن وغیرہ جاتی رہی تھی - دوا ۳x طاقت میں ۳ مرتبہ تجویز کی گئی -

۱۶ - مارچ ۳۲ء کو پیشاب میں کوئی شکر نہ تھی - دوا بند کر دی گئی - ۱۵ - اپریل ۳۲ء کو پھر پیشاب کا امتحان کرایا کوئی شکر نہ تھی - اور تا حال مریض تندرست ہے -

کیس ۳

بابو سرت چندر رائے ساکن میمن سنگھ ۴۰ سال سے ذیابیطس کے شاکی تھے - ہر قسم کے علاج کرا چکے تھے لیکن کبھی پیشاب شکر سے خالی نہ آیا - ۶ - مارچ ۳۲ء کو ڈاکٹر صاحب موصوف کے زیر علاج آئے - پیشاب میں ۴۳ گرین فی اونس شکر تھی - وزن ۱۲۵ پونڈ سے گھٹ کر ۱۰۰ پونڈ رہ گیا تھا - دیگر کیفیت وہی تھی - جو کیس ۱ میں درج کی گئی -

سفالنڈرا ۱x ۴ مرتبہ روزانہ تجویز کی گئی -

۱۶ - مارچ ۳۲ء کو شکر ۲۲ گرین تھی - پیاس و جلن وغیرہ میں کمی تھی - ۲۹ - مارچ ۳۲ء کو شکر ۶ گرین تھی - ۲۲ - اپریل ۳۲ء کو شکر ندارد تھی - اور وزن میں ۱۰ پونڈ کا اضافہ تھا - سفالنڈرا ۳x دو مرتبہ روزانہ تجویز کی گئی - ۱۵ - مئی ۳۲ء کو پیشاب صاف تھا - دوا موقوف کر دی گئی - ۹ جنوری ۳۳ء کو بابو صاحب پھر ڈاکٹر صاحب سے ملے - اور اپنی تندرستی کے لئے ان کا شکریہ ادا کیا - وہ تا حال تندرست ہیں -

ان کے علاوہ ڈاکٹر صاحب نے اسے بکثرت برتا ہے - اور ہمیشہ نتائج نہایت خوشگوار برآمد ہوئے - ڈاکٹر صاحب کا خیال ہے - کہ شکر بند کرنے میں اس دوا کا ہومیوپیتھی طاقت (پوٹنسی) میں بھی ویسا ہی اثر ہوتا ہے جیسا کہ انسولین کے انجکشن کا -

امید ہے - اطبائے حاذق طب نمائی کے تجربات سے بھی فائدہ اٹھائیں گے - یہ دوا بنی بنائی ۱x اور ۳x ہومیوپیتھک طاقت (پوٹنسی) میں کلکتہ سے خریدی جا سکتی ہے

تجربات

(از جناب حکیم انوار الحق صاحب انوار تھانوی۔ سب ایڈیٹر رسالہ ہذا)

(۱) **مکسچر سعال**

افعال وخواص۔ کھانسی کے لئے مفید ہے۔ بلغم کو خارج کرتا ہے۔

وائنم اپیکاک ۲ سرخ
نوشادر ۴ سرخ
جواکھار ۴۰ سرخ
پانی ۲ تولہ

ترکیب استعمال۔ ایسی ایک ایک خوراک صبح دوپہر اور شام کو پلائیں۔

(۲) **مکسچر ضیق النفس**

افعال وخواص۔ نئے اور پرانے دمہ کو اس کی مداومت سے معتدبہ فائدہ پہنچتا ہے۔

سوڈا بائیکارب ۵ تولہ
شہد خالص ۲۰ تولہ
عرق پیاز ۴۰ تولہ

ترکیب استعمال۔ سب کو ملا کر کاگ کی ڈاٹ والی شیشی میں تین روز تک دھوپ میں رکھیں۔ پھر ۱-۲ تولہ صبح وشام استعمال کریں۔

(۳) **مکسچر ہاضم**

افعال وخواص۔ نفخ شکم۔ سوء ہضم۔ قبض شکم۔ ہیضہ۔ قولنج ریحی۔ درد معدہ اور عظم طحال کے لئے مفید ہے۔

مغز گھیکوار ۳ تولہ
عرق لیموں ۲۰ تولہ
عرق ادرک ۲۰ تولہ
نمک لاہوری ۵ تولہ
نمک سیاہ ۱ تولہ
ہینگ سرخ ۴ ماشہ

ترکیب استعمال۔ اوپر کی دونوں دواؤں کو بوتل میں بھر کر دھوپ میں رکھیں جب تمام پانی ہو جائے بقیہ ادویہ شامل کر کے بوتل کا منہ بند کریں۔ اور آٹھ یوم تک دھوپ میں رکھ کر ایک تولہ سے ۲ تولہ تک استعمال کریں۔

(۴) **مکسچر سوء ہضم**

افعال وخواص۔ بدہضمی۔ اپھارہ اور درد شکم کے لئے مفید ہے۔

سوڈا بائیکارب ۲ ماشہ
ٹنکچر جنجر (صبغ زنجبیل) ۲۰ قطرہ
ٹنکچر کلوروفارم ۱۰ قطرہ
پانی ۲ تولہ

ترکیب استعمال۔ ایسی ایک ایک خوراک صبح وشام دیں۔

(۵) **مکسچر فولاد**

افعال وخواص۔ یرقان۔ سنگرہنی۔ کمی خون۔ سوء ہضم اور گولہ شکم میں مفید ہے۔

ترپھلہ ۹ تولہ
برادہ فولاد ۳ تولہ
مرچ سیاہ ۳ تولہ
زنجبیل ۳ تولہ

ترکیب استعمال۔ سب دواؤں کو مٹکے میں ڈال کر شہد خالص یا گڑ قند سیاہ ایک سیر پانی ۵ سیر اضافہ کریں۔ اور منہ بند کر کے ۲۰ یوم تک دھوپ میں رکھیں۔ پھر صاف کر کے ایک تولہ سے ۲ تولہ تک پلائیں۔

(۶) **مکسچر عظم جگر**

افعال وخواص۔ سوء مزاج جگر، عظم جگر اور پرانے بخاروں میں مفید ہے

استسقاء اور یرقان کو بھی زائل کرتا ہے۔

عصارہ افسنتین	۱ ماشہ
نوشادر	۴ سرخ
عرق کاسنی	تا ۲ تولہ

ترکیب استعمال:۔ ایسی ایک ایک خوراک صبح و شام کو پلائیں۔

● (۷) **ٹنکچر مصفی خون**

افعال و خواص:۔ پھوڑے پھنسیوں کو دور کرتا ہے۔ وجع المفاصل کے لئے مفید ہے۔

ٹنکچر آف چریتا (صبغ چرائتہ)	۲۰ قطرہ
سماک لیکس (جوہر شیرہ)	۱۰ قطرہ
پوٹاسیم آیوڈائیڈ	۴ سرخ
پانی	تا ۲ تولہ

ترکیب استعمال:۔ ایسی ایک خوراک صبح و شام دیں۔

● (۸) **ٹنکچر وجع المفاصل**

افعال و خواص:۔ وجع المفاصل۔ عرق النساء اور نقرس میں مفید ہے۔

ٹنکچر کالچی کم (صبغ سورنجان)	۲۰ قطرہ
ٹنکچر ممس (دہیکا)	۲۰ قطرہ
پانی	تا ۲ تولہ

ترکیب استعمال:۔ ایسی ایک ایک خوراک صبح اور شام کو پلائیں۔

(از جناب حکیم محمد رحمت علی صاحب ہمایوں۔ لائلپور)

فریسموسا۔ یہ دوا مقوی باہ دواؤں کی بادشاہ ہے۔ اور منجملہ عجائبات طب سے ہے۔

صفت:۔ لیسے تھین ۱ تولہ۔ یوہمبین اصلی ۲۰ رتی۔ بیر ہیلی ۲۰ رتی۔ سب دواؤں کی ۱۲۰ گولیاں بنائیں۔ صرف ایک گولی دن میں بعد از غذا کھائیں۔ بعض طبائع پر ایسا اثر کرتی ہے کہ بعینہٖ فریسموسس کی سی حالت ہوجاتی ہے۔ دس گولیوں سے زیادہ کوئی صاحب کسی صورت میں بھی استعمال نہ کریں۔

اکسیر سرعت۔ کشتہ چاندی ۴ ماشہ۔ جاوتری۔ زعفران۔ جگس ماری ہر ایک ۱۰ تولہ۔ جوزبوا۔ سندرسوکھ ۹-۹ ماشہ۔ زہر مہرہ ۱ ماشہ۔ مشک خالص ۱۰ ماشہ۔ سب ادویہ کو غبار کی طرح پیس کر عرق پان میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ ہر روز ایک گولی ڈیڑھ پاؤ دودھ سے کھائیں۔ یہ گولیاں اعلیٰ درجہ کی بے ضرر دافع سرعت و ممسک ہیں کسی قسم کا نقصان نہیں کرتیں جیسا کہ اس قسم کی دوسری ادویہ کرتی ہیں۔ کوئی نشہ کی چیز اس کا جزو نہیں جریان کو مفید اور باہ کو قوت دیتی ہیں۔

طلائے مصلب و مقوی۔ افیون خالص ۲ ماشہ۔ چربی شیر خالص نی ۶ ماشہ۔ بچھناک ۱ ماشہ۔ تمام دواؤں کو خوب حل کرکے شیشی میں رکھیں۔ اگلا حصہ چھوڑ کر عضو پر طلاء کرکے اوپر پان سادہ باندھیں۔ اور بعد چار گھنٹہ کے گرم پانی سے دھوئیں طاقت۔ فرحی و قوت پیدا کرتا ہے۔

(از جناب حکیم ابوالحسن محمد احسان الحق صاحب ایم)

حب مقوی باہ۔ یہ گولیاں قوت باہ اور طاقت جسمانی پیدا کرنے کے لئے نہایت اکسیر ہیں۔

صفت:۔ رسکپور۔ دار چکنا۔ سم الفار ہر ایک ۲ ماشہ۔ مشک رومی ۹ ماشہ۔ سب کو باریک کرکے ایک سیر عرق لیموں میں حل کریں جب عرق جذب ہوجائے۔ تو مشک اصلی ۳ ماشہ۔ دار چینی ۹ ماشہ۔ مصطگی رومی ۹ ماشہ۔ جائفل۔ جاوتری۔ عقرقرحا ہر ایک ۶ ماشہ۔ ثعلب مصری۔ دانہ الائچی خورد۔ شقاقل ہر ایک ایک تولہ۔ بادام مقشر ۱۵ عدد۔ باریک کرکے اور ملا کر خوب کھرل کریں اور برنج سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک صبح ایک شام مسکہ گاؤ میں رکھ کر نگل جائیں۔ اور بعدہٗ نصف سیر شیر گاؤ نیم گرم کریں۔ غذا مرغن کھائیں۔

طلا مقوی اعصاب۔ یہ طلاء جملہ امراض عضو کو دور کرنے کے لئے مسیحائی اثر رکھتا ہے۔ پٹھوں کو قوی اور مضبوط کرتا ہے۔ صفت:۔ عطر حنا۔ عطر موتیا۔ روغن دار چینی ہر ایک ۲ ماشہ

(۵۴) مشیر الاطباء اپریل ۲۹ ۱۹۳۵ء - ایک روپیہ میں بھیج سکتا ہوں۔ (احسان الحق خان)

ایضاً۔ ۱۲؍ کو علاوہ محصول ڈاک دے سکتا ہوں۔

(لاجونت سنگھ عطار)

(۵۵) سل - ہڑتال گئودنتی ۲ تولہ، برگ نیم ۱ تولہ کے نغدہ میں ملفوف کرکے سکورہ گلی میں بند کرکے ۲۰ سیر پختہ کی آگ دیں۔ کشتہ سفید برآمد ہوگا۔ مقدار خوراک ۲ رتی بوقت صبح ہمراہ شربت بنفشہ ۲ تولہ کھلائیں۔ تین دن میں نمایاں فائدہ ظاہر ہوگا۔ تقریباً ۳ ہفتہ میں کلی صحت ہو جائے گی۔

(حکیم جلال الدین شفا)

ایضاً۔ آپ ذیل کا سفوف تیار کرکے استعمال کرائیں امید ہے کہ خداوند کریم کے فضل و کرم سے بہت جلد آرام ہوگا ست گلو۔ ست اسپغول۔ رب السوس۔ تخم الائچی خورد۔ بنسلوچن ہر ایک ۵ ماشہ۔ گلسرخ ۴ ماشہ۔ مصری ۴۴ ماشہ۔ سب کا سفوف بنائیں۔ ۴ ماشہ بوقت صبح ہمراہ شربت انجبار ۲ تولہ عرق کئو۔ گلو۔ نیلوفر ہر ایک ۲ تولہ۔ اور بوقت عصر ایک عدد قرص سرطان ہمراہ شربت پیٹھہ ۲ تولہ۔ عرق شیر ایک تولہ۔ غذا ماء الشعیر دیں۔ اور کھچڑی و دال وغیرہ۔ پرہیز غلیظ اور گرم اشیاء سے۔ (حکیم احسان الحق)

(۵۶) سگ گزیدہ - کیلہ کے تنے میں چھری گاڑیں تو پانی جاری ہو جائے گا۔ قوی جوانی ۱۰ تولہ یہ پانی پلا دیں ایک دن میں تین مرتبہ دیں۔ بس صحت ہے۔ سات مریضوں پر تجربہ کر چکا ہوں۔

- زہر سانپ - کشتہ مندرجہ جواب ۵۵ ایک رتی ہمراہ آب پوست ریٹھہ ۲ ماشہ کھلائیں۔ پہلی ہی خوراک میں اثر ظاہر ہوتا ہے گھنٹوں میں صحت کلی حسب ضرورت ۲ گھنٹہ بعد دوسری تیسری خوراک دے سکتے ہیں۔ ۱۵ مریضوں پر تجربہ کر چکا ہوں (جن میں سے ایک کی حالت بوقت معائنہ یہ تھی۔ تین دن قے سے گزر چکے تھے۔ آنکھوں سے اندھا ہو چکا تھا۔ بدن کے روئیں روئیں سے خون جاری تھا۔ سوزش ہر وقت اس قدر سوزاں تھی کہ کیچڑ میں پڑا تڑپتا تھا۔ گھنٹہ گھنٹہ بعد ایک خوراک دینے سے تین گھنٹہ میں کلی صحت ہو گئی۔ مقام گزیدہ پر برگ کپاس نرم کوٹ کر باندھیں۔ ۴ گھنٹہ بعد بدل دیا کریں۔

- بواسیر - کشتہ مندرجہ جواب ۵۵ ۲ ماشہ۔ پوست ریٹھہ ۱ تولہ۔ گیرو ۲ ماشہ۔ افشردہ گندنا میں کھرل کرکے نخودی گولیاں بنائیں۔ ایک حب صبح ہمراہ آب شبینہ کھلائیں پہلی خوراک سے خون بند ہو جاتا ہے۔ ۴۰ یوم میں مرض کا نام و نشان نہیں رہتا۔

- مرہم - استخوان کرسنگ سوختہ ۲ ماشہ۔ پھٹکڑی سوختہ ۲ ماشہ۔ ایک چھٹانک مکھن شستہ صد بار ۲ تولہ میں ملائیں۔ صبح و شام مسوں پر لگائیں بغیر کسی تکلیف کے مسے نابود ہو جاتے ہیں۔ مجرب ہے (حکیم جلال الدین شفا)

(۵۷) ناصور - مسیح الملک مرحوم کا نسخہ نہایت اکسیر ہے۔ تقریباً دس مریضوں پر تجربہ کر چکا ہوں۔ آتشباز کے گولے کا بارود ایک تولہ لے کر ۵ تولہ روغن کنجد کے ہمراہ کھرل کریں کہ یک جان ہو جائے۔ اس میں بتی بھگو کر ناصور کے اندر دے دیں۔ صبح و شام تبدیل کر دیا کریں۔ (حکیم شفا)

ایضاً۔ آپ مریضہ کو ایک دو مسہل دیں بلجیں

مرہم رال جو ہر قسم کے زخموں کے لئے مفید ہے لگائیں۔ انشاء اللہ فوراً آرام ہوگا۔ (حکیم محمد احسان الحق)

(۵۸) **عوارض حلق۔** نسخہ دوا۔ مسند سوکھ۔ بیج بند تخم سروالی۔ تخم بھنگ۔ تالمکھانہ۔ بہو پھلی ہر ایک ۲ تولہ کشتہ قلعی۔ کشتہ سہ دھاتہ۔ کشتہ چاندی ہر ایک ایک ماشہ۔ سب کو باریک کر کے حفاظت سے رکھیں۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ نصف سیر۔

نسخہ طلاء۔ برائے مجلوق نامرد۔ سم الفار سفید ۱ تولہ۔ سیماب مصفیٰ ۲ تولہ۔ ہڑتال ورقی ۲ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ علاوہ پہلی دواؤں کو باریک کر کے زردی بیضہ مرغ میں یکے بعد دیگرے ڈال کر سحق کریں۔ اور آتشی شیشی میں روغن کشید کر کے حفاظت سے رکھیں۔ سیون اور حشفہ کو چھوڑ کر چند قطرے ڈال کر مالش کر کے اوپر برگ پان نیم گرم باندھیں۔ پانی سے قلعی پرہیز۔ ایک ہفتہ استعمال کریں۔ (حکیم علم دین)

ایضاً۔ نسخہ طلاء۔ مغز جمال گوٹہ ۲ ماشہ۔ سم الفار ۲ ماشہ۔ ہڑتال ورقیہ ۲ ماشہ۔ تینوں کو خوب باریک کریں۔ اور گھی ۲ تولہ۔ موم سفید ۲ تولہ ملا کر خوب کھرل کریں۔ کہ مثل مرہم کے ہو جائے۔ ایک ڈبیہ میں حفاظت سے رکھیں اور حشفہ و سیون اور نیچے کی رگ چھوڑ کر بقدر ۲ ماشہ کی مالش کریں۔ اور اوپر پان یا ارنڈ کا پتہ روغن قرنفل سے چرب کر کے کپڑے سے باندھے۔ اسی طرح ۷ روز تک متواتر عمل کریں۔ اور بعد میں مسکہ گاؤ کا لیپ کریں۔ اور اندرونی استعمال کے لئے صبح و شام لبوب کبیر ۲ ماشہ۔ خمیرہ گاؤزبان عنبری مروارید ی ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ ایک پاؤ استعمال فرمائیں۔ غذا لطیف اور زود ہضم کھائیں۔ ایک ہفتہ کے بعد خبر دیں۔ (حکیم احسان الحق)

(۵۹) **فساد خون۔** آپ صبح و شام معجون عشبہ خاص ۲-۳ ماشہ ہمراہ عرق مکو، و گلو ایک ایک تولہ استعمال کریں۔ انشاء اللہ العزیز ایک ہفتہ کے اندر اندر صحت ہوگی۔ اور خون بالکل صاف ہو جائے گا۔ اور دانوں پر روغن دار چینی ڈ لگائیں۔ (حکیم احسان الحق)

(۶۰) **طنین ودوی۔** آپ اول کانوں میں ہیڈروجن پراکسائیڈ ڈال کر حل شدہ نیم سے بذریعہ پچکاری کانوں کو صاف کریں۔ پھر عرق مولی سبز ۲ تولہ۔ روغن گل ۲ تولہ میں ملا کر پکائیں۔ جب پانی خشک ہو جائے نیم گرم تیل کے چند قطرے ڈالیں۔ کھانے کے لئے صبح کو شربت عناب ۲ تولہ میں بکری کا دودھ بارہ تولہ دوھ کر اسی وقت گرم گرم پئیں۔ رات کو سوتے وقت اطریفل زمانی ایک تولہ باضافہ روغن بادام ۲ ماشہ دودھ کے ساتھ کھا لیا کریں۔ مندرجہ بالا ترکیب چند ہفتہ تک کریں۔ پھر حالات سے مطلع کریں۔ (حکیم انوار الحق انوار عفا نوی سب ایڈیٹر)۔

● **ایضاً۔** بہروپن۔ حق تو حکیم شمس الحق صاحب۔ حکیم علیم اللہ صاحب۔ حکیم انوار الحق صاحب کا تھا۔ مگر بحیثیت خادم ہونے ہر بنی نوع انسان کے ایک نسخہ پیش کرتے ہیں۔ گر قبول افتد زہے عز و شرف "صفتہ" روغن بادام تلخ اصلی ۲ تولہ۔ روغن سرشف ۲ تولہ۔ روغن نیم ۲ تولہ۔ تینوں روغنوں میں ۲ تولہ مغز حنظل ملا کر خوب جلا دیں۔ جب اچھی طرح جل جائے۔ تو اتار کر ایک شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔ اور صبح و شام اس سے بقدر ۳ ماشہ دونوں کانوں میں نیم گرم کر کے ڈالیں۔ اور دوسرے تیسرے روز کانوں کو صاف کراتے رہیں۔ انشاء اللہ العزیز ایک ماہ کے استعمال سے قوت سماعت درست ہو جائے گی۔ مگر یاد رہے کہ نسخہ کے استعمال سے قبل تنقیہ دماغ و معدہ اشد ضروری ہے۔ مضر غذا سے پرہیز کریں۔ (حکیم محمد احسان الحق)

کے بعد دو روز تک جوارش کمونی مسہل ایک تولہ ہمراہ شیرہ بادیان۔ شیرہ انیسون ہر ایک ۶ ماشہ۔ شربت دینار ۲ تولہ میں حل کرکے صبح شام پلائیں۔ جب درد میں تخفیف ہو جائے۔ تو پھر مندرجہ بالا نسخوں کا بدستور استعمال جاری رکھیں۔

دستور جدید۔ (۱) اکسیر سنگ مرارہ۔ عرق بادیان ۵ تولے سکنجبین بزوری دو تولے کے ساتھ دیں۔

(۲) سوتے وقت۔ روغن زیتون دو تولے پلائیں۔

منتخب مجربات و مرکبات

(۱) **اکسیر سنگ مرارہ**۔ گاؤ زہر ایک رتی۔ سوڈا ۲ رتی۔ ریوند چینی ۳ رتی۔ باریک کرکے ملائیں اور ایسی ایک پڑیہ صبح و شام عرق بادیان ۵ تولے کے ساتھ دیں۔

(۲) **حب صفراء**۔ قبض کو رفع کرتی ہے۔ اور سنگ مرارہ کو خارج کرتی ہے۔ یرقان کے لئے مفید ہے۔

صنعتا۔ بیل کے پتہ کا صفراء ایک سیر لے کر اس کو آگ پر اس قدر جوش دیں کہ وہ غلیظ ہو جائے۔ پھر اسے اتار کر اس میں برادہ کچلہ ۸ ماشہ ملائیں۔ اور کھرل کرکے ایک ایک سرخ کے برابر گولیاں بنا لیں۔ ضرورت کے وقت ایک سے چار گولیوں تک غذا کے دو گھنٹہ بعد کھائیں۔

(۳) **معجون عقرب**۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑ دیتی ہے۔ اگر اس پتھری کے سبب سے یرقان کی شکایت ہو گئی ہو۔ تو اس کو رفع کرنے میں بے نظیر ہے۔

صنعتا۔ بیخ کا کنج ڈیڑھ تولہ۔ جنطیانہ رومی ایک تولہ ۳ ماشہ۔ جند بیدستر ۱۲ ماشہ۔ عقرب سوختہ ۱۰ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۸ ماشہ۔ فلفل سفید ۸ ماشہ۔ زنجبیل ۳ ماشہ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد خالص سہ چند کے ساتھ معجون بنائیں۔ اور ضرورت کے وقت چار رتی سے ایک ماشہ تک عرق بادیان ۱۲ تولے کے ساتھ صبح و شام کو کھلائیں۔

علاج ڈاکٹری۔ تسکین درد کے لئے مریض کو اٹروپین اور مارفیا کا ٹیکہ کریں۔ کلوروفارم اور آلیو آئل ہموزن ملا کر مقام درد پر مالش کریں۔ یا مریض کو گرم پانی کا حمام کرائیں۔

درد کے دوروں کو روکنے کے لئے۔

۱۔ سپرٹ ایتھر	۳ ڈرام
اولیم ٹرپن ٹائن	۲ ،،

ملا کر اس میں سے ۳۰ منم کی مقدار لیں دو یا تین دفعہ کھلائیں۔

۲۔ آلیو آئل کا استعمال اس مرض میں مفید ہے۔ چنانچہ اسے ۳ سے ۶ اونس کی مقدار میں روزانہ لیمن جوس کے ہمراہ پلانا نہایت مفید ہے۔

۳۔ فیلا مین ایک مرکب دوا ہے۔ جو بیل کے پتہ کی رطوبت اور سیلی سلیٹ کا مرکب ہے۔ اس کا استعمال بھی ازالہ مرض میں مفید ہے۔

حسب ذیل نسخے بھی مفید ہیں:۔

۱۔ کیلومل	½ گرین
پوڈافلین	¼ ،،
یوونے من	½ ،،
اریڈین	¼ ،،
پل ریوائی کمپونڈ	۵ ،،

اس کی ایک گولی بنا لیں۔ اور بوقت خواب ہر روز کھلانا مدر صفرا ہے۔

جوابات

(۸۰) عرق مدنی - دمہ - حمی معوی - اگر دمہ بلغمی ہے
تو کشتہ بارہ سنگا استعمال کرائیں - اگر مریض تمباکو خور یا تمباکو
نوش ہے - تو تمباکو سیر بھر کو ۲۴ گھنٹہ پانی ۱۰ ار میں بھگو
کر جوش دیں - اور پھٹکری ۱۰ ار کو کڑاہی میں رکھ کر آنچ دیں -
اور اس پانی کا چھینٹا دیتے جائیں - جب پانی ختم ہو جائے
اتار لیں مقدار خوراک ایک سرخ -

● ٹائیفائیڈ فیور میں - سلفیورک ایسڈ ڈل ۱۰ تولہ کی بوتل
میں ڈال کر اوپر سے پانی بھر دیں - اور بوتل کو ہلائیں - یہ پانی
کشید کیا ہوا ہو گا - اس پر چٹ نمبر ۱ لگائیں - اس میں سے
ایک تولہ پانی لے کر ۱۰ تولہ کی بوتل میں ڈال کر پانی بھر دیں
خوب ہلا کر اسی طرح تیسرا نمبر بھی بنا لیں - ٹائیفائیڈ کے مریض
کو تیسرے نمبر سے ایک تولہ لے کر تین تولہ پانی میں حل کریں -
یہ پانی فی خوراک ایک چائے کا چمچہ ہر آدھ گھنٹہ میں دیں - انشاء
اللہ اسی دن بخار اتر جائے گا - اور دانے سب اوپر آ جائیں گے
ایک روزہ علاج ہے - (حکیم ڈاکٹر سید وکیل احمد)

ایضاً - عرق مدنی - آپ امانت جناب محترم قریشی صاحب
کے پاس جمع کرا دیں - ہم انشاء اللہ سو فیصدی مجرب نسخہ جو کہ
ہمارا خاندانی ہے - بتا دیں گے - بعد کامیابی کے ہم اس کے
مستحق ہونگے - نیز دمہ کے لئے کشتہ بارہ سنگا ۲ رتی ہمراہ
خمیرہ بانسہ ا تولہ کے کھا کر اوپر سے عرق اسطوخودوس ۱۰ تولہ پیا
کریں - مجرب نسخہ ہے - اور حمی معوی کے لئے ماء الذہب ۲ قطرہ
ہمراہ عرق شیرہ ۵ تولہ - یا عرق ہرا ہمراہ ۵ تولہ و تخم بالنگو ۳ ماشہ
کے پیا کریں - (حکیم شمس الحق)

ایضاً - عرق مدنی - ایک ہندوستانی کے تحفہ پر یہ بھی

نمودار ہوئی - دیکھا گیا - تو اس سے دھاگا یا رشتہ نکلا تھا -
پہلے برگ مدار بندھواتے گئے - ۳۰ دن برگ مدار ہی گرم گرم
بندھواتے رہے - پھنسی کا منہ کھل گیا - بعد میں اونٹ کی
مینگنی دودھ بکری میں پکا کر ضماد کراتے رہے - زخم بھر گیا -
مریض بھلا چنگا ہو گیا - (حکیم برکت رام بلونت سنگھ کھرانہ)

(۸۱) توضیح نسخہ - کشنیز کو تھوڑے پانی میں نم کر کے اوکھلی
میں ڈال کر موسل سے کوٹیں - ورنہ ہاون دستہ میں کوٹ لیں -
اور عورتوں کی طرح سوپ لے کر اس میں پھٹک لیں - اڑنے
والی چیز بھوسی اور باقی رہنے والی کو مغز کہتے ہیں - مغز گوریاز
کی صراحت یہ ہے - کہ گنجشک خانہ ساز کو حلال کر کے ان کا بھیجہ
نکال لیجئے - اگر آپ کے گھر میں یہ چڑیاں نہیں ہیں - تو دہلی
یا لکھنؤ کے چڑیا بازار سے سینکڑوں ملتی ہیں - منگوا کر کام
میں لائیں - عرق کافی سے مراد مٹی کا تیل - پٹرول یا پہاڑی پانی
ہو سکتا ہے - ورنہ کاٹنے کی مادہ ہے - جس کو کافی کہتے ہیں - یہ
پھلی پر دریا میں بکثرت ملتی ہے - اس کی شناخت یہ ہے - کہ
سانپ کی طرح چکنی ہوتی ہے - اس کے اوپر رو ہفتہ یا چھلکا
نہیں ہوتا ہے - اس کا مغز کس طرح حاصل کیا جائے - یہ آپ
خود سمجھ لیں - (حکیم ڈاکٹر سید وکیل احمد)

(۸۲) قرص و لوا اسیر - کباب چینی مٹی کے برتن میں
جو کوب کر کے ڈال دیں - اور پانی ۳ ار بھر دیں - صبح کو سب
پانی ۱۲ بجے تک پلا دیں - دوسرے روز سے روغن مریخ سرخ
جو تال جنتر سے نکالا گیا ہو - ایک بوند سے ۵ بوند تک کیپسول
میں ڈال کر کھلائیں -

بواسیری خلش کے لئے نمک سول ۱ ماشہ - نمک شوریکائن ملا

روزانہ باری باری سے کھلائیں۔ وسطے کی ٹیک کے لئے مرہم سی قاپو لگائیں۔ اور پسینہ کے لئے تا سفوس ۳ دن میں تین بار ملائیں۔ (حکیم ڈاکٹر سید وکیل احمد)

● ایضاً۔ جریان و ضعف باہ۔ بجلکڑا ۲ تولہ۔ سبوس اسبغول ۴ تولہ۔ تخم کاہو۔ تخم بھنگ۔ کشنیز ہر ایک ایک تولہ۔ کوزہ مصری ۸ تولہ خوراک سفوف ۶ ماشہ صبح و شام دودھ کی لسی کے ہمراہ استعمال کریں۔ احتلام۔ جریان اور جلن پیشاب وغیرہ دور ہونگے۔ بعد میں بواسیر اور ضعف باہ کے علاج کے لئے لکھیں۔ (حکیم ہمایوں)

ایضاً۔ آپ ذیل کا نسخہ بنا کر استعمال کریں۔ تمام شکایات کا ازالہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ نسخہ سلاجیت۔ ست لوبان۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف۔ ثعلب مصری۔ موصلی سفید۔ تودریں۔ لاجونتی۔ کشتہ کوڑی ہر ایک ۱ تولہ۔ ہزار داتی نمک سولی۔ نمک شلغم۔ چوکھار۔ قلمی شورہ۔ کتھ سفید ہر ایک ۹ ماشہ۔ تمام ادویات کو یکجان کرکے سفوف بنائیں۔ اور بقدر ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت سنگترہ ۵ تولہ۔ عرق گلو ۱ تولہ کے پیا کریں۔ (حکیم شمس الحق)

(۸۳) درد رحم۔ مریضہ کو ایکسٹریکٹ فیری کو سلسلہ بوند فی خوراک ۲۰ تولہ پانی ملا کر اسی مقدار میں دن میں ۳ بار پلائیں۔

سیلان الرحم کے لئے اوراق شادون میں ۳ بار فی خوراک ایک قرص کھلائیں۔ دونوں دواؤں سے ۳۰ منٹ کا فاصلہ رہے بجائے روغن بید انجیر کے روغن زیتون میں پہلیاں تل کر کھلائیں۔ حاملہ کے قبض کو مغز تخم حوہ ۱ عدد ذرا سے پانی میں پیس کر روغن زرد آمیز کرکے پاخانہ کے مقام پر لگا کر دیح کرنا چاہئے۔ فوراً پاخانہ کھل کر ہوتا ہے۔ نہ مروڑ ہوگی نہ سوزش ہر نازک مزاج آدمی کو اسی طرح تلیین اور مسہل کی بجائے یہ دوا استعمال کرنی چاہئے۔ اسرار متقدمین سے ہے۔ مشیر الاطبا کی خاطر سے پیش کیا جاتا ہے۔ (حکیم ڈاکٹر سید وکیل احمد)

ایضاً۔ آپ جوارش جالینوس ۳ ماشہ صبح و شام کو ہمراہ شربت بزوری کے پلایا کریں۔ اور کشتہ مرجان بھنگ والا ۲ رتی خمیرہ گاؤزبان مروارید ی ۹ ماشہ۔ دن میں دو بار کھلایا کریں۔ اس نسخہ پر عمل کریں۔ اور گرم چیزوں سے پرہیز کریں۔ (حکیم شمس الحق)

● (۸۴) حدبہ۔ حدبہ کے علاج کو دوسرے اطباء کرام کے سپرد کرتا ہوں۔ مگر بہرہ پن کے لئے سولین آئل ۵ بوند ۲۰ تولہ پانی میں ملا کر پلائیں۔ اور خالص دوا کے دو بوند ذرا پر سے کان میں ڈالیں۔ انشاء اللہ پندرہ بیس روز میں مکمل افاقہ ہو جائیگا۔ (حکیم ڈاکٹر سید وکیل احمد)

ایضاً۔ حدبہ۔ آپ روغن جند بید ستر حدبہ پر ملا کریں اور کان میں بادام روغن تلخ ڈالا کریں۔ اس ترکیب پر عمل کرنے سے حدبہ اور کان کا بہرہ ہونا دور ہوگا۔ (حکیم شمس الحق)

● (۸۵) لکنت اور بہرہ پن۔ لڑکے کی زبان لڑکھڑانے کا سبب جنرل ڈیبلیٹی (عام کمزوری) ہے۔ ایسٹن سیرپ یا شربت فولاد منسلک استعمال کرائیں۔ یا ٹنچر اسٹیل دو بوند۔ ٹنچر نکس وامیکا ۲ بوند ایک اونس پانی میں ملا کر پلائیں۔ بہرہ پن کے لئے جواب سوال ۸۴ ملاحظہ فرمائیے۔ (حکیم و ڈاکٹر سید وکیل احمد)

ایضاً۔ آپ کان میں روغن بادام تلخ نیم گرم روزانہ ڈالا کریں۔ اور زبان کی لکنت قوت جسمانی کے ہونے پر دور ہو جائے گی۔ (حکیم شمس الحق)

(۸۶) کمنہ۔ یہ آنکھوں کا ایک مرض ہے۔ جو ابخرہ سوداویہ کے صعود کرنے سے پیدا ہوتا ہے۔ اس میں آنکھ میں خارش ہوتی۔ اور بصارت خراب ہو جاتی ہے۔ علاج کحل الجواہر وغیرہ کا استعمال ہے۔ (حکیم خادم حسین)

(۸۷) اصلاح نسخہ۔ خضاب کا نسخہ آپ کا صحیح نہیں ہے۔ پیرا فینی لین ڈایا مین۔ پرسلفیٹ۔ استعمال کے وقت حسب ضرورت دونوں ملا کر پانی میں گھول کر لگائیں دونوں کو علیحدہ رکھنا چاہئے۔ آپ کی ادویات بھی علیحدہ رکھنے سے

تجربات

(از جناب زبدۃ الحکماء حکیم ملک محمد یار خاں صاحب للیانی)

مندرجہ ذیل چار نسخے سیکرٹری صاحب پنجاب طبی کانفرنس کی وساطت سے مشیر الاطباء میں اشاعت کی غرض سے موصول ہوئے تھے۔ جو شکریہ کے ساتھ ہدیہ ناظرین کئے جاتے ہیں۔ (سب ایڈیٹر)

---

(۱) **سفوف تریاق جریان۔** میرا ہر وقت کا معمول ومجرب بلا تکلف مفید ہے۔ علاوہ جریان کے سرعت و رقت کو فائدہ کرتا ہے۔ اور معدہ کی اصلاح کرتا ہے۔ اور قبض کو زائل کرتا ہے۔ چونکہ جریان کے عام مروجہ نسخہ جات معدہ کے لئے مضر اور اکثر قابض ہوتے ہیں۔ حالانکہ جب تک معدہ اور قبض کی اصلاح نہ ہو۔ جریان کو پورا فائدہ نہیں ہوتا۔ اس نسخہ کو استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں۔ جو جریان کے ہمراہ معدہ کی اصلاح کرتا ہے۔

صفت:۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ منقی۔ سبوس اسپغول۔ موصلی سفید۔ ثعلب مصری ہر ایک ۲ تولہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ خوراک ایک تولہ صبح یا رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر گاؤ۔

● (۲) **معجون مقوی ومبہی۔** نافع سرعت وسلسل بول و جریان ورقت وضعف معدہ وجگر وغیرہ۔ بدن کو طاقت دیتی ہے۔ اور خون پیدا کرتی ہے۔ گرم مزاج مجلوقوں کے لئے اور عوام ضعف باہ کے شاکیوں کے لئے نہایت موزوں ہے۔ قابل اخفاء چیز ہے جو ہمارے علاقہ کے چند حکماء کی اور میری معمول ہے۔ نسخہ بالکل آسان اور ارزاں ہے۔ ہر ایک طبیب کو معمول مطب بنانی چاہئے۔

صفت:۔ موصلی سیمبل ۲۰ تولہ۔ موصلی سفید اصلی ۵ تولہ۔ کشتہ فولاد شنگرفی یا عمدہ مقوی باہ ۳ ماشہ۔ شہد یک چند مصری دوچند حسب دستور متعارف معجون بنالیں۔ خوراک ۱ تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

اکسیر بواسیر ریحی۔ بواسیر ریحی کے دونوں نسخے نہایت مجرب اور واسطے وارنج ہیں۔ ان کا تجربہ کر کے فائدہ اٹھائیں۔

(الف) پوست بلیلہ زرد ۲ عدد۔ لاجورد مغسول ۲ رتی۔ مغل ارزق ۴ رتی۔ سب کو ملالیں یہ ایک خوراک ہے۔ ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ۔ عرق پودینہ ۵ تولہ استعمال کرائیں۔

(ب) افسنتین ۱ ماشہ۔ ہیرا ہینگ ۲ چاول۔ مشک خالص ۱ چاول۔ یہ ایک خوراک ہے۔ سفوف بنا کر ہمراہ عرقیات یا پانی استعمال کرائیں۔ اور اثرات ملاحظہ فرمائیں۔

(از جناب حکیم مولوی علم الدین قریشی شفاخانہ دار الحکمت میٹھا ٹوانہ)

اندری جلاب۔ صفت:۔ قلمی شورہ۔ ریوند چینی ۷-۷ ماشہ۔ جوکھار ۲ ماشہ۔ زیرہ سفید تولہ۔ قند سفید ۱۱ تولہ۔ سفوف بنائیں۔ خوراک ۲ ماشہ دودھ کی لسی کے ساتھ۔ مدر بول ہے۔ اور گرمی مثانہ کو خارج کرتی ہے۔

● **اکسیر شکم۔** سوڈا بائیکارب ۵ تولہ۔ عرق گلاب خالص ایک بوتل میں حل کر کے روغن شبت و روغن بادیان ۲۰-۲۰ قطرہ اضافہ کریں۔ صبح وشام ۵ تولہ استعمال کرائیں۔

پیٹ درد وضعف معدہ کے لئے اکسیر صفت ہے۔

اکسیر جگر۔ کشتہ فولاد ۲ ماشہ۔ نوشادر۔ ریوند خطائی۔ ہر ایک ۱ تولہ قلمی شورہ ۲ تولہ۔ سفوف بنا کر حفاظت سے رکھیں۔ نوے فیصدی مجرب ہے۔ خوراک ۴ رتی ہمراہ شربت بزوری صبح وشام۔

فوائد۔ بس۔ گرمی جگر۔ جگر کی کمزوری یرقان کے لئے اعلیٰ چیز ہے۔

(از جناب حکیم محمد شفیع صاحب نیر سنگھ پورہ پتہ چنوں)

● حبوب سم الفار زرد۔ یہ گولیاں مرض عرق النساء کے لئے نہایت مفید اور مجرب ہیں چند روز میں درد کو بالکل بند کر دیتی ہیں۔

صفت ۔ سم الفار زرد ایک ماشہ۔ پرانا گڑ ایک تولہ۔ پہلے سم الفار کو باریک پیس کر گڑ ملا کر اچھی طرح کوٹ لیں۔ اور مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک ایک گولی صبح وایک گولی شام کو ہمراہ مکھن و بالائی استعمال کریں۔ دودھ اور گھی خوب کھلاتے رہیں۔ مجرب ہے۔

اکسیر جگر۔ یہ سفوف جگر اور قلب کی تمام بیماریوں کے لئے مفید ثابت ہوتا ہے۔ خصوصاً یرقان ضعف جگر۔ ہاتھ پاؤں کے ورم۔ چلتے پھرتے دم پھول جانا۔ اور سوء القنیہ وغیرہ کے لئے بارہا کا مجرب ہے۔

صفت ۔ خبث الحدید مصفیٰ۔ پوست بلیلہ۔ پوست بلیلہ۔ آملہ ہر ایک پاؤ۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ سونٹھ ہر ایک چار تولہ۔ پہلے اور پروالی چار ادویہ کو خوب کوٹ کر کسی چینی یا مٹی کے بڑے برتن میں ڈالدیں۔ اور پھر ان کے اوپر گائے کا دہی اس قدر ڈالیں۔ کہ تمام ادویات کے اوپر چار انگل چڑھ جائے دن میں دو بار لکڑی سے ہلا دیا کریں۔ سردیوں میں ایک ہفتہ اور گرمیوں میں چار دن رکھ چھوڑیں۔ اگر دہی اس مدت سے پہلے خشک ہو جائے۔ تو قدرے اور دہی ڈالدیں۔ پھر خشک ہونے

پر کوٹ کر ترکٹہ کا سفوف ملا دیں۔ بس اکسیر جگر تیار ہے خوراک ۴ ماشہ بوقت صبح دہی کے پیالے سے دیا کریں۔ ایک ہفتہ میں مکمل صحت ہو جاتی ہے۔

● سفوف طحال۔ ہوالشافی۔ رائی ۲ تولہ۔ سہاگہ بریاں ۱ تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ خوراک ۲ ماشہ سے ۳ ماشہ تک پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ یہ دوا معدہ میں طاقت پیدا کرتی اور ورم وصلابت طحال کو چند روز میں دور کرتی ہے۔

حبوب کالی کھانسی۔ یہ گولیاں کالی کھانسی کے لئے نہایت مفید اور مجرب ہیں۔

ہوالشافی۔ افیون خالص۔ رب السوس۔ گوند کیکر۔ نشاستہ برابر وزن لے کر ملا کر پانی کے ہمراہ دانہ موٹھ کے برابر گولیاں بنالیں خوراک۔ ایک سے دو سال کے بچے کو ایک گولی صبح وشام۔ اور دو سے چار سال کے بچے کو دو سے تین گولی تک صبح وشام چار سال سے آٹھ سال کے بچے کو تین سے چار گولی پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ مجرب ہے۔

● اکسیر دمہ۔ ہوالشافی۔ چھکندہ بوٹی چار سیر کپاس کی لکڑی چار سیر۔ بینگن کی لکڑی چار سیر۔ تمباکو کی لکڑی چار سیر۔ مدار کی لکڑی چار سیر۔ تمام بوٹیوں (کی لکڑیوں) کو جلا کر نمک بنالیں بس اکسیر دمہ تیار ہے۔ خوراک ایک چاول سے دو چاول تک مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ یہ نسخہ میرے محترم دوست حکیم محمد علی صاحب نے بطور تحفہ عطا فرمایا تھا۔ تجربہ کرنے پر نہایت مفید ثابت ہوا۔

● اکسیر دماغ۔ بادیان۔ کشنیز خشک ہر ایک دو تولہ۔ مغز بادام۔ مغز کدو۔ مغز خیار۔ خشخاش ہر ایک ایک تولہ۔ مصری کوزہ چار تولہ۔ تمام ادویات کو باریک کوٹ کر ملالیں۔ ایک تولہ دوائی بوقت صبح چبا چبا کر کھلائیں۔ ضعف دماغ۔ نسیان اور نزلہ دائمی کے لئے نہایت مفید اور مجرب ہے۔

(از جناب حکیم دین محمد صاحب حاذق - دھنولہ ضلع لائلپور)

● **سفوف مسکن** (خواب آور) پوٹاسی برومائیڈ ۱ تولہ۔ بادیان ۱ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۱ تولہ۔ سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنائیں مقدار خوراک ایک سے چار ماشہ تک حسب ضرورت۔ بچوں کو ۱ رتی۔ بے خوابی میں ۲ ماشہ۔ اور جوش جنون میں ۳-۴ ماشہ دن میں چار دفعہ استعمال کرائیں۔ تسکین دیتی ہے۔ عصبی امراض میں مفید ہے۔ نیند لاتی ہے۔ اور جریان میں مفید ہے۔

گوشت خورہ کی مجرب دوا۔ برگ سداب خشک ۵ تولہ۔ سپی ۵ تولہ۔ پھٹکری ۲ تولہ۔ سرکہ تند حسب ضرورت میں پیس کر ٹکیہ بنا کر کوزہ میں بند کرکے گل حکمت کرکے آگ میں پھونک لیں۔ اور باریک پیس کر بحفاظت رکھیں۔ صبح و شام دانتوں پر ملا کریں۔ اور لعاب گراتے جائیں۔ پائیوریا کے لئے اکسیر ہے۔

اکسیر دمہ۔ ایگل بیر زرد رنگ ۲ ماشہ ایگل بیر جو توڑنے پر اندر سے زرد رنگ کا نکلے ۲ ماشہ پیس کر کھلائیں اس کے بعد چھاچھ کی لسی دو تین بار پلائیں۔ اس سے ایک دو قے اور اسہال ہونگے۔ بعد فراغت شوربائے گوشت پلائیں۔ یہ دواء ایک دن کھلانا کافی ہے۔ اس سے ایک دن کے استعمال سے ایک سال تک دمہ نہ ہوگا۔ دو-دو-چار-چار روز کا وقفہ دیکر چھ سات خوراک استعمال کرنے سے مرض جڑ سے دور ہو جاتی ہے۔ ایگل بیر ایک زرد رنگ کی لکڑی ہے جو چمڑہ رنگنے کے کارخانوں میں مستعمل ہے۔

● **اکسیر اسہال کہنہ۔** پوست ہلیلہ زرد۔ پوست آملہ پوست بلیلہ ہر ایک ۵ تولے کر ایک پاؤ دہی گاؤ میں کھرل کریں۔ جب خشک ہونے لگے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔ اور ہر روز ایک ایک گولی صبح-دوپہر اور شام کے وقت عرق گلاب ۵ تولہ سے کھلایا کریں۔ خونی مروڑ پیچش اسہال مفرط۔ سنگرہنی وغیرہ کے لئے تجربات خاصہ ہے +

(از جناب حکیم محمد رحمت علی ہمایوں - لائلپور)

طلسم درد سر - کافور ۲ ماشہ - دانہ الائچی کلاں ۶ ماشہ۔ پھٹکڑی ۱ ماشہ۔ گل منڈی ۶ ماشہ۔ ملا ایک چھٹانک عرق کیلہ میں حل کرکے بوتل میں رکھیں۔ بوقت ضرورت سر درد والے کی ہر دو آنکھ میں ایک ایک بوند ڈالیں۔ درد سر اسی وقت کافور ہوگا بشرطیکہ بخار نہ ہو۔

شقیقہ و عصابہ - کا اکسیری مجرب نسخہ جو کبھی خطا نہیں کرتا ہے۔ کونین سلفاس ۱۰ گرین۔ اسپرین ۱۰ گرین۔ فیناسٹین ۱۰ گرین۔ ایسڈ سلفیورک ڈائلیوٹ ۲۰ بوند۔ سپرٹ رکٹی فائیڈ ۱ ڈرام میگنیشیا سلفاس ۶ ڈرام۔ پہلے اسپرین اور فیناسٹین کو سپرٹ میں حل کریں۔ پھر کونین اور میگنیشیا کو ۳ اونس پانی میں حل کرکے ایسڈ سلفیورک ملا دیں۔ سب کو ملا کر ایک شیشی میں ڈالیں۔ اور تین نشان لگائیں۔ ایک خوراک رات کو سوتے وقت پلائیں دوسری قبل از طلوع آفتاب اور تیسری سورج نکلنے کے وقت پلائیں۔ انشاء اللہ پہلے ہی روز آرام ہوگا۔ یہ دواء عام درد سر شقیقہ اور عصابہ کے لئے مفید ہے۔

اکسیر دماغ - خشخاش سفید ۳ ماشہ۔ مغز بادام شیریں ۱۱ عدد دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ مغز بادیان ۲ ماشہ۔ مغز کشنیز ۲ ماشہ۔ سب کو رات کے وقت قدرے پانی میں بھگو کر صبح رگڑ کر مصری ۲ تولہ مکھن ۲ تولہ۔ اکسیر نقرہ ۱ رتی۔ شامل کرکے کھائیں۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی دماغ ہے۔ اگر ایک ہفتہ ماہ اسوج کے شروع میں اور ایک چیت کے اخیر میں استعمال کریں۔ تو تمام سال اس کا اثر رہتا ہے۔

● **اکسیر نقرہ** - طباشیر - دانہ الائچی خورد - مروارید - ورق نقرہ - کشتہ عقیق سرخ ہر ایک ایک تولہ - خوب باریک پیس لیں۔ بس تیار ہے۔ جو نسخہ اکسیر دماغ میں پڑتی ہے۔ علاوہ ازیں مقوی و مفرح قلب ہے۔ حرارت دل اور دھڑکے کو دور کرتی ہے۔ اختلاج القلب میں نافع ہے۔

عوامی طبی ماہنامہ
سراج حکمت
لاہور
ایڈیٹر
حکیم نور محمد چوہان
شفاء الملک
نازش اقلیم طب
محمد حسن
قرشی
(مرحوم)
سید لیاقت صہبائی

L.NO.318
عوامی طبّی ماہنامہ
بانی: حکیم نور محمد چوہان
اسرارِ حکمت
لاہور
حکیم نور محمد چوہان (مرحوم)
آپ ایک ہمہ صفت شخصیت کے مالک تھے۔
آپ طب اسلامی کی ترویج و ترقی کے خواہاں تھے۔
آپ اسرار و رموز حکمت سے آگاہ تھے۔
آپ کی ذات خوش اخلاقی، ملنساری اور ہمدردی سے عبارت تھی۔
آپ ایک بلند پایہ طبیب، ماہر ایڈیٹر اور اعلیٰ پایہ کے مصنف تھے۔
آپ اعلیٰ کردار و گفتار، سادگی اور اخلاق کے پیکر تھے۔
آپ طبی سیاست میں شرافت، اصولوں اور قواعد و ضوابط کے علمبردار تھے۔
آپ علم طب کا چشمۂ فیض تھے جس سے زمانہ مستفید ہوتا تھا۔
لیکن اب ــــ آج صرف اُن کی یادیں باقی رہ گئیں اور وہ ایک داستان چھوڑ کر چلے گئے۔
سرکاری اور غیر
پرائیویٹ پریکٹس
شاہدرہ ٹاؤن لاہور
7920644

حکیم نور محمد چوہان (مرحوم)

ایک عظیم طبی شخصیت

پروفیسر حکیم محمد جاوید رسول گولڈ میڈلسٹ منتظم دواخانہ شیر شاہ روڈ منڈو کے والا چوک نیو شاد باغ لاہور
فون — 042-7609300

اس روئے زمین پر ہر شے کو اللہ تعالیٰ نے ہی پیدا کیا۔ اور اُسے لوٹ کر اُسی کے پاس جانا ہے۔ یہ قانونِ خداوندی ہے۔ آج جس محترم شخصیت کا ذکر کر رہا ہوں وہ ہے حکیم نور محمد چوہان صاحب۔

حکیم نور محمد چوہان ضلع شملہ (انڈیا) میں پیدا ہوئے۔ آپ نے ستر برس کی عمر پائی۔ اور جنوری ۱۹۹۶ء کو اس جہان سے لوٹ کر اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔

حکیم نور محمد چوہان (مرحوم) طبی حلقوں میں کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔ اور آپ کا انتہائی ادب و احترام کے ساتھ لیا جاتا ہے۔ آپ کردار و گفتار میں ایسی خوبیوں کے مالک تھے۔ جو انسان کی عزت افزائی کا باعث ہو سکتی ہے۔ آپ کی ذات میں یقیناً وہ اوصاف موجود تھے جو کسی بھی فرد کو شہرتِ دوام بخشتے ہیں۔ آپ کی ذات علم و عمل سے عبارت تھی۔ اللہ تعالیٰ نے علمِ طب میں آپ کو وہ اعلیٰ مقام بخشا جہاں تک پہنچنا ہر ایک کے بس کی بات نہیں۔ آپ انتہائی منکسر المزاج تھے۔ آپ کی طبیعت میں انتہائی درجہ کی سادگی تھی۔ ملنساری اور راست گوئی آپ کا شعار تھا۔

حکیم نور محمد چوہان کو علمِ طب کے اسرار و رموز سے کمال درجہ کی آگاہی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے علمِ طب میں بدرجہ کمال مہارت سے نوازا۔ اور آپ نے علم کا یہ نور محض اپنے تک محدود نہیں رکھا۔ بلکہ اس کی روشنی سے علمِ طب سے تعلق رکھنے والے حضرات کو مستفید کیا۔ آپ کی طبی نگارشات کا مطالعہ کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ آپ علمِ طب اور عملیات میں بے پناہ مہارت اور تجربہ رکھتے تھے۔ آپ نے طبِ یونانی کے موضوع پر کم و بیش ایک درجن سے زائد کتب لکھیں۔ آپ کے طبی شاہکاروں میں رموزِ کیمیا، جنسی امراض و علاج، عورتوں کے امراض اور اُن کا علاج، پھولوں اور پھلوں سے علاج، آنکھوں کے امراض کا علاج، معالج بواسیر، پیٹ کے امراض کا علاج، شہد سے علاج، بچوں کے امراض و علاج، پرانی بیماریاں اور ان کا علاج کو بہت شہرت حاصل ہوئی۔

ان تصانیف میں مرحوم نے روزمرہ کی تکالیف سے لے کر پیچیدہ امراض تک کے لیے سہل الحصول اور زود اثر نسخہ جات تحریر کیے ہیں۔

حکیم نور محمد چوہان مرحوم کی تصنیف کردہ کتب کی فہرست پر نظر ڈالیں تو جان کر حیرت ہوتی ہے کہ آپ نے فنِ طب کے علاوہ بہت سے فنون پر اس قدر ماہرانہ انداز میں قلم اٹھایا جس کی مثال نہیں ملتی۔ آپ نے درجنوں کے حساب سے مختلف فنون پر کتابیں لکھی ہیں۔ جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ اور اگر یہ کہا جائے کہ حکیم صاحب "ہر فن مولا تھے" تو غلط نہ ہو گا۔

آپ نے لاہور میں "مکتبہ رفیقِ روزگار" کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا۔

آپ نے "اسرارِ حکمت" کے نام سے ایک طبی جریدے کا

اجرا بھی کیا۔ اور آپ کی شب و روز کاوشوں سے اِس رسالہ کو طبی صحافت میں ایک امتیازی مقام حاصل ہوا۔ آپ کی اِس کوشش سے طب یونانی کا پیغام ملک کے کونے کونے تک پہنچ رہا ہے جو کہ یقیناً ایک صدقہ جاریہ سے کم نہیں ہے۔

آپ کی وفات کے بعد بھی یہ ادارہ اور یہ رسالہ آپ کے بیٹے عبدالرشید چوہان کی زیرِ نگرانی قائم و دائم ہے۔ جہاں سے اب بھی علمی، طبی، ادبی اور فنی کتب کی طباعت و اشاعت کا معقول انتظام ہے۔ اور اس طرح حکیم نور محمد چوہان (مرحوم) کا مشن جاری و ساری ہے۔

الغرض حکیم نور محمد چوہان مرحوم نے اپنی ساری زندگی فروغِ علم میں گزار دی۔ دنیائے طب اسلامی تو ہمیشہ آپ کے کمالات کی معترف رہے گی۔ آپ نے پاکستان میں طبِ اسلامی کی ترقی کے لیے بے لوث کارہائے نمایاں انجام دیئے۔

آپ پیرانہ سالی میں بھی جوانوں سے بڑھ کر عزم و ہمت کا پیکر رہے۔

آپ نے اپنی زندگی کے ۷۰ سال بڑی کامیابی اور ایمانداری سے گزار کر جنوری ۱۹۹۶ء کو ہم سے جدا ہو گئے۔ اور اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے اور اپنے چاہنے والوں کے دلوں میں ان مٹ نقوش چھوڑ گئے۔ اس سلسلے میں تو یہ کہوں گا کہ واقعی "حکیم نور محمد چوہان" ایک عظیم طبی شخصیت کے مالک تھے۔

فنِ طب سے وابستہ افراد ہمیشہ آپ کو اچھے الفاظ سے یاد کریں گے۔

ضروری گذارش: کیونکہ جنوری ۱۹۹۶ء کو حکیم صاحب کا انتقال ہوا تھا اور جب آپ یہ مضمون پڑھ رہے ہوں گے تو جنوری ۱۹۹۸ء کا مہینہ ہوگا۔ اور اس طرح حکیم صاحب کو ہم سے جدا ہوئے ایک سال کا عرصہ گزر چکا ہوگا۔ تو آپ سے گزارش کروں گا کہ آپ حکیم صاحب مرحوم کے لیے فاتحہ خوانی کا انتظام کریں۔ اور دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

جون ۸۹ء
عوامی طبّی ماہنامہ
سراج حکمت
لاہور
مسیح الملک حکیم محمد اجمل خانؒ
مرکزِ خلق محورِ ایثار
تاجِ علم و دانش و حکمت
معلّمِ محسناتِ انسانی
دینِ حق کے فروغ کا حامی
آفتابِ مکارمِ افضل
جادہ پیمائے بوعلی سینا
معدنِ علم کا دُرِ شہوار
لمعۂ نورِ سرِ سخن جس کا
خاتمِ عہد و ارتقا کا نگیں
آفتابِ شعور و فکرِ جمیل
نازشِ شائقانِ مسیح الملک
سید لیاقت صہبائی لاہور

عوامی طبی ماہنامہ

اسرارِ حکمت

لاہور

مدیر: حکیم نور محمد چوہان

مطلعِ ایثارِ علم و فن

ح ک ي م	حکمتیں جس پر نچھاور، وہ حکیم بے عدیل کر سکے پیدا نہ مشتاقانِ فن جس کا مثیل یک دل و یک جان و یک آہنگ با صدق و خلوص مطلعِ ایثارِ علم و فن کی اک صبحِ جمیل
م ح م د	مصدرِ اخلاص کی مظہر درخشندہ کرن حکمت و ادراک و عرفان و بصیرت کا چمن مبداِ فیاضِ فطرت سے ودیعت تھے جسے دردِ دل، سوزِ نفس، خیرِ خلائق کا چلن
ع ب د ا ل ل ه	عارف و عالی نسب، علامۂ علم و عمل باشعور و باکمال و بامروت، باضمیر دیدہ ور، دلدادۂ تحقیق، دانا، دردمند ارتقا و آموزِ ابلاغِ افاداتِ شہیر لمحۂ حاضر ہو یا مستقبلِ تحقیقِ فن بے یقیناً اس کی ہر اک کاوش رہے گی مستنیر

از: فدائے حکمت و دانش سید لیاقت صہبائی لاہور ۲۸-۸۵

نازشِ حکمت طبیب محمد عبداللہ (مرحوم)

عوامی طبی ماہنامہ
اسرار حکمت
لاہور
ایڈیٹر
حکیم نور محمد چوہان
صاحب بیاض کبیر
سید لیاقت صہبائی (لاہور)
علامہ طب حکیم کبیر الدین صاحب (مرحوم)

عوامی طبی ماہنامہ

اسرارِ حکمت

لاہور

مدیر
حکیم نور محمد چوہان

حافظ علامہ حکیم جلیل احمد انصاری مرحوم سابق پرنسپل طبیہ کالج لاہور

تذکرہ جلیل

حافظ جلیل احمد علامہ علوم
وہ جن کی ذات فنِ شفا کی کفیل تھی

تشخیص بے مثال تھی تجویز بے نظیر
تعلیم فن میں کب کوئی ان کی مثیل تھی

تدریس اور مطب کے شب و روز کے فیوض
گویا زمینِ پاک پہ اک سلسبیل تھی

تصنیف طب کی ہے جو اس فن میں لاجواب
وہ تذکرہ ہے جو کہ شفاءِ علیل ہے

اسرارِ طب رموزِ طب نکتہ ہائے فن
گویا کہ ایک کوزہ میں کل رودِ نیل ہے

نایاب نسخہ جات کی اس درجہ ریل پیل
تسہیل رموزِ فن کا مبارک عمیل ہے

مایوسیوں کے بعد ہے امید گاہِ خاص
امراضِ مزمنہ کو یہ کوسِ رحیل ہے

تاریخ طبع نام ہی سے ہو گئی عیاں
یہ تذکرہ جلیل و شفائے علیل ہے

۱۹۵۵ء

معروف طبیب اور نامور ماہر اسرار الکیمیا حکیم محمد اسمٰعیل صاحب امرتسری

عوامی طبی ماہنامہ

اسرارِ حکمت

لاہور

ایڈیٹر
حکیم نور محمد چوہان

علامہ طب حکیم خواجہ رضوان احمد صاحب (مرحوم)۔

کاشفِ اسرارِ حکمت

علامتیں سی کئی ذہن میں اُترتی ہیں کہ جبھی جو ہونٹوں پہ خواجہ کا نام آتا ہے

یہ ایک زندہ حقیقت ہے تذکرہ اُس کا مضافِ علم کی تابانیاں بڑھاتا ہے

خدا کے رنگ سے پر میں جن کا خیالِ رواں وہ دین و دانش و حق آگہی کا پیکر تھا

اُصولِ نقد و طبی کا محرم و علم رج جنابِ طب میں علوم اس کا نفسِ گر تھا

وہ ہر ایک شعبۂ فن پر عبور تھا اس کو ریاضِ حکمت و دانش کا وہ گلِ تر تھا

ضیائے علم سے اس کی تھی روشنی ہر سُو وہ کھولتا تھا فلسفے کے عقدۂ پیچاک

اُسی کی شرح سے ہوئیں کاشفِ رموزِ قدیم

نشید آئمۂ فن کا تھا اسے ادراک

نتیجۂ فکر
سید لیاقت صہبائی (لاہور)

آکتوبر ۹۶

عوامی طبی ماہنامہ

اسرارِ حکمت

بانی: حکیم نور محمد چوہان

لاہور

آہ۔ حکیم محمد سعید مرحوم

ح۔ حکمت و دانش کے آئینے میں یکتا تھے سعید
اُن کے ہر فرمان میں مضمر تھی عظمت کی نوید

ک۔ کہکشاں جیسا تھا لہجہ اور سحر جیسا کلام
اپنی پیشانی پہ لکھا فصلِ گل نے ان کا نام

ی۔ یہ وہ آئینہ تھا جس میں جلوہ گر تھی آگہی
روح پرور ان کے کردار و عمل کی چاشنی

م۔ معرفت آموز تھا ان کے خیالوں کا جہاں
اُن کی سوچوں سے سنورتا تھا اجالوں کا جہاں

م۔ مسدرِ احساس مہرِ عجز معیارِ وفا
ان کے دم سے وادیٔ علم و ہنر میں تھی ضیا

ح۔ حاملِ کون و مکاں سے گہری رغبت تھی انہیں
نونہالانِ وطن سے خاص الفت تھی انہیں

م۔ محرمِ اسرارِ حکمت منبعٔ علم و یقیں
ضو فشاں ہے فخر کے اعزاز سے ان کی جبیں

د۔ درد ہر اک کا تھا دل میں ایسے وہ ہمدرد تھے
مان تھے یہ پاک دھرتی کا مثالی فرد تھے

س۔ ساعتیں تھیں وقف سب اہلِ وطن کے واسطے
لازمی ہے جیسے وجودِ گل چمن کے واسطے

ع۔ عارفانہ سوچ ہی ان کی قومی پہچان تھی
ہر گھڑی پیشِ نظر تعمیرِ پاکستان تھی

ی۔ یاس کی پرچھائیوں کو دور کرنے کے لئے
یہ جلاتے تھے ہمیشہ آدمیت کے دیئے

د۔ دولتِ حق کے لئے راہی ہوئے ہیں وہ شہید
اب نہ پیدا ہو گا ارضِ پاک میں کوئی سعید

——اقبال راہی ہاکو تھیٹر روڈ فائر بریگیڈ۔ لاہور